

آسان اردو ترجمہ
قرآنِ مجید
حافظ نذر احمد
مسلم اکادمی
۱۸/۲۹، محمد نگر، لاہور

آسان ترجمہ قرآن مجید

تسوید و ترتیب ● **حافظ نذر احمد** پرنسپل تعلیم القرآن خط و کتابت سکول، لاہور - ۵

نظر ثانی ● مولینا عزیز زبیدی مدیر مجلہ "اہلحدیث" لاہور/

مولینا پروفیسر مزمل احسن شیخ ایم۔اے (عربی۔اسلامیات۔تاریخ)

● مولینا مفتی محمد حسین نعیمی مہتمم جامعہ نعیمیہ۔لاہور/

مولینا محمد سرفراز نعیمی الازہری، فاضل درس نظامی، ایم۔اے (عربی۔اسلامیات)

● مولینا عبدالرؤف ملک، خطیب جامع آسٹریلیا۔لاہور/

مولینا سعید الرحمٰن علوی، خطیب جامع مسجد الشفاء۔شاہ جمال، لاہور

کتابت ● مولینا محمد اشرف علی بن السید بڈھن شاہ الحسینی ـــــ **نذیر احمد**

الحمد للہ

"آسان ترجمہ قرآن مجید" کئی اعتبار سے منفرد ہے:

- ہر لفظ کا جدا جدا ترجمہ اور پوری سطر کا سلیس ترجمہ یکساں ہے۔
- ہر سطر کا ترجمہ اسی سطر میں دیا گیا ہے تاکہ قاری کو اشتباہ نہ ہو۔
- یہ ترجمہ تینوں مسلک کے علمائے کرام (اہلِ سنت والجماعت، دیوبندی، بریلوی اور اہلِ حدیث) کا نظر ثانی شدہ اور ان کا متفق علیہ ہے۔

اِنشاءَ اللہ

عربی سے ناواقف بھی چند پارے پڑھ کر اس کی مدد سے پورے کلام اللہ کا ترجمہ بخوبی سمجھ سکیں گے

اے اللہ کریم! اس خدمت کو بابرکت اور باعثِ خیر بنا دے اور اس عاجز کے ہاتھوں مکمل ہونے کی توفیق ارزانی فرما دے، خصوصاً طلبہ کے لیے قرآن فہمی اور عمل بالقرآن ذریعہ اور بندہ کے لیے فلاحِ دارین کا وسیلہ بنا دے (آمین)


حافظ نذر احمد

۱۰ ربیع الثانی ۱۴۰۸ھ

۳ دسمبر ۱۹۸۷ء

بیت اللہ الحرام، مکہ مکرمہ

طابع: انجمن حمایت اسلام پریس۔لاہور



بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الْ	رَحْمٰنِ	الْ	رَحِيْمِ
سے	نام	اللہ	جو	بہت مہربان	جو	رحم کرنے والا

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ② الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ③

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	رب	تمام جہان	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے، بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ④ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ⑤

مٰلِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ	اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَ	اِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ
مالک	دن	بدلہ	صرف تیری ہی	عبادت کرتے ہیں	اور	صرف تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

بدلہ کے دن کا مالک ہے، ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ⑦

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ
ہمیں ہدایت دے	راستہ	سیدھا	راستہ	اُن لوگوں کا	تُو نے انعام کیا	اُن پر

ہمیں سیدھے راستہ کی ہدایت دے، ان لوگوں کا راستہ جن پر تُو نے انعام کیا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ⑦

غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	الضَّآلِّيْنَ
نہ	غضب کیا گیا	ان پر	اور نہ	جو گمراہ ہوئے

نہ ان کا جن پر غضب کیا گیا اور نہ ان کا جو گمراہ ہوئے۔

۱ ع ۷ ۰

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ ۲ (اٰیاتها ۲۸۶ رکوعاتها ۴۰)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ ① ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۚ

الٓمّٓ ①	ذٰلِكَ	الْكِتٰبُ	لَا رَيْبَ	فِيْهِ
الف لام میم	یہ	کتاب	نہیں شک	اس میں

الٓمّٓ یہ کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں ،

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ② الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ

هُدًى	لِّلْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِالْغَيْبِ	وَيُقِيْمُوْنَ
ہدایت	پرہیزگاروں کے لئے	جو لوگ	ایمان لاتے ہیں	غیب پر	اور قائم کرتے ہیں

پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے، جو غیب پر ایمان لاتے ہیں ، اور قائم کرتے ہیں

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ ③ وَالَّذِيْنَ

الصَّلٰوةَ	وَ	مِنْ	مَا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ
نماز	اور	سے	جو	ہم نے انہیں دیا	وہ خرچ کرتے ہیں	اور	جو لوگ

نماز، اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں، اور جو لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

يُؤْمِنُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَمَآ	اُنْزِلَ	مِنْ	قَبْلِكَ
ایمان رکھتے ہیں	اس پر جو	نازل کیا گیا	آپ کی طرف	اور جو	نازل کیا گیا	سے	آپ سے پہلے

اس پر ایمان رکھتے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا ، اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا ،

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ ④

وَ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	يُوْقِنُوْنَ
اور	آخرت پر	وہ	یقین رکھتے ہیں

اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ۔

أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝٥

أُولَٰئِكَ	عَلَىٰ	هُدًى	مِن	رَّبِّهِمْ	وَأُولَٰئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُونَ
وہی لوگ	پر	ہدایت	سے	اپنا رب	اور وہی لوگ	وہ	کامیاب

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں ، اور وہی لوگ کامیاب ہیں ۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ

إِنَّ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	سَوَآءٌ	عَلَيْهِمْ	ءَ	أَنذَرْتَهُمْ	أَمْ	لَمْ	تُنذِرْهُمْ
بیشک	جن لوگوں نے	کفر کیا	برابر	ان پر	خواہ	آپ انہیں ڈرائیں	یا	نہ	ڈرائیں

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا ، ان پر برابر ہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

لَا يُؤْمِنُونَ ۝٦ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ

لَا	يُؤْمِنُونَ	خَتَمَ	اللَّهُ	عَلَىٰ	قُلُوبِهِمْ	وَعَلَىٰ	سَمْعِهِمْ	وَعَلَىٰ	أَبْصَارِهِمْ
نہیں	ایمان لائیں گے	مُہر لگادی	اللہ	پر	ان کے دل	اور پر	ان کے کان	اور پر	ان کی آنکھیں

وہ ایمان نہیں لائیں گے ۔ اللہ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مُہر لگادی ۔ اور ان کی آنکھوں پر

ع ١ ١ ٧

غِشَاوَةٌ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝٧ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ

غِشَاوَةٌ	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيمٌ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَقُولُ
پردہ	اور	انکے لئے	عذاب	بڑا	اور سے	لوگ	جو	کہتے ہیں

پردہ ہے ۔ اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے ۔ اور کچھ لوگ ہیں جو کہتے ہیں

وقف لازم

آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ۝٨ يُخَٰدِعُونَ اللَّهَ

آمَنَّا	بِاللَّهِ	وَ	بِالْيَوْمِ	الْآخِرِ	وَمَا	هُم	بِمُؤْمِنِينَ	يُخَٰدِعُونَ	اللَّهَ
ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور	دن پر	آخرت	اور نہیں	وہ	ایمان لانے والے	وہ دھوکہ دیتے ہیں	اللہ

ہم ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر ، اور وہ ایمان لانے والے نہیں ۔ اور دھوکہ دیتے ہیں اللہ کو

وَالَّذِينَ آمَنُوا ۚ وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝٩

وَالَّذِينَ	آمَنُوا	وَ	مَا	يَخْدَعُونَ	إِلَّا	أَنفُسَهُمْ	وَمَا	يَشْعُرُونَ
اور جو لوگ	ایمان لائے	اور	نہیں	دھوکہ دیتے	مگر	اپنے آپ	اور نہیں	سمجھتے ہیں

اور ایمان والوں کو ، حالانکہ وہ نہیں دھوکہ دیتے ، مگر اپنے آپ کو ، اور وہ نہیں سمجھتے ۔

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ ۝٥

فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	فَزَادَهُمُ	اللّٰهُ	مَرَضًا	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
میں	انکے دل (جمع)	بیماری	سو بڑھادی انکی	اللہ	بیماری	اور انکے لئے	عذاب	دردناک

ان کے دلوں میں بیماری ہے، سو اللہ نے ان کی بیماری بڑھادی، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝١٠ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۙ

بِمَا	كَانُوْا	يَكْذِبُوْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَا تُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ
کیونکہ	وہ جھوٹ بولتے ہیں	اور جب	کہا جاتا ہے	انہیں	نہ فساد پھیلاؤ	زمین میں

کیونکہ وہ جھوٹ بولتے ہیں۔ اور جب انہیں کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ پھیلاؤ،

قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝١١ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ

قَالُوْا	اِنَّمَا	نَحْنُ	مُصْلِحُوْنَ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	هُمُ	الْمُفْسِدُوْنَ
وہ کہتے ہیں	صرف	ہم	اصلاح کرنے والے	سُن رکھو	بیشک وہ	وہی	فساد کرنے والے

تو کہتے ہیں ہم صرف اصلاح کرنے والے ہیں۔ سُن رکھو بیشک وہی لوگ فساد کرنے والے ہیں،

وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝١٢ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

وَلٰكِنْ	لَّا يَشْعُرُوْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اٰمِنُوْا	كَمَا	اٰمَنَ	النَّاسُ
اور لیکن	وہ نہیں سمجھتے	اور جب	کہا جاتا ہے	انہیں	تم ایمان لاؤ	جیسے	ایمان لائے	لوگ

اور لیکن نہیں سمجھتے۔ اور جب انہیں کہا جاتا ہے تم ایمان لاؤ جیسے لوگ ایمان لائے،

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

قَالُوْا	اَنُؤْمِنُ	كَمَا	اٰمَنَ	السُّفَهَآءُ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	هُمُ	السُّفَهَآءُ
وہ کہتے ہیں	کیا ہم ایمان لائیں	جیسے	ایمان لائے	بے وقوف	سُن رکھو	خود وہ	وہی	بے وقوف

تو وہ کہتے ہیں کیا ہم ایمان لائیں جیسے بیوقوف ایمان لائے؟ سُن رکھو خود وہی بیوقوف ہیں

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝١٣ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا

وَلٰكِنْ	لَّا	يَعْلَمُوْنَ	وَاِذَا لَقُوا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	وَاِذَا
اور لیکن	نہیں	وہ جانتے	اور جب ملتے ہیں	جو لوگ	ایمان لائے	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب

لیکن وہ جانتے نہیں اور جب ان لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لائے تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب

خَلَوْا إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ ﴿١٤﴾ اللَّهُ

خَلَوْا	إِلَىٰ	شَيَاطِينِهِمْ	قَالُوا إِنَّا	مَعَكُمْ	إِنَّمَا	نَحْنُ	مُسْتَهْزِئُونَ	اللَّهُ
اکیلے ہوتے ہیں	پاس	اپنے شیطان	کہتے ہیں ہم	تمہارے ساتھ	محض	ہم	مذاق کرتے ہیں	اللہ

اپنے شیطانوں کے پاس اکیلے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں ہم تمہارے ساتھ ہیں، ہم تو محض مذاق کرتے ہیں - اللہ

يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿١٥﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

يَسْتَهْزِئُ	بِهِمْ	وَيَمُدُّ	هُمْ	فِي طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُونَ	أُولَٰئِكَ	الَّذِينَ
مذاق کرتا ہے	ان سے	اور بڑھاتا ہے	انکو	انکی سرکشی میں	اندھے ہو رہے ہیں	یہی لوگ	جنہوں نے

ان سے مذاق کرتا ہے اور ان کو ان کی سرکشی میں بڑھاتا ہے وہ اندھے ہو رہے ہیں - یہی لوگ ہیں جنہوں نے

اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿١٦﴾

اشْتَرَوُا	الضَّلَالَةَ	بِالْهُدَىٰ	فَمَا	رَبِحَتْ	تِّجَارَتُهُمْ	وَمَا	كَانُوا	مُهْتَدِينَ
مول لی	گمراہی	ہدایت کے بدلے	تو نہ	فائدہ دیا	انکی تجارت	اور نہ	تھے	وہ ہدایت پانے والے

ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی، تو ان کی تجارت نے کوئی فائدہ نہ دیا، اور نہ وہ ہدایت پانے والے تھے -

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ

مَثَلُهُمْ	كَمَثَلِ	الَّذِي	اسْتَوْقَدَ	نَارًا	فَلَمَّا	أَضَاءَتْ	مَا حَوْلَهُ	ذَهَبَ	اللَّهُ
انکی مثال	جیسے مثال	وہ جس نے	آگ بھڑکائی	آگ	پھر جب	روشن کر دیا	اس کا اردگرد	چھین لی	اللہ

ان کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے آگ بھڑکائی، پھر آگ نے اس کا اردگرد روشن کر دیا تو اللہ نے چھین لی

بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ﴿١٧﴾ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

بِنُورِهِمْ	وَتَرَكَهُمْ	فِي	ظُلُمَاتٍ	لَّا يُبْصِرُونَ	صُمٌّ	بُكْمٌ	عُمْيٌ	فَهُمْ
انکی روشنی	اور انہیں چھوڑ دیا	میں	اندھیرے	وہ نہیں دیکھتے	بہرے	گونگے	اندھے	سو وہ

ان کی روشنی اور انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا وہ نہیں دیکھتے - وہ بہرے گونگے اور اندھے ہیں سو وہ

لَا يَرْجِعُونَ ﴿١٨﴾ أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ

لَا يَرْجِعُونَ	أَوْ	كَصَيِّبٍ	مِّنَ	السَّمَاءِ	فِيهِ	ظُلُمَاتٌ	وَرَعْدٌ	وَبَرْقٌ
نہیں لوٹیں گے	یا	جیسے بارش	سے	آسمان	اس میں	اندھیرے	اور گرج	اور بجلی کی چمک

نہیں لوٹیں گے - یا جیسے آسمان سے بارش ہو اس میں اندھیرے ہوں اور گرج اور بجلی کی چمک

يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ

يَجْعَلُوْنَ	اَصَابِعَهُمْ	فِيْٓ	اٰذَانِهِمْ	مِنَ	الصَّوَاعِقِ	حَذَرَ	الْمَوْتِ
وہ ٹھونس لیتے ہیں	اپنی انگلیاں	میں	اپنے کان	سبب	کڑک (بجلی)	ڈر	موت

وہ اپنے کانوں میں اپنی انگلیاں ٹھونس لیتے ہیں کڑک کے سبب موت کے ڈر سے،

وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ

وَاللّٰهُ	مُحِيْطٌ	بِالْكٰفِرِيْنَ	يَكَادُ	الْبَرْقُ	يَخْطَفُ	اَبْصَارَهُمْ	كُلَّمَا
اور اللہ	گھیرے ہوئے	کافروں کو	قریب ہے	بجلی	اُچک لے	انکی نگاہیں	جب بھی

اور اللہ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی ان کی نگاہیں اُچک لے، جب بھی

اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ

اَضَآءَ	لَهُمْ	مَّشَوْا	فِيْهِ	وَاِذَآ	اَظْلَمَ	عَلَيْهِمْ	قَامُوْا	وَلَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	لَذَهَبَ
وہ چمکی	ان پر	چل پڑے	اس میں	اور جب	اندھیرا ہوا	ان پر	وہ کھڑے ہوئے	اور اگر	چاہتا	اللہ	چھین لیتا

وہ ان پر چمکی وہ اس میں چل پڑے، اور جب ان پر اندھیرا ہوا وہ کھڑے ہو گئے اور اگر اللہ چاہتا تو چھین لیتا

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

بِسَمْعِهِمْ	وَاَبْصَارِهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ
ان کی شنوائی	اور انکی آنکھیں	بیشک	اللہ	پر	ہر	چیز	قادر	اے	لوگو

ان کی شنوائی اور ان کی آنکھیں، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے لوگو!

اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ ﴿٢١﴾

اعْبُدُوْا	رَبَّكُمُ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	وَالَّذِيْنَ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ
تم عبادت کرو	اپنا رب	جس نے	تمہیں پیدا کیا	اور وہ لوگ جو	سے	تم سے پہلے	تاکہ تم	پرہیزگار ہو جاؤ

تم اپنے رب کی عبادت کرو، جس نے تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو جو تم سے پہلے ہوئے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّ

الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	فِرَاشًا	وَّ	السَّمَآءَ	بِنَآءً	وَّ
جس نے	پیدا کیا	تمہارے لئے	زمین	فرش	اور	آسمان	چھت	اور

جس نے تمہارے لئے زمین کو فرش پیدا کیا، اور آسمان کو چھت، اور

ع ١٣ ٢ ٢

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ

اَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ	بِهٖ	مِنَ	الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا	لَّكُمْ
اس نے اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر نکالا	اسکے ذریعہ	سے	پھل (جمع)	رزق	تمہارے لئے

آسمان سے پانی اتارا، پھر اس کے ذریعہ پھل نکالے تمہارے لئے رزق

فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ

فَلَا	تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	وَاِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ	رَيْبٍ
سو نہ	ٹھہراؤ	اللہ کیلئے	کوئی شریک	اور تم	جانتے ہو	اور اگر	تم ہو	میں	شک

سو اللہ کے لئے کوئی شریک نہ ٹھہراؤ اور تم جانتے ہو۔ اور اگر تمہیں اس (کلام) میں شک ہو

مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا

مِمَّا	نَزَّلْنَا	عَلٰى	عَبْدِنَا	فَاْتُوْا	بِسُوْرَةٍ	مِّنْ	مِّثْلِهٖ	وَ	ادْعُوْا
سے جو	ہم نے اتارا	پر	اپنا بندہ	تو لے آؤ	ایک سورۃ	سے	اس جیسی	اور	بلا لو

جو ہم نے اپنے بندہ پر اتارا تو اس جیسی ایک سورۃ لے آؤ، اور بلا لو

شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٣﴾ فَاِنْ

شُهَدَآءَكُمْ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِنْ
اپنے مددگار	سے	سوا	اللہ	اگر	تم ہو	سچے	پھر اگر

اپنے مددگار اللہ کے سوا اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر

لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ

لَّمْ تَفْعَلُوْا	وَلَنْ تَفْعَلُوْا	فَاتَّقُوا	النَّارَ	الَّتِيْ	وَقُوْدُهَا	النَّاسُ
تم نہ کر سکو	اور ہرگز نہ کر سکو گے	تو ڈرو	آگ	جس کا	اس کا ایندھن	انسان

تم نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن انسان

وَالْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

وَ	الْحِجَارَةُ	اُعِدَّتْ	لِلْكٰفِرِيْنَ	وَ	بَشِّرِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ
اور	پتھر	تیار کی گئی	کافروں کے لئے	اور	خوشخبری دو	جو لوگ	ایمان لائے	اور

اور پتھر ہیں، کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ اور ان لوگوں کو خوشخبری دو جو ایمان لائے، اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ	لَهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
انہوں نے عمل کئے	نیک	کہ	انکے لئے	باغات	بہتی ہیں	سے	انکے نیچے	نہریں

انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں،

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ

كُلَّمَا	رُزِقُوْا	مِنْهَا	مِنْ	ثَمَرَةٍ	رِّزْقًا	قَالُوْا	هٰذَا	الَّذِیْ
جب بھی	کھانے کو دیا جائیگا	اس سے	سے	کوئی پھل	رزق	وہ کہیں گے	یہ	وہ جو کہ

جب بھی انہیں اس سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا، وہ کہیں گے یہ وہی ہے جو

رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِیْهَآ اَزْوَاجٌ

رُزِقْنَا	مِنْ	قَبْلُ	وَاُتُوْا	بِهٖ	مُتَشَابِهًا	وَلَهُمْ	فِیْهَا	اَزْوَاجٌ
ہمیں کھانے کو دیا گیا	سے	پہلے	حالانکہ انہیں دیا گیا	اس سے	ملتا جلتا	اور انکے لئے	اس میں	بیویاں

ہمیں اس سے پہلے کھانے کو دیا گیا حالانکہ انہیں اس سے ملتا جلتا دیا گیا، اور ان کے لئے اس میں بیویاں ہیں

مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖٓ اَنْ

مُّطَهَّرَةٌ	وَّهُمْ	فِیْهَا	خٰلِدُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا یَسْتَحْیٖٓ	اَنْ
پاکیزہ	اور وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	بیشک	اللہ	نہیں شرماتا	کہ

پاکیزہ، اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ بیشک اللہ نہیں شرماتا کہ

یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

یَضْرِبَ	مَثَلًا	مَا	بَعُوْضَةً	فَمَا	فَوْقَهَا	فَاَمَّا الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا
وہ بیان کرے	کوئی مثال	جو	مچھر	خواہ جو	اس سے اوپر	سو جو لوگ	ایمان لائے

کوئی مثال بیان کرے جو مچھر جیسی ہو خواہ اس کے اوپر (بڑھ کر) سو جو لوگ ایمان لائے

فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

فَیَعْلَمُوْنَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّهِمْ	وَاَمَّا الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا
وہ جانتے ہیں	کہ وہ	حق	سے	انکے رب	اور جن لوگوں نے	کفر کیا

وہ تو جانتے ہیں کہ وہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے، اور جن لوگوں نے کفر کیا

فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ

فَيَقُوْلُوْنَ	مَاذَا	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِهٰذَا	مَثَلًا	يُضِلُّ	بِهٖ	كَثِيْرًا
وہ کہتے ہیں	کیا	ارادہ کیا	اللہ	اس سے	مثال	وہ گمراہ کرتا ہے	اس سے	بہت لوگ

وہ کہتے ہیں اللہ نے اس مثال سے کیا ارادہ کیا وہ اس سے بہت لوگوں کو گمراہ کرتا ہے،

وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۝٢٦ۙ الَّذِيْنَ

وَيَهْدِيْ	بِهٖ	كَثِيْرًا	وَمَا يُضِلُّ	بِهٖ	اِلَّا	الْفٰسِقِيْنَ	الَّذِيْنَ
اور ہدایت دیتا ہے	اس سے	بہت لوگ	اور نہیں گمراہ کرتا	اس سے	مگر	نافرمان	جو لوگ

اور اس سے بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے، اور اس سے نافرمانوں کے سوا کسی کو گمراہ نہیں کرتا، جو لوگ

يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ

يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ	اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مِيْثَاقِهٖ	وَيَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ
توڑتے ہیں	وعدہ	اللہ	سے۔بعد	پختہ اقرار	اور کاٹتے ہیں	جس	حکم دیا

اللہ کا وعدہ توڑتے ہیں اس سے پختہ اقرار کرنے کے بعد، اور اس کو کاٹتے ہیں جس کا

اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝٢٧

اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَيُفْسِدُوْنَ	فِي	الْاَرْضِ	اُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ
اللہ	اس سے	کہ	وہ جوڑے رکھیں	اور وہ فساد پھیلاتے ہیں	میں	زمین	وہی لوگ	وہ	نقصان اٹھانے والے

اللہ نے حکم دیا تھا کہ وہ اسے جوڑے رکھیں، اور وہ زمین میں فساد پھیلاتے ہیں، وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ

كَيْفَ	تَكْفُرُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	كُنْتُمْ	اَمْوَاتًا	فَاَحْيَاكُمْ	ثُمَّ	يُمِيْتُكُمْ
کس طرح	تم کفر کرتے ہو	اللہ کا	اور	تم تھے	بے جان	تو اس نے تمہیں زندگی بخشی	پھر	تمہیں مارے گا

تم کس طرح اللہ کا کفر کرتے ہو، اور تم بے جان تھے سو اس نے تمہیں زندگی بخشی، پھر وہ تمہیں مارے گا

ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝٢٨ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ

ثُمَّ	يُحْيِيْكُمْ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	لَكُمْ
پھر	تمہیں جلائے گا	پھر	اسکی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	وہ	جس نے	پیدا کیا	تمہارے لئے

پھر تمہیں جلائے گا، پھر اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے پیدا کیا

مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۚ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ

مَا	فِي	الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	اسْتَوٰى	اِلَى	السَّمَآءِ	فَسَوّٰىهُنَّ
جو	ہیں	زمین	سب	پھر	قصد کیا	طرف	آسمان	پھر انکو ٹھیک بنا دیا

جو زمین میں ہے سب کا سب، پھر اس نے آسمان کی طرف قصد کیا، پھر ان کو ٹھیک بنا دیا

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٩﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ

سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ	وَهُوَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	وَاِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ
سات	آسمان	اور وہ	ہر	چیز	جاننے والا	اور جب	کہا	تمہارا رب	فرشتوں سے

سات آسمان، اور وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ اور جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا

اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا

اِنِّيْ	جَاعِلٌ	فِي	الْاَرْضِ	خَلِيْفَةً	قَالُوْٓا	اَتَجْعَلُ	فِيْهَا	مَنْ	يُّفْسِدُ	فِيْهَا
کہ میں	بنانے والا	ہیں	زمین	ایک نائب	انہوں نے کہا	کیا تو بنائے گا	اس میں	جو	فساد کرے گا	اس میں

کہ میں زمین میں ایک نائب بنانے والا ہوں، انہوں نے کہا کیا تو اس میں بنائے گا جو اس میں فساد کرے گا؟

وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ

وَيَسْفِكُ	الدِّمَآءَ	وَنَحْنُ	نُسَبِّحُ	بِحَمْدِكَ	وَنُقَدِّسُ	لَكَ
اور بہائے گا	خون	اور ہم	بے عیب کہتے ہیں	تیری تعریف کیساتھ	اور پاکیزگی بیان کرتے ہیں	تیری

اور خون بہائے گا، اور ہم تیری تعریف کے ساتھ تجھ کو بے عیب کہتے ہیں اور تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں،

قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا

قَالَ	اِنِّيْٓ	اَعْلَمُ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	وَعَلَّمَ	اٰدَمَ	الْاَسْمَآءَ	كُلَّهَا
اس نے کہا	بیشک میں	جانتا ہوں	جو	تم نہیں جانتے	اور سکھائے	آدم	نام	سب چیزیں

اس نے کہا بیشک میں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اور اس نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھائے،

ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ

ثُمَّ	عَرَضَهُمْ	عَلَى	الْمَلٰٓئِكَةِ	فَقَالَ	اَنْۢبِـُٔوْنِيْ	بِاَسْمَآءِ	هٰٓؤُلَآءِ	اِنْ
پھر	انہیں سامنے کیا	پر	فرشتے	پھر کہا	مجھ کو بتلاؤ	نام	ان	اگر

پھر انہیں فرشتوں کے سامنے کیا، پھر کہا مجھ کو ان کے نام بتلاؤ، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قَالُوْا	سُبْحٰنَكَ	لَا عِلْمَ	لَنَا	اِلَّا	مَا	عَلَّمْتَنَا
تم ہو	سچے	انہوں نے کہا	تو پاک ہے	علم نہیں	ہمیں	مگر	جو	تو نے ہمیں سکھایا

تم سچے ہو۔ انہوں نے کہا، تو پاک ہے، ہمیں کوئی علم نہیں مگر (صرف وہ) جو تو نے ہمیں سکھا دیا،

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ

اِنَّكَ	اَنْتَ	الْعَلِيْمُ	الْحَكِيْمُ	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	اَنْۢبِئْهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ
بیشک تو	تو	جاننے والا	حکمت والا	اس نے فرمایا	اے آدم	انہیں بتا دے	ان کے نام

بیشک تو ہی جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اس نے فرمایا اے آدم! انہیں ان کے نام بتلا دے،

فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ

فَلَمَّآ	اَنْۢبَاَهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ	قَالَ	اَلَمْ	اَقُلْ	لَّكُمْ	اِنِّيْٓ	اَعْلَمُ	غَيْبَ
سو جب	اس نے انہیں بتلائے	ان کے نام	اس نے فرمایا	کیا نہیں	میں نے کہا	تمہیں	کہ میں	جانتا ہوں	چھپی ہوئی باتیں

سو جب اس نے ان کے نام بتلائے اس نے فرمایا کیا میں نے نہیں کہا تھا؟ کہ میں جانتا ہوں چھپی ہوئی باتیں

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَاَعْلَمُ	مَا	تُبْدُوْنَ	وَمَا	كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ
آسمان (جمع)	اور	زمین	اور میں جانتا ہوں	جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جو	تم چھپاتے ہو

آسمانوں اور زمین کی، اور میں جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى

وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اَبٰى
اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں کو	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس	اس نے انکار کیا

اور جب ہم نے فرشتوں کو کہا تم آدم کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوائے انہوں نے سجدہ کیا، اس نے انکار کیا

وَاسْتَكْبَرَ ۫ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ

وَاسْتَكْبَرَ	وَكَانَ	مِنَ	الْكٰفِرِيْنَ	وَ	قُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ	اسْكُنْ	اَنْتَ
اور تکبر کیا	اور وہ ہو گیا	سے	کافر	اور	ہم نے کہا	اے آدم	تم رہو	تم

اور تکبر کیا اور وہ کافروں سے ہو گیا۔ اور ہم نے کہا اے آدم! تم رہو

وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا

وَزَوْجُكَ	الْجَنَّةَ	وَكُلَا	مِنْهَا	رَغَدًا	حَيْثُ	شِئْتُمَا	وَلَا	تَقْرَبَا
اور تمہاری بیوی	جنّت	اور تم دونوں کھاؤ	اس سے	اطمینان سے	جہاں	تم چاہو	اور نہ	قریب جانا

اور تمہاری بیوی جنّت میں، اور تم دونوں اس میں سے کھاؤ جہاں سے چاہو اطمینان سے، اور نہ قریب جانا

هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ

هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ	فَتَكُوْنَا	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	فَاَزَلَّهُمَا	الشَّيْطٰنُ
اس	درخت	پھر تم ہو جاؤ گے	سے	ظالم (جمع)	پھر ان دونوں کو پھسلایا	شیطان

اس درخت کے (ورنہ) تم ہو جاؤ گے ظالموں میں سے - پھر شیطان نے ان دونوں کو پھسلایا

عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

عَنْهَا	فَاَخْرَجَهُمَا	مِمَّا	كَانَا	فِيْهِ	وَقُلْنَا	اهْبِطُوْا	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ
اس سے	پھر انہیں نکلوا دیا	سے جو	وہ تھے	اس میں	اور ہم نے کہا	تم اُتر جاؤ	تمہارے بعض	بعض کے

اس سے - پھر انہیں نکلوا دیا اس جگہ سے جہاں وہ تھے، اور ہم نے کہا تم اُتر جاؤ، تمہارے بعض بعض کے

عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٣٦﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ

عَدُوٌّ	وَلَكُمْ	فِى	الْاَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَمَتَاعٌ	اِلٰى	حِيْنٍ	فَتَلَقّٰٓى	اٰدَمُ
دشمن	اور تمہارے لئے	ہیں	زمین	ٹھکانہ	اور سامان	تک	وقت	پھر حاصل کر لئے	آدم

دشمن ہیں، اور تمہارے لئے زمین میں ٹھکانہ ہے اور ایک وقت تک سامانِ (زندگی) ہے - پھر آدم نے حاصل کر لئے

مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٣٧﴾

مِنْ	رَّبِّهٖ	كَلِمٰتٍ	فَتَابَ	عَلَيْهِ	اِنَّهٗ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ
سے	اپنا رب	کچھ کلمے	پھر اس نے توبہ قبول کی	اس کی	بیشک وہ	وہ	توبہ قبول کرنے والا	رحم کرنے والا

اپنے رب سے کچھ کلمے، پھر اس نے اس کی (آدم کی) توبہ قبول کی، بیشک وہ توبہ قبول کرنیوالا رحم کرنے والا ہے -

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ

قُلْنَا	اهْبِطُوْا	مِنْهَا	جَمِيْعًا	فَاِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	مِنِّيْ	هُدًى	فَمَنْ	تَبِعَ
ہم نے کہا	تم اُتر جاؤ	یہاں سے	سب	پس جب	تمہیں پہنچے	میری طرف سے	کوئی ہدایت	سو جو	چلا

ہم نے کہا تم سب یہاں سے اُتر جاؤ، پس جب تمہیں میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے ، سو جو چلا

هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا

هُدَایَ	فَلَا	خَوْفٌ	عَلَیْهِمْ	وَلَا	هُمْ	یَحْزَنُوْنَ	وَ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا
میری ہدایت	تو نہ	کوئی خوف	اُن پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے	اور	جن لوگوں نے	کفر کیا

میری آیات پر، نہ اُن پر کوئی خوف ہوگا، نہ وہ غمگین ہوں گے - اور جن لوگوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٣٩﴾

وَكَذَّبُوْا	بِاٰیٰتِنَا	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِیْهَا	خٰلِدُوْنَ
اور جھٹلایا	ہماری آیات	وہی	دوزخ والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہی دوزخ والے ہیں، وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ وَاَوْفُوْا

یٰبَنِیْۤ	اِسْرَآءِیْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِیَ	الَّتِیْۤ	اَنْعَمْتُ	عَلَیْكُمْ	وَاَوْفُوْا
اے اولاد	یعقوب	تم یاد کرو	میری نعمت	جو	میں نے بخشی	تمہیں	اور پورا کرو

اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب)! میری نعمت یاد کرو، جو میں نے تمہیں بخشی، اور پورا کرو

بِعَهْدِیْۤ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِیَّایَ فَارْهَبُوْنِ ﴿٤٠﴾ وَاٰمِنُوْا بِمَاۤ

بِعَهْدِیْۤ	اُوْفِ	بِعَهْدِكُمْ	وَاِیَّایَ	فَارْهَبُوْنِ	وَاٰمِنُوْا	بِمَاۤ
میرا وعدہ	میں پورا کروں گا	تمہارا وعدہ	اور مجھ ہی سے	ڈرو	اور تم ایمان لاؤ	اس پر جو

میرا وعدہ، میں تمہارا وعدہ پورا کروں گا، اور مجھ ہی سے ڈرو۔ اور اس پر ایمان لاؤ جو

اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْۤا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ۪ وَ

اَنْزَلْتُ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	مَعَكُمْ	وَلَا	تَكُوْنُوْۤا	اَوَّلَ	كَافِرٍ	بِهٖ	وَ
میں نے نازل کیا	تصدیق کرنے والا	اس کی جو	تمہارے پاس	اور نہ	ہو جاؤ	پہلے	کافر	اسکے	اور

میں نے نازل کیا، اس کی تصدیق کرنے والا جو تمہارے پاس ہے، اور اس کے پہلے کافر نہ ہو جاؤ اور

لَا تَشْتَرُوْا بِاٰیٰتِیْ ثَمَنًا قَلِیْلًا ۫ وَّاِیَّایَ فَاتَّقُوْنِ ﴿٤١﴾ وَلَا تَلْبِسُوا

لَا تَشْتَرُوْا	بِاٰیٰتِیْ	ثَمَنًا	قَلِیْلًا	وَّاِیَّایَ	فَاتَّقُوْنِ	وَلَا	تَلْبِسُوا
عوض نہ لو	میری آیات	قیمت	تھوڑی	اور مجھ ہی سے	ڈرو	اور نہ	ملاؤ

اور میری آیات کے عوض تھوڑی قیمت نہ لو، اور مجھ ہی سے ڈرو۔ اور نہ ملاؤ

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاَقِيْمُوا

الْحَقَّ	بِالْبَاطِلِ	وَتَكْتُمُوا	الْحَقَّ	وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	وَاَقِيْمُوا
حق	باطل سے	اور (نہ) چھپاؤ	حق	جبکہ تم	جانتے ہو	اور قائم کرو

حق کو باطل سے، اور حق کو نہ چھپاؤ جب کہ تم جانتے ہو ۔ اور تم قائم کرو

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾

الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَ	ارْكَعُوْا	مَعَ	الرّٰكِعِيْنَ
نماز	اور ادا کرو	زکوٰۃ	اور	رکوع کرو	ساتھ	رکوع کرنے والے

نماز، اور ادا کرو زکوٰۃ، اور رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ،

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ

اَتَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ	بِالْبِرِّ	وَ	تَنْسَوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	وَاَنْتُمْ	تَتْلُوْنَ
کیا تم حکم دیتے ہو	لوگ	نیکی کا	اور	تم بھول جاتے ہو	اپنے آپ	حالانکہ تم	پڑھتے ہو

کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو؟ حالانکہ تم پڑھتے ہو

الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ

الْكِتٰبَ	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ	وَ	اسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَالصَّلٰوةِ
کتاب	کیا پھر نہیں	تم سمجھتے	اور	تم مدد حاصل کرو	صبر سے	اور نماز

کتاب، کیا پھر تم سمجھتے نہیں؟ اور تم مدد حاصل کرو صبر اور نماز سے،

وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿٤٥﴾ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ

وَ	اِنَّهَا	لَكَبِيْرَةٌ	اِلَّا	عَلَى	الْخٰشِعِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَظُنُّوْنَ	اَنَّهُمْ
اور	وہ	بڑی (دشوار)	مگر	پر	عاجزی کرنے والے	وہ جو	یقین رکھتے ہیں	کہ وہ

اور وہ بڑی (دشوار) ہے مگر عاجزی کرنے والوں پر (نہیں) وہ جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ

ع ٥ ٥

مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿٤٦﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

مُّلٰقُوْا	رَبِّهِمْ	وَ	اَنَّهُمْ	اِلَيْهِ	رٰجِعُوْنَ	يٰبَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ
رُوبرو ہونے والے	اپنا رب	اور	یہ کہ وہ	اس کی طرف	لوٹنے والے	اے اولاد	یعقوب

اپنے رب کے رُوبرو ہونے والے ہیں اور یہ کہ وہ اس کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب)!

اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ

اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَاَنِّيْ	فَضَّلْتُكُمْ
تم یاد کرو	میری نعمت	جو	میں نے بخشی	تم پر	اور یہ کہ میں نے	تمہیں فضیلت دی

تم میری نعمت یاد کرو جو میں نے تمہیں بخشی ، اور یہ کہ میں نے تمہیں فضیلت دی

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا

عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَاتَّقُوْا	يَوْمًا	لَا تَجْزِيْ	نَفْسٌ	عَنْ	نَّفْسٍ	شَيْـًٔا
پر	زمانہ والے	اور ڈرو	اس دن	نہ بدلہ بنے گا	کوئی شخص	سے	کسی	کچھ

زمانہ والوں پر۔ اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی شخص کسی کا کچھ بدلہ نہ بنے گا ،

وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ

وَلَا	يُقْبَلُ	مِنْهَا	شَفَاعَةٌ	وَلَا	يُؤْخَذُ	مِنْهَا	عَدْلٌ	وَلَا	هُمْ
اور نہ	قبول کی جائیگی	اس سے	کوئی سفارش	اور نہ	لیا جائے گا	اس سے	کوئی معاوضہ	اور نہ	اُن

اور نہ اس سے کوئی سفارش قبول کی جائے گی، اور نہ اس سے کوئی معاوضہ لیا جائے گا، اور نہ اُن کی

يُنْصَرُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ

يُنْصَرُوْنَ	وَاِذْ	نَجَّيْنٰكُمْ	مِنْ	اٰلِ	فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ
مدد کی جائے گی	اور جب	ہم نے تمہیں رہائی دی	سے	آلِ	فرعون	وہ تمہیں دُکھ دیتے تھے

مدد کی جائے گی۔ اور جب ہم نے تمہیں آلِ فرعون سے رہائی دی، وہ تمہیں دُکھ دیتے تھے

سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ

سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	يُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَآءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ	نِسَآءَكُمْ
بُرا	عذاب	وہ ذبح کرتے تھے	تمہارے بیٹے	اور زندہ چھوڑ دیتے تھے	تمہاری عورتیں

بُرا عذاب - اور وہ تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے

وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿٤٩﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ

وَفِيْ	ذٰلِكُمْ	بَلَاۗءٌ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ	وَاِذْ	فَرَقْنَا	بِكُمُ
اور میں	اس	آزمائش	سے	تمہارا رب	بڑی	اور جب	ہم نے پھاڑ دیا	تمہارے لئے

اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ اور جب ہم نے تمہارے لئے پھاڑ دیا

الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٠﴾

الْبَحْرَ	فَاَنْجَيْنٰكُمْ	وَاَغْرَقْنَآ	اٰلَ فِرْعَوْنَ	وَ اَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ
دریا	پھر تمہیں بچا لیا	اور ہم نے ڈبو دیا	آلِ فرعون	اور تم	دیکھ رہے تھے

دریا، پھر ہم نے تمہیں بچا لیا، اور آلِ فرعون کو ڈبو دیا، اور تم دیکھ رہے تھے۔

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ

وَاِذْ	وٰعَدْنَا	مُوْسٰٓى	اَرْبَعِيْنَ	لَيْلَةً	ثُمَّ	اتَّخَذْتُمُ	الْعِجْلَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ
اور جب	ہم نے وعدہ کیا	موسیٰؑ	چالیس	رات	پھر	تم نے بنا لیا	بچھڑا	ان کے بعد

اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ کیا، پھر تم نے بچھڑے کو ان کے بعد (معبود) بنا لیا،

وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ

وَاَنْتُمْ	ظٰلِمُوْنَ	ثُمَّ	عَفَوْنَا	عَنْكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	لَعَلَّكُمْ
اور تم	ظالم (جمع)	پھر	ہم نے معاف کر دیا	تم سے	اس کے بعد	یہ	تاکہ تم

اور تم ظالم ہوئے۔ پھر ہم نے تمہیں اس کے بعد معاف کر دیا تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ

تَشْكُرُوْنَ	وَاِذْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	وَالْفُرْقَانَ	لَعَلَّكُمْ
احسان مانو	اور جب	ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	اور جدا جدا کرنے والے احکام	تاکہ تم

احسان مانو۔ اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور جدا جدا کرنے والے احکام تاکہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿٥٣﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

تَهْتَدُوْنَ	وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اِنَّكُمْ	ظَلَمْتُمْ	اَنْفُسَكُمْ
ہدایت پالو	اور جب	کہا	موسیٰ	اپنی قوم سے	اے قوم	بیشک تم	تم نے ظلم کیا	اپنے اوپر

ہدایت پا لو۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا۔ اے قوم! بیشک تم نے اپنے اوپر ظلم کیا

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ

بِاتِّخَاذِكُمُ	الْعِجْلَ	فَتُوْبُوْا	اِلٰى	بَارِئِكُمْ	فَاقْتُلُوْا	اَنْفُسَكُمْ	ذٰلِكُمْ
تم نے بنا لیا	بچھڑا	سو تم رجوع کرو	طرف	پیدا کرنے والا	سو تم ہلاک کرو	اپنی جانیں	یہ

بچھڑے کو (معبود) بنا کر، سو تم اپنے پیدا کرنے والے کی طرف رجوع کرو، اپنوں کو ہلاک کرو، یہ

خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ

خَيْرٌ	لَّكُمْ	عِنْدَ	بَارِئِكُمْ	فَتَابَ	عَلَيْكُمْ	اِنَّهٗ	هُوَ	التَّوَّابُ
بہتر	تمہارے لئے	نزدیک	تمہارا پیدا کرنیوالا	اس نے توبہ قبول کی	تمہاری	بیشک	وہ	توبہ قبول کرنیوالا

تمہارے لئے بہتر ہے تمہارے پیدا کرنیوالے کے نزدیک، سو اس نے تمہاری توبہ قبول کر لی، بیشک وہ توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى

الرَّحِيْمُ	وَاِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى	لَنْ نُّؤْمِنَ	لَكَ	حَتّٰى
رحم کرنے والا	اور جب	تم نے کہا	اے موسیٰ	ہم ہرگز نہ مانیں گے	تجھے	جب تک

رحم کرنے والا ہے اور جب تم نے کہا اے موسیٰ! ہم تجھے ہرگز نہ مانیں گے، جب تک

نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

نَرَى	اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَاَخَذَتْكُمُ	الصّٰعِقَةُ	وَاَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ
ہم دیکھ لیں	اللہ	کھلم کھلا	پھر تمہیں آ لیا	بجلی کی کڑک	اور تم	تم دیکھ رہے تھے

اللہ کو ہم کھلم کھلا نہ دیکھ لیں، پھر تمہیں بجلی کی کڑک نے آ لیا، اور تم دیکھ رہے تھے۔

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾

ثُمَّ	بَعَثْنٰكُمْ	مِّنْ	بَعْدِ	مَوْتِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
پھر	ہم نے تمہیں زندہ کیا	سے	بعد	تمہاری موت	تاکہ تم	احسان مانو

پھر ہم نے تمہیں تمہاری موت کے بعد زندہ کیا، تاکہ تم احسان مانو۔

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ

وَظَلَّلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْغَمَامَ	وَاَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْمَنَّ	وَ	السَّلْوٰى
اور ہم نے سایہ کیا	تم پر	بادل	اور ہم نے اتارا	تم پر	من	اور	سلوا

اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا اور ہم نے تم پر من و سلوا اتارا،

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ

كُلُوْا	مِنْ	طَيِّبٰتِ	مَا	رَزَقْنٰكُمْ	وَ	مَا ظَلَمُوْنَا	وَلٰكِنْ
تم کھاؤ	سے	پاک چیزیں	جو	ہم نے تمہیں دیں	اور	انہوں نے ظلم نہیں کیا ہم پر	اور لیکن

وہ پاک چیزیں کھاؤ جو ہم نے تمہیں دیں۔ اور انہوں ہم پر ظلم نہیں کیا اور لیکن

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ

كَانُوْا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَاِذْ	قُلْنَا	ادْخُلُوْا	هٰذِهِ
تھے	اپنی جانیں	وہ ظلم کرتے تھے	اور جب	ہم نے کہا	تم داخل ہو	اس

وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ اور جب ہم نے کہا تم داخل ہو اس

الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ

الْقَرْيَةَ	فَكُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	رَغَدًا	وَّادْخُلُوا	الْبَابَ
بستی	پھر کھاؤ	اس سے	جہاں	تم چاہو	بافراغت	اور تم داخل ہو	دروازہ

بستی میں، پھر اس میں جہاں سے چاہو بافراغت کھاؤ اور دروازہ سے داخل ہو

سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ

سُجَّدًا	وَقُوْلُوْا	حِطَّةٌ	نَّغْفِرْ	لَكُمْ	خَطٰيٰكُمْ	وَسَنَزِيْدُ
سجدہ کرتے ہوئے	اور کہو	بخش دے	ہم بخش دینگے	تمہیں	تمہاری خطائیں	اور عنقریب زیادہ دیں گے

سجدہ کرتے ہوئے اور کہو بخشدے، ہم تمہیں تمہاری خطائیں بخش دیں گے، اور عنقریب زیادہ دیں گے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ

الْمُحْسِنِيْنَ	فَبَدَّلَ	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	قَوْلًا	غَيْرَ	الَّذِيْ	قِيْلَ
نیکی کرنے والے	پھر بدل ڈالا	جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)	بات	دوسری	وہ جو کہ	کہی گئی

نیکی کرنے والوں کو۔ پھر ظالموں نے دوسری بات سے اس بات کو بدل ڈالا جو کہی گئی تھی

لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ

لَهُمْ	فَاَنْزَلْنَا	عَلَى	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	رِجْزًا	مِنَ	السَّمَآءِ
انہیں	پھر ہم نے اتارا	پر	جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)	عذاب	سے	آسمان

انہیں، پھر ہم نے ظالموں پر آسمان سے عذاب اُتارا،

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	وَاِذِ	اسْتَسْقٰى	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ
کیونکہ	وہ نافرمانی کرتے تھے	اور جب	پانی مانگا	موسےٰ	اپنی قوم کے لئے

کیونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے پانی مانگا

ع ٦ ١٣ ٦

فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ

فَقُلْنَا	اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ	الْحَجَرَ	فَانْفَجَرَتْ	مِنْهُ
پھر ہم نے کہا	مارو	اپنا عصا	پتھر	تو پھوٹ پڑے	اس سے

پھر ہم نے کہا اپنا عصا پتھر پر مارو، تو پھوٹ پڑے اس سے

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ

اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا	قَدْ عَلِمَ	كُلُّ اُنَاسٍ	مَّشْرَبَهُمْ
بارہ	چشمے	جان لیا	ہر قوم	اپنا گھاٹ

بارہ چشمے، ہر قوم نے اپنا گھاٹ جان لیا،

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ

كُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	مِنْ	رِّزْقِ	اللّٰهِ	وَلَا تَعْثَوْا	فِى الْاَرْضِ
تم کھاؤ	اور پیو	سے	رزق	اللہ	اور نہ پھرو	میں زمین

تم کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے، اور زمین میں نہ پھرو

مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ

مُفْسِدِيْنَ	وَاِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى	لَنْ نَّصْبِرَ	عَلٰى	طَعَامٍ	وَّاحِدٍ
فساد مچاتے	اور جب	تم نے کہا	اے موسیٰ	ہرگز نہ صبر کریں گے	پر	کھانا	ایک

فساد مچاتے۔ اور جب تم نے کہا اے موسےٰ! ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ کریں گے،

فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا

فَادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُخْرِجْ لَنَا	مِمَّا	تُنْۢبِتُ	الْاَرْضُ	مِنْۢ	بَقْلِهَا
دعا کریں	ہمارے لئے	اپنا رب	نکالے ہمارے لئے	اس سے جو	اُگاتی ہے	زمین	سے (کچھ)	ترکاری

آپ ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کریں ہمارے لئے نکالے جو زمین اُگاتی ہے، کچھ ترکاری

وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ

وَقِثَّآئِهَا	وَفُوْمِهَا	وَعَدَسِهَا	وَبَصَلِهَا	قَالَ	اَتَسْتَبْدِلُوْنَ
اور ککڑی	اور گندم	اور مسور	اور پیاز	اس نے کہا	کیا تم بدلنا چاہتے ہو

اور ککڑی، اور گندم، اور مسور، اور پیاز۔ اس نے کہا کیا تم بدلنا چاہتے ہو؟

الَّذِیْ هُوَ اَدْنٰی بِالَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ

الَّذِیْ	هُوَ اَدْنٰی	بِالَّذِیْ	هُوَ	خَیْرٌ	اِهْبِطُوْا	مِصْرًا	فَاِنَّ	لَكُمْ
جو کہ	وہ ادنیٰ	اس سے جو	وہ	بہتر	تم اترو	شہر	پس بیشک	تمہارے لئے

وہ جو ادنیٰ ہے اس سے جو بہتر ہے، تم شہر میں اترو بیشک تمہارے لئے ہوگا

مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَ ضُرِبَتْ عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ وَ الْمَسْكَنَةُ ۗ وَ بَآءُوْ

مَا سَاَلْتُمْ	وَ	ضُرِبَتْ	عَلَیْهِمُ	الذِّلَّةُ	وَالْمَسْكَنَةُ	وَبَآءُوْ
جو تم مانگتے ہو	اور	ڈالدی گئی	ان پر	ذلت	اور محتاجی	اور وہ لوٹے

جو تم مانگتے ہو، اور ان پر ذلت اور محتاجی ڈال دی گئی، اور وہ لوٹے

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ

بِغَضَبٍ	مِنَ	اللّٰهِ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا	یَكْفُرُوْنَ	بِاٰیٰتِ	اللّٰهِ
غضب کے ساتھ	سے	اللہ	یہ	اس لئے کہ وہ	وہ تھے	وہ انکار کرتے	آیتوں کا	اللہ

اللہ کے غضب کے ساتھ، یہ اس لئے ہوا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے،

وَ یَقْتُلُوْنَ النَّبِیّٖنَ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا

وَیَقْتُلُوْنَ	النَّبِیّٖنَ	بِغَیْرِ الْحَقِّ	ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا
اور قتل کرتے تھے	نبیوں کو	ناحق	یہ	اس لئے کہ	انہوں نے نافرمانی کی

اور ناحق نبیوں کو قتل کرتے تھے، یہ اس لئے ہوا کہ انہوں نے نافرمانی کی اور

وَّ كَانُوْا یَعْتَدُوْنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِیْنَ هَادُوْا وَ النَّصٰرٰی ع ۷ ۲ ۷

وَكَانُوْا	یَعْتَدُوْنَ	اِنَّ الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	وَ الَّذِیْنَ	هَادُوْا	وَالنَّصٰرٰی
اور تھے	حد سے بڑھتے	بیشک جو لوگ	ایمان لائے	اور جو لوگ	یہودی ہوئے	اور نصاریٰ

اور وہ حد سے بڑھتے تھے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور نصرانی

وَ الصّٰبِـِٕیْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا

وَالصّٰبِـِٕیْنَ	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَ	الْیَوْمِ الْاٰخِرِ	وَعَمِلَ	صَالِحًا
اور صابی	جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور	روزِ آخرت	اور عمل کرے	نیک

اور صابی، جو ایمان لائے اللہ پر اور روزِ آخرت پر اور نیک عمل کرے

فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

فَلَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ
تو ان کے لئے	ان کا اجر	پاس	ان کا رب	اور نہ	کوئی خوف	ان پر	اور نہ	وہ

تو ان کے لئے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے، اور ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ

يَحْزَنُوْنَ	وَ	اِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ	وَرَفَعْنَا	فَوْقَكُمُ	الطُّوْرَ
غمگین ہوں گے	اور	جب	ہم نے لیا	تم سے اقرار	اور ہم نے اٹھایا	تمہارے اوپر	کوہ طور

غمگین ہوں گے۔ اور جب ہم نے تم سے اقرار لیا، اور ہم نے تمہارے اوپر کوہ طور اُٹھایا،

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ

خُذُوْا	مَآ اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ	وَّاذْكُرُوْا	مَا	فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ
پکڑو	جو ہم نے تمہیں دیا	مضبوطی سے	اور یاد رکھو	جو	اس میں	تاکہ تم

جو ہم نے تمہیں دیا ہے وہ مضبوطی سے پکڑو، اور جو اس میں ہے اسے یاد رکھو تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

تَتَّقُوْنَ	ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	فَلَوْلَا	فَضْلُ	اللّٰهِ
پرہیزگار ہو جاؤ	پھر	تم پھر گئے	بعد	اس	پس اگر نہ	فضل	اللہ

پرہیزگار ہو جاؤ۔ پھر اس کے بعد تم پھر گئے، پس اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ

عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	لَكُنْتُمْ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	وَلَقَدْ	عَلِمْتُمُ	الَّذِيْنَ
تم پر	اور اس کی رحمت	تو تم تھے	سے	نقصان اٹھانے والے	اور البتہ	تم نے جان لیا	جنہوں نے

تم پر، اور اس کی رحمت تو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے تھے اور البتہ تم نے (ان لوگوں کو) جان لیا جنہوں نے

اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ﴿٦٥﴾ ۚ

اعْتَدَوْا	مِنْكُمْ	فِي السَّبْتِ	فَقُلْنَا	لَهُمْ	كُوْنُوْا	قِرَدَةً	خٰسِئِيْنَ
زیادتی کی	تم سے	ہفتہ کے دن میں	تب ہم نے کہا	ان سے	تم ہو جاؤ	بندر	ذلیل

تم میں سے ہفتہ کے دن میں زیادتی کی تب ہم نے ان سے کہا تم ذلیل بندر ہو جاؤ۔

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً

فَجَعَلْنٰهَا	نَكَالًا	لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا	وَمَا	خَلْفَهَا	وَمَوْعِظَةً
پھر ہم نے اسے بنایا	عبرت	سامنے والوں کے لئے	اور جو	اس کے پیچھے	اور نصیحت

پھر ہم نے اُسے سامنے والوں کے لئے اور پیچھے آنے والوں کے لئے عبرت بنایا، اور نصیحت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ

لِلْمُتَّقِيْنَ	وَ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَاْمُرُكُمْ
پرہیزگاروں کے لئے	اور جب	کہا	موسےٰ	اپنی قوم سے	بیشک	اللہ	تمہیں حکم دیتا ہے

پرہیزگاروں کے لئے۔ اور جب موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے

اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

اَنْ	تَذْبَحُوْا	بَقَرَةً	قَالُوْٓا	اَتَتَّخِذُنَا	هُزُوًا	قَالَ	اَعُوْذُ	بِاللّٰهِ
کہ	تم ذبح کرو	ایک گائے	وہ کہنے لگے	کیا تم کرتے ہو ہم سے	مذاق	اس نے کہا	میں پناہ لیتا ہوں	اللہ کی

کہ تم ایک گائے ذبح کرو، وہ کہنے لگے کیا تم ہم سے مذاق کرتے ہو؟ اس نے کہا میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا

اَنْ اَكُوْنَ	مِنَ الْجٰهِلِيْنَ	قَالُوا	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا
کہ ہو جاؤں	جاہلوں سے	انہوں نے کہا	دُعا کریں	ہمارے لئے	اپنا رب	بتلائے	ہمیں

(اس سے) کہ میں جاہلوں سے ہو جاؤں۔ انہوں نے کہا اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کریں کہ وہ ہمیں بتلائے

مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ

مَا هِيَ	قَالَ	اِنَّهٗ	يَقُوْلُ	اِنَّهَا	بَقَرَةٌ	لَّا فَارِضٌ	وَّلَا	بِكْرٌ
کیسی ہے وہ	اس نے کہا	بیشک وہ	فرماتا ہے	کہ وہ	گائے	نہ بوڑھی	اور نہ	چھوٹی عمر

وہ کیسی ہے؟ اس نے کہا بے بیشک وہ فرماتا ہے کہ وہ گائے نہ بوڑھی ہے اور نہ چھوٹی عمر کی

عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا

عَوَانٌۢ	بَيْنَ	ذٰلِكَ	فَافْعَلُوْا	مَا	تُؤْمَرُوْنَ	قَالُوا	ادْعُ	لَنَا
جوان	درمیان	اس	پس کرو	جو	تمہیں حکم دیا جاتا ہے	انہوں نے کہا	دعا کریں	ہمارے لئے

اس کے درمیانی جوان ہے، پس تمہیں جو حکم دیا جاتا ہے کرو۔ انہوں نے کہا ہمارے لئے دعا کریں

رَبُّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

رَبُّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا	لَوْنُهَا	قَالَ	اِنَّهٗ	يَقُوْلُ	اِنَّهَا	بَقَرَةٌ
اپنا رب	وہ بتلادے	ہمیں	کیسا	اس کا رنگ	اس نے کہا	بیشک وہ	فرماتا ہے	کہ وہ	ایک گائے

اپنے رب سے کہ وہ ہمیں بتلادے اس کا رنگ کیسا ہے ؟ اس نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے

صَفْرَآءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

صَفْرَآءُ	فَاقِعٌ	لَّوْنُهَا	تَسُرُّ	النّٰظِرِيْنَ	قَالُوا	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ
زرد رنگ	گہرا	اس کا رنگ	اچھی لگتی	دیکھنے والے	انہوں نے کہا	دُعا کریں	ہمارے لئے	اپنا رب

زرد رنگ کی ہے اس کا رنگ خوب گہرا ہے دیکھنے والوں کو اچھی لگتی ہے۔ انہوں نے کہا ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کریں

يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا هِيَ	اِنَّ	الْبَقَرَ	تَشٰبَهَ	عَلَيْنَا	وَاِنَّآ	اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ
وہ بتلادے	ہمیں	وہ کیسی	کیونکہ	گائے	اشتباہ ہوگیا	ہم پر	اور بیشک ہم	اگر	چاہا	اللہ

وہ ہمیں بتلادے وہ کیسی ہے ؟ کیونکہ گائے ہیں ہم پر اشتباہ ہوگیا ، اور اگر اللہ نے چاہا تو بیشک

لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ

لَمُهْتَدُوْنَ	قَالَ	اِنَّهٗ	يَقُوْلُ	اِنَّهَا	بَقَرَةٌ	لَّا ذَلُوْلٌ	تُثِيْرُ	الْاَرْضَ
ضرور ہدایت پالیں گے	اس نے کہا	بیشک وہ	فرماتا ہے	کہ وہ	ایک گائے	نہ سدھی ہوئی	جوتتی	زمین

ہم ضرور ہدایت پالیں گے۔ اس نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے کہ وہ ایک گائے ہے نہ سدھی ہو، نہ زمین جوتتی

وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ

وَلَا	تَسْقِى	الْحَرْثَ	مُسَلَّمَةٌ	لَّا	شِيَةَ	فِيْهَا	قَالُوا	الْـٰٔنَ
اور نہ	پانی دیتی	کھیتی	بے عیب	نہیں	کوئی داغ	اس میں	وہ بولے	اب

نہ کھیتی کو پانی دیتی ہے بے عیب ہے ، اس میں کوئی داغ نہیں ، وہ بولے اب

ع ۸ ۱۰ ۸

جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧١﴾ وَاِذْ

جِئْتَ	بِالْحَقِّ	فَذَبَحُوْهَا	وَمَا كَادُوْا	يَفْعَلُوْنَ	وَاِذْ
تم لائے	ٹھیک بات	پھر انہوں نے ذبح کیا اس کو	اور وہ لگتے نہ تھے	وہ کریں	اور جب

تم ٹھیک بات لائے، پھر انہوں نے اسے ذبح کیا، اور وہ لگتے نہ تھے کہ وہ (ذبح) کریں۔ اور جب

قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۚ ﴿٧٢﴾

قَتَلْتُمْ	نَفْسًا	فَادّٰرَءْتُمْ	فِيْهَا	وَاللّٰهُ	مُخْرِجٌ	مَّا كُنْتُمْ	تَكْتُمُوْنَ
تم نے قتل کیا	ایک آدمی	پھر تم جھگڑنے لگے	اس میں	اور اللہ	ظاہر کرنیوالا	جو تم تھے	چھپانے

تم نے ایک آدمی کو قتل کیا پھر تم اس میں جھگڑنے لگے اور اللہ ظاہر کرنے والا تھا جو تم چھپاتے تھے۔

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ

فَقُلْنَا	اضْرِبُوْهُ	بِبَعْضِهَا	كَذٰلِكَ	يُحْيِ	اللّٰهُ	الْمَوْتٰى	وَيُرِيْكُمْ
پھر ہم نے کہا	اسے مارو	اس کا ٹکڑا	اس طرح	زندہ کریگا	اللہ	مُردے	اور تمہیں دکھاتا ہے

پھر ہم نے کہا تم اس (مقتول) کو گائے کا ایک ٹکڑا مارو، اس طرح اللہ مُردوں کو زندہ کرے گا، وہ تمہیں دکھاتا ہے

اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	ثُمَّ	قَسَتْ	قُلُوْبُكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ
اپنے نشان	تاکہ تم	غور کرو	پھر	سخت ہوگئے	تمہارے دل	بعد	اس

اپنے نشان، تاکہ تم غور کرو۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے،

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ

فَهِيَ	كَالْحِجَارَةِ	اَوْ	اَشَدُّ	قَسْوَةً	وَاِنَّ	مِنَ	الْحِجَارَةِ
سو وہ	پتھر جیسے	یا	اس سے زیادہ	سخت	اور بیشک	سے	پتھر

سو وہ پتھر جیسے ہو گئے، یا اس سے زیادہ سخت، اور بیشک بعض پتھروں سے

لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ

لَمَا	يَتَفَجَّرُ	مِنْهُ	الْاَنْهٰرُ	وَاِنَّ	مِنْهَا	لَمَا	يَشَّقَّقُ	فَيَخْرُجُ
البتہ	پھوٹ نکلتی ہیں	اس سے	نہریں	اور بیشک	اس سے (بعض)	البتہ جو	پھٹ جاتے ہیں	تو نکلتا ہے

نہریں پھوٹ نکلتی ہیں، اور بیشک ان میں سے بعض پھٹ جاتے ہیں تو نکلتا ہے

مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ

مِنْهُ	الْمَآءُ	وَاِنَّ	مِنْهَا	لَمَا يَهْبِطُ	مِنْ	خَشْيَةِ	اللّٰهِ	وَ
اس سے	پانی	اور بیشک	اس سے	البتہ گرتا ہے	سے	ڈر	اللہ	اور

ان سے پانی، اور ان میں سے بعض اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں، اور

مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا

مَا اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ	اَفَتَطْمَعُوْنَ	اَنْ	يُّؤْمِنُوْا
نہیں اللہ	بے خبر	سے جو	تم کرتے ہو	کیا پھر تم توقع رکھتے ہو	کہ	مان لیں گے

اللہ اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔ پھر کیا تم توقع رکھتے ہو؟ کہ وہ مان لیں گے

لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ

لَكُمْ	وَقَدْ كَانَ	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	يَسْمَعُوْنَ	كَلٰمَ اللّٰهِ	ثُمَّ	يُحَرِّفُوْنَهٗ
تمہارے لئے	اور تھا	ایک فریق	ان سے	وہ سنتے ہیں	اللہ کا کلام	پھر	وہ بدل ڈالتے ہیں اس کو

تمہاری خاطر اور ان میں سے ایک فریق اللہ کا کلام سنتا ہے پھر وہ اس کو بدل ڈالتے ہیں

مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ

مِنْۢ بَعْدِ	مَا عَقَلُوْهُ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	وَاِذَا	لَقُوا	الَّذِيْنَ
بعد	جو انہوں نے سمجھ لیا	اور وہ	جانتے ہیں	اور جب	وہ ملتے ہیں	جو لوگ

اس کو سمجھ لینے کے بعد، اور وہ جانتے ہیں۔ اور جب وہ ان لوگوں سے ملتے ہیں جو

اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا

اٰمَنُوْا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	وَاِذَا	خَلَا	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	قَالُوْٓا
ایمان لائے	وہ کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب	اکیلے ہوتے ہیں	ان کے بعض	پاس	بعض	کہتے ہیں

ایمان لائے تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے، اور جب ان کے بعض دوسروں کے پاس اکیلے ہوتے ہیں تو کہتے ہیں

اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ

اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ	بِمَا	فَتَحَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	لِيُحَآجُّوْكُمْ	بِهٖ	عِنْدَ	رَبِّكُمْ
کیا تبلاتے ہو انہیں	جو	ظاہر کیا	اللہ	تم پر	تاکہ وہ حجت لائیں تم پر	اسکے ذریعہ	سامنے	تمہارا رب

کیا تم انہیں وہ تبلاتے ہو جو اللہ نے تم پر ظاہر کیا تاکہ وہ اس کے ذریعہ تمہارے رب کے سامنے حجت لائیں تم پر

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	اَوَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ
تو کیا تم نہیں سمجھتے	کیا	نہیں وہ جانتے	کہ	اللہ	جانتا ہے	جو	وہ چھپاتے ہیں

تو کیا تم نہیں سمجھتے؟ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ

وَمَا	يُعْلِنُوْنَ	وَمِنْهُمْ	اُمِّيُّوْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	الْكِتٰبَ	اِلَّآ
اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور ان میں	اَن پڑھ	وہ نہیں جانتے	کتاب	سوائے

اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اور ان میں کچھ اَن پڑھ ہیں جو کتاب نہیں جانتے سوائے

النصف

اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿٧٨﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ

اَمَانِيَّ	وَاِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَظُنُّوْنَ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَكْتُبُوْنَ	الْكِتٰبَ
آرزوئیں	اور نہیں	وہ	مگر	گمان سے کام لیتے ہیں	سو خرابی	ان کے لئے جو	لکھتے ہیں	کتاب

چند آرزوؤں کے اور وہ صرف گمان سے کام لیتے ہیں۔ سو ان کے لئے خرابی ہے جو وہ کتاب لکھتے ہیں

بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ

بِاَيْدِيْهِمْ	ثُمَّ	يَقُوْلُوْنَ	هٰذَا	مِنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	لِيَشْتَرُوْا	بِهٖ
اپنے ہاتھوں سے	پھر	وہ کہتے ہیں	یہ	سے	پاس	اللہ	تاکہ وہ حاصل کریں	اس سے

اپنے ہاتھوں سے پھر کہتے ہیں یہ اللہ کے پاس سے ہے تاکہ اس کے ذریعہ حاصل کر لیں

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ

ثَمَنًا	قَلِيْلًا	فَوَيْلٌ	لَّهُمْ	مِّمَّا	كَتَبَتْ	اَيْدِيْهِمْ	وَوَيْلٌ	لَّهُمْ
قیمت	تھوڑی	سو خرابی	انکے لئے	اس سے جو	لکھا	ان کے ہاتھ	اور خرابی	ان کے لئے

تھوڑی سی قیمت، سو ان کے لئے خرابی ہے اس سے جو ان کے ہاتھوں نے لکھا، اور ان کے لئے خرابی ہے

مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ

مِّمَّا	يَكْسِبُوْنَ	وَقَالُوْا	لَنْ تَمَسَّنَا	النَّارُ	اِلَّآ	اَيَّامًا	مَّعْدُوْدَةً
اس سے جو	وہ کماتے ہیں	اور انہوں نے کہا	ہرگز نہیں چھوئے گی	آگ	سوائے	دن	چند

بعد	جو۔جب	آئے ان کے پاس	واضح حکم	ضد	انکے درمیان (آپس کی)	پس ہدایت دی	اللہ	جو لوگ

اس کے بعد جبکہ ان کے پاس واضح احکام آگئے آپس کی ضد کی وجہ سے، پس اللہ نے ان لوگوں کو ہدایت دی جو

آمَنُوا لِمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ ۗ وَاللَّهُ يَهْدِي مَن

آمَنُوا	لِمَا	اخْتَلَفُوا	فِيهِ	مِنَ	الْحَقِّ	بِإِذْنِهِ	وَاللَّهُ	يَهْدِي	مَن
ایمان لائے	لئے۔جو	انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	سے (پر)	سچ	اپنے اذن سے	اور اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے

ایمان لائے اس سچی بات پر جس میں انہوں نے اختلاف کیا تھا، اپنے اذن سے، اور اللہ ہدایت دیتا ہے جسے

يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٢١٣﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ

يَشَاءُ	إِلَىٰ	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيمٍ	أَمْ	حَسِبْتُمْ	أَن	تَدْخُلُوا	الْجَنَّةَ
وہ چاہتا ہے	طرف	راستہ	سیدھا	کیا	تم خیال کرتے ہو	کہ	تم داخل ہو جاؤ گے	جنت

وہ چاہتا ہے سیدھے راستہ کی طرف۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے؟

وَلَمَّا يَأْتِكُم مَّثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلِكُم ۖ مَّسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَ

وَلَمَّا	يَأْتِكُم	مَّثَلُ	الَّذِينَ	خَلَوْا	مِن	قَبْلِكُم	مَّسَّتْهُمُ	الْبَأْسَاءُ	وَ
اور جبکہ نہیں	آئی تم پر	جیسے	جو	گزرے	سے	تم سے پہلے	پہنچی انہیں	سختی	اور

اور جبکہ (ابھی) تم پر (ایسی حالت) نہیں آئی جیسے تم سے پہلے لوگوں پر گزری، انہیں پہنچی سختی اور

الضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوا حَتَّىٰ يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

الضَّرَّاءُ	وَزُلْزِلُوا	حَتَّىٰ	يَقُولَ	الرَّسُولُ	وَالَّذِينَ	آمَنُوا	مَعَهُ
تکلیف	اور وہ ہلا دیئے گئے	یہاں تک	کہنے لگے	رسول	اور وہ جو	ایمان لائے	انکے ساتھ

تکلیف، اور وہ ہلا دیئے گئے، یہاں تک کہ رسول اور وہ جو ان کے ساتھ ایمان لائے کہنے لگے

مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ

مَتٰى	نَصْرُ اللّٰهِ	اَلَآ	اِنَّ	نَصْرَ	اللّٰهِ	قَرِيْبٌ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَا	يُنْفِقُوْنَ
کب	اللہ کی مدد	آگاہ رہو	بیشک	مدد	اللہ	قریب	وہ آپ سے پوچھتے ہیں	کیا کچھ	خرچ کریں

اللہ کی مدد کب آئے گی ؟ آگاہ رہو بیشک اللہ کی مدد قریب ہے۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں کیا کچھ خرچ کریں ؟

قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَ

قُلْ	مَا	اَنْفَقْتُمْ	مِنْ	خَيْرٍ	فَلِلْوَالِدَيْنِ	وَالْاَقْرَبِيْنَ	وَالْيَتٰمٰى	وَ
آپ کہدیں	جو	تم خرچ کرو	سے	مال	سو ماں باپ کے لئے	اور قرابتدار (جمع)	اور یتیم (جمع)	اور

آپ کہہ دیں جو مال تم خرچ کرو، سو ماں باپ کے لئے، اور قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں اور

الْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ

الْمَسٰكِيْنِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	وَمَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ
محتاج (جمع)	اور مسافر	اور جو	تم کرو گے	کوئی نیکی	تو بیشک	اللہ	اسے

محتاجوں، اور مسافروں کے لئے، اور تم جو نیکی کرو گے تو بیشک اللہ اسے

عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ

عَلِيْمٌ	كُتِبَ عَلَيْكُمُ	الْقِتَالُ	وَهُوَ	كُرْهٌ	لَّكُمْ	وَعَسٰى	اَنْ
جاننے والا	تم پر فرض کی گئی	جنگ	اور وہ	ناگوار	تمہارے لئے	اور ممکن ہے	کہ

جاننے والا ہے۔ تم پر جنگ فرض کی گئی اور وہ تمہیں ناگوار ہے، اور ممکن ہے کہ

تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ

تَكْرَهُوْا	شَيْـًٔا	وَهُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَعَسٰى	اَنْ	تُحِبُّوْا	شَيْـًٔا	وَهُوَ
تم ناپسند کرو	ایک چیز	اور وہ	بہتر	تمہارے لئے	اور ممکن ہے	کہ	تم پسند کرو	ایک چیز	اور وہ

تم ایک چیز ناپسند کرو اور وہ تمہارے لئے بہتر ہو، اور ممکن ہے کہ تم ایک چیز پسند کرو اور وہ

شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ

شَرٌّ	لَّكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الشَّهْرِ الْحَرَامِ
بُری	تمہارے لئے	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں جانتے	وہ آپ سے سوال کرتے ہیں	سے	مہینہ حرمت والا

تمہارے لئے بُری ہو، اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ وہ آپ سے سوال کرتے ہیں حرمت والے مہینہ

قِتَالٍ فِيهِ ۖ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ ۖ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيلِ

قِتَالٍ	فِيهِ	قُلْ	قِتَالٌ	فِيهِ	كَبِيرٌ	وَصَدٌّ	عَنْ	سَبِيلِ
جنگ	اس میں	آپ کہدیں	جنگ	اس میں	بڑا	اور روکنا	سے	راستہ

میں جنگ (کے بارہ) میں، آپ کہہ دیں اس میں جنگ کرنا بڑا (گناہ) ہے، اور اللہ کے راستہ سے روکنا

اللَّهِ وَكُفْرٌ بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ

اللَّهِ	وَكُفْرٌ	بِهِ	وَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَإِخْرَاجُ	أَهْلِهِ	مِنْهُ
اللہ	اور نہ ماننا	اس کا	اور	مسجد حرام	اور نکال دینا	اس کے لوگ	اس سے

اور اس کو (اللہ کو) نہ ماننا اور مسجد حرام (سے روکنا) اور اس کے لوگوں کو وہاں سے نکالنا

أَكْبَرُ عِنْدَ اللَّهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۗ وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ

أَكْبَرُ	عِنْدَ	اللَّهِ	وَالْفِتْنَةُ	أَكْبَرُ	مِنَ	الْقَتْلِ	وَلَا يَزَالُونَ	يُقَاتِلُونَكُمْ
بہت بڑا	نزدیک	اللہ	اور فتنہ	بہت بڑا	سے	قتل	اور وہ ہمیشہ رہیں گے	وہ تم سے لڑیں گے

اللہ کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے، اور فتنہ قتل سے (بھی) بڑا گناہ ہے، اور وہ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے

حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا ۚ وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ

حَتَّىٰ	يَرُدُّوكُمْ	عَنْ	دِينِكُمْ	إِنِ	اسْتَطَاعُوا	وَمَنْ	يَرْتَدِدْ	مِنْكُمْ
یہانتک کہ	تمہیں پھیر دیں	سے	تمہارا دین	اگر	وہ کرسکیں	اور جو	پھر جائے	تم میں سے

یہاں تک کہ اگر وہ کرسکیں تو تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں، اور تم میں سے جو پھر جائے

عَنْ دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ

عَنْ	دِينِهِ	فَيَمُتْ	وَهُوَ	كَافِرٌ	فَأُولَٰئِكَ	حَبِطَتْ	أَعْمَالُهُمْ
سے	اپنا دین	پھر مر جائے	اور وہ	کافر	تو یہی لوگ	ضائع ہوگئے	ان کے عمل

اپنے دین سے اور وہ مر جائے (اس حال میں کہ) وہ کافر ہو تو یہی لوگ ہیں جن کے عمل ضائع ہوگئے

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢١٧﴾

فِي	الدُّنْيَا	وَ	الْآخِرَةِ	وَأُولَٰئِكَ	أَصْحَابُ النَّارِ	هُمْ	فِيهَا	خَالِدُونَ
میں	دنیا	اور	آخرت	اور یہی لوگ	دوزخ والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

دنیا میں اور آخرت میں، اور یہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

إِنَّ	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَالَّذِينَ	هَاجَرُوا	وَجَاهَدُوا	فِي سَبِيلِ اللَّهِ
بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	انہوں نے ہجرت کی	اور انہوں نے جہاد کیا	میں اللہ کا راستہ

بے شک جو ایمان لائے، اور جن لوگوں نے ہجرت کی، اور اللہ کے راستہ میں جہاد کیا

أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢١٨﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ

أُولَٰئِكَ	يَرْجُونَ	رَحْمَتَ اللَّهِ	وَاللَّهُ	غَفُورٌ	رَحِيمٌ	يَسْأَلُونَكَ	عَنِ
یہی لوگ	امید رکھتے ہیں	اللہ کی رحمت	اور اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	وہ پوچھتے ہیں آپ سے	سے (بارہ)

یہی لوگ اللہ کی رحمت کی امید رکھتے ہیں، اور اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں

الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا

الْخَمْرِ	وَالْمَيْسِرِ	قُلْ	فِيهِمَا	إِثْمٌ	كَبِيرٌ	وَمَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَإِثْمُهُمَا
شراب	اور جوا	آپ کہدیں	ان دونوں میں	گناہ	بڑا	اور فائدے	لوگوں کے لئے	اور ان دونوں کا گناہ

شراب اور جوئے کے بارے میں، آپ کہدیں کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کیلئے فائدے بھی ہیں لیکن، ان کا گناہ

أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا ۗ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ ۖ قُلِ الْعَفْوَ ۗ

أَكْبَرُ	مِن	نَّفْعِهِمَا	وَيَسْأَلُونَكَ	مَاذَا	يُنفِقُونَ	قُلِ	الْعَفْوَ
بہت بڑا	سے	ان کا فائدہ	اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے	کیا کچھ	وہ خرچ کریں	آپ کہدیں	زائد از ضرورت

ان کے فائدے سے بہت بڑا ہے، اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ وہ کیا کچھ خرچ کریں؟ آپ کہدیں زائد از ضرورت،

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١٩﴾ فِي الدُّنْيَا

كَذَٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللَّهُ	لَكُمُ	الْآيَاتِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَفَكَّرُونَ	فِي الدُّنْيَا
اسی طرح	واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	احکام	تاکہ تم	غور و فکر کرو	دنیا میں

اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو دنیا میں

وَالْآخِرَةِ ۗ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَىٰ ۖ قُلْ إِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۖ وَإِن

وَالْآخِرَةِ	وَيَسْأَلُونَكَ	عَنِ	الْيَتَامَىٰ	قُلْ	إِصْلَاحٌ	لَّهُمْ	خَيْرٌ	وَإِن
اور آخرت	اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں	سے (بارہ)	یتیم (جمع)	آپ کہدیں	اصلاح	ان کی	بہتر	اور اگر

اور آخرت میں، اور وہ آپ سے یتیموں کے بارہ میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں ان کی اصلاح بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ

تُخَالِطُوْهُمْ	فَاِخْوَانُكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	الْمُفْسِدَ	مِنَ	الْمُصْلِحِ	وَلَوْ
ملالو ان کو	تو بھائی تمہارے	اور اللہ	جانتا ہے	خرابی کرنے والا	سے (کو)	اصلاح کرنیوالا	اور اگر

ان کو (اپنے ساتھ) ملالو تو وہ تمہارے بھائی ہیں، اور اللہ خرابی کرنیوالے اور اصلاح کرنے والے کو خوب جانتا ہے ۔ اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ

شَآءَ	اللّٰهُ	لَاَعْنَتَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	وَ	لَا تَنْكِحُوا	الْمُشْرِكٰتِ
چاہتا	اللہ	ضرور مشقت میں ڈالتا تم کو	بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا	اور	نہ نکاح کرو	مشرک عورتیں

اللہ چاہتا تو تم کو ضرور مشقت میں ڈال دیتا، بیشک اللہ غالب، حکمت والا ہے ۔ اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو

حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ

حَتّٰى	يُؤْمِنَّ	وَلَاَمَةٌ	مُّؤْمِنَةٌ	خَيْرٌ	مِّنْ	مُّشْرِكَةٍ	وَلَوْ	اَعْجَبَتْكُمْ
یہاں تک کہ	وہ ایمان لائیں	اور البتہ لونڈی	مسلمان	بہتر	سے	مشرک عورت	اگرچہ	وہ بھلی لگے تمہیں

یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں، اور البتہ مسلمان لونڈی کسی مشرک عورت سے بہتر ہے اگرچہ تمہیں وہ بھلی لگے ،

وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ

وَلَا تُنْكِحُوا	الْمُشْرِكِيْنَ	حَتّٰى	يُؤْمِنُوْا	وَلَعَبْدٌ	مُّؤْمِنٌ	خَيْرٌ	مِّنْ
اور نہ نکاح کرو	مشرکوں	یہاں تک کہ	وہ ایمان لائیں	اور البتہ غلام	مسلمان	بہتر	سے

اور مشرکوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں ، اور البتہ مسلمان غلام بہتر ہے

مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚۖ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا

مُّشْرِكٍ	وَلَوْ	اَعْجَبَكُمْ	اُولٰٓئِكَ	يَدْعُوْنَ	اِلَى النَّارِ	وَاللّٰهُ	يَدْعُوْٓا
مشرک	اگرچہ	وہ بھلا لگے تمہیں	وہی لوگ	بلاتے ہیں	دوزخ کی طرف	اور اللہ	بلاتا ہے

مشرک سے اگرچہ وہ تمہیں بھلا لگے ، وہی لوگ دوزخ کی طرف بلاتے ہیں ، اور اللہ بلاتا ہے

ع ۲۷ ۵ ۱۱

اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾

اِلَى الْجَنَّةِ	وَالْمَغْفِرَةِ	بِاِذْنِهٖ	وَيُبَيِّنُ	اٰيٰتِهٖ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ
جنت کی طرف	اور بخشش	اپنے حکم سے	اور واضح کرتا ہے	اپنے احکام	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں

اپنے حکم سے جنت اور بخشش کی طرف ، اور لوگوں کے لئے اپنے احکام واضح کرتا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الْمَحِيْضِ	قُلْ	هُوَ	اَذًى	فَاعْتَزِلُوا	النِّسَآءَ
اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے	(بارہ میں)	حالتِ حیض	آپ کہدیں	وہ	گندگی	پس تم الگ رہو	عورتیں

اور وہ آپؐ سے حالتِ حیض کے بارہ میں پوچھتے ہیں، آپ کہدیں کہ وہ گندگی ہے، پس تم عورتوں سے الگ رہو

فِى الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ

فِى	الْمَحِيْضِ	وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ	حَتّٰى	يَطْهُرْنَ	فَاِذَا	تَطَهَّرْنَ
میں	حالتِ حیض	اور نہ قریب جاؤ اُن کے	یہانتک کہ	وہ پاک ہوجائیں	پس جب	وہ پاک ہوجائیں

حالتِ حیض میں، اور اُن کے قریب نہ جاؤ یہانتک کہ وہ پاک ہوجائیں، پس جب وہ پاک ہوجائیں

فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ

فَاْتُوْهُنَّ	مِنْ حَيْثُ	اَمَرَكُمُ	اللّٰهُ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	التَّوَّابِيْنَ	وَيُحِبُّ
تو آؤ ان کے پاس	جہاں سے	حکم دیا تمہیں	اللہ	بیشک	اللہ	دوست رکھتا ہے	توبہ کرنے والے	اور دوست رکھتا ہے

تو تم اُن کے پاس آؤ جہاں سے اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے، بیشک اللہ دوست رکھتا ہے توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے

الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۪

الْمُتَطَهِّرِيْنَ	نِسَآؤُكُمْ	حَرْثٌ	لَّكُمْ	فَاْتُوْا	حَرْثَكُمْ	اَنّٰى	شِئْتُمْ
پاک رہنے والے	عورتیں تمہاری	کھیتی	تمہاری	سو تم آؤ	اپنی کھیتی	جہاں سے	تم چاہو

پاک رہنے والوں کو۔ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں، پس تم اپنی کھیتی میں آؤ جہاں سے چاہو،

وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ

وَقَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	مُّلٰقُوْهُ	وَبَشِّرِ
اور آگے بھیجو	اپنے لئے	اور ڈرو	اللہ	اور تم جان لو	کہ تم	ملنے والے اس سے	اور خوشخبری دیں

اور اپنے لئے آگے بھیجو (آگے کی تدبیر کرو) اور اللہ سے ڈرو، اور تم جان لو کہ تم اللہ کو ملنے والے ہو، اور خوشخبری دیں

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَ

الْمُؤْمِنِيْنَ	وَلَا تَجْعَلُوْا	اللّٰهَ	عُرْضَةً	لِاَيْمَانِكُمْ	اَنْ	تَبَرُّوْا وَ
ایمان والے	اور نہ بناؤ	اللہ	نشانہ	اپنی قسموں کے لئے	کہ	تم حسن سلوک کرو اور

ایمان والوں کو۔ اور اپنی قسموں کے لئے اللہ کے نام کو نشانہ نہ بناؤ کہ تم حسن سلوک اور

تَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ

تَتَّقُوْا	وَتُصْلِحُوْا	بَيْنَ	النَّاسِ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	لَا يُؤَاخِذُكُمُ
پرہیزگاری کرو	اور صلح کراؤ	درمیان	لوگ	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	نہیں پکڑتا تمہیں

پرہیزگاری اور لوگوں کے درمیان صلح کرانے (سے باز رہو) اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ تمہیں نہیں پکڑتا

اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ

اللّٰهُ	بِاللَّغْوِ	فِيْٓ	اَيْمَانِكُمْ	وَلٰكِنْ	يُّؤَاخِذُكُمْ	بِمَا	كَسَبَتْ	قُلُوْبُكُمْ
اللہ	لغو (بیہودہ)	میں	قسمیں تمہاری	اور لیکن	پکڑتا ہے تمہیں	پر۔جو	کمایا	دل تمہارے

اللہ تمہاری بیہودہ قسموں پر، لیکن تمہیں پکڑتا ہے اس پر جو تمہارے دلوں نے کمایا (ارادہ سے کیا)

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ

وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	لِلَّذِيْنَ	يُؤْلُوْنَ	مِنْ	نِّسَاۗىِٕهِمْ	تَرَبُّصُ	اَرْبَعَةِ
اور اللہ	بخشنے والا	بردبار	ان لوگوں کے لئے جو	قسم کھاتے ہیں	سے	عورتیں اپنی	انتظار	چار

اور اللہ بخشنے والا، بردبار ہے۔ ان لوگوں کے لئے جو اپنی عورتوں کے (پاس نہ جانے کی) قسم کھاتے ہیں انتظار کرنا ہے

اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَاۗءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ

اَشْهُرٍ	فَاِنْ	فَاۗءُوْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَاِنْ	عَزَمُوا	الطَّلَاقَ	فَاِنَّ
مہینے	پھر اگر	رجوع کرلیں	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اور اگر	انہوں نے ارادہ کیا	طلاق	تو بیشک

چار مہینے، پھر اگر وہ رجوع کرلیں تو بیشک اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اور اگر انہوں نے طلاق کا ارادہ کر لیا تو بیشک

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ

اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَالْمُطَلَّقٰتُ	يَتَرَبَّصْنَ	بِاَنْفُسِهِنَّ	ثَلٰثَةَ
اللہ	خوب سننے والا	جاننے والا	اور طلاق یافتہ عورتیں	انتظار کریں	اپنے تئیں	تین

اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور طلاق یافتہ عورتیں اپنے تئیں انتظار کریں تین

قُرُوْۗءٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ

قُرُوْۗءٍ	وَلَا يَحِلُّ	لَهُنَّ	اَنْ	يَّكْتُمْنَ	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ	فِيْٓ	اَرْحَامِهِنَّ	اِنْ
مدتِ حیض	اور جائز نہیں	انکے لئے	کہ	وہ چھپائیں	جو	پیدا کیا	اللہ	میں	ان کے رحم (جمع)	اگر

حیض تک، اور ان کے لئے جائز نہیں کہ وہ چھپائیں جو اللہ نے ان کے رحموں میں پیدا کیا، اگر

كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ

كُنَّ	يُؤْمِنَّ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَبُعُوْلَتُهُنَّ	اَحَقُّ	بِرَدِّهِنَّ
ایمان رکھتی ہیں		اللہ پر	اور	یوم آخرت	اور خاوند ان کے	زیادہ حقدار	واپسی اُن کی

وہ اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہیں، اور ان کے خاوند ان کی واپسی کے زیادہ حقدار ہیں

فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ

فِيْ ذٰلِكَ	اِنْ	اَرَادُوْا	اِصْلَاحًا	وَلَهُنَّ	مِثْلُ	الَّذِيْ	عَلَيْهِنَّ
اس میں	اگر	وہ چاہیں	بہتری (سلوک)	اور عورتوں کے لئے	جیسے	جو	عورتوں پر (فرض)

اس (مدت) میں اگر وہ بہتری (حسنِ سلوک) کرنا چاہیں، اور عورتوں کے لئے (حق) ہے جیسے عورتوں پر (مردوں کا) حق ہے

۲۸ ع ۱۲

بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۲۲۸ ع

بِالْمَعْرُوْفِ	وَلِلرِّجَالِ	عَلَيْهِنَّ	دَرَجَةٌ	وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ
دستور کے مطابق	اور مردوں کے لئے	ان پر	ایک درجہ	اور اللہ	غالب	حکمت والا

دستور کے مطابق، اور مردوں کا ان پر ایک درجہ (برتری) ہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا

اَلطَّلَاقُ	مَرَّتٰنِ	فَاِمْسَاكٌ	بِمَعْرُوْفٍ	اَوْ	تَسْرِيْحٌ	بِاِحْسَانٍ	وَلَا
طلاق	دو بار	پھر روک لینا	دستور کے مطابق	یا	رخصت کرنا	حسنِ سلوک سے	اور نہیں

طلاق دو بار ہے، پھر روک لینا ہے دستور کے مطابق، یا رخصت کر دینا ہے حسنِ سلوک سے، اور نہیں

يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا

يَحِلُّ	لَكُمْ	اَنْ	تَاْخُذُوْا	مِمَّآ	اٰتَيْتُمُوْهُنَّ	شَيْـــًٔا	اِلَّآ	اَنْ	يَّخَافَآ	اَلَّا
جائز	تمہارے لئے	کہ	تم لے لو	اس سے جو	تم نے دیا ان کو	کچھ	سوائے	کہ	دونوں اندیشہ کریں	کہ نہ

تمہارے لئے جائز کہ جو تم نے انہیں دیا ہے اس سے کچھ واپس لے لو، سوائے اس کے کہ دونوں اندیشہ کریں کہ

يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ

يُّقِيْمَا	حُدُوْدَ اللّٰهِ	فَاِنْ	خِفْتُمْ	اَلَّا يُقِيْمَا	حُدُوْدَ اللّٰهِ	فَلَا جُنَاحَ
وہ قائم رکھ سکیں گے	اللہ کی حدود	پھر اگر	تم ڈرو	کہ وہ قائم نہ رکھ سکیں گے	اللہ کی حدود	تو گناہ نہیں

اللہ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے، پھر اگر تم ڈرو کہ وہ دونوں اللہ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے تو گناہ نہیں

عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا ۚ وَمَن

عَلَيْهِمَا	فِيمَا	افْتَدَتْ	بِهِ	تِلْكَ	حُدُودُ اللَّهِ	فَلَا	تَعْتَدُوهَا	وَمَن
ان دونوں پر	اس میں جو	عورت بدلہ دے	اس کا	یہ	اللہ کی حدود	پس نہ	آگے بڑھو اس سے	اور جو

ان دونوں پر کہ عورت اس کا بدلہ (فدیہ) دیدے، یہ اللہ کی حدود ہیں، پس ان کے آگے نہ بڑھو، اور جو

يَتَعَدَّ حُدُودَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٢٢٩﴾ فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ

يَتَعَدَّ	حُدُودَ اللَّهِ	فَأُولَٰئِكَ	هُمُ	الظَّالِمُونَ	فَإِن	طَلَّقَهَا	فَلَا تَحِلُّ
آگے بڑھتا ہے	اللہ کی حدود	پس وہی لوگ	وہ	ظالم (جمع)	پھر اگر	طلاق دی اس کو	تو جائز نہیں

اللہ کی حدود سے آگے بڑھتا ہے پس وہی لوگ ظالم ہیں - پس اگر اس کو طلاق دے دی تو جائز نہیں

لَهُ مِن بَعْدُ حَتَّىٰ تَنكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۗ فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

لَهُ	مِن بَعْدُ	حَتَّىٰ	تَنكِحَ	زَوْجًا	غَيْرَهُ	فَإِن	طَلَّقَهَا	فَلَا جُنَاحَ
اسکے لئے	اس کے بعد	یہانتک کہ	وہ نکاح کرلے	خاوند	اس کے علاوہ	پھر اگر	طلاق دیدے اس کو	تو گناہ نہیں

اس کے لئے اس کے بعد یہانتک کہ وہ اس کے علاوہ کسی (دوسرے) خاوند سے نکاح کرلے، پھر اگر وہ اسے طلاق دیدے تو گناہ نہیں

عَلَيْهِمَا أَن يَتَرَاجَعَا إِن ظَنَّا أَن يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ ۗ وَتِلْكَ

عَلَيْهِمَا	أَن	يَتَرَاجَعَا	إِن	ظَنَّا	أَن	يُقِيمَا	حُدُودَ اللَّهِ	وَتِلْكَ
ان دونوں پر	اگر	وہ رجوع کرلیں	بشرطیکہ	وہ خیال کریں	کہ	وہ قائم رکھیں گے	اللہ کی حدود	اور یہ

ان دونوں پر اگر وہ رجوع کرلیں بشرطیکہ وہ خیال کریں کہ وہ اللہ کی حدود قائم رکھیں گے، اور یہ

حُدُودُ اللَّهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٢٣٠﴾ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ

حُدُودُ اللَّهِ	يُبَيِّنُهَا	لِقَوْمٍ + يَعْلَمُونَ	وَإِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَاءَ
اللہ کی حدود	انہیں واضح کرتا ہے	جاننے والوں کے لئے	اور جب	تم طلاق دو	عورتیں

اللہ کی حدود ہیں، وہ انہیں جاننے والوں کے لئے واضح کرتا ہے - اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو

فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۖ وَّ

فَبَلَغْنَ	أَجَلَهُنَّ	فَأَمْسِكُوهُنَّ	بِمَعْرُوفٍ	أَوْ	سَرِّحُوهُنَّ	بِمَعْرُوفٍ	وَ
پھر وہ پوری کرلیں	اپنی عدت	تو روکو ان کو	دستور کے مطابق	یا	رخصت کردو	دستور کے مطابق	اور

پھر وہ اپنی عدت پوری کرلیں تو ان کو دستور کے مطابق روکو یا دستور کے مطابق رخصت کردو، اور

لَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ

لَا تُمْسِكُوْهُنَّ	ضِرَارًا	لِّتَعْتَدُوْا	وَمَنْ	يَّفْعَلْ	ذٰلِكَ	فَقَدْ ظَلَمَ	نَفْسَهٗ
تم نہ روکو انہیں	نقصان	تاکہ تم زیادتی کرو	اور جو	کرے گا	یہ	تو بیشک اس نے ظلم کیا	اپنی جان

تم انہیں نقصان پہنچانے کے لئے نہ روکو تاکہ تم زیادتی کرو، اور جو یہ کرے گا بے شک اس نے اپنے اوپر ظلم کیا،

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۠ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ

وَلَا	تَتَّخِذُوْٓا	اٰيٰتِ	اللّٰهِ	هُزُوًا	وَّاذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَمَآ
اور نہ	ٹھہراؤ	احکام	اللہ	مذاق	اور یاد کرو	نعمت	اللہ	تم پر	اور جو

اور اللہ کے احکام کو مذاق نہ ٹھہراؤ، اور تم پر جو اللہ کی نعمت ہے اسے یاد کرو، اور جو

اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

اَنْزَلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ	الْكِتٰبِ	وَالْحِكْمَةِ	يَعِظُكُمْ	بِهٖ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ
اس نے اتارا	تم پر	سے	کتاب	اور حکمت	وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں	اس سے	اور تم ڈرو	اللہ	اور

اس نے تم پر کتاب اور حکمت اتاری، وہ اس سے تمہیں نصیحت کرتا ہے، اور تم اللہ سے ڈرو، اور

ع ۲۹ ۳ ۱۳ — البقرة ۱

اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ

اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	وَاِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	فَبَلَغْنَ
جان لو	کہ	اللہ	ہر	چیز	جاننے والا	اور جب	تم طلاق دو	عورتیں	پھر وہ پوری کرلیں

جان لو کہ اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے - اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو پھر وہ پوری کرلیں

اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا

اَجَلَهُنَّ	فَلَا	تَعْضُلُوْهُنَّ	اَنْ	يَّنْكِحْنَ	اَزْوَاجَهُنَّ	اِذَا	تَرَاضَوْا
اپنی مدت (عدت)	تو نہ	روکو انہیں	کہ	وہ نکاح کریں	خاوند اپنے	جب	وہ راضی ہوں

اپنی عدت تو انہیں اپنے خاوندوں سے نکاح کرنے سے نہ روکو، جب وہ راضی ہوں

بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ

بَيْنَهُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	ذٰلِكَ	يُوْعَظُ	بِهٖ	مَنْ	كَانَ	مِنْكُمْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَ
آپس میں	دستور کے مطابق	یہ	نصیحت کی جاتی ہے	اس سے	جو	ہو	تم میں سے	ایمان رکھتا	اللہ پر	اور

آپس میں دستور کے مطابق یہ اس کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں سے ایمان رکھتا ہے اللہ پر اور

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	ذٰلِكُمْ	اَزْكٰى	لَكُمْ	وَاَطْهَرُ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا
یوم آخرت	یہی	زیادہ ستھرا	تمہارے لئے	اور زیادہ پاکیزہ	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں

یوم آخرت پر، یہی تمہارے لئے زیادہ ستھرا اور زیادہ پاکیزہ ہے' اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ

تَعْلَمُوْنَ	وَالْوَالِدٰتُ	يُرْضِعْنَ	اَوْلَادَهُنَّ	حَوْلَيْنِ	كَامِلَيْنِ	لِمَنْ
جانتے	اور مائیں	دودھ پلائیں	اپنی اولاد	دو سال	پورے	جو کوئی

جانتے۔ اور مائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال دودھ پلائیں، جو کوئی

اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ

اَرَادَ	اَنْ يُّتِمَّ	الرَّضَاعَةَ	وَعَلَى	الْمَوْلُوْدِ لَهٗ	رِزْقُهُنَّ	وَكِسْوَتُهُنَّ
چاہے	کہ وہ پوری کرے	دودھ پلانے کی مدت	اور پر	جس کا بچہ (باپ)	ان کا کھانا	اور ان کا لباس

دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے، اور ان (ماؤں) کا کھانا اور ان کا لباس باپ پر (واجب ہے)

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢ

بِالْمَعْرُوْفِ	لَا تُكَلَّفُ	نَفْسٌ	اِلَّا	وُسْعَهَا	لَا تُضَآرَّ	وَالِدَةٌ
دستور کے مطابق	نہیں تکلیف دی جاتی	کوئی شخص	مگر	اس کی وسعت	نہ نقصان پہنچایا جائے	ماں

دستور کے مطابق' اور کسی کو تکلیف نہیں دی جاتی مگر اس کی وسعت (برداشت) کے مطابق' ماں کو نقصان نہ پہنچایا جائے

بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۘ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ

بِوَلَدِهَا	وَلَا	مَوْلُوْدٌ لَّهٗ	بِوَلَدِهٖ	وَعَلَى	الْوَارِثِ	مِثْلُ	ذٰلِكَ
اسکے بچہ کے سبب	اور نہ	جس کا بچہ (باپ)	اسکے بچہ کے سبب	اور پر	وارث	ایسا	یہ۔ اس

اس کے بچہ کے سبب' اور نہ باپ کو اس کے بچہ کے سبب' اور وارث پر بھی ایسا ہی (واجب) ہے'

فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ

فَاِنْ	اَرَادَا	فِصَالًا	عَنْ تَرَاضٍ	مِّنْهُمَا	وَتَشَاوُرٍ	فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْهِمَا
پھر اگر	دونوں چاہیں	دودھ چھڑانا	آپس کی رضامندی سے	دونوں سے	اور باہم مشورہ	تو نہیں	گناہ	ان دونوں پر

پھر اگر وہ دونوں دودھ چھڑانا چاہیں آپس کی رضامندی اور مشورہ سے' تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں'

وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا

وَاِنْ	اَرَدْتُّمْ	اَنْ	تَسْتَرْضِعُوْٓا	اَوْلَادَكُمْ	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	اِذَا
اور اگر	تم چاہو	کہ	تم دودھ پلاؤ	اپنی اولاد	تو گناہ نہیں	تم پر	جب

اور اگر تم چاہو کہ اپنی اولاد کو دودھ پلاؤ تو تم پر کوئی گناہ نہیں ، جب

سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

سَلَّمْتُمْ	مَّآ	اٰتَيْتُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ
تم حوالہ کردو	جو	تم نے دیا تھا	دستور کے مطابق	اور ڈرو	اللہ	اور جان لو	کہ	اللہ

تم دستور کے مطابق (ان کے) حوالے کردو جو تم نے دینا ٹھہرایا تھا، اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَالَّذِيْنَ	يُتَوَفَّوْنَ	مِنْكُمْ	وَيَذَرُوْنَ
سے - جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اور جو لوگ	وفات پا جائیں	تم سے	اور چھوڑ جائیں

جو کچھ تم کرتے ہو اسے دیکھنے والا ہے - اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جائیں اور چھوڑ جائیں

اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا

اَزْوَاجًا	يَّتَرَبَّصْنَ	بِاَنْفُسِهِنَّ	اَرْبَعَةَ	اَشْهُرٍ	وَّعَشْرًا	فَاِذَا
بیویاں	وہ انتظار میں رکھیں	اپنے آپ کو	چار	مہینے	اور دس (دن)	پھر جب

بیویاں، وہ (بیوائیں) اپنے کو انتظار میں رکھیں چار ماہ دس دن ، پھر جب

بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

بَلَغْنَ	اَجَلَهُنَّ	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا	فَعَلْنَ	فِيْٓ	اَنْفُسِهِنَّ
وہ پہنچ جائیں	اپنی مدت (عدت)	تو نہیں گناہ	تم پر	میں - جو	وہ کریں	میں	اپنی جانیں (اپنے حق)

وہ اپنی مدت کو پہنچ جائیں (عدت پوری کر لیں) تو اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو وہ اپنے حق میں کریں

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

بِالْمَعْرُوْفِ	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	وَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا
دستور کے مطابق	اور اللہ	جو تم کرتے ہو اس سے	باخبر	اور نہیں گناہ	تم پر	میں - جو

دستور کے مطابق، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے - اور تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں

عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ

عَرَّضْتُمْ	بِهٖ	مِنْ خِطْبَةِ	النِّسَآءِ	اَوْ	اَكْنَنْتُمْ	فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ	عَلِمَ اللّٰهُ
اشارہ میں	اس سے	پیغام نکاح	عورتوں کو	یا	تم چھپاؤ	اپنے دلوں میں	جانتا ہے۔ اللہ

کہ تم عورتوں کو اشارہ کنایہ میں نکاح کا پیغام دو، یا اپنے دلوں میں چھپاؤ۔ اللہ جانتا ہے

اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ

اَنَّكُمْ	سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ	وَلٰكِنْ	لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ	سِرًّا	اِلَّآ اَنْ
کہ تم	جلد ذکر کرو گے ان سے	اور لیکن	نہ وعدہ کرو ان سے	چھپ کر	مگر یہ کہ

تم جلد اُن سے ذکر کرو گے، لیکن اُن سے چھپ کر (نکاح کا) وعدہ نہ کرو، مگر یہ کہ

تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى

تَقُوْلُوْا	قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا	وَلَا	تَعْزِمُوْا	عُقْدَةَ	النِّكَاحِ	حَتّٰى
تم کہو	بات	دستور کے مطابق	اور نہ	ارادہ کرو	گرہ	نکاح	یہانتک

تم دستور کے مطابق بات کرو، اور نکاح کی گرہ باندھنے کا ارادہ نہ کرو، یہاں تک

يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

يَبْلُغَ	الْكِتٰبُ	اَجَلَهٗ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ
پہنچ جائے	عدت	اس کی مدت	اور جان لو	کہ	اللہ	جانتا ہے	جو	میں اپنے دل

عدت اپنی مدت کو پہنچ جائے، اور جان لو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ جانتا ہے

۳۰ ع ۴ ۱۴

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

فَاحْذَرُوْهُ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	لَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ
سو ڈرو اس سے	اور جان لو	کہ	اللہ	بخشنے والا	تحمل والا	نہیں گناہ	تم پر

سو تم اس سے ڈرو، اور جان لو کہ اللہ بخشنے والا، تحمل والا ہے۔ تم پر کوئی گناہ نہیں

اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖ

اِنْ	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	مَا لَمْ	تَمَسُّوْهُنَّ	اَوْ	تَفْرِضُوْا	لَهُنَّ	فَرِيْضَةً
اگر	تم طلاق دو	عورتیں	جو نہ	تم نے انہیں ہاتھ لگایا	یا	مقرر کیا	ان کے لئے	مہر

اگر تم عورتوں کو طلاق دو جبکہ تم نے انہیں ہاتھ نہ لگایا ہو، یا اُن کے لئے مہر مقرر نہ کیا ہو،

وَمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا ۢ

وَمَتِّعُوْهُنَّ	عَلَى	الْمُوْسِعِ	قَدَرُهٗ	وَعَلَى	الْمُقْتِرِ	قَدَرُهٗ	مَتَاعًا
اور انہیں خرچ دو	پر	خوش حال	اس کی حیثیت	اور پر	تنگدست	اس کی حیثیت	خرچ

اور انہیں خرچ دو، خوشحال پر اس کی حیثیت کے مطابق ، اور تنگدست پر اس کی حیثیت کے مطابق خرچ

بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ

بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى	الْمُحْسِنِيْنَ	وَاِنْ	طَلَّقْتُمُوْهُنَّ	مِنْ قَبْلِ
دستور کے مطابق	لازم	پر	نیکوکار	اور اگر	تم انہیں طلاق دو	پہلے

دستور کے مطابق (دینا) نیکوکاروں پر لازم ہے - اور اگر تم انہیں طلاق دو اس سے پہلے

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا

اَنْ	تَمَسُّوْهُنَّ	وَقَدْ + فَرَضْتُمْ	لَهُنَّ	فَرِيْضَةً	فَنِصْفُ	مَا
کہ	انہیں ہاتھ لگاؤ	اور تم مقرر کر چکے ہو	ان کے لئے	مہر	تو نصف	جو

کہ تم نے انہیں ہاتھ لگایا ہو اور ان کے لئے تم مہر مقرر کر چکے ہو تو اس کا نصف (دیدو) جو

فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ

فَرَضْتُمْ	اِلَّآ	اَنْ	يَعْفُوْنَ	اَوْ	يَعْفُوَا	الَّذِيْ	بِيَدِهٖ	عُقْدَةُ النِّكَاحِ
تم نے مقرر کیا	سوائے	یہ کہ	وہ معاف کر دیں	یا	معاف کر دے	وہ جو	اس کے ہاتھ میں	نکاح کی گرہ

تم نے مقرر کیا، سوائے اس کے کہ وہ معاف کر دیں، یا وہ (وارث) معاف کر دے جس کے ہاتھ میں عقدۂ نکاح ہے،

وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ

وَ	اَنْ	تَعْفُوْا	اَقْرَبُ	لِلتَّقْوٰى	وَلَا تَنْسَوُا	الْفَضْلَ	بَيْنَكُمْ
اور	اگر	تم معاف کر دو	زیادہ قریب	پرہیزگاری کے	اور نہ بھولو	احسان کرنا	باہم

اور اگر تم معاف کر دو تو یہ پرہیزگاری کے قریب تر ہے، اور باہم احسان کرنا نہ بھولو ،

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ

اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	حٰفِظُوْا	عَلَى + الصَّلَوٰتِ	وَ	الصَّلٰوةِ
بیشک	اللہ	اس سے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	تم حفاظت کرو	نمازوں کی	اور	نماز

بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے - تم نمازوں کی حفاظت کرو (خصوصاً) درمیانی

الْوُسْطٰى ۚ وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ

الْوُسْطٰى	وَ	قُوْمُوْا	لِلّٰهِ	قٰنِتِيْنَ	فَاِنْ	خِفْتُمْ	فَرِجَالًا	اَوْ
درمیانی نماز	اور	کھڑے رہو	اللہ کے لئے	فرمانبردار (جمع)	پھر اگر	تمہیں ڈر ہو	تو پیادہ پا	یا

نماز کی اور اللہ کے لئے فرمانبردار (بن کر) کھڑے رہو۔ پھر اگر تمہیں ڈر ہو تو پیادہ پا یا

رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا

رُكْبَانًا	فَاِذَآ	اَمِنْتُمْ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَمَا	عَلَّمَكُمْ	مَّا	لَمْ تَكُوْنُوْا
سوار	پھر جب	تم امن پاؤ	تو یاد کرو	اللہ	جیسا کہ	اس نے تمہیں سکھایا	جو	تم نہ تھے

سوار (ادا کرو) پھر جب امن پاؤ تو اللہ کو یاد کرو جیسا کہ اس نے تمہیں سکھایا ہے جو تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ وَ الَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَ يَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖۚ

تَعْلَمُوْنَ	وَ الَّذِيْنَ	يُتَوَفَّوْنَ	مِنْكُمْ	وَ يَذَرُوْنَ	اَزْوَاجًا
جانتے	اور جو لوگ	وفات پا جائیں	تم میں سے	اور وہ چھوڑ جائیں	بیویاں

نہ جانتے تھے۔ اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں

وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ

وَّصِيَّةً	لِّاَزْوَاجِهِمْ	مَّتَاعًا	اِلَى	الْحَوْلِ	غَيْرَ	اِخْرَاجٍ	فَاِنْ	خَرَجْنَ
وصیت	اپنی بیویوں کے لئے	نان نفقہ	تک	ایک سال	بغیر	نکالے	پھر اگر	وہ نکل جائیں

تو اپنی بیویوں کے لئے ایک سال تک نان نفقہ کی وصیت کریں نکالے بغیر، پھر اگر وہ خود نکل جائیں

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ؕ

فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْ	مَا فَعَلْنَ	فِيْٓ	اَنْفُسِهِنَّ	مِنْ	مَّعْرُوْفٍ
تو نہیں	گناہ	تم پر	میں	جو وہ کریں	میں	اپنے تئیں	سے	دستور

تو تم پر کوئی گناہ نہیں جو وہ اپنے تئیں دستور کے مطابق کریں،

وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَ لِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى

وَ اللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	وَ لِلْمُطَلَّقٰتِ	مَتَاعٌۢ	بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى
اور اللہ	غالب	حکمت والا	اور مطلقہ عورتوں کے لئے	نان نفقہ	دستور کے مطابق	لازم	پر

اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ اور مطلقہ عورتوں کے لئے دستور کے مطابق نان نفقہ لازم ہے

۳۱ ع ۷ ۱۵

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾ ع

الْمُتَّقِيْنَ	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ
پرہیزگار (جمع)	اسی طرح	واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنے احکام	تاکہ تم	سمجھو

پرہیزگاروں پر۔ اسی طرح تمہارے لئے اللہ اپنے احکام واضح کرتا ہے، تاکہ تم سمجھو۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	خَرَجُوْا	مِنْ	دِيَارِهِمْ	وَهُمْ	اُلُوْفٌ	حَذَرَ
کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	وہ لوگ جو	نکلے	سے	اپنے گھر (جمع)	اور وہ	ہزاروں	ڈر

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو اپنے گھروں سے نکلے موت کے ڈر سے، اور وہ ہزاروں تھے،

الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ

الْمَوْتِ	فَقَالَ	لَهُمُ	اللّٰهُ	مُوْتُوْا	ثُمَّ	اَحْيَاهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَذُوْ فَضْلٍ
موت	سو کہا	انہیں	اللہ	تم مرجاؤ	پھر	انہیں زندہ کیا	بیشک	اللہ	فضل والا

سو اللہ نے انہیں کہا تم مرجاؤ، پھر انہیں زندہ کیا، بیشک اللہ فضل والا ہے

عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَشْكُرُوْنَ	وَقَاتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ
لوگوں پر	اور لیکن	اکثر	لوگ	شکر ادا نہیں کرتے	اور تم لڑو	میں	راستہ

لوگوں پر، لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں ادا کرتے۔ اور تم اللہ کے راستہ میں لڑو

اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ

اللّٰهِ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	مَنْ	ذَا	الَّذِيْ	يُقْرِضُ	اللّٰهَ
اللہ	اور جان لو	کہ	اللہ	سننے والا	جاننے والا	کون	وہ	جو کہ	قرض دے	اللہ

اور جان لو کہ اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ کون ہے جو اللہ کو قرض دے

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ

قَرْضًا حَسَنًا	فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗٓ	اَضْعَافًا	كَثِيْرَةً	وَاللّٰهُ	يَقْبِضُ	وَيَبْصُۜطُ
قرض اچھا	پس وہ اسے بڑھا دے	اسکے لئے	کئی گنا	زیادہ	اور اللہ	تنگی کرتا ہے	اور فراخی کرتا ہے

اچھا قرض، پھر وہ اسے کئی گنا زیادہ بڑھا دے، اللہ تنگی (بھی) دیتا ہے اور فراخی (بھی) دیتا ہے

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْ

وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الْمَلَاِ	مِنْ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مِنْ
اور اس کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	جماعت	سے	بنی اسرائیل	سے

اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ۔ کیا تم نے بنی اسرائیل کی ایک جماعت کی طرف نہیں دیکھا ؟

بَعْدِ مُوْسٰى اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ

بَعْدِ	مُوْسٰى	اِذْ	قَالُوْا	لِنَبِيٍّ لَّهُمُ	ابْعَثْ	لَنَا	مَلِكًا	نُّقَاتِلْ
بعد	موسےٰ	جب	انہوں نے کہا	اپنے نبی سے	مقرر کر دیں	ہمارے لئے	ایک بادشاہ	ہم لڑیں

موسیٰ کے بعد، جب انہوں نے اپنے نبی سے کہا ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیں تاکہ ہم لڑیں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ

فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	قَالَ	هَلْ	عَسَيْتُمْ	اِنْ	كُتِبَ عَلَيْكُمُ	الْقِتَالُ
میں	اللہ کا راستہ	اس نے کہا	کیا	ہو سکتا ہے تم	اگر	تم پر فرض کی جائے	جنگ

اللہ کے راستہ میں ، اس نے کہا ہو سکتا ہے کہ اگر تم پر جنگ فرض کی جائے

اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ

اَلَّا تُقَاتِلُوْا	قَالُوْا	وَمَا لَنَا	اَلَّا	نُقَاتِلَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَقَدْ
کہ تم نہ لڑو	وہ کہنے لگے	اور ہمیں کیا	کہ نہ	ہم لڑیں گے	میں	اللہ کی راہ	اور البتہ

تو تم نہ لڑو ، وہ کہنے لگے اور ہمیں کیا ، سوا کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں گے ، اور البتہ

اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ

اُخْرِجْنَا	مِنْ	دِيَارِنَا	وَ	اَبْنَآئِنَا	فَلَمَّا	كُتِبَ عَلَيْهِمُ	الْقِتَالُ
ہم نکالے گئے	سے	اپنے گھر	اور	اپنی آل اولاد	پھر جب	ان پر فرض کی گئی	جنگ

ہم اپنے گھروں سے اور اپنی آل اولاد سے نکالے گئے ہیں، پھر جب ان پر جنگ فرض کی گئی

تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾ وَقَالَ

تَوَلَّوْا	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْهُمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالظّٰلِمِيْنَ	وَقَالَ
وہ پھر گئے	سوائے	چند	ان میں سے	اور اللہ	جاننے والا	ظالموں کو	اور کہا

تو ان میں سے چند ایک کے سوا (سب) پھر گئے ، اور اللہ ظالموں کو جاننے والا ہے ۔ اور کہا

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا اَنّٰى يَكُوْنُ

لَهُمْ	نَبِيُّهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَدْ بَعَثَ	لَكُمْ	طَالُوْتَ	مَلِكًا	قَالُوْٓا	اَنّٰى	يَكُوْنُ
انہیں	ان کا نبی	بیشک	اللہ	مقرر کر دیا ہے	تمہارے لئے	طالوت	بادشاہ	وہ بولے	کیسے	ہو سکتی ہے

انہیں ان کے نبی نے بیشک اللہ نے تمہارے لئے طالوت کو بادشاہ مقرر کر دیا ہے، وہ بولے کیسے

لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً

لَهُ	الْمُلْكُ	عَلَيْنَا	وَنَحْنُ	اَحَقُّ	بِالْمُلْكِ	مِنْهُ	وَلَمْ يُؤْتَ	سَعَةً
اس کے لئے	بادشاہت	ہم پر	اور ہم	زیادہ حقدار	بادشاہت کے	اس سے	اور نہیں دی گئی	وسعت

ہم پر اس کی بادشاہت ہو سکتی ہے؟ ہم اس سے زیادہ بادشاہت کے حقدار ہیں، اور اسے وسعت نہیں دی گئی

مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً

مِنَ	الْمَالِ	قَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	اصْطَفٰىهُ	عَلَيْكُمْ	وَزَادَهٗ	بَسْطَةً
سے	مال	اس نے کہا	بیشک	اللہ	اسے چن لیا	تم پر	اور اسے زیادہ دی	وسعت

مال سے، اس نے کہا بیشک اللہ نے اسے تم پر چن لیا ہے اور اسے زیادہ وسعت دی ہے

فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

فِى	الْعِلْمِ	وَالْجِسْمِ	وَاللّٰهُ	يُؤْتِىْ	مُلْكَهٗ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ
میں	علم	اور جسم	اور اللہ	دیتا ہے	اپنا ملک	جسے	چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا

علم اور جسم میں، اور اللہ جسے چاہتا ہے اپنا ملک دیتا ہے، اور اللہ وسعت والا

عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ

عَلِيْمٌ	وَقَالَ	لَهُمْ	نَبِيُّهُمْ	اِنَّ	اٰيَةَ	مُلْكِهٖٓ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	التَّابُوْتُ
جاننے والا	اور کہا	انہیں	ان کا نبی	بیشک	نشانی	اسکی حکومت	کہ	آئیگا تمہارے پاس	تابوت

جاننے والا ہے۔ اور انہیں ان کے نبی نے کہا بیشک اس کی حکومت کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس تابوت آئے گا

فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ

فِيْهِ	سَكِيْنَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَبَقِيَّةٌ	مِّمَّا	تَرَكَ	اٰلُ مُوْسٰى	وَ	اٰلُ هٰرُوْنَ
اس میں	سامانِ تسکین	سے	تمہارا رب	اور بچی ہوئی	اس سے جو	چھوڑا	آلِ موسیٰ	اور	آلِ ہارون

اس میں تمہارے رب کی طرف سے سامانِ تسکین ہوگا اور بچی ہوئی چیزیں جو آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون نے چھوڑی تھیں

تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾

تَحْمِلُهُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
اٹھائیں گے اسے	فرشتے	بیشک	اس میں	نشانی	تمہارے لئے	اگر	تم	ایمان والے

اسے فرشتے اٹھا لائیں گے ، بیشک اس میں تمہارے لئے نشانی ہے' اگر تم ایمان والے ہو۔

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ

فَلَمَّا	فَصَلَ	طَالُوْتُ	بِالْجُنُوْدِ	قَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	مُبْتَلِيْكُمْ	بِنَهَرٍ	فَمَنْ
پھر جب	باہر نکلا	طالوت	لشکر کے ساتھ	اس نے کہا	بیشک	اللہ	تمہاری آزمائش کرنیوالا	ایک نہر سے	پس جس

پھر جب طالوت لشکر کے ساتھ باہر نکلا ، اس نے کہا بیشک اللہ ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنیوالا ہے' پس جس نے

شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ

شَرِبَ	مِنْهُ	فَلَيْسَ	مِنِّيْ ۚ	وَمَنْ	لَّمْ يَطْعَمْهُ	فَاِنَّهٗ	مِنِّيْٓ	اِلَّا	مَنِ
پی لیا	اس سے	تو نہیں	مجھ سے	اور جس	اسے نہ چکھا	تو بیشک وہ	مجھ سے	سوائے	جو

اس سے (پانی) پی لیا وہ مجھ سے نہیں ، اور جس نے اسے نہ چکھا وہ بیشک مجھ سے ہے ، سوائے اس کے جو

اغْتَرَفَ غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا

اغْتَرَفَ	غُرْفَةً	بِيَدِهٖ	فَشَرِبُوْا	مِنْهُ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْهُمْ	فَلَمَّا
چلّو بھرے	ایک چلّو	اپنے ہاتھ سے	پھر انہوں نے پی لیا	اس سے	سوائے	چند ایک	ان سے	پس جب

اپنے ہاتھ سے ایک چلّو بھر لے ، پھر چند ایک کے سوا انہوں نے اسے پی لیا ، پس جب

جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ

جَاوَزَهٗ	هُوَ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	قَالُوْا	لَا طَاقَةَ	لَنَا	الْيَوْمَ
اس کے پار ہوئے	وہ	اور وہ جو	ایمان لائے	اسکے ساتھ	انہوں نے کہا	نہیں طاقت	ہمارے لئے	آج

وہ (طالوت) اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اس کے پار ہوئے' انہوں نے کہا آج ہمیں طاقت نہیں

بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ

بِجَالُوْتَ	وَجُنُوْدِهٖ	قَالَ	الَّذِيْنَ	يَظُنُّوْنَ	اَنَّهُمْ	مُّلٰقُوا	اللّٰهِ	كَمْ
جالوت کے ساتھ	اور اس کا لشکر	کہا	جو لوگ	یقین رکھتے تھے	کہ وہ	ملنے والے	اللہ	بارہا

جالوت اور اس کے لشکر کے ساتھ (مقابلہ کی) ، جو لوگ یقین رکھتے تھے کہ وہ اللہ سے ملنے والے ہیں انہوں نے کہا ، بارہا

مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ

مِنْ	فِئَةٍ	قَلِيْلَةٍ	غَلَبَتْ	فِئَةً	كَثِيْرَةًۢ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ اللّٰهُ
سے	جماعتیں	چھوٹی	غالب ہوئیں	جماعتیں	بڑی	اللہ کے حکم سے	اور اللہ

چھوٹی جماعتیں غالب ہوئی ہیں اللہ کے حکم سے بڑی جماعتوں پر ، اور اللہ

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَ لَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَ جُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ

مَعَ	الصّٰبِرِيْنَ	وَ لَمَّا	بَرَزُوْا	لِجَالُوْتَ	وَ جُنُوْدِهٖ	قَالُوْا	رَبَّنَآ
ساتھ	صبر کرنے والے	اور جب	آمنے سامنے ہوئے	جالوت کے	اور اس کا لشکر	انہوں نے کہا	اے ہمارے رب

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جب جالوت اور اس کے لشکر کے آمنے سامنے ہوئے تو انہوں نے کہا اے ہمارے رب!

اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

اَفْرِغْ	عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّ ثَبِّتْ	اَقْدَامَنَا	وَ انْصُرْنَا	عَلَى	الْقَوْمِ
ڈال دے	ہم پر	صبر	اور جما دے	ہمارے قدم	اور ہماری مدد کر	پر	قوم

ہمارے (دلوں میں) صبر ڈال دے، اور ہمارے قدم جما دے، اور ہماری مدد کر قوم

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَ قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ

الْكٰفِرِيْنَ	فَهَزَمُوْهُمْ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ	قَتَلَ	دَاوٗدُ	جَالُوْتَ
کافر (جمع)	پھر انہوں نے شکست دی انہیں	اللہ کے حکم سے	اور	قتل کیا	داؤد	جالوت

کافروں پر۔ پھر انہوں نے اللہ کے حکم سے انہیں شکست دی اور داؤد نے جالوت کو قتل کیا،

وَ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَ الْحِكْمَةَ وَ عَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَ لَوْ لَا

وَ اٰتٰىهُ	اللّٰهُ	الْمُلْكَ	وَ الْحِكْمَةَ	وَ عَلَّمَهٗ	مِمَّا	يَشَآءُ	وَ لَوْ	لَا
اور اسے دیا	اللہ	ملک	اور حکمت	اور اسے سکھایا	جو	چاہا	اور اگر	نہ

اور اللہ نے اسے ملک اور حکمت عطا کی، اور اسے سکھایا جو چاہا ، اور اگر

دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَ

دَفْعُ	اللّٰهِ	النَّاسَ	بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لَّفَسَدَتِ	الْاَرْضُ	وَ
ہٹاتا	اللہ	لوگ	بعض لوگ	بعض کے ذریعہ	ضرور تباہ ہو جاتی	زمین	اور

اللہ نہ ہٹاتا بعض لوگوں کو بعض لوگوں کے ذریعہ، تو زمین ضرور تباہ ہو جاتی اور

لٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

لٰكِنَّ	اللّٰهَ	ذُوْ فَضْلٍ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	تِلْكَ	اٰيٰتُ اللّٰهِ
لیکن	اللہ	فضل والا	پر	تمام جہان	یہ	اللہ کے احکام

لیکن اللہ تمام جہانوں پر فضل والا ہے ۔ یہ اللہ کے احکام ہیں

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾

نَتْلُوْهَا	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ	وَاِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ
ہم سناتے ہیں وہ	آپ پر	ٹھیک ٹھیک	اور بیشک آپ	ضرور سے	رسول (جمع)

ہم وہ آپ کو ٹھیک ٹھیک سناتے ہیں اور بے شک آپ ضرور رسولوں میں سے ہیں ۔

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللّٰهُ

تِلْكَ	الرُّسُلُ	فَضَّلْنَا	بَعْضَهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	مِنْهُمْ	مَنْ	كَلَّمَ	اللّٰهُ
یہ	رسول (جمع)	ہم نے فضیلت دی	انکے بعض	پر	بعض	ان سے	جس	کلام کیا	اللہ

یہ رسول، ہیں، ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی۔ ان میں (بعض) سے اللہ نے کلام کیا

وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

وَرَفَعَ	بَعْضَهُمْ	دَرَجٰتٍ	وَاٰتَيْنَا	عِيْسَى	ابْنَ مَرْيَمَ	الْبَيِّنٰتِ
اور بلند کئے	ان کے بعض	درجے	اور ہم نے دی	عیسےٰ ؑ	مریمؑ کا بیٹا	کھلی نشانیاں

اور ان میں سے بعض کے درجے بلند کئے، اور ہم نے مریم کے بیٹے عیسےٰ ؑ کو کھلی نشانیاں دیں،

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ

وَاَيَّدْنٰهُ	بِرُوْحِ الْقُدُسِ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	مَا	اقْتَتَلَ	الَّذِيْنَ
اور اسکی تائید کی ہم نے	روح القدس (جبرائیل) سے	اور اگر	چاہتا اللہ	نہ	باہم لڑتے	وہ جو

اور ہم نے روح القدس ؑ سے اس کی تائید کی، اور اگر اللہ چاہتا تو وہ باہم نہ لڑتے جو

مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا

مِنْۢ بَعْدِ	هِمْ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَتْهُمُ	الْبَيِّنٰتُ	وَلٰكِنِ	اخْتَلَفُوْا
بعد	اُن	بعد سے	جو (جب) آگئی ان کے پاس	کھلی نشانیاں	اور لیکن	انہوں نے اختلاف کیا

ان کے بعد، ہوئے، اس کے بعد جب کہ ان کے پاس کھلی نشانیاں آگئیں، لیکن انہوں نے اختلاف کیا،

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۫ وَلٰكِنَّ

فَمِنْهُمْ	مَّنْ	اٰمَنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	كَفَرَ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	مَا اقْتَتَلُوْا	وَلٰكِنَّ
پھر ان سے	جو۔کوئی	ایمان لایا	اور ان سے	کوئی۔کسی	کفر کیا	اور اگر	چاہتا اللہ	وہ باہم نہ لڑتے	اور لیکن

پھر ان میں سے کوئی ایمان لایا، اور ان میں سے کسی نے کفر کیا، اور اگر اللہ چاہتا تو وہ باہم نہ لڑتے، لیکن

اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ

اللّٰهَ	يَفْعَلُ	مَا يُرِيْدُ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اَنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰكُمْ	مِّنْ قَبْلِ
اللہ	کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	اے	جو ایمان لائے (ایمان والے)	تم خرچ کرو	سے + جو	ہم نے دیا تمہیں	سے + پہلے

اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اے ایمان والو! جو ہم نے تمہیں دیا اس میں سے خرچ کرو، اس سے پہلے

أَنْ يَّأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ

أَنْ	يَّأْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا بَيْعٌ	فِيْهِ	وَلَا خُلَّةٌ	وَلَا شَفَاعَةٌ	وَالْكٰفِرُوْنَ
کہ	آجائے	وہ دن	نہ خرید و فروخت	اس میں	اور نہ دوستی	اور نہ سفارش	اور کافر (جمع)

کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہو گی، نہ دوستی اور نہ سفارش، اور کافر

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٥٤﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ

هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	اَللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اَلْحَيُّ	الْقَيُّوْمُ	لَا تَاْخُذُهٗ	سِنَةٌ
وہی	ظالم (جمع)	اللہ	نہیں معبود	سوائے اسکے	زندہ	تھامنے والا	نہ اسے آتی ہے	اونگھ

وہی ظالم ہیں۔ اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے سب کو تھامنے والا، نہ اسے اونگھ آتی ہے،

وَلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ

وَلَا	نَوْمٌ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	مَنْ ذَا	الَّذِيْ يَشْفَعُ
اور نہ	نیند	اسی کا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	کون + جو	وہ جو سفارش کرے

اور نہ نیند، اسی کا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے، کون ہے جو سفارش کرے؟

عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا

عِنْدَهٗٓ	اِلَّا	بِاِذْنِهٖ	يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	وَلَا
اس کے پاس	مگر (بغیر)	اسکی اجازت سے	وہ جانتا ہے	جو	ان کے سامنے	اور جو	ان کے پیچھے	اور نہیں

اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر، وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے، اور وہ نہیں

يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ

يُحِيْطُوْنَ	بِشَيْءٍ	مِنْ	عِلْمِهٖ	اِلَّا	بِمَا شَاۗءَ	وَسِعَ	كُرْسِيُّهُ	السَّمٰوٰتِ
وہ احاطہ کرتے ہیں	کسی چیز کا	سے	اس کا علم	مگر	جتنا وہ چاہے	سما لیا	اس کی کرسی	آسمان (جمع)

احاطہ کر سکتے اس کے علم میں سے کسی چیز کا مگر جتنا وہ چاہے، اس کی کرسی سمائے ہوئے ہے آسمانوں

وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾ لَآ اِكْرَاهَ

وَ	الْاَرْضَ	وَلَا	يَـُٔوْدُهٗ	حِفْظُهُمَا	وَهُوَ	الْعَلِيُّ	الْعَظِيْمُ	لَآ اِكْرَاهَ
اور	زمین	اور نہیں	تھکاتی اس کو	ان کی حفاظت	اور وہ	بلند مرتبہ	عظمت والا	نہیں زبردستی

اور زمین کو، اس کو ان کی حفاظت نہیں تھکاتی، اور وہ بلند مرتبہ، عظمت والا ہے۔ زبردستی نہیں

فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

فِي	الدِّيْنِ	قَدْ تَّبَيَّنَ	الرُّشْدُ	مِنَ	الْغَيِّ	فَمَنْ	يَّكْفُرْ	بِالطَّاغُوْتِ
میں	دین	بیشک جُدا ہو گئی	ہدایت	سے	گمراہی	پس جو	نہ مانے	گمراہ کرنے والے کو

دین میں، بیشک ہدایت سے گمراہی جُدا ہو گئی ہے ، پس جو گمراہ کرنے والے کو نہ مانے،

وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ

وَيُؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	فَقَدِ	اسْتَمْسَكَ	بِالْعُرْوَةِ	الْوُثْقٰى	لَا انْفِصَامَ
اور ایمان لائے	اللہ پر	پس تحقیق	اس نے تھام لیا	حلقہ کو	مضبوطی	ٹوٹنا نہیں

اور اللہ پر ایمان لائے، پس تحقیق اس نے حلقہ کو مضبوطی سے تھام لیا، ٹوٹنا نہیں

لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ

لَهَا	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اَللّٰهُ	وَلِيُّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	يُخْرِجُهُمْ	مِنَ
اس کو	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	اللہ	مددگار	جو لوگ ایمان لائے	وہ انہیں نکالتا ہے	سے

اس کو، اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اللہ اُن کا مددگار ہے، وہ انہیں نکالتا ہے

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ

الظُّلُمٰتِ	اِلَى	النُّوْرِ	وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ	الطَّاغُوْتُ	يُخْرِجُوْنَهُمْ
اندھیروں (جمع)	طرف	روشنی	اور	جو لوگ کافر ہوئے	ان کے ساتھی	گمراہ کرنے والے	وہ انہیں نکالتے ہیں

اندھیروں سے روشنی کی طرف، اور جو لوگ کافر ہوئے ان کے ساتھی گمراہ کرنے والے ہیں، وہ انہیں نکالتے ہیں

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ ع ٣٤ ٢

مِنَ	النُّوْرِ	اِلَى	الظُّلُمٰتِ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
سے	روشنی	طرف	اندھیرے (جمع)	یہی لوگ	دوزخی	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

روشنی سے اندھیروں کی طرف، یہی لوگ دوزخی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْ	حَآجَّ	اِبْرٰهٖمَ	فِيْ رَبِّهٖٓ	اَنْ	اٰتٰىهُ	اللّٰهُ	الْمُلْكَ	اِذْ
کیا نہیں دیکھا آپ نے	طرف	وہ شخص جو	جھگڑا کیا	ابراہیم	بارہ (میں) اس کے رب	کہ	اسے دی	اللہ	بادشاہت	جب

کیا آپ نے اس شخص کی طرف نہیں دیکھا جس نے ابراہیمؑ سے اُن کے رب کے بارہ میں جھگڑا کیا کہ اللہ نے اسے بادشاہت دی تھی جب

وقف لازم

قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْیٖ وَاُمِیْتُ ؕ

قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	رَبِّیَ	الَّذِیْ	یُحْیٖ	وَیُمِیْتُ	قَالَ	اَنَا	اُحْیٖ	وَاُمِیْتُ
کہا	ابراہیم	میرا رب	جو کہ	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	اس نے کہا	میں	زندہ کرتا ہوں	اور میں مارتا ہوں

ابراہیمؑ نے کہا میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔ اس نے کہا میں زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں،

قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ یَاْتِیْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا

قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	یَاْتِیْ	بِالشَّمْسِ	مِنَ	الْمَشْرِقِ	فَاْتِ بِهَا
کہا	ابراہیم	بیشک	اللہ	لاتا ہے	سورج کو	سے	مشرق	پس تو اسے لے آ

ابراہیمؑ نے کہا بیشک اللہ سورج کو مشرق سے نکالتا ہے، پس تو اسے لے آ

مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِیْ كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ ﴿۲۵۸﴾

مِنَ	الْمَغْرِبِ	فَبُهِتَ	الَّذِیْ كَفَرَ	وَاللّٰهُ	لَا یَهْدِی	الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ
سے	مغرب	تو وہ حیران رہ گیا	جس نے کفر کیا (کافر)	اور اللہ	نہیں ہدایت دیتا	ناانصاف لوگ

مغرب سے، تو وہ کافر حیران رہ گیا، اور اللہ ناانصاف لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ

اَوْ	كَالَّذِیْ	مَرَّ	عَلٰی	قَرْیَةٍ	وَهِیَ	خَاوِیَةٌ	عَلٰی عُرُوْشِهَا	قَالَ
یا	اس شخص کے مانند جو	گزرا	پر سے	ایک بستی	اور وہ	گری پڑی تھی	اپنی چھتوں پر	اس نے کہا

یا اس شخص کے مانند جو ایک بستی سے گزرا، اور وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی تھی، اس نے کہا

اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ

اَنّٰی	یُحْیٖ	هٰذِهِ	اللّٰهُ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	فَاَمَاتَهُ	اللّٰهُ	مِائَةَ	عَامٍ
کیونکر	زندہ کریگا	اس	اللہ	بعد	اس کا مرنا	تو اس کو مُردہ رکھا	اللہ	ایک سو	سال

اللہ اس کے مرنے کے بعد اسے کیونکر زندہ کرے گا؟ تو اللہ نے اسے ایک سو سال مُردہ رکھا،

ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ

ثُمَّ	بَعَثَهٗ	قَالَ	كَمْ لَبِثْتَ	قَالَ	لَبِثْتُ	یَوْمًا	اَوْ	بَعْضَ یَوْمٍ	قَالَ
پھر	اسے اٹھایا	اس نے پوچھا	کتنی دیر رہا	اس نے کہا	میں رہا	ایک دن	یا	دن سے کچھ کم	اس نے کہا

پھر اسے اٹھایا (زندہ کیا)، اللہ نے پوچھا تو کتنی دیر رہا؟ اس نے کہا میں ایک دن یا دن سے کچھ کم رہا، اس نے کہا

بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ إِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ

بَلْ	لَبِثْتَ	مِائَةَ عَامٍ	فَانْظُرْ	إِلٰى	طَعَامِكَ	وَشَرَابِكَ	لَمْ يَتَسَنَّهْ
بلکہ	تو رہا	ایک سو سال	پس تو دیکھ	طرف	اپنا کھانا	اور اپنا پینا	وہ نہیں سڑ گیا

بلکہ تو ایک سو سال رہا ہے، پس تو اپنے کھانے پینے کی طرف دیکھ، وہ سڑ نہیں گیا،

وَانْظُرْ إِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ إِلَى الْعِظَامِ

وَانْظُرْ	إِلٰى	حِمَارِكَ	وَلِنَجْعَلَكَ	آيَةً	لِّلنَّاسِ	وَانْظُرْ	إِلَى الْعِظَامِ
اور دیکھ	طرف	اپنا گدھا	اور ہم تجھے بنائیں گے	ایک نشانی	لوگوں کے لئے	اور دیکھ	طرف ہڈیاں

اور اپنے گدھے کی طرف دیکھ، اور ہم تجھے لوگوں کے لئے ایک نشانی بنائیں گے، اور ہڈیوں کی طرف دیکھ

كَيْفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ

كَيْفَ	نُنشِزُهَا	ثُمَّ	نَكْسُوهَا	لَحْمًا	فَلَمَّا	تَبَيَّنَ	لَهُ	قَالَ	أَعْلَمُ
کس طرح	ہم انہیں جوڑتے ہیں	پھر	ہم اسے پہناتے ہیں	گوشت	پھر جب	واضح ہو گیا	اس پر	اسنے کہا	میں جان گیا

ہم انہیں کس طرح جوڑتے ہیں، پھر انہیں گوشت پہناتے ہیں، پھر جب اس پر واضح ہو گیا تو اس نے کہا میں جان گیا

أَنَّ اللَّهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٥٩﴾ وَإِذْ قَالَ إِبْرٰهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ

أَنَّ	اللَّهَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيرٌ	وَإِذْ	قَالَ	إِبْرٰهِيمُ	رَبِّ	أَرِنِي	كَيْفَ
کہ	اللہ	پر	ہر چیز	قدرت والا	اور جب	کہا	ابراہیم	میرے رب	مجھے دکھا	کیونکر

کہ اللہ ہر چیز پر قدرت والا ہے۔ اور جب ابراہیمؑ نے کہا میرے رب! مجھے دکھا دے تو کیونکر

تُحْيِ الْمَوْتٰى ۖ قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن ۖ قَالَ بَلٰى وَلٰكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي ۖ

تُحْيِ	الْمَوْتٰى	قَالَ	أَوَلَمْ	تُؤْمِن	قَالَ	بَلٰى	وَلٰكِن	لِّيَطْمَئِنَّ	قَلْبِي
تو زندہ کرتا ہے	مُردہ	اس نے کہا	کیا نہیں	یقین کیا	اس نے کہا	کیوں نہیں	بلکہ	تاکہ اطمینان ہو جائے	میرا دل

مُردہ کو زندہ کرتا ہے، اللہ نے کہا کیا تو نے یقین نہیں کیا؟ اس نے کہا کیوں نہیں؟ بلکہ (چاہتا ہوں) تاکہ میرے دل کو اطمینان ہو جائے،

قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ

قَالَ	فَخُذْ	أَرْبَعَةً	مِّنَ	الطَّيْرِ	فَصُرْهُنَّ	إِلَيْكَ	ثُمَّ	اجْعَلْ	عَلٰى	كُلِّ
اس نے کہا	پس پکڑ لے	چار	سے	پرندے	پھر ان کو ہلا	اپنے ساتھ	پھر	رکھ دے	پر	ہر

اس نے کہا پس تو چار پرندے پکڑ لے، پھر ان کو اپنے ساتھ ہلا لے، پھر رکھ دے ہر

جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِيْنَكَ سَعْيًا ۭ وَاعْلَمْ

جَبَلٍ	مِّنْهُنَّ	جُزْءًا	ثُمَّ	ادْعُهُنَّ	يَأْتِيْنَكَ	سَعْيًا	وَاعْلَمْ
پہاڑ	ان سے (انکے)	ٹکڑے	پھر	انہیں بُلا	وہ تیرے پاس آئینگے	دوڑتے ہوئے	اور جان لے

پہاڑ پر اُن کے ٹکڑے، پھر انہیں بُلا، وہ تیرے پاس دوڑتے ہوئے آئیں گے، اور جان لے

اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ

اَنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	فِيْ
کہ	اللہ	غالب	حکمت والا	مثال	جولوگ	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	میں

کہ اللہ غالب حکمت والا ہے - ان لوگوں کی مثال جو خرچ کرتے ہیں اپنے مال

سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ

سَبِيْلِ اللّٰهِ	كَمَثَلِ	حَبَّةٍ	اَنْۢبَتَتْ	سَبْعَ	سَنَابِلَ	فِيْ	كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ
اللہ کا راستہ	مانند	ایک دانہ	اُگیں	سات	بالیں	میں	ہر بال

اللہ کے راستہ میں، ایک دانہ کے مانند ہے جس سے سات بالیں اُگیں، ہر بال میں

مِّائَةُ حَبَّةٍ ۭ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾

مِّائَةُ	حَبَّةٍ	وَاللّٰهُ	يُضٰعِفُ	لِمَنْ	يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ
سو	دانہ	اور اللہ	بڑھاتا ہے	جس کے لئے	چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا	جاننے والا

سو دانے ہوں، اور اللہ جس کے لئے چاہتا ہے بڑھاتا ہے، اور اللہ وسعت والا جاننے والا ہے -

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ

اَلَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	ثُمَّ	لَا يُتْبِعُوْنَ
جولوگ	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	میں	اللہ کا راستہ	پھر	بعد میں نہیں رکھتے

جو لوگ اپنے مال اللہ کے راستہ میں خرچ کرتے ہیں، پھر نہیں رکھتے

مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

مَآ اَنْفَقُوْا	مَنًّا	وَّلَآ	اَذًى	لَّهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ
جوانہوں نے خرچ کیا	کوئی احسان	اور نہ	کوئی تکلیف	ان کیلئے	ان کا اجر	پاس	ان کا رب	اور نہ	کوئی خوف

خرچ کرنے کے بعد کوئی احسان، نہ کوئی تکلیف (پہنچاتے ہیں) ان کے لئے ان کے رب کے پاس اجر ہے، نہ کوئی خوف

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٦٢﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ

عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	قَوْلٌ	مَعْرُوْفٌ	وَمَغْفِرَةٌ	خَيْرٌ
ان پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے	بات	اچھی	اور درگزر	بہتر

ان پر، اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اچھی بات کرنا اور درگزر کرنا بہتر ہے

مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ۗ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿٢٦٣﴾ يٰٓاَيُّهَا

مِنْ	صَدَقَةٍ	يَّتْبَعُهَآ	اَذًى	وَاللّٰهُ	غَنِيٌّ	حَلِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا
سے	خیرات	اس کے بعد ہو	ایذا دینا (ستانا)	اور اللہ	بے نیاز	بُردبار	اے

اُس خیرات سے جس کے بعد ایذا دینا ہو، اور اللہ بے نیاز بُردبار ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُبْطِلُوْا	صَدَقٰتِكُمْ	بِالْمَنِّ	وَالْاَذٰى	كَالَّذِيْ
ایمان والو	نہ ضائع کرو	اپنے خیرات	احسان جتلا کر	اور ستانا	اس شخص کی طرح جو

ایمان والو! اپنے خیرات احسان جتلا کر اور ستا کر ضائع نہ کرو، اس شخص کی طرح جو

يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ

يُنْفِقُ	مَالَهٗ	رِئَآءَ	النَّاسِ	وَلَا يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
خرچ کرتا	اپنا مال	دکھلاوا	لوگ	اور ایمان نہیں رکھتا	اللہ پر	اور آخرت کا دن

اپنا مال لوگوں کے دکھلاوے کو خرچ کرتا ہے، اور اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا

فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ

فَمَثَلُهٗ	كَمَثَلِ	صَفْوَانٍ	عَلَيْهِ	تُرَابٌ	فَاَصَابَهٗ	وَابِلٌ	فَتَرَكَهٗ
پس اس کی مثال	جیسی مثال	چکنا پتھر	اس پر	مٹی	پھر اس پر برسے	تیز بارش	تو اسے چھوڑ دے

پس اس کی مثال اس صاف پتھر جیسی ہے جس پر مٹی ہو، پھر اس پر تیز بارش برسے تو اُسے چھوڑ دے

صَلْدًا ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

صَلْدًا	لَا يَقْدِرُوْنَ	عَلٰي	شَيْءٍ	مِمَّا	كَسَبُوْا	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي
صاف	وہ قدرت نہیں رکھتے	پر	کوئی چیز	اس سے جو	انہوں نے کمایا	اور اللہ	راہ نہیں دکھاتا

بالکل صاف، وہ اس پر کچھ قدرت نہیں رکھتے جو انہوں نے کمایا، اور اللہ راہ نہیں دکھاتا

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦٤﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ	وَمَثَلُ	الَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمُ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ
کافروں کی قوم	اور مثال	جو لوگ	خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	حاصل کرنا	خوشنودی

کافروں کو۔ اور (ان کی) مثال جو اپنے مال خرچ کرتے ہیں خوشنودی حاصل کرنے کو

اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ

اللّٰهِ	وَتَثْبِيْتًا	مِّنْ	اَنْفُسِهِمْ	كَمَثَلِ	جَنَّةٍۭ	بِرَبْوَةٍ	اَصَابَهَا	وَابِلٌ
اللہ	اور ثبات و یقین	سے	اپنے دل (جمع)	جیسے	ایک باغ	بلندی پر	اس پر پڑی	تیز بارش

اللہ کی اور اپنے دلوں کے ثبات و یقین کو (ایسی ہے) جیسے بلندی پر ایک باغ ہے اس پر تیز بارش پڑی

فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا

فَاٰتَتْ	اُكُلَهَا	ضِعْفَيْنِ	فَاِنْ	لَّمْ يُصِبْهَا	وَابِلٌ	فَطَلٌّ	وَاللّٰهُ	بِمَا
تو اس نے دیا	پھل	دوگنا	پھر اگر	نہ پڑی	تیز بارش	تو پھوار	اور اللہ	جو

تو اس نے دوگنا پھل دیا، پھر اگر تیز بارش نہ پڑی تو پھوار (ہی کافی ہے)، اور اللہ جو

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢٦٥﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ

تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	اَيَوَدُّ	اَحَدُكُمْ	اَنْ	تَكُوْنَ	لَهٗ	جَنَّةٌ	مِّنْ
تم کرتے ہو	دیکھنے والا	کیا پسند کرتا ہے	تم میں سے کوئی	کہ	ہو	اس کا	ایک باغ	سے (کا)

تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے۔ کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے؟ کہ اس کا ایک باغ ہو

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ

نَّخِيْلٍ	وَّاَعْنَابٍ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	لَهٗ	فِيْهَا	مِنْ	كُلِّ الثَّمَرٰتِ
کھجور	اور انگور	بہتی ہو	سے	اسکے نیچے	نہریں	اسکے لئے	اس میں	سے	ہر قسم کے پھل

کھجور اور انگوروں کا، اس کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اس کے لئے اس میں ہر قسم کے پھل ہوں،

وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ

وَاَصَابَهُ	الْكِبَرُ	وَلَهٗ	ذُرِّيَّةٌ	ضُعَفَآءُ	فَاَصَابَهَا	اِعْصَارٌ	فِيْهِ	نَارٌ
اور اس پر آگیا	بڑھاپا	اور اسکے	بچے	بہت کمزور	تب اس پر پڑا	ایک بگولا	اس میں	آگ

اور اس پر بڑھاپا آگیا ہو، اور اس کے بچے بہت کمزور ہوں، تب اس پر ایک بگولا آپڑا، اس میں آگ تھی

فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ ع

فَاحْتَرَقَتْ	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَفَكَّرُوْنَ
تو وہ جل گیا	اسی طرح	واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	نشانیاں	تاکہ تم	غور و فکر کرو

تو وہ (باغ) جل گیا، اسی طرح اللہ تمہارے لئے نشانیاں واضح کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اَنْفِقُوْا	مِنْ	طَيِّبٰتِ	مَا	كَسَبْتُمْ	وَمِمَّآ	اَخْرَجْنَا
اے	جو ایمان لائے (ایمان والو)	تم خرچ کرو	سے	پاکیزہ	جو	تم کماؤ	اور سے۔جو	ہم نے نکالا

اے ایمان والو! خرچ کرو اس میں سے پاکیزہ چیزیں جو تم کماؤ، اور اس میں سے جو ہم نے نکالا

لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۚ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ

لَكُمْ	مِنَ	الْاَرْضِ	وَلَا	تَيَمَّمُوا	الْخَبِيْثَ	مِنْهُ	تُنْفِقُوْنَ	وَلَسْتُمْ
تمہارے لئے	سے	زمین	اور نہ	ارادہ کرو	گندی چیز	سے۔جو	تم خرچ کرتے ہو	جبکہ تم نہیں ہو

تمہارے لئے زمین سے، اور اس میں سے گندی چیز خرچ کرنے کا ارادہ نہ کرو، جبکہ تم خود

بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ

بِاٰخِذِيْهِ	اِلَّآ	اَنْ	تُغْمِضُوْا	فِيْهِ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	غَنِيٌّ
اس کو لینے والے	مگر	یہ کہ	تم چشم پوشی کرو	اس میں	اور تم جان لو	کہ	اللہ	بے نیاز

اس کو لینے والے نہیں، مگر یہ کہ تم چشم پوشی کر جاؤ، اور جان لو کہ اللہ بے نیاز،

حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ

حَمِيْدٌ	اَلشَّيْطٰنُ	يَعِدُكُمُ	الْفَقْرَ	وَيَاْمُرُكُمْ	بِالْفَحْشَآءِ
خوبیوں والا	شیطان	تم کو ڈراتا ہے	تنگدستی	اور تمہیں حکم دیتا ہے	بے حیائی کا

خوبیوں والا ہے۔ شیطان تم کو تنگدستی سے ڈراتا ہے، اور تمہیں بے حیائی کا حکم دیتا ہے،

وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۸﴾

وَاللّٰهُ	يَعِدُكُمْ	مَّغْفِرَةً	مِّنْهُ	وَفَضْلًا	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ
اور اللہ	تم سے وعدہ کرتا ہے	بخشش	اس سے (اپنی)	اور فضل	اور اللہ	وسعت والا	جاننے والا

اور اللہ تم سے اپنی بخشش اور فضل کا وعدہ کرتا ہے، اور اللہ وسعت والا، جاننے والا ہے۔

يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ مَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ

يُؤْتِي	الْحِكْمَةَ	مَنْ	يَشَآءُ	وَ	مَنْ	يُؤْتَ	الْحِكْمَةَ	فَقَدْ اُوْتِيَ
وہ عطا کرتا ہے	حکمت دانائی	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	جسے	دی گئی	حکمت	تحقیق دی گئی

وہ جسے چاہتا ہے حکمت (دانائی) عطا کرتا ہے، اور جسے حکمت دی گئی تحقیق اسے دی گئی

خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ

خَيْرًا	كَثِيْرًا	وَمَا	يَذَّكَّرُ	اِلَّآ	اُولُوا الْاَلْبَابِ	وَمَا	اَنْفَقْتُمْ
بھلائی	بہت	اور نہیں	نصیحت قبول کرتا	سوائے	عقل والے	اور جو	تم خرچ کرو گے

بہت بھلائی، اور عقل والوں کے سوا کوئی نصیحت قبول نہیں کرتا۔ اور جو تم خرچ کرو گے

مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا

مِنْ	نَفَقَةٍ	اَوْ	نَذَرْتُمْ	مِنْ نَّذْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُهٗ	وَمَا
سے	کوئی خیرات	یا	تم نذر مانو	کوئی نذر	تو بیشک	اللہ	اسے جانتا ہے	اور نہیں

کوئی خیرات، یا تم کوئی نذر مانو گے، تو بے شک اللہ اسے جانتا ہے اور

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ

لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ اَنْصَارٍ	اِنْ	تُبْدُوا	الصَّدَقٰتِ	فَنِعِمَّا	هِيَ	وَاِنْ
ظالموں کے لئے	کوئی مددگار	اگر	ظاہر (علانیہ) دو	خیرات	تو اچھی بات	یہ	اور اگر

ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں۔ اگر تم خیرات ظاہر (علانیہ) دو تو یہ اچھی بات ہے، اور اگر

تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ

تُخْفُوْهَا	وَتُؤْتُوْهَا	الْفُقَرَآءَ	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَيُكَفِّرُ	عَنْكُمْ
تم اس کو چھپاؤ	اور وہ پہنچاؤ	تنگدست (جمع)	تو وہ	بہتر	تمہارے لئے	اور دور کر دے گا	تم سے

تم اس کو چھپاؤ، اور تنگدستوں کو پہنچاؤ تو وہ تمہارے لئے (زیادہ) بہتر ہے، اور وہ دور کرے گا تمہارے

مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ

مِنْ	سَيِّاٰتِكُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	لَيْسَ	عَلَيْكَ	هُدٰىهُمْ
سے کچھ	تمہارے گناہ	اور اللہ	جو کچھ تم کرتے ہو	باخبر	نہیں	آپ (آپ کا ذمہ)	ان کی ہدایت

کچھ گناہ، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ ان کی ہدایت آپ کا ذمہ نہیں

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ

وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَلِاَنْفُسِكُمْ
اور لیکن	اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور جو	تم خرچ کرو گے	مال سے	تو اپنے واسطے

لیکن اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور تم جو مال خرچ کرو گے تو اپنے (ہی) واسطے،

وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

وَمَا	تُنْفِقُوْنَ	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ اللّٰهِ	وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ
اور نہ	خرچ کرو	مگر	حاصل کرنا	اللہ کی رضا	اور جو	تم خرچ کرو گے	مال سے

اور خرچ نہ کرو مگر اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے، اور تم جو مال خرچ کرو گے

يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٢﴾ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا

يُّوَفَّ	اِلَيْكُمْ	وَاَنْتُمْ	لَا تُظْلَمُوْنَ	لِلْفُقَرَآءِ	الَّذِيْنَ	اُحْصِرُوْا
پورا ملے گا	تمہیں	اور تم	نہ زیادتی کی جائے گی تم پر	تنگدستوں کے لئے	جو	رُکے ہوئے

تمہیں پورا پورا ملے گا اور تم پر زیادتی نہ کی جائے گی۔ تنگدستوں کے لئے جو رُکے ہوئے ہیں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۫ يَحْسَبُهُمُ

فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	ضَرْبًا	فِي الْاَرْضِ	يَحْسَبُهُمُ
میں	اللہ کا راستہ	وہ نہیں طاقت رکھتے	چلنا پھرنا	زمین (ملک) میں	انہیں سمجھے

اللہ کی راہ میں، وہ ملک میں چلنے پھرنے کی طاقت نہیں رکھتے، انہیں سمجھے

الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ

الْجَاهِلُ	اَغْنِيَآءَ	مِنَ التَّعَفُّفِ	تَعْرِفُهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	لَا يَسْئَلُوْنَ
ناواقف	مال دار	سوال سے بچنے سے	تو پہچانتا ہے انہیں	ان کے چہرے سے	وہ سوال نہیں کرتے

ناواقف ان کے سوال نہ کرنے سے مالدار، تو انہیں ان کے چہرہ سے پہچان لیتا ہے، وہ سوال نہیں کرتے

النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿٢٧٣﴾ اَلَّذِيْنَ

النَّاسَ	اِلْحَافًا	وَمَا	تُنْفِقُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ	اَلَّذِيْنَ
لوگ	لپٹ کر	اور جو	تم خرچ کرو گے	مال سے	تو بیشک	اللہ	اس کو	جاننے والا	جو لوگ

لوگوں سے لپٹ لپٹ کر، اور تم جو مال خرچ کرو گے تو بیشک اللہ اس کو جاننے والا ہے۔ جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ

يُنْفِقُوْنَ	اَمْوَالَهُمْ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	فَلَهُمْ
خرچ کرتے ہیں	اپنے مال	رات میں	اور دن	پوشیدہ	اور ظاہر	پس اُن کے لئے

اپنے مال خرچ کرتے ہیں رات میں اور دن کو، پوشیدہ اور ظاہر، پس ان کے لئے ہے

اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾

اَجْرُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
ان کا اجر	پاس	ان کا رب	اور نہ	کوئی خوف	ان پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے

ان کا اجر اُن کے رب کے پاس ہے نہ ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ

اَلَّذِيْنَ	يَاْكُلُوْنَ	الرِّبٰوا	لَا يَقُوْمُوْنَ	اِلَّا	كَمَا	يَقُوْمُ	الَّذِيْ	يَتَخَبَّطُهُ
جو لوگ	کھاتے ہیں	سُود	نہ کھڑے ہوں گے	مگر	جیسے	کھڑا ہوتا ہے	وہ شخص جو	اسکے حواس کھو دیئے ہوں

جو لوگ سُود کھاتے ہیں وہ (قیامت کے دن) نہ کھڑے ہونگے مگر جیسے وہ شخص کھڑا ہو جس کے حواس کھو دیئے ہوں

الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ

الشَّيْطٰنُ	مِنَ الْمَسِّ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّمَا	الْبَيْعُ	مِثْلُ	الرِّبٰوا
شیطان	چھونے سے	یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے کہا	درحقیقت	تجارت	مانند	سُود

شیطان نے چھو کر، یہ اس لئے کہ انہوں نے کہا تجارت درحقیقت سُود کے مانند ہے۔

وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ فَمَنْ جَاۗءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ

وَاَحَلَّ	اللّٰهُ	الْبَيْعَ	وَحَرَّمَ	الرِّبٰوا	فَمَنْ	جَاۗءَهٗ	مَوْعِظَةٌ	مِّنْ
حالانکہ حلال کیا	اللہ	تجارت	اور حرام کیا	سُود	پس جس	پہنچے اس کو	نصیحت	سے

حالانکہ اللہ نے تجارت کو حلال کیا، اور سُود کو حرام کیا، پس جس کو نصیحت پہنچی

رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۭ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ وَمَنْ عَادَ

رَّبِّهٖ	فَانْتَهٰى	فَلَهٗ	مَا سَلَفَ	وَاَمْرُهٗٓ	اِلَى	اللّٰهِ	وَمَنْ	عَادَ
اس کا رب	پھر وہ باز آ گیا	تو اسکے لئے	جو ہو چکا	اور اس کا معاملہ	طرف	اللہ	اور جو	پھر لوٹے

اس کے رب کی طرف سے پھر وہ باز آ گیا تو اس کے لئے ہے جو ہو چکا، اور اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے اور جو پھر (سُود کی طرف) لوٹے

فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷۵﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا

فَاُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	يَمْحَقُ	اللّٰهُ	الرِّبٰوا
تو وہی	دوزخ والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	مٹاتا ہے	اللہ	سُود

تو وہی دوزخ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ سُود کو مٹاتا ہے

وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَيُرْبِي	الصَّدَقٰتِ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	كَفَّارٍ	اَثِيْمٍ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور بڑھاتا ہے	خیرات	اور اللہ	پسند نہیں کرتا	ہر ایک	ناشکرا	گنہگار	بیشک	جو لوگ ایمان لائے

اور خیرات کو بڑھاتا ہے، اور اللہ ہر ایک (کسی) ناشکرے گنہگار کو پسند نہیں کرتا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَوُا	الزَّكٰوةَ	لَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ
اور انہوں نے عمل کئے	نیک	اور انہوں نے قائم کی	نماز	اور ادا کی	زکوٰۃ	انکے لئے	ان کا اجر	پاس

اور انہوں نے نیک عمل کئے، اور نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی، ان کے لئے ان کا اجر ہے

رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

رَبِّهِمْ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ان کا رب	اور نہ	کوئی خوف	ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	اے	جو ایمان لائے (ایمان والے)

ان کے رب کے پاس، اور نہ ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اے ایمان والو!

اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنْ

اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَذَرُوْا	مَا بَقِيَ	مِنَ	الرِّبٰوا	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	فَاِنْ
تم ڈرو	اللہ	اور چھوڑ دو	جو باقی رہ گیا	سے	سُود	اگر	تم ہو	ایمان والے	پھر اگر

تم اللہ سے ڈرو، اور جو سُود باقی رہ گیا ہے وہ چھوڑ دو۔ اگر تم ایمان والے ہو۔ پھر اگر

لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ

لَّمْ تَفْعَلُوْا	فَاْذَنُوْا	بِحَرْبٍ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاِنْ	تُبْتُمْ
تم نہ چھوڑو گے	تو خبردار ہو جاؤ	جنگ کے لئے	سے	اللہ	اور اس کا رسول	اور اگر	تم نے توبہ کر لی

تم نہ چھوڑو گے تو اللہ اور کے رسول سے جنگ کے لئے خبردار ہو جاؤ، اور اگر تم نے توبہ کر لی

فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٩﴾ وَاِنْ

فَلَكُمْ	رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ	لَا تَظْلِمُوْنَ	وَلَا تُظْلَمُوْنَ	وَاِنْ
تو تمہارے لئے	تمہارے اصل زر	نہ تم ظلم کرو	اور نہ تم پر ظلم کیا جائے گا	اور اگر

تو تمہارا اصل زر تمہارے لئے ہے ، نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے گا - اور اگر

كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ

كَانَ	ذُوْ عُسْرَةٍ	فَنَظِرَةٌ	اِلٰى	مَيْسَرَةٍ	وَاَنْ	تَصَدَّقُوْا	خَيْرٌ	لَّكُمْ
ہو	تنگدست	تو مہلت	تک	کشادگی	اور اگر	تم بخش دو	بہتر	تمہارے لئے

وہ تنگدست ہو تو کشادگی ہونے تک مہلت دیدو، اور اگر (قرض) بخشدو تو تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨٠﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ

اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	وَاتَّقُوْا	يَوْمًا	تُرْجَعُوْنَ	فِيْهِ	اِلَى اللّٰهِ
اگر	تم ہو	جانتے	اور تم ڈرو	وہ دن	تم لوٹائے جاؤ گے	اس میں	اللہ کی طرف

اگر تم جانتے ہو- اور اُس دن سے ڈرو (جس دن) تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے ،

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٨١﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

ثُمَّ	تُوَفّٰى	كُلُّ نَفْسٍ	مَّا	كَسَبَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
پھر	پورا دیا جائیگا	ہر شخص	جو	اس نے کمایا	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	اے	وہ جو کہ

پھر ہر شخص کو پورا پورا دیا جائے گا جو اس نے کمایا اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے (اُن پر ظلم نہ ہوگا) اے وہ لوگ جو

اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ

اٰمَنُوْۤا	اِذَا	تَدَايَنْتُمْ	بِدَيْنٍ	اِلٰۤى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	فَاكْتُبُوْهُ	وَلْيَكْتُبْ
ایمان لائے	جب	تم معاملہ کرو	اُدھار کا	تک	ایک مدّت	مقررہ	تو اسے لکھ لیا کرو	اور چاہیئے کہ لکھدے

ایمان لائے ہو (مومنو!) جب تم ایک مقررہ مدّت تک (کیلئے) اُدھار کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو اور چاہیئے کہ لکھدے

بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ

بَيْنَكُمْ	كَاتِبٌۢ	بِالْعَدْلِ	وَلَا يَاْبَ	كَاتِبٌ	اَنْ يَّكْتُبَ	كَمَا	عَلَّمَهُ
تمہارے درمیان	کاتب	انصاف سے	اور نہ انکار کرے	کاتب	کہ وہ لکھے	جیسے	اس کو سکھایا

کاتب تمہارے درمیان انصاف سے ، اور کاتب لکھنے سے انکار نہ کرے ، جیسے اس کو سکھایا ہے

اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا

اللّٰهُ	فَلْيَكْتُبْ	وَلْيُمْلِلِ	الَّذِيْ	عَلَيْهِ الْحَقُّ	وَلْيَتَّقِ	اللّٰهَ	رَبَّهٗ	وَلَا
اللہ	چاہیئے کہ لکھ دے	اور لکھاتا جائے	وہ جو	اس پر حق	اور ڈرے	اللہ	اپنا رب	اور نہ

اللہ نے اسے چاہیئے کہ لکھ دے، اور جس پر حق (قرض) ہے وہ لکھاتا جائے، اور اپنے رب اللہ سے ڈرے، اور نہ

يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ۭ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ

يَبْخَسْ	مِنْهُ	شَيْـًٔا	فَاِنْ	كَانَ	الَّذِيْ	عَلَيْهِ الْحَقُّ	سَفِيْهًا	اَوْ
کم کرے	اس سے	کچھ	پھر اگر	ہے	وہ جو	اس پر حق	بے عقل	یا

اس سے کچھ کم کرے، پھر اگر وہ جس پر حق (قرض) ہے وہ بے عقل یا

ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ

ضَعِيْفًا	اَوْ	لَا يَسْتَطِيْعُ	اَنْ	يُّمِلَّ هُوَ	فَلْيُمْلِلْ	وَلِيُّهٗ	بِالْعَدْلِ
کمزور	یا	قدرت نہیں رکھتا	کہ	لکھائے وہ	تو چاہیئے کہ لکھائے	اس کا سرپرست	انصاف سے

کمزور ہے یا وہ لکھانے کی قدرت نہیں رکھتا، تو چاہیئے کہ اس کا سرپرست انصاف سے لکھا دے

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ

وَاسْتَشْهِدُوْا	شَهِيْدَيْنِ	مِنْ	رِّجَالِكُمْ	فَاِنْ	لَّمْ يَكُوْنَا	رَجُلَيْنِ
اور گواہ کر لو	دو گواہ	سے	اپنے مرد	پھر اگر	نہ ہوں	دو مرد

اور اپنے مردوں میں سے دو گواہ کر لو، پھر اگر دو مرد نہ ہوں

فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاۗءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا

فَرَجُلٌ	وَّامْرَاَتٰنِ	مِمَّنْ	تَرْضَوْنَ	مِنَ	الشُّهَدَاۗءِ	اَنْ	تَضِلَّ	اِحْدٰىهُمَا
تو ایک مرد	اور دو عورتیں	سے۔ جو	تم پسند کرو	سے	گواہ (جمع)	اگر	بھول جائے	ان میں سے ایک

تو ایک مرد اور دو عورتیں جن کو تم گواہ پسند کرو (تاکہ) اگر ان میں سے ایک بھول جائے

فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ۭ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَاۗءُ اِذَا مَا دُعُوْا ۭ

فَتُذَكِّرَ	اِحْدٰىهُمَا	الْاُخْرٰى	وَلَا يَاْبَ	الشُّهَدَاۗءُ	اِذَا	مَا دُعُوْا
تو یاد دلا دے	ان میں سے ایک	دوسری	اور نہ انکار کریں	گواہ	جب	وہ بلائے جائیں

تو ان میں سے ایک (دوسری) یاد دلا دے، اور گواہ انکار نہ کریں جب بلائے جائیں

وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ

وَلَا	تَسْـَٔمُوْا	اَنْ	تَكْتُبُوْهُ	صَغِيْرًا	اَوْ	كَبِيْرًا	اِلٰى	اَجَلِهٖ	ذٰلِكُمْ	اَقْسَطُ
اور نہ	سُستی کرو	کہ	تم لکھو	چھوٹا	یا	بڑا	تک	ایک میعاد	یہ	زیادہ انصاف

اور تم لکھنے میں سُستی نہ کرو (خواہ معاملہ) چھوٹا ہو یا بڑا، ایک میعاد تک، یہ زیادہ انصاف ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ

عِنْدَ اللّٰهِ	وَاَقْوَمُ	لِلشَّهَادَةِ	وَاَدْنٰى	اَلَّا	تَرْتَابُوْا	اِلَّآ اَنْ	تَكُوْنَ
اللہ کے نزدیک	اور زیادہ مضبوط	گواہی کے لئے	اور زیادہ قریب	کہ نہ	شبہ میں پڑو	سوائے کہ	ہو

اور گواہی کے لئے زیادہ مضبوط ہے اللہ کے نزدیک اور زیادہ قریب ہے کہ تم شبہ میں نہ پڑو، اس کے سوائے کہ

تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ

تِجَارَةً	حَاضِرَةً	تُدِيْرُوْنَهَا	بَيْنَكُمْ	فَلَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَلَّا تَكْتُبُوْهَا
سودا	حاضر (ہاتھوں ہاتھ)	جسے تم لیتے رہتے ہو	آپس میں	تو نہیں	تم پر	کوئی گناہ	کہ تم وہ نہ لکھو

سودا ہاتھوں ہاتھ کا ہو جسے تم آپس میں لیتے رہتے ہو، تو کوئی گناہ نہیں کہ تم وہ نہ لکھو

وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ

وَاَشْهِدُوْٓا	اِذَا	تَبَايَعْتُمْ	وَلَا يُضَآرَّ	كَاتِبٌ	وَّلَا	شَهِيْدٌ	وَاِنْ
اور تم گواہ کرلو	جب	تم سودا کرو	اور نہ نقصان کرے	لکھنے والا	اور نہ	گواہ	اور اگر

اور جب تم سودا کرو تو گواہ کر لیا کرو، اور نہ لکھنے والا نقصان کرے نہ گواہ، اور اگر

تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ

تَفْعَلُوْا	فَاِنَّهٗ	فُسُوْقٌ	بِكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَيُعَلِّمُكُمُ	اللّٰهُ	وَاللّٰهُ
تم کرو گے	تو بیشک یہ	گناہ	تم پر	اور تم ڈرو	اللہ	اور سکھاتا ہے	اللہ	اور اللہ

تم (ایسا) کرو گے تو یہ بیشک تم پر گناہ ہے، اور تم اللہ سے ڈرو، اور اللہ تمہیں سکھاتا ہے، اور اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٨٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ

بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	وَاِنْ	كُنْتُمْ	عَلٰى	سَفَرٍ	وَّلَمْ	تَجِدُوْا	كَاتِبًا	فَرِهٰنٌ
ہر چیز	جاننے والا	اور اگر	تم ہو	پر	سفر	اور نہ	تم پاؤ	کوئی لکھنے والا	تو گرو رکھنا

ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اور اگر تم سفر پر ہو اور کوئی لکھنے والا نہ پاؤ تو گرو رکھنا چاہیئے

مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ

مَقْبُوْضَةٌ	فَاِنْ	اَمِنَ	بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	فَلْيُؤَدِّ	الَّذِی	اؤْتُمِنَ
قبضہ میں	پھر اگر	اعتبار کرے	تمہارا کوئی	کسی کا	تو چاہیئے کہ لوٹا دے	جو شخص	امین بنایا گیا

قبضہ میں، پھر اگر تم میں کوئی کسی کا اعتبار کرے تو جس شخص کو امین بنایا گیا ہے اسے چاہیئے کہ لوٹا دے

اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا

اَمَانَتَهٗ	وَلْيَتَّقِ	اللّٰهَ	رَبَّهٗ	وَلَا تَكْتُمُوا	الشَّهَادَةَ	وَمَنْ	يَّكْتُمْهَا
اس کی امانت	اور ڈرے	اللہ	اپنا رب	اور تم نہ چھپاؤ	گواہی	اور جو	اسے چھپائے گا

اس کی امانت، اور اپنے رب اللہ سے ڈرے، اور تم گواہی نہ چھپاؤ، اور جو شخص اسے چھپائے گا

فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾ لِلّٰهِ مَا فِی

فَاِنَّهٗۤ	اٰثِمٌ	قَلْبُهٗ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ	لِلّٰهِ	مَا	فِی
تو بیشک	گنہگار	اس کا دل	اور اللہ	اسے جو	تم کرتے ہو	جاننے والا	اللہ کیلئے	جو	ہیں

تو بیشک اس کا دل گنہگار ہے، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اسے جاننے والا ہے۔ اللہ کے لئے ہے جو

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ

السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِی الْاَرْضِ	وَاِنْ	تُبْدُوْا	مَا	فِیْۤ	اَنْفُسِكُمْ	اَوْ	تُخْفُوْهُ
آسمانوں	اور جو	زمین میں	اور اگر	تم ظاہر کرو	جو	ہیں	تمہارے دل	یا	تم اسے چھپاؤ

آسمانوں اور زمین میں ہے، اور اگر تم ظاہر کرو جو تمہارے دلوں میں ہے، یا تم اسے چھپاؤ

يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ

يُحَاسِبْكُمْ	بِهِ	اللّٰهُ	فَيَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ
تمہارے حساب لے گا	اس کا	اللہ	پھر بخشدے گا	جس کو	وہ چاہے	وہ عذاب دے گا	جس کو	وہ چاہے	اور

اللہ تم سے اس کا حساب لے گا، پھر جس کو وہ چاہے بخش دے، اور جس کو وہ چاہے عذاب دے، اور

اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ

اللّٰهُ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	قَدِيْرٌ	اٰمَنَ	الرَّسُوْلُ	بِمَاۤ	اُنْزِلَ	اِلَيْهِ	مِنْ
اللہ	پر	ہر چیز	قدرت رکھنے والا	مان لیا	رسول	جو کچھ	اترا	اس کی طرف	سے

اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ رسول نے مان لیا جو کچھ اس کی طرف اترا

رَبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف

رَبِّهٖ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	كُلٌّ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	وَكُتُبِهٖ	وَرُسُلِهٖ
اس کا رب	اور مومن (جمع)	سب	ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے فرشتے	اور اس کی کتابیں	اور اس کے رسول

اس کے رب کی طرف سے اور مومنوں نے (بھی) سب ایمان لائے اللہ پر اور اسکے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اسکے رسولوں پر

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ق غُفْرَانَكَ

لَا نُفَرِّقُ	بَيْنَ	اَحَدٍ	مِّنْ رُّسُلِهٖ	وَقَالُوْا	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	غُفْرَانَكَ
نہیں ہم فرق کرتے	درمیان	کسی ایک	اس کے رسول کے	اور انہوں نے کہا	ہم نے سنا	اور ہم نے اطاعت کی	تیری بخشش

ہم اس کے رسولوں میں سے کسی ایک کے درمیان فرق نہیں کرتے اور انہوں نے کہا ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی تیری بخشش چاہیے

رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝٢٨٥ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا

رَبَّنَا	وَاِلَيْكَ	الْمَصِيْرُ	لَا يُكَلِّفُ	اللّٰهُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	لَهَا
ہمارے رب	اور تیری طرف	لوٹ کر جانا	نہیں تکلیف دیتا	اللہ	کسی کو	مگر	اس کی گنجائش	اسکے لئے

اے ہمارے رب! اور تیری طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی گنجائش (کے مطابق) اسکے لئے (اجر) ہے

مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ

مَا	كَسَبَتْ	وَعَلَيْهَا	مَا اكْتَسَبَتْ	رَبَّنَا	لَا تُؤَاخِذْنَآ	اِنْ	نَّسِيْنَآ
جو	اس نے کمایا	اور اس پر	جو اس نے کمایا	اے ہمارے رب	تو نہ پکڑ ہمیں	اگر	ہم بھول جائیں

جو اس نے کمایا، اور اس پر (عذاب) ہے جو اس نے کمایا، اے ہمارے رب! ہمیں نہ پکڑ، اگر ہم بھول جائیں

اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ

اَوْ	اَخْطَاْنَا	رَبَّنَا	وَلَا	تَحْمِلْ	عَلَيْنَآ	اِصْرًا	كَمَا	حَمَلْتَهٗ
یا	ہم چوکیں	اے ہمارے رب	اور نہ	ڈال	ہم پر	بوجھ	جیسے	تو نے ڈالا

یا ہم چوکیں، اے ہمارے رب! ہم پر بوجھ نہ ڈال، جیسے تو نے ڈالا

عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ

عَلَى	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِنَا	رَبَّنَا	وَلَا	تُحَمِّلْنَا	مَا	لَا طَاقَةَ	لَنَا	بِهٖ	وَاعْفُ
پر	جو لوگ	ہم سے پہلے	اے ہمارے رب	اور نہ	ہم سے اٹھوا	جو	نہ طاقت	ہم کو	اسکی	اور درگزر کر تو

ہم سے پہلے لوگوں پر، اے ہمارے رب! ہم سے نہ اٹھوا جس کی ہم کو طاقت نہیں، اور درگزر کر اور تو

عَنَّا وَقْفَهٗ وَاغْفِرْ لَنَا قِفْهٗ وَارْحَمْنَا قِفْهٗ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا

عَنَّا	وَاغْفِرْ لَنَا	وَارْحَمْنَا	اَنْتَ	مَوْلٰنَا	فَانْصُرْنَا
ہم سے	اور بخشدے ہمیں	اور ہم پر رحم کر	تو	ہمارا آقا	پس مدد کر ہماری

ہم سے، اور ہمیں بخشدے اور ہم پر رحم کر، تو ہمارا آقا ہے، پس ہماری مدد کر

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع

عَلَى	الْقَوْمِ	الْكٰفِرِيْنَ
پر	قوم	کافر (جمع)

کافروں کی قوم پر۔ (آمین)

اٰیاتھا ۲۰۰ | ۳ : سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ : ۸۹ | رکوعاتھا ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿۲﴾ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

الٓمّٓ	اللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	الْحَيُّ	الْقَيُّوْمُ	نَزَّلَ	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ
الف لام میم	اللہ	نہیں	معبود	اسکے سوا	ہمیشہ زندہ	سنبھالنے والا	اس نے اتاری	آپ پر	کتاب

الٓمّٓ! اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہمیشہ زندہ ہے (سب کا) سنبھالنے والا ہے۔ اس نے آپؐ پر کتاب اتاری

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۳﴾

بِالْحَقِّ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَاَنْزَلَ	التَّوْرٰىةَ	وَالْاِنْجِيْلَ
حق کے ساتھ	تصدیق کرتی	اس کیلئے جو	اس سے پہلی	اور اس نے اتاری	توریت	اور انجیل

حق کے ساتھ جو اس سے پہلی (کتابوں کی) تصدیق کرتی ہے، اور اس نے توریت اور انجیل اُتاری،

مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

مِنْ قَبْلُ	هُدًى	لِّلنَّاسِ	وَاَنْزَلَ	الْفُرْقَانَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
اس سے پہلے	ہدایت	لوگوں کے لئے	اور اُتارا	فرقان	بیشک	جنہوں نے

اس سے پہلے لوگوں کی ہدایت کے لئے، اور اس نے فرقان (حق کو باطل سے جدا کرنے والا قرآن) اتارا، بیشک جنہوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝۴

كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ	وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	ذُو انْتِقَامٍ
انکار کیا	آیتوں سے	اللہ	انکے لئے	عذاب	سخت	اور اللہ	زبردست	بدلہ لینے والا

اللہ کی آیتوں سے انکار کیا، ان کے لئے سخت عذاب ہے، اور اللہ زبردست ہے، بدلہ لینے والا۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ ۝۵ هُوَ

اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَخْفٰى	عَلَيْهِ	شَيْءٌ	فِى الْاَرْضِ	وَلَا	فِى السَّمَآءِ	هُوَ
بیشک	اللہ	نہیں چھپی ہوئی	اس پر	کوئی چیز	زمین میں	اور نہ	آسمان میں	وہی ہے

بیشک اللہ پر چھپی ہوئی نہیں کوئی چیز، زمین میں اور نہ آسمان میں، وہی تو ہے

الَّذِىْ يُصَوِّرُكُمْ فِى الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

الَّذِىْ	يُصَوِّرُكُمْ	فِى	الْاَرْحَامِ	كَيْفَ	يَشَآءُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	الْعَزِيْزُ
جو کہ	صورت بناتا ہے تمہاری	میں	رحم (جمع)	جیسے	وہ چاہے	نہیں معبود	اس کے سوا	زبردست

جو تمہاری صورت (نقشہ) بناتا ہے (ماں کے) رحم میں جیسے وہ چاہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زبردست ہے

الْحَكِيْمُ ۝۶ هُوَ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ

الْحَكِيْمُ	هُوَ	الَّذِىْٓ	اَنْزَلَ	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	مِنْهُ	اٰيٰتٌ	مُّحْكَمٰتٌ
حکمت والا	وہی	جس	نازل کی	آپ پر	کتاب	اس سے (میں)	آیتیں	محکم (پختہ)

حکمت والا۔ وہی تو ہے جس نے آپؐ پر کتاب نازل کی، اس میں محکم (پختہ) آیتیں ہیں

هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ

هُنَّ	اُمُّ الْكِتٰبِ	وَاُخَرُ	مُتَشٰبِهٰتٌ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	فِىْ	قُلُوْبِهِمْ	زَيْغٌ
وہ	کتاب کی اصل	اور دوسری	متشابہ	پس جو	جو لوگ	میں	انکے دل	کجی

وہ کتاب کی اصل ہیں، اور دوسری متشابہ (کئی معنی دینے والی) پس جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے

فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا

فَيَتَّبِعُوْنَ	مَا تَشَابَهَ	مِنْهُ	ابْتِغَآءَ	الْفِتْنَةِ	وَابْتِغَآءَ	تَاْوِيْلِهٖ	وَمَا
سو وہ پیروی کرتے ہیں	متشابہات	اس سے	چاہنا (غرض)	فساد۔ گمراہی	ڈھونڈنا	اس کا مطلب	اور نہیں

سو وہ اس سے متشابہات کی پیروی کرتے ہیں، فساد (گمراہی) کی غرض سے اور اس کا (غلط) مطلب ڈھونڈنے کی غرض سے، اور

يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ

يَعْلَمُ	تَاْوِيْلَهٗٓ	اِلَّا	اللّٰهُ	وَالرّٰسِخُوْنَ	فِي الْعِلْمِ	يَقُوْلُوْنَ	اٰمَنَّا	بِهٖ
جانتا	اس کا مطلب	سوائے	اللہ	اور مضبوط	علم میں	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اس پر

اس کا مطلب اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور مضبوط (پختہ) علم والے کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے

كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝٧ رَبَّنَا لَا

كُلٌّ	مِّنْ عِنْدِ	رَبِّنَا	وَمَا	يَذَّكَّرُ	اِلَّا	اُولُوا الْاَلْبَابِ	رَبَّنَا	لَا
سب	سے۔پاس (طرف)	ہمارا رب	اور نہیں	سمجھتے	مگر	عقل والے	اے ہمارے رب	نہ

سب ہمارے رب کی طرف سے ہے۔ اور نہیں سمجھتے مگر عقل والے (صرف عقل والے سمجھتے ہیں) اے ہمارے رب!

تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ

تُزِغْ	قُلُوْبَنَا	بَعْدَ	اِذْ	هَدَيْتَنَا	وَهَبْ	لَنَا	مِنْ	لَّدُنْكَ	رَحْمَةً
پھیر	ہمارے دل	بعد	جب	تو نے ہمیں ہدایت دی	اور عنایت فرما	ہمیں	سے	اپنے پاس	رحمت

ہمارے دل نہ پھیر اس کے بعد جبکہ تو نے ہمیں ہدایت دی، اور ہمیں عنایت فرما اپنے پاس سے رحمت،

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝٨ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

اِنَّكَ	اَنْتَ	الْوَهَّابُ	رَبَّنَا	اِنَّكَ	جَامِعُ	النَّاسِ	لِيَوْمٍ	لَا رَيْبَ
بیشک تو	تو	سب سے بڑا دینے والا	اے ہمارے رب	بیشک تو	جمع کرنیوالا	لوگوں	اس دن	نہیں شک

بیشک تو سب سے بڑا دینے والا ہے۔ اے ہمارے رب! بیشک تو لوگوں کو اس دن جمع کرنے والا ہے کوئی شک نہیں

فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝٩ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ ع ٩

فِيْهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَنْ
اس میں	بیشک	اللہ	نہیں خلاف کرتا	وعدہ	بیشک	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا	ہرگز نہ

اس میں (جس میں) بیشک اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا، ہرگز نہ

تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ

تُغْنِيَ	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ	وَلَآ	اَوْلَادُهُمْ	مِنَ	اللّٰهِ	شَيْـًٔا	وَاُولٰۗىِٕكَ
کام آئیں گے	ان کے	ان کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	سے	اللہ	کچھ	اور وہی

ان کے مال اُن کے کام آئیں گے، اور نہ ان کی اولاد، اللہ کے سامنے کچھ بھی، اور وہی

هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۝١٠ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

هُمْ	وَقُوْدُ	النَّارِ	كَدَاْبِ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	وَالَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ
وہ	ایندھن	آگ (دوزخ)	جیسے معاملہ	فرعون والے	اور وہ جو کہ	سے ان سے پہلے

وہ دوزخ کا ایندھن ہیں۔ جیسے فرعون والوں کا معاملہ ہوا، اور وہ جو اُن سے پہلے تھے،

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝١١

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	فَاَخَذَهُمُ	اللّٰهُ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَاللّٰهُ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ
انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتیں	سو انہیں پکڑا	اللہ	ان کے گناہوں پر	اور اللہ	سخت	عذاب

انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو اللہ نے انہیں ان کے گناہوں پر پکڑا، اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ

قُلْ	لِلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	سَتُغْلَبُوْنَ	وَتُحْشَرُوْنَ	اِلٰى	جَهَنَّمَ	وَبِئْسَ
کہدیں	وہ جو کہ	انہوں نے کفر کیا	عنقریب تم مغلوب ہوگے	اور تم ہانکے جاؤ گے	طرف	جہنم	اور برا

جن لوگوں نے کفر کیا انہیں کہہ دیں تم عنقریب مغلوب ہوگے اور جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے، اور وہ برا

الْمِهَادُ ۝١٢ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ

الْمِهَادُ	قَدْ	كَانَ	لَكُمْ	اٰيَةٌ	فِيْ	فِئَتَيْنِ	الْتَقَتَا	فِئَةٌ	تُقَاتِلُ
ٹھکانہ	البتہ	ہے	تمہارے لئے	ایک نشانی	میں	دو گروہ	وہ باہم مقابل ہوئے	ایک گروہ	لڑتا تھا

ٹھکانہ ہے۔ البتہ تمہارے لئے ان دو گروہوں میں نشانی ہے جو باہم مقابل ہوئے، ایک گروہ لڑتا تھا

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ

فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ	اُخْرٰى	كَافِرَةٌ	يَّرَوْنَهُمْ	مِّثْلَيْهِمْ	رَاْىَ الْعَيْنِ
میں	اللہ کی راہ	اور	دوسرا	کافر	وہ انہیں دکھائی دیتے	ان کے دو چند	کھلی آنکھیں

اللہ کی راہ میں، اور دوسرا کافر تھا، وہ انہیں کھلی آنکھوں سے اپنے سے دو چند دکھائی دیتے تھے،

وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝١٣

وَ	اللّٰهُ	يُؤَيِّدُ	بِنَصْرِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَعِبْرَةً	لِّاُولِي الْاَبْصَارِ
اور	اللہ	تائید کرتا ہے	اپنی مدد	جسے	وہ چاہتا ہے	بیشک	میں	اس	ایک عبرت	دیکھنے والوں کے لئے

اور اللہ اپنی مدد سے جسے چاہتا ہے تائید کرتا ہے، بیشک اس میں دیکھنے والوں (عقلمندوں) کیلئے ایک عبرت ہے۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ

زُيِّنَ	لِلنَّاسِ	حُبُّ	الشَّهَوٰتِ	مِنَ	النِّسَآءِ	وَالْبَنِيْنَ	وَالْقَنَاطِيْرِ
خوشنما کردی گئی	لوگوں کے لئے	محبت	مرغوب چیزیں	سے (مثلاً)	عورتیں	اور بیٹے	اور ڈھیر

اور لوگوں کے لئے مرغوب چیزوں کی محبت خوشنما کردی گئی ، مثلاً عورتیں ، اور بیٹے ، اور ڈھیر

الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ

الْمُقَنْطَرَةِ	مِنَ	الذَّهَبِ	وَالْفِضَّةِ	وَالْخَيْلِ	الْمُسَوَّمَةِ	وَالْاَنْعَامِ
جمع کئے ہوئے	سے	سونا	اور چاندی	اور گھوڑے	نشان زدہ	اور مویشی

جمع کئے ہوئے سونے اور چاندی کے ، اور نشان زدہ گھوڑے ، اور مویشی ،

وَالْحَرْثِ ۭ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾

وَالْحَرْثِ	ذٰلِكَ	مَتَاعُ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَاللّٰهُ	عِنْدَهٗ	حُسْنُ	الْمَاٰبِ
اور کھیتی	یہ	سازوسامان	زندگی	دنیا	اور اللہ	اسکے پاس	اچھا	ٹھکانہ

اور کھیتی ، یہ دنیا کی زندگی کا سازوسامان ہے ، اور اللہ کے پاس اچھا ٹھکانہ ہے۔

قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ

قُلْ	اَؤُنَبِّئُكُمْ	بِخَيْرٍ	مِّنْ	ذٰلِكُمْ	لِلَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	جَنّٰتٌ
کہدیں	کیا میں تمہیں بتاؤں	بہتر	سے	اس	ان لوگوں کیلئے جو	پرہیزگار ہیں	پاس	ان کا رب	باغات

کہدیں ، کیا میں تمہیں اس سے بہتر بتاؤں ؟ ان لوگوں کیلئے جو پرہیزگار ہیں ، ان کے رب کے پاس باغات ہیں ،

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ

تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَاَزْوَاجٌ	مُّطَهَّرَةٌ
جاری ہیں	سے	انکے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور بیبیاں	پاک

جن کے نیچے نہریں جاری (رواں) ہیں ، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے ، اور پاک بیبیاں

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

وَرِضْوَانٌ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌۢ	بِالْعِبَادِ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ
اور خوشنودی	سے	اللہ	اور اللہ	دیکھنے والا	بندوں کو	جو لوگ	کہتے ہیں

اور اللہ کی خوشنودی ، اور اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے - جو لوگ کہتے ہیں

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾

رَبَّنَآ	اِنَّنَآ	اٰمَنَّا	فَاغْفِرْ	لَنَا	ذُنُوْبَنَا	وَقِنَا	عَذَابَ	النَّارِ
اے ہمارے رب	بیشک ہم	ایمان لائے	سو بخشدے	ہمیں	ہمارے گناہ	اور ہمیں بچا	عذاب	دوزخ

اے ہمارے رب! بیشک ہم ایمان لائے، سو ہمیں ہمارے گناہ بخشدے، اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ

اَلصّٰبِرِيْنَ	وَالصّٰدِقِيْنَ	وَالْقٰنِتِيْنَ	وَالْمُنْفِقِيْنَ	وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ
صبر کرنے والے	اور سچے	اور حکم بجالانے والے	اور خرچ کرنے والے	اور بخشش مانگنے والے

اور صبر کرنے والے سچے، حکم بجا لانے والے، خرچ کرنے والے اور بخشش مانگنے والے

بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ

بِالْاَسْحَارِ	شَهِدَ	اللّٰهُ	اَنَّهٗ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	وَاُولُوا الْعِلْمِ
پچھلی رات میں	گواہی دی	اللہ	کہ وہ	نہیں معبود	سوائے اُس	اور فرشتے	اور علم والے

پچھلی رات میں۔ اللہ نے گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور فرشتوں اور علم والوں نے (بھی)،

قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ

قَآئِمًۢا	بِالْقِسْطِ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	اِنَّ	الدِّيْنَ	عِنْدَ اللّٰهِ
قائم (حاکم)	انصاف کے ساتھ	نہیں معبود	سوائے اُس	زبردست	حکمت والا	بیشک	دین	اللہ کے نزدیک

(وہی) حاکم ہے انصاف کے ساتھ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زبردست حکمت والا ہے۔ بیشک دین اللہ کے نزدیک

الْاِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ

الْاِسْلَامُ	وَمَا	اخْتَلَفَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَهُمُ
اسلام	اور نہیں	اختلاف کیا	وہ جنہیں	کتاب دی گئی	مگر	بعد سے	جب آگیا اُن کے پاس

اسلام ہے، اور جنہیں کتاب دی گئی (اہلِ کتاب) نے اختلاف نہیں کیا، مگر اس کے بعد جبکہ ان کے پاس آ گیا

الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

الْعِلْمُ	بَغْيًۢا	بَيْنَهُمْ	وَمَنْ	يَّكْفُرْ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ
علم	ضد	آپس میں	اور جو	انکار کرے	حکم (جمع)	اللہ	تو بیشک	اللہ	جلد

علم، آپس کی ضد سے، اور جو اللہ کی آیات (حکموں) کا انکار کرے تو بیشک اللہ جلد

الْحِسَابِ ﴿١٩﴾ فَإِنْ حَآجُّوكَ فَقُلْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ

الْحِسَابِ	فَإِنْ	حَآجُّوكَ	فَقُلْ	أَسْلَمْتُ	وَجْهِيَ	لِلّٰهِ	وَمَنِ	اتَّبَعَنِ
حساب	پھر اگر	وہ آپ سے جھگڑیں	تو کہدیں	میں نے جھکا دیا	اپنا منہ	اللہ کیلئے	اور جو جس	میری پیروی کی

حساب لینے والا ہے۔ پھر اگر وہ آپؐ سے جھگڑیں تو کہدیں میں نے اپنا منہ اللہ کے لئے جھکا دیا اور جس نے میری پیروی کی،

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْأُمِّيّٖنَ ءَأَسْلَمْتُمْ ؕ فَإِنْ أَسْلَمُوْا

وَقُلْ	لِّلَّذِيْنَ	أُوْتُوا الْكِتٰبَ	وَالْأُمِّيّٖنَ	ءَأَسْلَمْتُمْ	فَإِنْ	أَسْلَمُوْا
اور کہدیں	وہ جو کہ	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	اور ان پڑھ	کیا تم اسلام لائے	پس اگر	وہ اسلام لائے

اور آپؐ اہلِ کتاب اور ان پڑھوں سے کہہ دیں کیا تم اسلام لائے؟ پس اگر وہ اسلام لے آئے،

فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ

فَقَدِ اهْتَدَوْا	وَإِنْ	تَوَلَّوْا	فَإِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌۢ
تو انہوں نے راہ پالی	اور اگر	وہ منہ پھیریں	تو صرف	آپ پر	پہنچا دینا	اور اللہ	دیکھنے والا

تو انہوں نے راہ پالی، اور اگر وہ منہ پھیر لیں تو آپ پر صرف پہنچا دینا ہے، اور اللہ دیکھنے والا ہے

بِالْعِبَادِ ﴿٢٠﴾ إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

بِالْعِبَادِ	إِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَيَقْتُلُوْنَ	النَّبِيّٖنَ
بندوں کو	بیشک	وہ جو	انکار کرتے ہیں	آیتوں کا	اللہ	اور قتل کرتے ہیں	نبیوں کو

(اپنے) بندوں کو۔ بیشک جو لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں، اور نبیوں کو قتل کرتے ہیں

بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَأْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ

بِغَيْرِ حَقٍّ	وَيَقْتُلُوْنَ	الَّذِيْنَ	يَأْمُرُوْنَ	بِالْقِسْطِ	مِنَ النَّاسِ
ناحق	اور قتل کرتے ہیں	جو لوگ	حکم کرتے ہیں	انصاف کا	لوگوں سے

ناحق، اور انہیں قتل کرتے ہیں جو لوگ انصاف کا حکم کرتے ہیں،

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ ﴿٢١﴾ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ	أَلِيْمٍ	أُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	حَبِطَتْ	أَعْمَالُهُمْ	فِي الدُّنْيَا
سو انہیں خوشخبری دیں	عذاب	دردناک	یہی	وہ جو کہ	ضائع ہو گئے	ان کے عمل	دنیا میں

سو انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے عمل ضائع ہو گئے دنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٢﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا

وَالْاٰخِرَةِ	وَمَا	لَهُمْ	مِنْ	نّٰصِرِيْنَ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْا
اور آخرت	اور نہیں	ان کا	کوئی	مددگار	کیا نہیں دیکھا	طرف (کو)	وہ لوگ جو	دیا گیا

اور آخرت میں، اور ان کا کوئی مددگار نہیں۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جنہیں دیا گیا

نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ

نَصِيْبًا	مِّنَ	الْكِتٰبِ	يُدْعَوْنَ	اِلٰى	كِتٰبِ اللّٰهِ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	ثُمَّ
ایک حصہ	سے	کتاب	بلائے جاتے ہیں	طرف	اللہ کی کتاب	تاکہ وہ فیصلہ کرے	انکے درمیان	پھر

کتاب کا ایک حصہ، وہ اللہ کی کتاب کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے، پھر

يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا

يَتَوَلّٰى	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	وَهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا
پھر جاتا ہے	ایک فریق	ان سے	اور وہ	منہ پھیرنے والے	یہ	اس لئے کہ وہ	کہتے ہیں

ان کا ایک فریق پھر جاتا ہے، اور وہ منہ پھیرنے والے ہیں۔ یہ اس لئے ہے کہ وہ کہتے ہیں

لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۖ وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا

لَنْ تَمَسَّنَا	النَّارُ	اِلَّآ	اَيَّامًا	مَّعْدُوْدٰتٍ	وَّغَرَّهُمْ	فِيْ	دِيْنِهِمْ	مَا
ہمیں ہرگز نہ چھوئے گی	آگ	مگر	چند دن	گنتی کے	اور انہیں دھوکہ میں ڈالدیا	میں	ان کا دین	جو

ہمیں (دوزخ) کی آگ ہرگز نہ چھوئے گی مگر گنتی کے چند دن، اور انہیں ان کے دین (کے بارہ) میں دھوکہ میں ڈالدیا اسنے جو

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۗ وَ قف

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	فَكَيْفَ	اِذَا	جَمَعْنٰهُمْ	لِيَوْمٍ	لَّا رَيْبَ	فِيْهِ	وَ
وہ گھڑتے تھے	سو کیا	جب	انہیں ہم جمع کرینگے	اُس دن	نہیں شک	اس میں	اور

وہ گھڑتے تھے۔ سو کیا (حال ہوگا) جب ہم انہیں اُس دن جمع کریں گے جس میں کوئی شک نہیں، اور

وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ

وُفِّيَتْ	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّا	كَسَبَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	قُلِ	اللّٰهُمَّ
پورا پائے گا	ہر	شخص	جو	اس نے کمایا	اور وہ	حق تلفی نہ ہوگی	آپ کہیں	اے اللہ

ہر شخص پورا پورا پائے گا جو اُس نے کمایا، اور ان کی حق تلفی نہ ہوگی۔ آپ کہیں اے اللہ!

مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ

مٰلِكَ	الْمُلْكِ	تُؤْتِي	الْمُلْكَ	مَنْ	تَشَآءُ	وَتَنْزِعُ	الْمُلْكَ	مِمَّنْ
مالک	مُلک	تو دے	مُلک	جسے	تو چاہے	اور چھین لے	مُلک	جس سے

مالکِ مُلک تو جسے چاہے مُلک دے ، تو مُلک چھین لے جس سے

تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ

تَشَآءُ	وَتُعِزُّ	مَنْ	تَشَآءُ	وَتُذِلُّ	مَنْ	تَشَآءُ	بِيَدِكَ	الْخَيْرُ
تو چاہے	اور عزت دے	جسے	تو چاہے	اور ذلیل کر دے	جسے	تو چاہے	تیرے ہاتھ میں	تمام بھلائی

تو چاہے ، اور تو جسے تو چاہے عزت دے ، اور جسے چاہے ذلیل کر دے ، تیرے ہاتھ میں تمام بھلائی ہے

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ

اِنَّكَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	تُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَتُوْلِجُ
بیشک تو	پر	ہر	چیز	قادر	تو داخل کرتا ہے	رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے تو

بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے - تو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور داخل کرتا ہے

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫

النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ	وَتُخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ	الْمَيِّتِ	وَتُخْرِجُ	الْمَيِّتَ	مِنَ الْحَيِّ
دن	رات میں	اور تو نکالتا ہے	جاندار	سے	بے جان	اور تو نکالتا ہے	بے جان	سے جاندار

دن کو رات میں ، اور تو بے جان سے جاندار نکالتا ہے اور جاندار سے بے جان نکالتا ہے ،

وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ

وَتَرْزُقُ	مَنْ	تَشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	لَا يَتَّخِذِ	الْمُؤْمِنُوْنَ
اور تو رزق دیتا ہے	جسے	تو چاہے	بے حساب	نہ بنائیں	مومن (جمع)

اور جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے - مومن نہ بنائیں

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ

الْكٰفِرِيْنَ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَمَنْ	يَفْعَلْ	ذٰلِكَ
کافر (جمع)	دوست (جمع)	علاوہ (چھوڑ کر)	مومن (جمع)	اور جو	کرے	ایسا

مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست ، اور جو ایسا کرے

فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ

فَلَيْسَ	مِنَ	اللّٰهِ	فِيْ شَيْءٍ	اِلَّآ	اَنْ	تَتَّقُوْا	مِنْهُمْ	تُقٰىةً	وَيُحَذِّرُكُمُ
تو نہیں	سے	اللہ	کوئی تعلق	سوائے	کہ	بچاؤ کرو	ان سے	بچاؤ	اور ڈراتا ہے تمہیں

تو اس کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں، سوائے اس کے کہ تم ان سے بچاؤ کرو، اور اللہ تمہیں ڈراتا ہے

اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

اللّٰهُ	نَفْسَهٗ	وَاِلَى	اللّٰهِ	الْمَصِيْرُ	قُلْ	اِنْ	تُخْفُوْا	مَا	فِيْ	صُدُوْرِكُمْ
اللہ	اپنی ذات	اور طرف	اللہ	لوٹ جانا	کہدیں	اگر تم	چھپاؤ	جو	میں	تمہارے سینے (دل)

اپنی ذات سے، اور اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ کہدیں جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اگر تم چھپاؤ

اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اَوْ	تُبْدُوْهُ	يَعْلَمْهُ	اللّٰهُ	وَيَعْلَمُ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ
یا	تم ظاہر کرو	اسے جانتا ہے	اللہ	اور وہ جانتا ہے	جو	میں	آسمانوں	اور جو	زمین میں

یا اسے ظاہر کرو اللہ اسے جانتا ہے، اور وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ

وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يَوْمَ	تَجِدُ	كُلُّ	نَفْسٍ	مَّا عَمِلَتْ
اور اللہ	پر	ہر	چیز	قادر	دن	پائے گا	ہر	شخص	جو اس نے کی

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جس دن ہر شخص (موجود) پائے گا جو اس نے کی

مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَ

مِنْ	خَيْرٍ	مُّحْضَرًا	وَّمَا	عَمِلَتْ	مِنْ	سُوْٓءٍ	تَوَدُّ	لَوْ اَنَّ	بَيْنَهَا وَ
سے (کوئی)	نیکی	موجود	اور جو	اس نے کی	سے کوئی	برائی	آرزو کریگا	کاش کہ	اسکے درمیان اور

کوئی نیکی، اور جو اس نے کوئی برائی کی، وہ آرزو کرے گا کاش اس کے درمیان اور

بَيْنَهٗٓ اَمَدًا بَعِيْدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ

بَيْنَهٗ	اَمَدًا	بَعِيْدًا	وَيُحَذِّرُكُمُ	اللّٰهُ	نَفْسَهٗ	وَاللّٰهُ	رَءُوْفٌ
اسکے درمیان	فاصلہ	دُور	اور تمہیں ڈراتا ہے	اللہ	اپنی ذات	اور اللہ	شفقت کرنے والا

اُس (برائی) کے درمیان دُور کا فاصلہ ہوتا، اور اللہ تمہیں اپنی ذات سے ڈراتا ہے، اور اللہ شفقت کرنے والا ہے

بِالْعِبَادِ ﴿٣٠﴾ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ

بِالْعِبَادِ	قُلْ	اِنْ	كُنْتُمْ	تُحِبُّوْنَ	اللّٰهَ	فَاتَّبِعُوْنِيْ	يُحْبِبْكُمُ	اللّٰهُ
بندوں پر	آپ کہدیں	اگر	تم ہو	محبت رکھتے	اللہ	تو میری پیروی کرو	تم سے محبت کریگا	اللہ

بندوں پر آپ کہہ دیں اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا،

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣١﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

وَيَغْفِرْ لَكُمْ	ذُنُوْبَكُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَحِيْمٌ	قُلْ	اَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَ
اور تمہیں بخشدے گا	گناہ تمہارے	اور اللہ	بخشنے والا	مہربان	آپ کہدیں	تم اطاعت کرو	اللہ	اور

اور تمہارے گناہ بخش دے گا، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ کہہ دیں تم اطاعت کرو اللہ کی اور

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى

الرَّسُوْلَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْكٰفِرِيْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	اصْطَفٰى
رسول	پھر اگر	وہ پھر جائیں	تو بیشک	اللہ	نہیں دوست رکھتا	کافر (جمع)	بیشک	اللہ	چن لیا

رسول کی، پھر اگر وہ پھر جائیں تو بیشک اللہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔ بیشک اللہ نے چن لیا

اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٣﴾ ذُرِّيَّةًۢ

اٰدَمَ	وَنُوْحًا	وَاٰلَ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاٰلَ عِمْرٰنَ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	ذُرِّيَّةً
آدمؑ	اور نوحؑ	اور	ابراہیمؑ کا گھرانہ	اور عمران کا گھرانہ	پر	سارے جہان	اولاد

عَصَوْا	وَّكَانُوْا	يَعْتَدُوْنَ	لَيْسُوْا	سَوَآءً	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	اُمَّةٌ
انہوں نے نافرمانی کی	اور تھے	حد سے بڑھ جاتے	نہیں	برابر	سے (میں)	اہل کتاب	ایک جماعت

انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے بڑھ جاتے تھے۔ اہل کتاب میں سب برابر نہیں، ایک جماعت

قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ

قَآئِمَةٌ	يَّتْلُوْنَ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اٰنَآءَ الَّيْلِ	وَهُمْ	يَسْجُدُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ
قائم	وہ پڑھتے ہیں	اللہ کی آیات	اوقات۔رات	اور وہ	سجدہ کرتے ہیں	ایمان رکھتے ہیں

(سیدھی راہ پر) قائم ہے اور رات کے اوقات میں اللہ کی آیات پڑھتے ہیں، اور وہ سجدہ کرتے ہیں۔ وہ ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَيَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ
اللہ پر	اور	دن۔آخرت	اور حکم کرتے ہیں	اچھی بات کا	اور منع کرتے ہیں	سے	برے کام

اللہ پر اور آخرت کے دن پر، اور وہ اچھی بات کا حکم کرتے ہیں، اور برے کام سے روکتے ہیں

وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا

وَ	يُسَارِعُوْنَ	فِي	الْخَيْرٰتِ	وَ	اُولٰٓئِكَ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَمَا	يَفْعَلُوْا
اور	وہ دوڑتے ہیں	میں	نیک کام	اور	یہی لوگ	سے	نیکوکار (جمع)	اور جو	وہ کریں گے

اور وہ نیک کاموں میں دوڑتے ہیں، اور یہی لوگ نیکوکاروں میں سے ہیں - اور وہ جو کریں گے

مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

مِنْ	خَيْرٍ	فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ	بِالْمُتَّقِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
سے (کوئی)	نیکی	تو ہرگز ناقدری نہ ہوگی اس کی	اور اللہ	جاننے والا	پرہیزگاروں کو	بیشک	وہ لوگ جو

کوئی نیکی تو ہرگز اس کی ناقدری نہ ہوگی، اور اللہ پرہیزگاروں کو جاننے والا ہے - بیشک جن لوگوں نے

كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ

كَفَرُوْا	لَنْ تُغْنِيَ	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ	وَلَآ	اَوْلَادُهُمْ	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا
کفر کیا	ہرگز کام نہ آئے گا	اُن سے (کے)	اُن کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	اللہ سے (آگے)	کچھ

کفر کیا، ہرگز اللہ کے آگے اُن کے مال اور نہ اُن کی اولاد کچھ بھی کام آئیں گے،

وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ

وَاُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	مَثَلُ	مَا	يُنْفِقُوْنَ
اور یہی لوگ	آگ (دوزخ) والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	مثال	جو	خرچ کرتے ہیں

اور یہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے - اُن کی مثال جو خرچ کرتے ہیں

فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ

فِيْ	هٰذِهِ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	كَمَثَلِ	رِيْحٍ	فِيْهَا	صِرٌّ	اَصَابَتْ	حَرْثَ
میں	اس	زندگی	دُنیا	ایسی۔جیسے	ہوا	اس میں	پالا	وہ جا لگے	کھیتی

اس دنیا میں، ایسی ہے جیسے ہوا ہو، اس میں پالا ہو، وہ جا لگے کھیتی کو

قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ

قَوْمٍ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَاَهْلَكَتْهُ	وَمَا ظَلَمَهُمُ	اللّٰهُ	وَلٰكِنْ	اَنْفُسَهُمْ
قوم	اُنہوں نے ظلم کیا	جانیں اپنی	پھر اسکو ہلاک کردے	اور ظلم نہیں کیا ان پر	اللہ	بلکہ	اپنی جانیں

اس قوم کی جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، پھر اس کو تباہ کردے، اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ اپنی جانوں پر

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ

يَظْلِمُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	بِطَانَةً	مِّنْ	دُوْنِكُمْ
وہ ظلم کرتے ہیں	اے	جو ایمان لائے (ایمان والو)	نہ بناؤ	دوست (رازدار)	سے	سوائے۔ اپنے

خود ظلم کرتے ہیں۔ اے ایمان والو! اپنوں کے سوا کسی کو راز دار نہ بناؤ

لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ

لَا يَاْلُوْنَكُمْ	خَبَالًا	وَدُّوْا	مَا	عَنِتُّمْ	قَدْ بَدَتِ	الْبَغْضَآءُ	مِنْ
وہ کمی نہیں کرتے	خرابی	وہ چاہتے ہیں	کہ	تم تکلیف پاؤ	البتہ ظاہر ہو چکی	دشمنی	سے

وہ تمہاری خرابی میں کمی نہیں کرتے، وہ چاہتے ہیں کہ تم تکلیف پاؤ، (ان کی) دشمنی ظاہر ہو چکی ہے

اَفْوَاهِهِمْ ۖ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

اَفْوَاهِهِمْ	وَمَا	تُخْفِيْ	صُدُوْرُهُمْ	اَكْبَرُ	قَدْ بَيَّنَّا	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ
اُن کے منہ	اور جو	چھپا ہوا	اُن کے سینے	بڑا	ہم نے کھول کر بیان کر دیا	تمہارے لئے	آیات

اُن کے منہ سے، اور جو ان کے سینوں میں چھپا ہوا ہے وہ (اس سے بھی) بڑا ہے، ہم نے تمہارے لئے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں

اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ

اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْقِلُوْنَ	هٰٓاَنْتُمْ	اُولَآءِ	تُحِبُّوْنَهُمْ	وَلَا	يُحِبُّوْنَكُمْ
اگر	تم ہو	عقل رکھتے	سُن لو۔ تم	وہ لوگ	تم دوست رکھتے ہو اُن کو	اور نہیں	وہ دوست رکھتے تمہیں

اگر تم عقل رکھتے ہو۔ سُن لو! تم وہ لوگ ہو جو ان کو دوست رکھتے ہو اور وہ تمہیں دوست نہیں رکھتے

وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا

وَتُؤْمِنُوْنَ	بِالْكِتٰبِ	كُلِّهٖ	وَاِذَا	لَقُوْكُمْ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	وَاِذَا	خَلَوْا
اور تم ایمان رکھتے ہو	کتاب پر	سب	اور جب	وہ تم سے ملتے ہیں	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب	اکیلے ہوتے ہیں

اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو، اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے، اور جب اکیلے ہوتے ہیں

عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ

عَضُّوْا	عَلَيْكُمُ	الْاَنَامِلَ	مِنَ	الْغَيْظِ	قُلْ	مُوْتُوْا	بِغَيْظِكُمْ	اِنَّ
وہ کاٹتے ہیں	تم پر	اُنگلیاں	سے	غصہ	کہہ دیجئے	تم مر جاؤ	اپنے غصہ میں	بیشک

تو وہ تم پر غصہ سے اُنگلیاں کاٹتے ہیں، کہہ دیجئے! تم اپنے غصہ میں مر جاؤ، بیشک

اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَ

اللّٰهَ	عَلِيْمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اِنْ	تَمْسَسْكُمْ	حَسَنَةٌ	تَسُؤْهُمْ	وَ
اللہ	جاننے والا	سینے والی (دل کی باتیں)	اگر	پہنچے تمہیں	کوئی بھلائی	انہیں بُری لگتی ہے	اور

اللہ دل کی باتوں کو (خوب) جاننے والا ہے۔ اگر تمہیں کوئی بھلائی پہنچے تو انہیں بُری لگتی ہے، اور

اِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ

اِنْ	تُصِبْكُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّفْرَحُوْا	بِهَا	وَاِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا	لَا يَضُرُّكُمْ
اگر	تمہیں پہنچے	کوئی برائی	وہ خوش ہوتے ہیں	اس سے	اور اگر	تم صبر کرو	اور پرہیزگاری کرو	نہ بگاڑ سکے گا تمہارا

اگر تمہیں کوئی بُرائی پہنچے تو وہ اس سے خوش ہوتے ہیں، اور اگر تم صبر کرو، اور پرہیزگاری کرو، تمہارا نہ بگاڑ سکے گا

ع ۱۲ ۱۱ ۳

كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ وَاِذْ غَدَوْتَ

كَيْدُهُمْ	شَيْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ	وَاِذْ	غَدَوْتَ
ان کا فریب	کچھ	بیشک	اللہ	جو کچھ	وہ کرتے ہیں	گھیرے ہوئے ہے	اور جب	آپ صبح سویرے

ان کا فریب کچھ بھی، بیشک جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اسے گھیرے ہوئے ہے، اور جب آپ صبح سویرے نکلے

مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾

مِنْ	اَهْلِكَ	تُبَوِّئُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَقَاعِدَ	لِلْقِتَالِ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ
سے	اپنے گھر	بٹھانے لگے	مومن (جمع)	ٹھکانے	جنگ کے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا

اپنے گھر سے مومنوں کو جنگ کے مورچوں پر بٹھانے لگے، اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے،

اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ

اِذْ	هَمَّتْ	طَّآئِفَتٰنِ	مِنْكُمْ	اَنْ	تَفْشَلَا	وَاللّٰهُ	وَلِيُّهُمَا	وَ عَلَى اللّٰهِ
جب	ارادہ کیا	دو گروہ	تم سے	کہ	ہمت ہار دیں	اور اللہ	ان کا مددگار	اور اللہ پر

جب تم میں سے دو گروہوں نے ارادہ کیا کہ ہمت ہار دیں، اور اللہ ان کا مددگار تھا، اور اللہ پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ

فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَلَقَدْ	نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ	بِبَدْرٍ	وَاَنْتُمْ
چاہیئے بھروسہ کریں	مومن	اور البتہ	مدد کر چکا تمہاری	اللہ	بدر میں	جب کہ تم

چاہیئے کہ مومن بھروسہ کریں۔ اور البتہ اللہ تمہاری بدر میں مدد کر چکا ہے، جبکہ تم

أَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٢٣﴾ إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ

أَذِلَّةٌ	فَاتَّقُوا	اللَّهَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ	إِذْ تَقُولُ	لِلْمُؤْمِنِينَ
کمزور	تو ڈرو	اللہ	تاکہ تم	شکرگزار ہو	جب آپ کہنے لگے	مومنوں کو

کمزور (سمجھے جاتے) تھے، تو اللہ سے ڈرو تاکہ تم شکرگزار ہو۔ جب آپ مومنوں کو کہتے تھے

أَلَنْ يَكْفِيَكُمْ أَنْ يُمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ

أَلَنْ يَكْفِيَكُمْ	أَنْ	يُمِدَّكُمْ	رَبُّكُمْ	بِثَلَاثَةِ آلَافٍ	مِنَ	الْمَلَائِكَةِ
کیا کافی نہیں تمہارے لئے	کہ	مدد کرے تمہاری	تمہارا رب	تین ہزار سے	سے	فرشتے

کیا تمہارے لئے یہ کافی نہیں؟ کہ تمہارا رب تمہاری مدد کرے تین ہزار فرشتوں سے

مُنْزَلِينَ ﴿١٢٤﴾ بَلَىٰ إِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا وَيَأْتُوكُمْ مِنْ فَوْرِهِمْ

مُنْزَلِينَ	بَلَىٰ	إِنْ	تَصْبِرُوا	وَتَتَّقُوا	وَيَأْتُوكُمْ	مِنْ	فَوْرِهِمْ
اُتارے ہوئے	کیوں نہیں	اگر	تم صبر کرو	اور پرہیزگاری کرو	اور تم پر آئیں	سے	فوراً۔ وہ

اُتارے ہوئے؟ کیوں نہیں اگر تم صبر کرو، اور پرہیزگاری کرو، اور وہ تم پر فوراً چڑھ آئیں

هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُسَوِّمِينَ ﴿١٢٥﴾

هٰذَا	يُمْدِدْكُمْ	رَبُّكُمْ	بِخَمْسَةِ آلَافٍ	مِنَ	الْمَلَائِكَةِ	مُسَوِّمِينَ
یہ	مدد کرے گا تمہاری	تمہارا رب	پانچ ہزار	سے	فرشتے	نشان زدہ

تو تمہارا رب یہ تمہاری مدد کرے گا پانچ ہزار نشان زدہ فرشتوں سے۔

وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُمْ بِهِ ۚ وَمَا

وَمَا	جَعَلَهُ	اللَّهُ	إِلَّا	بُشْرَىٰ	لَكُمْ	وَلِتَطْمَئِنَّ	قُلُوبُكُمْ	بِهِ	وَمَا
اور نہیں	کیا۔ یہ	اللہ	مگر (صرف)	خوشخبری	تمہارے لئے	اور اس لئے اطمینان ہو	تمہارے دل	اس سے	اور نہیں

اور یہ اللہ نے صرف تمہاری خوشخبری کے لئے کیا، اور اس لئے کہ اس سے تمہارے دلوں کو اطمینان ہو اور نہیں

النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿١٢٦﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِنَ الَّذِينَ

النَّصْرُ	إِلَّا	مِنْ	عِنْدِ اللَّهِ	الْعَزِيزِ	الْحَكِيمِ	لِيَقْطَعَ	طَرَفًا	مِنَ	الَّذِينَ
مدد	مگر (صرف)	سے	اللہ کے پاس	غالب	حکمت والا	تاکہ کاٹ ڈالے	گروہ	سے	وہ لوگ جو

مدد مگر (صرف) اللہ کے پاس سے ہے جو غالب، حکمت والا ہے۔ تاکہ وہ ان لوگوں کے ایک گروہ کو کاٹ ڈالے جنہوں نے

كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ

كَفَرُوْا	اَوْ	يَكْبِتَهُمْ	فَيَنْقَلِبُوْا	خَآئِبِيْنَ	لَيْسَ لَكَ	مِنَ	الْاَمْرِ
انہوں نے کفر کیا	یا	انہیں ذلیل کرے	تو وہ لوٹ جائیں	نامراد	نہیں۔ آپؐ کے لئے	سے	کام (دخل)

کفر کیا، یا انہیں ذلیل کر دے تو وہ نامراد لوٹ جائیں - آپؐ کا اس میں دخل نہیں

شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ

شَيْءٌ	اَوْ يَتُوْبَ	عَلَيْهِمْ	اَوْ	يُعَذِّبَهُمْ	فَاِنَّهُمْ	ظٰلِمُوْنَ	وَلِلّٰهِ
کچھ	خواہ توبہ قبول کرے	ان کی	یا	انہیں عذاب دے	کیونکہ وہ	ظالم (جمع)	اور اللہ کے لئے

کچھ بھی، خواہ (اللہ) ان کی توبہ قبول کرے یا انہیں عذاب دے، کیونکہ وہ ظالم ہیں۔ اور اللہ ہی کے لئے ہے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	يَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَيُعَذِّبُ
جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	وہ بخشدے	جس کو	چاہے	اور عذاب دے

جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، اور جس کو چاہے بخشدے، اور عذاب دے

ع ۱۳ ۹ ۴

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا

مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَاْكُلُوا
جس	چاہے	اور اللہ	بخشنے والا	مہربان	اے	جو ایمان لائے (ایمان والے)	نہ کھاؤ

جس کو چاہے، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے - ایمان والو! نہ کھاؤ

الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا

الرِّبٰوٓا	اَضْعَافًا	مُّضٰعَفَةً	وَّاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاتَّقُوا
سُود	دُوگنا	دوگنا ہوا (چوگنا)	اور ڈرو	اللہ	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور ڈرو

سُود دوگنا، چوگنا، اور اللہ سے ڈرو، تاکہ تم فلاح پاؤ - اور ڈرو

النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

النَّارَ	الَّتِيْٓ	اُعِدَّتْ	لِلْكٰفِرِيْنَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
آگ	جو کہ	تیار کی گئی	کافروں کے لئے	اور حکم مانو تم	اللہ	اور رسول	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے

اُس آگ سے جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے - اور تم اللہ اور رسولؐ کا حکم مانو تاکہ تم پر رحم کیا جائے -

وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَ

وَسَارِعُوْا	اِلٰى	مَغْفِرَةٍ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	وَجَنَّةٍ	عَرْضُهَا	السَّمٰوٰتُ	وَ
اور دوڑو	طرف	بخشش	سے	اپنا رب	اور جنت	اس کا عرض	آسمان (جمع)	اور

اور دوڑو اپنے رب کی بخشش اور جنت کی طرف ، جس کا عرض آسمانوں اور

الْاَرْضُ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ

الْاَرْضُ	اُعِدَّتْ	لِلْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	فِي السَّرَّآءِ	وَالضَّرَّآءِ
زمین	تیار کی گئی	پرہیزگاروں کے لئے	جو لوگ	خرچ کرتے ہیں	خوشی میں	اور تکلیف

زمین (کے برابر) ہے تیار کی گئی ہے پرہیزگاروں کے لئے۔ جو خرچ کرتے ہیں خوشی (خوشحالی) اور تکلیف میں ،

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

وَالْكٰظِمِيْنَ	الْغَيْظَ	وَالْعَافِيْنَ	عَنِ	النَّاسِ	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ
اور پی جاتے ہیں	غصہ	اور معاف کرتے ہیں	سے	جو لوگ	اور اللہ	دوست رکھتا ہے	احسان کرنے والے

اور پی جاتے ہیں غصہ، اور معاف کر دیتے ہیں لوگوں کو، اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ

وَالَّذِيْنَ	اِذَا	فَعَلُوْا	فَاحِشَةً	اَوْ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	ذَكَرُوا اللّٰهَ
اور وہ لوگ جو	جب	وہ کریں	کوئی بے حیائی	یا	ظلم کریں	اپنے تئیں	وہ اللہ کو یاد کریں

اور وہ لوگ جو کوئی بے حیائی کریں یا اپنے تئیں کوئی ظلم کر بیٹھیں ، تو وہ اللہ کو یاد کریں ،

فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۡ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۡ

فَاسْتَغْفَرُوْا	لِذُنُوْبِهِمْ	وَمَنْ	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ	اِلَّا اللّٰهُ
پھر بخشش مانگیں	اپنے گناہوں کے لئے	اور کون	بخشتا ہے	گناہ	اللہ کے سوا

پھر اپنے گناہوں کے لئے بخشش مانگیں ، اور کون گناہ بخشتا ہے اللہ کے سوا؟

وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰۗىِٕكَ

وَلَمْ	يُصِرُّوْا	عَلٰى	مَا فَعَلُوْا	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اُولٰۗىِٕكَ
اور نہ	وہ اڑیں	پر	جو انہوں نے کیا	اور وہ	جانتے ہیں	یہی لوگ

اور جو انہوں نے کیا اس پر نہ اڑیں ، اور وہ جانتے ہیں۔ ایسے ہی لوگوں کی

جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا

جَزَآؤُهُمْ	مَغْفِرَةٌ	مِنْ	رَّبِّهِمْ	وَجَنّٰتٌ	تَجْرِیْ	مِنْ	تَحْتِهَا
اُن کی جزا	بخشش	سے	ان کا رب	اور باغات	بہتی ہیں	سے	اس کے نیچے

جزا اُن کے رب کی طرف سے بخشش اور باغات ہیں جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ ﴿۱۳۶﴾ قَدْ خَلَتْ

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِیْنَ	فِیْهَا	وَنِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِیْنَ	قَدْ خَلَتْ
نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور کیسا اچھا	بدلہ	کام کرنے والے	گزر چکی

نہریں، وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے، اور کیسا اچھا بدلہ ہے کام کرنے والوں کا! گزر چکے ہیں

مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَیْفَ

مِنْ قَبْلِكُمْ	سُنَنٌ	فَسِیْرُوْا	فِی الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَیْفَ
تم سے پہلے	واقعات	تو چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا

تم سے پہلے طریقے (واقعات) تو زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًی

كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِیْنَ	هٰذَا	بَیَانٌ	لِلنَّاسِ	وَهُدًی
ہوا	انجام	جھٹلانے والے	یہ	بیان	لوگوں کے لئے	اور ہدایت

انجام ہوا جھٹلانے والوں کا! یہ بیان ہے لوگوں کے لئے، اور ہدایت،

وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ

وَمَوْعِظَةٌ	لِّلْمُتَّقِیْنَ	وَلَا تَهِنُوْا	وَلَا تَحْزَنُوْا	وَاَنْتُمُ	الْاَعْلَوْنَ
اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	اور سست نہ پڑو	اور غم نہ کھاؤ	اور تم	غالب

اور نصیحت پرہیزگاروں کے لئے۔ اور تم سست نہ پڑو، اور غم نہ کھاؤ، اور تم ہی غالب رہو گے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ یَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ

اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِیْنَ	اِنْ	یَّمْسَسْكُمْ	قَرْحٌ	فَقَدْ	مَسَّ	الْقَوْمَ
اگر تم ہو	ایمان والے	اگر	تمہیں پہنچا	زخم	تو البتہ	پہنچا	قوم

اگر تم ایمان والے ہو۔ اگر تم کو زخم پہنچا تو البتہ پہنچا ہے اس قوم کو (بھی)

قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ

قَرْحٌ	مِّثْلُهٗ	وَتِلْكَ	الْاَيَّامُ	نُدَاوِلُهَا	بَيْنَ النَّاسِ	وَلِيَعْلَمَ	اللّٰهُ
زخم	اس جیسا	اور یہ	ایام	ہم باری باری بدلتے ہیں انکو	لوگوں کے درمیان	اور تاکہ معلوم کرلے	اللہ

اس جیسا ہی زخم، اور یہ دن ہیں ہم لوگوں کے درمیان باری باری بدلتے رہتے ہیں، اور تاکہ اللہ معلوم کرلے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَيَتَّخِذَ	مِنْكُمْ	شُهَدَآءَ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	الظّٰلِمِيْنَ
جو لوگ	ایمان لائے	اور بنائے	تم سے	شہید (جمع)	اور اللہ	دوست نہیں رکھتا	ظالم (جمع)

ان لوگوں کو جو ایمان لائے، اور تم میں سے (بعض کو) شہید بنائے (درجۂ شہادت دے) اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ

وَلِيُمَحِّصَ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَيَمْحَقَ	الْكٰفِرِيْنَ	اَمْ حَسِبْتُمْ
اور تاکہ پاک صاف کردے	اللہ	جو لوگ ایمان لائے	اور مٹادے	کافر (جمع)	کیا تم سمجھتے ہو؟

اور تاکہ اللہ پاک صاف کردے ان لوگوں کو جو ایمان لائے، اور مٹا دے کافروں کو - کیا تم یہ سمجھتے ہو؟

اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَ

اَنْ	تَدْخُلُوا	الْجَنَّةَ	وَلَمَّا	يَعْلَمِ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	جٰهَدُوْا	مِنْكُمْ	وَ
کہ	تم داخل ہوگے	جنت	اور ابھی نہیں	اللہ نے معلوم کیا	جو لوگ	جہاد کرنے والے	تم میں سے	اور

کہ تم جنت میں داخل ہوگے اور ابھی اللہ نے معلوم نہیں کیا (امتحان لیا) جو تم میں سے جہاد کرنے والے ہیں، اور

يَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۖ

يَعْلَمَ	الصّٰبِرِيْنَ	وَلَقَدْ	كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ	الْمَوْتَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَلْقَوْهُ
معلوم کیا	صبر کرنے والے	اور البتہ	تم تمنا کرتے تھے	موت	سے قبل	کہ	تم اس سے ملو

صبر کرنے والے ہیں - اور البتہ تم اس سے ملنے سے قبل موت کی تمنا کرتے تھے،

ع ۱۴ ۵

فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ

فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ	وَاَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ	وَمَا	مُحَمَّدٌ	اِلَّا	رَسُوْلٌ	قَدْ خَلَتْ
تو اب تم نے اسے دیکھ لیا	اور تم	دیکھتے ہو	اور نہیں	محمد ﷺ	مگر (تو)	ایک رسول	البتہ گزرے

تو اب تم نے اسے (موت کو) دیکھ لیا اور تم اسے (اپنی آنکھوں سے) دیکھ رہے ہو۔ اور محمد ﷺ تو ایک رسول ہیں، البتہ گزر چکے ہیں

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَ

مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ	اَفَاۡئِنْ	مَاتَ	اَوْ	قُتِلَ	انْقَلَبْتُمْ	عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ	وَ
ان سے پہلے	رسول (جمع)	کیا پھر اگر	وہ وفات پالیں	یا	قتل ہو جائیں	تم پھر جاؤ گے	اپنی ایڑیوں پر	اور

ان سے پہلے بہت سے رسول، پھر اگر وہ وفات پالیں یا قتل ہو جائیں تو کیا تم اپنی ایڑیوں پر (اُلٹے پاؤں) لوٹ جاؤ گے؟ اور

مَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ

مَنْ	يَّنْقَلِبْ	عَلٰى عَقِبَيْهِ	فَلَنْ يَّضُرَّ	اللّٰهَ	شَيْـًٔا	وَ	سَيَجْزِى اللّٰهُ
جو	پھر جائے	اپنی ایڑیوں پر	تو ہرگز نہ بگاڑے گا	اللہ	کچھ بھی	اور	جلد جزا دے گا اللہ

جو اپنی ایڑیوں پر (اُلٹے پاؤں) پھر جائے تو وہ ہرگز اللہ کا کچھ نہ بگاڑے گا، اور اللہ جلد جزا دے گا

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا

الشّٰكِرِيْنَ	وَمَا كَانَ	لِنَفْسٍ	اَنْ	تَمُوْتَ	اِلَّا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	كِتٰبًا
شکر کرنے والے	اور نہیں	کسی شخص کے لئے	کہ	وہ مرے	بغیر	حکم سے	اللہ	لکھا ہوا

شکر کرنے والوں کو۔ اور کسی شخص کے لئے (ممکن) نہیں کہ وہ اللہ کے حکم کے بغیر مر جائے، لکھا ہوا ہے

مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ

مُّؤَجَّلًا	وَمَنْ	يُّرِدْ	ثَوَابَ	الدُّنْيَا	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَمَنْ	يُّرِدْ
مقررہ وقت	اور جو	چاہے گا	انعام	دنیا	ہم دیں گے اسکو	اس سے	اور جو	چاہے گا

ایک مقررہ وقت، اور جو دنیا کا انعام چاہے گا ہم اُسے اس میں سے دیں گے، اور جو چاہے گا

ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ

ثَوَابَ	الْاٰخِرَةِ	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَسَنَجْزِى	الشّٰكِرِيْنَ	وَكَاَيِّنْ	مِّنْ نَّبِيٍّ
بدلہ	آخرت	ہم دیں گے اسکو	اس سے	اور ہم جلد جزا دیں گے	شکر کرنے والے	اور بہت سے	نبی

آخرت کا بدلہ ہم اُسے اس میں سے دیں گے، اور ہم شکر کرنے والوں کو جلد جزا دیں گے۔ اور بہت سے نبی (ہوئے ہیں)

قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَاۤ اَصَابَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

قٰتَلَ	مَعَهٗ	رِبِّيُّوْنَ	كَثِيْرٌ	فَمَا	وَهَنُوْا	لِمَا	اَصَابَهُمْ	فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
لڑے	ان کے ساتھ	اللہ والے	بہت	پس نہ	سست پڑے	بسبب جو	انہیں پہنچے	میں اللہ کی راہ

ان کے ساتھ (مل کر) بہت سے اللہ والے لڑے، پس وہ سست نہ پڑے (ان مصیبتوں) کے سبب جو انہیں اللہ کی راہ میں پہنچی

وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ

وَمَا	ضَعُفُوْا	وَمَا اسْتَكَانُوْا	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الصّٰبِرِيْنَ	وَمَا كَانَ	قَوْلَهُمْ
اور نہ	انہوں نے کمزوری کی	اور نہ دب گئے	اور اللہ	دوست رکھتا ہے	صبر کرنے والے	اور نہ تھا	اُن کا کہنا

اور نہ انہوں نے کمزوری (ظاہر) کی اور نہ دب گئے، اور اللہ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور اُن کا کہنا نہ تھا

اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ

اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْا	رَبَّنَا	اغْفِرْ لَنَا	ذُنُوْبَنَا	وَاِسْرَافَنَا	فِيْٓ اَمْرِنَا	وَثَبِّتْ
سوائے	کہ	انہوں نے دعا کی	اے ہمارے رب	بخشدے ہم کو	ہمارے گناہ	اور ہماری زیادتی	ہمارے کام میں	اور ثابت رکھ

اس کے سوائے کہ انہوں نے دعا کی، اے ہمارے رب! ہمیں بخشدے ہمارے گناہ، اور ہماری زیادتی ہمارے کام میں، اور ثابت رکھ

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ

اَقْدَامَنَا	وَانْصُرْنَا	عَلَى	الْقَوْمِ	الْكٰفِرِيْنَ	فَاٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	ثَوَابَ
ہمارے قدم	اور ہماری مدد فرما	پر	قوم	کافر (جمع)	تو انہیں دیا	اللہ	انعام

ہمارے قدم، اور کافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما۔ تو اللہ نے انہیں انعام دیا

الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ۱۵ ۵ ۶

الدُّنْيَا	وَحُسْنَ	ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا
دنیا	اور اچھا	انعام آخرت	اور اللہ	دوست رکھتا ہے	احسان کرنے والے	اے

دنیا کا اور آخرت کا اچھا انعام، اور اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اِنْ	تُطِيْعُوا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	يَرُدُّوْكُمْ	عَلٰٓى	اَعْقَابِكُمْ
لوگ جو ایمان لائے	اگر	تم کہا مانو گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	وہ تمہیں پھیر دیں گے	پر	تمہاری ایڑیاں

ایمان والو! اگر تم کافروں کا کہا مانو گے تو وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں پر (اُلٹے پاؤں) پھیر دیں گے

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾

فَتَنْقَلِبُوْا	خٰسِرِيْنَ	بَلِ	اللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ	وَهُوَ	خَيْرُ	النّٰصِرِيْنَ
پھر تم پلٹ جاؤ گے	گھاٹے میں	بلکہ	اللہ	تمہارا مددگار	اور وہ	بہتر	مددگار (جمع)

پھر تم گھاٹے میں پلٹ جاؤ گے۔ بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے۔

سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا

سَنُلْقِيْ	فِيْ	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ كَفَرُوا	الرُّعْبَ	بِمَآ اَشْرَكُوْا	بِاللّٰهِ	مَا
عنقریب ہم ڈالدیں گے	میں	دل (جمع)	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ہیبت	اس لئے کہ انہوں نے شریک کیا	اللہ کا	جس

ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈال دیں گے اس لئے کہ انہوں نے اللہ کا شریک کیا جس کی

لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَّمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

لَمْ يُنَزِّلْ	بِهٖ	سُلْطٰنًا	وَّمَاْوٰىهُمُ	النَّارُ	وَبِئْسَ	مَثْوَى	الظّٰلِمِيْنَ
نہیں اُتاری	اس کی	کوئی سند	اور اُن کا ٹھکانہ	دوزخ	اور بُرا	ٹھکانہ	ظالم (جمع)

اس نے کوئی سند نہیں اتاری، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور بُرا ٹھکانہ ہے ظالموں کا۔

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا

وَ	لَقَدْ صَدَقَكُمُ	اللّٰهُ	وَعْدَهٗ	اِذْ	تَحُسُّوْنَهُمْ	بِاِذْنِهٖ	حَتّٰٓى	اِذَا
اور	البتہ سچا کر دیا تم سے	اللہ	اپنا وعدہ	جب	تم قتل کرنے لگے انہیں	اس کے حکم سے	یہاں تک کہ	جب

اور البتہ اللہ نے تم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا جب تم انہیں اُس کے حکم سے قتل کرنے لگے یہاں تک کہ جب

فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا

فَشِلْتُمْ	وَتَنَازَعْتُمْ	فِي الْاَمْرِ	وَعَصَيْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	مَآ اَرٰىكُمْ	مَا
تم نے بزدلی کی	اور جھگڑا کیا	کام میں	اور تم نے نافرمانی کی	اس کے بعد	جب تمہیں دکھایا	جو

تم نے بزدلی کی، اور کام میں جھگڑا کیا، اور اس کے بعد نافرمانی کی، جبکہ تمہیں دکھایا جو

تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ

تُحِبُّوْنَ	مِنْكُمْ	مَنْ يُّرِيْدُ	الدُّنْيَا	وَمِنْكُمْ	مَنْ يُّرِيْدُ	الْاٰخِرَةَ
تم چاہتے تھے	تم سے	جو چاہتا تھا	دنیا	اور تم سے	جو چاہتا تھا	آخرت

تم چاہتے تھے، تم میں سے کوئی دنیا چاہتا تھا، اور تم میں سے کوئی آخرت چاہتا تھا،

ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

ثُمَّ	صَرَفَكُمْ	عَنْهُمْ	لِيَبْتَلِيَكُمْ	وَلَقَدْ	عَفَا	عَنْكُمْ	وَاللّٰهُ
پھر	تمہیں پھیر دیا	ان سے	تاکہ تمہیں آزمائے	اور تحقیق	معاف کیا	تم سے (تمہیں)	اور اللہ

پھر اس نے تمہیں اُن سے پھیر دیا تاکہ تمہیں آزمائے، اور تحقیق اس نے تمہیں معاف کر دیا، اور اللہ

ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ

ذُوْ فَضْلٍ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ	تُصْعِدُوْنَ	وَلَا تَلْوٗنَ	عَلٰٓى اَحَدٍ
فضل کرنے والا	پر	مومن (جمع)	جب	تم چڑھتے تھے	اور مڑ کر نہ دیکھتے تھے	کسی کو

مومنوں پر فضل کرنے والا ہے۔ جب تم (منہ اٹھا کر) چڑھتے جاتے تھے اور کسی کو پیچھے مڑ کر نہ دیکھتے تھے

وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا

وَالرَّسُوْلُ	يَدْعُوْكُمْ	فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ	فَاَثَابَكُمْ	غَمًّۢا بِغَمٍّ	لِّكَيْلَا	تَحْزَنُوْا
اور رسولؐ	تمہیں پکارتے تھے	تمہارے پیچھے سے	پھر تمہیں پہنچایا	غم کے عوض غم	تاکہ نہ	تم غم کرو

اور رسولؐ تمہارے پیچھے سے تمہیں پکارتے تھے، پھر تمہیں غم کے عوض غم پہنچا، تاکہ تم غم نہ کرو

عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾

عَلٰى	مَا فَاتَكُمْ	وَلَا	مَآ	اَصَابَكُمْ	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ
پر	جو تم سے نکل گیا	اور نہ	جو	تمہیں پیش آئے	اور اللہ	باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو

اس پر جو (تمہارے ہاتھ سے) نکل گیا اور نہ (اس پر) جو تمہیں پیش آئے، اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَاۗىِٕفَةً

ثُمَّ	اَنْزَلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	الْغَمِّ	اَمَنَةً	نُّعَاسًا	يَّغْشٰى	طَاۗىِٕفَةً
پھر	اس نے اتارا	تم پر	بعد	غم	امن	اونگھ	ڈھانک لیا	ایک جماعت

پھر اس نے تم پر غم کے بعد امن اونگھ (کی صورت میں) اتاری، ایک جماعت کو ڈھانک لیا

مِّنْكُمْ ۙ وَطَاۗىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ

مِّنْكُمْ	وَطَاۗىِٕفَةٌ	قَدْ اَهَمَّتْهُمْ	اَنْفُسُهُمْ	يَظُنُّوْنَ	بِاللّٰهِ	غَيْرَ الْحَقِّ
تم میں سے	اور ایک جماعت	انہیں فکر پڑی تھی	اپنی جانیں	وہ گمان کرتے تھے	اللہ کے بارہ میں	بے حقیقت

تم میں سے، اور ایک جماعت کو اپنی جان کی فکر پڑی تھی، وہ اللہ کے بارہ میں بے حقیقت گمان کرتے تھے

ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ

ظَنَّ	الْجَاهِلِيَّةِ	يَقُوْلُوْنَ	هَلْ	لَّنَا	مِنَ	الْاَمْرِ	مِنْ شَيْءٍ	قُلْ
گمان	جاہلیت	وہ کہتے تھے	کیا	ہمارے لئے	سے	کام	کچھ	آپ کہہ دیں

جاہلیت کے گمان، وہ کہتے تھے کیا کوئی کام کچھ ہمارے لئے (ہمارے اختیار میں) ہے؟ آپ کہہ دیں،

إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۚ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ

إِنَّ	الْأَمْرَ	كُلَّهُ لِلَّهِ	يُخْفُونَ	فِي	أَنفُسِهِم	مَا	لَا يُبْدُونَ	لَكَ
کہ	کام	تمام اللہ کے لئے	وہ چھپاتے ہیں	میں	اپنے دل	جو	وہ ظاہر نہیں کرتے	آپ کے لئے (پر)

کہ تمام کام اللہ کے لئے (اللہ کے اختیار میں) ہے، وہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں جو آپ کے لئے (آپ پر) ظاہر نہیں کرتے،

يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَٰهُنَا ۗ قُل

يَقُولُونَ	لَوْ كَانَ	لَنَا	مِنَ الْأَمْرِ	شَيْءٌ	مَا قُتِلْنَا	هَٰهُنَا	قُلْ
وہ کہتے ہیں	اگر ہوتا	ہمارے لئے	سے۔ کام	کچھ	ہم نہ مارے جاتے	یہاں	آپ کہدیں

وہ کہتے ہیں اگر کچھ کام ہمارے لئے (ہمارے اختیار میں) ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے، آپ کہدیں

لَّوْ كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ

لَّوْ كُنتُمْ	فِي	بُيُوتِكُمْ	لَبَرَزَ	الَّذِينَ	كُتِبَ	عَلَيْهِمُ	الْقَتْلُ
اگر تم ہوتے	میں	اپنے گھر (جمع)	ضرور نکل کھڑے ہوتے	وہ لوگ	لکھا تھا	ان پر	مارا جانا

اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تو جن پر (جن کی قسمت میں) مارا جانا لکھا تھا وہ ضرور نکل کھڑے ہوتے

إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ

إِلَىٰ	مَضَاجِعِهِمْ	وَلِيَبْتَلِيَ	اللَّهُ	مَا	فِي صُدُورِكُمْ	وَلِيُمَحِّصَ
طرف	اپنی قتل گاہ (جمع)	اور تاکہ آزمائے	اللہ	جو	تمہارے سینوں میں	اور تاکہ صاف کر دے

اپنی قتل گاہوں کی طرف، تاکہ اللہ آزمائے جو تمہارے سینوں میں ہے، اور تاکہ صاف کر دے

مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٥٤﴾ إِنَّ الَّذِينَ

مَا	فِي قُلُوبِكُمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	بِذَاتِ الصُّدُورِ	إِنَّ	الَّذِينَ
جو	میں تمہارے دل	اور اللہ	جاننے والا	سینوں والے (دلوں کے بھید)	بیشک	جو لوگ

جو تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ دلوں کے بھید خوب جاننے والا ہے ۔ بیشک جو لوگ

تَوَلَّوْا مِنكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ ۙ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ

تَوَلَّوْا	مِنكُمْ	يَوْمَ	الْتَقَى الْجَمْعَانِ	إِنَّمَا	اسْتَزَلَّهُمُ	الشَّيْطَانُ
پیٹھ پھیریں گے	تم میں سے	دن	آمنے سامنے ہوئیں دو جماعتیں	درحقیقت	ان کو پھسلا دیا	شیطان

تم میں سے پیٹھ پھیر گئے، جس دن دو جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں، درحقیقت انہیں شیطان نے پھسلایا

بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

بِبَعْضِ	مَا كَسَبُوْا	وَلَقَدْ عَفَا	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ
بعض کی وجہ سے	جو انہوں نے کمایا (اعمال)	اور البتہ معاف کر دیا	اللہ	اُن سے	بیشک	اللہ	بخشنے والا

ان کے بعض اعمال کی وجہ سے، اور البتہ اللہ نے انہیں معاف کر دیا، بیشک اللہ بخشنے والا

ع ۱۶ ۷

حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا

حَلِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَكُوْنُوْا	كَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَقَالُوْا
حلم والا	اے	ایمان والو	نہ ہو جاؤ	طرح	جو کافر ہوئے	وہ کہتے ہیں

حلم والا ہے۔ اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو کافر ہوئے اور وہ کہتے ہیں

لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا

لِاِخْوَانِهِمْ	اِذَا	ضَرَبُوْا + فِي الْاَرْضِ	اَوْ	كَانُوْا غُزًّى	لَّوْ كَانُوْا
اپنے بھائیوں کو	جب	وہ سفر کریں + زمین (راہ) میں	یا	جہاد میں ہوں	اگر وہ ہوتے

اپنے بھائیوں کو جب وہ سفر کریں (اللہ کی) راہ میں یا جہاد میں ہوں، اگر وہ ہوتے

عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً

عِنْدَنَا	مَا	مَاتُوْا	وَمَا قُتِلُوْا	لِيَجْعَلَ	اللّٰهُ	ذٰلِكَ	حَسْرَةً
ہمارے پاس	نہ	وہ مرتے	اور نہ مارے جاتے	تاکہ بنا دے	اللہ	یہ۔اس	حسرت

ہمارے پاس تو وہ نہ مرتے اور نہ مارے جاتے، تاکہ اللہ اس کو حسرت بنا دے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	وَاللّٰهُ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
میں	ان کے دل	اور اللہ	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	اور اللہ	جو کچھ	تم کرتے ہو

ان کے دلوں میں، اور اللہ (ہی) زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ

بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ

بَصِيْرٌ	وَلَئِنْ	قُتِلْتُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اَوْ مُتُّمْ	لَمَغْفِرَةٌ
دیکھنے والا	اور البتہ اگر	تم مارے جاؤ	میں	اللہ کی راہ	یا تم مر جاؤ	یقیناً بخشش

دیکھنے والا ہے۔ اور اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ یا تم مر جاؤ تو یقیناً بخشش

مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ

مِنَ	اللّٰهِ	وَرَحْمَةٌ	خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ	وَلَئِنْ	مُّتُّمْ	اَوْ
سے	اللہ	اور رحمت	بہتر	اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں	اور اگر	تم مر گئے	یا

اور رحمت ہے اللہ کی طرف سے (یہ) اس سے بہتر ہے جو وہ (دولت) جمع کرتے ہیں ۔ اور اگر تم مر گئے یا

قُتِلْتُمْ لَاۤ اِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ

قُتِلْتُمْ	لَاۤ اِلَى اللّٰهِ	تُحْشَرُوْنَ	فَبِمَا	رَحْمَةٍ	مِّنَ	اللّٰهِ	لِنْتَ	لَهُمْ
تم مار دیئے گئے	یقیناً اللہ کی طرف	تم اکٹھے کئے جاؤ گے	پس۔ سے	رحمت	سے	اللہ	نرم دل	ان کے لئے

مار دیئے گئے تو یقیناً اللہ کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے ۔ پس اللہ کی رحمت (ہی) سے ہے کہ آپؐ ان کے لئے نرم دل ہیں

وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۪ فَاعْفُ

وَ	لَوْ كُنْتَ	فَظًّا	غَلِيْظَ الْقَلْبِ	لَانْفَضُّوْا	مِنْ	حَوْلِكَ	فَاعْفُ
اور	اگر آپؐ ہوتے	تُند خو	سخت دل	تو وہ منتشر ہو جاتے	سے	آپؐ کے پاس	پس آپؐ معاف کر دیں

اور اگر تُند خُو، سخت دل ہوتے تو وہ آپؐ کے پاس سے منتشر ہو جاتے، پس آپؐ معاف کر دیں

عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِى الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ

عَنْهُمْ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُمْ	وَشَاوِرْهُمْ	فِى	الْاَمْرِ	فَاِذَا	عَزَمْتَ
اُن سے (انہیں)	اور بخشش مانگیں	ان کے لئے	اور مشورہ کریں اُن سے	میں	کام	پھر جب	آپؐ ارادہ کر لیں

اُنہیں اور ان کے لئے بخشش مانگیں اور کام میں اُن سے مشورہ کر لیا کریں، پھر جب آپؐ (پختہ) ارادہ کر لیں

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ

فَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُتَوَكِّلِيْنَ	اِنْ	يَّنْصُرْكُمُ	اللّٰهُ
تو بھروسہ کریں	اللہ پر	بیشک	اللہ	دوست رکھتا ہے	بھروسہ کرنے والے	اگر	وہ مدد کرے تمہاری	اللہ

تو اللہ پر بھروسہ کریں، بیشک اللہ بھروسہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ۔ اگر اللہ تمہاری مدد کرے

فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِىْ يَنْصُرُكُمْ

فَلَا غَالِبَ	لَكُمْ	وَاِنْ	يَّخْذُلْكُمْ	فَمَنْ	ذَا	الَّذِىْ	يَنْصُرُكُمْ
تو نہیں غالب آنے والا	تم پر	اور اگر	وہ تمہیں چھوڑ دے	تو کون؟	وہ	جو کہ	وہ تمہاری مدد کرے

تو تم پر کوئی غالب آنے والا نہیں، اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو کون ہے جو تمہاری مدد کرے؟

مِّنۢ بَعْدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ

مِنۢ بَعْدِهٖ	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَمَا	كَانَ	لِنَبِيٍّ
اس کے بعد	اور	اللہ پر	چاہیئے کہ بھروسہ کریں	ایمان والے	اور نہیں	تھا ہے	نبی کے لئے

اس کے بعد، اور چاہیئے کہ ایمان والے اللہ پر بھروسہ کریں ۔ اور نبی کے لئے (شایان) نہیں

اَنْ يَّغُلَّ ؕ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى

اَنْ يَّغُلَّ	وَمَنْ	يَغْلُلْ	يَاْتِ	بِمَا غَلَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	ثُمَّ	تُوَفّٰى
کہ چھپائے	اور جو	چھپائے گا	لائے گا	جو اس نے چھپایا	قیامت کے دن	پھر	پورا پائے گا

کہ وہ چھپائے، اور جو چھپائے گا وہ اپنی چھپائی ہوئی چیز قیامت کے دن لائے گا، پھر پورا پورا پائے گا

كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ

كُلُّ نَفْسٍ	مَّا	كَسَبَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	اَفَمَنِ	اتَّبَعَ	رِضْوَانَ
ہر شخص	جو	اس نے کمایا	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	تو کیا جس	پیروی کی	رضا (خوشنودی)

ہر شخص جو اس نے کمایا (عمل کیا) اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے ۔ تو کیا جس نے پیروی کی رضائے الٰہی ﴿۱۶۲﴾

اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ

اللّٰهِ	كَمَنْ	بَآءَ	بِسَخَطٍ	مِّنَ اللّٰهِ	وَمَاْوٰىهُ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ
اللہ	مانند جو	لوٹا	غصہ کے ساتھ	اللہ کے	اور اس کا ٹھکانہ	جہنم	اور برا	ٹھکانہ

(اللہ کی خوشنودی کی) اسکے مانند ہے جو اللہ کے غصہ کے ساتھ لوٹا؟ اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے اور (بہت) برا ٹھکانہ ہے ۔

هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ

هُمْ	دَرَجٰتٌ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	لَقَدْ
وہ - ان	درجے	پاس	اللہ	اور اللہ	دیکھنے والا	جو	وہ کرتے ہیں	البتہ بیشک

ان کے (مختلف) درجے ہیں اللہ کے پاس، اور وہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ دیکھنے والا ہے ۔ بیشک

مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

مَنَّ	اللّٰهُ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ بَعَثَ	فِيْهِمْ	رَسُوْلًا	مِّنْ	اَنْفُسِهِمْ
احسان کیا	اللہ	پر	ایمان والے (مومن)	جب بھیجا	ان میں	ایک رسول	سے	انکی جانیں (انکے درمیان)

اللہ نے ایمان والوں (مومنوں) پر احسان کیا جب ان میں ایک رسول بھیجا، ان کے درمیان سے

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ

يَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِهٖ	وَيُزَكِّيْهِمْ	وَيُعَلِّمُهُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ
وہ پڑھتا ہے	ان پر	اسکی آیتیں	اور انہیں پاک کرتا ہے	اور انہیں سکھاتا ہے	کتاب	اور حکمت

وہ اُن پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے، اور انہیں پاک کرتا ہے، اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے،

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ

وَاِنْ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	لَفِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	اَوَلَمَّا	اَصَابَتْكُمْ
اور بیشک	وہ تھے	اس سے قبل	البتہ۔ میں	گمراہی	کھلی	کیا جب	تمہیں پہنچی

اور بیشک وہ اس سے قبل البتہ کھلی گمراہی میں تھے۔ کیا جب تمہیں پہنچی

مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ

مُّصِيْبَةٌ	قَدْ اَصَبْتُمْ	مِّثْلَيْهَا	قُلْتُمْ	اَنّٰى هٰذَا	قُلْ	هُوَ	مِنْ
کوئی مصیبت	البتہ تم نے پہنچائی	اس سے دوچند	تم کہتے ہو	کہاں سے یہ؟	آپ کہدیں	وہ	سے

کوئی مصیبت، البتہ تم اُس سے دوچند پہنچا چکے تھے، تم کہتے ہو یہ کہاں سے آئی؟ آپ کہدیں وہ

عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ

عِنْدِ	اَنْفُسِكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَمَا	اَصَابَكُمْ
پاس	تمہاری جانیں (اپنے پاس)	بیشک	اللہ	پر	ہر	شے	قادر	اور جو	تمہیں پہنچا

تمہارے اپنے (ہی) پاس سے، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور تمہیں جو (تکلیف) پہنچی

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَلِيَعْلَمَ

يَوْمَ	الْتَقَى	الْجَمْعٰنِ	فَبِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَلِيَعْلَمَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَلِيَعْلَمَ
دن	مڈبھیڑ ہوئی	دو جماعتیں	تو حکم سے	اللہ	اور تاکہ وہ معلوم کرلے	ایمان والے	اور تاکہ جان لے

جس دن دو جماعتوں میں مڈبھیڑ ہوئی تو اللہ کے حکم سے (پہنچی) تاکہ وہ معلوم کرلے ایمان والوں کو۔ اور تاکہ جان لے

الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ

الَّذِيْنَ	نَافَقُوْا	وَقِيْلَ	لَهُمْ	تَعَالَوْا	قَاتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اَوِ
وہ جو کہ	منافق ہوئے	اور کہا گیا	انہیں	آؤ	لڑو	میں	اللہ کی راہ	یا

ان لوگوں کو جو منافق ہوئے، اور انہیں کہا گیا آؤ! اللہ کی راہ میں لڑو، یا

ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ

ادْفَعُوْا	قَالُوْا	لَوْ نَعْلَمُ	قِتَالًا	لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ	هُمْ	لِلْكُفْرِ	يَوْمَئِذٍ
دفاع کرو	وہ بولے	اگر ہم جانتے	جنگ	ضرور تمہارا ساتھ دیتے	وہ	کفر کیلئے (کفر سے)	اس دن

دفاع کرو، تو وہ بولے اگر ہم جنگ جانتے تو ضرور تمہارا ساتھ دیتے، وہ اس دن کفر سے

اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

اَقْرَبُ	مِنْهُمْ	لِلْاِيْمَانِ	يَقُوْلُوْنَ	بِاَفْوَاهِهِمْ	مَّا لَيْسَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ
زیادہ قریب	اُن سے	بہ نسبت ایمان	وہ کہتے ہیں	اپنے مُنہ سے	جو نہیں	ان کے دلوں میں

زیادہ قریب تھے بہ نسبت ایمان کے، وہ اپنے مُنہ سے کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں،

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ۚ﴿۱۶۸﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا

وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَكْتُمُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	قَالُوْا	لِاِخْوَانِهِمْ	وَقَعَدُوْا
اور اللہ	خوب جاننے والا	جو	وہ چھپاتے ہیں	وہ لوگ جو	انہوں نے کہا	اپنے بھائیوں کے بارہ میں	اور وہ بیٹھے رہے

اور اللہ خوب جاننے والا ہے جو وہ چھپاتے ہیں۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنے بھائیوں کے بارہ میں کہا اور خود بیٹھے رہے

لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ

لَوْ	اَطَاعُوْنَا	مَا قُتِلُوْا	قُلْ	فَادْرَءُوْا	عَنْ	اَنْفُسِكُمُ	الْمَوْتَ	اِنْ
اگر	وہ ہماری مانتے	وہ نہ مارے جاتے	کہدیجئے	تم ہٹا دو	سے	اپنی جانیں	موت	اگر

اگر وہ ہماری بات مانتے تو وہ نہ مارے جاتے، کہدیجئے! تم اپنی جانوں سے موت کو ہٹا دو، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَلَا	تَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	قُتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
تم ہو	سچے	اور نہ	ہرگز خیال کرو	جو لوگ	مارے گئے	میں	راستہ	اللہ

تم سچے ہو۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے اُنہیں ہرگز خیال نہ کرو

اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ بِمَآ

اَمْوَاتًا	بَلْ	اَحْيَآءٌ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	يُرْزَقُوْنَ	فَرِحِيْنَ	بِمَا
مُردہ (جمع)	بلکہ	زندہ (جمع)	پاس	اپنا رب	وہ رزق دیئے جاتے ہیں	خوش	سے۔ جو

مُردہ، بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس سے وہ رزق پاتے ہیں۔ خوش ہیں اس سے جو

اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا

اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَيَسْتَبْشِرُوْنَ	بِالَّذِيْنَ	لَمْ يَلْحَقُوْا
انہیں دیا	اللہ	اپنے فضل سے	اور خوش وقت ہیں	ان کی طرف سے جو	نہیں ملے

اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا، اور وہ ان لوگوں کی طرف سے خوش وقت ہیں جو نہیں ملے

بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

بِهِمْ	مِنْ	خَلْفِهِمْ	اَلَّا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
ان سے	سے	ان کے پیچھے	یہ کہ نہیں	کوئی خوف	ان پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے

ان سے ان کے پیچھے، اُن پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

يَسْتَبْشِرُوْنَ	بِنِعْمَةٍ	مِنَ	اللّٰهِ	وَفَضْلٍ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ
وہ خوشیاں منا رہے ہیں	نعمت سے	سے	اللہ	اور فضل	اور یہ کہ	اللہ	ضائع نہیں کرتا

وہ خوشیاں منا رہے ہیں اللہ کی نعمت اور فضل سے، اور یہ کہ اللہ ضائع نہیں کرتا

اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ

اَجْرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَلَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا	لِلّٰهِ	وَالرَّسُوْلِ	مِنْۢ بَعْدِ
اجر	ایمان والے	جن لوگوں نے	قبول کیا	اللہ کا	اور رسول	بعد

ایمان والوں کا اجر۔ جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کا (حکم) قبول کیا اس کے بعد کہ

مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۚ ﴿۱۷۲﴾

مَآ	اَصَابَهُمُ	الْقَرْحُ	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	مِنْهُمْ	وَاتَّقَوْا	اَجْرٌ	عَظِيْمٌ
کہ	پہنچا انہیں	زخم	انکے لئے جو	انہوں نے نیکی کی	ان میں سے	اور پرہیزگاری کی	اجر	بڑا

انہیں زخم پہنچا ان میں سے جن لوگوں نے نیکی اور پرہیزگاری کی ان کے لئے بڑا اجر ہے۔

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ

اَلَّذِيْنَ	قَالَ	لَهُمُ	النَّاسُ	اِنَّ	النَّاسَ	قَدْ جَمَعُوْا	لَكُمْ	فَاخْشَوْهُمْ
وہ لوگ جو	کہا	انکے لئے	لوگ	کہ	لوگ	جمع کیا ہے	تمہارے لئے	پس ان سے ڈرو

جنہیں لوگوں نے کہا کہ لوگوں نے تمہارے (مقابلے کے لئے سامان) جمع کر لیا ہے پس ان سے ڈرو

فَزَادَهُمْ إِيمَانًا ۖ وَّقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانْقَلَبُوا

فَزَادَهُمْ	إِيمَانًا	وَقَالُوا	حَسْبُنَا	اللّٰهُ	وَنِعْمَ	الْوَكِيلُ	فَانْقَلَبُوا
تو زیادہ ہوا ان کا	ایمان	اور انہوں نے کہا	ہمارے لئے کافی	اللہ	اور کیسا اچھا	کارساز	پھر وہ لوٹے

تو ان کا ایمان زیادہ ہوا، اور انہوں نے کہا ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہ کیسا اچھا کارساز ہے! پھر وہ لوٹے

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوا رِضْوَانَ

بِنِعْمَةٍ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَفَضْلٍ	لَّمْ يَمْسَسْهُمْ	سُوءٌ	وَاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ
نعمت کے ساتھ	سے	اللہ	اور فضل	انہیں نہیں پہنچی	کوئی برائی	اور انہوں نے پیروی کی	رضا

اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ، انہیں کوئی برائی نہ پہنچی، اور انہوں نے پیروی کی رضائے

اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ ﴿۱۷۴﴾ إِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ

اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	ذُو فَضْلٍ	عَظِيمٍ	إِنَّمَا	ذٰلِكُمُ	الشَّيْطَانُ	يُخَوِّفُ
اللہ	اور اللہ	فضل والا	بڑا	اسکے سوا نہیں	یہ تمہیں	شیطان	ڈراتا ہے

الٰہی کی، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ شیطان تمہیں ڈراتا ہے

أَوْلِيَاءَهُ ۖ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿۱۷۵﴾

أَوْلِيَاءَهُ	فَلَا	تَخَافُوهُمْ	وَخَافُونِ	إِن	كُنتُم	مُّؤْمِنِينَ
اپنے دوست	سو نہ	ان سے ڈرو	اور ڈرو مجھ سے	اگر	تم ہو	ایمان والے

اپنے دوستوں سے، سو تم اُن سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو۔

وَلَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّوا اللّٰهَ

وَلَا	يَحْزُنكَ	الَّذِينَ	يُسَارِعُونَ	فِي الْكُفْرِ	إِنَّهُمْ	لَن يَضُرُّوا	اللّٰهَ
اور نہ	آپ کو غمگین کریں	جو لوگ	جلدی کرتے ہیں	کفر میں	یقیناً وہ	ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے	اللہ

اور آپ کو غمگین نہ کریں وہ لوگ جو کفر میں جلدی کرتے ہیں، یقیناً وہ ہرگز اللہ کا نہ بگاڑ سکیں گے

شَيْئًا ۗ يُرِيدُ اللّٰهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ

شَيْئًا	يُرِيدُ	اللّٰهُ	أَلَّا	يَجْعَلَ	لَهُمْ	حَظًّا	فِي الْآخِرَةِ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
کچھ	چاہتا ہے	اللہ	کہ نہ	دے	ان کو	کوئی حصہ	میں	آخرت	اور ان کے لئے	عذاب

کچھ، اللہ چاہتا ہے کہ ان کو آخرت میں کوئی حصہ نہ دے۔ اور اُن کے لئے عذاب ہے

عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا

عَظِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الْكُفْرَ	بِالْاِيْمَانِ	لَنْ	يَّضُرُّوا
بڑا	بیشک	وہ لوگ جو	انہوں نے مول لیا	کفر	ایمان کے بدلے	ہرگز نہیں	بگاڑ سکتے

بڑا۔ بیشک جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر مول لیا وہ ہرگز نہیں بگاڑ سکتے

اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

اللّٰهَ	شَيْـًٔا	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَلَا	يَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
اللہ	کچھ	اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	اور نہ	ہرگز گمان کریں	جن لوگوں نے کفر کیا

اللہ کا کچھ، اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ ہرگز گمان نہ کریں

اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ

اَنَّمَا	نُمْلِيْ	لَهُمْ	خَيْرٌ	لِّاَنْفُسِهِمْ	اِنَّمَا	نُمْلِيْ	لَهُمْ	لِيَزْدَادُوْٓا	اِثْمًا
یہ کہ	ہم ڈھیل دیتے ہیں	انہیں	بہتر	ان کے لئے	درحقیقت	ہم ڈھیل دیتے ہیں	انہیں	تاکہ وہ بڑھ جائیں	گناہ

کہ ہم جو انہیں ڈھیل دے رہے ہیں یہ ان کے لئے بہتر ہے، درحقیقت ہم انہیں ڈھیل دیتے ہیں تاکہ وہ گناہ میں بڑھ جائیں،

وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	مَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيَذَرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَلٰى	مَا
اور ان کے لئے	عذاب	ذلیل کرنے والا	نہیں ہے	اللہ	کہ چھوڑے	ایمان والے	پر	جو

اور ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ اللہ (ایسا) نہیں ہے کہ ایمان والوں کو (اس حال پر) چھوڑ دے جس پر

اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

اَنْتُمْ	عَلَيْهِ	حَتّٰى	يَمِيْزَ	الْخَبِيْثَ	مِنَ	الطَّيِّبِ	وَمَا كَانَ	اللّٰهُ
تم	اس پر	یہاں تک کہ	جدا کردے	ناپاک	سے	پاک	اور نہیں ہے	اللہ

تم ہو، یہاں تک کہ ناپاک کو پاک سے جدا کر دے، اور اللہ (ایسا) نہیں ہے

لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۪

لِيُطْلِعَكُمْ	عَلَى	الْغَيْبِ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَجْتَبِيْ	مِنْ	رُّسُلِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ
کہ تمہیں خبر دے	پر	غیب	اور لیکن	اللہ	چن لیتا ہے	سے	اپنے رسول	جس کو	وہ چاہے

کہ تمہیں غیب کی خبر دے، لیکن اللہ اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے چن لیتا ہے،

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾

فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	وَاِنْ	تُؤْمِنُوْا	وَتَتَّقُوْا	فَلَكُمْ	اَجْرٌ	عَظِيْمٌ
تو تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور اگر	تم ایمان لاؤ	اور پرہیزگاری کرو	تو تمہارے لئے	اجر	بڑا

تو تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ، اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرو تو تمہارے لئے بڑا اجر ہے۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا

وَلَا	يَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	بِمَا	اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	هُوَ	خَيْرًا
اور نہ	ہرگز خیال کریں	جو لوگ	بخل کرتے ہیں	میں۔ جو	انہیں دیا	اللہ	اپنے فضل سے	وہ	بہتر

اور وہ لوگ ہرگز یہ خیال نہ کریں، جو اس (مال) میں بخل کرتے ہیں جو اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا کہ وہ بہتر ہے

لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

لَهُمْ	بَلْ	هُوَ	شَرٌّ	لَّهُمْ	سَيُطَوَّقُوْنَ	مَا	بَخِلُوْا	بِهٖ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ
ان کے لئے	بلکہ	وہ	بُرا	انکے لئے	عنقریب طوق پہنایا جائے گا	جو	انہوں نے بخل کیا	اس میں	دن	قیامت

ان کے لئے بلکہ وہ ان کے لئے بُرا ہے، جس (مال) میں انہوں نے بخل کیا عنقریب قیامت کے دن طوق (بنا کر) پہنایا جائے گا،

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾

وَلِلّٰهِ	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ
اور اللہ کے لئے	وارث	آسمانوں	اور زمین	اور اللہ	جو تم کرتے ہو	باخبر

اور اللہ ہی وارث ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَاۗءُ ۘ

لَقَدْ سَمِعَ	اللّٰهُ	قَوْلَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	فَقِيْرٌ	وَّنَحْنُ	اَغْنِيَاۗءُ
البتہ سن لیا	اللہ	قول (بات)	جن لوگوں نے	کہا	کہ اللہ	فقیر	اور ہم	مالدار

البتہ اللہ نے ان کی بات سُن لی جن لوگوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں۔

سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا

سَنَكْتُبُ	مَا قَالُوْا	وَقَتْلَهُمُ	الْاَنْۢبِيَاۗءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَّنَقُوْلُ	ذُوْقُوْا
اب ہم لکھ رکھیں گے	جو انہوں نے کہا	اور ان کا قتل کرنا	نبی (جمع)	ناحق	اور ہم کہیں گے	تم چکھو

جو انہوں نے کہا اور ان کا نبیوں کو ناحق قتل کرنا، اب ہم لکھ رکھیں گے، اور کہیں گے چکھو

عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ

عَذَابَ	الْحَرِيْقِ	ذٰلِكَ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْكُمْ	وَاَنَّ	اللّٰهَ
عذاب	جلانے والا	یہ	بدلہ۔جو	آگے بھیجا	تمہارے ہاتھ	اور یہ کہ	اللہ

جلانے والا عذاب ۔ یہ اس کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور یہ کہ اللہ

لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ

لَيْسَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ	اَلَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَهِدَ	اِلَيْنَآ
نہیں	ظلم کرنے والا	بندوں پر	جن لوگوں نے	کہا	کہ	اللہ	عہد کیا	ہم سے

بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ۔ جن لوگوں نے کہا کہ اللہ نے ہم سے عہد کر رکھا ہے

اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ

اَلَّا	نُؤْمِنَ	لِرَسُوْلٍ	حَتّٰى	يَاْتِيَنَا	بِقُرْبَانٍ	تَاْكُلُهُ	النَّارُ	قُلْ
کہ نہ	ہم ایمان لائیں	کسی رسول پر	یہاں تک	وہ لائے ہمارے پاس	قربانی	جسے کھالے	آگ	آپ کہدیں

کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ وہ ہمارے پاس قربانی لائے جسے آگ کھالے ، آپ کہہ دیں

قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ

قَدْ جَآءَكُمْ	رُسُلٌ	مِنْ قَبْلِيْ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَبِالَّذِيْ	قُلْتُمْ	فَلِمَ
البتہ تمہارے پاس آئے	بہت سے رسول	مجھ سے پہلے	نشانیوں کے ساتھ	اور اسکے ساتھ جو	تم کہتے ہو	پھر کیوں

البتہ تمہارے پاس مجھ سے پہلے بہت رسول آئے نشانیوں کے ساتھ، اور اس کے ساتھ بھی جو تم کہتے ہو، پھر کیوں

قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ

قَتَلْتُمُوْهُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِنْ	كَذَّبُوْكَ	فَقَدْ	كُذِّبَ
تم نے انہیں قتل کیا	اگر	تم ہو	سچے	پھر اگر	وہ جھٹلائیں آپ کو	تو البتہ	جھٹلائے گئے

تم نے انہیں قتل کیا؟ اگر تم سچے ہو، پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو البتہ جھٹلائے گئے ہیں

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ

رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِكَ	جَآءُوْ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَالزُّبُرِ	وَالْكِتٰبِ	الْمُنِيْرِ	كُلُّ
بہت سے رسول	آپ سے پہلے	وہ آئے	کھلی نشانیوں کے ساتھ	اور صحیفے	اور کتاب	روشن	ہر

آپ سے پہلے بہت سے رسول، جو آئے کھلی نشانیوں کے ساتھ، اور صحیفے اور روشن کتاب (لے کر)۔ ہر

نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ

نَفْسٍ	ذَآئِقَةُ	الْمَوْتِ	وَاِنَّمَا	تُوَفَّوْنَ	اُجُوْرَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فَمَنْ
جان	چکھنا	موت	اور بیشک	پورے پورے ملیں گے	تمہارے اجر	قیامت کے دن	پھر جو

جان کو موت (کا ذائقہ) چکھنا ہے، اور قیامت کے دن تمہارے اجر پورے پورے ملیں گے، پھر جو کوئی

زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ

زُحْزِحَ	عَنِ	النَّارِ	وَاُدْخِلَ	الْجَنَّةَ	فَقَدْ فَازَ	وَمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا
دُور کیا گیا	سے	دوزخ	اور داخل کیا گیا	جنت	پس مراد کو پہنچا	اور نہیں	زندگی	دنیا

دوزخ سے دُور کیا گیا، اور جنّت میں داخل کیا گیا پس وہ مراد کو پہنچا، اور دنیا کی زندگی (کچھ) نہیں

اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۟ وَلَتَسْمَعُنَّ

اِلَّا	مَتَاعُ	الْغُرُوْرِ	لَتُبْلَوُنَّ	فِيْٓ	اَمْوَالِكُمْ	وَاَنْفُسِكُمْ	وَلَتَسْمَعُنَّ
سوائے	سودا	دھوکہ	تم ضرور آزمائے جاؤ گے	میں	اپنے مال	اور اپنی جانیں	اور ضرور سنو گے

ایک دھوکہ کے سودے کے سوا - تم اپنے مالوں اور اپنی جانوں میں ضرور آزمائے جاؤ گے، اور تم ضرور سنو گے

مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى

مِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَ - مِنَ	الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا	اَذًى
سے	وہ لوگ جنہیں	کتاب دی گئی	تم سے پہلے	اور - سے	جن لوگوں نے شرک کیا (مشرک)	دُکھ دینے والی

ان لوگوں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی، اور مشرکوں سے (بھی) دُکھ دینے والی (باتیں)

كَثِيْرًا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾

كَثِيْرًا	وَاِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا	فَاِنَّ	ذٰلِكَ	مِنْ	عَزْمِ	الْاُمُوْرِ
تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ

تَرَكَ	وَاِنْ	كَانُوْۤا	اِخْوَةً	رِّجَالًا	وَّنِسَآءً	فَلِلذَّكَرِ	مِثْلُ	حَظِّ	الْاُنْثَيَيْنِ
اس نے چھوڑا (ترکہ)	اور اگر	ہوں	بھائی بہن	کچھ مرد	اور کچھ عورتیں	تو مرد کے لئے	برابر	حصہ	دو عورت

ترکہ میں سے، اور اگر بھائی بہن کچھ مرد اور کچھ عورتیں ہوں تو ایک مرد کے لئے دو عورتوں کے برابر حصہ ہے۔

۲۴ ع ۵ ۴

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اَنْ تَضِلُّوْا	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
کھول کر بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	تاکہ بھٹک نہ جاؤ	اور اللہ	ہر	چیز	جاننے والا

اللہ تمہارے لئے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم بھٹک نہ جاؤ اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

ع کلالہ: جس کے اصول (باپ دادا) اور فروع (اولاد) نہ ہوں۔

آیاتھا ۱۲۰ | ٥ : سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ : ۱۱۲ | رکوعاتھا ۱۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اَوْفُوْا	بِالْعُقُوْدِ	اُحِلَّتْ لَكُمْ	بَهِيْمَةُ	الْاَنْعَامِ
اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	پورا کرو	عہد۔قول	حلال کئے گئے تمہارے لئے	چوپائے	مویشی

اے ایمان والو! اپنے عہد پورے کرو، تمہارے لئے چوپائے مویشی حلال کئے گئے

اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اِلَّا	مَا	يُتْلٰى عَلَيْكُمْ	غَيْرَ	مُحِلِّي الصَّيْدِ	وَاَنْتُمْ	حُرُمٌ	اِنَّ اللّٰهَ
سوائے	جو	پڑھے جائینگے (سنائے جائینگے) تمہیں	مگر	حلال جانے ہوئے شکار	جبکہ تم	احرام میں ہو	بیشک اللہ

سوائے ان کے جو تمہیں سنائے جائیں گے، مگر شکار کو حلال نہ جانو جب کہ تم (حالتِ) احرام میں ہو، بیشک اللہ

يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝١ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ

يَحْكُمُ	مَا يُرِيْدُ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُحِلُّوْا	شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ
حکم کرتا ہے	جو چاہے	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	حلال نہ سمجھو	اللہ کی نشانیاں

جو چاہے حکم کرتا ہے۔ اے ایمان والو! شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں) تم حلال نہ سمجھو

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ وَلَآ اٰۗمِّيْنَ

وَلَا	الشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَلَا	الْهَدْيَ	وَلَا	الْقَلَاۗىِٕدَ	وَلَآ	اٰۗمِّيْنَ
اور نہ	مہینے ادب والے	اور نہ	نیازِ کعبہ	اور نہ	گلے میں پٹہ ڈالے ہوئے	اور نہ	قصد کرنیوالے (آنیوالے)

اور نہ ادب والے مہینے (ذیقعدہ، ذوالحجہ، محرّم، رجب) اور نہ نیازِ کعبہ (کے جانور) اور نہ گلے میں (قربانی کے) پٹہ ڈالے ہوئے اور نہ آنیوالے

الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَرِضْوَانًا	وَاِذَا	حَلَلْتُمْ
احترام والا گھر (خانہ کعبہ)	وہ چاہتے ہیں	فضل	اپنے رب سے	اور خوشنودی	اور جب	احرام کھول دو

خانہ کعبہ کو، جو اپنے رب کا فضل اور خوشنودی چاہتے ہیں۔ اور جب احرام کھول دو

فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

فَاصْطَادُوْا	وَلَا	يَجْرِمَنَّكُمْ	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ	اَنْ	صَدُّوْكُمْ	عَنِ	الْمَسْجِدِ
تو شکار کر لو	اور نہ	تمہارے لئے باعث ہو	دشمنی	قوم	جو	تم کو روکتی تھی	سے	مسجد

(چاہو) تو شکار کر لو، اور (اس) قوم کی دشمنی جو تم کو روکتی تھی مسجد حرام (خانہ کعبہ) سے (اس کا) باعث نہ بنے

الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى

الْحَرَامِ	اَنْ تَعْتَدُوْا	وَتَعَاوَنُوْا	عَلَى الْبِرِّ	وَالتَّقْوٰى	وَلَا تَعَاوَنُوْا	عَلَى
حرام (خانہ کعبہ)	کہ تم زیادتی کرو	اور ایکدوسرے کی مدد کرو	نیکی پر (میں)	اور تقویٰ (پرہیزگاری)	اور ایکدوسرے کی مدد نہ کرو	پر (میں)

کہ تم زیادتی کرو۔ اور ایک دوسرے کی مدد کرو نیکی اور پرہیزگاری میں، اور ایک دوسرے کی مدد نہ کرو

الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۲ حُرِّمَتْ

الْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	حُرِّمَتْ
گناہ	اور زیادتی (سرکشی)	اور ڈرو اللہ سے	بیشک اللہ	سخت	عذاب	حرام کر دیا گیا

گناہ اور سرکشی میں، اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔ حرام کر دیا گیا

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَ

عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةُ	وَالدَّمُ	وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ	وَمَآ	اُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	وَ
تم پر	مُردار	اور خون	اور سُؤر کا گوشت	اور جو۔ جس	پکارا گیا	اللہ کے سوا	اس پر	اور

تم پر مُردار، اور خون، اور سُؤر کا گوشت، اور جس پر پکارا گیا اللہ کے سوا (کسی اور کا نام)، اور

الْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ

الْمُنْخَنِقَةُ	وَالْمَوْقُوْذَةُ	وَالْمُتَرَدِّيَةُ	وَالنَّطِيْحَةُ	وَمَا	اَكَلَ	السَّبُعُ
گلا گھونٹنے سے مرا ہوا	اور چوٹ کھا کر مرا ہوا	اور گر کر مرا ہوا	اور سینگ مارا ہوا	اور جو۔ جس	کھایا	درندہ

گلا گھونٹنے سے مرا ہوا، اور چوٹ کھا کر مرا ہوا، اور گر کر مرا ہوا، اور سینگ مارا ہوا، اور جس کو درندے نے کھایا ہو،

اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۘ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ

اِلَّا مَا	ذَكَّيْتُمْ	وَمَا	ذُبِحَ	عَلَى النُّصُبِ	وَاَنْ	تَسْتَقْسِمُوْا	بِالْاَزْلَامِ
مگر جو	تم نے ذبح کر لیا	اور جو	ذبح کیا گیا	تھانوں پر	اور یہ کہ	تم تقسیم کرو	تیروں سے

مگر جو تم نے ذبح کر لیا، اور (حرام کیا گیا) جو تھانوں (پر مقرر گاہوں) پر ذبح کیا گیا، اور یہ کہ تم تیروں سے (پانسے ڈال کر) تقسیم کرو،

ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ

ذٰلِكُمْ	فِسْقٌ	اَلْيَوْمَ	يَئِسَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ	دِيْنِكُمْ	فَلَا تَخْشَوْهُمْ
یہ	گناہ	آج	مایوس ہو گئے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر) سے	تمہارا دین	سو تم ان سے نہ ڈرو

یہ گناہ ہیں۔ آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے، سو تم ان سے نہ ڈرو،

وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ

وَاخْشَوْنِ	اَلْيَوْمَ	اَكْمَلْتُ	لَكُمْ	دِيْنَكُمْ	وَاَتْمَمْتُ	عَلَيْكُمْ	نِعْمَتِيْ
اور مجھ سے ڈرو	آج	میں نے مکمل کر دیا	تمہارے لئے	تمہارا دین	اور پوری کر دی	تم پر	اپنی نعمت

اور مجھ سے ڈرو، آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا، اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی،

وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ

وَرَضِيْتُ	لَكُمُ	الْاِسْلَامَ	دِيْنًا	فَمَنِ	اضْطُرَّ	فِيْ	مَخْمَصَةٍ	غَيْرَ	مُتَجَانِفٍ
اور میں نے پسند کیا	تمہارے لئے	اسلام	دین	پھر جو	لاچار ہو جائے	میں	بھوک	نہ	مائل ہو

اور میں نے تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔ پھر جو بھوک میں لاچار ہو جائے (لیکن) مائل نہ ہو

لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٣ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ

لِّاِثْمٍ	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَآ	اُحِلَّ	لَهُمْ	قُلْ
گناہ کی طرف	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان	آپ سے پوچھتے ہیں	کیا	حلال کیا گیا	انکے لئے	کہہ دیں

گناہ کی طرف (اسکے لئے گنجائش ہے) بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ سے پوچھتے ہیں ان کے لئے کیا حلال کیا گیا ہے؟ کہہ دیں

اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ

اُحِلَّ	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ	وَمَا	عَلَّمْتُمْ	مِّنَ	الْجَوَارِحِ	مُكَلِّبِيْنَ	تُعَلِّمُوْنَهُنَّ
حلال کی گئیں	تمہارے لئے	پاک چیزیں	اور جو	تم سدھاؤ	سے	شکاری جانور	شکار پر دوڑائے ہوئے	تم انہیں سکھاتے ہو

تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کی گئی ہیں اور جو تم شکاری جانور سدھاؤ شکار پر دوڑانے کو کہ تم انہیں سکھاتے ہو

مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠

مِمَّا	عَلَّمَكُمُ	اللّٰهُ	فَكُلُوْا	مِمَّآ	اَمْسَكْنَ	عَلَيْكُمْ	وَاذْكُرُوا	اسْمَ	اللّٰهِ	عَلَيْهِ
اس سے جو	تمہیں سکھایا	اللہ	پس تم کھاؤ	اس سے جو	وہ پکڑ رکھیں	تمہارے لئے	اور یاد کرو (لو)	نام	اللہ	اس پر

اس سے جو اللہ نے تمہیں سکھایا ہے، پس اس میں سے کھاؤ جو وہ تمہارے لئے پکڑ رکھیں، اور اس پر اللہ کا نام لو (ذبح کرلو)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝٤ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	اَلْيَوْمَ	اُحِلَّ	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ	وَ
اور ڈرو	اللہ	بیشک	اللہ	جلد لینے والا	حساب	آج	حلال کی گئیں	تمہارے لئے	پاک چیزیں	اور

اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے ۔ آج تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کی گئیں ، اور

طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۖ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ

طَعَامُ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	حِلٌّ	لَّكُمْ	وَطَعَامُكُمْ	حِلٌّ	لَّهُمْ	وَالْمُحْصَنٰتُ
کھانا	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	حلال	تمہارے لئے	اور تمہارا کھانا	حلال	اُن کے لئے	اور پاکدامن عورتیں

اہل کتاب کا کھانا تمہارے لئے حلال ہے، اور تمہارا کھانا اُن کے لئے حلال ہے ، اور پاک دامن

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ

مِنَ	الْمُؤْمِنٰتِ	وَالْمُحْصَنٰتُ	مِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	اِذَا
سے	مومن عورتیں	اور پاکدامن	سے	وہ لوگ جو	کتاب دی گئی	تم سے پہلے	جب

مومن عورتیں ، اور پاکدامن عورتیں اُن میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی (حلال ہیں)، جب

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ	اُجُوْرَهُنَّ	مُحْصِنِيْنَ	غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ	وَلَا مُتَّخِذِيْٓ	اَخْدَانٍ
تم اُنہیں دے دو	ان کے مہر	قید میں لانے کو	نہ کہ مستی نکالنے کو	اور نہ بنانے کو	چھپی آشنائی

تم اُنہیں اُن کے مہر دیدو (قیدِ نکاح) میں لانے کو، نہ کہ مستی نکالنے کو، اور نہ چوری چھپے آشنائی کرنے کو،

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۫ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ

وَمَنْ	يَّكْفُرْ	بِالْاِيْمَانِ	فَقَدْ حَبِطَ	عَمَلُهٗ	وَهُوَ	فِى الْاٰخِرَةِ	مِنَ
اور جو	منکر ہو	ایمان سے	تو ضائع ہوا	اس کا عمل	اور وہ	آخرت میں	سے

اور جو ایمان کا منکر ہوا اس کا عمل ضائع ہوا ، اور وہ آخرت میں

ع ١ ٥ ٥

الْخٰسِرِيْنَ ۝٥ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا

الْخٰسِرِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا	قُمْتُمْ	اِلَى الصَّلٰوةِ	فَاغْسِلُوْا
نقصان اٹھانے والے	اے	وہ جو ایمان لائے (ایمان والے)	جب	تم اُٹھو	نماز کے لئے	تو دھو لو

نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہے ۔ اے ایمان والو! جب تم نماز کے لئے اُٹھو تو دھو لو

وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ

وُجُوهَكُمْ	وَأَيْدِيَكُمْ	إِلَى	الْمَرَافِقِ	وَامْسَحُوا	بِرُءُوسِكُمْ	وَأَرْجُلَكُمْ
اپنے مُنہ	اور اپنے ہاتھ	تک	کہنیاں	اور مسح کرو	اپنے سروں کا	اور اپنے پاؤں

اپنے مُنہ اور اپنے ہاتھ کُہنیوں تک، اور اپنے سروں کا مسح کرو، اور اپنے پاؤں (دھو)

إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ أَوْ

إِلَى	الْكَعْبَيْنِ	وَإِنْ	كُنْتُمْ	جُنُبًا	فَاطَّهَّرُوا	وَإِنْ	كُنْتُمْ	مَرْضَىٰ	أَوْ
تک	ٹخنوں	اور اگر	تم ہو	ناپاک	تو خوب پاک ہو جاؤ	اور اگر	تم ہو	بیمار	یا

ٹخنوں تک، اور اگر تم ناپاک ہو (غسل کی حاجت ہو) تو خوب پاک ہو جاؤ (غسل کر لو) اور اگر تم بیمار ہو یا

عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا

عَلَىٰ	سَفَرٍ	أَوْ	جَاءَ	أَحَدٌ	مِنْكُمْ	مِنَ الْغَائِطِ	أَوْ لَامَسْتُمُ	النِّسَاءَ	فَلَمْ تَجِدُوا
پر (میں)	سفر	اور	آئے	کوئی	تم میں سے	بیت الخلاء سے	یا تم ملو (صحبت کی)	عورتوں سے	پھر نہ پاؤ

سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی بیت الخلاء سے آئے یا تم نے عورتوں سے صحبت کی، پھر نہ پاؤ

مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ ۚ

مَاءً	فَتَيَمَّمُوا	صَعِيدًا	طَيِّبًا	فَامْسَحُوا	بِوُجُوهِكُمْ	وَأَيْدِيكُمْ	مِنْهُ
پانی	تو تیمم کر لو	مٹی	پاک	تو مسح کرو	اپنے مُنہ	اور اپنے ہاتھ	اس سے

پانی، تو تم پاک مٹی سے تیمم کر لو (یعنی) اس سے اپنے مُنہ اور ہاتھوں کا مسح کرو

مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلَٰكِنْ يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ

مَا يُرِيدُ	اللَّهُ	لِيَجْعَلَ	عَلَيْكُمْ	مِنْ	حَرَجٍ	وَلَٰكِنْ	يُرِيدُ	لِيُطَهِّرَكُمْ	وَلِيُتِمَّ	نِعْمَتَهُ
نہیں چاہتا	اللہ	کہ کرے	تم پر	کوئی	تنگی	اور لیکن	چاہتا ہے	کہ تمہیں پاک کرے	اور یہ کہ پوری کرے	اپنی نعمت

اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے، لیکن چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے اور یہ کہ اپنی نعمت پوری کرے

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٦﴾ وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ	وَاذْكُرُوا	نِعْمَةَ اللَّهِ	عَلَيْكُمْ	وَمِيثَاقَهُ
تم پر	تاکہ تم	احسان مانو	اور یاد کرو	اللہ کی نعمت	تم پر (اپنے اوپر)	اور اس کا عہد

تم پر، تاکہ تم احسان مانو۔ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، اور اس کا عہد

الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

الَّذِیْ	وَاثَقَكُمْ	بِهٖۤ	اِذْ قُلْتُمْ	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ
جو	تم نے باندھا	اس سے	جب تم نے کہا	ہم نے سُنا	اور ہم نے مانا	اور اللہ سے ڈرو	بیشک اللہ

جو تم نے اُس سے باندھا، جب تم نے کہا ہم نے سُنا اور ہم نے مانا، اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ

عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ

عَلِیْمٌۢ	بِذَاتِ	الصُّدُوْرِ	یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	كُوْنُوْا	قَوّٰمِیْنَ	لِلّٰهِ
جاننے والا	بات	دلوں کی	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	ہو جاؤ	کھڑے ہونے والے	اللہ کے لئے

دلوں کی بات جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کے لئے کھڑے ہونے والے ہو جاؤ

شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤی اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا

شُهَدَآءَ	بِالْقِسْطِ	وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ	عَلٰۤی	اَلَّا تَعْدِلُوْا	اِعْدِلُوْا
گواہ	انصاف کے ساتھ	اور تمہیں نہ اُبھارے	دشمنی	کسی قوم	پر	کہ انصاف نہ کرو	تم انصاف کرو

انصاف کی گواہی دینے کو۔ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں (اس پر) نہ اُبھارے کہ انصاف نہ کرو، تم انصاف کرو

هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸

هُوَ	اَقْرَبُ	لِلتَّقْوٰی	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِیْرٌۢ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ
وہ (یہ)	زیادہ قریب	تقویٰ کے	اور ڈرو	اللہ	بیشک اللہ	خوب باخبر	جو	تم کرتے ہو

یہ تقوے کے زیادہ قریب ہے، اور اللہ سے ڈرو، بیشک تم جو کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝۹

وَعَدَ	اللّٰهُ	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	عَظِیْمٌ
وعدہ کیا	اللہ	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	بخشش	اور اجر	بڑا

جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے عمل کئے اللہ نے وعدہ کیا کہ ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ۝۱۰ یٰۤاَیُّهَا

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰیٰتِنَا	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ	یٰۤاَیُّهَا
اور جن لوگوں نے کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیتیں	یہی	جہنم والے	اے

اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی جہنم والے ہیں۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ هَمَّ	قَوْمٌ	اَنْ يَّبْسُطُوْٓا
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	تم یاد کرو	نعمت	اللہ	اپنے اوپر	جب ارادہ کیا	ایک گروہ	کہ بڑھائیں

ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی نعمت (احسان) یاد کرو جب ایک گروہ نے ارادہ کیا کہ وہ بڑھائیں

اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اِلَيْكُمْ	اَيْدِيَهُمْ	فَكَفَّ	اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَعَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ
تمہاری طرف	اپنے ہاتھ	پس روک دیئے	ان کے ہاتھ	تم سے	اور ڈرو	اللہ	اور پر	اللہ	چاہیئے بھروسہ کریں

تمہاری طرف اپنے ہاتھ (دست درازی کرنے کو) تو اس نے تم سے اُن کے ہاتھ روک دیئے، اور اللہ سے ڈرو، اور چاہیئے کہ اللہ پر بھروسہ کریں

۲ ع ۶

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَلَقَدْ	اَخَذَ اللّٰهُ	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	وَبَعَثْنَا	مِنْهُمُ	اثْنَيْ عَشَرَ
ایمان والے	اور البتہ	اللہ نے لیا	عہد	بنی اسرائیل	اور ہم نے مقرر کئے	ان سے	بارہ

ایمان والے اور البتہ اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا، اور ہم نے اُن میں سے مقرر کئے بارہ ۱۲

نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ

نَقِيْبًا	وَقَالَ	اللّٰهُ	اِنِّىْ مَعَكُمْ	لَىِٕنْ	اَقَمْتُمُ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَيْتُمُ
سردار	اور کہا	اللہ	بیشک میں تمہارے ساتھ	اگر	نماز قائم رکھو گے	نماز	اور دیتے رہو گے

سردار، اور اللہ نے کہا بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نماز قائم رکھو گے، اور دیتے رہو گے

الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

الزَّكٰوةَ	وَاٰمَنْتُمْ	بِرُسُلِيْ	وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ	وَاَقْرَضْتُمُ	اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا
زکوٰۃ	اور ایمان لاؤ گے	میرے رسولوں پر	اور ان کی مدد کرو گے	اور قرض دو گے	اللہ	قرض	حسنہ

زکوٰۃ، اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ گے، اور ان کی مدد کرو گے اور اللہ کو قرض حسنہ (اچھا قرض) دو گے،

لَاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

لَاُكَفِّرَنَّ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ	وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
میں ضرور دور کروں گا	تم سے	تمہارے گناہ	اور ضرور داخل کروں گا تمہیں	باغات	بہتی ہیں	سے	ان کے نیچے	نہریں

میں تمہارے گناہ ضرور دور کروں گا، اور تمہیں (اُن) باغات میں ضرور داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں،

فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٢﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ

فَمَنْ	كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ	مِنْكُمْ	فَقَدْ ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِيْلِ	فَبِمَا	نَقْضِهِمْ	مِّيْثَاقَهُمْ
پھر جو	جس کفر کیا	اس کے بعد	تم میں سے	بیشک گمراہ ہوا	سیدھا	راستہ	سو بسبب (اس کے)	ان کا توڑنا	ان کا عہد

پھر اس کے بعد تم میں سے جس نے کفر کیا۔ بیشک وہ سیدھے راستہ سے گمراہ ہوا۔ سو ان کے عہد توڑنے پر

لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا

لَعَنّٰهُمْ	وَ	جَعَلْنَا	قُلُوْبَهُمْ	قٰسِيَةً	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	عَنْ	مَّوَاضِعِهٖ	وَنَسُوْا
ہم نے ان پر لعنت کی	اور	ہم نے کر دیا	انکے دل (جمع)	سخت	وہ پھیر دیتے ہیں	کلام	سے	اس کے مواقع	اور وہ بھول گئے

ہم نے اُن پر لعنت کی اور اُن کے دلوں کو سخت کر دیا، وہ کلام کو اس کے مواقع سے پھیر دیتے ہیں (بدل دیتے ہیں) اور وہ بھول گئے (فراموش کر بیٹھے)

حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ

حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا بِهٖ	وَلَا تَزَالُ	تَطَّلِعُ	عَلٰى	خَآئِنَةٍ	مِّنْهُمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْهُمْ
ایک بڑا حصہ	اس سے جو	انہیں جس کی نصیحت کی گئی	اور ہمیشہ	آپ خبر پاتے رہتے ہیں	پر	خیانت	اُن سے	سوائے	تھوڑے	اُن سے

اس کا بڑا حصہ جس کی انہیں نصیحت کی گئی تھی اور آپ ان میں سے تھوڑوں کے سوا ہمیشہ اُن کی خیانت پر خبر پاتے رہتے ہیں

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

فَاعْفُ	عَنْهُمْ	وَاصْفَحْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَ مِنَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا
سو معاف کر	ان کو	اور درگزر کر	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	احسان کرنے والے	اور سے	جن لوگوں نے کہا

سو اُن کو معاف کر دیں اور درگزر کریں بیشک اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور ان لوگوں سے جنہوں نے کہا

اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ

اِنَّا	نَصٰرٰٓى	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَهُمْ	فَنَسُوْا	حَظًّا	مِمَّا	ذُكِّرُوْا بِهٖ	فَاَغْرَيْنَا	بَيْنَهُمُ
ہم	نصاریٰ	ہم نے لیا	اُن کا عہد	پھر وہ بھول گئے	ایک بڑا حصہ	اس سے جو	جس کی نصیحت کی گئی تھی	تو ہم نے لگا دی	ان کے درمیان

ہم نصاریٰ ہیں، ہم نے ان کا عہد لیا، پھر وہ اس کا بڑا حصہ بھول گئے جس کی انہیں نصیحت کی گئی تھی تو ہم نے ان کے درمیان لگا دیا

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا

الْعَدَاوَةَ	وَالْبَغْضَآءَ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	وَسَوْفَ	يُنَبِّئُهُمُ	اللّٰهُ	بِمَا كَانُوْا
عداوت	اور بُغض	تک	روزِ قیامت	اور جلد	انہیں جتا دے گا	اللہ	جو وہ

(ڈال دیا) روزِ قیامت تک عداوت اور بُغض، اور اللہ جلد اُنہیں جتا دے گا، جو وہ

يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ

يَصْنَعُوْنَ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا	يُبَيِّنُ	لَكُمْ	كَثِيْرًا مِّمَّا	كُنْتُمْ
کرتے تھے	اے اہلِ کتاب	یقیناً تمہارے پاس آگئے	ہمارے رسول	وہ ظاہر کرتے ہیں	تمہارے لئے	بہت سی باتیں جو	تم تھے

کرتے تھے۔ اے اہلِ کتاب! یقیناً تمہارے پاس ہمارے رسول (محمدؐ) آگئے وہ تمہارے لئے (تم پر) بہت سی باتیں ظاہر کرتے ہیں جو تم

تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ

تُخْفُوْنَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَيَعْفُوْا	عَنْ كَثِيْرٍ	قَدْ جَآءَكُمْ	مِنَ اللّٰهِ	نُوْرٌ	وَ
چھپاتے	کتاب سے	اور وہ درگزر کرتا ہے	بہت امور سے	تحقیق تمہارے پاس آگیا	اللہ سے	نور	اور

کتاب میں سے چھپاتے تھے، اور وہ بہت امور سے درگزر کرتے ہیں، تحقیق تمہارے پاس آگیا اللہ کی طرف سے نور اور

كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ

كِتٰبٌ	مُّبِيْنٌ	يَّهْدِيْ	بِهِ	اللّٰهُ	مَنِ اتَّبَعَ	رِضْوَانَهٗ	سُبُلَ	السَّلٰمِ	وَيُخْرِجُهُمْ
کتاب	روشن	ہدایت دیتا ہے	اس سے	اللہ	جو تابع ہوا	اس کی رضا	راہیں	سلامتی	اور وہ انہیں نکالتا ہے

اور روشن کتاب۔ اس سے اللہ سلامتی کی راہوں کی اسے ہدایت دیتا ہے جو اس کی رضا کے تابع ہوا اور وہ انہیں نکالتا ہے

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾

مِنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	بِاِذْنِهٖ	وَيَهْدِيْهِمْ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
سے	اندھیرے	نور کی طرف	اپنے حکم سے	اور انہیں ہدایت دیتا ہے	طرف	راستہ	سیدھا

اندھیروں سے نور کی طرف اپنے حکم سے، اور انہیں سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ

لَقَدْ كَفَرَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْمَسِيْحُ	ابْنُ مَرْيَمَ	قُلْ	فَمَنْ	يَّمْلِكُ
تحقیق کافر ہوگئے	جن لوگوں نے کہا	بیشک اللہ	وہی مسیحؑ	ابن مریم	کہدیجئے	تو کس	بس چلتا ہے

تحقیق کافر ہوگئے وہ جن لوگوں نے کہا اللہ وہی مسیحؑ ابن مریمؑ ہے۔ کہدیجئے تو کس کا بس چلتا ہے؟

مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي

مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اِنْ اَرَادَ	اَنْ يُّهْلِكَ	الْمَسِيْحَ	ابْنَ مَرْيَمَ	وَاُمَّهٗ	وَمَنْ	فِي
اللہ کے آگے	کچھ بھی	اگر وہ چاہے	کہ ہلاک کردے	مسیحؑ	ابن مریم	اور اسکی ماں	اور جو	میں

اللہ کے آگے کچھ بھی۔ اگر وہ چاہے کہ مسیحؑ ابن مریمؑ کو اور اس کی ماں کو ہلاک کردے اور جو

الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ

الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	يَخْلُقُ
زمین	سب	اور اللہ کے لئے	سلطنت	آسمانوں	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	وہ پیدا کرتا ہے

زمین میں ہے سب کو۔ اور اللہ کے لئے ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، وہ پیدا کرتا ہے

مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ

مَا يَشَآءُ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	وَالنَّصٰرٰى	نَحْنُ
جو وہ چاہتا ہے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اور کہا	یہود	اور نصاریٰ	ہم

جو وہ چاہتا ہے، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اور یہود و نصاریٰ نے کہا ہم

اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ

اَبْنٰٓؤُا	اللّٰهِ	وَاَحِبَّآؤُهٗ	قُلْ	فَلِمَ	يُعَذِّبُكُمْ	بِذُنُوْبِكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بَشَرٌ	مِّمَّنْ
بیٹے	اللہ	اور اس کے پیارے	کہدیجئے	پھر کیوں	تمہیں سزا دیتا ہے	تمہارے گناہوں پر	بلکہ	تم	بشر	ان میں سے

اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں کہدیجئے پھر وہ تمہارے گناہوں پر تمہیں سزا کیوں دیتا ہے؟ (نہیں) بلکہ تم بھی ایک بشر ہو اس کی

خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

خَلَقَ	يَغْفِرُ	لِمَنْ	يَشَآءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ
اس نے پیدا کیا (مخلوق)	وہ بخشدیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	اور عذاب دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور اللہ کے لئے	سلطنت	آسمانوں	اور

مخلوق میں سے۔ وہ جس کو چاہتا ہے بخشدیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے۔ اور اللہ کے لئے ہے سلطنت آسمانوں کی اور

الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؗ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا

الْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	وَاِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا
زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اور اسی کی طرف	لوٹ کر جانا ہے	اے اہل کتاب	تحقیق تمہارے پاس آئے	ہمارے رسول

زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے اہل کتاب! تمہارے پاس ہمارے رسول (محمدؐ) آگئے

يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِيْرٍ وَّلَا

يُبَيِّنُ	لَكُمْ	عَلٰى	فَتْرَةٍ	مِنَ	الرُّسُلِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا	مَا جَآءَنَا	مِنْ	بَشِيْرٍ	وَّلَا
وہ کھول کر بیان کرتے ہیں	تمہارے لئے	پر (بعد)	سلسلہ ٹوٹ جانا	سے (کے)	رسول (جمع)	کہ کہیں	تم کہو	ہمارے پاس نہیں آیا	کوئی	خوشخبری دینے والا	اور نہ

وہ نبیوں کا سلسلہ ٹوٹ جانے کے بعد تم پر کھول کر بیان کرتے ہیں کہ کہیں تم یہ کہو ہمارے پاس کوئی خوشخبری سنانے والا نہیں آیا، اور نہ

نَذِيرٍ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيرٌ وَّنَذِيرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٩﴾ وَاِذْ

نَذِيرٍ	فَقَدْ جَآءَكُمْ	بَشِيرٌ	وَّنَذِيرٌ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيرٌ	وَاِذْ
ڈرانے والا	تحقیق تمہارے پاس آگئے	خوشخبری سنانے والے	اور ڈرانے والے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اور جب

ڈرانے والا، تحقیق تمہارے پاس (محمدؐ) خوشخبری سنانے والے اور ڈرانے والے آگئے، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے - اور جب

قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ

قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ	جَعَلَ	فِيْكُمْ	اَنْۢبِيَآءَ
کہا	موسیٰ	اپنی قوم کو	اے میری قوم	تم یاد کرو	اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	جب	اس نے پیدا کئے	تم میں	نبی (جمع)

موسیٰؑ نے اپنی قوم کو کہا "اے میری قوم! اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، جب اس نے تم میں نبی پیدا کئے

وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٠﴾ يٰقَوْمِ

وَجَعَلَكُمْ	مُّلُوْكًا	وَّاٰتٰىكُمْ	مَّا	لَمْ يُؤْتِ	اَحَدًا	مِّنَ	الْعٰلَمِيْنَ	يٰقَوْمِ
اور تمہیں بنایا	بادشاہ	اور تمہیں دیا	جو	نہیں دیا	کسی کو	سے	جہانوں میں	اے میری قوم

اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تمہیں دیا جو جہانوں میں کسی کو نہیں دیا - اے میری قوم!

ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ

ادْخُلُوا	الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ	الَّتِيْ	كَتَبَ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَلَا تَرْتَدُّوْا	عَلٰى	اَدْبَارِكُمْ
داخل ہو	ارضِ مقدس (اس پاک سرزمین)	جو	اللہ نے لکھ دی	تمہارے لئے	اور نہ لوٹو	پر	اپنی پیٹھ

ارضِ مقدس میں داخل ہو جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے، اور اپنی پیٹھ پھیرتے ہوئے نہ لوٹو

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا

فَتَنْقَلِبُوْا	خٰسِرِيْنَ	قَالُوْا	يٰمُوْسٰى	اِنَّ فِيْهَا	قَوْمًا	جَبَّارِيْنَ	وَاِنَّا
ورنہ تم جا پڑو گے	نقصان میں	انہوں نے کہا	اے موسیٰؑ	بیشک اس میں	ایک قوم	زبردست	اور ہم بیشک

ورنہ تم نقصان میں جا پڑو گے۔ انہوں نے کہا اے موسیٰؑ! بیشک اس میں ایک زبردست قوم ہے، اور ہم

لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾

لَنْ نَّدْخُلَهَا	حَتّٰى	يَخْرُجُوْا	مِنْهَا	فَاِنْ	يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	فَاِنَّا	دٰخِلُوْنَ
ہرگز داخل نہ ہوں گے	یہاں تک کہ	وہ نکل جائیں	اس سے	پھر اگر	وہ نکلے	اس سے	تو ہم ضرور	داخل ہوں گے

وہاں ہرگز داخل نہ ہوں گے یہاں تک کہ وہ اس میں سے نکل جائیں، پھر اگر وہ اس میں سے نکلے تو ہم ضرور اس میں داخل ہونگے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ

قَالَ	رَجُلٰنِ	مِنَ الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	اَنْعَمَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمَا	ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ	الْبَابَ
کہا	دو آدمی	ان لوگوں سے جو	ڈرنے والے	اللہ نے انعام کیا تھا	ان دونوں پر	تم داخل ہو ان پر (حملہ کرو)	دروازہ

ڈرنے والوں میں سے دو آدمیوں نے کہا، اُن دونوں پر اللہ نے انعام کیا تھا کہ تم ان پر دروازہ سے (حملہ کر کے) داخل ہو جاؤ،

فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ۬ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾

فَاِذَا	دَخَلْتُمُوْهُ	فَاِنَّكُمْ	غٰلِبُوْنَ	وَعَلَى اللّٰهِ	فَتَوَكَّلُوْٓا	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
پس جب	تم داخل ہو گے اس میں	تو تم	غالب آؤ گے	اور اللہ پر	بھروسہ رکھو	اگر تم ہو	ایمان والے

جب تم اس میں داخل ہو گے تو تم ہی غالب ہو گے، اور اللہ پر بھروسہ رکھو اگر تم ایمان والے ہو۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ

قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِنَّا	لَنْ نَّدْخُلَهَآ	اَبَدًا	مَّا دَامُوْا	فِيْهَا	فَاذْهَبْ	اَنْتَ
انہوں نے کہا	اے موسیٰ	بیشک ہم	ہرگز وہاں داخل نہ ہوں گے	کبھی بھی	جب تک وہ ہیں	اس میں	سو تو جا	تو

اُنہوں نے کہا اے موسیٰ! جب تک وہ اس میں ہیں، ہم وہاں کبھی بھی ہرگز داخل نہ ہوں گے، سو تو جا،

وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ

وَرَبُّكَ	فَقَاتِلَآ	اِنَّا	هٰهُنَا	قٰعِدُوْنَ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	لَآ اَمْلِكُ	اِلَّا نَفْسِيْ
اور تیرا رب	تم دونوں لڑو	ہم	یہیں	بیٹھے ہیں	(موسیٰ نے) کہا	اے میرے رب	بیشک	اختیار نہیں رکھتا	اپنی جان کے سوا

اور تیرا رب تم دونوں لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں موسیٰ نے کہا اے میرے رب! بیشک میں اختیار نہیں رکھتا سوائے اپنی جان کے

وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ

وَاَخِيْ	فَافْرُقْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَ	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِيْنَ	قَالَ	فَاِنَّهَا	مُحَرَّمَةٌ
اور اپنا بھائی	پس جدائی کر دے	ہمارے درمیان	اور درمیان	قوم	نافرمان	اس نے کہا	پس یہ	حرام کر دی گئی

اور اپنے بھائی کے، پس ہمارے اور ہماری نافرمان قوم کے درمیان جدائی ڈال دے (فیصلہ کر دے) اللہ نے کہا پس یہ سرزمین حرام کر دی گئی ع ۴

عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ ع ۴ ۷ ۸

عَلَيْهِمْ	اَرْبَعِيْنَ	سَنَةً	يَتِيْهُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	فَلَا تَاْسَ	عَلَى	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِيْنَ
ان پر	چالیس	سال	بھٹکتے پھریں گے	زمین میں	تو افسوس نہ کر	پر	قوم	نافرمان

ان پر چالیس سال، وہ زمین میں بھٹکتے پھریں گے، تو نافرمان قوم پر افسوس نہ کر۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	ابْنَيْ اٰدَمَ	بِالْحَقِّ	اِذْ قَرَّبَا	قُرْبَانًا	فَتُقُبِّلَ	مِنْ اَحَدِهِمَا
اور سُنا	انہیں	خبر	آدم کے دو بیٹے	احوالِ واقعی	جب دونوں نے پیش کی	کچھ نیاز	تو قبول کر لی گئی	سے ان میں سے ایک

انہیں آدمؑ کے دو بیٹوں کا حالِ واقعی سُناؤ، جب دونوں نے کچھ نیاز پیش کی تو ان میں سے ایک کی قبول کر لی گئی

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ	مِنَ الْاٰخَرِ	قَالَ	لَاَقْتُلَنَّكَ	قَالَ	اِنَّمَا	يَتَقَبَّلُ	اللّٰهُ مِنَ
اور نہ قبول کی گئی	دوسرے سے	اس نے کہا	میں ضرور تجھے مار ڈالونگا	اس نے کہا	بیشک صرف	قبول کرتا ہے	اللہ سے

اور دوسرے سے قبول نہ کی گئی، اس نے (دوسرے بھائی کو) کہا میں تجھے ضرور مار ڈالوں گا، اس نے کہا اللہ صرف قبول کرتا ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ

الْمُتَّقِيْنَ	لَئِنْ	بَسَطْتَّ	اِلَيَّ	يَدَكَ	لِتَقْتُلَنِيْ	مَآ اَنَا	بِبَاسِطٍ	يَّدِيَ اِلَيْكَ
پرہیزگار (جمع)	البتہ اگر تو بڑھائے گا		میری طرف	اپنا ہاتھ	کہ مجھے قتل کرے	میں نہیں	بڑھانے والا	اپنا ہاتھ تیری طرف

پرہیزگاروں سے۔ البتہ اگر تو میری طرف اپنا ہاتھ مجھے قتل کرنے کے لئے بڑھائے گا میں پھر بھی، اپنا ہاتھ تیری طرف بڑھانے والا نہیں،

لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ

لِاَقْتُلَكَ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اللّٰهَ	رَبَّ	الْعٰلَمِيْنَ	اِنِّيْٓ	اُرِيْدُ	اَنْ تَبُوْٓاَ
کہ تجھے قتل کروں	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اللہ	پروردگار	سارے جہان	بیشک میں	چاہتا ہوں	کہ تو حاصل کرے

کہ تجھے قتل کروں، بیشک میں سارے جہان کے پروردگار اللہ سے ڈرتا ہوں۔ بیشک میں چاہتا ہوں کہ تو حاصل کرے (ذمہ دار ہو جائے) ج

بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

بِاِثْمِيْ	وَاِثْمِكَ	فَتَكُوْنَ	مِنْ	اَصْحٰبِ النَّارِ	وَذٰلِكَ	جَزٰۗؤُا	الظّٰلِمِيْنَ
میرا گناہ	اور اپنا گناہ	پھر تو ہو جائے	سے	جہنم والے	اور یہ	سزا	ظالم (جمع)

میرے گناہ کا اور اپنے گناہ کا، پھر تو جہنم والوں میں سے ہو جائے اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ

فَطَوَّعَتْ	لَهٗ	نَفْسُهٗ	قَتْلَ	اَخِيْهِ	فَقَتَلَهٗ	فَاَصْبَحَ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	فَبَعَثَ اللّٰهُ
پھر راضی کیا	اس کو	اس کا نفس	قتل	اپنے بھائی	اس نے اس کو قتل کر دیا	تو ہو گیا وہ	سے	نقصان اٹھانے والے	پھر بھیجا اللہ

پھر اس کو اس کے نفس نے اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کر لیا، اس نے اس کو قتل کر دیا تو نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گیا۔ پھر اللہ نے بھیجا

غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ

غُرَابًا	يَّبْحَثُ	فِي الْاَرْضِ	لِيُرِيَهٗ	كَيْفَ	يُوَارِيْ	سَوْءَةَ	اَخِيْهِ	قَالَ
ایک کوّا	کُریدتا تھا	زمین میں	تاکہ اُسے دکھائے	کیسے	وہ چھپائے	لاش	اپنا بھائی	اس نے کہا

ایک کوّا، زمین کُریدتا، تاکہ وہ اُسے دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کیسے چھپائے۔ اس نے کہا

يٰوَيْلَتٰى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ

يٰوَيْلَتٰى	اَعَجَزْتُ	اَنْ اَكُوْنَ	مِثْلَ	هٰذَا	الْغُرَابِ	فَاُوَارِيَ	سَوْءَةَ	اَخِيْ
ہائے افسوس مجھ پر	مجھ سے نہ ہوسکا	کہ میں ہوجاؤں	جیسا	اس۔یہ	کوّا	پھر چھپاؤں	لاش	اپنا بھائی

ہائے افسوس! مجھ سے اتنا نہ ہو سکا کہ اس کوّے جیسا ہو جاؤں کہ اپنے بھائی کی لاش کو چھپاؤں،

فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۛ ﴿۳۱﴾ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

فَاَصْبَحَ	مِنَ	النّٰدِمِيْنَ	مِنْ	اَجْلِ	ذٰلِكَ	كَتَبْنَا	عَلٰى	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
پس وہ ہوگیا	سے	نادم ہونے والے	سے	وجہ	اس	ہم نے لکھدیا	پر	بنی اسرائیل

پس وہ نادم (پشیمان) ہونے والوں میں سے ہوگیا۔ اس وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا

اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ

اَنَّهٗ	مَنْ قَتَلَ	نَفْسًۢا	بِغَيْرِ نَفْسٍ	اَوْ فَسَادٍ	فِي الْاَرْضِ	فَكَاَنَّمَا	قَتَلَ
کہ جو جس	کوئی قتل کرے	کوئی جان	کسی جان کے بغیر	یا فساد کرنا	زمین (ملک) میں	تو گویا	اس نے قتل کیا

کہ جس نے کسی ایک جان کو کسی جان کے (بدلے کے) بغیر یا ملک میں فساد کرنے کے بغیر قتل کیا تو گویا اس نے قتل کیا

النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ

النَّاسَ	جَمِيْعًا	وَمَنْ	اَحْيَاهَا	فَكَاَنَّمَآ	اَحْيَا	النَّاسَ	جَمِيْعًا	وَ	لَقَدْ جَآءَتْهُمْ
لوگ	تمام	اور جو جس	اسکو زندہ رکھا	تو گویا	اس نے زندہ رکھا	لوگ	تمام	اور	ان کے پاس آچکے

تمام لوگوں کو، اور جس نے (کسی ایک کو) زندہ رکھا (بچایا) تو گویا اس نے تمام لوگوں کو زندہ رکھا (بچالیا) اور ان کے پاس آچکے ﴿۳۲﴾

رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۫ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ

رُسُلُنَا	بِالْبَيِّنٰتِ	ثُمَّ	اِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	بَعْدَ ذٰلِكَ	فِي الْاَرْضِ	لَمُسْرِفُوْنَ
ہمارے رسول	روشن دلائل کے ساتھ	پھر	بیشک	اکثر	ان میں سے	اس کے بعد	زمین (ملک) میں	حد سے بڑھنے والے

ہمارے رسول روشن دلائل کے ساتھ، پھر اس کے بعد ان میں سے اکثر ملک میں حد سے بڑھ جانے والے ہیں۔

إِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ

إِنَّمَا	جَزٰٓؤُا	الَّذِينَ	يُحَارِبُونَ	اللّٰهَ	وَرَسُولَهٗ	وَ	يَسْعَوْنَ	فِي الْأَرْضِ
یہی	سزا	جو لوگ	جنگ کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسولؐ	اور	سعی کرتے ہیں	زمین (ملک) میں

یہی سزا ہے (اُن کی) جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ سے جنگ کرتے ہیں اور سعی کرتے ہیں ملک میں

فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوٓا أَوْ يُصَلَّبُوٓا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ

فَسَادًا	أَنْ يُقَتَّلُوٓا	أَوْ	يُصَلَّبُوٓا	أَوْ	تُقَطَّعَ	أَيْدِيهِمْ	وَأَرْجُلُهُمْ
فساد کرنے	کہ وہ قتل کیے جائیں	یا	وہ سُولی دیئے جائیں	یا	کاٹے جائیں	ان کے ہاتھ	اور ان کے پاؤں

فساد بپا کرنے کی کہ وہ قتل کیے جائیں یا سُولی دیئے جائیں، یا اُن کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے جائیں

مِّنْ خِلَافٍ أَوْ يُنفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ

مِنْ	خِلَافٍ	أَوْ يُنفَوْا	مِنَ الْأَرْضِ	ذٰلِكَ	لَهُمْ	خِزْيٌ	فِي الدُّنْيَا	وَلَهُمْ
سے	ایک دوسرے کے مخالف سے	یا ملک بدر کر دیئے جائیں	ملک سے	یہ	ان کے لئے	رسوائی	دنیا میں	اور ان کے لئے

مخالف جانب سے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں) یا ملک بدر کر دیئے جائیں، یہ ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے، اور ان کے لئے

فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٣٣﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُوا

فِي الْآخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيمٌ	إِلَّا	الَّذِينَ تَابُوا	مِن قَبْلِ	أَنْ	تَقْدِرُوا
آخرت میں	عذاب	بڑا	مگر	وہ لوگ جنہوں نے توبہ کر لی	اس سے پہلے	کہ	تم قابو پاؤ

آخرت میں بڑا عذاب ہے - مگر وہ لوگ جنہوں نے اس سے پہلے توبہ کر لی کہ تم قابو پاؤ

عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوٓا أَنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٤﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا

عَلَيْهِمْ	فَاعْلَمُوٓا	أَنَّ	اللّٰهَ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	اتَّقُوا
اُن پر	تو جان لو	کہ	اللہ	بخشنے والا	مہربان	اے	جو لوگ ایمان لائے	ڈرو

اُن پر، تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے - اے ایمان والو! ڈرو

اللّٰهَ وَابْتَغُوٓا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٣٥﴾

اللّٰهَ	وَابْتَغُوٓا	إِلَيْهِ	الْوَسِيلَةَ	وَجَاهِدُوا	فِي	سَبِيلِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُونَ
اللہ	اور تلاش کرو	اس کی طرف	قرب	اور جہاد کرو	میں	اس کا راستہ	تاکہ تم	فلاح پاؤ

اللہ سے اور اس کی طرف (اس کا) قرب تلاش کرو اور اس کے راستہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ

إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	لَوْ	أَنَّ	لَهُم	مَّا	فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	وَمِثْلَهُ	مَعَهُ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اگر	یہ کہ	انکے لئے	جو	زمین میں	سب کا سب	اور اتنا	اس کے ساتھ

جن لوگوں نے کفر کیا جو کچھ زمین میں ہے اگر سب کا سب اور اس کے ساتھ اور اتنا ہی اُن کے ساتھ ہو

لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

لِيَفْتَدُوا	بِهِ	مِنْ	عَذَابِ	يَوْمِ الْقِيَامَةِ	مَا	تُقُبِّلَ	مِنْهُمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
کہ فدیہ (بدلہ میں) دیں	اسکے ساتھ	سے	عذاب	قیامت کا دن	نہ	قبول کیا جائے گا	اُن سے	اور ان کے لئے	عذاب

کہ وہ اس کو قیامت کے دن عذاب کے فدیہ (بدلہ) میں دیں تو وہ اُن سے قبول نہ کیا جائے گا، اور اُن کے لئے عذاب ہے

أَلِيمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ مِنْهَا ۖ وَ

أَلِيمٌ	يُرِيدُونَ	أَنْ	يَخْرُجُوا	مِنَ	النَّارِ	وَمَا	هُمْ	بِخَارِجِينَ	مِنْهَا	وَ
دردناک	وہ چاہیں گے	کہ	وہ نکل جائیں	سے	آگ	حالانکہ نہیں	وہ	نکلنے والے	اس سے	اور

دردناک۔ وہ چاہیں گے کہ وہ آگ سے نکل جائیں، حالانکہ وہ اس سے نکلنے والے نہیں، اور

لَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ﴿٣٧﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا

لَهُمْ	عَذَابٌ	مُّقِيمٌ	وَالسَّارِقُ	وَالسَّارِقَةُ	فَاقْطَعُوا	أَيْدِيَهُمَا
ان کے لئے	عذاب	ہمیشہ رہنے والا	اور چور مرد	اور چور عورت	کاٹ دو	ان دونوں کے ہاتھ

ان کے لئے ہمیشہ رہنے والا (دائمی) عذاب ہے۔ چور مرد اور چور عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو

جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَن تَابَ مِن

جَزَاءً	بِمَا كَسَبَا	نَكَالًا	مِنَ	اللَّهِ	وَاللَّهُ	عَزِيزٌ	حَكِيمٌ	فَمَن	تَابَ	مِن
سزا	اسکی جو انہوں نے کیا	عبرت	سے	اللہ	اور اللہ	غالب	حکمت والا	پس جو۔ جس	توبہ کی	سے

یہ سزا ہے اس کی جو انہوں نے کیا، عبرت ہے اللہ کی طرف سے، اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ پس جس نے توبہ کی

بَعْدِ ظُلْمِهِ وَأَصْلَحَ فَإِنَّ اللَّهَ يَتُوبُ عَلَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٩﴾

بَعْدِ	ظُلْمِهِ	وَأَصْلَحَ	فَإِنَّ	اللَّهَ	يَتُوبُ + عَلَيْهِ	إِنَّ	اللَّهَ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ
بعد	اپنا ظلم	اور اصلاح کی	تو بیشک	اللہ	اس کی توبہ قبول کرتا ہے	بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اپنے ظلم کے بعد اور اصلاح کر لی تو بیشک اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ

اَلَمْ تَعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	يُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ
کیا تو نہیں جانتا	کہ	اللہ	اسی کی	سلطنت	آسمانوں	اور زمین	عذاب دے	جسے چاہے

کیا تو نہیں جانتا کہ اللہ ہی کی ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی ؟ وہ جسے چاہے عذاب دے،

وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ

وَيَغْفِرُ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰۤاَيُّهَا	الرَّسُوْلُ	لَا يَحْزُنْكَ
اور بخش دے	جس کو چاہے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اے	رسولؐ	آپکو غمگین نہ کریں

اور جس کو چاہے بخش دے، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اے رسولؐ! آپ کو وہ لوگ غمگین نہ کریں

الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَ

الَّذِيْنَ	يُسَارِعُوْنَ	فِى	الْكُفْرِ	مِنَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْۤا	اٰمَنَّا	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَ
جو لوگ	جلدی کرتے ہیں	میں	کفر	سے	جو لوگ	انہوں نے کہا	ہم ایمان لائے	اپنے منہ سے (جمع)	اور

جو کفر میں جلدی کرتے ہیں، وہ لوگ جو اپنے مُنہ سے کہتے ہیں ہم ایمان لائے، حالانکہ

لَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ

لَمْ تُؤْمِنْ	قُلُوْبُهُمْ	وَمِنَ	الَّذِيْنَ هَادُوْا	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	سَمّٰعُوْنَ
مومن نہیں	اُن کے دل	اور سے	وہ لوگ جو یہودی ہوئے	جاسوسی کرتے ہیں	جھوٹ کے لئے	وہ جاسوس ہیں

ان کے دل مومن نہیں، وہ جو یہودی ہوئے وہ جھوٹ کے لئے جاسوسی کرتے ہیں، وہ جاسوس ہیں

لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

لِقَوْمٍ	اٰخَرِيْنَ	لَمْ يَاْتُوْكَ	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَوَاضِعِهٖ
جماعت کے لئے	دوسری	وہ آپؐ تک نہیں آئے	وہ پھیر دیتے ہیں	کلام	بعد	اس کے ٹھکانے

ایک دوسری جماعت کے جو آپؐ تک نہیں آئے، کلام کو پھیر دیتے (بدل ڈالتے) ہیں اس کے ٹھکانے کے بعد (ٹھکانہ چھوڑ کر)

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ

يَقُوْلُوْنَ	اِنْ اُوْتِيْتُمْ	هٰذَا	فَخُذُوْهُ	وَاِنْ	لَّمْ تُؤْتَوْهُ	فَاحْذَرُوْا	وَمَنْ
کہتے ہیں	اگر تمہیں دیا جائے	یہ	اس کو قبول کر لو	اور اگر	یہ تمہیں نہ دیا جائے	تو اس سے بچو	اور جو۔ جس

کہتے ہیں اگر تمہیں یہ دیا جائے تو اس کو قبول کر لو، اور اگر تمہیں نہ دیا جائے تو اس سے بچو، اور جس کو

يُرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

يُرِدِ اللّٰهُ	فِتْنَتَهٗ	فَلَنْ تَمْلِكَ	لَهٗ	مِنَ	اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
اللہ چاہے	گمراہ کرنا	تو ہرگز نہ آسکے گا	اسکے لئے	سے	اللہ	کچھ	یہی لوگ	وہ لوگ جو

اللہ گمراہ کرنا چاہے تو اس کے لئے تُو اللہ کے ہاں کچھ نہ کر سکے گا ، یہی لوگ ہیں جنہیں

لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ ۖ وَّلَهُمْ

لَمْ يُرِدِ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّطَهِّرَ	قُلُوْبَهُمْ	لَهُمْ	فِى الدُّنْيَا	خِزْىٌ	وَلَهُمْ
نہیں چاہا	اللہ	کہ	پاک کرے	ان کے دل	ان کے لئے	دنیا میں	رسوائی	اور ان کے لئے

اللہ نے نہیں چاہا کہ ان کے دل پاک کرے ، ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے ، اور ان کے لئے

فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٤١﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ

فِى	الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	اَكّٰلُوْنَ	لِلسُّحْتِ	فَاِنْ
میں	آخرت	عذاب	بڑا	جاسوسی کرنے والے	جھوٹ کے لئے	بڑے کھانے والے	حرام	پس اگر

آخرت میں بڑا عذاب ہے ۔ جھوٹ کے لئے جاسوسی کرنے والے ، بڑے حرام کھانے والے ، پس اگر

جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ

جَآءُوْكَ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	اَوْ	اَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَاِنْ	تُعْرِضْ	عَنْهُمْ	فَلَنْ
آپ کے پاس آئیں	تو فیصلہ کردیں آپ	انکے درمیان	یا	منہ پھیر لیں	اُن سے	اور اگر	آپ منہ پھیر لیں	اُن سے	تو ہرگز

وہ آپ کے پاس آئیں تو آپ ان کے درمیان فیصلہ کر دیں یا اُن سے منہ پھیر لیں ، اور اگر آپ اُن سے منہ پھیر لیں تو ہرگز

يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

يَضُرُّوْكَ	شَيْـًٔا	وَاِنْ	حَكَمْتَ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ
آپ کا نہ بگاڑ سکیں گے	کچھ	اور اگر	آپ فیصلہ کریں	تو فیصلہ کریں	ان کے درمیان	انصاف سے	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے

آپ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے ، اور اگر آپ فیصلہ کریں تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کریں ، بیشک اللہ دوست رکھتا ہے

الْمُقْسِطِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ

الْمُقْسِطِيْنَ	وَكَيْفَ	يُحَكِّمُوْنَكَ	وَعِنْدَهُمُ	التَّوْرٰىةُ	فِيْهَا	حُكْمُ اللّٰهِ
انصاف کرنے والے	اور کیسے	وہ آپ کو منصف بنائیں گے	جبکہ ان کے پاس	توریت	اس میں	اللہ کا حکم

انصاف کرنے والوں کو ۔ اور وہ آپ کو کیسے منصف بنائیں گے جبکہ ان کے پاس توریت ہے ، جس میں اللہ کا حکم ہے

ع ٦ ٩ ١٠

ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٣﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا

ثُمَّ	يَتَوَلَّوْنَ	مِنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَمَا	اُولٰۗىِٕكَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّا	اَنْزَلْنَا
پھر	پھر جاتے ہیں	بعد	اس	اور نہیں	وہ لوگ	ماننے والے	بیشک ہم	ہم نے نازل کی

پھر اس کے بعد وہ پھر جاتے ہیں، اور وہ لوگ ماننے والے نہیں۔ بیشک ہم نے نازل کی

التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا

التَّوْرٰىةَ	فِيْهَا	هُدًى	وَّنُوْرٌ	يَحْكُمُ	بِهَا	النَّبِيُّوْنَ	الَّذِيْنَ	اَسْلَمُوْا
تورات	اس میں	ہدایت	اور نور	حکم دیتے تھے	اسکے ذریعہ	نبی (جمع)	جو فرماں بردار تھے	

توریت۔ اس میں ہدایت ہے اور نور ہے، اس کے ذریعہ ہمارے نبی حکم دیتے تھے، جو فرماں بردار تھے

لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ

لِلَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ	وَالْاَحْبَارُ	بِمَا	اسْتُحْفِظُوْا	مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ
ان لوگوں کے لئے جو	یہودی ہوئے (یہود کو)	اللہ والے (درویش)	اور علماء	اس لئے کہ	وہ نگہبان کئے گئے	سے (کی) اللہ کی کتاب

یہود کو اور درویش اور علماء (بھی) اس لئے کہ وہ اللہ کی کتاب کے نگہبان مقرر کئے گئے تھے

وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَاۗءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا

وَكَانُوْا	عَلَيْهِ	شُهَدَاۗءَ	فَلَا تَخْشَوُا	النَّاسَ	وَاخْشَوْنِ	وَ	لَا تَشْتَرُوْا
اور تھے	اس پر	نگران (گواہ)	پس نہ ڈرو	لوگ	اور ڈرو مجھ سے	اور	نہ خریدو (نہ حاصل کرو)

اور اس پر نگران تھے، پس تم لوگوں سے نہ ڈرو اور مجھ (ہی) سے ڈرو اور نہ حاصل کرو

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٤٤﴾

بِاٰيٰتِيْ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَا	اَنْزَلَ اللّٰهُ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْكٰفِرُوْنَ
میری آیتوں کے بدلے	قیمت	تھوڑی	اور جو	فیصلہ نہ کرے	اسکے مطابق جو	اللہ نے نازل کیا	سو یہی لوگ	وہ	کافر (جمع)

میری آیتوں کے بدلے تھوڑی قیمت، اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے سو یہی لوگ کافر ہیں

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ

وَكَتَبْنَا	عَلَيْهِمْ	فِيْهَا	اَنَّ	النَّفْسَ	بِالنَّفْسِ	وَالْعَيْنَ	بِالْعَيْنِ	وَالْاَنْفَ
اور ہم نے لکھا (فرض کیا)	ان پر	اس میں	کہ	جان	جان کے بدلے	اور آنکھ	آنکھ کے بدلے	اور ناک

اور ہم نے اس (کتاب) میں اُن پر فرض کر دیا کہ جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ، اور ناک

بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ

بِالْاَنْفِ	وَالْاُذُنَ	بِالْاُذُنِ	وَالسِّنَّ	بِالسِّنِّ	وَالْجُرُوْحَ	قِصَاصٌ
ناک کے بدلے	اور کان	کان کے بدلے	اور دانت	دانت کے بدلے	اور زخموں (جمع)	بدلہ

ناک کے بدلے، اور کان کے بدلے کان، اور دانت کے بدلے دانت ہے، اور زخموں کا قصاص (بدلہ) ہے

فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

فَمَنْ	تَصَدَّقَ	بِهٖ	فَهُوَ	كَفَّارَةٌ	لَّهٗ	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	فَاُولٰٓئِكَ
پھر جو جس	معاف کر دیا	اس کو	تو وہ	کفارہ	اسکے لئے	اور جو	فیصلہ نہیں کرتا	اسکے مطابق جو	نازل کیا	اللہ	تو یہی لوگ

پھر جس نے اس (قصاص) کو معاف کر دیا تو وہ اسکے لئے کفارہ ہے اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا جو اللہ نے نازل کیا تو یہی لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا

هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَقَفَّيْنَا	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمْ	بِعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ	مُصَدِّقًا	لِّمَا
وہ	ظالم (جمع)	اور ہم نے پیچھے بھیجا	پر	اُن کے نشانِ قدم	عیسیٰؑ	ابن مریم	تصدیق کرنے والا	اس کی جو

ظالم ہیں۔ اور ہم نے عیسیٰؑ ابن مریمؑ کو اُن کے نشانِ قدم پر بھیجا، اس کی تصدیق کرنے والا

بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ

بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ	فِيْهِ	هُدًى	وَنُوْرٌ
اس سے پہلے	سے	توریت	اور ہم نے اسے دی	انجیل	اس میں	ہدایت	اور نور

جو اس (عیسیٰؑ) سے پہلے توریت تھی، اور ہم نے اسے انجیل دی، اس میں ہدایت اور نور ہے

وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۶﴾ ط

وَمُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَهُدًى	وَمَوْعِظَةً	لِّلْمُتَّقِيْنَ
اور تصدیق کرنے والی	اس کی جو	اس سے پہلے	سے	توریت	اور ہدایت	اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے

اور اس کی تصدیق کرنے والی ہے۔ جو اس سے پہلے توریت سے تھی اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت و نصیحت تھی۔

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ

وَلْيَحْكُمْ	اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	فِيْهِ	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَآ
اور فیصلہ کریں	انجیل والے	اس کے ساتھ جو	نازل کیا	اللہ	اس میں	اور جو	فیصلہ نہیں کرتا	اسکے مطابق جو

اور انجیل والے اس کے ساتھ فیصلہ کریں جو اللہ نے اس میں نازل کیا، اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا

أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَأَنْزَلْنَآ إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

أَنْزَلَ	اللّٰهُ	فَأُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	وَأَنْزَلْنَا	إِلَيْكَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ
نازل کیا	اللہ	تو یہی لوگ	وہ	فاسق (نافرمان)	اور ہم نے نازل کی	آپ کی طرف	کتاب	سچائی کے ساتھ

جو اللہ نے نازل کیا ہے تو یہی لوگ فاسق (نافرمان) ہیں۔ اور ہم نے آپؐ کی طرف کتاب سچائی کے ساتھ نازل کی

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ

مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	الْكِتٰبِ	وَمُهَيْمِنًا	عَلَيْهِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ
تصدیق کرنیوالی	اسکی جو	اس سے پہلے	سے	کتاب	اور نگہبان و محافظ	اس پر	سو فیصلہ کریں	ان کے درمیان

اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی اور اس پر نگہبان و محافظ، سو ان کے درمیان فیصلہ کریں

بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ جَعَلْنَا

بِمَآ	أَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ	أَهْوَآءَهُمْ	عَمَّا	جَآءَكَ	مِنَ	الْحَقِّ	لِكُلٍّ	جَعَلْنَا
اس سے جو	نازل کیا	اللہ	اور	نہ پیروی کریں	انکی خواہشات	اس سے	تمہارے پاس آگیا	سے	حق	ہر ایک کے لئے	ہم نے مقرر کیا ہے

اس سے جو اللہ نے نازل کیا اور انکی خواہشات کی پیروی نہ کریں اسکے بعد (جبکہ) تمہارے پاس حق آگیا، ہم نے مقرر کیا ہے تم میں سے ہر ایک کے لئے

مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ

مِنْكُمْ	شِرْعَةً	وَّمِنْهَاجًا	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	أُمَّةً	وَاحِدَةً	وَّلٰكِنْ
تم میں سے	دستور	اور راستہ	اور اگر	اللہ چاہتا	تو تمہیں کر دیتا	اُمت	واحدہ (ایک)	اور لیکن

(الگ) دستور اور (جُدا) راستہ، اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں اُمتِ واحدہ (ایک امت) کر دیتا، لیکن (وہ چاہتا ہے)

لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا

لِيَبْلُوَكُمْ	فِيْ	مَا	اٰتٰىكُمْ	فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرٰتِ	إِلَى	اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا
تاکہ تمہیں آزمائے	میں	جو	اس نے تمہیں دیا	پس سبقت کرو	نیکیاں	طرف	اللہ	تمہیں لوٹنا	سب کو

تاکہ وہ تمہیں اس میں آزمائے جو اس نے تمہیں دیا ہے، پس نیکیوں میں سبقت کرو، تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَأَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ أَنْزَلَ

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	وَأَنِ	احْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِمَا	أَنْزَلَ
وہ تمہیں بتلا دے گا	جو	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے	اور یہ کہ	فیصلہ کریں	ان کے درمیان	اس سے جو	نازل کیا

وہ تمہیں بتلا دے گا جس بات میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور یہ کہ ان کے درمیان فیصلہ کریں اس سے جو نازل کیا

اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ

اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَهُمْ	وَاحْذَرْهُمْ	اَنْ	يَّفْتِنُوْكَ	عَنْ	بَعْضِ	مَآ	اَنْزَلَ
اللہ	اور	نہ چلو	ان کی خواہشیں	اوران سے بچتے رہو	کہ	بہکانہ دیں	سے	بعض (کسی)	جو	نازل کیا

اللہ نے، اوراُن کی خواہشوں پر نہ چلو اوران سے بچتے رہوکہ تمہیں بہکا نہ دیں کسی (ایسے حکم) سے جونازل کیا ہے

اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ

اللّٰهُ	اِلَيْكَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاعْلَمْ	اَنَّمَا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّصِيْبَهُمْ	بِبَعْضِ
اللہ	آپ کی طرف	پھر اگر	وہ منہ پھیریں	توجان لو	صرف یہی	چاہتا ہے	اللہ	کہ	انہیں پہنچادے	بسبب بعض

اللہ نے آپؐ کی طرف پھر اگر وہ منہ پھیریں تو جان لو کہ اللہ صرف یہی چاہتا ہے کہ انہیں (سزا) پہنچائے ان کے بعض

ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ

ذُنُوْبِهِمْ	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ	النَّاسِ	لَفٰسِقُوْنَ	اَفَحُكْمَ	الْجَاهِلِيَّةِ
ان کے گناہ	اور بیشک	اکثر	سے	لوگ	نافرمان	کیا حکم	جاہلیت

گناہوں کے سبب، اوران میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں۔ کیا وہ (دورِ) جاہلیت کا حکم (رسم و رواج)

وَنُرَدُّ	عَلٰٓى	اَعْقَابِنَا	بَعْدَ	اِذْ هَدٰىنَا	اللّٰهُ	كَالَّذِي	اسْتَهْوَتْهُ	الشَّيٰطِيْنُ	فِي
اور ہم پھیر جائیں	پر	اپنی ایڑیاں (اُلٹے پاؤں)	بعد	جب ہدایت دی ہمیں	اللہ	اس کی طرح جو	بھلا دیا اس کو	شیطان	میں

اور (کیا) ہم اپنے اُلٹے پاؤں پھر جائیں اس کے بعد جبکہ اللہ نے ہمیں ہدایت دیدی اس شخص کی طرح جسے شیطان نے بھلا دیا

۸ ع ۱۰ ۱۴

الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ

الْاَرْضِ	حَيْرَانَ	لَهٗٓ	اَصْحٰبٌ	يَّدْعُوْنَهٗٓ	اِلَى	الْهُدَى	ائْتِنَا	قُلْ	اِنَّ	هُدَى	اللّٰهِ
زمین (جنگل)	حیران	اس کے	ساتھی	بلاتے ہوں اس کو	طرف	ہدایت	ہمارے پاس آ	کہدیں	بیشک	ہدایت	اللہ

جنگل میں، وہ حیران ہو، اس کے ساتھی اس کو ہدایت کی طرف بلاتے ہوں کہ ہمارے پاس آ - آپؐ کہہ دیں بیشک اللہ کی ہدایت

هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ

هُوَ	الْهُدٰى	وَاُمِرْنَا	لِنُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَاَنْ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاتَّقُوْهُ
وہ	ہدایت	اور حکم دیا گیا ہمیں	کہ فرمانبردار رہیں	پروردگار کے لئے	تمام جہان	اور یہ کہ	قائم کرو	نماز	اور اس سے ڈرو

ہی ہدایت ہے اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کے فرماں بردار رہیں - اور یہ کہ نماز قائم کرو، اور اس سے ڈرو

وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ

وَهُوَ	الَّذِيْ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ
اور وہی	وہ جس کی	اس کی طرف	تم اکٹھے کئے جاؤ گے	اور	وہی	وہ جو جس	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	ٹھیک طور پر

اور وہی ہے جس کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے - اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا -

وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۘ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ

وَ	يَوْمَ	يَقُوْلُ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	قَوْلُهُ	الْحَقُّ	وَلَهُ	الْمُلْكُ	يَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ
اور	جس دن	کہے گا وہ	ہو جا	تو وہ ہو جائے گا	اس کی بات	سچی	اور اس کا	ملک	جس دن	پھونکا جائے گا	صور

اور جس دن کہے گا "ہو جا" تو وہ "ہو جائے گا"، اس کی بات سچی ہے، اور ملک اسی کا ہے، جس دن صور پھونکا جائے گا،

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ

عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْخَبِيْرُ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ
جاننے والا	غیب	اور ظاہر	اور وہی	حکمت والا	خبر رکھنے والا	اور جب	کہا	ابراہیمؑ

غیب اور ظاہر کا جاننے والا، اور وہی ہے حکمت والا، خبر رکھنے والا - اور جب ابراہیمؑ نے کہا

لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾

لِاَبِيْهِ	اٰزَرَ	اَتَتَّخِذُ	اَصْنَامًا	اٰلِهَةً	اِنِّيْٓ	اَرٰىكَ	وَقَوْمَكَ	فِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
اپنے باپ کو	آزر	کیا تو بناتا ہے	بت (جمع)	معبود	بیشک میں	تجھے دیکھتا ہوں	اور تیری قوم	گمراہی	کھلی

اپنے باپ آزر کو، کیا تو بتوں کو معبود بناتا ہے؟ بیشک میں تجھے اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں -

وَكَذٰلِكَ نُرِيٓ اِبْرٰهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ ﴿۷۵﴾

وَكَذٰلِكَ	نُرِيٓ	اِبْرٰهِيمَ	مَلَكُوتَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلِيَكُونَ	مِنَ	الْمُوقِنِينَ
اور اسی طرح	ہم دکھانے لگے	ابراہیمؑ	بادشاہی	آسمانوں (جمع)	اور زمین	اور تاکہ ہو جائے وہ	سے	یقین کرنے والے

اور اس طرح ہم ابراہیمؑ کو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی (عجائبات) دکھانے لگے تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ

فَلَمَّا	جَنَّ	عَلَيْهِ	الَّيْلُ	رَاٰ	كَوْكَبًا	قَالَ	هٰذَا	رَبِّيْ	فَلَمَّآ	اَفَلَ	قَالَ	لَآ	اُحِبُّ
پھر جب	اندھیرا کر لیا	اس پر	رات	اس نے دیکھا	ایک ستارہ	اس نے کہا	یہ	میرا رب	پھر جب	غائب ہو گیا	اس نے کہا	نہیں	میں دوست رکھتا

پھر جب اس پر رات نے اندھیرا کر لیا تو ایک ستارہ دیکھا، کہا یہ میرا رب ہے۔ پھر جب غائب ہو گیا تو (ابراہیمؑ) کہنے لگے میں دوست نہیں رکھتا

الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ

الْاٰفِلِيْنَ	فَلَمَّا	رَاَ	الْقَمَرَ	بَازِغًا	قَالَ	هٰذَا	رَبِّيْ	فَلَمَّآ	اَفَلَ	قَالَ	لَئِنْ	لَّمْ يَهْدِنِيْ
غائب ہونے والے	پھر جب	دیکھا	چاند	چمکتا ہوا	بولے	یہ	میرا رب	پھر جب	غائب ہو گیا	کہا	اگر	نہ ہدایت دے مجھے

غائب ہونے والوں کو۔ پھر جب چمکتا ہوا چاند دیکھا تو بولے یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا اگر مجھے ہدایت نہ دے

رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ

رَبِّيْ	لَاَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْقَوْمِ	الضَّآلِّيْنَ	فَلَمَّا	رَاَ	الشَّمْسَ	بَازِغَةً	قَالَ
میرا رب	تو میں ہو جاؤں	سے	قوم۔لوگ	بھٹکنے والے	پھر جب	اس نے دیکھا	سورج	جگمگاتا ہوا	بولے

میرا رب تو میں بھٹکنے والے لوگوں میں سے ہو جاؤں۔ پھر جب اس نے جگمگاتا ہوا سورج دیکھا تو بولے

هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾

هٰذَا	رَبِّيْ	هٰذَا	اَكْبَرُ	فَلَمَّآ	اَفَلَتْ	قَالَ	يٰقَوْمِ	اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُوْنَ
یہ	میرا رب	یہ	سب سے بڑا	پھر جب	وہ غائب ہو گیا	کہا	اے میری قوم	بیشک میں	بیزار	اس سے جو	تم شرک کرتے ہو

یہ میرا رب ہے، یہ سب سے بڑا ہے۔ پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا اے میری قوم! بیشک میں ان سے بیزار ہوں جن کو تم شریک کرتے ہو۔

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۷۹﴾

اِنِّيْ	وَجَّهْتُ	وَجْهِيَ	لِلَّذِيْ	فَطَرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	حَنِيْفًا	وَّمَآ اَنَا	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
بیشک میں	میں نے منہ موڑ لیا	اپنا منہ	اسکی طرف جس	بنائے	آسمان (جمع)	اور زمین	یکسو ہو کر	اور نہیں میں	سے	شرک کرنے والے

بیشک میں نے اپنا منہ یکسو ہو کر اسکی طرف موڑ لیا جس نے زمین اور آسمان بنائے اور میں شرک کرنے والوں سے نہیں۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ

وَحَآجَّهٗ	قَوْمُهٗ	قَالَ	اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ	فِي	اللّٰهِ	وَ	قَدْ هَدٰىنِ	وَ لَآ اَخَافُ	مَا تُشْرِكُوْنَ
اور اس سے جھگڑا کیا	اس کی قوم	اس نے کہا	کیا تم مجھ سے جھگڑتے ہو	میں	اللہ	اور	اس نے مجھے ہدایت دیدی ہے	اور نہیں ڈرتا میں	جو تم شریک کرتے ہو

اور اُسکی قوم نے اس سے جھگڑا کیا تو اس نے کہا کیا تم مجھ سے اللہ کے (بارہ میں) جھگڑتے ہو؟ اس نے مجھے ہدایت دیدی ہے اور میں ان سے نہیں ڈرتا جنہیں تم شریک ٹھہراتے ہو

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾

اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ	رَبِّيْ	شَيْـًٔا	وَسِعَ	رَبِّيْ	كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا	اَ	فَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ
اس کا	مگر	یہ کہ	چاہے	میرا رب	کچھ	احاطہ کر لیا	میرا رب	ہر چیز	علم	کیا	سو تم نہیں سوچتے

اس کا، مگر یہ کہ میرا رب کچھ (تکلیف) پہنچانا چاہے میرے رب کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کر لیا ہے سو کیا تم سوچتے نہیں؟

وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ

وَكَيْفَ	اَخَافُ	مَآ اَشْرَكْتُمْ	وَ	لَا تَخَافُوْنَ	اَنَّكُمْ	اَشْرَكْتُمْ	بِاللّٰهِ	مَا	لَمْ يُنَزِّلْ	بِهٖ
اور کیونکر	میں ڈروں	جو تم شریک کرتے ہو (تمہارے شریک)	اور	تم نہیں ڈرتے	کہ تم	شریک کرتے ہو	اللہ کا	جو	نہیں اتاری	اس کی

اور میں تمہارے شریک سے کیونکر ڈروں؟ اور تم (اس سے) نہیں ڈرتے کہ اللہ کا شریک کرتے ہو جس کی اُس نے نہیں اُتاری

عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَلَّذِيْنَ

عَلَيْكُمْ	سُلْطٰنًا	فَاَيُّ	الْفَرِيْقَيْنِ	اَحَقُّ	بِالْاَمْنِ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	اَلَّذِيْنَ
تم پر	کوئی دلیل	سو کون	دونوں فریق	زیادہ حقدار	امن کا	اگر	تم	جانتے ہو	جو لوگ

تم پر کوئی دلیل، سو دونوں فریق میں سے امن (دلجمعی) کا کون زیادہ حقدار ہے؟ (بتاؤ) اگر تم جانتے ہو۔ جو لوگ

ع ۹ ۱۲ ۱۵

اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَتِلْكَ

اٰمَنُوْا	وَ	لَمْ يَلْبِسُوْا	اِيْمَانَهُمْ	بِظُلْمٍ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمُ	الْاَمْنُ	وَهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	وَتِلْكَ
ایمان لائے	اور	نہ ملایا	اپنا ایمان	ظلم سے	یہی لوگ	ان کے لئے	امن (دلجمعی)	اور وہی	ہدایت یافتہ	اور یہ

ایمان لائے اور اُنہوں اپنے ایمان کو ظلم سے نہ ملایا، انہی لوگوں کے لئے دلجمعی ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں۔ اور یہ

حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

حُجَّتُنَآ	اٰتَيْنٰهَآ	اِبْرٰهِيْمَ	عَلٰى	قَوْمِهٖ	نَرْفَعُ	دَرَجٰتٍ	مَّنْ	نَّشَآءُ	اِنَّ	رَبَّكَ
ہماری دلیل	ہم نے یہ دی	ابراہیمؑ	پر	اس کی قوم	ہم بلند کرتے ہیں	درجے	جو۔جس	ہم چاہیں	بیشک	تمہارا رب

ہماری دلیل ہے جو ہم نے ابراہیمؑ کو ان کی قوم پر دی، ہم جس کے درجے چاہیں بلند کرتے ہیں۔ بیشک تمہارا رب

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا

حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	وَ	وَهَبْنَا	لَهٗ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	كُلًّا	هَدَيْنَا	وَنُوْحًا	هَدَيْنَا
حکمت والا	جاننے والا	اور	بخشا ہم نے	اُن کو	اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	سب کو	ہدایت دی ہم نے	اور نوحؑ	ہم نے ہدایت دی

حکمت والا، جاننے والا۔ اور ہم نے اُن (ابراہیمؑ) کو بخشا اسحٰقؑ اور یعقوبؑ، ہم نے سب کو ہدایت دی اور نوحؑ کو ہم نے ہدایت دی

مِنْ قَبْلُ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى

مِنْ قَبْلُ	وَ	مِنْ	ذُرِّيَّتِهٖ	دَاوٗدَ	وَسُلَيْمٰنَ	وَاَيُّوْبَ	وَيُوْسُفَ	وَمُوْسٰى
اس سے قبل	اور	سے	ان کی اولاد	داؤدؑ	اور سلیمانؑ	اور ایوبؑ	اور یوسفؑ	اور موسیٰؑ

اس سے قبل، اور ان کی اولاد میں سے داؤدؑ اور سلیمانؑ اور ایوبؑ اور یوسفؑ اور موسےٰؑ

وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَ

وَهٰرُوْنَ	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَزَكَرِيَّا	وَيَحْيٰى	وَعِيْسٰى	وَ
اور ہارونؑ	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیک کام کرنے والے	اور زکریاؑ	اور یحییٰؑ	اور عیسےٰؑ	اور

اور ہارونؑ کو، اور اسی طرح ہم نیک کام کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔ اور زکریاؑ اور یحییٰؑ اور عیسےٰؑ اور

اِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَ

اِلْيَاسَ	كُلٌّ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَالْيَسَعَ	وَيُوْنُسَ	وَلُوْطًا	وَ
الیاسؑ	سب	سے	نیک بندے	اور اسمٰعیلؑ	اور الیسعؑ	اور یونسؑ	اور لوطؑ	اور

الیاسؑ، سب نیک بندوں میں سے ہیں۔ اور اسمٰعیلؑ اور الیسعؑ اور یونسؑ اور لوطؑ اور

كُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَ

كُلًّا	فَضَّلْنَا	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَ	مِنْ	اٰبَآئِهِمْ	وَذُرِّيّٰتِهِمْ	وَاِخْوَانِهِمْ	وَ
سب	ہم نے فضیلت دی	پر	تمام جہان والے	اور	سے کچھ	اُن کے باپ دادا	اور ان کی اولاد	اور ان کے بھائی	اور

سب کو ہم نے تمام جہان والوں پر فضیلت دی۔ اور کچھ ان کے باپ دادا اور ان کی اولاد اور ان کے بھائیوں کو، اور

اجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ

اجْتَبَيْنٰهُمْ	وَهَدَيْنٰهُمْ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	ذٰلِكَ	هُدَى	اللّٰهِ	يَهْدِيْ	بِهٖ
اور ہم نے چُنا انہیں	اور ہم نے ہدایت دی انہیں	طرف	راستہ	سیدھا	یہ	رہنمائی	اللہ	ہدایت دیتا ہے	اس سے

ہم نے اُنہیں چُنا اور ہم نے انہیں سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دی۔ یہ اللہ کی رہنمائی ہے۔ وہ اس سے ہدایت دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ اُولٰٓئِكَ

مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَلَوْ	اَشْرَكُوْا	لَحَبِطَ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اُولٰٓئِكَ
جسے	چاہے	سے	اپنے بندے	اور اگر	وہ شرک کرتے	تو ضائع ہو جاتے	ان سے	جو کچھ	وہ کرتے تھے	یہ

اپنے بندوں میں سے جسے چاہے ، اور اگر وہ شرک کرتے تو جو کچھ وہ کرتے تھے ضائع ہو جاتا - یہ

الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا

الَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَالنُّبُوَّةَ	فَاِنْ	يَّكْفُرْ	بِهَا	هٰٓؤُلَآءِ	فَقَدْ وَكَّلْنَا	بِهَا
وہ لوگ جو	ہم نے دی انہیں	کتاب	اور شریعت	اور نبوت	پس اگر	انکار کریں	اس کا	یہ لوگ	تو ہم مقرر کر دیتے ہیں	ان کے لئے

وہ لوگ ہیں جنہیں ہم نے کتاب اور شریعت اور نبوت دی ، پس اگر یہ لوگ اس کا انکار کریں تو ہم نے ان (باتوں) کے لئے مقرر کر دیئے ہیں

قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ

قَوْمًا	لَّيْسُوْا	بِهَا	بِكٰفِرِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	هَدَى	اللّٰهُ	فَبِهُدٰىهُمُ	اقْتَدِهْ
ایسے لوگ	وہ نہیں	اس کے	انکار کرنے والے	یہی لوگ	وہ جو	ہدایت دی	اللہ	سو اُن کی راہ پر	چلو

ایسے لوگ جو اس کے انکار کرنے والے نہیں - یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی ، سو ان کی راہ پر چلو ،

ع ۱۰ ۸ ۱۶

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾ ع وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ

قُلْ	لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	اَجْرًا	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٰى	لِلْعٰلَمِيْنَ	وَمَا	قَدَرُوا	اللّٰهَ
آپ کہدیں	نہیں مانگتا میں تم سے	اس پر	کوئی اُجرت	نہیں	یہ	مگر	نصیحت	تمام جہان والے	اور نہیں	انہوں نے قدر جانی	اللہ

آپ کہدیں میں اس پر تم سے کوئی اُجرت نہیں مانگتا ، یہ تو نہیں مگر نصیحت تمام جہان والوں کے لئے - اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ کی

حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَىْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ

حَقَّ	قَدْرِهٖٓ	اِذْ قَالُوْا	مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلٰى	بَشَرٍ	مِّنْ شَىْءٍ	قُلْ	مَنْ	اَنْزَلَ	الْكِتٰبَ
حق	اس کی قدر	جب انہوں نے کہا	نہیں	اتاری	اللہ	پر	کوئی انسان	کوئی چیز	آپ کہدیں	کس	اتاری	کتاب

(جیسے) اس کی قدر کا حق تھا جب انہوں نے کہا کہ اللہ نے کسی انسان پر کوئی چیز نہیں اتاری ، آپ کہیں (وہ) کتاب کس نے اتاری

الَّذِىْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ

الَّذِىْ	جَآءَ + بِهٖ	مُوْسٰى	نُوْرًا	وَهُدًى	لِلنَّاسِ	تَجْعَلُوْنَهٗ	قَرَاطِيْسَ
وہ جو	لائے اس کو	موسیٰ ؑ	روشنی	اور ہدایت	لوگوں کے لئے	تم نے کر دیا اس کو	ورق ورق

جو موسیٰ ؑ لے کر آئے ، لوگوں کے لئے روشنی اور ہدایت - تم نے اسے ورق ورق کر دیا ہے

تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ۭ

تُبْدُوْنَهَا	وَتُخْفُوْنَ	كَثِيْرًا	وَعُلِّمْتُمْ	مَا	لَمْ تَعْلَمُوْٓا	اَنْتُمْ	وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ
تم ظاہر کرتے ہو اس کو	اور تم چھپاتے ہو	اکثر	اور سکھایا تمہیں	جو	تم نہ جانتے تھے	تم	اور نہ تمہارے باپ دادا

تم اسے ظاہر کرتے ہو اور اکثر چھپا لیتے ہو، اور اس نے تمہیں سکھایا جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا،

قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ

قُلِ	اللّٰهُ	ثُمَّ	ذَرْهُمْ	فِيْ	خَوْضِهِمْ	يَلْعَبُوْنَ	وَهٰذَا	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	مُبٰرَكٌ
آپ کہدیں	اللہ	پھر	انہیں چھوڑ دیں	میں	اپنے بیہودہ شغل	وہ کھیلتے رہیں	اور یہ	کتاب	ہم نے نازل کی	برکت والی

آپ کہہ دیں اللہ (نے نازل کی) پھر انہیں چھوڑ دیں اپنے بیہودہ شغل میں کھیلتے رہیں۔ اور یہ (قرآن) کتاب ہے برکت والی ہم نے نازل کی

مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ

مُصَدِّقُ	الَّذِيْ	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَلِتُنْذِرَ	اُمَّ الْقُرٰى	وَمَنْ	حَوْلَهَا	وَالَّذِيْنَ
تصدیق کرنے والی	جو	اپنے سے پہلی (کتابیں)	اور تاکہ تم ڈراؤ	اہل مکہ	اور جو	اس کے اردگرد	اور جو لوگ

اپنے سے پہلی (کتابوں) کی تصدیق کرنے والی، تاکہ تم ڈراؤ اہل مکہ کو اور جو اس کے اردگرد ہیں (تمام آس پاس والے) اور جو لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَهُمْ	عَلٰي	صَلَاتِهِمْ	يُحَافِظُوْنَ	وَمَنْ	اَظْلَمُ
ایمان رکھتے ہیں	آخرت پر	ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور وہ	پر (کی)	اپنی نماز	حفاظت کرتے ہیں	اور کون	بڑا ظالم

آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور اس سے بڑا ظالم کون؟

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ

مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ	قَالَ	اُوْحِيَ	اِلَيَّ	وَلَمْ يُوْحَ	اِلَيْهِ	شَيْءٌ	وَّمَنْ
سے۔ جو	گھڑے (باندھے)	اللہ پر	جھوٹ	یا	کہے	وحی کی گئی	میری طرف	اور نہیں وحی کی گئی	اس کی طرف	کچھ	اور جو

جو اللہ پر جھوٹ (بہتان) باندھے، یا کہے میری طرف وحی کی گئی ہے اور اسے کچھ وحی نہیں کی گئی (اسی طرح وہ) جو

قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ

قَالَ	سَاُنْزِلُ	مِثْلَ	مَآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَلَوْ	تَرٰٓى	اِذِ الظّٰلِمُوْنَ	فِيْ غَمَرٰتِ	الْمَوْتِ
کہے	میں ابھی اتارتا ہوں	مثل	جو نازل کیا	اللہ	اور اگر	تو دیکھے	جب	ظالم (جمع)	سختیوں میں	موت

کہے میں ابھی اتارتا ہوں اس کی مثل جو اللہ نے نازل کیا۔ اور اگر تو دیکھے جب ظالم موت کی سختیوں میں ہوں،

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ

وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	بَاسِطُوْٓا	اَيْدِيْهِمْ	اَخْرِجُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ	عَذَابَ الْهُوْنِ ۔
اور	فرشتے	پھیلائے ہوں	اپنے ہاتھ	نکالو	اپنی جانیں	آج تمہیں بدلہ دیا جائیگا	عذاب ذلت

اور فرشتے اپنے ہاتھ پھیلائے ہوں کہ اپنی جانیں نکالو، آج تمہیں ذلت کا عذاب دیا جائے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾

بِمَا	كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	غَيْرَ الْحَقِّ	وَكُنْتُمْ	عَنْ	اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ
بسبب	تم کہتے تھے	اللہ پر (بارہ میں)	جھوٹ	اور تم تھے	سے	اس کی آیتیں تکبر کرتے

اس سبب سے کہ تم اللہ کے بارہ میں جھوٹی باتیں کہتے تھے، اور اس کی آیتوں سے تکبر کرتے تھے۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ

وَلَقَدْ	جِئْتُمُوْنَا	فُرَادٰى	كَمَا	خَلَقْنٰكُمْ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	وَتَرَكْتُمْ	مَّا خَوَّلْنٰكُمْ
اور البتہ	تم آگئے ہمارے پاس	ایک ایک (اکیلے)	جیسے	ہم نے تمہیں پیدا کیا	پہلی	بار	اور تم چھوڑ آئے	جو ہم نے دیا تھا تمہیں

اور البتہ تم ہمارے پاس اکیلے اکیلے آگئے جیسے ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور جو ہم نے تمہیں (مال واسباب) دیا تھا چھوڑ آئے

وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۭ

وَرَآءَ	ظُهُوْرِكُمْ	وَمَا	نَرٰى	مَعَكُمْ	شُفَعَآءَكُمُ	الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ	اَنَّهُمْ	فِيْكُمْ	شُرَكٰٓؤُا
پیچھے	اپنی پیٹھ	اور نہیں	ہم دیکھتے	تمہارے ساتھ	سفارش کرنیوالے تمہارے	وہ جو	تم گمان کرتے تھے	کہ وہ	تم میں	ساجھی ہیں

اپنی پیٹھ پیچھے، اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے وہ سفارش کرنے والے نہیں دیکھتے (جن کی نسبت) تم گمان کرتے تھے کہ وہ تم میں (تمہارے) ساجھی ہیں

ع ۱۱ ۱۷

لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ

لَقَدْ تَقَطَّعَ	بَيْنَكُمْ	وَضَلَّ	عَنْكُمْ	مَا	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	فَالِقُ	الْحَبِّ
البتہ کٹ گیا	تمہارے درمیان	اور جاتے رہے	تم سے	جو	تم دعویٰ کرتے تھے	بیشک	اللہ	چیرنے والا	دانہ

البتہ تمہارے درمیان (رشتہ) کٹ گیا، اور تم جو دعوے کرتے تھے سب جاتے رہے۔ بیشک اللہ چیرنے والا ہے دانے

وَالنَّوٰى ۭ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

وَالنَّوٰى	يُخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ	الْمَيِّتِ	وَمُخْرِجُ	الْمَيِّتِ	مِنَ	الْحَيِّ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ
اور گٹھلی	نکالتا ہے	زندہ	سے	مُردہ	اور نکالنے والا ہے	مُردہ	سے	زندہ	یہ ہے تمہارا	اللہ

اور گٹھلی کا وہ مُردہ سے زندہ نکالتا ہے، اور زندہ سے مُردہ نکالنے والا ہے، یہ ہے تمہارا اللہ

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	فَالِقُ	الْاِصْبَاحِ	وَجَعَلَ	الَّيْلَ	سَكَنًا	وَّالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ
پس کہاں	تم بہکے جارہے ہو	چیر کر (چاک کرکے) نکالنے والا	صبح	اور اسنے بنایا	رات	سکون	اور سورج	اور چاند

پس تم کہاں بہکے جارہے ہو؟ (رات کی تاریکی) چاک کر کے صبح نکالنے والا، اور اس نے رات کو (ذریعہ) سکون بنایا، اور سورج اور چاند کو

حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ

حُسْبَانًا	ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	وَهُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	النُّجُوْمَ
حساب	یہ	اندازہ	غالب	علم والا	اور وہی	وہ جس	بنائے	تمہارے لئے	ستارے

(ذریعہ) حساب، یہ اندازہ ہے غالب، علم والے کا۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے ستارے بنائے

لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

لِتَهْتَدُوْا	بِهَا	فِيْ	ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَ الْبَحْرِ	قَدْ فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ
تاکہ تم راستہ معلوم کرو	ان سے	میں	اندھیرے	خشکی	اور دریا	بیشک ہم نے کھول کر بیان کردی ہیں	آیتیں	لوگوں کے لئے	علم رکھتے ہیں

تاکہ تم اُن سے خشکی اور دریا کے اندھیروں میں راستہ معلوم کرو، بیشک ہم نے آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ

وَهُوَ	الَّذِيْ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنْ	نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ	فَمُسْتَقَرٌّ	وَّمُسْتَوْدَعٌ	قَدْ فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ
اور وہی	وہ جو۔ جس	پیدا کیا تمہیں	سے	وجود۔ شخص	ایک	پھر ایک ٹھکانہ	امانت کی جگہ	بیشک ہم نے کھول کر بیان کردیں	آیتیں

اور وہی ہے جس نے تمہیں ایک وجود سے پیدا کیا پھر تمہارا ایک ٹھکانہ ہے اور امانت رہنے کی جگہ۔ بیشک ہم نے آیات کھول کر بیان کردی ہیں

لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ

لِقَوْمٍ	يَّفْقَهُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	اَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖ	نَبَاتَ
لوگوں کے لئے	جو سمجھتے ہیں	اور وہی	وہ جو۔ جس	اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر ہم نے نکالی	اس سے	اُگنے والی

سمجھ والوں کے لئے۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے نکالی اُگنے والی

كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا

كُلِّ شَيْءٍ	فَاَخْرَجْنَا	مِنْهُ	خَضِرًا	نُّخْرِجُ	مِنْهُ	حَبًّا	مُّتَرَاكِبًا	وَمِنَ	النَّخْلِ	مِنْ	طَلْعِهَا
ہر چیز	پھر ہم نے نکالی	اس سے	سبزی	ہم نکالتے ہیں	اس سے	دانے	ایک پر ایک چڑھا ہوا	اور	کھجور	سے	گابھا

ہر چیز، پھر ہم نے اس سے سبزی نکالی۔ جس سے ایک پر ایک چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں، اور کھجوروں کے گابھے سے

قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ

قِنْوَانٌ	دَانِيَةٌ	وَجَنّٰتٍ	مِّنْ اَعْنَابٍ	وَالزَّيْتُوْنَ	وَالرُّمَّانَ	مُشْتَبِهًا	وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ
خوشے	جھکے ہوئے	اور باغات	انگور کے	اور زیتون	اور انار	ملتے جلتے	اور نہیں بھی ملتے

جھکے ہوئے خوشے ، اور انگور اور زیتون اور انار کے باغات ایک دوسرے سے ملتے جلتے اور نہیں بھی ملتے

اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

اُنْظُرُوْا	اِلٰى	ثَمَرِهٖ	اِذَآ	اَثْمَرَ	وَيَنْعِهٖ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكُمْ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ
دیکھو	طرف	اس کا پھل	جب	پھلتا ہے	اور اس کا پکنا	بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کے لئے	ایمان رکھتے ہیں

اس کے پھل کی طرف دیکھو جب وہ پھلتا ہے اور اس کا پکنا (دیکھو)۔ بیشک اس میں اُن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ

وَجَعَلُوْا	لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ	الْجِنَّ	وَخَلَقَهُمْ	وَخَرَقُوْا	لَهٗ	بَنِيْنَ	وَبَنٰتٍۢ
اور انہوں نے ٹھہرایا	اللہ کا	شریک	جن	حالانکہ اس نے انہیں پیدا کیا	اور تراشتے ہیں	اس کے لئے	بیٹے	اور بیٹیاں

اور انہوں نے جنوں کو اللہ کا شریک ٹھہرایا، حالانکہ اس نے انہیں پیدا کیا ہے اور وہ اس کے لئے بیٹے اور بیٹیاں تراشتے ہیں

بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

بِغَيْرِ عِلْمٍ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	بَدِيْعُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ
علم کے بغیر (جہالت سے)	وہ پاک ہے	اور بلند تر	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	نئی طرح بنانے والا	آسمان (جمع)	اور	زمین

جہالت سے، وہ پاک ہے اور اس سے بلند تر ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ نئی طرح (نمونہ کے بغیر) آسمانوں اور زمین کا بنانے والا

اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اَنّٰى	يَكُوْنُ	لَهٗ	وَلَدٌ	وَّلَمْ تَكُنْ	لَّهٗ	صَاحِبَةٌ	وَ خَلَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	وَهُوَ	بِكُلِّ شَيْءٍ
کیونکر	ہو سکتا ہے	اس کا	بیٹا	جبکہ نہیں	اس کی	بیوی	اور اس نے پیدا کی	ہر چیز	اور وہ	ہر چیز

اس کے بیٹا کیونکر ہو سکتا ہے؟ جبکہ اس کی بیوی نہیں، اور اس نے ہر چیز پیدا کی ہے، اور وہ ہر چیز کا

عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ

عَلِيْمٌ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	فَاعْبُدُوْهُ	وَ
جاننے والا	یہی	اللہ	تمہارا رب	نہیں کوئی معبود	سوائے	اس	پیدا کرنیوالا	ہر چیز	سو تم اس کی عبادت کرو	اور

جاننے والا ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے، سو تم اس کی عبادت کرو، اور

هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ

هُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	وَّكِيْلٌ	لَا تُدْرِكُهُ	الْاَبْصَارُ	وَهُوَ	يُدْرِكُ	الْاَبْصَارَ
وہ	پر	ہر چیز	کارساز، نگہبان	نہیں پا سکتیں اس کو	آنکھیں	اور وہ	پا سکتا ہے	آنکھیں

وہ ہر چیز کا کارساز و نگہبان ہے ۔ (مخلوق کی) آنکھیں اس کو نہیں پا سکتیں اور وہ آنکھوں کو پا سکتا ہے

وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ

وَهُوَ	اللَّطِيْفُ	الْخَبِيْرُ	قَدْ جَآءَكُمْ	بَصَآئِرُ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنْ	اَبْصَرَ
اور وہ	بھید جاننے والا	خبردار	آچکیں تمہارے پاس	نشانیاں	سے	تمہارا رب	سو جو جس	دیکھ لیا

اور وہ بھید جاننے والا، خبردار ہے ۔ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نشانیاں آچکیں ۔ تو جس نے دیکھ لیا

فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾ وَكَذٰلِكَ

فَلِنَفْسِهٖ	وَ	مَنْ	عَمِيَ	فَعَلَيْهَا	وَمَا	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِحَفِيْظٍ	وَكَذٰلِكَ
سو اپنے واسطے	اور	جو	اندھا رہا	تو اس کی جان پر	اور نہیں	میں	تم پر	نگہبان	اور اسی طرح

سو اپنے واسطے، اور جو اندھا رہا تو (اس کا وبال) اس کی جان پر، اور میں تم پر نگہبان نہیں ۔ اور اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ

نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	وَلِيَقُوْلُوْا	دَرَسْتَ	وَلِنُبَيِّنَهٗ	لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ	اِتَّبِعْ	مَآ اُوْحِيَ
ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	اور تاکہ وہ کہیں	تو نے پڑھا ہے	اور تاکہ ہم واضح کر دیں	جاننے والوں کے لئے	تم چلو	جو وحی آئے

ہم آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ کہیں تو نے (کسی سے) پڑھا ہے، اور تاکہ ہم جاننے والوں کے لئے واضح کر دیں ۔ اس پر چلو جو وحی آئے

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

اِلَيْكَ	مِنْ	رَّبِّكَ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	وَاَعْرِضْ	عَنِ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ
تمہاری طرف	سے	تمہارا رب	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	اور منہ پھیر لو	سے	مشرکین	اور اگر	چاہتا	اللہ

تمہارے رب سے تمہاری طرف، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور مشرکوں سے منہ پھیر لو ۔ اور اگر اللہ چاہتا

مَآ اَشْرَكُوْا ۭ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۷﴾ وَ

مَآ اَشْرَكُوْا	وَمَا	جَعَلْنٰكَ	عَلَيْهِمْ	حَفِيْظًا	وَمَآ	اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	وَ
نہ شرک کرتے وہ	اور نہیں	بنایا تمہیں	اُن پر	نگہبان	اور نہیں	تم	ان پر	داروغہ	اور

تو وہ شرک نہ کرتے، اور ہم نے تمہیں اُن پر نگہبان نہیں بنایا، اور تم اُن پر داروغہ نہیں ۔ اور

لَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

لَا تَسُبُّوا	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	فَيَسُبُّوا	اللّٰهَ	عَدْوًۢا	بِغَيْرِ عِلْمٍ
تم نہ گالی دو	وہ جنہیں	وہ پکارتے ہیں	سے	اللہ کے سوا	پس وہ برا کہیں گے	اللہ	گستاخی سے	بے سمجھے بوجھے

اللہ کے سوا وہ جنہیں پکارتے ہیں تم انہیں گالی نہ دو پس وہ اللہ کو بے سمجھے بوجھے گستاخی سے برا کہیں گے

كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ

كَذٰلِكَ	زَيَّنَّا	لِكُلِّ	اُمَّةٍ	عَمَلَهُمْ	ثُمَّ	اِلٰى	رَبِّهِمْ	مَّرْجِعُهُمْ	فَيُنَبِّئُهُمْ
اسی طرح	ہم نے بھلا دکھایا ہر ایک	فرقہ	ان کا عمل	پھر	طرف	اپنا رب	ان کو لوٹنا	وہ پھر ان کو جتا دے گا

اسی طرح ہم نے ہر فرقہ کو اس کا عمل بھلا دکھایا، پھر انہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے، وہ پھر ان کو جتا دے گا

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ

بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ + اَيْمَانِهِمْ	لَئِنْ	جَآءَتْهُمْ	اٰيَةٌ
جو وہ	کرتے تھے	اور وہ قسم کھاتے تھے	اللہ کی	تاکید سے	البتہ اگر	ان کے پاس آئے	کوئی نشانی

جو وہ کرتے تھے - اور وہ تاکید سے اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئے

لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ

لَيُؤْمِنُنَّ	بِهَا	قُلْ	اِنَّمَا	الْاٰيٰتُ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَمَا	يُشْعِرُكُمْ	اَنَّهَآ	اِذَا جَآءَتْ
تو ضرور ایمان لائیں گے	اس پر	آپ کہہ دیں	کہ	نشانیاں	اللہ کے پاس	اور کیا	خبر نہیں	کہ وہ	جب آئیں

تو ضرور اس پر ایمان لائیں گے، آپ کہہ دیں کہ نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں اور تمہیں کیا خبر کہ جب آئیں تو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ

لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَنُقَلِّبُ	اَفْـِٕدَتَهُمْ	وَاَبْصَارَهُمْ	كَمَا	لَمْ يُؤْمِنُوْا	بِهٖ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَ
ایمان نہ لائیں گے	اور ہم الٹ دیں گے	ان کے دل	اور ان کی آنکھیں	جیسے	ایمان نہیں لائے	اس پر	پہلی بار	اور

یہ ایمان نہ لائیں گے، اور ہم ان کے دل اور ان کی آنکھیں الٹ دیں گے، جیسے وہ ان (نشانیوں) پر پہلی بار ایمان نہیں لائے، اور

نَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ ع

نَذَرُهُمْ	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ
ہم چھوڑ دیں گے انہیں	میں	اُن کی سرکشی	وہ بہکتے رہیں

ہم انہیں چھوڑ دیں گے، ان کی سرکشی میں کہ وہ بہکتے رہیں

ع ۱۳ ۱۰ ۱۹

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ

وَلَوْ	اَنَّنَا	نَزَّلْنَا	اِلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	وَكَلَّمَهُمُ	الْمَوْتٰى	وَحَشَرْنَا	عَلَيْهِمْ
اور اگر	ہم	اتارتے	ان کی طرف	فرشتے	اور ان سے باتیں کرتے	مُردے	اور ہم جمع کر دیتے	اُن پر

اور اگر ہم ان کی طرف فرشتے اُتارتے، اور اُن سے مُردے باتیں کرتے، اور ہم جمع کر دیتے اُن پر (اُن کے ساتھ)

كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

كُلَّ شَيْءٍ	قُبُلًا	مَّا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ
ہر شے	سامنے	نہ	وہ ایمان لاتے	مگر	یہ کہ	چاہے اللہ	اور لیکن	ان میں اکثر

ہر شے، تو بھی وہ ایمان نہ لاتے، مگر یہ کہ اللہ چاہے، اور لیکن ان میں اکثر

يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ

يَجْهَلُوْنَ	وَ كَذٰلِكَ	جَعَلْنَا	لِكُلِّ نَبِيٍّ	عَدُوًّا	شَيٰطِيْنَ	الْاِنْسِ	وَالْجِنِّ
جاہل (نادان) ہیں	اور اسی طرح	ہم نے بنایا	ہر نبی کے لئے	دشمن	شیطان (جمع)	انسان	اور جن

نادان ہیں - اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لئے انسانوں اور جنوں کے شیاطین کو دشمن بنا دیا،

يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ

يُوْحِيْ	بَعْضُهُمْ	اِلٰى	بَعْضٍ	زُخْرُفَ	الْقَوْلِ	غُرُوْرًا	وَلَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	مَا فَعَلُوْهُ
ڈالتے ہیں	ان کے بعض	طرف	بعض	ملمع کی ہوئی	باتیں	بہکانے کے لئے	اور اگر	چاہتا	تمہارا رب	وہ نہ کرتے

ان کے بعض، بعض (ایکدوسرے) کی طرف ملمع کی ہوئی باتیں بہکانے کے لئے (خفیہ) ڈالتے ہیں اور اگر تمہارا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے،

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

فَذَرْهُمْ	وَمَا	يَفْتَرُوْنَ	وَلِتَصْغٰى	اِلَيْهِ	اَفْـِٕدَةُ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
پس چھوڑ دیں انہیں	اور جو	وہ جھوٹ گھڑتے ہیں	اور تاکہ مائل ہو جائیں	اسکی طرف	دل (جمع)	وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر

پس انہیں چھوڑ دیں (اسکے ساتھ) جو وہ جھوٹ گھڑتے ہیں - اور تاکہ ان لوگوں کے دل اس کی طرف مائل ہو جائیں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے،

وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ

وَلِيَرْضَوْهُ	وَلِيَقْتَرِفُوْا	مَا	هُمْ	مُّقْتَرِفُوْنَ	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ	اَبْتَغِيْ	حَكَمًا	وَّهُوَ
اور تاکہ وہ اس کو پسند کر لیں	اور تاکہ وہ کرتے رہیں	جو	وہ	برے کام کرتے ہیں	تو کیا اللہ کے سوا	میں ڈھونڈوں	کوئی منصف	اور وہ

اور تاکہ وہ اس کو پسند کریں، اور تاکہ وہ کرتے رہیں جو وہ برے کام کرتے ہیں - کیا میں اللہ کے سوا کوئی اور منصف ڈھونڈوں؟ اور وہی ہے

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ

الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	اِلَيْكُمُ	الْكِتٰبَ	مُفَصَّلًا	وَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَعْلَمُوْنَ
جو۔جس	نازل کی	تمہاری طرف	کتاب	مفصل (واضح)	اور وہ لوگ جنہیں	ہم نے تمہیں دی	کتاب	وہ جانتے ہیں

جس نے تمہاری طرف مفصل (واضح) کتاب نازل کی ہے ، اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے (اہل کتاب) جانتے ہیں

اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَتَمَّتْ

اَنَّهٗ	مُنَزَّلٌ	مِّنْ	رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ	فَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُمْتَرِيْنَ	وَتَمَّتْ
کہ یہ	اتاری گئی ہے	سے	تمہارا رب	حق کے ساتھ	سو تم نہ ہونا	سے	شک کرنے والے	اور پوری ہے

کہ یہ تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ اتاری گئی ہے ، سو تم شک کرنے والوں میں سے نہ ہونا - اور پوری ہے

كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾

كَلِمَتُ	رَبِّكَ	صِدْقًا	وَّعَدْلًا	لَا مُبَدِّلَ	لِكَلِمٰتِهٖ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ
بات	تیرا رب	سچ	اور انصاف	نہیں بدلنے والا	اس کے کلمات	اور وہ	سننے والا	جاننے والا

تیرے رب کی بات سچ اور انصاف کی ، اس کے کلمات کو کوئی بدلنے والا نہیں، اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِى الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

وَاِنْ	تُطِعْ	اَكْثَرَ	مَنْ	فِى الْاَرْضِ	يُضِلُّوْكَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ
اور اگر	تو کہا مانے	اکثر	جو	زمین میں	وہ تجھے بھٹکا دیں گے	سے	راستہ	اللہ	نہیں	پیروی کرتے

اور زمین میں اکثر (ایسے ہیں) اگر تو ان کا کہا مانے تو وہ تجھے اللہ کے راستے سے بھٹکا دیں گے، وہ نہیں پیروی کرتے

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ

اِلَّا	الظَّنَّ	وَاِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ	مَنْ	يَّضِلُّ
(مگر (صرف)	گمان	اور نہیں وہ	وہ	مگر	اٹکل دوڑاتے ہیں	بیشک	تیرا رب	وہ	وہ خوب جانتا ہے	جو	بہکتا ہے

مگر صرف گمان کی ، اور وہ صرف اٹکل دوڑاتے ہیں - بیشک تیرا رب اُسے خوب جانتا ہے جو بہکتا ہے

عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

عَنْ	سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	فَكُلُوْا	مِمَّا	ذُكِرَ	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
سے	اس کا راستہ	اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت یافتہ لوگوں کو	سو تم کھاؤ	اس سے جو	لیا گیا	اللہ کا نام	اس پر

اس کے رستہ سے ، اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے - سو تم اس میں سے کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا

إِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٨﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

اِنْ	كُنْتُمْ	بِاٰيٰتِهٖ	مُؤْمِنِيْنَ	وَمَا لَكُمْ	اَلَّا تَاْكُلُوْا	مِمَّا	ذُكِرَ	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ
اگر	تم ہو	اس کی آیتوں پر	ایمان لانے والے	اور کیا ہوا تمہیں	کہ تم نہ کھاؤ	اس سے جو	لیا گیا	نام اللہ کا	اس پر

اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان لانے والے ہو - اور تمہیں کیا ہوا کہ تم اس میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے

وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا

وَ	قَدْ فَصَّلَ	لَكُمْ	مَا حَرَّمَ	عَلَيْكُمْ	اِلَّا	مَا	اضْطُرِرْتُمْ	اِلَيْهِ	وَاِنَّ	كَثِيْرًا
حالانکہ	وہ واضح کر چکا ہے	تمہارے لئے	جو اس نے حرام کیا	تم پر	مگر	جس	تم لاچار ہو جاؤ	اسکی طرف (اس کو)	اور بیشک	بہت سے

حالانکہ وہ تمہارے لئے واضح کر چکا ہے جو اس نے تم پر حرام کیا ہے ، مگر جس پر تم لاچار ہو جاؤ ، اور بہت سے (لوگ)

لَيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَ

لَيُضِلُّوْنَ	بِاَهْوَآئِهِمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُعْتَدِيْنَ	وَ
گمراہ کرتے ہیں	اپنی خواہشات سے	علم کے بغیر	بیشک	تیرا رب	وہ	خوب جانتا ہے	حد سے بڑھنے والوں کو	اور

اپنی خواہشات سے علم (تحقیق) کے بغیر گمراہ کرتے ہیں ، بیشک تمہارا رب حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے - اور

ذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا

ذَرُوْا	ظَاهِرَ الْاِثْمِ	وَبَاطِنَهٗ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْسِبُوْنَ	الْاِثْمَ	سَيُجْزَوْنَ	بِمَا	كَانُوْا
چھوڑ دو	کھلا گناہ	اور اس کا چھپا ہوا	بیشک	جو لوگ	کماتے (کرتے) ہیں	گناہ	عنقریب بدلہ پائیں گے	اسکی جو	تھے

چھوڑ دو کھلا گناہ اور چھپا ہوا ، بیشک جو لوگ گناہ کرتے ہیں عنقریب اس کی سزا پالیں گے جو

يَقْتَرِفُوْنَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ

يَقْتَرِفُوْنَ	وَلَا تَاْكُلُوْا	مِمَّا	لَمْ يُذْكَرِ	اسْمُ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	وَاِنَّهٗ	لَفِسْقٌ
وہ برے کام کرتے	اور نہ کھاؤ	اس سے جو	نہیں لیا گیا	اللہ کا نام	اس پر	اور بیشک یہ	البتہ گناہ

وہ برے کام کرتے تھے - اور اُس سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا ، اور بیشک یہ گناہ ہے ،

وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ

وَاِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ	لَيُوْحُوْنَ	اِلٰى	اَوْلِيٰٓئِهِمْ	لِيُجَادِلُوْكُمْ	وَاِنْ	اَطَعْتُمُوْهُمْ
اور بیشک	شیطان (جمع)	ڈالتے ہیں	طرف (میں)	اپنے دوست	تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں	اور اگر	تم نے اُن کا کہا مانا

اور بیشک شیطان اپنے دوستوں کے (دلوں میں وسوسہ) ڈالتے ہیں تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں ، اور اگر تم نے اُن کا کہا مانا

إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ﴿١٣١﴾ أَوَمَن كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي

إِنَّكُمْ	لَمُشْرِكُونَ	أَوَ	مَن	كَانَ مَيْتًا	فَأَحْيَيْنَاهُ	وَجَعَلْنَا	لَهُ	نُورًا	يَمْشِي
تو بیشک تم	مشرک ہو گے	کیا	جو	مُردہ تھا	پھر ہم نے اس کو زندہ کیا	اور ہم نے بنایا	اسکے لئے	نور	وہ چلتا ہے

تو بیشک تم مشرک ہو گے۔ کیا (وہ شخص) جو مُردہ تھا پھر ہم نے اس کو زندہ کیا، اور ہم نے اس کے لئے نور بنایا، وہ چلتا ہے

بِهِ فِي النَّاسِ كَمَن مَّثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ

بِهِ	فِي النَّاسِ	كَمَن + مَثَلُهُ	فِي	الظُّلُمَاتِ	لَيْسَ	بِخَارِجٍ	مِّنْهَا	كَذَٰلِكَ
اس سے	میں لوگ	اس جیسا۔ جو	میں	اندھیرے	نہیں	نکلنے والا	اس سے	اسی طرح

اس (نور کی روشنی) سے لوگوں میں (کیا) اس جیسا ہو جائے گا جو اندھیروں میں ہے؟ اس سے نکلنے والا نہیں، اسی طرح

زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٣٢﴾ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ

زُيِّنَ	لِلْكَافِرِينَ	مَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	وَكَذَٰلِكَ	جَعَلْنَا	فِي	كُلِّ	قَرْيَةٍ
زینت دیئے گئے	کافروں کے لئے	جو	وہ کرتے تھے (عمل)	اور اسی طرح	ہم نے بنائے	میں	ہر	بستی

کافروں کے لئے اُن کے عمل زینت دیئے گئے۔ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں بنائے

أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۗ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنفُسِهِمْ وَمَا

أَكَابِرَ	مُجْرِمِيهَا	لِيَمْكُرُوا	فِيهَا	وَمَا	يَمْكُرُونَ	إِلَّا	بِأَنفُسِهِمْ	وَمَا
بڑے	اس کے مجرم	تاکہ وہ حیلے کریں	اس میں	اور نہیں	وہ حیلے کرتے	مگر	اپنی جانوں پر	اور نہیں

اس کے بڑے مجرم، تاکہ وہ اس میں حیلے کریں، اور وہ حیلے نہیں کرتے مگر اپنی جانوں پر (اپنی ہی جانوں پر چالیں چلتے ہیں) اور

يَشْعُرُونَ ﴿١٣٣﴾ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَن نُّؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا

يَشْعُرُونَ	وَإِذَا	جَاءَتْهُمْ	آيَةٌ	قَالُوا	لَن نُّؤْمِنَ	حَتَّىٰ	نُؤْتَىٰ	مِثْلَ مَا
وہ شعور رکھتے	اور جب	انکے پاس آتی ہے	کوئی آیت	کہتے ہیں	ہم ہرگز نہ مانیں گے	جب تک	ہم کو دیا جائے	اس جیسا جو

وہ شعور نہیں رکھتے۔ اور جب ان کے پاس کوئی آیت آتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم ہرگز نہ مانیں گے جب تک ہمیں اس جیسا نہ دیا جائے جو

أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ

أُوتِيَ	رُسُلُ	اللَّهِ	اللَّهُ	أَعْلَمُ	حَيْثُ	يَجْعَلُ	رِسَالَتَهُ	سَيُصِيبُ	الَّذِينَ
دیا گیا	رسول (جمع)	اللہ	اللہ	خوب جانتا ہے	کہاں	رکھے (بھیجے)	اپنی رسالت	عنقریب پہنچے گی	وہ لوگ جو

اللہ کے رسولوں کو دیا گیا، اللہ خوب جانتا ہے کہ اپنی رسالت کہاں بھیجے، عنقریب ان لوگوں کو پہنچے گی

اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

اَجْرَمُوْا	صَغَارٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ عَذَابٌ	شَدِيْدٌ	بِمَا	كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ
انہوں نے جرم کیا	ذلت	اللہ کے ہاں	اور عذاب	سخت	اس کا بدلہ	وہ مکر کرتے تھے

جنہوں نے جرم کیا اللہ کے ہاں ذلت اور سخت عذاب ، اس کا بدلہ کہ وہ مکر کرتے تھے ۔

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ

فَمَنْ	يُّرِدِ	اللّٰهُ	اَنْ يَّهْدِيَهٗ	يَشْرَحْ	صَدْرَهٗ	لِلْاِسْلَامِ	وَمَنْ	يُّرِدْ	اَنْ
پس جس	چاہتا ہے	اللہ	کہ اسے ہدایت دے	کھول دیتا ہے	اس کا سینہ	اسلام کے لئے	اور جس	چاہتا ہے	کہ

پس اللہ جس کو ہدایت دینا چاہتا ہے ، اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے ، اور جس کو چاہتا ہے کہ

يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ

يُّضِلَّهٗ	يَجْعَلْ	صَدْرَهٗ	ضَيِّقًا	حَرَجًا	كَاَنَّمَا	يَصَّعَّدُ	فِي السَّمَآءِ
اسے گمراہ کرے	کر دیتا ہے	اس کا سینہ	تنگ	بھینچا ہوا	گویا کہ	زور سے چڑھتا ہے	آسمانوں میں۔ آسمان پر

اسے گمراہ کرے ، اس کا سینہ تنگ بھینچا ہوا (نہایت تنگ) کر دیتا ہے ۔ گویا کہ وہ زور سے (بمشکل) آسمان پر چڑھ رہا ہے ،

كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ

كَذٰلِكَ	يَجْعَلُ	اللّٰهُ	الرِّجْسَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَهٰذَا	صِرَاطُ
اسی طرح	کر دیتا ہے (ڈالے گا)	اللہ	ناپاکی (عذاب)	پر	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	اور یہ	راستہ

اسی طرح اللہ ان لوگوں پر عذاب ڈالے گا جو ایمان نہیں لاتے ۔ یہ راستہ ہے

رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ لَهُمْ

رَبِّكَ	مُسْتَقِيْمًا	قَدْ فَصَّلْنَا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّذَّكَّرُوْنَ	لَهُمْ
تمہارا رب	سیدھا	ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں	آیات	ان لوگوں کے لئے	جو نصیحت پکڑتے ہیں	ان کے لئے

تمہارے رب کا سیدھا ، ہم نے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں ، ان لوگوں کے لئے جو نصیحت پکڑتے ہیں ، ان کے لئے

دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

دَارُ السَّلٰمِ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَهُوَ	وَلِيُّهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ
سلامتی کا گھر	پاس۔ ہاں	ان کا رب	اور وہ	دوستدار، کارساز	اسکا صلہ جو	وہ کرتے تھے	اور جس دن	وہ جمع کرے گا

ان کے رب کے پاس سلامتی کا گھر ہے اور وہ اُن کا کارساز ہے اسکے صلہ میں جو وہ کرتے تھے ۔ اور جس دن وہ جمع کرے گا ان

جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ

جَمِيْعًا	يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ	قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ	مِنَ	الْاِنْسِ	وَقَالَ	اَوْلِيٰٓؤُهُمْ	مِّنَ
سب	اے جنات کے گروہ	تم نے بہت گھیر لئے (اپنے تابع کر لئے)	سے	انسان - آدمی	اور کہیں گے	ان کے دوست	سے

سب کو (وہ فرمائے گا) اے گروہِ جنات! تم نے بہت سے آدمی اپنے تابع کر لئے، اور انسانوں میں سے اُن کے دوست کہیں گے

الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ

الْاِنْسِ	رَبَّنَا	اسْتَمْتَعَ	بَعْضُنَا	بِبَعْضٍ	وَبَلَغْنَا	اَجَلَنَا	الَّذِيْ	اَجَّلْتَ	لَنَا
انسان	اے ہمارے رب	ہم نے فائدہ اٹھایا	ہمارے بعض	بعض سے	اور ہم پہنچے	میعاد	جو	تو نے مقرر کی تھی	ہمارے لئے

اے ہمارے رب! ہمارے بعض نے بعض سے (ایکدوسرے سے) فائدہ اُٹھایا، اور ہم اُس میعاد (گھڑی) کو پہنچ گئے جو تو نے مقرر کی تھی۔

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿١٢٨﴾

قَالَ	النَّارُ	مَثْوٰىكُمْ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اِلَّا	مَا	شَآءَ اللّٰهُ	اِنَّ	رَبَّكَ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ
فرمائے گا	آگ	تمہارا ٹھکانہ	ہمیشہ رہو گے	اس میں	مگر	جسے	اللہ چاہے	بیشک	تمہارا رب	حکمت والا	جاننے والا

فرمائے گا آگ تمہارا ٹھکانا ہے اس میں ہمیشہ رہو گے، مگر جسے اللہ چاہے، بیشک تمہارا رب حکمت والا، جاننے والا ہے۔

١٥ ع ٨ ٢

وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿١٢٩﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ

وَكَذٰلِكَ	نُوَلِّيْ	بَعْضَ	الظّٰلِمِيْنَ	بَعْضًا	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	يٰمَعْشَرَ	الْجِنِّ
اور اسی طرح	ہم مسلط کر دیتے ہیں	بعض	ظالم (جمع)	بعض پر	اس کے سبب	جو وہ کرتے تھے (اپنے اعمال)	اے گروہ	جنات

اور اسی طرح ہم بعض ظالموں کو بعض پر (ایکدوسرے پر) مسلط کر دیتے ہیں ان کے اعمال کے سبب۔ اے گروہِ جنات و

وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ

وَالْاِنْسِ	اَلَمْ يَاْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْكُمْ	يَقُصُّوْنَ	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِيْ	وَ	يُنْذِرُوْنَكُمْ
اور انسان	کیا نہیں آئے تمہارے پاس	رسول (جمع)	تم میں سے	سناتے تھے (بیان کرتے تھے)	تم پر	میرے احکام	اور	تمہیں ڈراتے تھے

انسان! کیا تمہارے پاس تم میں سے ہمارے رسول نہیں آئے؟ وہ تم پر ہمارے احکام بیان کرتے تھے، اور تمہیں ڈراتے تھے

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا	قَالُوْا شَهِدْنَا	عَلٰٓى	اَنْفُسِنَا	وَغَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا
ملاقات (دیکھنا)	تمہارا دن	اس	وہ کہیں گے ہم گواہی دیتے ہیں	پر (خلاف)	اپنی جانیں	اور انہیں دھوکہ میں ڈالدیا	زندگی	دنیا

یہ دن دیکھنے سے۔ وہ کہیں گے ہم اپنی جانوں کے خلاف (اپنے خلاف) گواہی دیتے ہیں، اور انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکہ میں ڈالدیا

وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿١٣٠﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ

وَشَهِدُوْا	عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	اَنَّهُمْ	كَانُوْا كٰفِرِيْنَ	ذٰلِكَ	اَنْ	لَّمْ يَكُنْ	رَّبُّكَ
اور انہوں نے گواہی دی	پر (خلاف)	اپنی جانیں (اپنے)	کہ وہ	کفر کرنے والے تھے	یہ	اس لئے کہ	نہیں ہے	تیرا رب

اور انہوں نے اپنے خلاف گواہی دی کہ وہ کفر کرنے والے تھے - یہ اس لئے ہے کہ تیرا رب

مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ

مُهْلِكَ	الْقُرٰى	بِظُلْمٍ	وَّاَهْلُهَا	غٰفِلُوْنَ	وَلِكُلٍّ	دَرَجٰتٌ	مِّمَّا	عَمِلُوْا
ہلاک کرڈالنے والا	بستیاں	ظلم سے (ظلم کی سزا میں)	جبکہ ان کے لوگ	بے خبر ہوں	اور ہر ایک کے لئے	درجے	اس سے جو	انہوں نے کیا (اپنے اعمال)

ظلم کی سزا میں بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں، جبکہ اُن کے لوگ بے خبر ہوں - اور ہر ایک کے لئے اُن کے اعمال کے درجے ہیں

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٢﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ

وَمَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	يَعْمَلُوْنَ	وَرَبُّكَ	الْغَنِيُّ	ذُو الرَّحْمَةِ	اِنْ يَّشَاْ
اور نہیں	تمہارا رب	بے خبر	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	اور تمہارا رب	بے پروا (بے نیاز)	رحمت والا	اگر وہ چاہے

اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو وہ کرتے ہیں - اور تمہارا رب بے نیاز ہے، رحمت والا ، اگر وہ چاہے تو

يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ

يُذْهِبْكُمْ	وَيَسْتَخْلِفْ	مِنْۢ بَعْدِكُمْ	مَّا يَشَآءُ	كَمَآ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنْ	ذُرِّيَّةِ
تمہیں لے جائے	اور جانشین بنادے	تمہارے بعد	جس کو چاہے	جیسے	اس نے تمہیں پیدا کیا	سے	اولاد

تمہیں لے جائے (ہلاک کردے) اور جس کو چاہے تمہارے بعد جانشین کردے، جیسے اُس نے تمہیں پیدا کیا اولاد سے

قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿١٣٣﴾ ؕ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿١٣٤﴾ قُلْ يٰقَوْمِ

قَوْمٍ	اٰخَرِيْنَ	اِنَّ	مَا	تُوْعَدُوْنَ	لَاٰتٍ	وَمَا	اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	قُلْ	يٰقَوْمِ
قوم	دوسری	بے شک	جس	تم سے وعدہ کیا جاتا ہے	ضرور آنیوالی ہے	اور نہیں	تم	عاجز کرنیوالے	فرمادیں	اے قوم

ایک دوسری قوم کی - بیشک جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور آنیوالی ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں - آپ فرمادیں، اے میری قوم!

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ

اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّيْ	عَامِلٌ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	تَكُوْنُ	لَهٗ	عَاقِبَةُ
کام کرتے رہو	پر	اپنی جگہ	میں	کام کر رہا ہوں	پس جلد	تم جان لوگے	کس	ہوتا ہے	اس	آخرت

تم اپنی جگہ کام کرتے رہو، میں بھی کام کر رہا ہوں پس تم عنقریب جان لوگے کس کے لئے ہے عاقبت کا

الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ

الدَّارِ	اِنَّهٗ	لَا یُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَ جَعَلُوْا	لِلّٰهِ	مِمَّا	ذَرَاَ	مِنَ الْحَرْثِ	وَ الْاَنْعَامِ
گھر	بیشک	فلاح نہیں پاتے	ظالم	اور انہوں نے ٹھہرایا	اللہ کیلئے	اس سے جو	اس نے پیدا کیا	کھیتی سے	اور مویشی

گھر۔ بیشک ظالم (دو جہان کی) کامیابی نہیں پاتے۔ اور (اللہ نے) جو کھیتی اور مویشی پیدا کئے ہیں اس سے انہوں نے ٹھہرایا ہے اللہ کے لئے

نَصِیْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآىِٕنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآىِٕهِمْ فَلَا

نَصِیْبًا	فَقَالُوْا	هٰذَا	لِلّٰهِ	بِزَعْمِهِمْ	وَ هٰذَا	لِشُرَكَآىِٕنَا	فَمَا كَانَ	لِشُرَكَآىِٕهِمْ	فَلَا
ایک حصہ	پس انہوں نے کہا	یہ	اللہ کیلئے	اپنے خیال میں	اور یہ	ہمارے شریکوں کے لئے	پس جو	ہے	انکے شریکوں کے لئے	تو نہیں

ایک حصہ پس انہوں نے اپنے خیال میں کہا یہ اللہ کے لئے ہے اور یہ ہمارے شریکوں کے لئے ہے، پس جو ان کے شریکوں کے لئے ہے تو وہ نہیں

یَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ یَصِلُ اِلٰى شُرَكَآىِٕهِمْ ؕ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

یَصِلُ	اِلَى	اللّٰهِ	وَ مَا	كَانَ	لِلّٰهِ	فَهُوَ	یَصِلُ	اِلٰى	شُرَكَآىِٕهِمْ	سَآءَ	مَا یَحْكُمُوْنَ
پہنچتا	طرف کو	اللہ	اور جو	ہے	اللہ کیلئے	تو وہ	پہنچتا ہے	طرف (کو)	ان کے شریک	برا ہے	جو وہ فیصلہ کرتے ہیں

پہنچتا اللہ کو۔ اور جو اللہ کے لئے ہے وہ اُن کے شریکوں کو پہنچ جاتا ہے، برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔

وَ كَذٰلِكَ زَیَّنَ لِكَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِیُرْدُوْهُمْ وَ

وَ كَذٰلِكَ	زَیَّنَ	لِكَثِیْرٍ	مِنَ	الْمُشْرِكِیْنَ	قَتْلَ	اَوْلَادِهِمْ	شُرَكَآؤُهُمْ	لِیُرْدُوْهُمْ	وَ
اور اسی طرح	آراستہ کردیا ہے	بہت کیلئے	سے	مشرک (جمع)	قتل	ان کی اولاد	ان کے شریک	تاکہ وہ انہیں ہلاک کردیں	اور

اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کے لئے انکے شریکوں نے اولاد کا قتل آراستہ کر دیا ہے تاکہ وہ انہیں ہلاک کر دیں، اور

لِیَلْبِسُوْا عَلَیْهِمْ دِیْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

لِیَلْبِسُوْا	عَلَیْهِمْ	دِیْنَهُمْ	وَ لَوْ شَآءَ	اللّٰهُ	مَا فَعَلُوْهُ	فَذَرْهُمْ	وَ مَا یَفْتَرُوْنَ
گڈمڈ کردیں	ان پر	ان کا دین	اور اگر چاہتا	اللہ	وہ نہ کرتے	سو تم انہیں چھوڑ دو	اور جو وہ جھوٹ باندھتے ہیں

اُن پر اُن کا دین گڈمڈ کر دیں۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ (ایسا) نہ کرتے، سو تم انہیں چھوڑو اور وہ جو جھوٹ باندھتے ہیں (وہ جانیں اور ان کا جھوٹ)

وَ قَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ وَّ حَرْثٌ حِجْرٌ ۖۗ لَّا یَطْعَمُهَاۤ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ

وَ قَالُوْا	هٰذِهٖۤ	اَنْعَامٌ	وَّ حَرْثٌ	حِجْرٌ	لَّا یَطْعَمُهَاۤ	اِلَّا	مَنْ نَّشَآءُ	بِزَعْمِهِمْ
اور انہوں نے کہا	یہ	مویشی	اور کھیتی	ممنوع	اسے نہ کھائے	مگر	جس کو	ہم چاہیں	انکے جھوٹے خیال کے مطابق

اور انہوں نے کہا یہ مویشی اور کھیتی ممنوع ہے، اسے کوئی نہ کھائے مگر جس کو ہم چاہیں ان کے (جھوٹے) خیال کے مطابق

وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً

وَاَنْعَامٌ	حُرِّمَتْ	ظُهُوْرُهَا	وَاَنْعَامٌ	لَّا يَذْكُرُوْنَ	اسْمَ اللّٰهِ	عَلَيْهَا	افْتِرَآءً
اور کچھ مویشی	حرام کی گئی	ان کی پیٹھ (جمع)	اور کچھ مویشی	وہ نہیں لیتے	نام اللہ کا	اس پر	جھوٹ باندھتے ہیں

اور کچھ مویشی ہیں کہ ان کی پیٹھ پر (سواری) حرام کی ہے اور کچھ مویشی ہیں (ذبح کرتے وقت) ان پر اللہ کا نام نہیں لیتے، (یہ) جھوٹ باندھنا ہے

عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٨﴾ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ

عَلَيْهِ	سَيَجْزِيْهِمْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	وَقَالُوْا	مَا	فِيْ بُطُوْنِ	هٰذِهِ	الْاَنْعَامِ
اس پر	ہم جلد انہیں سزا دینگے	اس کی جو	جھوٹ باندھتے تھے	اور انہوں نے کہا	جو	پیٹ میں	اس	مویشی (جمع)

اس (اللہ) پر ہم جلد انہیں اس کی سزا دیں گے جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ اور انہوں نے کہا جو ان مویشیوں کے پیٹ میں ہے

خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ

خَالِصَةٌ	لِّذُكُوْرِنَا	وَمُحَرَّمٌ	عَلٰٓى	اَزْوَاجِنَا	وَاِنْ	يَّكُنْ	مَّيْتَةً	فَهُمْ	فِيْهِ
خالص	ہمارے مردوں کے لئے	اور حرام	پر	ہماری عورتیں	اور اگر	ہو	مُردہ	تو وہ سب	اس میں

وہ خالص ہمارے مَردوں کے لئے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے، اور اگر مُردہ ہو تو سب اس میں

شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿١٣٩﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ

شُرَكَآءُ	سَيَجْزِيْهِمْ	وَصْفَهُمْ	اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	قَدْ خَسِرَ	الَّذِيْنَ
شریک	وہ جلد ان کو سزا دے گا	ان کا باتیں بنانا	بیشک وہ	حکمت والا	جاننے والا	البتہ گھاٹے میں پڑے	وہ لوگ جنہوں نے

شریک ہیں، وہ جلد انہیں ان کے باتیں بنانے کی سزا دے گا، وہ بیشک حکمت والا جاننے والا ہے۔ البتہ وہ لوگ گھاٹے میں پڑے

قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًا ۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً

قَتَلُوْٓا	اَوْلَادَهُمْ	سَفَهًا	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَّحَرَّمُوْا	مَا	رَزَقَهُمُ	اللّٰهُ	افْتِرَآءً
انہوں نے قتل کیا	اپنی اولاد	بیوقوفی سے	بے خبری (نادانی سے)	اور حرام ٹھہرایا	جو	انہیں دیا	اللہ	جھوٹ باندھتے ہوئے

جنہوں نے بیوقوفی نادانی سے اپنی اولاد کو قتل کیا اور جو اللہ نے انہیں دیا وہ حرام ٹھہرا لیا، جھوٹ باندھتے ہوئے

عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٤٠﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ

عَلَى اللّٰهِ	قَدْ ضَلُّوْا	وَمَا كَانُوْا	مُهْتَدِيْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْٓ	اَنْشَاَ	جَنّٰتٍ	مَّعْرُوْشٰتٍ
اللہ پر	یقیناً وہ گمراہ ہوئے	اور وہ نہ تھے	ہدایت پانے والے	اور وہ	جس نے	پیدا کئے	باغات	چڑھائے ہوئے

اللہ پر، یقیناً وہ گمراہ ہوئے، اور وہ ہدایت پانے والے نہ تھے۔ اور وہی (خالق) ہے جس نے باغات پیدا کئے (چھتریوں پر) چڑھائے ہوئے (جیسے انگور)

ع ١٦ ١١ ٣

وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

وَ	غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ	وَالنَّخْلَ	وَالزَّرْعَ	مُخْتَلِفًا	اُكُلُهٗ	وَالزَّيْتُوْنَ	وَالرُّمَّانَ
اور	نہ چڑھائے ہوئے	اور کھجور	اور کھیتی	مختلف	اس کے پھل	اور زیتون	اور انار

اور (چھتریوں پر) نہ چڑھائے ہوئے، اور کھجور، اور کھیتی اس کے پھل مختلف (قسم کے) اور زیتون ، اور انار

الْاَعْرَافِ	رِجَالًا	يَّعْرِفُوْنَهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	قَالُوْا	مَآ اَغْنٰى	عَنْكُمْ	جَمْعُكُمْ	وَمَا
اعراف	کچھ آدمی	وہ انہیں پہچان لیں گے	ان کی پیشانی سے	وہ کہیں گے	نہ فائدہ دیا	تمہیں	تمہارا جتھا	اور جو

اعراف والے کچھ آدمیوں کو کہ انہیں ان کی پیشانی سے پہچان لیں گے، وہ کہیں گے تمہیں کچھ فائدہ نہ دیا تمہارے جتھے نے، اور جو

كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ

كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ	اَهٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	اَقْسَمْتُمْ	لَا يَنَالُهُمُ	اللّٰهُ	بِرَحْمَةٍ
تم تکبر کرتے تھے	کیا اب یہ وہی	وہ جو کہ	تم قسم کھاتے تھے	انہیں نہ پہنچائے گا	اللہ	اپنی کوئی رحمت

تم تکبر کرتے تھے۔ کیا اب یہ وہی لوگ ہیں کہ تم قسم کھایا کرتے تھے کہ اللہ انہیں اپنی کوئی رحمت نہ پہنچائے گا،

اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ

اُدْخُلُوا	الْجَنَّةَ	لَا	خَوْفٌ	عَلَيْكُمْ	وَلَآ	اَنْتُمْ	تَحْزَنُوْنَ	وَنَادٰٓى	اَصْحٰبُ النَّارِ
تم داخل ہو جاؤ	جنت	نہ	کوئی خوف	تم پر	اور نہ	تم	غمگین ہو گے	اور پکاریں گے	دوزخ والے

تم جنت میں داخل ہو جاؤ، نہ تم پر کوئی خوف ہے، نہ تم غمگین ہو گے۔ اور دوزخ والے پکاریں گے

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا

اَصْحٰبَ	الْجَنَّةِ	اَنْ	اَفِيْضُوْا	عَلَيْنَا	مِنَ	الْمَآءِ	اَوْ	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	قَالُوْٓا
والے	جنت	کہ	بہاؤ (پہنچاؤ)	ہم پر	سے	پانی	یا	اس سے جو	تمہیں دیا	اللہ	وہ کہیں گے

جنت والوں کو کہ ہم پر (تھوڑا) پانی بہاؤ (پہنچاؤ) یا اس میں سے (کچھ) جو اللہ نے تمہیں دیا ہے، وہ کہیں گے

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٥٠﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا

اِنَّ	اللّٰهَ	حَرَّمَهُمَا	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	دِيْنَهُمْ	لَهْوًا	وَلَعِبًا
بیشک	اللہ	اسے حرام کر دیا	پر	کافر (جمع)	وہ لوگ جو	انہوں نے بنا لیا	اپنا دین	کھیل	اور کود

بیشک اللہ نے یہ کافروں پر حرام کر دیا ہے۔ جنہوں نے اپنے دین کو کھیل کود بنا لیا

وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَ

وَغَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	فَالْيَوْمَ	نَنْسٰىهُمْ	كَمَا نَسُوْا	لِقَآءَ	يَوْمِهِمْ	هٰذَا	وَ
اور انہیں دھوکہ میں ڈال دیا	زندگی	دنیا	پس آج	ہم انہیں بھلا دیں گے	جیسے انہوں نے بھلایا	ملنا	ان کا دن	یہ۔اس	اور

اور دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکہ میں ڈال دیا، پس آج ہم انہیں بھلا دیں گے، جیسے انہوں نے (آج کے) اس دن کا ملنا فراموش کر دیا تھا، اور

مَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

مَا كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَجْحَدُوْنَ	وَ	لَقَدْ جِئْنٰهُمْ	بِكِتٰبٍ	فَصَّلْنٰهُ	عَلٰى عِلْمٍ
جیسے۔تھے	ہماری آیتوں سے	وہ انکار کرتے تھے	اور	البتہ ہم لائے ان کے پاس	ایک کتاب	ہم نے اسے تفصیل سے بیان کیا	پر علم

جیسے ہماری آیتوں سے انکار کرتے تھے۔ اور ہم ان کے پاس ایک کتاب لائے جسے ہم نے تفصیل سے بیان کیا علم (کی بنیاد) پر

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ

هُدًى	وَّرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	تَاْوِيْلَهٗ	يَوْمَ
ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	جو ایمان لائے ہیں	کیا	وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر (یہی کہ)	اسکا کہنا پورا ہو جائے	جس دن

ایمان لانے والے لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت۔ کیا وہ یہی انتظار کر رہے ہیں، کہ اس کا کہا ہوا پورا ہو جائے، جس دن

يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ

يَاْتِيْ	تَاْوِيْلُهٗ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	نَسُوْهُ	مِنْ قَبْلُ	قَدْ جَآءَتْ	رُسُلُ	رَبِّنَا	بِالْحَقِّ
آئے گا	اس کا کہا ہوا	کہیں گے	وہ لوگ جو	اُنہوں نے بھلا دیا	پہلے سے	بے شک لائے	رسول (جمع)	ہمارا رب	حق

اس کا کہا ہوا ہو جائے گا، تو وہ لوگ جنہوں نے اسے پہلے بھلا دیا تھا وہ کہیں گے، بیشک ہمارے رب کے رسول حق بات لائے تھے،

فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

فَهَلْ	لَّنَا	مِنْ	شُفَعَآءَ	فَيَشْفَعُوْا	لَنَا	اَوْ نُرَدُّ	فَنَعْمَلَ	غَيْرَ + الَّذِيْ	كُنَّا نَعْمَلُ
تو کیا ہیں	ہمارے لئے	کوئی	سفارش کرنیوالے	کہ سفارش کریں	ہماری	یا ہم لوٹائے جائیں	سو ہم کریں	اس کے خلاف جو	ہم کرتے تھے

تو کیا ہمارے لئے کوئی سفارش کرنیوالے ہیں کہ ہماری سفارش کریں، یا ہم (دنیا میں) لوٹائے جائیں کہ ہم اس کے خلاف عمل کریں جو ہم (پہلے) کرتے تھے،

ع ۶ ۱۳ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ

قَدْ خَسِرُوْا	اَنْفُسَهُمْ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	اِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ
بیشک نقصان کیا انہوں نے	اپنی جانیں	اور گم ہو گیا	ان سے	جو	وہ افترا کرتے (جھوٹ گھڑتے تھے)	بیشک	تمہارا رب	اللہ

بیشک انہوں نے اپنی جانوں کا (اپنا) نقصان کیا، اور اُن سے گم ہو گیا جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے۔ بیشک تمہارا رب اللہ ہے

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ	اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى
وہ جو۔جس	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	میں	چھ	دن	پھر	قرار فرمایا	پر

جس نے زمین اور آسمان چھ دن میں بنائے، پھر اس نے قرار فرمایا

الْعَرْشِ ۖ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ

الْعَرْشِ	يُغْشِي	الَّيْلَ	النَّهَارَ	يَطْلُبُهُ	حَثِيثًا	وَالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	وَالنُّجُوْمَ
عرش	ڈھانکتا ہے	رات	دن	اسکے پیچھے آتا ہے	دوڑتا ہوا	اور سورج	اور چاند	اور ستارے

عرش پر، دن ڈھانکتا ہے رات کو، اس کے پیچھے (دن) دوڑتا ہوا آتا ہے، اور سورج اور چاند اور ستارے

مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾

مُسَخَّرٰتٍ	بِاَمْرِهٖ	اَلَا	لَهُ	الْخَلْقُ	وَالْاَمْرُ	تَبٰرَكَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ
مسخر	اس کے حکم سے	یاد رکھو	اسکے لئے	پیدا کرنا	اور حکم دینا	برکت والا ہے	اللہ	رب	تمام جہان

اس کے حکم سے مسخر ہیں، یاد رکھو اسی کے لئے ہے پیدا کرنا اور حکم دینا، اللہ برکت والا ہے، سارے جہانوں کا رب ہے۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا

اُدْعُوْا	رَبَّكُمْ	تَضَرُّعًا	وَّخُفْيَةً	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُعْتَدِيْنَ	وَ	لَا تُفْسِدُوْا
پکارو	اپنے رب کو	گڑگڑا کر	اور آہستہ	بیشک وہ	دوست نہیں رکھتا	حد سے گزرنے والے	اور	نہ فساد مچاؤ

اپنے رب کو پکارو گڑگڑا کر اور آہستہ سے، بیشک وہ حد سے گزرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور فساد نہ مچاؤ

فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ

فِي الْاَرْضِ	بَعْدَ	اِصْلَاحِهَا	وَادْعُوْهُ	خَوْفًا	وَطَمَعًا	اِنَّ	رَحْمَتَ	اللّٰهِ	قَرِيْبٌ
زمین میں	بعد	اس کی اصلاح	اور اسے پکارو	ڈرتے	اور امید رکھتے	بیشک	رحمت	اللہ	قریب

زمین میں اس کی اصلاح کے بعد، اور اُسے پکارو ڈرتے اور اُمید رکھتے ہوئے، بیشک اللہ کی رحمت قریب ہے

مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ

مِنَ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	يُرْسِلُ	الرِّيٰحَ	بُشْرًۢا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهٖ
سے	احسان (نیکی) کرنیوالے	اور وہ	جو جس	بھیجتا ہے	ہوائیں	بطور خوشخبری	آگے	اپنی رحمت (بارش)

نیکی کرنے والوں کے۔ اور وہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے ہوائیں بطور خوشخبری بھیجتا ہے،

حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا

حَتّٰٓى	اِذَآ	اَقَلَّتْ	سَحَابًا	ثِقَالًا	سُقْنٰهُ	لِبَلَدٍ	مَّيِّتٍ	فَاَنْزَلْنَا	بِهِ	الْمَاۗءَ	فَاَخْرَجْنَا
یہاں تک کہ	جب	اُٹھالائیں	بادل	بھاری	ہم نے انہیں ہانک دیا	کسی شہر کی طرف	مُردہ	پھر ہم نے اُتارا	اس سے	پانی	پھر ہم نے نکالا

یہاں تک کہ جب وہ بھاری بادل اُٹھا لائیں تو ہم نے انہیں کسی مُردہ شہر کی طرف ہانک دیا، پھر اس سے پانی اتارا (برسایا) پھر ہم نے نکالے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ

بِهٖ	مِنْ	كُلِّ الثَّمَرٰتِ	كَذٰلِكَ	نُخْرِجُ	الْمَوْتٰى	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ	وَالْبَلَدُ	الطَّيِّبُ
اس سے	سے	ہر پھل	اسی طرح	ہم نکالیں گے	مُردے	تاکہ تم	غور کرو	اور زمین	پاکیزہ

اس سے ہر قسم کے پھل، اسی طرح ہم مُردوں کو نکالیں گے تاکہ تم غور کرو۔ اور پاکیزہ زمین سے

يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ

يَخْرُجُ	نَبَاتُهٗ	بِاِذْنِ	رَبِّهٖ	وَالَّذِيْ	خَبُثَ	لَا يَخْرُجُ	اِلَّا	نَكِدًا	كَذٰلِكَ
نکلتا ہے	اس کا سبزہ	حکم سے	اس کا رب	اور وہ جو	ناپاکیزہ (خراب)	نہیں نکلتا	مگر	ناقص	اسی طرح

اس کا سبزہ اس کے رب کے حکم سے، (پاکیزہ ہی) نکلتا ہے، اور جو خراب ہے اس سے نہیں نکلتا مگر ناقص، اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾ ع لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ

نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّشْكُرُوْنَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى	قَوْمِهٖ	فَقَالَ
پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	لوگوں کے لئے	وہ شکر ادا کرتے ہیں	البتہ ہم نے بھیجا	نوح ؑ	طرف	اس کی قوم	پس اس نے کہا

ہم شکر گزار لوگوں کے لئے آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں۔ البتہ ہم نے نوحؑ کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا، پس اس نے کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا	لَكُمْ	مِّنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ
اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	نہیں	تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا	بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب

اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر ایک

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾

يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ	قَوْمِهٖٓ	اِنَّا	لَنَرٰىكَ	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
ایک بڑا دن	بولے	سردار	سے	اس کی قوم	بیشک ہم	البتہ تجھے دیکھتے ہیں	میں	گمراہی	کھلی

بڑے دن کے عذاب سے۔ اس کی قوم کے سردار بولے، ہم تجھے کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾

قَالَ	يٰقَوْمِ	لَيْسَ	بِيْ	ضَلٰلَةٌ	وَّلٰكِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اس نے کہا	اے میری قوم	نہیں	میرے اندر	کچھ بھی گمراہی	اور لیکن میں	بھیجا ہوا	سے	رب	سارے جہان

اس نے کہا، اے میری قوم! میرے اندر کچھ بھی گمراہی (کی بات) نہیں لیکن میں بھیجا ہوا (رسول) ہوں سارے جہانوں کے رب کی طرف سے۔

أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَأَنْصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾

أُبَلِّغُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَأَنْصَحُ	لَكُمْ	وَأَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ
میں پہنچاتا ہوں تمہیں	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور نصیحت کرتا ہوں	تمہیں	اور جانتا ہوں	سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے

میں تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں، اور تمہیں نصیحت کرتا ہوں، اور اللہ (کی طرف) سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

أَوَعَجِبْتُمْ أَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا

أَوَعَجِبْتُمْ	أَنْ	جَآءَكُمْ	ذِكْرٌ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	عَلٰى	رَجُلٍ	مِنْكُمْ	لِيُنْذِرَكُمْ	وَلِتَتَّقُوْا
کیا تمہیں تعجب ہوا	کہ	تمہارے پاس آئی	نصیحت	سے	تمہارا رب	پر	ایک آدمی	تم میں سے	تاکہ وہ ڈرائے تمہیں	اور تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو

کیا تمہیں تعجب ہوا کہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت تم میں سے ایک آدمی پر آئی تاکہ وہ تمہیں ڈرائے اور تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو،

وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَأَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ

وَلَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَأَنْجَيْنٰهُ	وَالَّذِيْنَ	مَعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	وَ
اور تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	پس انہوں نے اسے جھٹلایا	تو ہم نے اسے بچا لیا	اور جو لوگ	اسکے ساتھ	کشتی میں	اور

اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ پس انہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے اسے اور ان لوگوں کو اور جو لوگ کشتی میں اس کے ساتھ تھے بچا لیا، اور

٨ ع ٦ ١٥

أَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ إِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ ع وَإِلٰى عَادٍ

أَغْرَقْنَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	إِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	عَمِيْنَ	وَإِلٰى	عَادٍ
ہم نے غرق کر دیا	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتیں	بیشک وہ	تھے	لوگ	اندھے	اور طرف	عاد

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں ہم نے غرق کر دیا، بیشک وہ لوگ (حق شناسی سے) اندھے تھے۔ اور عاد کی طرف (بھیجا)

أَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ

أَخَاهُمْ	هُوْدًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِنْ	إِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
ان کے بھائی	ہودؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	تمہارے لئے نہیں	کوئی	معبود	اس کے سوا

ان کے بھائی ہودؑ کو، اور اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں،

أَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ إِنَّا لَنَرٰىكَ

أَفَلَا تَتَّقُوْنَ	قَالَ	الْمَلَأُ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖٓ	إِنَّا لَنَرٰىكَ
تو کیا تم نہیں ڈرتے	بولے	سردار	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	سے	اس کی قوم	البتہ ہم تجھے دیکھتے ہیں

تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ اس کی قوم کے کافر سردار بولے البتہ ہم تجھے دیکھتے ہیں

فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ

فِيْ	سَفَاهَةٍ	وَّ	اِنَّا لَنَظُنُّكَ	مِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	قَالَ	يٰقَوْمِ	لَيْسَ	بِيْ	سَفَاهَةٌ
میں	بے وقوفی	اور	ہم بیشک تجھے گمان کرتے ہیں	سے	جھوٹے	اس نے کہا	اے میری قوم	نہیں	مجھ میں	کوئی بیوقوفی

بے وقوفی میں اور ہم بیشک تجھے جھوٹوں سے گمان کرتے ہیں - اس نے کہا اے میری قوم! مجھ میں بیوقوفی (کی کوئی بات) نہیں،

وَلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ

وَلٰكِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	اُبَلِّغُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَاَنَا	لَكُمْ	نَاصِحٌ
اور لیکن میں	بھیجا ہوا	سے	رب	تمام جہان	میں تمہیں پہنچاتا ہوں	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور میں	تمہارا	خیر خواہ

لیکن میں تمام جہانوں کے رب کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں - میں تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا خیر خواہ،

اَمِيْنٌ ﴿۶۸﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ

اَمِيْنٌ	اَوَعَجِبْتُمْ	اَنْ	جَآءَكُمْ	ذِكْرٌ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	عَلٰى	رَجُلٍ	مِّنْكُمْ	لِيُنْذِرَكُمْ
امین	کیا تمہیں تعجب ہوا	کہ	تمہارے پاس آئی	نصیحت	سے	تمہارا رب	پر	ایک آدمی	تم میں سے	تاکہ وہ تمہیں ڈرائے

امین ہوں - کیا تمہیں تعجب ہوا کہ تمہارے پاس آئی تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت، تم میں سے ایک آدمی پر تاکہ وہ تمہیں ڈرائے،

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي

وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	جَعَلَكُمْ	خُلَفَآءَ	مِنْۢ بَعْدِ	قَوْمِ + نُوْحٍ	وَّزَادَكُمْ	فِي
اور تم یاد کرو	جب	اس نے تمہیں بنایا	جانشین	بعد	قوم نوح	اور تمہیں زیادہ دیا	میں

اور تم یاد کرو جب اس نے تمہیں قوم نوحؑ کے بعد جانشین بنایا، اور تمہیں زیادہ دیا

الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا

الْخَلْقِ	بَصْۜطَةً	فَاذْكُرُوْٓا	اٰلَآءَ	اللّٰهِ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا
خلقت (جسم)	پھیلاؤ	سو یاد کرو	نعمتیں	اللہ	تاکہ تم	فلاح (کامیابی) پاؤ	وہ بولے	کیا تو ہمارے پاس آیا

جسم میں پھیلاؤ (ڈیل ڈول) سو اللہ کی نعمتیں یاد کرو تاکہ تم فلاح (کامیابی) پاؤ - وہ بولے، کیا تو ہمارے پاس اس لئے آیا ہے

لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ

لِنَعْبُدَ	اللّٰهَ	وَحْدَهٗ	وَنَذَرَ	مَا	كَانَ يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	فَاْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَآ
کہ ہم عبادت کریں	اللہ	واحد (اکیلے)	اور ہم چھوڑ دیں	جو جس	پوجتے تھے	ہمارے باپ دادا	تو لے آ ہم پر	جس کا ہم سے وعدہ کرتا ہے

کہ ہم اللہ واحد کی عبادت کریں، اور چھوڑ دیں جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے تھے، تو لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے (دھمکاتا ہے)

إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ

إِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	قَدْ وَقَعَ	عَلَيْكُمْ	مِنْ	رَبِّكُمْ	رِجْسٌ
اگر	تو ہے	سے	سچے لوگ	اس نے کہا	البتہ پڑ گیا	تم پر	سے	تمہارا رب	عذاب

اگر تو سچے لوگوں میں سے ہے - اس نے کہا البتہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے پڑ گیا عذاب

وَّغَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ

وَغَضَبٌ	اَتُجَادِلُوْنَنِيْ	فِيْٓ	اَسْمَآءٍ	سَمَّيْتُمُوْهَآ	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	مَّا نَزَّلَ
اور غضب	کیا تم جھگڑتے ہو مجھ سے	میں	نام (جمع)	تم نے ان کے رکھ لئے ہیں	تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں نازل کی

اور غضب، کیا تم مجھ سے ان ناموں کے بارہ میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں، نہیں نازل کی

اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٧١﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ

اللّٰهُ	بِهَا	مِنْ	سُلْطٰنٍ	فَانْتَظِرُوْٓا	اِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِنَ	الْمُنْتَظِرِيْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ وَ
اللہ	اس کے لئے	کوئی	سند	سو تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے	تو ہم نے نجات دی (بچا لیا) اور

اللہ نے اس کے لئے کوئی سند، سو تم انتظار کرو میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ تو ہم نے اس کو بچا لیا اور

الَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا

الَّذِيْنَ	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَقَطَعْنَا	دَابِرَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَمَا كَانُوْا
وہ لوگ جو	اس کے ساتھ	رحمت سے	اپنی	اور ہم نے کاٹ دی	جڑ	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	اور نہ تھے

اپنی رحمت سے اور ان کو جو اس کے ساتھ تھے، اور ہم نے ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی، جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ نہ تھے

مُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

مُؤْمِنِيْنَ	وَ	اِلٰى	ثَمُوْدَ	اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
ایمان لانے والے	اور	طرف	ثمود	ان کے بھائی	صالحؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ

ایمان لانے والے - اور ثمود کی طرف (بھیجا) ان کے بھائی صالحؑ کو، اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو،

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ

مَا لَكُمْ	مِنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	قَدْ جَآءَتْكُمْ	بَيِّنَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	هٰذِهٖ	نَاقَةُ + اللّٰهِ
تمہارے لئے نہیں	کوئی	معبود	اس کے سوا	تحقیق آ چکی تمہارے پاس	نشانی	سے	تمہارا رب	یہ	اللہ کی اونٹنی

تمہارا اس کے سوا کوئی معبود نہیں، تحقیق تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی آ چکی ہے، یہ اللہ کی اونٹنی

وقف لازم ع ۹ ۸ ۱۶

لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

لَكُمْ	اٰيَةً	فَذَرُوْهَا	تَاْكُلْ	فِيْٓ	اَرْضِ	اللّٰهِ	وَ	لَا تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ
تمہارے لئے	ایک نشانی	سو اسے چھوڑ دو	کہ کھائے	میں	زمین	اللہ	اور	اسے ہاتھ نہ لگاؤ	برائی سے

تمہارے لئے ایک نشانی ہے، سو اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھائے، اور اسے برائی سے ہاتھ نہ لگاؤ،

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ

فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	جَعَلَكُمْ	خُلَفَآءَ	مِنْۢ بَعْدِ	عَادٍ
ورنہ پکڑ لے گا تمہیں	عذاب	دردناک	اور تم یاد کرو	جب	تمہیں بنایا اس نے	جانشین	بعد	عاد

ورنہ تمہیں دردناک عذاب پکڑ لے گا۔ اور یاد کرو جب تمہیں عاد کے بعد جانشین بنایا

وَبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ

وَبَوَّاَكُمْ	فِي	الْاَرْضِ	تَتَّخِذُوْنَ	مِنْ	سُهُوْلِهَا	قُصُوْرًا	وَتَنْحِتُوْنَ	الْجِبَالَ
اور تمہیں ٹھکانا دیا	میں	زمین	بناتے ہو	سے	اس کی نرم جگہ	محل (جمع)	اور تراشتے ہو	پہاڑ

اور تمہیں زمین میں ٹھکانہ دیا، بناتے ہو اس کی نرم جگہ میں محل، اور تراشتے ہو پہاڑوں کے

بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ الْمَلَاُ

بُيُوْتًا	فَاذْكُرُوْٓا	اٰلَآءَ	اللّٰهِ	وَلَا تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ	قَالَ	الْمَلَاُ
مکانات	سو یاد کرو	نعمتیں	اللہ	اور نہ پھرو	زمین (ملک) میں	فساد کرنے والے (فساد کرتے)	بولے	سردار

مکانات، سو اللہ کی نعمتیں یاد کرو، اور ملک میں فساد مچاتے نہ پھرو۔ سردار بولے

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ

الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖ	لِلَّذِيْنَ	اسْتُضْعِفُوْا	لِمَنْ اٰمَنَ	مِنْهُمْ
وہ جنہوں نے	تکبر کیا (متکبر)	سے	اس کی قوم	ان لوگوں سے	ضعیف (کمزور) بنائے گئے	ان سے جو	ایمان لائے ان سے

اُن کی قوم کے، جو متکبر تھے، اُن غریب لوگوں سے جو اُن میں سے ایمان لا چکے تھے

اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۷۵﴾

اَتَعْلَمُوْنَ	اَنَّ	صٰلِحًا	مُّرْسَلٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ	قَالُوْٓا	اِنَّا	بِمَآ	اُرْسِلَ بِهٖ	مُؤْمِنُوْنَ
کیا تم جانتے ہو	کہ	صالح	بھیجا ہوا	سے	اپنا رب	انہوں نے کہا	بیشک ہم	اس پر جو	اسکے ساتھ بھیجا گیا	ایمان رکھتے ہیں

کیا تم جانتے ہو؟ کہ صالحؑ اپنے رب کی طرف سے بھیجا ہوا ہے (رسول ہے) انہوں نے کہا بیشک وہ جو کچھ دے کر بھیجا گیا ہے ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں۔

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ

قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	اِنَّا	بِالَّذِيْٓ	اٰمَنْتُمْ بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	فَعَقَرُوا النَّاقَةَ
بولے	وہ جنہوں نے	تکبر کیا	ہم	وہ جس پر	تم ایمان لائے اس پر	کفر کرنے والے (منکر)	انہوں نے کونچیں کاٹ دیں اونٹنی

وہ جنہوں نے تکبر کیا (سردار) بولے تم جس پر ایمان لائے ہو ہم اس کے منکر ہیں۔ انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں،

وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

وَعَتَوْا	عَنْ	اَمْرِ	رَبِّهِمْ	وَقَالُوْا	يٰصٰلِحُ	ائْتِنَا	بِمَا تَعِدُنَآ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ
اور سرکشی کی	سے	حکم	اپنا رب	اور بولے	اے صالح	لے آ	جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے	اگر	تو ہے	سے

اور اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور بولے اے صالح! لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے (دھمکاتا ہے) اگر تو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۷۷﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۷۸﴾

الْمُرْسَلِيْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ	دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ
رسول (جمع)	پس انہیں آپکڑا	زلزلہ	تو رہ گئے	میں	اپنے گھر	اوندھے

رسولوں میں سے ہے۔ پس زلزلہ نے انہیں آ پکڑا، تو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَ

فَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ	يٰقَوْمِ	لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ	رِسَالَةَ	رَبِّيْ	وَنَصَحْتُ	لَكُمْ	وَ
پھر منہ پھیرا	اُن سے	اور کہا	اے میری قوم	تحقیق میں نے تمہیں پہنچا دیا	پیغام	اپنا رب	اور خیر خواہی کی	تمہاری	اور

پھر (صالح) نے اُن سے منہ پھیرا اور کہا اے میری قوم! میں نے تمہیں اپنے رب کا پیغام پہنچایا، اور تمہاری خیر خواہی کی،

لٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ

لٰكِنْ	لَّا تُحِبُّوْنَ	النّٰصِحِيْنَ	وَلُوْطًا	اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖٓ	اَتَاْتُوْنَ + الْفَاحِشَةَ
لیکن	تم پسند نہیں کرتے	خیر خواہ (جمع)	اور لوط	جب	کہا	اپنی قوم سے	کیا آتے ہو بیحیائی کے پاس (بیحیائی کرتے ہو)

لیکن تم خیر خواہوں کو پسند نہیں کرتے۔ لوط (کو بھیجا) جب اس نے اپنی قوم سے کہا، کیا تم وہ بے حیائی کرتے ہو

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

مَا سَبَقَكُمْ	بِهَا	مِنْ + اَحَدٍ	مِّنَ	الْعٰلَمِيْنَ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	شَهْوَةً
جو تم سے پہلے نہیں کی	ایسی	کسی نے	سے	سارے جہان	بیشک تم	جاتے ہو	مرد (جمع)	شہوت سے

جو تم سے پہلے سارے جہان میں کسی نے نہیں کی۔ بیشک تم مردوں کے پاس شہوت سے جاتے ہو

مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ

مِنْ + دُوْنِ	النِّسَآءِ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُّسْرِفُوْنَ	وَمَا	كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖۤ	اِلَّاۤ	اَنْ
علاوہ (چھوڑ کر)	عورتیں	بلکہ	تم	لوگ	حد سے گزر جانے والے	اور نہ	تھا	جواب	اس کی قوم	مگر	یہ کہ

عورتوں کو چھوڑ کر، بلکہ تم حد سے گزر جانے والے لوگ ہو۔ اور اس کی قوم کا کچھ جواب نہ تھا، مگر یہ کہ

قَالُوْۤا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ

قَالُوْۤا	اَخْرِجُوْهُمْ	مِنْ	قَرْيَتِكُمْ	اِنَّهُمْ	اُنَاسٌ	يَّتَطَهَّرُوْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ
انہوں نے کہا	انہیں نکال دو	سے	اپنی بستی	بیشک	یہ لوگ	پاکیزگی چاہتے ہیں	ہم نے نجات دی اس کو

انہوں نے کہا انہیں اپنی بستی سے نکال دو، یہ لوگ پاکیزگی چاہتے ہیں۔ سو ہم نے نجات دی اس کو

وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ

وَاَهْلَهٗۤ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	كَانَتْ	مِنَ	الْغٰبِرِيْنَ	وَاَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا
اور اس کے گھر والے	مگر	اس کی بیوی	وہ تھی	سے	پیچھے رہنے والے	اور ہم نے برسائی	ان پر	ایک بارش

اور اس کے گھر والوں کو سوائے اسکی بیوی کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔ اور ہم نے اُن پر (پتھروں کی) ایک بارش برسائی

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ

فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُجْرِمِيْنَ	وَ	اِلٰى	مَدْيَنَ	اَخَاهُمْ	شُعَيْبًا
پس دیکھو	کیسا ہوا	ہوا	انجام	مجرمین	اور	طرف	مدین	ان کے بھائی	شعیبؑ

پس دیکھو مجرموں کا کیسا انجام ہوا؟ اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیبؑ (کو بھیجا)

قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ

قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	قَدْ جَآءَتْكُمْ	بَيِّنَةٌ
اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	نہیں تمہارا	سے	کوئی معبود	اس کے سوا	تحقیق پہنچ چکی تمہارے پاس	ایک دلیل

اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، تحقیق تمہارے پاس ایک دلیل پہنچ چکی ہے

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۖ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَاَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَالْمِيْزَانَ	وَ	لَا تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ
سے	تمہارا رب	پس پورا کرو	ناپ	اور تول	اور	نہ گھٹاؤ	لوگ	ان کی اشیاء

تمہارے رب (کی طرف) سے، پس ناپ اور تول پورا کرو اور لوگوں کی اشیاء نہ گھٹاؤ، (گھٹا کر نہ دو)

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٨٥﴾

وَ	لَا تُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ	بَعْدَ	اِصْلَاحِهَا	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
اور	فساد نہ مچاؤ	زمین (ملک) میں	بعد	اس کی اصلاح	یہ	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم ہو	ایمان والے

اور ملک میں اصلاح کے بعد فساد نہ مچاؤ، تمہارے لئے یہ بہتر ہے، اگر تم ایمان والے ہو۔

وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

وَ	لَا تَقْعُدُوْا	بِكُلِّ	صِرَاطٍ	تُوْعِدُوْنَ	وَتَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	مَنْ
اور	نہ بیٹھو	ہر	راستہ	تم ڈراؤ	اور تم روکو	سے	راستہ	اللہ	جو

اور ہر راستہ پر نہ بیٹھو کہ تم (راہ گیروں کو) ڈراؤ اور اسے اللہ کے راستہ سے روکو جو

اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۪ وَ

اٰمَنَ	بِهٖ	وَتَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَاذْكُرُوْٓا	اِذْ	كُنْتُمْ	قَلِيْلًا	فَكَثَّرَكُمْ	وَ
ایمان لایا	اس پر	اور ڈھونڈو اس میں	کجی	اور یاد کرلو	جب	تم تھے	تھوڑے	تو اس نے تمہیں بڑھادیا	اور

اس پر ایمان لایا، اور اس میں کجی ڈھونڈو، اور یاد کرو جب تم تھوڑے (اقلیت میں) تھے تو اس نے تمہیں بڑھا دیا، اور

انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ

انْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَاِنْ	كَانَ	طَآئِفَةٌ	مِّنْكُمْ
دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور اگر	ہے	ایک گروہ	تم سے

دیکھو! فساد کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا؟ اور اگر تم میں ایک گروہ ہے جو

اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ

اٰمَنُوْا	بِالَّذِيْٓ	اُرْسِلْتُ	بِهٖ	وَطَآئِفَةٌ	لَّمْ يُؤْمِنُوْا	فَاصْبِرُوْا	حَتّٰى	يَحْكُمَ
ایمان لایا	اس پر جو	میں بھیجا گیا	جس کے ساتھ	اور ایک گروہ	ایمان نہیں لایا	تم صبر کرلو	یہاں تک کہ	فیصلہ کردے

اس پر ایمان لایا جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں، اور ایک گروہ (ہے جو) ایمان نہیں لایا، تو تم صبر کرو یہاں تک کہ فیصلہ کردے

اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

اللّٰهُ	بَيْنَنَا	وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ
اللہ	ہمارے درمیان	اور وہ	بہترین	فیصلہ کرنے والا

اللہ ہمارے درمیان، اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے

الجزء ۹

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

قَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	مِنْ	قَوْمِهٖ	لَنُخْرِجَنَّكَ	يٰشُعَيْبُ
بولے	سردار	وہ جو کہ	تکبر کرتے تھے (بڑے بنتے تھے)	سے	اس کی قوم	ہم تجھے ضرور نکال دیں گے	اے شعیبؑ

اس کی قوم کے وہ سردار جو بڑے بنتے تھے بولے اے شعیبؑ ! ہم ضرور نکال دیں گے تجھے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَكَ	مِنْ	قَرْيَتِنَا	اَوْ لَتَعُوْدُنَّ	فِيْ	مِلَّتِنَا	قَالَ	اَوَلَوْ
اور وہ جو	ایمان لائے	تیرے ساتھ	سے	ہماری بستی	یا یہ کہ تم لوٹ آؤ	میں	ہمارے دین	اس نے کہا	کیا خواہ

اور اُنہیں جو تیرے ساتھ ایمان لائے ہیں اپنی بستی سے، یا یہ کہ تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ ، فرمایا خواہ

كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ

كُنَّا	كٰرِهِيْنَ	قَدِ افْتَرَيْنَا	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اِنْ	عُدْنَا	فِيْ	مِلَّتِكُمْ	بَعْدَ	اِذْ
ہم ہوں	ناپسند کرتے ہوں	البتہ ہم نے بہتان باندھا (باندھیں گے)	اللہ پر	جھوٹا	اگر	ہم لوٹ آئیں	میں	تمہارا دین	بعد	جب

ہم ناپسند کرتے ہوں (پھر بھی؟) البتہ ہم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھیں گے اگر ہم اس کے بعد تمہارے دین میں لوٹ آئیں جبکہ

نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ

نَجّٰىنَا	اللّٰهُ	مِنْهَا	وَمَا يَكُوْنُ	لَنَا	اَنْ نَّعُوْدَ	فِيْهَا	اِلَّآ	اَنْ يَّشَآءَ	اللّٰهُ	رَبُّنَا
ہم کو بچا لیا	اللہ	اس سے	اور نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ ہم لوٹ آئیں	اس میں	مگر	یہ کہ چاہے	اللہ	ہمارا رب

اللہ نے ہمیں اس سے بچا لیا ہے اور ہمارا کام نہیں کہ ہم اس میں لوٹ آئیں مگر یہ کہ اللہ ہمارا رب چاہے،

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ

وَسِعَ	رَبُّنَا	كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا	عَلَى	اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا	رَبَّنَا	افْتَحْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَ
احاطہ کر لیا ہے	ہمارا رب	ہر شے	علم میں	پر	اللہ	ہم نے بھروسہ کیا	ہمارا رب	فیصلہ کر دے	ہمارے درمیان	اور درمیان

ہمارے رب نے اپنے علم میں ہر شے کا احاطہ کر لیا ہے، ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا، اے ہمارے رب! فیصلہ کر دے ہمارے درمیان اور

قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

قَوْمِنَا	بِالْحَقِّ	وَاَنْتَ	خَيْرُ	الْفٰتِحِيْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ہماری قوم	حق کے ساتھ	اور تو	بہتر	فیصلہ کرنے والا	اور بولے	سردار	وہ جنہوں نے	کفر کیا

ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ، اور تُو بہتر فیصلہ کرنے والا ہے - اور وہ سردار بولے جنہوں نے کفر کیا

مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

مِنْ	قَوْمِهٖ	لَئِنِ	اتَّبَعْتُمْ	شُعَيْبًا	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ
سے	اس کی قوم	اگر	تم نے پیروی کی	شعیبؑ	تو تم ضرور	اس صورت میں	خسارہ میں ہوگے	تو انہیں آلیا	زلزلہ

اس کی قوم کے، اگر تم نے شعیبؑ کی پیروی کی تو اس صورت میں تم خود خسارے میں ہوگے۔ تو انہیں زلزلہ نے آلیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا

فَاَصْبَحُوْا	فِيْ	دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا
صبح کے وقت رہ گئے	میں	اپنے گھر	اوندھے پڑے	وہ جنہوں نے	جھٹلایا	شعیبؑ	گویا	نہ بستے تھے

پس وہ صبح کے وقت اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا (وہ ایسے مٹے) گویا (کبھی) بستے نہ تھے

فِيْهَا ۚ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ

فِيْهَا	اَلَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَانُوْا	هُمُ	الْخٰسِرِيْنَ	فَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ
اس میں وہاں	وہ جنہوں نے	جھٹلایا	شعیب	وہ ہوئے	وہی	خسارہ پانے والے	پھر منہ پھیرا	ان سے	اور کہا

وہاں۔ جنہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا وہی خسارہ پانے والے ہوئے۔ پھر اُن سے اس نے منہ پھیرا اور کہا

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ

يٰقَوْمِ	لَقَدْ	اَبْلَغْتُكُمْ	رِسٰلٰتِ	رَبِّيْ	وَنَصَحْتُ	لَكُمْ	فَكَيْفَ	اٰسٰى	عَلٰى	قَوْمٍ
اے میری قوم	البتہ	میں نے پہنچا دیئے تمہیں	پیغام (جمع)	اپنا رب	اور خیر خواہی کی	تمہاری	تو کیسے	غم کھاؤں	پر	قوم

اے میری قوم! میں نے تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچا دیئے اور تمہاری خیر خواہی کر چکا تو (اب) کافر قوم پر کیسے غم کھاؤں؟

كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ

كٰفِرِيْنَ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	فِيْ	قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّبِيٍّ	اِلَّآ	اَخَذْنَآ	اَهْلَهَا	بِالْبَاْسَآءِ
کافر (جمع)	اور	نہ بھیجا ہم نے	میں	کسی بستی	کوئی نبی	مگر	ہم نے پکڑا	وہاں کے لوگ	سختی میں

اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا مگر ہم نے وہاں کے لوگوں کو سختی میں پکڑا

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى

وَالضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ	يَضَّرَّعُوْنَ	ثُمَّ	بَدَّلْنَا	مَكَانَ	السَّيِّئَةِ	الْحَسَنَةَ	حَتّٰى
اور تکلیف	تاکہ وہ	عاجزی کریں	پھر	ہم نے بدلی	جگہ	برائی	بھلائی	یہاں تک کہ

اور تکلیف میں تاکہ وہ عاجزی کریں۔ پھر ہم نے برائی کی جگہ بھلائی بدلی، یہاں تک کہ

عَفَوْا وَّ قَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَ السَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ

عَفَوْا	وَّ قَالُوْا	قَدْ مَسَّ	اٰبَآءَنَا	الضَّرَّآءُ	وَالسَّرَّآءُ	فَاَخَذْنٰهُمْ	بَغْتَةً	وَّ هُمْ
وہ بڑھ گئے	اور کہنے لگے	پہنچ چکی ہے	ہمارے باپ دادا	تکلیف	اور خوشی	پس ہم نے انہیں پکڑا	اچانک	اور وہ

وہ بڑھ گئے اور کہنے لگے تکلیف اور خوشی ہمارے باپ دادا کو پہنچ چکی ہے، پس ہم نے انہیں اچانک پکڑا، اور وہ

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰۤى اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ

لَا يَشْعُرُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّ	اَهْلَ الْقُرٰۤى	اٰمَنُوْا	وَاتَّقَوْا	لَفَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَرَكٰتٍ
بے خبر تھے	اور اگر	یہ ہوتا کہ	بستیوں والے	ایمان لاتے	اور پرہیزگاری کرتے	تو البتہ ہم کھول دیتے	ان پر	برکتیں

بے خبر تھے۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے، اور پرہیزگاری اختیار کرتے تو البتہ ہم اُن پر برکتیں کھول دیتے

مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ وَ لٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ

مِنَ	السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	وَلٰكِنْ	كَذَّبُوْا	فَاَخَذْنٰهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	اَفَاَمِنَ
سے	آسمان	اور	زمین	اور لیکن	انہوں نے جھٹلایا	تو ہم نے انہیں پکڑا	اس کے نتیجہ میں	جو وہ کرتے تھے	کیا بے خوف ہیں

زمین اور آسمان سے، لیکن اُنہوں نے جھٹلایا تو ہم نے اُنہیں پکڑا۔ اس کے نتیجہ میں جو وہ کرتے تھے۔ کیا اب بے خوف ہیں

اَهْلُ الْقُرٰۤى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰۤى

اَهْلُ الْقُرٰۤى	اَنْ	يَّاْتِيَهُمْ	بَاْسُنَا	بَيَاتًا	وَّ هُمْ	نَآئِمُوْنَ	اَوَ اَمِنَ	اَهْلُ الْقُرٰۤى
بستیوں والے	کہ	ان پر آئے	ہمارا عذاب	راتوں رات	اور وہ	سوئے ہوئے ہوں	کیا بے خوف ہیں	بستیوں والے

بستیوں والے کہ ان پر ہمارا عذاب راتوں رات آجائے اور وہ سوئے ہوئے ہوں۔ کیا بستیوں والے اس سے بے خوف ہیں

اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ

اَنْ	يَّاْتِيَهُمْ	بَاْسُنَا	ضُحًى	وَّهُمْ	يَلْعَبُوْنَ	اَفَاَمِنُوْا	مَكْرَ	اللّٰهِ	فَلَا يَاْمَنُ
کہ	ان پر آجائے	ہمارا عذاب	دن چڑھے	اور وہ	کھیل کود رہے ہوں	کیا وہ بے خوف ہو گئے	تدبیر	اللہ	بے خوف نہیں ہوتے

کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آجائے اور وہ کھیل کود رہے ہوں۔ کیا وہ اللہ کی تدبیر سے بے خوف ہو گئے؟ سو بے خوف نہیں ہوتے

مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَ لَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ

مَكْرَ اللّٰهِ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الْخٰسِرُوْنَ	اَوَ لَمْ	يَهْدِ	لِلَّذِيْنَ	يَرِثُوْنَ	الْاَرْضَ
اللہ کی تدبیر	مگر	لوگ	خسارہ اٹھانے والے	کیا نہ	ہدایت ملی	وہ لوگ جو	وارث ہوئے	زمین

اللہ کی تدبیر سے مگر خسارہ اٹھانے والے۔ کیا ان لوگوں کو ہدایت نہ ملی؟ جو زمین کے وارث ہوئے

ع ۱۲ ۶ ۲

مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

مِنْۢ بَعْدِ	اَهْلِهَآ	اَنْ	لَّوْ نَشَآءُ	اَصَبْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَنَطْبَعُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
بعد	وہاں کے رہنے والے	کہ	اگر ہم چاہتے	تو ہم اُن پر مصیبت ڈالتے	ان کے گناہوں کے سبب	اور ہم مُہر لگاتے ہیں	پر ان کے دل

وہاں کے رہنے والوں کے بعد، اگر ہم چاہتے تو ان کے گناہوں کے سبب ان پر مصیبت ڈالتے، اور ہم اُن کے دلوں پر مُہر لگاتے ہیں

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ

فَهُمْ	لَا يَسْمَعُوْنَ	تِلْكَ	الْقُرٰى	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآئِهَا	وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ
سو وہ	نہیں سنتے ہیں	یہ	بستیاں	ہم بیان کرتے ہیں	تم پر	سے	انکی کچھ خبریں	اور البتہ آئے انکے پاس

سو وہ سُنتے نہیں ۔ یہ بستیاں ہیں جن کی خبریں ہم تم پر بیان کرتے ہیں، اور البتہ ان کے پاس آئے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ

رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا	كَذَّبُوْا	مِنْ + قَبْلُ	كَذٰلِكَ
اُن کے رسول	نشانیاں لے کر	سو نہ	وہ ایمان لاتے	کیونکہ	انہوں نے جھٹلایا	اس سے پہلے	اسی طرح

ان کے رسول نشانیاں لے کر، سو وہ ایمان نہ لائے کیونکہ اس سے پہلے اُنہوں نے جھٹلایا تھا، اسی طرح

يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ

يَطْبَعُ	اللّٰهُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الْكٰفِرِيْنَ	وَ	مَا وَجَدْنَا	لِاَكْثَرِهِمْ	مِنْ + عَهْدٍ	وَاِنْ
مُہر لگاتا ہے	اللہ	پر	دل (جمع)	کافر (جمع)	اور	ہم نے نہ پایا	ان کے اکثر میں	عہد کا پاس	اور درحقیقت

اللہ کافروں کے دلوں پر مُہر لگاتا ہے ۔ اور ہم نے اُن کے اکثر میں عہد کا کوئی پاس نہ پایا اور درحقیقت

وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ

وَجَدْنَا	اَكْثَرَهُمْ	لَفٰسِقِيْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	مُّوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	اِلٰى	فِرْعَوْنَ
ہم نے پائے	ان میں اکثر	نافرمان - بدکردار	پھر	ہم نے بھیجا	ان کے بعد	موسےٰؑ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	طرف	فرعون

ہم نے اُن میں اکثر نافرمان بدکردار پائے ۔ پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا فرعون کی طرف

وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَقَالَ

وَمَلَا۟ئِهٖ	فَظَلَمُوْا	بِهَا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَقَالَ
اور اس کے سردار	تو انہوں نے ظلم (انکار کیا)	اُن کا	سو تم دیکھو	کیا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور کہا

اور اس کے سرداروں کی طرف تو انہوں نے ان (نشانیوں کا) انکار کیا، سو تم دیکھو فساد کرنے والوں کا انجام کیا ہوا ؟ اور کہا

مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ

مُوْسٰى	يٰفِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	حَقِيْقٌ	عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ
موسیٰ	اے فرعون	بیشک میں	رسول	سے	رب	تمام جہان	شایان	پر کہ میں نہ کہوں

موسیٰؑ نے اے فرعون! بیشک میں تمام جہانوں کے رب کی طرف سے رسول ہوں۔ شایاں ہے کہ میں نہ کہوں

عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾

عَلَى	اللّٰهِ	اِلَّا الْحَقَّ	قَدْ جِئْتُكُمْ +	بِبَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	فَاَرْسِلْ	مَعِيَ	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
پر	اللہ	مگر حق	تحقیق تمہارے پاس لایا ہوں + نشانیاں		سے	تمہارا رب	پس بھیج دے	میرے ساتھ	بنی اسرائیل

اللہ پر، مگر حق، تحقیق میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں لایا ہوں، پس میرے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج دے۔

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلْقٰى

قَالَ	اِنْ	كُنْتَ	جِئْتَ	بِاٰيَةٍ	فَاْتِ بِهَآ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	فَاَلْقٰى
بولا	اگر	تو	لایا ہے	کوئی نشانی	تو وہ لے آ	اگر	تو ہے	سے	سچوں	پس اس نے ڈالا

بولا اگر تُو کوئی نشانی لایا ہے تو وہ لے آ، اگر تو سچوں میں سے ہے۔ پس اس (موسیٰؑ) نے ڈالا

عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَاۗءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

عَصَاهُ	فَاِذَا هِيَ	ثُعْبَانٌ	مُّبِيْنٌ	وَّنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا هِيَ	بَيْضَاۗءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ
اپنا عصا	پس وہ اچانک	اژدھا	صریح (صاف)	اور نکالا	اپنا ہاتھ	پس ناگاہ وہ	نورانی	ناظرین کے لئے

اپنا عصا اور اچانک وہ صاف اژدہا ہو گیا۔ اور اپنا ہاتھ (گریبان) سے نکالا تو ناگاہ وہ ناظرین کے لئے نورانی ہو گیا۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ

قَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ	قَوْمِ	فِرْعَوْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ	يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ
بولے	سردار	سے	قوم	فرعون	بیشک	یہ	جادوگر	علم الاد ماہر	چاہتا ہے	کہ	تمہیں نکال دے

فرعون کی قوم کے سردار بولے بیشک یہ تو ماہر جادوگر ہے۔ چاہتا ہے کہ تمہیں نکال دے

مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَاۗىِٕنِ

مِنْ	اَرْضِكُمْ	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ	وَاَخَاهُ	وَاَرْسِلْ	فِي الْمَدَاۗىِٕنِ
سے	تمہاری سرزمین	تو اب کیا	کہتے ہو	وہ بولے	روک لے	اور اس کا بھائی	اور بھیج	شہروں میں

تمہاری سرزمین سے، تو اب کیا کہتے ہو (تمہارا کیا مشورہ ہے)؟ وہ بولے اس کو اور اس کے بھائی کو روک لے، اور شہروں میں بھیج دے

حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا

حٰشِرِيْنَ	يَاْتُوْكَ	بِكُلِّ	سَحَّارٍ	عَلِيْمٍ	وَجَآءَ	السَّحَرَةُ	فِرْعَوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	لَنَا
اکٹھا کرنیوالے (نقیب)	تیرے پاس لے آئیں	ہر	جادوگر	علم والا (ماہر)	اور آئے	جادوگر (جمع)	فرعون	وہ بولے	یقیناً	ہمارے لئے

نقیب - تیرے پاس ہر ماہر جادوگر لے آئیں - اور جادوگر فرعون کے پاس آئے ، وہ بولے یقیناً ہمارے لئے

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِيْنَ	قَالَ	نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	لَمِنَ	الْمُقَرَّبِيْنَ
کوئی اجر (انعام)	اگر	ہوئے	ہم	غالب (جمع)	اس نے کہا	ہاں	اور تم بیشک	البتہ - سے	مقربین

کوئی انعام ہوگا ؟ اگر ہم غالب ہوئے - اس نے کہا ہاں ! تم بیشک (میرے) مقربین میں سے ہو گے -

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا

قَالُوْا	يٰمُوْسٰٓى	اِمَّآ	اَنْ	تُلْقِيَ	وَاِمَّآ	اَنْ	نَّكُوْنَ	نَحْنُ	الْمُلْقِيْنَ	قَالَ	اَلْقُوْا
وہ بولے	اے موسیٰ ؑ	یا	یہ کہ	تو ڈال	اور یا (ورنہ)	یہ کہ	ہوں	ہم	ڈالنے والے	کہا	تم ڈالو

وہ بولے، اے موسیٰ ؑ ! یا تو ڈال ورنہ ہم ڈالنے والے ہیں - (موسیٰ ؑ نے کہا) تم ڈالو

فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

فَلَمَّآ	اَلْقَوْا	سَحَرُوْٓا	اَعْيُنَ	النَّاسِ	وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ	وَجَآءُوْ + بِسِحْرٍ	عَظِيْمٍ
پس جب	انہوں نے ڈالا	سحر کر دیا	آنکھیں	لوگ	اور انہیں ڈرایا	اور وہ لائے + جادو	بڑا

پس جب انہوں نے ڈالا لوگوں کی آنکھوں پر سحر کر دیا ، اور انہیں ڈرایا ، اور وہ بڑا جادو لائے -

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى	مُوْسٰٓى	اَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ	فَاِذَا	هِيَ	تَلْقَفُ	مَا	يَاْفِكُوْنَ
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰ ؑ	کہ	ڈالو	اپنا عصا	تو ناگاہ	وہ	نگلنے لگا	جو	انہوں نے ڈھکوسلا بنایا تھا

اور ہم نے موسیٰ ؑ کی طرف وحی بھیجی کہ اپنا عصا ڈالو ، ناگاہ وہ نگلنے لگا جو ڈھکوسلا انہوں نے بنایا تھا -

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا

فَوَقَعَ	الْحَقُّ	وَبَطَلَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	فَغُلِبُوْا	هُنَالِكَ	وَانْقَلَبُوْا
پس ثابت ہو گیا	حق	اور باطل ہو گیا	جو	وہ کرتے تھے	پس مغلوب ہو گئے	وہیں	اور لوٹے

پس حق ثابت ہو گیا ، اور وہ جو کرتے تھے باطل ہو گیا - پس وہ وہیں مغلوب ہو گئے ، اور لوٹے

صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

صٰغِرِيْنَ	وَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
ذلیل	اور گر گئے	جادوگر	سجدہ کرنے والے	وہ بولے	ہم ایمان لائے	رب پر	تمام جہان (جمع)

ذلیل ہو کر۔ اور جادوگر سجدہ میں گر گئے۔ وہ بولے کہ ہم تمام جہانوں کے رب پر ایمان لے آئے۔

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ اِنَّ

رَبِّ	مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ لَكُمْ	اِنَّ
رب	موسیٰ ؑ	اور ہارون	بولا	فرعون	کیا تم ایمان لائے	اس پر	پہلے	کہ	میں اجازت دوں	تمہیں بیشک

(یعنی) موسیٰ ؑ اور ہارون ؑ کے رب پر۔ فرعون بولا کیا تم اس پر ایمان لے آئے اس سے قبل کہ میں تمہیں اجازت دوں؟ بیشک

هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

هٰذَا	لَمَكْرٌ	مَّكَرْتُمُوْهُ	فِي	الْمَدِيْنَةِ	لِتُخْرِجُوْا	مِنْهَا	اَهْلَهَا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
یہ	ایک چال ہے	جو تم نے چلی	میں	شہر	تاکہ نکال دو	یہاں سے	اسکے رہنے والے	پس جلد	تم معلوم کر لو گے

یہ ایک چال ہے کہ شہر میں تم نے چلی ہے تاکہ اس کے رہنے والوں کو یہاں سے نکال دو، تم جلد (اس کا نتیجہ) معلوم کر لو گے۔

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ	خِلَافٍ	ثُمَّ	لَاُصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ
میں ضرور کاٹ ڈالوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	سے	دوسری طرف۔	پھر	میں تمہیں ضرور سولی دوں گا	سب کو

میں ضرور کاٹ ڈالوں گا تمہارے (ایک طرف کے) ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں، پھر میں تم سب کو ضرور سولی دوں گا۔

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا

قَالُوْٓا	اِنَّآ	اِلٰى	رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ	وَمَا	تَنْقِمُ	مِنَّآ	اِلَّآ	اَنْ	اٰمَنَّا	بِاٰيٰتِ	رَبِّنَا
وہ بولے	بیشک ہم	طرف	اپنا رب	لوٹنے والے	اور نہیں	تجھ کو دشمنی	ہم سے	مگر	یہ کہ	ہم ایمان لائے	نشانیاں	اپنا رب

وہ بولے بیشک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اور تجھ کو ہم سے دشمنی نہیں مگر صرف یہ کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لائے

لَمَّا جَاۗءَتْنَا ۭ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ

لَمَّا	جَاۗءَتْنَا	رَبَّنَآ	اَفْرِغْ	عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّتَوَفَّنَا	مُسْلِمِيْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ
جب	وہ ہمارے پاس آئیں	ہمارا رب	دہانے کھول دے	ہم پر	صبر	اور ہمیں موت دے	مسلمان (جمع)	اور بولے	سردار

جب وہ ہمارے پاس آگئیں، اے ہمارے رب! ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں موت دے (اس حال میں کہ ہم) مسلمان ہوں اور سردار بولے

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَ قَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَ يَذَرَكَ

مِنْ	قَوْمِ	فِرْعَوْنَ	اَتَذَرُ	مُوْسٰى	وَ قَوْمَهٗ	لِيُفْسِدُوْا	فِى	الْاَرْضِ	وَ يَذَرَكَ
سے (کے)	قوم	فرعون	کیا تو چھوڑ رہا ہے	موسیٰ	اور اس کی قوم	تاکہ وہ فساد کریں	میں	زمین	اور وہ چھوڑ دے تجھے

فرعون کی قوم کے، کیا تو موسیٰؑ اور اس کی قوم کو چھوڑ رہا ہے کہ وہ زمین میں فساد کریں اور وہ (موسیٰؑ) تجھے چھوڑ دے

وَ اٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَ نَسْتَحْىٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَ اِنَّا فَوْقَهُمْ

وَ اٰلِهَتَكَ	قَالَ	سَنُقَتِّلُ	اَبْنَآءَهُمْ	وَ نَسْتَحْىٖ	نِسَآءَهُمْ	وَ اِنَّا	فَوْقَهُمْ
اور تیرے معبود	اس نے کہا	ہم عنقریب قتل کروائیں گے	ان کے بیٹے	اور زندہ چھوڑ دیں گے	ان کی عورتیں (بیٹیاں)	اور ہم	اُن پر

اور تیرے معبودوں کو، اس نے کہا ہم عنقریب ان کے بیٹوں کو قتل کروالیں گے اور ان کی بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیں گے ، اور ہم اُن پر

قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَ اصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۫

قٰهِرُوْنَ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ	اسْتَعِيْنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ اصْبِرُوْا	اِنَّ	الْاَرْضَ	لِلّٰهِ
زور آور (جمع)	کہا	موسیٰؑ	اپنی قوم سے	تم مدد مانگو	اللہ سے	اور صبر کرو	بیشک	زمین	اللہ کی

زور آور ہیں۔ موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو، بیشک زمین اللہ کی ہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ

يُوْرِثُهَا	مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَ	الْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	قَالُوْا	اُوْذِيْنَا	مِنْ
وہ اسکا وارث بناتا ہے	جس	چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	اور	انجام کار	پرہیزگاروں کے لئے	وہ بولے	ہم اذیت دیئے گئے	سے

وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کا وارث بنا دیتا ہے، اور انجام کار پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ وہ بولے ہم اذیت دیئے گئے

قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ

قَبْلِ	اَنْ	تَاْتِيَنَا	وَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جِئْتَنَا	قَالَ	عَسٰى	رَبُّكُمْ	اَنْ	يُّهْلِكَ	عَدُوَّكُمْ
قبل کہ	کہ	آپ ہم میں آتے	اور	بعد	آپ آئے ہم میں	اس نے کہا	قریب ہے	تمہارا رب	کہ	ہلاک کرے	تمہارا دشمن

اس سے قبل کہ آپ ہم میں آتے، اور اس کے بعد کہ آپ ہم میں آئے، (موسیٰؑ نے) کہا قریب ہے تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے

وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَ لَقَدْ اَخَذْنَآ

وَ يَسْتَخْلِفَكُمْ	فِى	الْاَرْضِ	فَيَنْظُرَ	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ	وَ لَقَدْ	اَخَذْنَآ
اور تمہیں خلیفہ بنا دے	میں	زمین	پھر دیکھے گا	کیسے	تم کام کرتے ہو	اور البتہ	ہم نے پکڑا

اور تمہیں زمین میں خلیفہ (نائب) بنادے ، پھر دیکھے گا تم کیسے کام کرتے ہو۔ اور البتہ ہم نے پکڑا

ع ۱۵ ۳ ۵

اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ

اٰلَ فِرْعَوْنَ	بِالسِّنِيْنَ	وَ	نَقْصٍ	مِّنَ	الثَّمَرٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَذَّكَّرُوْنَ	فَاِذَا	جَآءَتْهُمُ
فرعون والے	قحطوں میں	اور	نقصان	سے (میں)	پھل (جمع)	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	پھر جب	آئی اُن کے پاس

فرعون والوں کو قحطوں میں، اور پھلوں کے نقصان میں، تاکہ وہ نصیحت پکڑیں - جب ان کے پاس آئی

الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ

الْحَسَنَةُ	قَالُوْا	لَنَا	هٰذِهٖ	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّطَّيَّرُوْا	بِمُوْسٰى	وَمَنْ + مَّعَهٗ
بھلائی	تو وہ کہنے لگے	ہمارے لئے	یہ	اور اگر	پہنچتی	کوئی برائی	بدشگونی لیتے	موسیٰ سے	اور جو اُن کے ساتھ (ساتھی)

بھلائی تو وہ کہنے لگے یہ ہمارے لئے ہے، اور کوئی برائی پہنچتی تو موسیٰؑ اور ان کے ساتھیوں سے بدشگونی (بدنصیبی) لیتے،

اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا

اَلَآ	اِنَّمَا	طٰٓئِرُهُمْ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَ	قَالُوْا	مَهْمَا
یاد رکھو	اس کے سوا نہیں	اُنکی بدنصیبی	پاس	اللہ	اور لیکن	ان کے اکثر	نہیں جانتے	اور	وہ کہنے لگے	جو کچھ

یاد رکھو! اس کے سوا نہیں کہ اُن کی بدنصیبی اللہ کے پاس ہے، لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے - اور وہ کہنے لگے جو کچھ

تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ

تَاْتِنَا بِهٖ	مِنْ اٰيَةٍ	لِّتَسْحَرَنَا	بِهَا	فَمَا	نَحْنُ	لَكَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمُ
ہم پر تو لائے گا	کیسی بھی نشانی	کہ ہم پر جادو کرے	اس سے	تو نہیں	ہم	تجھ پر	ایمان لانے والے	پھر ہم نے بھیجے	ان پر

تو ہم پر کیسی بھی نشانی لائے گا کہ اس سے ہم پر جادو کرے تو (بھی) ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں - پھر ہم نے اُن پر بھیجے

الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ فَاسْتَكْبَرُوْا

الطُّوْفَانَ	وَ	الْجَرَادَ	وَالْقُمَّلَ	وَالضَّفَادِعَ	وَالدَّمَ	اٰيٰتٍ	مُّفَصَّلٰتٍ	فَاسْتَكْبَرُوْا
طوفان	اور	ٹڈی	اور جوئیں۔ چیچڑی	اور مینڈک	اور خون	نشانیاں	جُدا جُدا	تو انہوں نے تکبّر کیا

طوفان، اور ٹڈی، اور جوئیں، اور مینڈک، اور خون، جُدا جُدا نشانیاں، تو اُنہوں نے تکبّر کیا،

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

وَكَانُوْا	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	وَلَمَّا	وَقَعَ	عَلَيْهِمُ	الرِّجْزُ	قَالُوْا	يٰمُوْسَى	ادْعُ	لَنَا
اور وہ تھے	ایک قوم (لوگ)	مجرم (جمع)	اور جب	واقع ہوا	ان پر	عذاب	کہنے لگے	اے موسیٰ	دُعا کر	ہمارے لئے

اور وہ مجرم قوم کے لوگ تھے - اور جب ان پر عذاب واقع ہوا تو کہنے لگے کہ اے موسیٰؑ تو ہمارے لئے دُعا کر

رَبُّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَ

رَبُّكَ	بِمَا	عَهِدَ	عِنْدَكَ	لَئِنْ	كَشَفْتَ	عَنَّا	الرِّجْزَ	لَنُؤْمِنَنَّ	لَكَ	وَ
اپنا رب	سبب۔جو	عہد	تیرے پاس	اگر	تو نے کھول دیا (اٹھا لیا)	ہم سے	عذاب	ہم ضرور ایمان لائیں گے	تجھ پر	اور

اپنے رب سے (اللہ کے) اس عہد کے سبب جو تیرے پاس ہے، اگر تُو نے ہم سے عذاب اُٹھا لیا تو ہم ضرور تجھ پر ایمان لے آئیں گے اور

لَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿۱۳۴﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰٓ أَجَلٍ

لَنُرْسِلَنَّ	مَعَكَ	بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الرِّجْزَ	إِلَىٰٓ أَجَلٍ
ہم ضرور بھیجدیں گے	تیرے ساتھ	بنی اسرائیل	پھر جب	ہم نے کھول دیا (اٹھا لیا)	ان سے	عذاب	ایک مدت تک

اور بنی اسرائیل کو تیرے ساتھ ضرور بھیجدیں گے ۔ پھر جب ہم نے اُن سے عذاب اُٹھا لیا ایک مدت تک

هُمْ بَٰلِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ﴿۱۳۵﴾ فَٱنتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ فِى ٱلْيَمِّ

هُمْ	بَٰلِغُوهُ	إِذَا	هُمْ	يَنكُثُونَ	فَٱنتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	فَأَغْرَقْنَٰهُمْ	فِى ٱلْيَمِّ
انہیں	اس تک پہنچنا تھا	اس وقت	وہ	(عہد) توڑ دیتے	پھر ہم نے انتقام لیا	اُن سے	پس انہیں غرق کر دیا	دریا میں

کہ انہیں پہنچنا تھا، اسی وقت وہ عہد توڑ دیتے ۔ پھر ہم نے اُن سے انتقام لیا، اور انہیں دریا میں غرق کر دیا،

بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا وَكَانُوا۟ عَنْهَا غَٰفِلِينَ ﴿۱۳۶﴾ وَأَوْرَثْنَا ٱلْقَوْمَ

بِأَنَّهُمْ	كَذَّبُوا۟	بِـَٔايَٰتِنَا	وَكَانُوا۟	عَنْهَا	غَٰفِلِينَ	وَأَوْرَثْنَا	ٱلْقَوْمَ
کیونکہ انہوں	جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور وہ تھے	اُن سے	غافل (جمع)	اور ہم نے وارث کیا	قوم

کیونکہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ اُن سے غافل تھے۔ اور ہم نے اس قوم کو وارث کر دیا

ٱلَّذِينَ كَانُوا۟ يُسْتَضْعَفُونَ مَشَٰرِقَ ٱلْأَرْضِ وَمَغَٰرِبَهَا ٱلَّتِى بَٰرَكْنَا

ٱلَّذِينَ	كَانُوا۟	يُسْتَضْعَفُونَ	مَشَٰرِقَ	ٱلْأَرْضِ	وَمَغَٰرِبَهَا	ٱلَّتِى	بَٰرَكْنَا
وہ جو	تھے	کمزور سمجھے جاتے	مشرق (جمع)	زمین	اور اس کے مغرب (جمع)	وہ جس	ہم نے برکت رکھی

جو (اس) زمین کے مشرق و مغرب میں کمزور سمجھے جاتے تھے، جس میں ہم نے برکت رکھی ہے، (سرزمین شام)

فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ ٱلْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ۛ بِمَا صَبَرُوا۟ ۖ

فِيهَا	وَتَمَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	ٱلْحُسْنَىٰ	عَلَىٰ	بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ	بِمَا	صَبَرُوا۟
اس میں	اور پورا ہو گیا	وعدہ	تیرا رب	اچھا	پر	بنی اسرائیل	بدلے میں	انہوں نے صبر کیا

اور بنی اسرائیل پر تیرے رب کا وعدہ پورا ہو گیا، اس کے بدلہ میں کہ اُنہوں نے صبر کیا،

وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَجٰوَزْنَا

وَدَمَّرْنَا	مَا	كَانَ يَصْنَعُ	فِرْعَوْنُ	وَقَوْمُهٗ	وَمَا	كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ	وَ	جٰوَزْنَا
اور ہم نے برباد کر دیا	جو	بناتے تھے (بنایا تھا)	فرعون	اور اس کی قوم	اور جو	وہ اونچا پھیلاتے تھے	اور	ہم نے پار اتارا

اور ہم نے برباد کر دیا جو فرعون اور اس کی قوم نے بنایا تھا اور جو وہ اونچا پھیلاتے تھے (ان کے بلند و بالا محلات) - اور ہم نے

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ

بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	الْبَحْرَ	فَاَتَوْا	عَلٰى	قَوْمٍ	يَّعْكُفُوْنَ	عَلٰٓى	اَصْنَامٍ	لَّهُمْ
بنی اسرائیل کو	بحر (قلزم)	پس وہ آئے	پر (پاس)	ایک قوم	جمے بیٹھے تھے	پر	صنم (جمع) بت	اپنے

بنی اسرائیل کو بحر (قلزم) کے پار اتارا، پس وہ ایک ایسی قوم کے پاس آئے جو اپنے بتوں (کی پوجا) پر جمے بیٹھے تھے

قَالُوْا يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

قَالُوْا	يٰمُوْسَى	اجْعَلْ	لَّنَآ	اِلٰهًا	كَمَا	لَهُمْ	اٰلِهَةٌ	قَالَ	اِنَّكُمْ	قَوْمٌ	تَجْهَلُوْنَ
وہ بولے	اے موسیٰؑ	بنا دے	ہمارے لئے	بت	جیسے	انکے لئے	معبود (جمع) بت	اس نے کہا	بیشک تم	تم لوگ	جہل کرتے ہو

وہ بولے اے موسیٰؑ! ہمارے لئے ایسے بت بنا دے جیسے ان کے ہیں (موسیٰؑ) نے کہا. بیشک تم لوگ جہل (نادانی) کرتے ہو۔

اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ

اِنَّ	هٰٓؤُلَاۗءِ	مُتَبَّرٌ	مَّا	هُمْ	فِيْهِ	وَبٰطِلٌ	مَّا	كَانُوْا + يَعْمَلُوْنَ	قَالَ	اَغَيْرَ اللّٰهِ
بیشک	یہ لوگ	تباہ ہونیوالی ہے	جو	وہ	اس میں	اور باطل	جو	وہ کر رہے ہیں	اس نے کہا	کیا اللہ کے سوا

بیشک یہ لوگ جس (بت پرستی) میں لگے ہوئے ہیں وہ تباہ ہونے والی ہے اور باطل ہے وہ جو یہ کر رہے ہیں - موسیٰؑ نے کیا اللہ کے سوا

اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اَبْغِيْكُمْ	اِلٰهًا	وَّهُوَ	فَضَّلَكُمْ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَاِذْ	اَنْجَيْنٰكُمْ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ
تلاش کروں تمہارے لئے	کوئی معبود	حالانکہ	اس	فضیلت دی تمہیں	پر	سارے جہان	اور جب	ہم نے تمہیں نجات دی	سے	فرعون والے

تمہارے لئے کوئی اور معبود تلاش کروں؟ حالانکہ اس نے تمہیں سارے جہان پر فضیلت دی۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تمہیں فرعون والوں سے نجات دی

يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَاۗءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ

يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْۗءَ	الْعَذَابِ	يُقَتِّلُوْنَ	اَبْنَاۗءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ	نِسَاۗءَكُمْ	وَ	فِيْ ذٰلِكُمْ
تمہیں تکلیف دیتے تھے	برا	عذاب	مار ڈالتے تھے	تمہارے بیٹے	اور جیتا چھوڑ دیتے تھے	تمہاری عورتیں (بیٹیاں)	اور	اس میں تمہارے لئے

وہ تمہیں برے عذاب سے تکلیف دیتے تھے، تمہارے بیٹوں کو مار ڈالتے اور تمہاری بیٹیوں کو جیتا چھوڑ دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے لئے

بَلٰٓؤٌا مِّنۡ رَّبِّكُمۡ عَظِيۡمٌ ﴿۱۴۱﴾ وَوٰعَدۡنَا مُوۡسٰى ثَلٰثِيۡنَ لَيۡلَةً وَّاَتۡمَمۡنٰهَا بِعَشۡرٍ

بَلٰٓؤٌا	مِّنۡ	رَّبِّكُمۡ	عَظِيۡمٌ	وَوٰعَدۡنَا	مُوۡسٰى	ثَلٰثِيۡنَ	لَيۡلَةً	وَّاَتۡمَمۡنٰهَا	بِعَشۡرٍ
آزمائش	سے	تمہارا رب	بڑا۔بڑی	اور ہم نے وعدہ کیا	موسیٰ ؑ	تیس ۳۰	رات	اور اس کو ہم نے پورا کیا	دس سے

تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ اور ہم نے موسیٰ ؑ سے وعدہ کیا تیس ۳۰ رات کا اور اس کو دس ۱۰ (اور بڑھا کر) پورا کیا

فَتَمَّ مِيۡقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرۡبَعِيۡنَ لَيۡلَةً ۚ وَقَالَ مُوۡسٰى لِاَخِيۡهِ هٰرُوۡنَ اخۡلُفۡنِىۡ

فَتَمَّ	مِيۡقَاتُ	رَبِّهٖۤ	اَرۡبَعِيۡنَ	لَيۡلَةً	وَقَالَ	مُوۡسٰى	لِاَخِيۡهِ	هٰرُوۡنَ	اخۡلُفۡنِىۡ
تو پوری ہوئی	مدت	اس کا رب	چالیس ۴۰	رات	اور کہا	موسےٰ	اپنے بھائی سے	ہارون ؑ	میرا خلیفہ (نائب) رہ

تو اس کے رب کی مدت چالیس ۴۰ رات پوری ہوئی ، اور موسیٰ ؑ نے اپنے بھائی ہارون ؑ سے کہا میرے نائب رہو

فِىۡ قَوۡمِىۡ وَاَصۡلِحۡ وَلَا تَتَّبِعۡ سَبِيۡلَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوۡسٰى

فِىۡ قَوۡمِىۡ	وَاَصۡلِحۡ	وَلَا تَتَّبِعۡ	سَبِيۡلَ	الۡمُفۡسِدِيۡنَ	وَلَمَّا	جَآءَ مُوۡسٰى
میری قوم میں	اور اصلاح کرنا	اور نہ پیروی کرنا	راستہ	مفسد (جمع)	اور جب	آیا موسیٰ ؑ

میری قوم میں ، اور اصلاح کرنا ، اور مفسدوں کے راستہ کی پیروی نہ کرنا ۔ اور جب موسےٰ ؑ آئے

لِمِيۡقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِىۡۤ اَنۡظُرۡ اِلَيۡكَ ؕ قَالَ لَنۡ تَرٰٮنِىۡ وَلٰكِنِ

لِمِيۡقَاتِنَا	وَكَلَّمَهٗ	رَبُّهٗ	قَالَ	رَبِّ	اَرِنِىۡۤ	اَنۡظُرۡ	اِلَيۡكَ	قَالَ	لَنۡ تَرٰٮنِىۡ	وَلٰكِنِ
ہماری وعدہ گاہ پر	اور اس نے کلام کیا	اپنا رب	اس نے کہا	اے میرے رب	مجھے دکھا	میں دیکھوں	تیری طرف (تجھے)	اس نے کہا	تو مجھے ہرگز نہ دیکھے گا	اور لیکن (البتہ)

ہماری وعدہ گاہ پر، اور اپنے رب سے کلام کیا، موسیٰ ؑ نے کہا اے میرے رب! مجھے دکھا کہ میں تجھے دیکھوں، اللہ نے کہا تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا ، البتہ

اُنۡظُرۡ اِلَى الۡجَبَلِ فَاِنِ اسۡتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوۡفَ تَرٰٮنِىۡ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ

اُنۡظُرۡ	اِلَى	الۡجَبَلِ	فَاِنِ	اسۡتَقَرَّ	مَكَانَهٗ	فَسَوۡفَ	تَرٰٮنِىۡ	فَلَمَّا	تَجَلّٰى	رَبُّهٗ
تو دیکھ	طرف	پہاڑ	پس اگر	وہ ٹھہرا رہا	اپنی جگہ	تو تبھی	تو مجھے دیکھے گا	پس جب	تجلّی کی	اس کا رب

پہاڑ کی طرف دیکھ، پس اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو تبھی مجھے دیکھ لے گا ، پس جب اس کے رب نے تجلّی کی

لِلۡجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوۡسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّاۤ اَفَاقَ قَالَ سُبۡحٰنَكَ تُبۡتُ

لِلۡجَبَلِ	جَعَلَهٗ	دَكًّا	وَّخَرَّ	مُوۡسٰى	صَعِقًا	فَلَمَّاۤ	اَفَاقَ	قَالَ	سُبۡحٰنَكَ	تُبۡتُ
پہاڑ کی طرف	اس کو کر دیا	ریزہ ریزہ	اور گرا	موسیٰ ؑ	بیہوش	پھر جب	ہوش آیا	اس نے کہا	تو پاک ہے	میں نے توبہ کی

پہاڑ کی طرف (تو) اس کو ریزہ ریزہ کر دیا، اور موسیٰ ؑ بیہوش ہو کر گر پڑے ، پھر جب ہوش آیا تو اس نے کہا، تو پاک ہے، میں نے توبہ کی

اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ

اِلَيْكَ	وَاَنَا	اَوَّلُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	قَالَ	يٰمُوْسٰى	اِنِّى	اصْطَفَيْتُكَ	عَلَى	النَّاسِ
تیری طرف	اور میں	سب سے پہلا	ایمان لانے والے	کہا	اے موسیٰ	بیشک میں	میں نے تجھے چن لیا	پر	لوگ

تیری طرف اور میں ایمان لانے والوں میں سب سے پہلا ہوں۔ اللہ نے کہا اے موسیٰ! بیشک میں نے تجھے لوگوں پر چن لیا

بِرِسٰلٰتِىْ وَبِكَلَامِىْ ۖ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى

بِرِسٰلٰتِىْ	وَبِكَلَامِىْ	فَخُذْ	مَآ اٰتَيْتُكَ	وَكُنْ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ	وَكَتَبْنَا	لَهٗ	فِى
اپنے پیغام (جمع)	اور اپنے کلام سے	پس پکڑ لے	جو میں نے تجھے دیا	اور رہو	سے	شکر گزار (جمع)	اور ہم نے لکھ دی	اسکے لئے	میں

اپنے پیغاموں اور اپنے کلام سے پس جو میں نے تجھے دیا ہے (قوت سے) پکڑ لے اور شکر گزاروں میں سے رہو۔ اور ہم نے اس کے لئے لکھ دی

الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ

الْاَلْوَاحِ	مِنْ	كُلِّ شَىْءٍ	مَّوْعِظَةً	وَّ	تَفْصِيْلًا	لِّكُلِّ شَىْءٍ	فَخُذْهَا	بِقُوَّةٍ	وَاْمُرْ
تختیاں	سے	ہر چیز	نصیحت	اور	تفصیل	ہر چیز کی	پس تو اسے پکڑ لے	قوت سے	اور حکم دے

تختیوں میں ہر چیز کی نصیحت، ہر چیز کی تفصیل، پس تو اسے قوت سے پکڑ لے، اور حکم دے

قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ۭ سَاُوْرِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ سَاَصْرِفُ

قَوْمَكَ	يَاْخُذُوْا	بِاَحْسَنِهَا	سَاُوْرِيْكُمْ	دَارَ الْفٰسِقِيْنَ	سَاَصْرِفُ
اپنی قوم	وہ پکڑیں (اختیار کریں)	اس کی اچھی باتیں	عنقریب میں تمہیں دکھاؤں گا	نافرمانوں کا گھر	میں عنقریب پھیر دوں گا

اپنی قوم کو کہ وہ اس کی اچھی باتیں اختیار کریں، عنقریب میں تجھے نافرمانوں کا گھر (انجام) دکھاؤں گا۔ میں عنقریب پھیر دوں گا

عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ

عَنْ	اٰيٰتِىَ	الَّذِيْنَ	يَتَكَبَّرُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَاِنْ	يَّرَوْا	كُلَّ اٰيَةٍ
سے	اپنی آیات	وہ لوگ جو	تکبر کرتے ہیں	زمین میں	ناحق	اور اگر	وہ دیکھ لیں	ہر نشانی

ان لوگوں کو اپنی آیتوں سے جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں، اور اگر وہ ہر نشانی دیکھ لیں (پھر بھی)

لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا

لَا يُؤْمِنُوْا	بِهَا	وَاِنْ	يَّرَوْا	سَبِيْلَ	الرُّشْدِ	لَا يَتَّخِذُوْهُ	سَبِيْلًا	وَاِنْ	يَّرَوْا
نہ ایمان لائیں	اس پر	اور اگر	دیکھ لیں	راستہ	ہدایت	نہ پکڑیں (اختیار کریں)	راستہ	اور اگر	دیکھ لیں

اس پر ایمان نہ لائیں، اور اگر ہدایت کا راستہ دیکھ لیں تو بھی اس راستہ کو اختیار نہ کریں اور اگر دیکھ لیں

سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا

سَبِيْلَ	الْغَيِّ	يَتَّخِذُوْهُ	سَبِيْلًا	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَكَانُوْا	عَنْهَا
راستہ	گمراہی	اختیار کرلیں اسے	راستہ	یہ	اس لئے کہ انہوں نے	جھٹلایا	ہماری آیات	اور تھے	اس سے

گمراہی کا راستہ تو اختیار کرلیں، یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا، اور وہ اس سے

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ

غٰفِلِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَلِقَآءِ	الْاٰخِرَةِ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ
غافل (جمع)	اور	جو لوگ	جھٹلایا	ہماری آیات کو	اور ملاقات	آخرت	ضائع ہوگئے	ان کے عمل

غافل تھے - اور جن لوگوں نے جھٹلایا ہماری آیات کو اور آخرت کی ملاقات کو، ان کے عمل ضائع ہو گئے،

۱۷ ع ۶ ۷

هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ

هَلْ	يُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَاتَّخَذَ	قَوْمُ	مُوْسٰى	مِنْۢ بَعْدِهٖ
کیا	وہ بدلہ پائیں گے	مگر	جو	وہ کرتے تھے	اور بنایا	قوم	موسیٰ	اس کے بعد

وہ کیا بدلہ پائیں گے مگر (وہی) جو وہ کرتے تھے - اور موسیٰؑ کی قوم نے اس کے بعد بنایا

مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ

مِنْ	حُلِيِّهِمْ	عِجْلًا	جَسَدًا	لَّهٗ	خُوَارٌ	اَلَمْ يَرَوْا	اَنَّهٗ	لَا يُكَلِّمُهُمْ	وَلَا يَهْدِيْهِمْ
سے	اپنے زیور	ایک بچھڑا	ایک دھڑ	اس میں	گائے کی آواز	کیا نہ دیکھا انہوں نے	کہ وہ	نہیں کلام کرتا ان سے	اور نہیں دکھاتا انہیں

اپنے زیور سے ایک بچھڑا (محض) ایک دھڑ جس میں گائے کی آواز تھی، کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ نہ وہ اُن سے کلام کرتا ہے نہ انہیں دکھاتا ہے

وقف لازم

سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا

سَبِيْلًا	اِتَّخَذُوْهُ	وَ	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ	وَ	لَمَّا	سُقِطَ + فِيْٓ + اَيْدِيْهِمْ	وَرَاَوْا
راستہ	انہوں نے بنالیا	اور	وہ ظالم تھے	اور جب		گرے اپنے ہاتھوں میں (نادم ہوئے)	اور دیکھا انہوں نے

راستہ؛ اُنہوں نے اسے (معبود) بنالیا، اور وہ ظالم تھے - اور جب وہ نادم ہوئے اور انہوں نے دیکھا

اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

اَنَّهُمْ	قَدْ ضَلُّوْا	قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ يَرْحَمْنَا	رَبُّنَا	وَيَغْفِرْ لَنَا	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ
کہ وہ	تحقیق گمراہ ہوگئے	وہ کہنے لگے	اگر	رحم نہ کیا ہم پر	ہمارا رب	اور (نہ) بخش دیا	ضرور ہوجائیں گے ہم	سے

کہ وہ گمراہ ہوگئے تو کہنے لگے اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ کیا اور ہمیں نہ بخش دیا تو ہم ضرور ہو جائیں گے

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا

الْخٰسِرِيْنَ	وَلَمَّا	رَجَعَ	مُوْسٰى	اِلٰى قَوْمِهٖ	غَضْبَانَ	اَسِفًا	قَالَ	بِئْسَمَا
خسارہ پانے والے	اور جب	لوٹا	موسیٰؑ	اپنی قوم کی طرف	غصہ میں بھرا ہوا	رنجیدہ	اس نے کہا	کیا بُری

خسارہ پانے والوں میں سے۔ اور جب موسیٰؑ لوٹا اپنی قوم کی طرف غصہ میں بھرا ہوا ، رنجیدہ ، اس نے کہا کس قدر بُری

خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ

خَلَفْتُمُوْنِيْ	مِنْۢ بَعْدِيْ	اَعَجِلْتُمْ	اَمْرَ	رَبِّكُمْ	وَاَلْقَى	الْاَلْوَاحَ	وَاَخَذَ	بِرَاْسِ
تم نے میری جانشینی کی	میرے بعد	کیا جلدی کی تم نے	حکم	اپنا پروردگار	ڈالدیں	تختیاں	اور پکڑا	سر

میری جانشینی کی تم نے میرے بعد! کیا تم نے اپنے پروردگار کے حکم سے جلدی کی؟ اور اُس (موسیٰؑ) نے تختیاں ڈال دیں اور سر (بالوں سے) پکڑا

اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ۭ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا

اَخِيْهِ	يَجُرُّهٗ	اِلَيْهِ	قَالَ	ابْنَ اُمَّ	اِنَّ	الْقَوْمَ	اسْتَضْعَفُوْنِيْ	وَكَادُوْا
اپنا بھائی	اسے کھینچنے لگا	اپنی طرف	وہ بولا	اے میرے ماں جائے	بیشک	قوم (لوگ)	کمزور سمجھا مجھے	اور قریب تھے

اپنے بھائی کا، اور اسے اپنی طرف کھینچنے لگا، وہ (ہارونؑ) بولا، اے میرے ماں جائے! لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا، اور قریب تھے کہ

يَقْتُلُوْنَنِيْ ۡ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَاۗءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾

يَقْتُلُوْنَنِيْ	فَلَا تُشْمِتْ	بِيَ	الْاَعْدَاۗءَ	وَلَا تَجْعَلْنِيْ	مَعَ	الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ
مجھے قتل کر ڈالیں	پس خوش نہ کر	مجھ پر	دشمن (جمع)	اور مجھے نہ بنا (شامل نہ کر)	ساتھ	قوم (لوگ)	ظالم (جمع)

مجھے قتل کر ڈالیں ، پس مجھ پر دشمنوں کو خوش نہ کر ، اور مجھے ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کر۔ ع

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۡ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

قَالَ	رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ	وَلِاَخِيْ	وَاَدْخِلْنَا	فِيْ رَحْمَتِكَ	وَاَنْتَ	اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ
اس نے کہا	اے میرے رب	مجھے بخشدے	اور میرا بھائی	اور ہمیں داخل کر	اپنی رحمت میں	اور تو	سب سے زیادہ رحم کرنے والا

اس نے (موسیٰؑ نے) کہا، اے میرے رب! مجھے اور میرے بھائی کو بخشدے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر، اور تُو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي

اِنَّ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ	سَيَنَالُهُمْ	غَضَبٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَذِلَّةٌ	فِي
بیشک	وہ لوگ جو	انہوں نے بنا لیا	بچھڑا	عنقریب انہیں پہنچے گا	غضب	ان کے رب کا	اور ذلت	میں

بے شک جن لوگوں نے بچھڑے کو (معبود) بنا لیا، عنقریب اُنہیں ان کے رب کا غضب پہنچے گا ، اور ذلت

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ

الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُفْتَرِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	عَمِلُوا	السَّيِّاٰتِ
زندگی	دنیا	اور اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	بُہتان باندھنے والے	اور جن لوگوں نے	عمل کئے	بُرے

دنیا کی زندگی میں، اور اسی طرح ہم بہتان باندھنے والوں کو سزا دیتے ہیں۔ اور جن لوگوں نے بُرے عمل کئے

ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْۤا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَ

ثُمَّ	تَابُوْا	مِنْۢ بَعْدِهَا	وَاٰمَنُوْۤا	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْۢ بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ
پھر	توبہ کی	اس کے بعد	اور ایمان لائے	بیشک	تمہارا رب	اس کے بعد	بخشنے والا	مہربان	اور

پھر اس کے بعد توبہ کی اور وہ ایمان لے آئے، بیشک تمہارا رب اس (توبہ) کے بعد بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور

لَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ

لَمَّا	سَكَتَ	عَنْ	مُّوْسَى	الْغَضَبُ	اَخَذَ	الْاَلْوَاحَ	وَ	فِيْ نُسْخَتِهَا	هُدًى	وَّرَحْمَةٌ
جب	ٹھہرا (فرو ہوا)	سے۔کا	موسیٰؑ	غصہ	لیا۔اٹھالیا	تختیاں	اور	ان کی تحریر میں	ہدایت	اور رحمت

جب موسیٰؑ کا غصہ فرو ہوا، اس نے تختیوں کو اُٹھالیا، اور اُن کی تحریر میں ہدایت اور رحمت ہے

لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا

لِلَّذِيْنَ	هُمْ	لِرَبِّهِمْ	يَرْهَبُوْنَ	وَاخْتَارَ	مُوْسٰى	قَوْمَهٗ	سَبْعِيْنَ	رَجُلًا	لِّمِيْقَاتِنَا
ان لوگوں کے لئے جو	وہ	اپنے رب سے	ڈرتے ہیں	اور چُن لئے	موسےٰ	اپنی قوم	ستر (۷۰)	مرد	ہمارے وعدہ کے وقت کے لئے

ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔ اور موسیٰؑ نے اپنی قوم سے ہمارے وعدہ کے لئے ستر آدمی چُن لئے،

فَلَمَّاۤ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ؕ

فَلَمَّاۤ	اَخَذَتْهُمُ	الرَّجْفَةُ	قَالَ	رَبِّ	لَوْ شِئْتَ	اَهْلَكْتَهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَاِيَّايَ
پھر جب	انہیں پکڑا (آلیا)	زلزلہ	اس نے کہا	اے میرے رب	اگر تو چاہتا	انہیں ہلاک کر دیتا	اس سے پہلے	اور مجھے

پھر جب انہیں زلزلہ نے آلیا، اس نے کہا اے میرے رب! تو اگر چاہتا تو اس سے پہلے اُنہیں اور مجھے ہلاک کر دیتا

اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ؕ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ

اَتُهْلِكُنَا	بِمَا	فَعَلَ	السُّفَهَآءُ	مِنَّا	اِنْ هِيَ	اِلَّا	فِتْنَتُكَ	تُضِلُّ	بِهَا	مَنْ تَشَآءُ
کیا تو ہمیں ہلاک کریگا	اس پر جو	کیا	بیوقوف (جمع)	ہم میں سے	یہ نہیں	مگر	تیری آزمائش	تُو گمراہ کرے	اس سے	جس تو چاہے

کیا تو ہمیں اس پر ہلاک کر دے گا جو ہم میں سے بیوقوفوں نے کیا! یہ نہیں مگر (صرف) تیری آزمائش ہے، تو اس سے جس کو چاہے گمراہ کرے

وَتَهْدِیْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ وَلِیُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الْغٰفِرِیْنَ ﴿۱۵۵﴾

وَتَهْدِیْ	مَنْ	تَشَآءُ	اَنْتَ	وَلِیُّنَا	فَاغْفِرْ لَنَا	وَارْحَمْنَا	وَاَنْتَ	خَیْرُ	الْغٰفِرِیْنَ
اور تو ہدایت دے	جو جس	تو چاہے	تو	ہمارا کارساز	سو ہمیں بخشدے	اور ہم پر رحم فرما	اور تو	بہترین	بخشنے والا

اور تو جس کو چاہے ہدایت دے، تو ہمارا کارساز ہے، سو ہمیں بخشدے اور ہم پر رحم فرما اور تو بہترین بخشنے والا ہے۔

وَاكْتُبْ لَنَا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَاۤ اِلَیْكَ ؕ قَالَ

وَاكْتُبْ	لَنَا	فِیْ	هٰذِهِ	الدُّنْیَا	حَسَنَةً	وَ	فِی الْاٰخِرَةِ	اِنَّا	هُدْنَا	اِلَیْكَ	قَالَ
اور لکھدے	ہمارے لئے	میں	اس	دنیا	بھلائی	اور	آخرت میں	بیشک ہم	ہم نے رجوع کیا	تیری طرف	اس نے فرمایا

اور ہمارے لئے اس دنیا میں اور آخرت میں بھلائی لکھ دے ء بے شک ہم نے تیری طرف رجوع کیا ، اس نے فرمایا

عَذَابِیْۤ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ

عَذَابِیْۤ	اُصِیْبُ	بِهٖ	مَنْ	اَشَآءُ	وَرَحْمَتِیْ	وَسِعَتْ	كُلَّ شَیْءٍ	فَسَاَكْتُبُهَا	لِلَّذِیْنَ
اپنا عذاب	میں پہنچاتا ہوں (دوں)	اس کو	جس	میں چاہوں	اور میری رحمت	وسیع ہے	ہر شے	سو میں عنقریب لکھ دوں گا	ان کے لئے جو

میں اپنا عذاب جس کو چاہوں دوں، اور میری رحمت ہر شے پر وسیع ہے، سو میں وہ عنقریب لکھ دوں گا اُن کے لئے جو

یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ

یَتَّقُوْنَ	وَیُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَالَّذِیْنَ	هُمْ	بِاٰیٰتِنَا	یُؤْمِنُوْنَ	اَلَّذِیْنَ	یَتَّبِعُوْنَ
ڈرتے ہیں	اور دیتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ جو	وہ	ہماری آیات پر	ایمان رکھتے ہیں	وہ لوگ جو	پیروی کرتے ہیں

ڈرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں ۔ وہ لوگ جو پیروی کرتے ہیں

الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَ

الرَّسُوْلَ	النَّبِیَّ	الْاُمِّیَّ	الَّذِیْ	یَجِدُوْنَهٗ	مَكْتُوْبًا	عِنْدَهُمْ	فِی	التَّوْرٰىةِ	وَ
رسول	نبی	امّی	وہ جو جس	اسے پاتے ہیں	لکھا ہوا	اپنے پاس	میں	توریت	اور

(ہمارے) رسول (محمدؐ) نبی، اُمّی کی، جسے وہ لکھا ہوا پاتے ہیں اپنے پاس توریت میں اور

الْاِنْجِیْلِ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبٰتِ

الْاِنْجِیْلِ	یَاْمُرُهُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَیَنْهٰىهُمْ	عَنِ	الْمُنْكَرِ	وَیُحِلُّ	لَهُمُ	الطَّیِّبٰتِ
انجیل	وہ حکم دیتا ہے انہیں	بھلائی	اور روکتا ہے انہیں	سے	برائی	اور حلال کرتا ہے	ان کے لئے	پاکیزہ چیزیں

انجیل میں، وہ انہیں حکم دیتا ہے بھلائی کا، اور انہیں روکتا ہے برائی سے ، اور ان کے لئے حلال کرتا ہے پاکیزہ چیزیں،

وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ

وَيُحَرِّمُ	عَلَيْهِمُ	الْخَبٰٓئِثَ	وَيَضَعُ	عَنْهُمْ	اِصْرَهُمْ	وَالْاَغْلٰلَ	الَّتِيْ	كَانَتْ	عَلَيْهِمْ
اور حرام کرتا ہے	ان پر	ناپاک چیزیں	اور اُتارتا ہے	ان سے	ان کے بوجھ	اور طوق	جو	تھے	ان پر

اور ان پر حرام کرتا ہے ناپاک چیزیں، اور اُتارتا ہے اُن (کے سروں) سے بوجھ اور (ان کی گردنوں سے) طوق جو اُن پر تھے،

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ

فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا بِهٖ	وَعَزَّرُوْهُ	وَنَصَرُوْهُ	وَاتَّبَعُوا	النُّوْرَ	الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	مَعَهٗٓ	اُولٰٓئِكَ
پس جو لوگ	ایمان لائے اس پر	اور اسکی رفاقت (حمایت) کی	اور اس کی مدد کی	اور پیروی کی	نور	جو	اُتارا گیا	اسکے ساتھ	وہی لوگ

پس جو لوگ اس پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کی حمایت کی، اور اسکی مدد کی، اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ اُتارا گیا ہے،

۱۹ ع ۶ ۹

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ِۨالَّذِيْ لَهٗ

هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	اِنِّيْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	جَمِيْعَا	ِۨالَّذِيْ	لَهٗ
وہ	فلاح پانے والے	کہدیں	اے	لوگو	بیشک میں	رسول	اللہ	تمہاری طرف	سب	وہ جو	اس کی

وہی فلاح پانے والے ہیں۔ آپ کہدیں، اے لوگو! بیشک میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں، وہ جس کی

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهِ
بادشاہت	آسمان (جمع)	اور زمین	نہیں	معبود	مگر	وہ	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	سو تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اُس کا رسول

بادشاہت ہے آسمانوں پر، اور زمین میں، اسکے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، سو تم ایمان لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَ

النَّبِيِّ	الْاُمِّيِّ	الَّذِيْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَكَلِمٰتِهٖ	وَاتَّبِعُوْهُ	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَ
نبی	اُمّی	وہ جو	ایمان رکھتا ہے	اللہ پر	اور اسکے سب کلام	اور اس کی پیروی کرو	تاکہ تم	ہدایت پاؤ	اور

نبی اُمّی (محمدؐ) پر، وہ جو ایمان رکھتا ہے اللہ پر اور اس کے سب کلاموں پر، اور اسکی پیروی کرو تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور

مِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ

مِنْ	قَوْمِ مُوْسٰٓى	اُمَّةٌ	يَّهْدُوْنَ	بِالْحَقِّ	وَبِهٖ	يَعْدِلُوْنَ	وَقَطَّعْنٰهُمُ	اثْنَتَيْ
سے (میں)	قوم موسیٰ	ایک گروہ	ہدایت دیتا ہے	حق کی	اور اسکے مطابق	انصاف کرتے ہیں	اور ہم نے جُدا کر دیا انہیں	دو

موسیٰؑ کی قوم میں ایک گروہ ہے جو حق کی ہدایت دیتا ہے اور وہ اسی کے مطابق انصاف کرتے ہیں۔ اور ہم نے انہیں جُدا کر دیا (تقسیم کر دیا)

عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ

عَشْرَةَ	اَسْبَاطًا	اُمَمًا	وَاَوْحَيْنَا	اِلٰى	مُوْسٰى	اِذِ	اسْتَسْقٰىهُ	قَوْمُهٗ	اَنِ	اضْرِبْ
دس (بارہ)	باپ دادا کی اولاد (قبیلے)	گروہ گروہ	اور وحی بھیجی ہم نے	طرف	موسیٰ	جب	اس سے پانی مانگا	اس کی قوم	کہ	مارو

بارہ قبیلے گروہ گروہ (کی صورت میں) اور جب اس کی قوم نے اس سے پانی مانگا، ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ مارو

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

بِعَصَاكَ	الْحَجَرَ	فَانْۢبَجَسَتْ	مِنْهُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا	قَدْ عَلِمَ	كُلُّ	اُنَاسٍ
اپنی لاٹھی	پتھر	تو پھوٹ نکلے	اس سے	بارہ	چشمے	جان لیا (پہچان لیا)	ہر	شخص

اپنی لاٹھی اس پتھر پر، تو اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، ہر شخص نے پہچان لیا

مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا

مَشْرَبَهُمْ	وَظَلَّلْنَا	عَلَيْهِمُ	الْغَمَامَ	وَاَنْزَلْنَا	عَلَيْهِمُ	الْمَنَّ	وَالسَّلْوٰى	كُلُوْا
اپنا گھاٹ	اور ہم نے سایہ کیا	اُن پر	ابر	اور ہم نے اتارا	ان پر	مَن	اور سلوٰی	تم کھاؤ

اپنا گھاٹ، اور ہم نے اُن پر ابر کا سایہ کیا، اور ان پر مَن (ایک قسم کا گوند) اور سَلوٰی (بٹیر جیسا پرندہ) اتارا تم کھاؤ

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَ

مِنْ	طَيِّبٰتِ	مَا رَزَقْنٰكُمْ	وَ	مَا ظَلَمُوْنَا	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ
سے	پاکیزہ	جو ہم نے تمہیں دیں	اور	ہمارا کچھ نہ بگاڑا انہوں نے	اور لیکن	وہ تھے	اپنی جانوں پر	ظلم کرتے	اور

پاکیزہ چیزوں میں سے جو ہم نے تمہیں دیں اور اُنہوں نے ہمارا کچھ نہ بگاڑا، لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ اور

اِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ

اِذْ	قِيْلَ	لَهُمُ	اسْكُنُوْا	هٰذِهِ	الْقَرْيَةَ	وَكُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	وَقُوْلُوْا	حِطَّةٌ
جب	کہا گیا	ان سے	تم رہو	اس	شہر	اور کھاؤ	اس سے	جیسے	تم چاہو	اور کہو	حطۃ (بخشدے)

جب اُن سے کہا گیا تم اس شہر میں رہو، اور اس سے کھاؤ جیسے تم چاہو اور "حِطَّةٌ" (بخشدے) کہو

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ

وَادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	نَغْفِرْ	لَكُمْ	خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ	سَنَزِيْدُ	الْمُحْسِنِيْنَ	فَبَدَّلَ
اور داخل ہو	دروازہ	سجدہ کرتے ہوئے	ہم بخشدیں گے	تمہیں	تمہاری خطائیں	عنقریب ہم زیادہ دیں گے	نیکی کرنے والے	پس بدل ڈالا

اور دروازہ (میں) سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو، ہم تمہیں تمہاری خطائیں بخشدیں گے، ہم عنقریب نیکی کرنے والوں کو زیادہ دیں گے۔ پس بدل ڈالا

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ

الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	قَوْلًا	غَيْرَ	الَّذِيْ	قِيْلَ	لَهُمْ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِجْزًا	مِّنَ
وہ جنہوں نے	ظلم کیا (ظالم)	ان سے	لفظ	سوا	وہ جو	کہا گیا	انہیں	سو ہم نے بھیجا	ان پر	عذاب	سے

ان میں سے ظالموں نے اس کے سوا لفظ جو انہیں کہا گیا تھا ، سو ہم نے ان پر عذاب بھیجا

السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ

السَّمَآءِ	بِمَا	كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ	وَسْـَٔلْهُمْ	عَنِ	الْقَرْيَةِ	الَّتِيْ	كَانَتْ	حَاضِرَةَ
آسمان	کیونکہ	وہ ظلم کرتے تھے	اور پوچھو اُن سے	سے (متعلق)	بستی	وہ جو کہ	تھی	سامنے (کنارے)

آسمان سے کیونکہ وہ ظلم کرتے تھے۔ اور اُن سے اُس بستی کے متعلق پوچھو جو دریا کے کنارے پر تھی

الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا

الْبَحْرِ	اِذْ	يَعْدُوْنَ	فِي السَّبْتِ	اِذْ	تَاْتِيْهِمْ	حِيْتَانُهُمْ	يَوْمَ	سَبْتِهِمْ	شُرَّعًا
دریا	جب	حد سے بڑھنے لگے	ہفتہ میں	جب	انکے سامنے آجاتیں	مچھلیاں اُن کی	دن	انکا سبت	کھلم کھلا (سامنے)

جب وہ "سبت" (ہفتہ) کے (حکم) کے بارہ میں حد سے بڑھنے لگے، اُنکے سبت (ہفتہ) کے دن مچھلیاں ان کے سامنے آجاتیں

وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۛ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ وَاِذْ

وَيَوْمَ	لَا يَسْبِتُوْنَ	لَا تَاْتِيْهِمْ	كَذٰلِكَ	نَبْلُوْهُمْ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	وَاِذْ
اور جس دن	سبت نہ ہوتا	وہ نہ آتی تھیں	اسی طرح	ہم انہیں آزماتے تھے	کیونکہ	وہ نافرمانی کرتے تھے	اور جب

اور جس دن "سبت" نہ ہوتا نہ آتیں ، اسی طرح ہم انہیں آزماتے کیونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔ اور جب

قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ

قَالَتْ	اُمَّةٌ	مِّنْهُمْ	لِمَ تَعِظُوْنَ	قَوْمًا	اللّٰهُ	مُهْلِكُهُمْ	اَوْ	مُعَذِّبُهُمْ
کہا	ایک گروہ	ان میں سے	کیوں نصیحت کرتے ہو	ایسی قوم	اللہ	انہیں ہلاک کرنیوالا	یا	انہیں عذاب دینے والا

ان میں سے ایک گروہ نے کہا تم ایسی قوم کو کیوں نصیحت کرتے ہو؟ جسے اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا عذاب دینے والا ہے

عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا

عَذَابًا	شَدِيْدًا	قَالُوْا	مَعْذِرَةً	اِلٰى	رَبِّكُمْ	وَلَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	فَلَمَّا	نَسُوْا
عذاب	سخت	وہ بولے	معذرت	طرف	تمہارا رب	اور شاید کہ وہ	ڈریں	پھر جب	وہ بھول گئے

سخت عذاب، وہ بولے تمہارے رب کے (الزام آنے) کے لئے اور (اس امید پر) کہ شاید وہ ڈریں۔ پھر جب وہ بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

مَا	ذُكِّرُوْا بِهٖٓ	اَنْجَيْنَا	الَّذِيْنَ	يَنْهَوْنَ	عَنِ السُّوْٓءِ	وَاَخَذْنَا	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا
جو	انہیں سمجھائی گئی تھی	ہم نے بچا لیا	وہ جو کہ	منع کرتے تھے	برائی سے	اور ہم نے پکڑ لیا	وہ لوگ جنہوں نے	ظلم کیا

جو انہیں سمجھائی گئی تھی ، جو برائی سے روکتے تھے ہم نے انہیں بچا لیا، اور جن لوگوں نے ظلم کیا ہم نے انہیں پکڑ لیا

بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا

بِعَذَابٍ	بَئِيْسٍ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	فَلَمَّا	عَتَوْا	عَنْ	مَا نُهُوْا	عَنْهُ	قُلْنَا
عذاب میں	برا	کیونکہ	نافرمانی کرتے تھے	پھر جب	سرکشی کرنے لگے	سے	جس سے منع کئے گئے تھے	اس سے	ہم نے حکم دیا

برے عذاب میں، کیونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے - پھر جب وہ اس سے سرکشی کرنے لگے جس سے منع کئے گئے تھے تو ہم نے حکم دیا

لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى

لَهُمْ	كُوْنُوْا	قِرَدَةً	خٰسِئِيْنَ	وَاِذْ	تَاَذَّنَ	رَبُّكَ	لَيَبْعَثَنَّ	عَلَيْهِمْ	اِلٰى
ان کو	ہو جاؤ	بندر	ذلیل و خوار	اور جب	خبردی	تمہارا رب	البتہ ضرور بھیجتا رہے گا	ان پر	تک

اُن کو ذلیل و خوار بندر ہو جاؤ - اور جب تمہارے رب نے خبر دی کہ البتہ وہ اِن (یہود) پر ضرور بھیجتا رہے گا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	يَّسُوْمُهُمْ	سُوْٓءَ الْعَذَابِ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ	وَاِنَّهٗ
روزِ قیامت	جو	تکلیف دے انہیں	برا عذاب	بیشک	تمہارا رب	جلد عذاب دینے والا	اور بیشک وہ

روزِ قیامت تک (ایسے افراد) جو انہیں برے عذاب سے تکلیف دیں، بیشک تمہارا رب جلد عذاب دینے والا ہے، اور بیشک وہ

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ

لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقَطَّعْنٰهُمْ	فِي الْاَرْضِ	اُمَمًا	مِنْهُمُ	الصّٰلِحُوْنَ	وَمِنْهُمْ
بخشنے والا	مہربان	اور پراگندہ کر دیا ہم نے انہیں	زمین میں	گروہ در گروہ	اُن سے	نیکوکار	اور اُن سے

بخشنے والا مہربان ہے - پھر ہم نے انہیں زمین میں پراگندہ کر دیا گروہ در گروہ، ان میں سے (کچھ) نیکوکار ہیں اور اُن میں سے (کچھ)

دُوْنَ ذٰلِكَ ۡ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ

دُوْنَ	ذٰلِكَ	وَبَلَوْنٰهُمْ	بِالْحَسَنٰتِ	وَالسَّيِّاٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَخَلَفَ
سوا	اس	اور آزمایا ہم نے انہیں	اچھائیوں میں	اور برائیوں میں	تاکہ وہ	رجوع کریں	پیچھے آئے

اس کے سوا ہیں، اور ہم نے اُنہیں آزمایا اچھائیوں اور برائیوں میں تاکہ وہ رجوع کریں - پیچھے آئے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَ

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	خَلْفٌ	وَّرِثُوا	الْكِتٰبَ	يَاْخُذُوْنَ	عَرَضَ	هٰذَا الْاَدْنٰى	وَ
اُن کے بعد	ناخلف	وہ وارث ہوئے	کتاب	وہ لیتے ہیں	متاع (اسباب)	اس ادنیٰ زندگی	اور

اُن کے بعد نا خلف وہ کتاب کے وارث ہوئے ، وہ اس ادنیٰ زندگی کا اسباب لیتے ہیں ، اور

يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ۭ اَلَمْ يُؤْخَذْ

يَقُوْلُوْنَ	سَيُغْفَرُ لَنَا	وَاِنْ	يَّاْتِهِمْ	عَرَضٌ	مِّثْلُهٗ	يَاْخُذُوْهُ	اَلَمْ يُؤْخَذْ
کہتے ہیں	اب ہمیں بخشدیا جائے گا	اور اگر	آئے اُنکے پاس	مال واسباب	اس جیسا	اس کو لے لیں	کیا نہیں لیا گیا

کہتے ہیں اب ہمیں بخش دیا جائے گا ، اور اگر اُن کے پاس اس جیسا مال واسباب (پھر) آئے تو اسکو لے لیں، کیا نہیں لیا گیا

عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۭ

عَلَيْهِمْ	مِّيْثَاقُ	الْكِتٰبِ	اَنْ	لَّا يَقُوْلُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	اِلَّا	الْحَقَّ	وَدَرَسُوْا	مَا فِيْهِ
اُن پر (اُن سے)	عہد	کتاب	کہ	وہ نہ کہیں	پر (بارہ میں)	اللہ	مگر	سچ	اور اُنہوں نے پڑھا	جو اس میں

اُن سے (جو) عہد کتاب (توریت) میں ہے کہ وہ اللہ کے بارہ میں نہ کہیں مگر سچ ، اور انہوں نے پڑھا ہے جو اس (توریت) میں ہے

وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ

وَالدَّارُ	الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يُمَسِّكُوْنَ
اور گھر	آخرت	بہتر	ان کے لئے جو	پرہیزگار	کیا تم سمجھتے نہیں	اور جو لوگ	مضبوط پکڑے ہوئے ہیں

اور آخرت کا گھر بہتر ہے ان کے لئے جو پرہیزگار ہیں، کیا تم سمجھتے نہیں ؟ اور جو لوگ مضبوط پکڑتے ہیں

بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ

بِالْكِتٰبِ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	اِنَّا	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُصْلِحِيْنَ	وَاِذْ	نَتَقْنَا	الْجَبَلَ
کتاب کو	اور قائم رکھتے ہیں	نماز	بیشک ہم	ضائع نہیں کرتے	اجر	نیکوکار (جمع)	اور جب	اٹھایا ہم نے	پہاڑ

کتاب کو اور نماز قائم کرتے ہیں، بیشک ہم نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے - اور (یاد کرو) جب ہم نے اُٹھایا پہاڑ

فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّ

فَوْقَهُمْ	كَاَنَّهٗ	ظُلَّةٌ	وَّظَنُّوْٓا	اَنَّهٗ	وَاقِعٌۢ	بِهِمْ	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ	وَّ
ان کے اوپر	گویا کہ وہ	سائبان	اور انہوں نے گمان کیا	کہ وہ	گرنے والا	اُن پر	تم پکڑو	جو	دیا ہم نے تمہیں	مضبوطی سے	اور

اُن کے اوپر گویا کہ وہ سائبان ہے، اور اُنہوں نے گمان کیا گویا کہ وہ ان کے اوپر گرنے والا ہے، جو ہم نے تمہیں دیا ہے وہ مضبوطی سے پکڑو اور

۲۱ ع ۹ ۱۱

اذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ

اذْكُرُوْا	مَا فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذَ	رَبُّكَ	مِنْ	بَنِيْٓ اٰدَمَ	مِنْ
یاد کرو	جو اس میں	تاکہ تم	پرہیزگار بن جاؤ	اور جب	لیا (نکالی)	تمہارا رب	سے (کی)	بنی آدم	سے

جو اس میں ہے یاد کرو، تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ - اور (یاد کرو) جب تمہارے رب نے نکالی اولادِ آدم کی

ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۚ

ظُهُوْرِهِمْ	ذُرِّيَّتَهُمْ	وَاَشْهَدَهُمْ	عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	اَلَسْتُ	بِرَبِّكُمْ	قَالُوْا	بَلٰى
اُن کی پُشت	ان کی اولاد	اور گواہ بنایا ان کو	پر	ان کی جانیں	کیا نہیں ہوں میں	تمہارا رب	وہ بولے	ہاں، کیوں نہیں

پُشت سے ان کی اولاد، اور انہیں ان کی جانوں پر (اُن پر) گواہ بنایا، کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ بولے کیوں نہیں!

شَهِدْنَا ۚ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْٓا

شَهِدْنَا	اَنْ	تَقُوْلُوْا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّا	كُنَّا	عَنْ	هٰذَا	غٰفِلِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلُوْٓا
ہم گواہ ہیں	کہ (کبھی)	تم کہو	قیامت کے دن	بیشک ہم	تھے	سے	اس	غافل (جمع)	یا	تم کہو

ہم گواہ ہیں، کبھی تم قیامت کے دن کہو بیشک ہم اس سے غافل (بے خبر) تھے۔ یا تم کہو

اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا

اِنَّمَآ	اَشْرَكَ	اٰبَاۗؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	وَكُنَّا	ذُرِّيَّةً	مِّنْۢ بَعْدِهِمْ	اَفَتُهْلِكُنَا
(اسکے سوا نہیں صرف)	شرک کیا	ہمارے باپ دادا	اس سے قبل	اور تھے ہم	اولاد	ان کے بعد	سو کیا تو ہمیں ہلاک کرتا ہے

شرک تو اس سے قبل صرف ہمارے باپ دادا نے کیا، اور ان کے بعد ہم (ان کی) اولاد ہوئے، سو کیا تو ہمیں ہلاک کرتا ہے؟

بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾

بِمَا	فَعَلَ	الْمُبْطِلُوْنَ	وَكَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	وَلَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ
اس پر جو	کیا	اہل باطل (غلط کار)	اور اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	اور تاکہ وہ	رجوع کریں

اس پر جو غلط کاروں نے کیا - اور اسی طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ رجوع کریں (لوٹ آئیں)

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	الَّذِيْٓ	اٰتَيْنٰهُ	اٰيٰتِنَا	فَانْسَلَخَ	مِنْهَا	فَاَتْبَعَهُ	الشَّيْطٰنُ	فَكَانَ
اور پڑھ (سناؤ)	ان پر (انہیں)	خبر	وہ جو کہ	ہم نے اسکو دی	ہماری آیتیں	تو صاف نکل گیا	اس سے	تو اس کے پیچھے لگا	شیطان	سو ہو گیا

اور انہیں اس شخص کی خبر سناؤ جسے ہم نے اپنی آیتیں دیں تو وہ اس سے صاف نکل گیا، تو شیطان اسکے پیچھے لگ گیا، سو وہ ہو گیا

مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ

مِنَ	الْغٰوِيْنَ	وَلَوْ	شِئْنَا	لَرَفَعْنٰهُ	بِهَا	وَ	لٰكِنَّهٗٓ	اَخْلَدَ	اِلَى الْاَرْضِ	وَاتَّبَعَ
سے	گمراہ (جمع)	اور اگر	ہم چاہتے	اسے بلند کرتے	اسکے ذریعہ	اور	لیکن وہ	گر پڑا (مائل ہوگیا)	زمین کی طرف	اور اس نے پیروی کی

گمراہوں میں سے ۔ اور اگر ہم چاہتے تو اسے ان (آیتوں) کے ذریعہ بلند کرتے ، لیکن وہ زمین کی طرف مائل ہوگیا ، اور اس نے پیروی کی

هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ

هَوٰىهُ	فَمَثَلُهٗ	كَمَثَلِ	الْكَلْبِ	اِنْ	تَحْمِلْ	عَلَيْهِ	يَلْهَثْ	اَوْ تَتْرُكْهُ	يَلْهَثْ
اپنی خواہش	تو اس کا حال	مانند۔جیسا	کتّا	اگر	تو لادے	اس پر	وہ ہانپے	یا اسے چھوڑ دے	ہانپے

اپنی خواہش کی، تو اس کا حال کتّے جیسا ہے ، اگر تو اس پر (بوجھ) لادے تو ہانپے یا اسے چھوڑ دے تو (پھر بھی) ہانپے

ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ

ذٰلِكَ	مَثَلُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	فَاقْصُصِ	الْقَصَصَ	لَعَلَّهُمْ
یہ	مثال	لوگ	وہ جو کہ	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	پس بیان کر دو	(قصے) احوال	تاکہ وہ

یہ مثال اُن لوگوں کی ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ، سو (یہ) احوال بیان کر دو تاکہ وہ

يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا

يَتَفَكَّرُوْنَ	سَآءَ	مَثَلًا	الْقَوْمُ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَاَنْفُسَهُمْ	كَانُوْا
غور کریں	بُری	مثال	لوگ	وہ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	اور اپنی جانیں	وہ تھے

غور کریں۔ بُری مثال ہے ان لوگوں کی جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ اپنی جانوں پر

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

يَظْلِمُوْنَ	مَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ	فَهُوَ	الْمُهْتَدِيْ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
ظلم کرتے	جو۔جس	ہدایت دے	اللہ	تو وہی	ہدایت یافتہ	اور جس	گمراہ کر دے	سو وہی لوگ	وہ

ظلم کرتے تھے ۔ اللہ جس کو ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے ، اور جس کو گمراہ کر دے سو وہی لوگ

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ

الْخٰسِرُوْنَ	وَلَقَدْ ذَرَاْنَا	لِجَهَنَّمَ	كَثِيْرًا	مِّنَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	لَهُمْ	قُلُوْبٌ
گھاٹا پانے والے	اور ہم نے پیدا کئے	جہنم کے لئے	بہت سے	سے	جنّ	اور انسان	اُن کے	دل

گھاٹا پانے والے ہیں۔ اور ہم نے جہنم کے لئے بہت سے جنّ اور آدمی پیدا کئے ، ان کے دل ہیں

لَا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ

لَا يَفْقَهُوْنَ	بِهَا	وَلَهُمْ	اَعْيُنٌ	لَا يُبْصِرُوْنَ	بِهَا	وَلَهُمْ	اٰذَانٌ	لَّا يَسْمَعُوْنَ
سمجھتے نہیں	ان سے	اور ان کے لئے	آنکھیں	نہیں دیکھتے	ان سے	اور ان کیلئے	کان	نہیں سنتے

ان سے سمجھتے نہیں، اور ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے نہیں، اور ان کے کان ہیں وہ سنتے نہیں

بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلّٰهِ

بِهَا	اُولٰۗىِٕكَ	كَالْاَنْعَامِ	بَلْ	هُمْ	اَضَلُّ	اُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْغٰفِلُوْنَ	وَلِلّٰهِ
ان سے	یہی لوگ	چوپایوں کے مانند	بلکہ	وہ	بدترین گمراہ	یہی لوگ	وہ	غافل (جمع)	اور اللہ کے لئے

اُن سے، یہی لوگ چوپایوں کے مانند ہیں، بلکہ (ان سے بھی) بدترین گمراہ ہیں، یہی لوگ غافل ہیں - اور اللہ کے لئے ہیں

الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَاۗىِٕهٖ ۭ

الْاَسْمَاۗءُ	الْحُسْنٰى	فَادْعُوْهُ	بِهَا	وَذَرُوا	الَّذِيْنَ	يُلْحِدُوْنَ	فِيْٓ	اَسْمَاۗىِٕهٖ
نام (جمع)	اچھے	پس اس کو پکارو	ان سے	اور چھوڑ دو	وہ لوگ جو	کج روی کرتے ہیں	میں	اس کے نام

اچھے نام، سو تم اس کو ان (ہی) سے پکارو، اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں کج روی کرتے ہیں،

سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

سَيُجْزَوْنَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَمِمَّنْ	خَلَقْنَآ	اُمَّةٌ	يَّهْدُوْنَ	بِالْحَقِّ	وَبِهٖ
عنقریب وہ بدلہ پائیں گے	جو	وہ کرتے تھے	اور سے - جو	ہم نے پیدا کیا	ایک اُمت (گروہ)	وہ بتلاتے ہیں	حق کے ساتھ (ٹھیک)	اور اس کے مطابق

جو وہ کرتے تھے عنقریب وہ اس کا بدلہ پائیں گے - اور جو لوگ ہم نے پیدا کئے (اُن میں) ایک گروہ ہے جو ٹھیک راہ بتلاتے ہیں اور اس کے مطابق

۲۲ ع ۱۰ ۱۲

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾

يَعْدِلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	سَنَسْتَدْرِجُهُمْ	مِّنْ حَيْثُ	لَا يَعْلَمُوْنَ
فیصلہ کرتے ہیں	اور وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات کو	آہستہ آہستہ ان کو پکڑیں گے	اس طرح	وہ نہ جانیں گے (خبر نہ ہوگی)

فیصلہ کرتے ہیں - اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا آہستہ آہستہ ہم اُن کو پکڑیں گے کہ انہیں خبر بھی نہ ہوگی -

وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۭ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ

وَاُمْلِيْ	لَهُمْ	اِنَّ	كَيْدِيْ	مَتِيْنٌ	اَوَ	لَمْ يَتَفَكَّرُوْا	مَا بِصَاحِبِهِمْ	مِّنْ جِنَّةٍ
اور میں ڈھیل دوں گا	انکے لئے	بیشک	میری خفیہ تدبیر	پختہ	کیا	وہ غور نہیں کرتے	نہیں ان کے صاحب کو	سے جنون

اور میں ان کے لئے ڈھیل دوں گا، بیشک میری خفیہ تدبیر پختہ ہے - کیا وہ غور نہیں کرتے؟ کہ اُنکے صاحب (محمدؐ) کو کچھ جنون نہیں،

إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿۱۸۴﴾ أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَ

إِنْ	هُوَ	إِلَّا	نَذِيرٌ	مُّبِينٌ	أَوَ	لَمْ يَنظُرُوا	فِي	مَلَكُوتِ	السَّمَاوَاتِ	وَ
نہیں	وہ	مگر	ڈرانے والے	صاف	کیا	وہ نہیں دیکھتے	میں	بادشاہت	آسمان (جمع)	اور

وہ نہیں مگر صاف صاف ڈرانے والے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے ؟ بادشاہت آسمانوں کی اور

الْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ

الْأَرْضِ	وَمَا	خَلَقَ	اللَّهُ	مِن شَيْءٍ	وَأَنْ	عَسَىٰ	أَن	يَكُونَ	قَدِ اقْتَرَبَ
زمین	اور جو	پیدا کیا	اللہ	کوئی چیز	اور یہ کہ	شاید	کہ	ہو	قریب آگئی ہو

زمین کی اور جو اللہ نے کوئی چیز (بھی) پیدا کی ہے، اور یہ کہ شاید قریب آ گئی ہو

أَجَلُهُمْ ۚ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ﴿۱۸۵﴾ مَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا هَادِيَ

أَجَلُهُمْ	فَبِأَيِّ	حَدِيثٍ	بَعْدَهُ	يُؤْمِنُونَ	مَن	يُضْلِلِ	اللَّهُ	فَلَا	هَادِيَ
انکی اجل (موت)	تو کس	بات	اس کے بعد	وہ ایمان لائیں گے	جس	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں	ہدایت دینے والا

اُن کی اجل (موت کی گھڑی) تو اس کے بعد کس بات پر وہ ایمان لائیں گے؟ جس کو اللہ گمراہ کرے تو کوئی ہدایت دینے والا نہیں

لَهُ ۖ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿۱۸۶﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ

لَهُ	وَيَذَرُهُمْ	فِي	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُونَ	يَسْأَلُونَكَ	عَنِ	السَّاعَةِ	أَيَّانَ
اس کو	وہ چھوڑ دیتا ہے انہیں	میں	اُن کی سرکشی	بہکتے ہیں	وہ آپ سے پوچھتے ہیں	سے (متعلق)	گھڑی (قیامت)	کب ہے ؟

اس کو۔ اور وہ انہیں ان کی سرکشی میں بہکتے چھوڑ دیتا ہے۔ وہ آپ سے قیامت سے متعلق پوچھتے ہیں کب ہے ؟

مُرْسَاهَا ۖ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي ۖ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ۚ ثَقُلَتْ

مُرْسَاهَا	قُلْ	إِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِندَ	رَبِّي	لَا يُجَلِّيهَا	لِوَقْتِهَا	إِلَّا	هُوَ	ثَقُلَتْ
اُس کا قائم ہونا	کہدیں	صرف	اس کا علم	پاس	میرا رب	اس کو ظاہر نہ کرے گا	اس کے وقت پر	سوا	وہ (اللہ)	بھاری ہے

اس کے قائم ہونے (کا وقت) ؟ آپ کہدیں اس کا علم صرف میرے رب کے پاس ہے، اسکو اس کے وقت پر اللہ کے سوا کوئی ظاہر نہ کرے گا۔ بھاری ہے

فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا تَأْتِيكُمْ إِلَّا بَغْتَةً ۗ يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا

فِي	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	لَا	تَأْتِيكُمْ	إِلَّا	بَغْتَةً	يَسْأَلُونَكَ	كَأَنَّكَ	حَفِيٌّ	عَنْهَا
میں	آسمانوں	اور زمین	نہ	آئے گی تم پر	مگر	اچانک	آپ سے پوچھتے ہیں	گویا کہ آپ	متلاشی	اس کے

آسمانوں اور زمین میں، اور تم پر نہ آئے گی مگر اچانک (واقع ہوگی) آپ سے (یوں) پوچھتے ہیں گویا کہ آپ اس کے متلاشی ہیں

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

قُلْ	اِنَّمَا	عِلْمُهَا	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	قُلْ	لَّآ اَمْلِكُ
کہدیں	صرف	اس کا علم	پاس	اللہ	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	کہدیں	میں مالک نہیں

آپؐ کہدیں، اس کا علم صرف اللہ کے پاس ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے - آپؐ کہدیں میں مالک نہیں

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

لِنَفْسِيْ	نَفْعًا	وَّ	لَا	ضَرًّا	اِلَّا	مَا	شَآءَ اللّٰهُ	وَلَوْ	كُنْتُ	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ
اپنی ذات کے لئے	نفع	اور	نہ	نقصان	مگر	جو	چاہے اللہ	اور اگر	میں ہوتا	جانتا	غیب

اپنی ذات کے لئے نفع کا نہ نقصان کا، مگر جو اللہ چاہے، اور اگر میں غیب جانتا ہوتا

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۭ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ

لَاسْتَكْثَرْتُ	مِنَ	الْخَيْرِ	وَمَا مَسَّنِيَ	السُّوْۗءُ	اِنْ	اَنَا	اِلَّا	نَذِيْرٌ	وَّبَشِيْرٌ
میں البتہ جمع کر لیتا	سے	بہت بھلائی	اور نہ پہنچتی مجھے	کوئی برائی	بس فقط	میں	مگر (صرف)	ڈرانے والا	اور خوشخبری سنانے والا

تو میں بہت بھلائی جمع کر لیتا، اور مجھے کوئی بُرائی نہ پہنچتی، میں بس ڈرانے والا اور خوشخبری سُنانے والا ہوں

ع ٧ ٢٣ ١٣

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا

لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ	نَّفْسٍ	وَّاحِدَةٍ	وَّجَعَلَ	مِنْهَا
لوگوں کے لئے	ایمان رکھتے ہیں	وہ	جو۔جس	پیدا کیا تمہیں	سے	جان	ایک	اور بنایا	اس سے

ان لوگوں کے لئے (جو) ایمان رکھتے ہیں۔ وُہی ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا، اس سے بنایا

زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ

زَوْجَهَا	لِيَسْكُنَ	اِلَيْهَا	فَلَمَّا	تَغَشّٰىهَا	حَمَلَتْ	حَمْلًا	خَفِيْفًا	فَمَرَّتْ	بِهٖ	فَلَمَّآ
اس کا جوڑا	تاکہ وہ سکون حاصل کرے	اسکی طرف (پاس)	پھر جب	مرد نے اسکو ڈھانپ لیا	اسے حمل رہا	حمل	ہلکا سا	پھر لئے پھری	اسکے ساتھ (اسکو)	پھر جب

اس کا جوڑا تاکہ اس کے پاس سکون حاصل کرے، پھر جب مرد نے اُسے ڈھانپ لیا تو اسے ہلکا سا حمل رہا، پھر وہ اسکو لئے پھری، پھر جب

اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾

اَثْقَلَتْ	دَّعَوَا اللّٰهَ	رَبَّهُمَا	لَىِٕنْ	اٰتَيْتَنَا	صَالِحًا	لَّنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ
بوجھل ہو گئی	دونوں نے پکارا	دونوں کا (اپنا) رب	اگر	تو نے ہمیں دیا	صالح	ہم ضرور ہوں گے	سے	شکر کرنے والے

وہ بوجھل ہو گئی تو دونوں نے اپنے رب اللہ کو پکارا، اگر تُو نے ہمیں صالح بچہ دیا تو ہم ضرور تیرے شکر کرنے والوں میں سے ہوں گے۔

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

فَلَمَّآ	اٰتٰىهُمَا	صَالِحًا	جَعَلَا	لَهٗ	شُرَكَآءَ	فِيْمَآ	اٰتٰىهُمَا	فَتَعٰلَى	اللّٰهُ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ
پھر جب	اس نے دیا انہیں	صالح بچہ	ان دونوں نے ٹھہرائے	اس کے	شریک	اس میں جو	انہیں دیا	سو برتر	اللہ	اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں

پھر جب اللہ نے انہیں صالح بچہ دیا تو جو اللہ نے انہیں دیا تھا انہوں نے اس میں شریک ٹھہرائے، سو اللہ اس سے برتر ہے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا

اَيُشْرِكُوْنَ	مَا	لَا يَخْلُقُ	شَيْـًٔا	وَّهُمْ	يُخْلَقُوْنَ	وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	لَهُمْ	نَصْرًا
کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں	جو	نہیں پیدا کرتے	کچھ بھی	اور وہ	پیدا کئے جاتے ہیں	وہ قدرت نہیں رکھتے	ان کی	مدد

کیا وہ انہیں شریک ٹھہراتے ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کرتے بلکہ وہ پیدا کئے جاتے ہیں (خالق نہیں مخلوق ہیں)۔ اور وہ انکی مدد کی قدرت نہیں رکھتے

وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ

وَلَآ	اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ	وَاِنْ	تَدْعُوْهُمْ	اِلَى	الْهُدٰى	لَا يَتَّبِعُوْكُمْ
اور نہ	خود اپنی	مدد کرتے ہیں	اور اگر	تم انہیں بلاؤ	طرف	ہدایت	نہ پیروی کریں تمہاری

اور نہ خود اپنی مدد کرتے ہیں۔ اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ تمہاری پیروی نہ کریں

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

سَوَآءٌ	عَلَيْكُمْ	اَدَعَوْتُمُوْهُمْ	اَمْ	اَنْتُمْ	صَامِتُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ
برابر	تم پر (تمہارے لئے)	خواہ تم انہیں بلاؤ	یا	تم	خاموش رہو	بیشک	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو

تمہارے لئے برابر ہے خواہ تم انہیں بلاؤ یا خاموش رہو۔ بے شک تم جنہیں پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	عِبَادٌ	اَمْثَالُكُمْ	فَادْعُوْهُمْ	فَلْيَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ
سے	سوائے اللہ	بندے	تمہارے جیسے	پس پکارو انہیں	پھر چاہیے کہ وہ جواب دیں	تمہیں	اگر	تم ہو

اللہ کے سوا، وہ تمہارے جیسے بندے ہیں، پھر انہیں پکارو تو چاہیے کہ وہ تمہیں جواب دیں اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ

صٰدِقِيْنَ	اَلَهُمْ	اَرْجُلٌ	يَّمْشُوْنَ	بِهَآ	اَمْ	لَهُمْ	اَيْدٍ	يَّبْطِشُوْنَ	بِهَآ	اَمْ
سچے	کیا ان کے	پاؤں (جمع)	وہ چلتے ہیں	ان سے	یا	ان کے	ہاتھ	وہ پکڑتے ہیں	ان سے	یا

سچے ہو۔ کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں، یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے ہیں، یا

لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ قُلِ ادْعُوْا

لَهُمْ	اَعْيُنٌ	يُّبْصِرُوْنَ	بِهَا	اَمْ لَهُمْ	اٰذَانٌ	يَّسْمَعُوْنَ	بِهَا	قُلِ	ادْعُوْا
ان کی	آنکھیں	دیکھتے ہیں	ان سے	یا ان کے	کان	سنتے ہیں	ان سے	کہدیں	پکارو

ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں ، یا اُن کے کان ہیں جن سے وہ سُنتے ہیں آپ کہہ دیں پکارو

شُرَكَاۗءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ۝۱۹۵ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ

شُرَكَاۗءَكُمْ	ثُمَّ	كِيْدُوْنِ	فَلَا تُنْظِرُوْنِ	اِنَّ	وَلِيِّۦَ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	نَزَّلَ	الْكِتٰبَ
اپنے شریک	پھر	مجھ پر داؤ چلو	پس نہ دو مجھے مہلت	بیشک	میرا کارساز	اللہ	وہ جس	نازل کی	کتاب

اپنے شریکوں کو، پھر مجھ پر داؤ چلو پس مجھے مُہلت نہ دو - بیشک میرا کارساز اللہ ہے، جس نے کتاب نازل کی

وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۹۶ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

وَهُوَ	يَتَوَلَّى	الصّٰلِحِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
اور وہ	حمایت کرتا ہے	نیک بندے	اور جن کو	تم پکارتے ہو	اس کے سوا	نہیں قدرت رکھتے وہ

اور وہ نیک بندوں کی حمایت کرتا ہے - اور اس (اللہ) کے سوا جن کو تم پکارتے ہو ، وہ قدرت نہیں رکھتے

نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝۱۹۷ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

نَصْرَكُمْ	وَلَآ	اَنْفُسَهُمْ	يَنْصُرُوْنَ	وَاِنْ	تَدْعُوْهُمْ	اِلَى	الْهُدٰى
تمہاری مدد	اور نہ	خود اپنی	وہ مدد کریں	اور اگر	تم پکارو انہیں	طرف	ہدایت

تمہاری مدد کی اور نہ وہ خود اپنی مدد کریں - اور اگر تم انہیں پکارو ہدایت کی طرف

لَا يَسْمَعُوْا ۭ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۱۹۸ خُذِ الْعَفْوَ

لَا يَسْمَعُوْا	وَ	تَرٰىهُمْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَيْكَ	وَهُمْ	لَا يُبْصِرُوْنَ	خُذِ	الْعَفْوَ
نہ سنیں وہ	اور	تو انہیں دیکھتا ہے	وہ تکتے ہیں	تیری طرف	حالانکہ	نہیں دیکھتے ہیں وہ	پکڑیں (کو ہیں)	درگزر

تو وہ (کچھ) نہ سُنیں اور تو انہیں دیکھتا ہے کہ وہ تیری طرف تکتے ہیں حالانکہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتے - آپ درگزر کریں

وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ۝۱۹۹ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

وَاْمُرْ	بِالْعُرْفِ	وَاَعْرِضْ	عَنِ	الْجٰهِلِيْنَ	وَاِمَّا	يَنْزَغَنَّكَ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ
اور حکم دیں	بھلائی کا	اور منہ پھیر لیں	سے	جاہل (جمع)	اور اگر	تجھے اُبھارے	سے	شیطان

اور بھلائی کا حکم دیں اور جاہلوں سے منہ پھیر لیں - اور اگر تجھے اُبھارے شیطان کی طرف سے

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ

نَزْغٌ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	اِذَا	مَسَّهُمْ
کوئی چھیڑ	تو پناہ میں آجا	اللہ کی	بیشک وہ	سننے والا	جاننے والا	بیشک	جو لوگ	ڈرتے ہیں	جب	انہیں چھوتا ہے

کوئی چھیڑ، تو اللہ کی پناہ میں آجا، بیشک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ بیشک جو لوگ (اللہ سے) ڈرتے ہیں جب انہیں پہنچتا ہے

طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ

طٰٓئِفٌ	مِّنَ	الشَّيْطٰنِ	تَذَكَّرُوْا	فَاِذَا	هُمْ	مُّبْصِرُوْنَ	وَ	اِخْوَانُهُمْ
کوئی گذرنے والا (وسوسہ)	سے	شیطان	وہ یاد کرتے ہیں	تو فوراً	وہ	دیکھ لیتے ہیں	اور	ان کے بھائی

شیطان (کی طرف) سے کوئی وسوسہ وہ (اللہ کو) یاد کرتے ہیں تو وہ فوراً (راہِ صواب) دیکھ لیتے ہیں۔ اور اُن (شیطانوں) کے بھائی

يَمُدُّوْنَهُمْ فِى الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا

يَمُدُّوْنَهُمْ	فِى	الْغَيِّ	ثُمَّ	لَا يُقْصِرُوْنَ	وَاِذَا	لَمْ تَاْتِهِمْ	بِاٰيَةٍ	قَالُوْا	لَوْلَا
وہ انہیں کھینچتے ہیں	میں	گمراہی	پھر	وہ کمی نہیں کرتے	اور جب	تم نہ لاؤ انکے پاس	کوئی آیت	کہتے ہیں	کیوں نہیں

انہیں گمراہی میں کھینچتے ہیں، پھر وہ کمی نہیں کرتے۔ اور جب تم اُن کے پاس کوئی آیت نہ لاؤ تو وہ کہتے ہیں تو کیوں نہیں

اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَىَّ مِنْ رَّبِّىْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ

اجْتَبَيْتَهَا	قُلْ	اِنَّمَآ	اَتَّبِعُ	مَا يُوْحٰٓى	اِلَىَّ	مِنْ	رَّبِّىْ	هٰذَا	بَصَآئِرُ	مِنْ
اسے گھڑ لیا	کہدیں	صرف	میں پیروی کرتا ہوں	جو وحی کی جاتی ہے	میری طرف	سے	میرا رب	یہ	سوجھ کی باتیں	سے

(خود) گھڑ لیا (تو) کہدیں میں تو صرف اس کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب کی طرف سے میری طرف وحی کی جاتی ہے، یہ (قرآن) سوجھ کی باتیں ہیں

رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا

رَبِّكُمْ	وَهُدًى	وَرَحْمَةٌ	لِقَوْمٍ	يُؤْمِنُوْنَ	وَاِذَا	قُرِئَ	الْقُرْاٰنُ	فَاسْتَمِعُوْا
تمہارا رب	اور ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	ایمان رکھتے ہیں	اور جب	پڑھا جائے	قرآن	تو سنو

تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت و رحمت ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور جب قرآن پڑھا جائے تو (پوری توجہ سے) سنو

لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِىْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً

لَهٗ	وَاَنْصِتُوْا	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	وَاذْكُرْ	رَّبَّكَ	فِىْ	نَفْسِكَ	تَضَرُّعًا	وَّخِيْفَةً
اس کو	اور چپ رہو	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	اور یاد کرو	اپنا رب	میں	اپنا دل	عاجزی سے	اور ڈرتے ہوئے

اس کو، اور چپ رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور اپنے رب کو یاد کرو اپنے دل میں عاجزی سے اور ڈرتے ہوئے

وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾

وَدُوْنَ	الْجَهْرِ	مِنَ	الْقَوْلِ	بِالْغُدُوِّ	وَالْاٰصَالِ	وَلَا تَكُنْ	مِنَ	الْغٰفِلِيْنَ
اور بغیر	بلند	سے	آواز	صبح	اور شام	اور نہ ہو	سے	بے خبر (جمع)

اور بلند آواز کے بغیر صبح و شام، اور بے خبروں سے نہ ہو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	عِنْدَ	رَبِّكَ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ	عِبَادَتِهٖ	وَيُسَبِّحُوْنَهٗ
بیشک	جو لوگ	نزدیک	تیرا رب	تکبر نہیں کرتے	سے	اس کی عبادت	اور اس کی تسبیح کرتے ہیں

بیشک جو لوگ تیرے رب کے نزدیک ہیں، وہ اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں،

۲۴ ع ۱۸ ۱۴

وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ السجدة

وَلَهٗ	يَسْجُدُوْنَ
اور اسی کو	سجدہ کرتے ہیں

اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

آیاتھا ۷۵ | سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ : ۸۸ | رکوعاتھا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا، مہربان ہے

بیشک رات اور دن کے بدلنے میں، اور جو اللہ نے آسمانوں میں اور زمین میں پیدا کیا (اس میں) نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۶ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

لِقَوْمٍ	يَّتَّقُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	وَ	رَضُوْا	بِالْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
پرہیزگاروں کے لئے		بیشک	وہ لوگ جو	امید نہیں رکھتے	ہمارا ملنا	اور	وہ راضی ہو گئے	زندگی پر	دنیا

پرہیزگاروں کے لئے ۔ بیشک جو لوگ ہمارے ملنے کی امید نہیں رکھتے، اور وہ دنیا کی زندگی پر راضی ہو گئے

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۷ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ

وَاطْمَاَنُّوْا	بِهَا	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	عَنْ	اٰيٰتِنَا	غٰفِلُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	مَاْوٰىهُمُ	النَّارُ
اور وہ مطمئن ہو گئے	اس پر	اور جو لوگ	وہ	سے	ہماری آیات	غافل (جمع)	یہی لوگ	ان کا ٹھکانہ	جہنم

اور اس پر مطمئن ہو گئے، اور جو لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں، یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے،

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝٨ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ

بِمَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	يَهْدِيْهِمْ	رَبُّهُمْ
اس کا بدلہ جو	وہ کماتے تھے	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	انہیں راہ دکھائے گا	ان کا رب

اس کا بدلہ جو وہ کماتے تھے۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کا رب انہیں راہ دکھائے گا

بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝٩ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا

بِاِيْمَانِهِمْ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	فِيْ	جَنّٰتِ	النَّعِيْمِ	دَعْوٰىهُمْ	فِيْهَا
ان کے ایمان کی بدولت	بہتی ہوں گی	سے	ان کے نیچے	نہریں	میں	باغات	نعمت	ان کی دعا	اس میں

ان کے ایمان کی بدولت (ایسے محلات کی) ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، نعمت کے باغات میں۔ اس میں ان کی دعا (ہوگی)

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

سُبْحٰنَكَ	اللّٰهُمَّ	وَتَحِيَّتُهُمْ	فِيْهَا	سَلٰمٌ	وَاٰخِرُ	دَعْوٰىهُمْ	اَنِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ
پاک ہے تو	اے اللہ	اور ملاقات کے وقت کی دعا	اس میں	سلام	اور خاتمہ	ان کی دعا	کہ	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے

اے اللہ! تو پاک ہے، اور اس میں انکی وقتِ ملاقات کی دعا "سلام" ہے، اور ان کی دعا کا خاتمہ ہے "تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَلَوْ	يُعَجِّلُ	اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	الشَّرَّ	اسْتِعْجَالَهُمْ	بِالْخَيْرِ	لَقُضِيَ
رب	سارے جہان	اور اگر	جلد بھیجدیتا	اللہ	لوگوں کو	برائی	جلد چاہتے ہیں	بھلائی	تو پھر ہو چکی ہوتی

جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو جلد برائی بھیجتا جیسے وہ جلد بھلائی چاہتے ہیں تو پوری ہو چکی ہوتی

اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ۭ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝١١

اِلَيْهِمْ	اَجَلُهُمْ	فَنَذَرُ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَاۗءَنَا	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ
ان کی طرف	ان کی عمر کی میعاد	پس ہم چھوڑ دیتے ہیں	وہ لوگ جو	وہ امید نہیں رکھتے	ہماری ملاقات	میں	ان کی سرکشی	وہ بہکتے ہیں

اُن کی عمر کی میعاد، پس ہم ان لوگوں کو جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے سرکشی میں بہکتے چھوڑ دیتے ہیں۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَاۗىِٕمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا

وَاِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	الضُّرُّ	دَعَانَا	لِجَنْۢبِهٖٓ	اَوْ	قَاعِدًا	اَوْ	قَاۗىِٕمًا	فَلَمَّا	كَشَفْنَا
اور جب	پہنچتی ہے	انسان	کوئی تکلیف	وہ ہمیں پکارتا ہے	اپنے پہلو پر لیٹا ہوا	یا (اور)	بیٹھا ہوا	یا (اور)	کھڑا ہوا	پھر جب	ہم دور کر دیں

اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ لیٹا ہوا، اور بیٹھا ہوا، اور کھڑا ہوا ہمیں پکارتا ہے، پھر جب ہم دور کر دیں

عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ

عَنْهُ	ضُرَّهٗ	مَرَّ	كَاَنْ	لَّمْ يَدْعُنَا	اِلٰى	ضُرٍّ	مَّسَّهٗ	كَذٰلِكَ	زُيِّنَ	لِلْمُسْرِفِيْنَ
اس سے	اسکی تکلیف	چل پڑا	گویا کہ	ہمیں پکارا نہ تھا	کسی	تکلیف	اسے پہنچی	اسی طرح	بھلا کر دکھایا	حد سے بڑھنے والوں کو

اس سے اس کی تکلیف، تو (یوں) چل پڑا گویا کہ کسی تکلیف میں جو اسے پہنچی، اس نے ہمیں پکارا ہی نہ تھا، اسی طرح حد سے بڑھنے والوں کو بھلا کر دکھایا

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَآءَتْهُمْ

مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا	الْقُرُوْنَ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	لَمَّا	ظَلَمُوْا	وَجَآءَتْهُمْ
جو	وہ کرتے تھے (ان کے کام)	اور ہم نے ہلاک کر دیں	اُمتیں	سے	تم سے پہلے	جب	انہوں نے ظلم کیا	اور ان کے پاس آئے

وہ کام جو وہ کرتے تھے - اور ہم نے تم سے پہلے کئی اُمتیں ہلاک کر دیں جب انہوں نے ظلم کیا، اور ان کے پاس آئے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ

رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَمَا	كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْقَوْمَ	الْمُجْرِمِيْنَ	ثُمَّ
ان کے رسول	کھلی نشانیوں کے ساتھ	اور نہ	ایمان لاتے تھے	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	قوم	مجرموں کی	پھر

اُن کے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ اور وہ ایمان نہ لاتے تھے، اسی طرح ہم مجرموں کی قوم کو بدلہ دیتے ہیں۔ پھر

جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى

جَعَلْنٰكُمْ	خَلٰٓئِفَ	فِي الْاَرْضِ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	لِنَنْظُرَ	كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ	وَاِذَا	تُتْلٰى
ہم نے بنایا تمہیں	جانشین	زمین میں	ان کے بعد	تاکہ ہم دیکھیں	کیسے	تم کام کرتے ہو	اور جب	پڑھی جاتی ہیں

ہم نے تمہیں زمین میں ان کے بعد جانشین بنایا تاکہ ہم دیکھیں تم کیسے کام کرتے ہو۔ اور جب پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ

عَلَيْهِمْ	اٰيَاتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	ائْتِ	بِقُرْاٰنٍ	غَيْرِ هٰذَآ
ان پر (ان کے سامنے)	ہماری آیات	واضح	کہتے ہیں	وہ لوگ جو	امید نہیں رکھتے	ہم سے ملنے کی	تم لے آؤ	کوئی قرآن	اس کے علاوہ

ان کے سامنے ہماری واضح آیتیں، تو جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں، اس کے علاوہ تم کوئی اور قرآن لے آؤ

اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا

اَوْ	بَدِّلْهُ	قُلْ	مَا يَكُوْنُ	لِيْٓ	اَنْ	اُبَدِّلَهٗ	مِنْ	تِلْقَآئِ	نَفْسِيْ	اِنْ اَتَّبِعُ	اِلَّا مَا
یا	بدل دو اسے	آپ کہہ دیں	نہیں ہے	میرے لئے	کہ	اُسے بدلوں	سے	جانب	اپنی	میں نہیں پیروی کرتا	مگر جو

یا اسے بدل دو، آپ کہہ دیں میرے لئے (روا) نہیں کہ میں اپنی جانب سے بدلوں، میں پیروی نہیں کرتا مگر

يُوْحٰٓى اِلَيَّ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ

يُوْحٰٓى	اِلَيَّ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ	رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ	عَظِيْمٍ	قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ
وحی کی جاتی ہے	میری طرف	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اگر	میں نے نافرمانی کی	اپنا رب	عذاب	دن	بڑا	آپ کہہ دیں اگر چاہتا اللہ

(اُس کی) جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں - آپ کہہ دیں اگر اللہ چاہتا

مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ۭ اَفَلَا

مَا تَلَوْتُهٗ	عَلَيْكُمْ	وَلَآ اَدْرٰىكُمْ	بِهٖ	فَقَدْ لَبِثْتُ	فِيْكُمْ	عُمُرًا	مِّنْ قَبْلِهٖ	اَفَلَا
نہ پڑھتا میں اسے	تم پر	اور نہ خبر دیتا تمہیں	اس کی	تحقیق میں رہ چکا ہوں	تم میں	ایک عمر	اس سے پہلے	سو کیا نہ

تو میں اسے تم پر (تمہارے سامنے) نہ پڑھتا، اور نہ تمہیں اس کی خبر دیتا، میں اس سے پہلے تم میں ایک عمر رہ چکا ہوں ، سو کیا

تَعْقِلُوْنَ ﴿١٦﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ

تَعْقِلُوْنَ	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِاٰيٰتِهٖ	اِنَّهٗ
عقل سے کام لیتے تم	سو کون	بڑا ظالم	اس سے جو	باندھے	اللہ پر	جھوٹ	یا جھٹلائے	اس کی آیتوں کو	بیشک وہ

تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ سو اس سے بڑا ظالم کون ہے؟ جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے ، بیشک

لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿١٧﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ

لَا يُفْلِحُ	الْمُجْرِمُوْنَ	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَضُرُّهُمْ	وَلَا يَنْفَعُهُمْ
فلاح نہیں پاتے	مجرم (جمع)	اور وہ پوجتے ہیں	سے	اللہ کے سوا	جو	نہ ضرر پہنچا سکے انہیں	اور نہ نفع دے سکے انہیں

مجرم فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پاتے - اور وہ اللہ کے سوا انہیں پوجتے ہیں جو انہیں نہ ضرر پہنچا سکیں اور نہ نفع دے سکیں،

وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ

وَ	يَقُوْلُوْنَ	هٰٓؤُلَآءِ	شُفَعَآؤُنَا	عِنْدَ اللّٰهِ	قُلْ	اَتُنَبِّـُٔوْنَ	اللّٰهَ	بِمَا لَا يَعْلَمُ
اور	وہ کہتے ہیں	یہ سب	ہمارے سفارشی	اللہ کے پاس	آپ کہہ دیں	کیا تم خبر دیتے ہو	اللہ	اس کی جو نہیں جانتا

اور وہ کہتے ہیں یہ سب اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں - آپ کہہ دیں کیا تم اللہ کو اس کی خبر دیتے ہو جو وہ نہیں جانتا

فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١٨﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ

فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	لَا	فِي الْاَرْضِ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	وَمَا كَانَ	النَّاسُ
آسمانوں میں	اور	نہ	زمین میں	وہ پاک ہے	اور بالاتر	اس سے جو	وہ شرک کرتے ہیں	اور نہ تھے	لوگ

آسمانوں میں اور نہ زمین میں ، وہ پاک ہے اور وہ بالاتر ہے اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں - اور لوگ نہ تھے

إِلَّآ أُمَّةٌ وَّاحِدَةٌ فَاخْتَلَفُوْا ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ

إِلَّآ	أُمَّةٌ وَّاحِدَةٌ	فَاخْتَلَفُوْا	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ	لَقُضِيَ
مگر	امتِ واحد	پھر انہوں نے اختلاف کیا	اور اگر	نہ	بات	پہلے ہو چکی	سے	تیرا رب	تو فیصلہ ہو جاتا

مگر امتِ واحد، پھر اُنہوں نے اختلاف کیا، اور اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے بات نہ ہو چکی ہوتی تو فیصلہ ہو جاتا

بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ

بَيْنَهُمْ	فِيْمَا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	لَوْ	لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ رَّبِّهٖ
ان کے درمیان	اس میں جو	اس میں	وہ اختلاف کرتے ہیں	اور	وہ کہتے ہیں	اگر کیوں	نہ اُتری	اس پر	کوئی نشانی	اس کے رب سے

اُن کے درمیان (اس بات کا) جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہ اُتری؟

فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا

فَقُلْ	اِنَّمَا	الْغَيْبُ	لِلّٰهِ	فَانْتَظِرُوْا	اِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِنَ	الْمُنْتَظِرِيْنَ	وَاِذَا	اَذَقْنَا
تو کہدیں	اسکے سوا نہیں	غیب	اللہ کیلئے	سو تم انتظار کرو	میں	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے	اور جب	ہم چکھائیں

تو آپ کہہ دیں اس کے سوا نہیں کہ غیب اللہ کے لئے ہے، سو تم انتظار کرو، میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ اور جب ہم چکھائیں

النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ

النَّاسَ	رَحْمَةً	مِّنْۢ بَعْدِ	ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُمْ	اِذَا	لَهُمْ	مَّكْرٌ	فِيْٓ	اٰيَاتِنَا	قُلِ	اللّٰهُ
لوگ	رحمت	بعد	تکلیف	انہیں پہنچی	اس وقت	انکے لئے	حیلہ	میں	ہماری آیات	آپ کہدیں	اللہ

لوگوں کو رحمت (کا مزہ) ایک تکلیف کے بعد جو انہیں پہنچی تھی تو اُسی وقت وہ ہماری آیات میں حیلہ (بنانے لگیں)، آپ کہہ دیں اللہ

اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ

اَسْرَعُ	مَكْرًا	اِنَّ	رُسُلَنَا	يَكْتُبُوْنَ	مَا تَمْكُرُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	يُسَيِّرُكُمْ	فِي الْبَرِّ
سب سے جلد	خفیہ تدبیر	بیشک	ہمارے فرشتے	وہ لکھتے ہیں	جو تم حیلہ سازی کرتے ہو	وہی	جو کہ	تمہیں چلاتا ہے	خشکی میں

سب سے جلد خفیہ تدبیر (بنا سکتا ہے)، بیشک تم جو حیلہ سازی کرتے ہو ہمارے فرشتے لکھتے ہیں۔ وہی ہے جو تمہیں چلاتا ہے خشکی میں

وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا

وَالْبَحْرِ	حَتّٰى	اِذَا	كُنْتُمْ	فِي الْفُلْكِ	وَجَرَيْنَ	بِهِمْ	بِرِيْحٍ	طَيِّبَةٍ	وَفَرِحُوْا	بِهَا
اور دریا	یہاں تک	جب	تم ہو	کشتی میں	اور وہ چلیں	ان کے ساتھ	ہوا کے ساتھ	پاکیزہ	اور وہ خوش ہوئے	اس سے

اور دریا میں، یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہو، اور وہ ان کے ساتھ (انہیں لیکر) پاکیزہ ہوا کے ساتھ چلیں، اور وہ اس سے خوش ہوئے

جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

جَآءَتْهَا	رِيْحٌ	عَاصِفٌ	وجَآءَهُمُ	الْمَوْجُ	مِنْ	كُلِّ مَكَانٍ	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ
اس پر آئی	ایک ہوا	تند و تیز	اور ان پر آئی	موج	سے	ہر جگہ (ہر طرف)	اور انہوں نے جان لیا	کہ وہ

اس (کشتی) پر ایک تند و تیز ہوا آئی، اور ان پر ہر طرف سے موجیں آگئیں، اور انہوں نے جان لیا کہ

اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ

اُحِيْطَ	بِهِمْ	دَعَوُا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ	لَئِنْ	اَنْجَيْتَنَا	مِنْ	هٰذِهٖ
گھیر لیا گیا	انہیں	وہ پکارنے لگے	اللہ	خالص ہو کر	اس کے	دین (بندگی)	البتہ اگر	تو نجات دے ہمیں	سے	اس

اُنہیں گھیر لیا گیا ہے، وہ اللہ کو پکارنے لگے اس کی بندگی میں خالص ہو کر، کہ اگر تو نے ہمیں اس سے نجات دے دی

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ

لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ	فَلَمَّآ	اَنْجٰىهُمْ	اِذَا	هُمْ	يَبْغُوْنَ	فِى	الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ
تو ہم ضرور ہوں گے	سے	شکر گزار (جمع)	پھر جب	انہیں نجات دیدی	اس وقت	وہ	سرکشی کرنے لگے	میں	زمین	ناحق

تو ہم ضرور تیرے شکر گزاروں میں سے ہوں گے پھر جب اس نے انہیں نجات دے دی اس وقت وہ زمین میں ناحق سرکشی کرنے لگے،

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّمَا	بَغْيُكُمْ	عَلٰٓى	اَنْفُسِكُمْ	مَّتَاعَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	ثُمَّ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُكُمْ
اے لوگو	اس کے سوا نہیں	تمہاری شرارت	پر	تمہاری جانیں	فائدے	زندگی	دنیا	پھر	ہماری طرف	تمہیں لوٹنا

اے لوگو! اس کے سوا نہیں کہ تمہاری شرارت (کا وبال) تمہاری جانوں پر ہے، دنیا کی زندگی کے فائدے (چند روزہ ہیں) پھر تمہیں ہماری طرف لوٹنا ہے

فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

فَنُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّمَا	مَثَلُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	كَمَآءٍ	اَنْزَلْنٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ
پھر ہم تبلا دیں گے تمہیں	وہ جو	تم کرتے	تھے	اسکے سوا نہیں	مثال	دنیا کی زندگی	جیسے پانی	ہم نے اسے اتارا	آسمان سے

پھر ہم تمہیں تبلا دیں گے جو تم کرتے تھے۔ اس کے سوا نہیں کہ دنیا کی زندگی کی مثال پانی جیسی ہے، ہم نے اسے آسمان سے اتارا

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ

فَاخْتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ	مِمَّا	يَاْكُلُ	النَّاسُ	وَ	الْاَنْعَامُ	حَتّٰٓى	اِذَآ
تو ملا جلا نکلا	اس سے	زمین کا سبزہ	جس سے	کھاتے ہیں	لوگ	اور	چوپائے	یہانتک کہ	جب

تو اس سے زمین کا سبزہ ملا جلا نکلا، جس سے لوگ اور چوپائے کھاتے ہیں، یہاں تک کہ جب

اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ لا

اَخَذَتِ	الْاَرْضُ	زُخْرُفَهَا	وَ	ازَّيَّنَتْ	وَظَنَّ	اَهْلُهَا	اَنَّهُمْ	قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَا
پکڑلی	زمین	اپنی رونق	اور	مزین ہوگئی	اور خیال کیا	زمین والے	کہ وہ	قدرت رکھتے ہیں اس پر

زمین نے اپنی رونق پکڑ لی، اور وہ مزین ہوگئی، اور زمین والوں نے خیال کیا کہ وہ اس پر قدرت رکھتے ہیں

اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ط

اَتٰىهَا	اَمْرُنَا	لَيْلًا	اَوْ نَهَارًا	فَجَعَلْنٰهَا	حَصِيْدًا	كَاَنْ	لَّمْ تَغْنَ	بِالْاَمْسِ
اس پر آیا	ہمارا حکم	رات میں	یا دن کے وقت	تو ہم نے کردیا	کٹا ہوا ڈھیر	گویا کہ	وہ نہ تھی	کل

تو اس پر (اچانک) ہمارا حکم رات میں یا دن کے وقت آیا، تو ہم نے اسے کٹا ہوا ڈھیر کر دیا گویا وہ کل تھی ہی نہیں،

كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ط

كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	وَاللّٰهُ	يَدْعُوْٓا	اِلٰى	دَارِ السَّلٰمِ
اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں	آیتیں	لوگوں کے لئے	جو غور و فکر کرتے ہیں	اور اللہ	بلاتا ہے	طرف	سلامتی کا گھر

اسی طرح ہم آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور و فکر کرتے ہیں۔ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے،

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى

وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوا	الْحُسْنٰى
اور ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہے	طرف	راستہ	سیدھا	وہ لوگ جو کہ	انہوں نے بھلائی کی	بھلائی ہے

اور جسے چاہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لئے بھلائی ہے

وَزِيَادَةٌ ط وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ط اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ج

وَزِيَادَةٌ	وَلَا يَرْهَقُ	وُجُوْهَهُمْ	قَتَرٌ	وَّلَا ذِلَّةٌ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ
اور زیادہ	اور نہ چڑھے گی	ان کے چہرے	سیاہی	اور نہ ذلت	وہی لوگ	جنت والے

اور (اس سے بھی) زیادہ، اور ان کے چہروں پر نہ سیاہی چڑھے گی اور نہ ذلت، وہی لوگ جنت والے ہیں،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا لا

هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	كَسَبُوا	السَّيِّاٰتِ	جَزَآءُ	سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا
وہ سب	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور وہ لوگ جو	انہوں نے کمائیں	برائیاں	بدلہ	برائی اس جیسا

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جن لوگوں نے برائیاں کمائیں (ان کا) بدلہ اُسی جیسی برائی ہے،

وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَاۤ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ

وَتَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	مَا لَهُمْ	مِّنَ	اللّٰهِ	مِنْ	عَاصِمٍ	كَاَنَّمَا	اُغْشِيَتْ	وُجُوْهُهُمْ
اور اُن پر چڑھے گی	ذلت	ان کے لئے نہیں	سے	اللہ	کوئی	بچانے والا	گویا کہ	ڈھانک دیئے گئے	ان کے چہرے

اور ان پر ذلت چڑھے گی ، ان کے لئے اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں ، گویا ان کے چہرے ڈھانک دیئے گئے

قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾

قِطَعًا	مِّنَ	الَّيْلِ	مُظْلِمًا	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
ٹکڑے	سے	رات	تاریک	وہی لوگ	جہنم والے	وہ سب	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

تاریک رات کے ٹکڑے سے ، وہی لوگ جہنم والے ہیں ، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَ

وَيَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	نَقُوْلُ	لِلَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	مَكَانَكُمْ	اَنْتُمْ	وَ
اور جس دن	ہم اکٹھا کریں گے انہیں	سب	پھر	ہم کہیں گے	ان لوگوں کو	جنہوں نے شرک کیا	اپنی جگہ	تم	اور

اور جس دن ہم اُن سب کو اکٹھا کریں گے پھر ان لوگوں کو کہیں گے جنہوں نے شرک کیا اپنی اپنی جگہ (رہو) تم اور

شُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾

شُرَكَآؤُكُمْ	فَزَيَّلْنَا	بَيْنَهُمْ	وَقَالَ	شُرَكَآؤُهُمْ	مَا كُنْتُمْ	اِيَّانَا	تَعْبُدُوْنَ
تمہارے شریک	پھر ہم جدائی ڈالدیں گے	انکے درمیان	اور کہیں گے	ان کے شریک	تم نہ تھے	ہماری	تم بندگی کرتے

تمہارے شریک ، پھر ہم ان کے درمیان جدائی ڈال دیں گے ، اور اُن کے شریک کہیں گے ، تم ہماری بندگی نہ کرتے تھے۔

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

فَكَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ	اِنْ	كُنَّا	عَنْ	عِبَادَتِكُمْ	لَغٰفِلِيْنَ
پس کافی	اللہ	گواہ	ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	کہ	ہم تھے	سے	تمہاری بندگی	البتہ بے خبر (جمع)

پس ہمارے اور تمہارے درمیان کافی ہے اللہ گواہ ، کہ ہم تمہاری بندگی سے بے خبر تھے۔

هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ

هُنَالِكَ	تَبْلُوْا	كُلُّ نَفْسٍ	مَّآ	اَسْلَفَتْ	وَرُدُّوْۤا	اِلَى	اللّٰهِ	مَوْلٰىهُمُ	الْحَقِّ
وہاں	جانچ لے گا	ہر کوئی	جو	اس نے بھیجا	اور وہ لوٹائے جائینگے	طرف	اللہ	ان کا (اپنا) مولیٰ	سچا

وہاں ہر کوئی جانچ لے گا جو اس نے آگے بھیجا تھا اور وہ اپنے سچے مولیٰ اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	قُلْ	مَنْ	يَّرْزُقُكُمْ	مِّنَ	السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
اور گم ہو جائے گا	ان سے	جو	وہ جھوٹ باندھتے تھے	آپؐ پوچھیں	کون	رزق دیتا ہے تمہیں	سے	آسمان اور زمین

اور اُن سے گم ہو جائے گا جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔ آپؐ پوچھیں کون آسمان اور زمین سے تمہیں رزق دیتا ہے؟

اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ

اَمَّنْ	يَّمْلِكُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَمَنْ	يُّخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ	الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ
یا کون	مالک ہے	کان	اور آنکھیں	اور کون	نکالتا ہے	زندہ	سے	مُردہ اور نکالتا ہے

یا کون کان اور آنکھوں کا مالک ہے؟ اور کون زندے کو مُردے سے نکالتا ہے؟ اور نکالتا ہے

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾

الْمَيِّتَ	مِنَ	الْحَيِّ	وَمَنْ	يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	اللّٰهُ	فَقُلْ	اَفَلَا تَتَّقُوْنَ
مُردہ	سے	زندہ	اور کون	تدبیر کرتا ہے کام	سو وہ بول اٹھیں گے	اللہ	آپ کہہ دیں	کیا پھر تم نہیں ڈرتے

مُردے کو زندہ سے؟ اور کون کاموں کی تدبیر کرتا ہے؟ سو وہ بول اُٹھیں گے اللہ! آپؐ کہہ دیں کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾

فَذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمُ	الْحَقُّ	فَمَاذَا	بَعْدَ الْحَقِّ	اِلَّا	الضَّلٰلُ	فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ
پس یہ ہے تمہارا	اللہ	تمہارا رب	سچا	پھر کیا رہ گیا	سچ کے بعد	سوائے	گمراہی	پس کدھر تم پھرے جاتے ہو

پس یہ ہے اللہ! تمہارا سچا رب، پھر سچ کے بعد گمراہی کے سوا کیا رہ گیا؟ پھر تم کدھر پھرے جاتے ہو؟

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ قُلْ

كَذٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	فَسَقُوْا	اَنَّهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	قُلْ
اسی طرح	سچی ہوئی	بات	تیرا رب	پر	وہ لوگ جو	انہوں نے نافرمانی کی	کہ وہ	ایمان نہ لائیں گے	آپؐ پوچھیں

اسی طرح تیرے رب کی بات ان لوگوں پر جنہوں نے نافرمانی کی سچی ہوئی کہ وہ ایمان نہ لائیں گے۔ آپؐ پوچھیں

هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

هَلْ	مِنْ	شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ	يَّبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	قُلِ	اللّٰهُ	يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ
کیا	سے	تمہارے شریک	جو	پہلی بار پیدا کرے	مخلوق	پھر اسے لوٹائے	آپؐ کہہ دیں	اللہ	پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق

کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ہے؟ جو پہلی بار مخلوق پیدا کرے۔ پھر اسے لوٹائے، آپؐ کہہ دیں اللہ پہلی بار پیدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ

ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	قُلْ	هَلْ	مِنْ	شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ	يَّهْدِيْٓ	اِلَى الْحَقِّ
پھر	اسے لوٹائے گا	پس کدھر	پلٹے جاتے ہو تم	آپ کہہ دیجیے	کیا	سے	تمہارے شریک	جو	راہ بتائے	حق کی طرف (صحیح)

پھر اسے لوٹائے گا، پس تم کدھر پلٹے جاتے ہو؟ آپ کہہ دیجیے کیا تمہارے شریکوں میں سے (کوئی ہے) جو صحیح راہ بتائے؟

قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ

قُلِ	اللّٰهُ	يَهْدِيْ	لِلْحَقِّ	اَفَمَنْ	يَّهْدِيْٓ	اِلَى الْحَقِّ	اَحَقُّ	اَنْ	يُّتَّبَعَ	اَمَّنْ
آپ کہہ دیں	اللہ	راہ بتاتا ہے	صحیح	پس کیا جو	راہ بتاتا ہے	حق کی طرف (صحیح)	زیادہ حقدار	کہ	پیروی کی جائے	یا جو

آپ کہہ دیں اللہ صحیح راہ بتاتا ہے، کیا جو صحیح راہ بتاتا ہے زیادہ حقدار ہے کہ اس کی پیروی کی جائے؟ یا وہ جو (خود بھی)

لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ

لَا يَهِدِّيْٓ	اِلَّآ	اَنْ	يُّهْدٰى	فَمَا لَكُمْ	كَيْفَ	تَحْكُمُوْنَ	وَ	مَا يَتَّبِعُ	اَكْثَرُهُمْ
وہ راہ نہیں پاتا	مگر	یہ کہ	اسے راہ دکھائی جائے	سو تمہیں کیا ہوا	کیسا	تم فیصلہ کرتے ہو	اور	پیروی نہیں کرتے	ان کے اکثر

راہ نہیں پاتا مگر یہ کہ اُسے راہ دکھائی جائے، سو تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کیا فیصلہ کرتے ہو؟ اور اُن میں سے اکثر پیروی نہیں کرتے

اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾

اِلَّا ظَنًّا	اِنَّ	الظَّنَّ	لَا يُغْنِيْ	مِنَ	الْحَقِّ	شَيْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌۢ	بِمَا يَفْعَلُوْنَ
مگر گمان	بیشک	گمان	نہیں کام دیتا	سے (کا)	حق	کچھ بھی	بیشک	اللہ	خوب جاننے والا ہے	وہ جو کرتے ہیں

مگر گمان کی، بیشک گمان حق (کی معرفت) کا کچھ بھی کام نہیں دیتا، بیشک اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ

وَ	مَا كَانَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنُ	اَنْ يُّفْتَرٰى	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَلٰكِنْ	تَصْدِيْقَ	الَّذِيْ
اور	نہیں ہے	یہ۔اس	قرآن	کہ وہ بنالے	سے	اللہ کے بغیر	اور لیکن	تصدیق	اس کی جو

اور یہ قرآن (ایسا) نہیں کہ کوئی اللہ کے (حکم کے) بغیر (اپنی طرف سے) بنالے، لیکن (یہ) اس کی تصدیق کرنے والا ہے جو

بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٧﴾

بَيْنَ يَدَيْهِ	وَتَفْصِيْلَ	الْكِتٰبِ	لَا رَيْبَ	فِيْهِ	مِنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اس سے پہلے	اور تفصیل	کتاب	کوئی شک نہیں	اس میں	سے	رب	تمام جہانوں

اس سے پہلے (نازل ہوا) اور کتاب کی تفصیل ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ تمام جہانوں کے رب (کی طرف) سے ہے۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم

أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَاهُ	قُلْ	فَأْتُوا	بِسُورَةٍ	مِّثْلِهِ	وَادْعُوا	مَنِ	اسْتَطَعْتُم
کیا	وہ کہتے ہیں	وہ اسے بنا لایا ہے	آپ کہدیں	پس لے آؤ تم	ایک ہی سورت	اس جیسی	اور بلا لو تم	جسے	تم بلا سکو

کیا وہ کہتے ہیں؛ کہ وہ اسے بنا لایا ہے، آپ کہدیں پس تم اس جیسی ایک ہی سورت لے آؤ اور جسے تم بلا سکو، بلا لو،

مِن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ

مِن	دُونِ اللَّهِ	إِن	كُنتُمْ	صَادِقِينَ	بَلْ	كَذَّبُوا	بِمَا	لَمْ يُحِيطُوا	بِعِلْمِهِ
سے	اللہ کے سوا	اگر	تم ہو	سچے	بلکہ	انہوں نے جھٹلایا	وہ جو	نہیں قابو پایا	اس کے علم پر

اللہ کے سوا، اگر تم سچے ہو۔ بلکہ انہوں نے اسے جھٹلایا جس کے علم پر انہوں نے قابو نہیں پایا،

وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ

وَلَمَّا	يَأْتِهِمْ	تَأْوِيلُهُ	كَذَٰلِكَ	كَذَّبَ	الَّذِينَ	مِن قَبْلِهِمْ	فَانظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اور ابھی نہیں	انکے پاس آئی	اس کی حقیقت	اسی طرح	جھٹلایا	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	پس آپ دیکھیں	کیسا	ہوا

اور اس کی حقیقت ابھی اُن کے پاس نہیں آئی، اسی طرح ان سے پہلوں نے جھٹلایا، پس آپ دیکھیں کیسا ہوا

عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَ

عَاقِبَةُ	الظَّالِمِينَ	وَمِنْهُم	مَن	يُؤْمِنُ	بِهِ	وَمِنْهُم	مَن	لَّا يُؤْمِنُ	بِهِ	وَ
انجام	ظالم (جمع)	اور ان میں سے	جو (بعض)	ایمان لائیں گے	اس پر	اور ان میں سے	جو (بعض)	نہیں ایمان لائیں گے	اس پر	اور

ظالموں کا انجام؟ اور ان میں سے بعض اس پر ایمان لائیں گے، اور ان میں سے بعض اس پر ایمان نہ لائیں گے، اور

۴ ع ۱۰ ۹

رَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ

رَبُّكَ	أَعْلَمُ	بِالْمُفْسِدِينَ	وَ	إِن	كَذَّبُوكَ	فَقُل	لِّي	عَمَلِي	وَلَكُمْ	عَمَلُكُمْ
تیرا رب	خوب جانتا ہے	فساد کرنے والوں کو	اور	اگر	وہ آپ کو جھٹلائیں	تو کہدیں	میرے لئے	میرے عمل	اور تمہارے لئے	تمہارے عمل

تیرا رب فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ کہدیں میرے لئے میرے عمل، اور تمہارے لئے تمہارے عمل،

أَنتُمْ بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ

أَنتُمْ	بَرِيئُونَ	مِمَّا	أَعْمَلُ	وَأَنَا	بَرِيءٌ	مِّمَّا	تَعْمَلُونَ	وَ	مِنْهُم	مَّن	يَسْتَمِعُونَ
تم	جواب دہ نہیں	اس کے جو	میں کرتا ہوں	اور میں	جواب دہ نہیں	اس کا جو	تم کرتے ہو	اور	ان میں سے	جو (بعض)	کان لگاتے ہیں

تم اس کے جوابدہ نہیں جو میں کرتا ہوں، اور میں اس کا جوابدہ نہیں جو تم کرتے ہو۔ اور ان میں سے بعض کان لگاتے ہیں

إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ

إِلَيْكَ	أَفَأَنتَ	تُسْمِعُ	الصُّمَّ	وَلَوْ	كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ	وَمِنْهُم	مَّن يَنظُرُ
آپؐ کی طرف	تو کیا تم	سنا ؤ گے	بہرے	خواہ	وہ عقل نہ رکھتے ہوں	اور ان سے	جو (بعض) دیکھتے ہیں

آپؐ کی طرف، تو کیا تم بہروں کو سناؤ گے؟ خواہ وہ عقل نہ رکھتے ہوں - اور ان میں سے بعض دیکھتے ہیں

إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ﴿۴۳﴾ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ

إِلَيْكَ	أَفَأَنتَ	تَهْدِي	الْعُمْيَ	وَلَوْ	كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ	إِنَّ	اللَّهَ	لَا يَظْلِمُ
آپؐ کی طرف	پس کیا تم	راہ دکھا دو گے	اندھے	خواہ	وہ دیکھتے نہ ہوں	بیشک	اللہ	ظلم نہیں کرتا

آپؐ کی طرف، تو کیا آپؐ اندھوں کو راہ دکھا دیں گے؟ خواہ وہ دیکھتے نہ ہوں- بیشک اللہ ظلم نہیں کرتا

النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿۴۴﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن

النَّاسَ	شَيْئًا	وَلَٰكِنَّ	النَّاسَ	أَنفُسَهُمْ	يَظْلِمُونَ	وَيَوْمَ	يَحْشُرُهُمْ	كَأَن
لوگ	کچھ بھی	اور لیکن	لوگ	اپنے آپ پر	ظلم کرتے ہیں	اور جس دن	جمع کرے گا انہیں	گویا

لوگوں پر کچھ بھی، لیکن لوگ اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں - اور جس دن وہ (یوم حشر) انہیں جمع کرے گا گویا

لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا

لَّمْ يَلْبَثُوا	إِلَّا	سَاعَةً	مِّنَ النَّهَارِ	يَتَعَارَفُونَ	بَيْنَهُمْ	قَدْ خَسِرَ	الَّذِينَ كَذَّبُوا
وہ نہ رہے تھے	مگر	ایک گھڑی	دن سے (کی)	وہ پہچانیں گے	آپس میں	البتہ خسارہ میں رہے	وہ لوگ انہوں نے جھٹلایا

وہ (دنیا میں) نہ رہے تھے، مگر دن کی ایک گھڑی، آپس میں پہچانیں گے، البتہ وہ خسارے میں رہے جنہوں نے جھٹلایا

بِلِقَاءِ اللَّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿۴۵﴾ وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ

بِلِقَاءِ اللَّهِ	وَمَا كَانُوا	مُهْتَدِينَ	وَإِمَّا	نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِي	نَعِدُهُمْ
اللہ سے ملنے کو	وہ نہ تھے	ہدایت پانے والے	اور اگر	ہم تجھے دکھا دیں	بعض (کچھ)	وہ جو	وعدہ کرتے ہیں ہم ان سے

اللہ سے ملنے کو، اور وہ ہدایت پانے والے نہ تھے - اور اگر ہم تمہیں بعض وعدے دکھا دیں جو ہم ان سے کر رہے ہیں

أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ﴿۴۶﴾ وَلِكُلِّ

أَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَإِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	ثُمَّ	اللَّهُ	شَهِيدٌ	عَلَىٰ	مَا يَفْعَلُونَ	وَلِكُلِّ
یا	ہم تمہیں اٹھا لیں	پس ہماری طرف	ان کا لوٹنا	پھر	اللہ	گواہ	پر	جو وہ کرتے ہیں	اور ہر ایک کے لئے

یا ہم تمہیں (دنیا سے) اٹھا لیں، پس انہیں ہماری طرف لوٹنا ہے، پھر اللہ اس پر گواہ ہے جو وہ کرتے ہیں- اور ہر ایک

أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۚ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾

أُمَّةٍ	رَّسُولٌ	فَإِذَا	جَاءَ	رَسُولُهُمْ	قُضِيَ	بَيْنَهُم	بِالْقِسْطِ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُونَ
امت	رسول	پس جب	آ گیا	ان کا رسول	فیصلہ کر دیا گیا	ان کے درمیان	انصاف کے ساتھ	اور وہ	ظلم نہیں کیے جاتے

امت کے لئے ایک رسول ہے، پس جب اُن کا رسول آ گیا، ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا، اور اُن پر ظلم نہیں کیا جاتا۔

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي

وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هَٰذَا	الْوَعْدُ	إِن	كُنتُمْ	صَادِقِينَ	قُلْ	لَّا أَمْلِكُ	لِنَفْسِي
اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ	اگر	تم ہو	سچے	آپ کہدیں	نہیں مالک ہوں میں	اپنی جان کے لئے

اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا؟ اگر تم سچے ہو۔ آپ کہہ دیں میں اپنی جان کے لئے مالک نہیں ہوں

ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ

ضَرًّا	وَلَا نَفْعًا	إِلَّا	مَا	شَاءَ اللَّهُ	لِكُلِّ أُمَّةٍ	أَجَلٌ	إِذَا	جَاءَ	أَجَلُهُمْ
کسی نقصان	اور نہ نفع	مگر	جو	چاہے اللہ	ہر ایک امت کے لئے	ایک وقت مقرر	جب	آ جائے گا	ان کا وقت

کسی نقصان کا نہ نفع کا، مگر جو اللہ چاہے، ہر ایک امت کے لئے ایک وقت مقرر ہے، جب ان کا وقت آ جائے گا

فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ

فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ	سَاعَةً	وَ	لَا	يَسْتَقْدِمُونَ	قُلْ	أَرَأَيْتُمْ	إِنْ أَتَاكُمْ	عَذَابُهُ
پس نہ تاخیر کریں گے وہ	ایک گھڑی	اور	نہ	جلدی کریں گے وہ	آپ کہدیں	بھلا تم دیکھو	اگر تم پر آئے	اس کا عذاب

پس نہ وہ ایک گھڑی تاخیر کریں گے، نہ جلدی کر سکیں گے۔ آپ کہہ دیں بھلا تم دیکھو اگر تم پر اس کا عذاب آئے

بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٠﴾ أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ

بَيَاتًا	أَوْ نَهَارًا	مَّاذَا	يَسْتَعْجِلُ	مِنْهُ	الْمُجْرِمُونَ	أَثُمَّ	إِذَا	مَا وَقَعَ
رات کو	یا دن کے وقت	کیا ہے وہ	جلدی کرتے ہیں	اس سے۔ اس کی	مجرم (جمع)	کیا پھر	جب	واقع ہو گا

رات کو یا دن کے وقت، تو وہ کیا ہے جس کی مجرم جلدی کر رہے ہیں؟ کیا پھر جب واقع ہو جائے گا (اُس وقت)

آمَنتُم بِهِ ۚ آلْآنَ وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا

آمَنتُم	بِهِ	آلْآنَ	وَ	قَدْ كُنتُم	بِهِ	تَسْتَعْجِلُونَ	ثُمَّ	قِيلَ	لِلَّذِينَ	ظَلَمُوا
تم ایمان لاؤ گے	اس پر	اب	اور	البتہ تم تھے	اس کی	تم جلدی مچاتے	پھر	کہا جائے گا	ان لوگوں کو جو	(انہوں نے ظلم کیا (ظالم)

تم اس پر ایمان لاؤ گے؟ اب (مانتے ہو) البتہ تم اس کی جلدی مچاتے تھے۔ پھر ظالموں کو کہا جائے گا

ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ

ذُوْقُوْا	عَذَابَ	الْخُلْدِ	هَلْ	تُجْزَوْنَ	اِلَّا	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	وَ	يَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ
تم چکھو	عذاب	ہمیشگی	کیا نہیں	تمہیں بدلہ دیا جاتا	مگر	وہ جو	تم کماتے تھے	اور	آپؐ سے پوچھتے ہیں

تم ہمیشگی کا عذاب چکھو، کہیں وہی بدلہ دیا جاتا ہے جو تم کماتے تھے۔ اور آپؐ سے پوچھتے ہیں

ع ۵ ۱۳ ۱۰

اَحَقٌّ هُوَ ۭ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۭ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ

اَحَقٌّ	هُوَ	قُلْ	اِيْ	وَرَبِّيْٓ	اِنَّهٗ	لَحَقٌّ	وَمَآ	اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	وَلَوْ	اَنَّ	لِكُلِّ
کیا سچ ہے	وہ	آپ کہدیں	ہاں	میرے رب کی قسم	بیشک وہ	ضرور سچ	اور نہیں	تم ہو	عاجز کرنے والے	اور اگر	ہو	ہر ایک کے لئے

کیا وہ سچ ہے؟ آپؐ کہدیں ہاں! میرے رب کی قسم! بیشک وہ ضرور سچ ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں۔ اور اگر (خواہ) ہر

نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا

نَفْسٍ	ظَلَمَتْ	مَا	فِي الْاَرْضِ	لَافْتَدَتْ	بِهٖ	وَاَسَرُّوا	النَّدَامَةَ	لَمَّا
شخص	اس نے ظلم کیا (ظالم)	جو کچھ	زمین میں	البتہ فدیہ دے دے	اس کو	اور وہ چھپے چھپے ہوں گے	پشیمان	جب

ظالم شخص کے لئے (وہ سب کچھ) ہو جو زمین میں ہے (اور) وہ اس کو فدیہ میں دیدے اور وہ چھپے چھپے پشیمان ہوں گے جب

رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا

رَاَوُا	الْعَذَابَ	وَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	اَلَآ	اِنَّ	لِلّٰهِ مَا
وہ دیکھیں گے	عذاب	اور فیصلہ ہوگا	ان کے درمیان	انصاف کے ساتھ	اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	یاد رکھو	بیشک	اللہ کیلئے جو

عذاب دیکھیں گے، اور ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ ہوگا، اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔ یاد رکھو! اللہ کے لئے ہے جو

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اَلَآ	اِنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
آسمانوں میں	اور زمین	یاد رکھو	بیشک	اللہ کا وعدہ	سچ	اور لیکن	ان کے اکثر	جانتے نہیں

آسمانوں میں اور زمین میں ہے، یاد رکھو! بیشک اللہ کا وعدہ سچ ہے، لیکن ان کے اکثر جانتے نہیں۔

هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ

هُوَ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	قَدْ جَاۗءَتْكُمْ	مَّوْعِظَةٌ
وہی	زندگی دیتا ہے	اور مارتا ہے	اور اسکی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اے	لوگو	تحقیق آگئی تمہارے پاس	نصیحت

وہی زندگی دیتا ہے، اور وہی مارتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اے لوگو! تحقیق تمہارے پاس آگئی نصیحت

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

مِنْ	رَّبِّكُمْ	وَشِفَآءٌ	لِّمَا	فِي الصُّدُوْرِ	وَهُدًى	وَرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
سے	تمہارا رب	اور شفاء	اسکے لئے جو	سینوں (دلوں) میں	اور ہدایت	اور رحمت	مومنوں کے لئے

تمہارے رب کی طرف سے، اور شفا اس (روگ) کے لئے جو دلوں میں ہے، اور مومنوں کے لئے ہدایت و رحمت۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾

قُلْ	بِفَضْلِ	اللّٰهِ	وَبِرَحْمَتِهٖ	فَبِذٰلِكَ	فَلْيَفْرَحُوْا	هُوَ	خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ
آپ کہدیں	فضل سے	اللہ	اور اس کی رحمت سے	سو اس پر	وہ خوشی منائیں	وہ - یہ	بہتر	اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں

آپ کہدیں، اللہ کے فضل سے، اور اس کی رحمت سے سو وہ اس پر خوشی منائیں، یہ اس (سب) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ۭ

قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	مَّآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	مِّنْ	رِّزْقٍ	فَجَعَلْتُمْ	مِّنْهُ	حَرَامًا	وَّحَلٰلًا
آپ کہدیں	بھلا دیکھو	جو اس نے اتارا	اللہ	تمہارے لئے	سے	رزق	پھر تم نے بنا لیا	اس سے	کچھ حرام	اور کچھ حلال

آپ کہدیں، بھلا دیکھو جو اللہ نے تمہارے لئے رزق اتارا، پھر تم نے اس میں سے کچھ حرام بنا لیا، اور کچھ حلال،

قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ

قُلْ	آٰللّٰهُ	اَذِنَ	لَكُمْ	اَمْ	عَلَى اللّٰهِ	تَفْتَرُوْنَ	وَمَا	ظَنُّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ
آپ کہدیں	کیا اللہ	حکم دیا	تمہیں	یا	اللہ پر	تم جھوٹ باندھتے ہو	اور کیا	خیال	وہ لوگ جو	گھڑتے ہیں

آپ کہہ دیں، کیا اللہ نے تمہیں حکم دیا؟ یا اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو؟ اور ان لوگوں کا کیا خیال ہے؟ جو گھڑتے ہیں

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَذُوْ فَضْلٍ	عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ
اللہ پر	جھوٹ	قیامت کے دن	بیشک	اللہ	فضل کرنے والا	لوگوں پر	اور لیکن

اللہ پر جھوٹ، قیامت کے دن (ان کا کیا حال ہوگا) بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے، لیکن

ع ۶ ۷ ۱۱

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ

اَكْثَرَهُمْ	لَا يَشْكُرُوْنَ	وَ	مَا تَكُوْنُ	فِيْ شَاْنٍ	وَمَا تَتْلُوْا	مِنْهُ	مِنْ	قُرْاٰنٍ
ان کے اکثر	شکر نہیں کرتے	اور	نہیں ہوتے تم	کسی حال میں	اور نہیں پڑھتے	اس سے	سے کچھ	قرآن

ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے۔ اور تم نہیں ہوتے کسی حال میں، اور نہ اس میں سے کچھ قرآن پڑھتے ہو،

وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا

وَلَا	تَعْمَلُوْنَ	مِنْ عَمَلٍ	اِلَّا	كُنَّا	عَلَيْكُمْ	شُهُوْدًا	اِذْ تُفِيْضُوْنَ	فِيْهِ	وَمَا
اور نہیں کرتے	کوئی عمل	مگر	ہم ہوتے ہیں	تم پر	گواہ	جب تم مشغول ہوتے ہو	اس میں	اور نہیں

اور نہ کوئی عمل کرتے ہو، مگر ہم تم پر گواہ (باخبر) ہوتے ہیں جب تم اس میں مشغول ہوتے ہو، اور نہیں

يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَلَآ

يَعْزُبُ	عَنْ	رَّبِّكَ	مِنْ	مِثْقَالِ	ذَرَّةٍ	فِى الْاَرْضِ	وَلَا	فِى	السَّمَآءِ	وَلَا
غائب	سے	تمہارا رب	سے	برابر	ایک ذرّہ	زمین میں	اور نہ	میں	آسمان	اور نہ

تمہارے رب سے غائب ایک ذرّہ برابر بھی زمین میں، اور نہ آسمان میں، اور نہ

اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ

اَصْغَرَ	مِنْ	ذٰلِكَ	وَلَا	اَكْبَرَ	اِلَّا	فِىْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	اَلَآ	اِنَّ	اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ
چھوٹا	سے	اس	اور نہ	بڑا	مگر	میں	کتاب روشن	یاد رکھو	بیشک	اللہ کے دوست

اس سے چھوٹا اور نہ بڑا، مگر روشن کتاب میں ہے۔ یاد رکھو! بیشک (جو) اللہ کے دوست ہیں

لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ لَهُمُ

لَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا	يَتَّقُوْنَ	لَهُمُ
نہ کوئی خوف	ان پر	اور نہ	وہ	غمگین ہوں گے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور وہ رہے	تقویٰ کرتے رہے	ان کے لئے

نہ کوئی خوف ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور تقویٰ (خوفِ خدا اور پرہیزگاری) کرتے رہے۔ ان کے لئے

الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

الْبُشْرٰى	فِى	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَ	فِى	الْاٰخِرَةِ	لَا تَبْدِيْلَ	لِكَلِمٰتِ	اللّٰهِ	ذٰلِكَ
بشارت	میں	دنیا کی زندگی	اور	میں	آخرت	تبدیلی نہیں	باتوں میں	اللہ	یہ

بشارت ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں، اللہ کی باتوں میں کوئی تبدیلی نہیں، یہی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾ ؕ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ؕ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ

هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	وَلَا	يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّ	الْعِزَّةَ	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا	هُوَ
وہ	کامیابی	بڑی	اور نہ	تمہیں غمگین کرے	ان کی بات	بیشک	غلبہ	اللہ کے لئے	تمام	وہ

بڑی کامیابی ہے۔ اور اُن کی بات تمہیں غمگین نہ کرے۔ بیشک تمام غلبہ اللہ کے لئے ہے، وہ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٥﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا

السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	اَلَآ	اِنَّ	لِلّٰهِ	مَنْ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ	فِى الْاَرْضِ	وَمَا
سُننے والا	جاننے والا	یاد رکھو	بیشک	اللہ کے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	کیا۔کس

سُننے والا، جاننے والا ہے۔ یاد رکھو! بیشک جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اللہ کے لئے ہے، اور کسی

يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ

يَتَّبِعُ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	شُرَكَآءَ	اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَ
پیروی کرتے ہیں	وہ لوگ جو	پکارتے ہیں	سوائے	اللہ	شریک (جمع)	وہ نہیں پیروی کرتے	مگر	گمان	اور

کی پیروی (نہیں) کرتے وہ لوگ جو اللہ کے سوا شریکوں کو پکارتے ہیں مگر (صرف) گمان کی پیروی کرتے ہیں، اور

اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ

اِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	هُوَ	الَّذِىْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الَّيْلَ	لِتَسْكُنُوْا	فِيْهِ
نہیں	وہ	مگر (صرف)	اٹکلیں دوڑاتے ہیں	وہی	جو۔جس	بنایا	تمہارے لئے	رات	تاکہ تم سکون حاصل کرو	اس میں

وہ صرف اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔ وہی ہے جس نے بنائی تمہارے لئے رات تاکہ تم اس میں سکون حاصل کرو،

وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	اِنَّ	فِىْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ	قَالُوا	اتَّخَذَ	اللّٰهُ
اور دن	دکھانے والا (روشن)	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	سننے والے لوگوں کے لئے	وہ کہتے ہیں	بنالیا	اللہ

اور دن روشن، بیشک اس میں سُننے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں۔ وہ کہتے ہیں اللہ نے بنا لیا

وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِىُّ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ

وَلَدًا	سُبْحٰنَهٗ	هُوَ	الْغَنِىُّ	لَهٗ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الْاَرْضِ	اِنْ	عِنْدَكُمْ
بیٹا	وہ پاک ہے	وہ	بے نیاز	اسکے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	نہیں	تمہارے پاس

(اپنا) بیٹا۔ وہ پاک ہے، وہ بے نیاز ہے، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے، تمہارے پاس نہیں ہے

مِّنْ سُلْطٰنٍ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ اِنَّ

مِنْ	سُلْطٰنٍ	بِهٰذَا	اَتَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	قُلْ	اِنَّ
کوئی	دلیل	اس کے لئے	کیا تم کہتے ہو	اللہ پر	جو	تم نہیں جانتے	آپ کہدیں	بیشک

اس کے لئے کوئی دلیل، کیا تم اللہ پر وہ بات کہتے ہو جو تم جانتے نہیں؟ آپ کہہ دیں، بیشک

الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ

الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا يُفْلِحُوْنَ	مَتَاعٌ	فِي الدُّنْيَا	ثُمَّ
وہ لوگ جو	گھڑتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	وہ فلاح نہیں پائیں گے	کچھ فائدہ	دنیا میں	پھر

وہ لوگ جو اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہیں فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پائیں گے - دنیا میں کچھ فائدہ ہے ، پھر ع

اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

اِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	ثُمَّ	نُذِيْقُهُمُ	الْعَذَابَ	الشَّدِيْدَ	بِمَا	كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ
ہماری طرف	ان کو لوٹنا	پھر	ہم چکھائیں گے انہیں	عذاب	شدید	اس کے بدلے	وہ کفر کرتے تھے

ان کو ہماری طرف لوٹنا ہے ، پھر ہم انہیں شدید عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے اس کے بدلے جو وہ کفر کرتے تھے -

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	نُوْحٍ	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اِنْ كَانَ	كَبُرَ	عَلَيْكُمْ	مَقَامِيْ
اور پڑھو	ان پر (انہیں)	خبر (قصہ)	نوحؑ	جب اس نے کہا	اپنی قوم سے	اے میری قوم	اگر ہے	گراں	تم پر	میرا قیام

اور آپؐ انہیں نوحؑ کا قصہ پڑھ کر سنائیں ، جب اس نے اپنی قوم سے کہا ، اے میری قوم ! اگر تم پر گراں ہے میرا قیام

وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ

وَتَذْكِيْرِيْ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	فَعَلَى اللّٰهِ	تَوَكَّلْتُ	فَاَجْمِعُوْٓا	اَمْرَكُمْ	وَشُرَكَآءَكُمْ
اور میرا نصیحت کرنا	اللہ کی آیتوں سے	پس اللہ پر	میں نے بھروسہ کیا	پس تم مقرر کر لو	اپنا کام	اور تمہارے شریک

اور میرا اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا ، تو میں نے اللہ پر بھروسہ کیا ، پس تم اور تمہارے شریک اپنا کام مقرر (پکا) کر لو

ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ

ثُمَّ	لَا يَكُنْ	اَمْرُكُمْ	عَلَيْكُمْ	غُمَّةً	ثُمَّ	اقْضُوْٓا	اِلَيَّ	وَ	لَا تُنْظِرُوْنِ	فَاِنْ
پھر	نہ رہے	تمہارا کام	تم پر	کوئی شبہ	پھر	تم کر گزرو	میرے ساتھ	اور	مجھے مہلت نہ دو	پھر اگر

(تاکہ) پھر تمہیں اپنے کام پر کوئی شبہ نہ رہے ، پھر میرے ساتھ کر گزرو ، اور مجھے مہلت نہ دو - پھر اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ

تَوَلَّيْتُمْ	فَمَا سَاَلْتُكُمْ	مِّنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلَى اللّٰهِ	وَاُمِرْتُ	اَنْ اَكُوْنَ
تم منہ پھیر لو	تو میں نے نہیں مانگا تم سے	کوئی اجر	تو صرف	میرا اجر	مگر (صرف)	اللہ پر	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ میں رہوں

تم منہ پھیر لو تو میں نے تم سے کوئی اجر نہیں مانگا ، میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے ، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں رہوں

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ

مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَنَجَّيْنٰهُ	وَمَنْ	مَّعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	وَجَعَلْنٰهُمْ
سے	فرمانبردار (جمع)	تو انہوں نے اسے جھٹلایا	سو ہم نے بچا لیا اسے	اور جو	اس کے ساتھ	کشتی میں	اور ہم نے بنایا انہیں

فرمانبرداروں میں سے۔ تو انہوں نے اسے (نوحؑ) کو جھٹلایا، سو ہم نے بچا لیا اُسے اور انہیں جو اس کے ساتھ کشتی میں تھے، اور ہم نے انہیں

خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾

خَلٰٓئِفَ	وَاَغْرَقْنَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ
جانشین	اور ہم نے غرق کر دیا	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	سو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	ڈرائے گئے لوگ

جانشین بنایا، اور اُن لوگوں کو غرق کر دیا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، سو دیکھو (ان لوگوں کا) انجام کیسا ہوا؟ جنہیں ڈرایا گیا تھا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا

ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رُسُلًا	اِلٰى	قَوْمِهِمْ	فَجَآءُوْهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا
پھر	ہم نے بھیجے	اس کے بعد	کئی رسول	طرف	ان کی قوم	وہ آئے ان کے پاس	روشن دلیلوں کے ساتھ	سو ان سے نہ ہوا کہ وہ ایمان لے آئیں

پھر ہم نے اس (نوحؑ) کے بعد کئی رسول انکی قوم کی طرف بھیجے تو وہ ان کے پاس روشن دلیلوں کے ساتھ آئے، سو اُن سے نہ ہوا کہ وہ ایمان لے آئیں

بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا

بِمَا	كَذَّبُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ	كَذٰلِكَ	نَطْبَعُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الْمُعْتَدِيْنَ	ثُمَّ	بَعَثْنَا
اس پر جو	انہوں نے جھٹلایا	اس کو	اس سے قبل	اسی طرح	ہم مہر لگاتے ہیں	پر	دل (جمع)	حد سے بڑھنے والے	پھر	ہم نے بھیجا

(اس رات) پر جسے وہ اس سے قبل جھٹلا چکے تھے، اسی طرح ہم حد سے بڑھنے والوں کے دلوں پر مہر لگاتے ہیں۔ پھر ہم نے بھیجا

مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	مُّوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	بِاٰيٰتِنَا	فَاسْتَكْبَرُوْا
ان کے بعد	موسیٰؑ	اور ہارونؑ	طرف	فرعون	اس کے سردار	اپنی نشانیوں کے ساتھ	تو انہوں نے تکبر کیا

ان کے بعد موسیٰؑ اور ہارونؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے سرداروں (درباریوں) کی طرف، تو انہوں نے تکبر کیا

وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا

وَكَانُوْا	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	مِنْ	عِنْدِنَا	قَالُوْٓا	اِنَّ	هٰذَا
اور وہ تھے	لوگ	گنہگار (جمع)	تو جب	آیا ان کے پاس	حق	سے	ہماری طرف	وہ کہنے لگے	بیشک	یہ

اور وہ گنہگار لوگ تھے۔ تو جب اُن کے پاس ہماری طرف سے حق پہنچا تو وہ کہنے لگے "بے شک یہ

لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ

لَسِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	قَالَ	مُوْسٰٓى	اَتَقُوْلُوْنَ	لِلْحَقِّ لَمَّا	جَآءَكُمْ	اَسِحْرٌ	هٰذَا
البتہ جادو	کھلا	کہا	موسیٰ ؑ	کیا تم کہتے ہو	حق کیلئے (نسبت) جب	وہ آگیا تمہارے پاس	کیا جادو	یہ

البتہ کھلا جادو ہے۔ موسیٰ ؑ نے کہا، کیا تم حق کی نسبت (ایسا) کہتے ہو جب وہ تمہارے پاس آگیا، کیا یہ جادو ہے؟

وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ

وَلَا يُفْلِحُ	السّٰحِرُوْنَ	قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا	لِتَلْفِتَنَا	عَمَّا	وَجَدْنَا	عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا	وَتَكُوْنَ
اور کامیاب نہیں ہوتے	جادوگر	وہ بولے	کیا تو آیا ہمارے پاس	کہ پھیر دے ہمیں	اس سے جو	پایا ہم نے	اس پر اپنے باپ دادا	اور ہو جائے

اور جادوگر کامیاب نہیں ہوتے۔ وہ بولے کیا تو ہمارے پاس (اس لئے) آیا ہے کہ ہمیں اس سے پھیر دے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اور ہو جائے

لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

لَكُمَا	الْكِبْرِيَآءُ	فِى الْاَرْضِ	وَمَا	نَحْنُ	لَكُمَا	بِمُؤْمِنِيْنَ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ
تم دونوں کے لئے	بڑائی	زمین میں	اور نہیں	ہم	تم دونوں کے لئے	ایمان لانے والوں میں سے	اور کہا	فرعون

تم دونوں کے لئے زمین میں بڑائی (سرداری مل جائے) اور ہم تم دونوں کے ماننے والوں میں سے نہیں۔ اور فرعون نے کہا

ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ

ائْتُوْنِىْ	بِكُلِّ	سٰحِرٍ	عَلِيْمٍ	فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالَ	لَهُمْ	مُّوْسٰٓى	اَلْقُوْا	مَآ
لے آؤ میرے پاس	ہر	جادوگر	علم والا	پھر جب	آگئے	جادوگر	کہا	ان سے	موسیٰ ؑ	تم ڈالو	جو

میرے پاس ہر علم والا جادوگر لے آؤ۔ پھر جب جادوگر آ گئے تو موسیٰ نے اُن سے کہا تم ڈالو، جو

اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ	فَلَمَّآ	اَلْقَوْا	قَالَ	مُوْسٰى	مَا	جِئْتُمْ بِهِ	السِّحْرُ	اِنَّ اللّٰهَ
تم	ڈالنے والے ہو	پھر جب	انہوں نے ڈالا	کہا	موسیٰ ؑ	جو	تم لائے ہو	جادو	بیشک اللہ

ڈالنے والے ہو (تمہیں ڈالنا ہے)۔ پھر انہوں نے ڈالا تو موسیٰ ؑ نے کہا تم جو لائے ہو جادو ہے، بیشک اللہ

سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ

سَيُبْطِلُهٗ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُصْلِحُ	عَمَلَ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَيُحِقُّ	اللّٰهُ	الْحَقَّ	بِكَلِمٰتِهٖ
ابھی باطل کر دے گا اسے	بیشک اللہ	نہیں درست کرتا	کام	فساد کرنے والے	اور حق کر دے گا	اللہ	حق	اپنے حکم سے

ابھی اسے باطل کر دے گا، بیشک اللہ فساد کرنے والوں کے کام درست نہیں کرتا۔ اور اللہ حق کو اپنے حکم سے حق (ثابت) کر دے گا

٨ ع ١٢ ١٣

وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ

وَلَوْ	كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ	فَمَآ	اٰمَنَ	لِمُوْسٰٓى	اِلَّا	ذُرِّيَّةٌ	مِّنْ	قَوْمِهٖ	عَلٰى خَوْفٍ
خواہ	ناپسند کریں	جمع مجرم (گنہگار)	سو نہ	ایمان لایا	موسیٰ ؑ پر	مگر	چند لڑکے	سے	اس کی قوم	خوف کی وجہ سے

خواہ گنہگار ناپسند کریں ۔ سو موسیٰ ؑ پر کوئی ایمان نہ لایا مگر اس کی قوم کے چند لڑکے خوف کی وجہ سے

مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ ۚ

مِنْ	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهِمْ	اَنْ	يَّفْتِنَهُمْ	وَاِنَّ	فِرْعَوْنَ	لَعَالٍ	فِى الْاَرْضِ
سے (کے)	فرعون	اور ان کے سردار	کہ	وہ آفت میں ڈالے انہیں	اور بیشک	فرعون	سرکش	میں زمین

فرعون اور ان کے سرداروں کے، کہ وہ انہیں آفت میں نہ ڈال دے، اور بیشک فرعون زمین (ملک) میں سرکش تھا،

وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

وَاِنَّهٗ	لَمِنَ	الْمُسْرِفِيْنَ	وَقَالَ	مُوْسٰى	يٰقَوْمِ	اِنْ	كُنْتُمْ	اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ
اور بیشک وہ	البتہ سے	حد سے بڑھنے والے	اور کہا	موسیٰ ؑ نے	اے میری قوم	اگر	تم ہو	ایمان لائے اللہ پر

اور بیشک وہ حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا ۔ اور موسیٰ ؑ نے کہا اے میری قوم ! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو

فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿٨٤﴾ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

فَعَلَيْهِ	تَوَكَّلُوْٓا	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّسْلِمِيْنَ	فَقَالُوْا	عَلَى اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا
تو اس پر	بھروسہ کرو	اگر	تم ہو	فرمانبردار (جمع)	تو انہوں نے کہا	اللہ پر	ہم نے بھروسہ کیا	اے ہمارے رب	نہ بنا ہمیں

تو اسی پر بھروسہ کرو اگر تم فرمانبردار ہو ۔ تو انہوں نے کہا ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا ، اے ہمارے رب ! ہمیں نہ بنا

فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾

فِتْنَةً	لِّلْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَنَجِّنَا	بِرَحْمَتِكَ	مِنَ	الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ
تختۂ مشق	قوم کا	ظالم (جمع)	اور ہمیں چھڑا دے	اپنی رحمت سے	سے	قوم کافر (جمع)

ظالموں کی قوم کا تختۂ مشق ۔ اور ہمیں اپنی رحمت سے کافروں کی قوم سے چھڑا دے ۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا

وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى	مُوْسٰى	وَاَخِيْهِ	اَنْ تَبَوَّاٰ	لِقَوْمِكُمَا	بِمِصْرَ	بُيُوْتًا	وَاجْعَلُوْا
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰ ؑ	اور اس کا بھائی	کہ گھر بناؤ تم	اپنی قوم کے لئے	مصر میں	گھر	اور بناؤ

اور ہم نے موسیٰ ؑ اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی قوم کے لئے مصر میں گھر بناؤ اور بناؤ

بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَا

بُيُوْتَكُمْ	قِبْلَةً	وَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ قَالَ	مُوْسٰى رَبَّنَا
اپنے گھر	قبلہ رُو	اور قائم کرو	نماز	اور خوشخبری دو	مومن (جمع)	اور کہا	موسیٰ نے اے ہمارے رب

ہارونؑ	اس سے پہلے	اے میری قوم	اسکے سوا نہیں	تم آزمائے گئے	اس سے	اور بیشک	تمہارا رب	"رحمٰن" ہے	سو میری پیروی کرو

ہارونؑ نے اس سے پہلے کہا تھا کہ اے میری قوم! اس کے سوا نہیں کہ تم اس سے آزمائے گئے ہو اور بیشک تمہارا رب "رحمٰن" ہے سو میری پیروی کرو

وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾

وَاَطِيْعُوْٓا	اَمْرِيْ	قَالُوْا	لَنْ نَّبْرَحَ	عَلَيْهِ	عٰكِفِيْنَ	حَتّٰى	يَرْجِعَ	اِلَيْنَا	مُوْسٰى
اور اطاعت کرو (مانو)	میری بات	انہوں نے کہا	ہم ہرگز جدا نہ ہونگے	اس پر	جمے ہوئے	یہانتک کہ	لوٹے	ہماری طرف	موسیٰؑ

اور میری بات مانو، انہوں نے کہا ہم ہرگز اس سے جدا نہ ہونگے جمے ہوئے (بیٹھے رہیں گے) یہاں تک کہ موسیٰؑ ہماری طرف لوٹے۔

قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾

قَالَ	يٰهٰرُوْنُ	مَا مَنَعَكَ	اِذْ	رَاَيْتَهُمْ	ضَلُّوْٓا	اَلَّا تَتَّبِعَنِ	اَفَعَصَيْتَ	اَمْرِيْ
اس نے کہا	اے ہارونؑ	تجھے کس چیز نے روکا	جب	تو نے دیکھا انہیں	وہ گمراہ ہوگئے	کہ تو نہ میری پیروی کرے	تو کیا تو نے نافرمانی کی	میرا یہ حکم

اس (موسیٰؑ) نے کہا اے ہارونؑ! جب تو نے دیکھا وہ گمراہ ہو گئے ہیں تجھے کس چیز نے میری پیروی کرنے سے روکا؟ تو کیا تو نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟

قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ

قَالَ	يَبْنَؤُمَّ	لَا تَاْخُذْ	بِلِحْيَتِيْ	وَ لَا بِرَاْسِيْ	اِنِّيْ	خَشِيْتُ	اَنْ تَقُوْلَ	فَرَّقْتَ
اس نے کہا	اے میرے ماں جائے	نہ پکڑیں	مجھے داڑھی سے	اور نہ سر سے	بیشک میں	ڈرا	کہ تم کہو گے	تو نے تفرقہ ڈال دیا

اس نے کہا اے میرے ماں جائے! مجھے داڑھی سے اور نہ سر (کے بالوں) سے پکڑیں، بے شک میں ڈرا کہ تم کہو گے کہ تو نے تفرقہ ڈال دیا

بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾

بَيْنَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَ	لَمْ تَرْقُبْ	قَوْلِيْ	قَالَ	فَمَا	خَطْبُكَ	يٰسَامِرِيُّ
درمیان	بنی اسرائیل	اور	نہ خیال رکھا	میری بات	اس نے کہا	پس کیا	تیرا حال	اے سامری

بنی اسرائیل کے درمیان، اور میری بات کا خیال نہ رکھا (پھر موسےٰؑ نے سامری سے) کہا اے سامری! تیرا کیا حال ہے؟

قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا

قَالَ	بَصُرْتُ	بِمَا	لَمْ يَبْصُرُوْا	بِهٖ	فَقَبَضْتُ	قَبْضَةً	مِّنْ	اَثَرِ الرَّسُوْلِ	فَنَبَذْتُهَا
وہ بولا	میں نے دیکھا	وہ جو کہ	انہوں نے نہ دیکھا	اس کو	پس میں نے مٹھی بھر لی	ایک مٹھی	سے	فرشتہ کا نقش قدم	تو میں نے وہ ڈال دی

وہ بولا میں نے وہ دیکھا جس کو انہوں نے نہیں دیکھا، پس میں نے فرشتے کے نقش قدم سے ایک مٹھی بھر لی تو میں نے وہ (بچھڑے کے قالب میں) ڈال دی

وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا

وَكَذٰلِكَ	سَوَّلَتْ	لِيْ	نَفْسِيْ	قَالَ	فَاذْهَبْ	فَاِنَّ لَكَ	فِي الْحَيٰوةِ	اَنْ	تَقُوْلَ	لَا
اور اسی طرح	پھسلایا	مجھے	میرا نفس	اس نے کہا	پس تو جا	بیشک تیرے لئے	زندگی میں	کہ	تو کہے	نہ

اور اسی طرح میرے نفس نے مجھے پھسلایا - موسیٰ نے کہا پس تو جا بیشک تیرے لئے زندگی میں (یہ سزا) ہے تو کہتا پھرے کہ نہ

مِسَاسَ ۖ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ ظَلْتَ عَلَيْهِ

مِسَاسَ	وَاِنَّ	لَكَ	مَوْعِدًا	لَّنْ تُخْلَفَهٗ	وَانْظُرْ	اِلٰى	اِلٰهِكَ	الَّذِيْ	ظَلْتَ	عَلَيْهِ
چھونا (ہاتھ لگانا)	اور بیشک	تیرے لئے	ایک وقتِ مقرر	ہرگز تجھ سے خلاف نہ ہوگا	اور دیکھ	طرف	اپنے معبود	وہ جس	تو رہتا تھا	اس پر

چھونا مجھے اور بیشک تیرے لئے ایک وقتِ مقرر ہے، ہرگز تجھ سے خلاف نہ ہوگا (نہ ٹلے گا)، اور اپنے معبود کی طرف دیکھ جس پر تو (بیٹھا) رہتا تھا

عَاكِفًا ۭ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ

عَاكِفًا	لَنُحَرِّقَنَّهٗ	ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ	فِي الْيَمِّ	نَسْفًا	اِنَّمَا	اِلٰهُكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِيْ
جما ہوا	ہم اسے البتہ جلائیں گے	پھر البتہ اسے بکھیر دیں گے	دریا میں	اُڑا کر	اس کے سوا نہیں	تمہارا معبود	اللہ	وہ جو

جما ہوا، ہم اسے البتہ جلا دیں گے پھر اس (کی راکھ) اُڑا کر دریا میں ضرور بکھیر دیں گے۔ اس کے سوا نہیں کہ تمہارا معبود اللہ ہے، وہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ مَا

لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	وَسِعَ	كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا	كَذٰلِكَ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَاۗءِ	مَا
نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	وسیع (محیط ہے)	ہر شے	علم	اسی طرح	ہم بیان کرتے ہیں	تجھ پر سے	سے	خبریں، احوال	جو

جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا علم ہر شے پر محیط ہے۔ اسی طرح ہم تم سے (وہ) احوال بیان کرتے ہیں جو

قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾ مَّنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ

قَدْ سَبَقَ	وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ	مِنْ لَّدُنَّا	ذِكْرًا	مَنْ	اَعْرَضَ	عَنْهُ	فَاِنَّهٗ	يَحْمِلُ
گزر چکا	اور تحقیق ہم نے تمہیں دیا	اپنے پاس سے	(کتاب، نصیحت)	جس	منہ پھیرا	اس سے	تو بیشک وہ	لادے گا

گزر چکے، اور تحقیق ہم نے تمہیں اپنے پاس سے کتابِ نصیحت (قرآن) دیا۔ جس نے اس سے منہ پھیرا وہ بے شک لادے گا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وِزْرًا	خٰلِدِيْنَ	فِيْهِ	وَسَآءَ	لَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	حِمْلًا
قیامت کے دن	(بھاری) بوجھ	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور برا ہے	ان کے لئے	قیامت کے دن	بوجھ

قیامت کے دن بھاری بوجھ۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور برا ہے ان کے لئے قیامت کے دن بوجھ۔

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ

يَوْمَ	يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ	وَ نَحْشُرُ	الْمُجْرِمِيْنَ	يَوْمَئِذٍ	زُرْقًا	يَّتَخَافَتُوْنَ	بَيْنَهُمْ
جس دن	پھونک ماری جائیگی صور میں	اور ہم اکٹھا کرینگے	مجرموں کو	اس دن	نیلی آنکھیں	آہستہ آہستہ کہیں گے	آپس میں

جس دن صور میں پھونک ماری جائے گی، اور ہم مجرموں کو اکٹھا کریں گے اس دن (انکی) آنکھیں نیلی (بے نور) ہونگی، آپس میں آہستہ آہستہ کہیں گے

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً

اِنْ	لَبِثْتُمْ	اِلَّا	عَشْرًا	نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	اِذْ يَقُوْلُ	اَمْثَلُهُمْ	طَرِيْقَةً
نہیں	تم رہے	مگر (صرف)	دس دن	ہم	خوب جانتے ہیں	وہ جو	وہ کہتے ہیں	جب کہے گا	سب سے اچھی	راہ

تم (دنیا میں) صرف دس دن رہے ہو۔ وہ جو کہتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں جب ان کا سب سے اچھی راہ والا (ہوشمند) کہے گا

ع ١٥ ١٤ ٥

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿١٠٥﴾

اِنْ	لَبِثْتُمْ	اِلَّا	يَوْمًا	وَيَسْئَلُوْنَكَ	عَنِ الْجِبَالِ	فَقُلْ	يَنْسِفُهَا	رَبِّيْ	نَسْفًا
نہیں	رہے تم	مگر (صرف)	ایک دن	اور وہ آپ سے دریافت کرینگے	پہاڑ کے متعلق	تو کہدیں	انہیں بکھیر دیگا	میرا رب	اڑا کر

تم صرف ایک دن رہے ہو۔ اور وہ آپ سے پہاڑوں کے متعلق دریافت کرتے ہیں تو آپ کہدیں میرا رب انہیں اڑا کر بکھیر دے گا۔

فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ

فَيَذَرُهَا	قَاعًا	صَفْصَفًا	لَّا تَرٰى	فِيْهَا	عِوَجًا	وَّلَآ	اَمْتًا	يَوْمَئِذٍ	يَّتَّبِعُوْنَ
پھر اسے چھوڑ دیگا	میدان	ایک ہموار	نہ دیکھے گا تو	اس میں	کوئی کجی	اور نہ	کوئی بلندی	اس دن	وہ سب پیچھے چلیں گے

پھر اسے (زمین کو) ایک ہموار میدان کر چھوڑے گا۔ اور تو نہ دیکھے گا اس میں کوئی کجی (ناہمواری) اور نہ کوئی بلندی۔ اس دن سب پیچھے چلیں گے

الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾

الدَّاعِيَ	لَا عِوَجَ	لَهٗ	وَ خَشَعَتِ	الْاَصْوَاتُ	لِلرَّحْمٰنِ	فَلَا تَسْمَعُ	اِلَّا	هَمْسًا
ایک پکارنے والا	نہیں کوئی کجی	اسکے لئے	اور پست ہو جائیں گی	آوازیں	اللہ کیلئے۔ سامنے	پس تو نہ سنے گا	مگر (صرف)	آہستہ آواز

ایک پکارنے والے کے، اس کے لئے کوئی کجی نہ ہوگی اور اللہ کے سامنے آوازیں پست ہو جائیں گی، پس تو صرف پست آواز سنے گا۔

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَٰنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا ﴿١٠٩﴾ يَعْلَمُ

يَوْمَئِذٍ	لَّا تَنفَعُ	الشَّفَاعَةُ	إِلَّا	مَنْ	أَذِنَ لَهُ	الرَّحْمَٰنُ	وَرَضِيَ	لَهُ	قَوْلًا	يَعْلَمُ
اس دن	نہ نفع دے گی	کوئی شفاعت	مگر	جس	اجازت دے اس کو	اللہ	اور پسند کرے	اسکی	بات	وہ جانتا ہے

اس دن کوئی شفاعت نفع نہ دے گی مگر جس کو اللہ اجازت دے، اور اس کی بات پسند کرے - وہ جانتا ہے

مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ﴿١١٠﴾ وَعَنَتِ الْوُجُوهُ

مَا	بَيْنَ أَيْدِيهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	وَلَا يُحِيطُونَ	بِهِ	عِلْمًا	وَعَنَتِ	الْوُجُوهُ
جو	ان کے ہاتھوں کے درمیان (آگے)	اور جو	ان کے پیچھے	اور وہ احاطہ نہیں کرسکتے	اس کا	علم کے اندر	جھک جائیں گے	چہرے

جو کچھ ان کے آگے اور ان کے پیچھے ہے، اور وہ (اپنے علم میں) اس کا احاطہ نہیں کرسکتے - اور چہرے جھک جائیں گے

لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿١١١﴾ وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ

لِلْحَيِّ	الْقَيُّومِ	وَقَدْ خَابَ	مَنْ	حَمَلَ	ظُلْمًا	وَمَنْ	يَعْمَلْ	مِنَ	الصَّالِحَاتِ وَ
سامنے "حیّ"	"قیوم"	اور نامراد ہوا	جو۔ جس	بوجھ اٹھایا	ظلم	اور جو	کرے	سے۔ سوئی	نیکی اور (بشرطیکہ)

"حیّ و قیوم" (زندہ و قائم) کے سامنے، اور نامراد ہوا وہ جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا۔ اور جو کوئی نیکی کرے ، بشرطیکہ

هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَلَا هَضْمًا ﴿١١٢﴾ وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا

هُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَا يَخَافُ	ظُلْمًا	وَلَا هَضْمًا	وَكَذَٰلِكَ	أَنزَلْنَاهُ	قُرْآنًا	عَرَبِيًّا
وہ	مومن	تو نہ اسے خوف ہوگا	کسی ظلم کا	اور نہ کسی نقصان کا	اور اسی طرح	ہم نے اس پر نازل کیا	قرآن	عربی

وہ مومن ہو تو نہ اسے کسی ظلم کا خوف ہوگا اور نہ کسی نقصان کا - اور اسی طرح ہم نے اس پر عربی قرآن نازل کیا

وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ﴿١١٣﴾

وَ	صَرَّفْنَا فِيهِ	مِنَ	الْوَعِيدِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُونَ	أَوْ يُحْدِثُ	لَهُمْ	ذِكْرًا
اور	ہم نے طرح طرح سے بیان کئے اس میں	سے	ڈراوے	تاکہ وہ	پرہیزگار ہوجائیں	یا وہ پیدا کردے	ان کے لئے	کوئی نصیحت

اور ہم نے اس میں طرح طرح سے ڈراوے بیان کئے تاکہ وہ پرہیزگار ہو جائیں یا وہ ان کے لئے کوئی نصیحت پیدا کر دے۔

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۗ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِن قَبْلِ أَن يُقْضَىٰ إِلَيْكَ

فَتَعَالَى اللَّهُ	الْمَلِكُ	الْحَقُّ	وَلَا	تَعْجَلْ	بِالْقُرْآنِ	مِن قَبْلِ	أَن	يُقْضَىٰ	إِلَيْكَ
سو بلند و برتر ہے اللہ	بادشاہ	سچا	اور نہ	جلدی کرو	قرآن میں	اس سے قبل	کہ	پوری کی جائے	تمہاری طرف

سو اللہ بلند و برتر ہے سچا بادشاہ، اور تم قرآن (پڑھنے) میں جلدی نہ کرو، اس سے قبل کہ تمہاری طرف پوری کی جائے

وَحْيُهٗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿١١٤﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ

وَحْيُهٗ	وَقُلْ	رَّبِّ	زِدْنِيْ	عِلْمًا	وَلَقَدْ عَهِدْنَآ	اِلٰٓى	اٰدَمَ	مِنْ قَبْلُ	فَنَسِيَ
اس کی وحی	اور کہیئے	اے میرے رب	زیادہ دے مجھے	علم	اور ہم نے حکم بھیجا	طرف۔کو	آدمؑ	اس سے قبل	تو وہ بھول گیا

اس کی وحی، اور کہیئے اے میرے رب! مجھے اور زیادہ علم دے۔ اور ہم نے اس سے قبل آدمؑ کی طرف حکم بھیجا تو وہ بھول گیا

ع ٦ ١١ ١٥

وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿١١٥﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

وَلَمْ نَجِدْ	لَهٗ	عَزْمًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ
اور ہم نے نہ پایا	اس میں	پختہ ارادہ	اور (یاد کرو جب	ہم نے کہا	فرشتوں کو	تم سجدہ کرو	آدمؑ کو	تو سب نے سجدہ کیا	سوائے

اور ہم نے اس میں پختہ ارادہ نہ پایا۔ اور یاد کرو، جب ہم نے فرشتوں کو کہا کہ تم آدم کو سجدہ کرو، تو سب نے سجدہ کیا سوائے

اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿١١٦﴾ فَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا

اِبْلِيْسَ	اَبٰى	فَقُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ	اِنَّ	هٰذَا	عَدُوٌّ	لَّكَ	وَلِزَوْجِكَ	فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا
ابلیس	انکار کیا	پس ہم نے کہا	اے آدمؑ	بیشک	یہ	دشمن	تمہارا	اور تمہاری بیوی کا	سو تمہیں نہ نکلوا دے

ابلیس کے، اس نے انکار کیا۔ پس ہم نے کہا اے آدمؑ! بیشک یہ تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے، سو تمہیں نکلوا نہ دے

مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿١١٧﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿١١٨﴾ وَاَنَّكَ لَا

مِنَ الْجَنَّةِ	فَتَشْقٰى	اِنَّ	لَكَ	اَلَّا تَجُوْعَ	فِيْهَا	وَلَا	تَعْرٰى	وَاَنَّكَ	لَا
جنت سے	پھر تم مصیبت میں پڑ جاؤ	بیشک	تمہارے لئے	یہ کہ نہ بھوکے رہو	اس میں	اور نہ	ننگے	اور یہ کہ تم	نہ

جنت سے، پھر تم تکلیف میں پڑ جاؤ۔ بیشک تمہارے لئے (جنت میں) یہ ہے کہ اس میں نہ بھوکے رہو، نہ ننگے۔ اور یہ کہ تم نہ

تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿١١٩﴾ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ

تَظْمَؤُا	فِيْهَا	وَلَا تَضْحٰى	فَوَسْوَسَ	اِلَيْهِ	الشَّيْطٰنُ	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	هَلْ	اَدُلُّكَ
پیاسے رہو گے	اس میں	اور نہ دھوپ میں رہو گے	پھر وسوسہ ڈالا	(اس کی طرف دل میں)	شیطان	اس نے کہا	اے آدمؑ	کیا	میں تیری رہنمائی کروں

پیاسے رہو گے اور نہ دھوپ میں تپو گے۔ پھر شیطان نے اس کے دل میں وسوسہ ڈالا، اس نے کہا اے آدمؑ! کیا میں تیری رہنمائی کروں

عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿١٢٠﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ

عَلٰى	شَجَرَةِ	الْخُلْدِ	وَمُلْكٍ	لَّا يَبْلٰى	فَاَكَلَا	مِنْهَا	فَبَدَتْ	لَهُمَا	سَوْاٰتُهُمَا	وَ
پر	درخت	ہمیشگی	اور بادشاہت	نہ پرانی (زوال پذیر ہو)	پس دونوں نے کھایا	اس سے	تو ظاہر ہو گئیں	ان پر	ان کی شرمگاہیں	اور

ہمیشگی کے درخت پر؟ اور وہ بادشاہت جو زوال پذیر نہ ہو؟ پس ان دونوں نے اس سے کھا لیا تو ان پر اُن کی شرمگاہیں ظاہر ہو گئیں، اور

طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۚ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿١٢١﴾ ثُمَّ

طَفِقَا يَخْصِفٰنِ	عَلَيْهِمَا	مِنْ	وَّرَقِ الْجَنَّةِ	وَعَصٰٓى	اٰدَمُ	رَبَّهٗ	فَغَوٰى	ثُمَّ
وہ دونوں لگے جوڑنے (ڈھانپنے)	اپنے اوپر	سے	جنت کے پتے	اور نافرمانی کی	آدمؑ	اپنا رب	تو وہ بہک گیا	پھر

اور اپنے (جسم کے) اوپر جنت کے پتوں سے ڈھانپنے لگے، اور آدمؑ نے اپنے رب کی نافرمانی کی تو وہ بہک گیا - پھر

اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا ۢ بَعْضُكُمْ

اجْتَبٰهُ	رَبُّهٗ	فَتَابَ	عَلَيْهِ	وَهَدٰى	قَالَ	اهْبِطَا	مِنْهَا	جَمِيْعًا	بَعْضُكُمْ
اس کو چن لیا	اس کا رب	توجہ فرمائی	اس پر	اور اسے راہ دکھائی	فرمایا	تم دونوں نیچے جاؤ	یہاں سے	سب	تم میں سے بعض

اس کے رب نے اسے رحمت سے چن لیا پھر اس پر (رحمت سے) توجہ فرمائی (توبہ قبول کی)، اور اسے راہ دکھائی - فرمایا تم دونوں یہاں سے اتر جاؤ تمہاری (اولاد میں سے) بعض

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ

لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	فَاِمَّا	يَاْتِيَنَّكُمْ	مِّنِّيْ	هُدًى	فَمَنِ	اتَّبَعَ	هُدَايَ	فَلَا يَضِلُّ
بعض کے	دشمن	پس اگر	تمہارے پاس آئے	میری طرف سے	ہدایت	تو جس نے	پیروی کی	میری ہدایت	تو نہ وہ گمراہ ہوگا

بعض کے دشمن ہوں گے پس اگر (جب بھی) میری طرف سے تمہارے پاس میری ہدایت آئے تو جس نے میری ہدایت کی پیروی کی وہ نہ گمراہ ہوگا

وَلَا يَشْقٰى ﴿١٢٣﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ

وَ	لَا يَشْقٰى	وَمَنْ	اَعْرَضَ	عَنْ	ذِكْرِيْ	فَاِنَّ	لَهٗ	مَعِيْشَةً	ضَنْكًا	وَنَحْشُرُهٗ
اور	نہ بدبخت ہوگا	اور جس	منہ موڑا	سے	میرے ذکر (نصیحت)	تو بیشک	اسکے لئے	گزران	تنگ	اور ہم اسے اٹھائیں گے

اور نہ بدبخت ہوگا - اور جس نے میرے ذکر (نصیحت) سے منہ موڑا تو بیشک اس کی معیشت (گزران) تنگ ہوگی اور ہم اسے اٹھائیں گے

﴿١٢٥﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اَعْمٰى	قَالَ	رَبِّ	لِمَ حَشَرْتَنِيْ	اَعْمٰى	وَ	قَدْ كُنْتُ	بَصِيْرًا
قیامت کے دن	اندھا	وہ کہے گا	اے میرے رب	تو نے مجھے کیوں اٹھایا	اندھا	اور	میں تو تھا	دیکھتا - بینا

قیامت کے دن اندھا - وہ کہے گا، اے میرے رب! تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا؟ میں تو (دنیا میں) بینا (دیکھتا) تھا -

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿١٢٦﴾ وَكَذٰلِكَ

قَالَ	كَذٰلِكَ	اَتَتْكَ	اٰيٰتُنَا	فَنَسِيْتَهَا	وَكَذٰلِكَ	الْيَوْمَ	تُنْسٰى	وَكَذٰلِكَ
وہ فرمائے گا	اسی طرح	تیرے پاس آئیں	ہماری آیات	تو تو نے انہیں بھلا دیا	اور اسی طرح	آج	تجھے بھلا دیں گے	اور اسی طرح

وہ فرمائے گا اسی طرح تیرے پاس ہماری آیات آئیں تو تو نے انہیں بھلا دیا، اور اسی طرح آج ہم تجھے بھلا دیں گے - اور اسی طرح

نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَ

نَجْزِيْ	مَنْ	اَسْرَفَ	وَلَمْ يُؤْمِنْ	بِاٰيٰتِ	رَبِّهٖ	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَشَدُّ	وَ
ہم بدلہ دیتے ہیں	جو	حد سے نکل جائے	اور نہ ایمان لائے	آیتوں پر	اپنا رب	اور البتہ عذاب	آخرت	شدید تر ہیں	اور

ہم (اس کو) بدلہ دیتے ہیں جو حد سے نکل جائے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے، اور البتہ آخرت کا عذاب شدید تر ہے اور

اَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ

اَبْقٰى	اَفَلَمْ يَهْدِ	لَهُمْ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	يَمْشُوْنَ	فِيْ مَسٰكِنِهِمْ
زیادہ دیرتک رہنے والا ہے	کیا ہدایت نہ دی	انہیں	کتنی ہی	ہم نے ہلاک کردیں	ان سے قبل	قومیں۔ جماعتیں	وہ چلتے پھرتے ہیں	ان کے مساکن میں

زیادہ دیرتک رہنے والا ہے۔ کیا (اس حقیقت نے بھی) انہیں ہدایت نہ دی کہ ان سے قبل ہم نے کتنی ہی جماعتیں ہلاک کردیں، وہ ان کے مساکن میں چلتے پھرتے ہیں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّاُولِي النُّهٰى	وَلَوْ	لَا كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ رَّبِّكَ
بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں ہیں	عقل والوں کے لئے	اور اگر	نہ ہوتی ایک بات	ہو چکی	سے تمہارا رب

البتہ بے شک اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور اگر تمہارے رب کی (طرف) سے ایک بات (طے) نہ ہو چکی ہوتی

لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ؕ ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

لَكَانَ	لِزَامًا	وَّاَجَلٌ	مُّسَمًّى	فَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ رَبِّكَ
تو ضرور آجاتا	عذاب	اور میعاد	مقرر	پس صبر کریں	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور تسبیح کریں	تعریف کے ساتھ اپنا رب

اور میعاد مقرر (نہ ہوتی) تو عذاب ضرور (نازل) ہو جاتا۔ پس وہ جو کہتے ہیں اس پر صبر کریں، تعریف کے ساتھ اپنے رب کی تسبیح کریں،

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَ

قَبْلَ	طُلُوْعِ الشَّمْسِ	وَقَبْلَ	غُرُوْبِهَا	وَمِنْ	اٰنَآئِ الَّيْلِ	فَسَبِّحْ	وَ
پہلے	طلوعِ آفتاب	اور پہلے	اس کے غروب	اور کچھ	رات کی گھڑیاں	پس تسبیح کریں	اور

(پاکیزگی بیان کریں) طلوع آفتاب سے پہلے، اور غروب آفتاب سے پہلے اور کچھ رات کی گھڑیوں میں، پس اس کی تسبیح کریں، اور

اَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا

اَطْرَافَ	النَّهَارِ	لَعَلَّكَ	تَرْضٰى	وَ	لَا تَمُدَّنَّ	عَيْنَيْكَ	اِلٰى	مَا مَتَّعْنَا
کنارے	دن	تاکہ تم	خوش ہو جاؤ	اور	نہ پھیلانا	اپنی آنکھیں	طرف	جو ہم نے برتنے کو دیا

دن کے کنارے (دوپہر ظہر کے وقت) تاکہ تم خوش ہو جاؤ۔ اور اپنی آنکھیں (ان چیزوں کی) طرف نہ پھیلانا، جو ہم نے برتنے کو دی ہیں

بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَرِزْقُ رَبِّكَ

بِهٖٓ	اَزْوَاجًا	مِّنْهُمْ	زَهْرَةَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	لِنَفْتِنَهُمْ	فِيْهِ	وَرِزْقُ رَبِّكَ
اس سے	جوڑے	اُن سے۔کے	آرائش	دنیا کی زندگی	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	اس میں	اور عطیہ تیرا رب

ان کے جوڑوں کو، دنیا کی زندگی کی آرائش و زیبائش (بنا کر) تاکہ ہم اس میں انہیں آزمائیں ، اور تیرے رب کا عطیہ

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٣١﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ

خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى	وَاْمُرْ	اَهْلَكَ	بِالصَّلٰوةِ	وَاصْطَبِرْ	عَلَيْهَا	لَا نَسْـَٔلُكَ
بہتر	اور تادیر رہنے والا	اور حکم دو تم	اپنے گھر والے	نماز کا	اور قائم رہو	اس پر	ہم تجھ سے نہیں مانگتے

بہتر ہے اور سب سے زیادہ تادیر رہنے والا ہے ۔اور تم اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو، اور اس پر قائم رہو، ہم تجھ سے نہیں مانگتے

رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿١٣٢﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ

رِزْقًا	نَحْنُ	نَرْزُقُكَ	وَالْعَاقِبَةُ	لِلتَّقْوٰى	وَقَالُوْا	لَوْ	لَا يَاْتِيْنَا	بِاٰيَةٍ
رزق	ہم	تجھے رزق دیتے ہیں	اور انجام	اہل تقویٰ کے لئے	اور وہ کہتے ہیں	کیوں	نہیں لاتے	کوئی نشانی

رزق (بلکہ) ہم تجھے رزق دیتے ہیں اور انجام (بخیر) اہل تقویٰ کے لئے ہے ۔ اور وہ کہتے ہیں ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لائے ؟

مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٣٣﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ

مِنْ	رَّبِّهٖ	اَوَ	لَمْ تَاْتِهِمْ	بَيِّنَةُ	مَا	فِى	الصُّحُفِ	الْاُوْلٰى	وَلَوْ	اَنَّآ	اَهْلَكْنٰهُمْ
سے	اپنا رب	کیا	انکے پاس نہیں آئی	واضح نشانی	جو	میں	صحیفے	پہلے	اور اگر	ہم	انہیں ہلاک کر دیتے

اپنے رب کی طرف سے، کیا ان کے پاس (وہ) واضح نشانی نہیں آئی جو پہلے صحیفوں میں ہے، اور اگر ہم انہیں ہلاک کر دیتے

بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا

بِعَذَابٍ	مِّنْ قَبْلِهٖ	لَقَالُوْا	رَبَّنَا لَوْ	لَآ اَرْسَلْتَ	اِلَيْنَا	رَسُوْلًا
کسی عذاب سے	اس سے قبل	تو وہ کہتے	اے ہمارے رب کیوں	تو نے نہ بھیجا	ہماری طرف	کوئی رسول

(رسولوں کے) آنے سے قبل کسی عذاب سے، تو وہ کہتے اے ہمارے رب ! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا ؟

فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿١٣٤﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ

فَنَتَّبِعَ	اٰيٰتِكَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ نَّذِلَّ	وَنَخْزٰى	قُلْ	كُلٌّ	مُّتَرَبِّصٌ
تو ہم پیروی کرتے	تیرے احکام	اس سے قبل	کہ ہم ذلیل ہوں	اور ہم رسوا ہوں	آپ کہدیں	سب	منتظر ہیں

تو ہم اس سے قبل کہ ذلیل اور رسوا ہوں ہم تیرے احکام کی پیروی کرتے ۔ آپ کہدیں ، سب منتظر ہیں ،

فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ

فَتَرَبَّصُوْا	فَسَتَعْلَمُوْنَ	مَنْ	اَصْحٰبُ	الصِّرَاطِ	السَّوِيِّ
پس تم انتظار کرو	سو عنقریب تم جان لوگے	کون	والے	راستہ	سیدھا

پس تم (ابھی) انتظار کرو، سو عنقریب تم جان لوگے ، کون ہیں سیدھے راستہ والے !

۸ ع ۱۷

وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾

وَمَنِ	اهْتَدٰى	
اور کون	اس نے ہدایت پائی	

اور کون ہے جس نے ہدایت پائی ۔

آیاتها ۱۱۲ | ۲۱ : سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ مَكِّيَّةٌ : ۷۳ | رکوعاتها ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۙ﴿۱﴾

اِقْتَرَبَ	لِلنَّاسِ	حِسَابُهُمْ	وَهُمْ	فِيْ غَفْلَةٍ	مُّعْرِضُوْنَ
قریب آگیا	لوگوں کے لئے	ان کا حساب	اور وہ	غفلت میں	منہ پھیر رہے ہیں

لوگوں کے لئے ان کے حساب (کا وقت) قریب آگیا، اور وہ غفلت میں (اُس سے) منہ پھیر رہے ہیں۔

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۙ﴿۲﴾

مَا يَاْتِيْهِمْ	مِنْ ذِكْرٍ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	مُّحْدَثٍ	اِلَّا	اسْتَمَعُوْهُ	وَهُمْ	يَلْعَبُوْنَ
انکے پاس نہیں آتی	کوئی نصیحت	ان کے رب سے	نئی	مگر	وہ اسے سنتے ہیں	اور وہ	کھیلتے ہیں (کھیلتے ہوئے)

ان کے پاس ان کے رب (کی طرف) سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اسے کھیلتے ہوئے (بے پرواہ ہو کر) سنتے ہیں۔

لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ

لَاهِيَةً	قُلُوْبُهُمْ	وَاَسَرُّوا	النَّجْوَى	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	هَلْ	هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ
غفلت میں ہیں	ان کے دل	اور چپکے چپکے بات کی	سرگوشی	اور وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)	کیا	یہ	مگر	ایک بشر

ان کے دل غفلت میں ہیں اور ظالموں نے چپکے چپکے سرگوشی کی کہ یہ (محمد رسول اللہ) کیا ہیں! مگر ایک بشر

مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۳﴾ قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ

مِثْلُكُمْ	اَفَتَاْتُوْنَ	السِّحْرَ	وَاَنْتُمْ	تُبْصِرُوْنَ	قٰلَ	رَبِّيْ	يَعْلَمُ	الْقَوْلَ
تم ہی جیسا	کیا پس تم آؤ گے	جادو	اور (جبکہ) تم	دیکھتے ہو	آپؐ نے فرمایا	میرا رب	جانتا ہے	بات

تم ہی جیسے، کیا (پھر بھی) تم جادو کے پاس آؤ گے؟ جبکہ تم دیکھتے ہو۔ آپؐ نے فرمایا میرا رب جانتا ہے ہر بات

فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۴﴾ بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ

فِي السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	بَلْ	قَالُوْٓا	اَضْغَاثُ
آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	سننے والا	جاننے والا	بلکہ	انہوں نے کہا	پریشان

جو آسمانوں میں اور زمین میں (ہوتی ہے) اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ بلکہ انہوں نے کہا (یہ) پریشان

أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ﴿۵﴾

أَحْلَامٍ	بَلِ	افْتَرٰىهُ	بَلْ هُوَ	شَاعِرٌ	فَلْيَأْتِنَا	بِآيَةٍ	كَمَا	أُرْسِلَ	الْأَوَّلُونَ
خواب	بلکہ	اسنے گھڑ لیا اسے	بلکہ وہ	ایک شاعر	پس وہ ہمارے پاس لے آئے	کوئی نشانی	جیسے	بھیجے گئے	پہلے

خواب ہیں بلکہ اس نے گھڑ لیا ہے، بلکہ وہ تو ایک شاعر ہے، پس وہ ہمارے پاس کوئی نشانی لائے جیسے پہلے (نبی نشانیاں دیکر) بھیجے گئے تھے۔

مَا آمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا ۚ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ﴿۶﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا

مَا آمَنَتْ	قَبْلَهُمْ	مِنْ قَرْيَةٍ	أَهْلَكْنَاهَا	أَفَهُمْ	يُؤْمِنُونَ	وَمَا	أَرْسَلْنَا
نہ ایمان لائی	ان سے قبل	کوئی بستی	ہم نے اسے ہلاک کیا	اور کیا وہ (یہ)	ایمان لائیں گے	اور نہیں	بھیجے ہم نے

ان سے قبل کوئی بستی جس کو ہم نے ہلاک کیا (نشانیاں دیکھ کر بھی) ایمان نہیں لائی، تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے؟ اور ہمنے (رسول) نہیں بھیجے

قَبْلَكَ إِلَّا رِجَالًا نُوحِي إِلَيْهِمْ فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ

قَبْلَكَ	إِلَّا	رِجَالًا	نُوحِي	إِلَيْهِمْ	فَسْئَلُوا	أَهْلَ الذِّكْرِ	إِنْ	كُنْتُمْ
تم سے پہلے	مگر	مرد	ہم وحی بھیجتے تھے	اُن کی طرف	پس پوچھ لو	یاد رکھنے والے	اگر	تم ہو

تم سے پہلے مگر مرد، ہم ان کی طرف وحی بھیجتے تھے، پس یاد رکھنے والوں سے پوچھ لو اگر تم

لَا تَعْلَمُونَ ﴿۷﴾ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا

لَا تَعْلَمُونَ	وَ	مَا جَعَلْنٰهُمْ	جَسَدًا	لَا يَأْكُلُونَ	الطَّعَامَ	وَ	مَا كَانُوا
تم نہیں جانتے	اور	ہم نے نہیں بنائے ان کے	ایسے جسم	نہ کھاتے ہوں	کھانا	اور	وہ نہ تھے

نہیں جانتے۔ اور ہم نے ان کے ایسے جسم نہیں بنائے کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں، اور وہ نہ تھے

خٰلِدِينَ ﴿۸﴾ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَأَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَاءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِينَ ﴿۹﴾

خٰلِدِينَ	ثُمَّ	صَدَقْنٰهُمُ	الْوَعْدَ	فَأَنْجَيْنٰهُمْ	وَ مَنْ نَّشَاءُ	وَأَهْلَكْنَا	الْمُسْرِفِينَ
ہمیشہ رہنے والے	پھر	ہم نے سچا کر دیا ان سے	وعدہ	پس ہم نے بچا لیا انہیں	اور جس کو ہم نے چاہا	اور ہم نے ہلاک کر دیا	حد سے بڑھنے والے

ہمیشہ رہنے والے۔ پھر ہمنے ان سے اپنا وعدہ سچا کر دیا پس ہم نے انہیں بچا لیا اور جس کو ہم نے چاہا، اور ہم نے حد سے بڑھنے والوں کو ہلاک کر دیا۔

لَقَدْ أَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿۱۰﴾ وَكَمْ قَصَمْنَا

لَقَدْ أَنْزَلْنَا	إِلَيْكُمْ	كِتٰبًا	فِيهِ	ذِكْرُكُمْ	أَفَلَا تَعْقِلُونَ	وَ كَمْ قَصَمْنَا
تحقیق ہم نے نازل کی	تمہاری طرف	ایک کتاب	اس میں	تمہارا ذکر	تو کیا تم سمجھتے نہیں؟	اور ہم نے کتنی ہلاک کر دیں

تحقیق ہم نے تمہاری طرف ایک کتاب نازل کی اس میں تمہارا ذکر ہے، تو کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے ہلاک کر دیں کتنی

مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ

مِنْ	قَرْيَةٍ	كَانَتْ	ظَالِمَةً	وَاَنْشَاْنَا	بَعْدَهَا	قَوْمًا	اٰخَرِيْنَ	فَلَمَّآ
سے	بستیاں	وہ تھیں	ظالم	اور پیدا کئے ہم نے	ان کے بعد	گروہ۔لوگ	دوسرے	پھر جب

ہی بستیاں، کہ وہ ظالم تھیں، اور ہم نے ان کے بعد دوسرے گروہ (اور لوگ) پیدا کئے۔ پھر جب

اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ

اَحَسُّوْا	بَاْسَنَآ	اِذَا هُمْ	مِنْهَا	يَرْكُضُوْنَ	لَا تَرْكُضُوْا	وَارْجِعُوْا	اِلٰى	مَآ
انہوں نے آہٹ پائی	ہمارا عذاب	اس وقت وہ	اس سے	بھاگنے لگے	تم مت بھاگو	اور لوٹ جاؤ	طرف	جو

انہوں نے ہمارے عذاب کی آہٹ پائی تو اس وقت اس سے بھاگنے لگے۔ تم مت بھاگو اور لوٹ جاؤ اس طرف

اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾

اُتْرِفْتُمْ	فِيْهِ	وَمَسٰكِنِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْـَٔلُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَآ	اِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ
تم آسائش دیئے گئے	اس میں	اور اپنے گھر (جمع)	تاکہ تم	تمہاری پوچھ گچھ ہو	وہ کہنے لگے	ہائے ہماری شامت	ہم بیشک تھے	ظالم

جہاں تمہیں آسائش دی گئی تھی اور اپنے گھروں کی طرف تاکہ تمہاری پوچھ گچھ ہو۔ وہ کہنے لگے ہائے ہماری شامت! بیشک ہم ظالم تھے۔

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَمَا خَلَقْنَا

فَمَا زَالَتْ	تِّلْكَ	دَعْوٰىهُمْ	حَتّٰى	جَعَلْنٰهُمْ	حَصِيْدًا	خٰمِدِيْنَ	وَمَا خَلَقْنَا
پس رہی	یہ	ان کی پکار	یہاں تک کہ	ہم نے انہیں کر دیا	کٹی ہوئی کھیتی	بجھی ہوئی آگ	اور ہم نے نہیں پیدا کیا

پس (برابر) ان کی یہ پکار رہی، یہاں تک کہ ہم نے انہیں کٹی ہوئی کھیتی اور بجھی ہوئی آگ کی طرح ڈھیر کر دیا۔ اور ہم نے نہیں پیدا کیا

السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا

السَّمَآءَ	وَالْاَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	لٰعِبِيْنَ	لَوْ اَرَدْنَآ	اَنْ	نَّتَّخِذَ	لَهْوًا
آسمان	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	کھیلتے ہوئے	اگر ہم چاہتے	کہ	ہم بنائیں	کوئی کھلونا

آسمان کو اور زمین کو اور جو ان کے درمیان میں ہے کھیلتے ہوئے (فعلِ عبث)۔ اگر ہم کوئی کھلونا بنانا چاہتے

لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ

لَّاتَّخَذْنٰهُ	مِنْ لَّدُنَّا	اِنْ كُنَّا	فٰعِلِيْنَ	بَلْ	نَقْذِفُ	بِالْحَقِّ
تو ہم اس کو بنا لیتے	اپنے پاس سے	اگر ہم ہوتے	کرنے والے	بلکہ	ہم پھینک مارتے ہیں	حق کو

تو ہم اس کو اپنے پاس سے بنا لیتے، اگر ہم کرنے والے ہوتے (اگر ہمیں یہ کرنا ہوتا)۔ بلکہ ہم پھینک مارتے ہیں حق کو

عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

عَلَى	الْبَاطِلِ	فَيَدْمَغُهٗ	فَاِذَا	هُوَ	زَاهِقٌ	وَلَكُمُ	الْوَيْلُ	مِمَّا	تَصِفُوْنَ
پر	باطل	پس وہ اسکا بھیجا نکال دیتا ہے	تو اس وقت	وہ	نابود ہو جاتا ہے	اور تمہارے لئے	خرابی	اس سے جو	تم بناتے ہو

باطل پر پس وہ اس کا بھیجا (کچومر) نکال دیتا ہے تو وہ اسی وقت نیست نابود ہو جاتا ہے اور تمہارے لئے اس (بات) سے خرابی ہے جو تم بناتے ہو۔

وَلَهٗ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ

وَلَهٗ	مَنْ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَنْ	عِنْدَهٗ	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ
اور اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین میں	اور جو	اس کے پاس	وہ تکبر (سرکشی) نہیں کرتے	سے

اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور جو اس کے پاس ہیں وہ سرکشی نہیں کرتے

عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾

عِبَادَتِهٖ	وَ	لَا يَسْتَحْسِرُوْنَ	يُسَبِّحُوْنَ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	لَا يَفْتُرُوْنَ
اس کی عبادت	اور	نہ وہ تھکتے ہیں	وہ تسبیح کرتے ہیں	رات	اور دن	وہ سستی نہیں کرتے

اس کی عبادت سے اور نہ وہ تھکتے ہیں ۔ اور رات دن تسبیح (اس کی پاکیزگی) بیان کرتے ہیں سستی نہیں کرتے۔

اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ

اَمِ	اتَّخَذُوْٓا	اٰلِهَةً	مِنَ الْاَرْضِ	هُمْ	يُنْشِرُوْنَ	لَوْ كَانَ	فِيْهِمَآ	اٰلِهَةٌ
کیا	انہوں نے بنا لیا	کوئی معبود	زمین سے	وہ	انہیں اٹھا کھڑا کریں گے	اگر ہوتے	ان دونوں میں	اور معبود

کیا انہوں نے زمین سے کوئی اور معبود بنا لئے ہیں کہ وہ انہیں (مرنے کے بعد) دوبارہ اٹھا کھڑا کر دیں گے۔ اگر ان دونوں (آسمان و زمین) میں اور معبود ہوتے

اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْـَٔلُ

اِلَّا	اللّٰهُ	لَفَسَدَتَا	فَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ	رَبِّ	الْعَرْشِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	لَا يُسْـَٔلُ
سوائے	اللہ	البتہ دونوں درہم برہم ہو جائے	پس پاک ہے	اللہ	رب	عرش	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	اس سے باز پرس نہیں کرتے

اللہ کے سوا تو البتہ (زمین و آسمان) درہم برہم ہو جاتے، پس عرش عظیم کا رب اللہ اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں وہ اس سے باز پرس نہیں کرتے

عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا

عَمَّا	يَفْعَلُ	وَهُمْ	يُسْـَٔلُوْنَ	اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اٰلِهَةً	قُلْ	هَاتُوْا
اس سے جو	وہ کرتا ہے	اور (بلکہ) وہ	باز پرس کئے جائیں گے	کیا	انہوں نے بنا لئے ہیں	اللہ کے سوائے	اور معبود	فرما دیں	لاؤ (پیش کرو)

اس کے (متعلق) جو وہ کرتا ہے بلکہ وہ باز پرس کئے جائیں گے۔ کیا انہوں نے اس کے سوائے اور معبود بنا لئے ہیں؟ آپ فرما دیں، پیش کرو

بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ

بُرْهَانَكُمْ	هٰذَا ذِكْرُ	مَنْ	مَعِيَ	وَذِكْرُ	مَنْ قَبْلِيْ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
اپنی دلیل	یہ کتاب	جو	میرے ساتھ	اور کتاب	جو مجھ سے پہلے	بلکہ (البتہ)	ان میں اکثر	نہیں جانتے ہیں

اپنی دلیل، یہ کتاب ہے (ان کی) جو میرے ساتھ ہیں، اور کتاب (انکی) جو مجھ سے پہلے ہوئے ہیں، البتہ ان میں اکثر نہیں جانتے

الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ

الْحَقَّ	فَهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	نُوْحِيْٓ
حق	پس وہ	روگردانی کرتے ہیں	اور	نہیں بھیجا ہم نے	تم سے پہلے	کوئی رسول	مگر	ہم نے وحی بھیجی

حق کو، پس وہ روگردانی کرتے ہیں۔ اور تم سے پہلے ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر ہم نے وحی بھیجی

اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا

اِلَيْهِ	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّآ اَنَا	فَاعْبُدُوْنِ	وَقَالُوا	اتَّخَذَ	الرَّحْمٰنُ	وَلَدًا
اس کی طرف	کہ بیشک وہ	نہیں	کوئی معبود	میرے سوا	پس میری عبادت کرو	اور انہوں نے کہا	بنالیا	اللہ	ایک بیٹا

اس کی طرف کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری عبادت کرو۔ ان (مشرکوں) نے کہا اللہ نے ایک بیٹا بنا لیا ہے

سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

سُبْحٰنَهٗ	بَلْ	عِبَادٌ	مُّكْرَمُوْنَ	لَا يَسْبِقُوْنَهٗ	بِالْقَوْلِ	وَهُمْ	بِاَمْرِهٖ	يَعْمَلُوْنَ
وہ پاک ہے	بلکہ	بندے	معزز	وہ اس سے سبقت نہیں کرتے	بات میں	اور وہ	اسکے حکم پر	عمل کرتے ہیں

وہ اس (تہمت) سے پاک ہے، بلکہ (فرشتے) معزز بندے ہیں۔ وہ بات میں اُس سے سبقت نہیں کرتے، اور وہ اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى

يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ	مَا خَلْفَهُمْ	وَ	لَا يَشْفَعُوْنَ	اِلَّا	لِمَنِ	ارْتَضٰى
وہ جانتا ہے	جو	ان کے ہاتھوں میں (سامنے)	اور	جو ان کے پیچھے	اور	وہ سفارش نہیں کرتے	مگر	جس کے لئے	اس کی رضا ہو

وہ جانتا ہے جو ان کے سامنے اور ان کے پیچھے ہے، اور وہ سفارش نہیں کرتے، مگر جس کے لئے اس کی رضا ہو،

وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ

وَهُمْ	مِنْ خَشْيَتِهٖ	مُشْفِقُوْنَ	وَمَنْ	يَّقُلْ	مِنْهُمْ	اِنِّيْٓ	اِلٰهٌ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور وہ	اس کے خوف سے	ڈرتے رہتے ہیں	اور جو	کہے	ان میں سے	بیشک میں	معبود	اس کے سوا

اور وہ اس کے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں۔ اور ان میں سے جو کوئی یہ کہے کہ بے شک اس کے سوا میں معبود ہوں

فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ

فَذٰلِكَ	نَجْزِيْهِ	جَهَنَّمَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَ	الَّذِيْنَ
پس وہ شخص	ہم اسے سزا دیں گے	جہنم	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالم (جمع)	کیا	نہیں دیکھا	وہ لوگ جو

پس اُس شخص کو ہم سزائے جہنم دیں گے، اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں - کیا کافروں نے نہیں دیکھا

كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا

كَفَرُوْا	اَنَّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	كَانَتَا	رَتْقًا	فَفَتَقْنٰهُمَا	وَجَعَلْنَا
انہوں نے کفر کیا	کہ	آسمان (جمع)	اور زمین	دونوں تھے	بند	پس ہم نے دونوں کو کھول دیا	اور ہم نے کیا

کہ آسمان اور زمین دونوں (بارش اور روئیدگی سے) بند تھے، پس ہم نے دونوں کو کھول دیا، اور ہم نے

مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ

مِنَ الْمَاۗءِ	كُلَّ شَيْءٍ	حَيٍّ	اَ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	وَجَعَلْنَا	فِي الْاَرْضِ	رَوَاسِيَ
پانی سے	ہر شے	زندہ	کیا پس وہ ایمان نہیں لاتے ہو	اور ہم نے بنائے	زمین میں	پہاڑ

پانی سے ہر شے کو زندہ کیا (زندگی بخشی) تو کیا (پھر بھی) وہ ایمان نہیں لاتے ؟ اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے

اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَجَعَلْنَا

اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ	وَجَعَلْنَا	فِيْهَا	فِجَاجًا	سُبُلًا	لَّعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ	وَجَعَلْنَا
کہ جھک نہ پڑے ان کے ساتھ	اور ہم نے بنائے	اس میں	کشادہ	راستے	تاکہ وہ	وہ راہ پائیں	اور ہم نے بنایا

تاکہ وہ ان (لوگوں) کے ساتھ جھک نہ پڑے، اور ہم نے اس میں کشادہ راستے بنائے تاکہ وہ راہ پائیں - اور ہم نے بنایا

السَّمَاۗءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚ وَّهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

السَّمَاۗءَ	سَقْفًا	مَّحْفُوْظًا	وَهُمْ	عَنْ	اٰيٰتِهَا	مُعْرِضُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ
آسمان	ایک چھت	محفوظ	اور وہ	سے	اس کی نشانیاں	روگردانی کرنے ہیں	اور وہ	جس نے

آسمان ایک محفوظ چھت اور وہ اس کی نشانیوں سے روگردانی کرنے ہیں - اور وہی ہے جس نے

خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾

خَلَقَ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	وَالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	فِيْ فَلَكٍ	يَّسْبَحُوْنَ
پیدا کیا	رات	اور دن	اور سورج	اور چاند	سب	دائرہ (مدار) میں	تیر رہے ہیں

پیدا کیا رات اور دن کو، اور سورج اور چاند کو، سب (اپنے اپنے) مدار میں تیر رہے ہیں -

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۖ أَفَإِن مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ ﴿٣٤﴾

وَ	مَا جَعَلْنَا	لِبَشَرٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	الْخُلْدَ	أَ فَإِن	مِّتَّ	فَهُمُ الْخَالِدُونَ
اور	ہم نے نہیں کیا	کسی بشر کے لئے	آپ سے قبل	ہمیشہ رہنا	کیا پس اگر	آپ نے انتقال کر لیا	پس وہ ہمیشہ رہیں گے

اور ہم نے آپ سے پہلے کسی بشر کے لئے ہمیشہ رہنا نہیں (تجویز) کیا، پس اگر آپ انتقال کر گئے تو کیا وہ ہمیشہ رہیں گے ؟

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَنَبْلُوكُم بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۖ وَإِلَيْنَا

كُلُّ نَفْسٍ	ذَائِقَةُ	الْمَوْتِ	وَ	نَبْلُوكُمْ	بِالشَّرِّ	وَالْخَيْرِ	فِتْنَةً	وَإِلَيْنَا
ہر جی	چکھنا	موت	اور	اور ہم تمہیں مبتلا کریں گے	برائی سے	اور بھلائی	آزمائش	اور ہماری ہی طرف

ہر جی (متنفس) کو موت (کا ذائقہ) چکھنا ہے، اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی سے آزمائش میں مبتلا کریں گے، اور ہماری طرف ہی

تُرْجَعُونَ ﴿٣٥﴾ وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا

تُرْجَعُونَ	وَإِذَا	رَآكَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	إِن	يَتَّخِذُونَكَ	إِلَّا	هُزُوًا	أَهَٰذَا
تم لوٹ کر آؤ گے	اور جب	تمہیں دیکھتے ہیں	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں	ٹھہراتے تمہیں	مگر صرف	ایک ہنسی مذاق	کیا یہ ہے

تم لوٹ کر آؤ گے۔ اور جب کافر تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہیں صرف ایک ہنسی مذاق ٹھہراتے ہیں، کہ کیا یہ ہے ؟

الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ وَهُم بِذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿٣٦﴾ خُلِقَ الْإِنسَانُ

الَّذِي	يَذْكُرُ	آلِهَتَكُمْ	وَهُم	بِذِكْرِ	الرَّحْمَٰنِ	هُمْ	كَافِرُونَ	خُلِقَ	الْإِنسَانُ
وہ جو	یاد کرتا ہے	تمہارے معبود	اور وہ	ذکر سے	رحمٰن (اللہ)	وہ	منکر (جمع)	پیدا کیا گیا	انسان

وہ جو تمہارے معبودوں کو (برائی سے) یاد کرتا ہے، اور وہ اللہ کے ذکر سے منکر ہیں۔ انسان کو پیدا کیا گیا ہے

مِنْ عَجَلٍ ۚ سَأُورِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ ﴿٣٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ

مِنْ	عَجَلٍ	سَأُورِيكُمْ	آيَاتِي	فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ	وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هَٰذَا	الْوَعْدُ
سے	جلدی (جلد باز)	عنقریب میں دکھاتا ہوں تمہیں	اپنی نشانیاں	تم جلدی نہ کرو مجھ	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ

جلد باز، عنقریب میں تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہوں سو تم جلدی نہ کرو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ وعدہ (عذاب) کب (آئے گا) ؟

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَن

إِن	كُنتُمْ	صَادِقِينَ	لَوْ يَعْلَمُ	الَّذِينَ كَفَرُوا	حِينَ	لَا يَكُفُّونَ	عَن
اگر	تم ہو	سچے	کاش وہ جان لیتے	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	وہ گھڑی	وہ نہ روک سکیں گے	سے

اگر تم سچے ہو۔ کاش کافر اس گھڑی کو جان لیتے جب وہ نہ روک سکیں گے

وُجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً

وُجُوْهِهِمُ	النَّارَ	وَ لَا	عَنْ	ظُهُوْرِهِمْ	وَ لَا هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	بَلْ	تَاْتِيْهِمْ	بَغْتَةً
اپنے چہرے	آگ	اور نہ	سے	(انکی پیٹھ (جمع)	اور نہ وہ	مدد کئے جائیں گے	بلکہ	آئے گی ان پر	اچانک

(دوزخ کی) آگ کو اپنے چہروں سے، اور نہ اپنی پیٹھوں سے، اور نہ وہ مدد کئے جائیں گے۔ بلکہ (قیامت) اُن پر اچانک آئے گی

فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ

فَتَبْهَتُهُمْ	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	رَدَّهَا	وَ	لَا هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَ	لَقَدِ اسْتُهْزِئَ
تو حیران کردے گی انہیں	پس نہ انہیں سکت ہوگی	اس کو لوٹانا	اور	نہ انہیں	مہلت دی جائے گی	اور	البتہ مذاق اُڑائی گئی

تو وہ انہیں حیران (بدحواس) کردے گی، پس انہیں اس کو لوٹانے کی سکت نہ ہوگی اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ اور البتہ مذاق اُڑائی گئی ع

بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾

بِرُسُلٍ	مِنْ قَبْلِكَ	فَحَاقَ	بِالَّذِيْنَ	سَخِرُوْا	مِنْهُمْ	مَا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
رسولوں کی	آپؐ سے پہلے	آگھیرا (پکڑ لیا)	ان کو جنہوں نے	مذاق اُڑایا	ان میں سے	جو	تھے	اسکے ساتھ (رکا)	مذاق اُڑاتے تھے

آپؐ سے پہلے رسولوں کی، پس اُن میں سے جنہوں نے مذاق اڑایا انہیں اس (عذاب نے) آگھیرا جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

قُلْ	مَنْ	يَّكْلَؤُكُمْ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	مِنَ الرَّحْمٰنِ	بَلْ هُمْ	عَنْ ذِكْرِ	رَبِّهِمْ
فرمادیں	کون	تمہاری نگہبانی کرتا ہے	رات میں	اور دن	رحمٰن سے	بلکہ وہ	یاد سے	اپنا رب

فرمادیں، رحمٰن (کے عذاب) سے دن رات تمہاری کون نگہبانی کرتا ہے؟ بلکہ وہ اپنے رب کی یاد سے

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ

مُعْرِضُوْنَ	اَمْ	لَهُمْ	اٰلِهَةٌ	تَمْنَعُهُمْ	مِنْ دُوْنِنَا	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَ
رُوگردانی کرتے ہیں	کیا	ان کے لئے	کچھ معبود	انہیں بچاتے ہیں	ہمارے سوا	وہ سکت نہیں رکھتے	مدد

رُوگردانی کرتے ہیں۔ کیا ہمارے سوا ان کے کچھ اور معبود ہیں؟ جو انہیں (مصائب سے) بچاتے ہیں، وہ سکت نہیں رکھتے

اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰٓى

اَنْفُسِهِمْ	وَ	لَا هُمْ	مِّنَّا	يُصْحَبُوْنَ	بَلْ	مَتَّعْنَا	هٰٓؤُلَآءِ	وَاٰبَآءَهُمْ	حَتّٰٓى
اپنے آپ	اور	نہ وہ	ہم سے	وہ ساتھی پائیں گے	بلکہ	ہم نے سازوسامان دیا	ان کو	اور ان کے باپ دادا	یہانتک کہ

اپنی مدد کی (بھی) اور نہ وہ ہم سے (بچانے کے لئے) ساتھی پائیں گے۔ بلکہ ہم نے ان کو اور ان کے باپ دادا کو سازوسامان دیا، یہانتک کہ

طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۭ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ

طَالَ	عَلَيْهِمُ	الْعُمُرُ	اَ فَلَا يَرَوْنَ	اَنَّا نَاْتِي	الْاَرْضَ	نَنْقُصُهَا	مِنْ	اَطْرَافِهَا
دراز ہوگئی	ان پر۔ کی	عمر	کیا پس وہ نہیں دیکھتے	کہ ہم آرہے ہیں	زمین	اس کو گھٹاتے ہوئے	سے	اس کے کنارے (جمع)

ان کی عمر دراز ہوگئی۔ پس کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے (منکروں پر تنگ کرتے) آ رہے ہیں،

اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۡ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاۗءَ

اَفَهُمُ	الْغٰلِبُوْنَ	قُلْ	اِنَّمَا	اُنْذِرُكُمْ	بِالْوَحْيِ	وَ لَا يَسْمَعُ	الصُّمُّ	الدُّعَاۗءَ
کیا پھر وہ	غالب آنے والے	فرما دیں	اسکے سوا نہیں کہ	میں تمہیں ڈراتا ہوں	وحی سے	اور نہیں سنتے ہیں	بہرے	پکار

پھر کیا وہ غالب آنے والے ہیں آپؐ فرما دیں اس کے سوا نہیں کہ میں تمہیں وحی سے ڈراتا ہوں، اور بہرے پکار نہیں سنتے

اِذَا مَا يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَىِٕنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ

اِذَا	مَا	يُنْذَرُوْنَ	وَلَىِٕنْ	مَسَّتْهُمْ	نَفْحَةٌ	مِنْ عَذَابِ	رَبِّكَ	لَيَقُوْلُنَّ
جب	بھی	انہیں ڈرایا جائے	اور اگر	انہیں چھوئے	ایک لپٹ	عذاب سے	تیرا رب	وہ ضرور کہیں گے

جب بھی انہیں ڈرایا جائے۔ اور اگر انہیں تیرے رب کے عذاب کی ایک لپٹ چھوئے تو وہ ضرور کہیں گے

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ

يٰوَيْلَنَآ	اِنَّا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	وَنَضَعُ	الْمَوَازِيْنَ	الْقِسْطَ	لِيَوْمِ	الْقِيٰمَةِ
ہائے ہماری شامت	بیشک ہم تھے	ظالم (جمع)	اور ہم رکھیں گے (قائم کرینگے)	ترازو۔ میزان	انصاف	دن	قیامت

ہائے ہماری شامت! بیشک ہم ظالم تھے۔ اور ہم قیامت کے دن میزانِ عدل قائم کریں گے،

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـــًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ

فَلَا تُظْلَمُ	نَفْسٌ	شَيْـــًٔا	وَاِنْ	كَانَ	مِثْقَالَ	حَبَّةٍ	مِّنْ خَرْدَلٍ	اَتَيْنَا بِهَا
تو نہ ظلم کیا جائے گا	کسی شخص پر	کچھ بھی	اور اگر	ہوگا	وزن۔ برابر	ایک دانہ	رائی سے۔ کا	ہم اسے لے آئیں گے

تو کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور اگر (کوئی عمل) رائی کے ایک دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اسے لے آئیں گے،

وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاۗءً

وَكَفٰى	بِنَا	حٰسِبِيْنَ	وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	الْفُرْقَانَ	وَضِيَاۗءً
اور کافی	ہم	حساب لینے والے	اور البتہ ہم نے عطا کی	موسیٰ ؑ	اور ہارون ؑ	فرق کرنیوالی (کتاب)	اور روشنی

اور کافی ہیں ہم حساب لینے والے۔ اور ہم نے موسیٰ ؑ اور ہارون ؑ کو (حق و باطل میں) فرق کرنے والی (کتاب) اور روشنی عطا کی،

وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ

وَ ذِكْرًا	لِلْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَيْبِ	وَهُمْ	مِنَ السَّاعَةِ
اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	بغیر دیکھے	اور وہ	سے قیامت

اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت۔ جو لوگ اپنے رب سے بغیر دیکھے ڈرتے ہیں اور وہ قیامت سے

مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾

مُشْفِقُوْنَ	وَهٰذَا	ذِكْرٌ	مُّبٰرَكٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اَفَاَنْتُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ
خوف کھاتے ہیں	اور یہ	نصیحت	بابرکت	ہم نے اسے نازل کیا	تو کیا تم	اس کے	منکر (جمع)

خوف کھاتے ہیں۔ اور یہ بابرکت نصیحت ہے (جو) ہم نے نازل کی ہے تو کیا تم اس کے منکر ہو؟

وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	اِبْرٰهِيْمَ	رُشْدَهٗ	مِنْ قَبْلُ	وَكُنَّا	بِهٖ	عٰلِمِيْنَ	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ
اور	تحقیق البتہ ہم نے دی	ابراہیمؑ	ہدایت یابی (فہم سلیم)	اس سے قبل	اور ہم تھے	اس کے	جاننے والے	جب اس نے کہا	اپنے باپ سے

اور تحقیق البتہ ہم نے اس سے قبل ابراہیمؑ کو فہم سلیم دی تھی اور ہم اس کے جاننے والے تھے۔ جب اس نے کہا اپنے باپ سے

وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا وَجَدْنَآ

وَقَوْمِهٖ	مَا هٰذِهِ	التَّمَاثِيْلُ	الَّتِيْ	اَنْتُمْ	لَهَا	عٰكِفُوْنَ	قَالُوْا	وَجَدْنَا
اور اپنی قوم	کیا ہیں یہ	مورتیاں	جو کہ	تم	ان کے لئے	جمے بیٹھے ہو	وہ بولے	ہم نے پایا

اور اپنی قوم سے، کیا ہیں یہ مورتیاں؟ جن کے لئے تم جمے بیٹھے ہو۔ وہ بولے ہم نے پایا

اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ

اٰبَآءَنَا	لَهَا	عٰبِدِيْنَ	قَالَ	لَقَدْ كُنْتُمْ	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	فِيْ ضَلٰلٍ
اپنے باپ دادا	انکے لئے۔ کی	پوجا کرنے والے	اس نے کہا	تحقیق تم رہے	تم	اور تمہارے باپ دادا	گمراہی میں

اپنے باپ دادا کو ان کی پوجا کرتے۔ اس (ابراہیمؑ) نے کہا تحقیق تم اور تمہارے باپ صریح گمراہی میں رہے

مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ

مُبِيْنٍ	قَالُوْا	اَجِئْتَنَا	بِالْحَقِّ	اَمْ	اَنْتَ	مِنَ	اللّٰعِبِيْنَ	قَالَ	بَلْ	رَّبُّكُمْ
صریح	وہ بولے	کیا تم لائے ہو ہمارے پاس	حق کو	یا	تم	سے	کھیلنے والے (دل لگی کرنیوالے)	اس نے کہا	بلکہ	تمہارا رب

وہ بولے کیا تم ہمارے پاس حق لائے ہو؟ یا دل لگی کرنے والوں میں سے ہو۔ اس نے کہا بلکہ تمہارا رب

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۪ وَ اَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ

رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	الَّذِیْ	فَطَرَهُنَّ	وَاَنَا	عَلٰی ذٰلِكُمْ	مِنَ
رب (مالک)	آسمان (جمع)	اور زمین	وہ جس نے	انہیں پیدا کیا	اور میں	اِس بات پر	سے

مالک ہے آسمانوں کا اور زمین کا، وہ جس نے اُنہیں پیدا کیا اور اس بات پر میں

الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَ تَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۷﴾

الشّٰهِدِیْنَ	وَتَاللّٰهِ	لَاَكِیْدَنَّ	اَصْنَامَكُمْ	بَعْدَ	اَنْ	تُوَلُّوْا	مُدْبِرِیْنَ
گواہ (جمع)	اور اللہ کی قسم	البتہ میں ضرور چال چلوں گا	تمہارے بُت (جمع)	بعد	کہ	تم جاؤ گے	پیٹھ پھیر کر

گواہوں میں سے (گواہ) ہوں۔ اور اللہ کی قسم! البتہ میں تمہارے بتوں سے ضرور چال چلوں گا، اس کے بعد جبکہ تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے۔

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قَالُوْا مَنْ

فَجَعَلَهُمْ	جُذٰذًا	اِلَّا	كَبِیْرًا	لَّهُمْ	لَعَلَّهُمْ	اِلَیْهِ	یَرْجِعُوْنَ	قَالُوْا	مَنْ
پس اس نے انہیں کر ڈالا	ریزہ ریزہ	سوائے	ایک بڑا	ان کا	تاکہ وہ	اس کی طرف	رجوع کریں	کہنے لگے	کون۔ کس

پس اس نے ان کے ایک بڑے کے سوا سب کو ریزہ ریزہ کر ڈالا، تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ کہنے لگے کون ہے

فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ

فَعَلَ	هٰذَا	بِاٰلِهَتِنَآ	اِنَّهٗ	لَمِنَ	الظّٰلِمِیْنَ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	فَتًی	یَّذْكُرُهُمْ
کیا	یہ	ہمارے معبودوں کے ساتھ	بیشک وہ	البتہ سے	ظالم (جمع)	وہ بولے	ہم نے سُنا ہے	ایک جوان	وہ انکے بارے میں باتیں کرتا ہے

جس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کیا؟ بیشک وہ تو ظالموں میں سے ہے۔ بولے ہم نے سُنا ہے ایک جوان (بتوں) کے بارے میں باتیں کرتا ہے،

یُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

یُقَالُ	لَهٗ	اِبْرٰهِیْمُ	قَالُوْا	فَاْتُوْا	بِهٖ	عَلٰی	اَعْیُنِ	النَّاسِ	لَعَلَّهُمْ
کہا جاتا ہے	اس کو	ابراہیمؑ	بولے	تم لے آؤ	اسے	سامنے	آنکھیں	لوگ	تاکہ وہ

اس کو ابراہیمؑ کہا جاتا ہے۔ بولے تو اسے لوگوں کی آنکھوں کے سامنے لے آؤ تاکہ وہ

یَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰٓاِبْرٰهِیْمُ ﴿۶۲﴾ قَالَ بَلْ

یَشْهَدُوْنَ	قَالُوْا	ءَاَنْتَ	فَعَلْتَ	هٰذَا	بِاٰلِهَتِنَا	یٰٓاِبْرٰهِیْمُ	قَالَ	بَلْ
وہ دیکھیں	انہوں نے کہا	کیا تو	تو نے کیا	یہ	ہمارے معبودوں کے ساتھ	اے ابراہیمؑ	اس نے کہا	بلکہ

دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ اے ابراہیمؑ! کیا یہ تو نے ہمارے معبودوں کے ساتھ کیا ہے؟ اس نے کہا بلکہ

فَعَلَهٗ صلے كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَرَجَعُوْٓا

فَعَلَهٗ	كَبِيْرُهُمْ	هٰذَا	فَسْـَٔلُوْهُمْ	اِنْ	كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ	فَرَجَعُوْٓا
اس نے کیا ہے	ان کا بڑا	یہ	تو ان سے پوچھ لو	اگر	وہ بولتے ہیں	پس وہ لوٹے (سوچ میں پڑ گئے)

یہ ان کے اس بڑے نے کیا ہے، تو ان (ہی) سے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہیں ۔ پس وہ سوچ میں پڑ گئے

اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ

اِلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	فَقَالُوْٓا	اِنَّكُمْ	اَنْتُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	ثُمَّ نُكِسُوْا	عَلٰى رُءُوْسِهِمْ
طرف۔ میں	اپنے دل	پھر انہوں نے کہا	بیشک تم	تم ہی	ظالم (جمع)	پھر وہ اوندھے کئے گئے	اپنے سروں پر

اپنے دلوں میں، پھر انہوں نے کہا بیشک تم ہی ظالم ہو (نا حق پر ہو) پھر وہ اپنے سروں پر اوندھے کئے گئے (سروں کے بل جھک گئے)

لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

لَقَدْ عَلِمْتَ	مَا	هٰٓؤُلَآءِ	يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾	قَالَ	اَفَتَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مَا
تو خوب جانتا ہے	جو	یہ	بولتے ہیں	اس نے کہا	کیا پھر تم پرستش کرتے ہو	اللہ کے سوا	جو

تو خوب جانتا ہے، یہ جو کچھ بولتے ہیں ۔ اس نے کہا کیا تم پھر اللہ کے سوا ان کی پرستش کرتے ہو؟ جو

لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

لَا يَنْفَعُكُمْ	شَيْـًٔا	وَ	لَا يَضُرُّكُمْ	اُفٍّ	لَّكُمْ	وَلِمَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
نہ تمہیں نفع پہنچا سکیں	کچھ	اور	نہ نقصان پہنچا سکیں تمہیں	تُف	تم پر	اور اس پر جسے	پرستش کرتے ہو تم	اللہ کے سوا

نہ تمہیں کچھ نفع پہنچا سکیں اور نہ نقصان پہنچا سکیں ۔ تُف ہے تم پر! اور (ان بتوں پر) جن کی تم اللہ کے سوا پرستش کرتے ہو؟

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾

اَ	فَلَا تَعْقِلُوْنَ	قَالُوْا	حَرِّقُوْهُ	وَانْصُرُوْٓا	اٰلِهَتَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ
کیا	پھر تم نہیں سمجھتے	وہ کہنے لگے	تم اسے جلا ڈالو	اور تم مدد کرو	اپنے معبودوں کی	اگر	تم ہو کرنے والے (کچھ کرنا ہے)

کیا تم پھر (بھی) نہیں سمجھتے؟ وہ کہنے لگے تم اسے جلا ڈالو اور اپنے معبودوں کی مدد اگر تمہیں کچھ کرنا ہے ۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ

قُلْنَا	يٰنَارُ كُوْنِيْ	بَرْدًا	وَّسَلٰمًا	عَلٰٓى	اِبْرٰهِيْمَ	وَاَرَادُوْا	بِهٖ	كَيْدًا	فَجَعَلْنٰهُمُ
ہم نے حکم دیا	اے آگ تو ہو جا	ٹھنڈی	اور سلامتی	پر	ابراہیمؑ	اور انہوں نے ارادہ کیا	اس کے ساتھ	فریب	تو ہم نے انہیں کر دیا

ہم نے حکم دیا، اے آگ! تو ابراہیمؑ پر ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی ۔ اور انہوں نے اس کے ساتھ فریب کا ارادہ کیا تو ہم نے انہیں کر دیا

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾

الْاٰخِرِيْنَ	وَنَجَّيْنٰهُ	وَلُوْطًا	اِلَى	الْاَرْضِ	الَّتِيْ بٰرَكْنَا	فِيْهَا	لِلْعٰلَمِيْنَ
بہت خسارہ پانیوالے (زیاں کار)	اور ہم نے اسے بچا لیا	اور لوطؑ	طرف	سرزمین	وہ جس میں ہمنے برکت رکھی	اس میں	جہانوں کے لئے

انتہائی زیاں کار۔ اور ہم نے اسے اور لوطؑ کو اس سرزمین کی طرف (بھیج کر) بچا لیا، جس میں ہم نے جہانوں کے لئے برکت رکھی۔

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَ

وَوَهَبْنَا	لَهٗٓ	اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	نَافِلَةً	وَكُلًّا	جَعَلْنَا	صٰلِحِيْنَ	وَ
اور ہم نے عطا کیا	اس کو	اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	پوتا	اور سب	ہم نے بنایا	صالح (نیکوکار)	اور

اور اس کو عطا کیا اسحٰقؑ (بیٹا)، اور یعقوبؑ پوتا، اور ہم نے ان سب کو نیکوکار بنایا۔ اور

جَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَ

جَعَلْنٰهُمْ	اَئِمَّةً	يَّهْدُوْنَ	بِاَمْرِنَا	وَاَوْحَيْنَآ	اِلَيْهِمْ	فِعْلَ الْخَيْرٰتِ	وَ
ہم نے انہیں بنایا	(جمع) امام (پیشوا)	وہ ہدایت دیتے تھے	ہمارے حکم سے	اور ہم نے وحی بھیجی	ان کی طرف	نیک کام کرنا	اور

ہم نے انہیں پیشوا بنایا، وہ ہمارے حکم سے ہدایت دیتے تھے اور ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی نیک کام کرنے کی، اور

اِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

اِقَامَ	الصَّلٰوةِ	وَاِيْتَآءَ	الزَّكٰوةِ	وَكَانُوْا	لَنَا	عٰبِدِيْنَ	وَلُوْطًا	اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا
قائم کرنا	نماز	اور ادا کرنا	زکوٰۃ	اور وہ تھے	ہمارے ہی	عبادت کرنے والے	اور لوط	ہم نے اسے دیا	حکم

نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کی، اور وہ ہماری ہی عبادت کرنے والے تھے۔ اور ہم نے لوطؑ کو حکم دیا (حکمت و نبوت)

وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

وَعِلْمًا	وَنَجَّيْنٰهُ	مِنَ الْقَرْيَةِ	الَّتِيْ	كَانَتْ تَعْمَلُ	الْخَبٰٓئِثَ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا
اور علم	اور ہمنے اسے بچا لیا	بستی سے	جو	کرتی تھی	گندے کام	بیشک وہ	وہ تھے

ان کے درمیان	اس دن	اور نہ وہ ایکدوسرے کو پوچھیں گے	پس۔ جو جس	بھاری ہوئی	اس کا تول (پلہ)	پس وہ لوگ	وہ	فلاح پانے والے

اس دن انکے درمیان، اور نہ کوئی ایکدوسرے کو پوچھے گا۔ پس جس (کے اعمال) کا پلہ بھاری ہوا پس وہی لوگ فلاح (نجات) پانے والے ہوں گے۔

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

وَمَنْ	خَفَّتْ	مَوَازِيْنُهٗ	فَاُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فِيْ جَهَنَّمَ	خٰلِدُوْنَ
اور جو جس	ہلکی ہوئی	اس کے تول (پلہ)	تو وہی لوگ	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا	اپنی جانیں	جہنم میں	ہمیشہ رہیں گے

اور جس (کے اعمال) کا پلہ ہلکا ہوا تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو خسارہ میں ڈالا، وہ جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے۔

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

تَلْفَحُ	وُجُوْهَهُمُ	النَّارُ	وَهُمْ	فِيْهَا	كٰلِحُوْنَ	اَلَمْ تَكُنْ	اٰيٰتِيْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ
جھلس دے گی	ان کے چہرے	آگ	اور وہ	اس میں	تیوری چڑھائے ہوئے	کیا نہ تھیں	میری آیتیں	پڑھی جاتیں	تم پر

آگ اُن کے چہرے جھلس دے گی اور وہ اس میں تیوری چڑھائے ہوئے ہوں گے۔ کیا میری آیتیں تم پر نہ پڑھی جاتی (سنائی جاتی) تھیں؟

فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَاۗلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾

فَكُنْتُمْ	بِهَا	تُكَذِّبُوْنَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	غَلَبَتْ	عَلَيْنَا	شِقْوَتُنَا	وَكُنَّا	قَوْمًا	ضَاۗلِّيْنَ
پس تم تھے	انہیں	تم جھٹلاتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	غالب آگئی	ہم پر	ہماری بدبختی	اور ہم تھے	لوگ	راستہ سے بھٹکے ہوئے

پس تم انہیں جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے اے ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب آگئی، اور ہم راستے سے بھٹکے ہوئے لوگ تھے

رَبَّنَآ اَخۡرِجۡنَا مِنۡهَا فَاِنۡ عُدۡنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخۡسَـُٔوۡا فِيۡهَا وَلَا تُكَلِّمُوۡنِ ﴿۱۰۸﴾

رَبَّنَا	اَخۡرِجۡنَا	مِنۡهَا	فَاِنۡ	عُدۡنَا	فَاِنَّا	ظٰلِمُوۡنَ	قَالَ	اخۡسَـُٔوۡا	فِيۡهَا	وَلَا تُكَلِّمُوۡنِ
اے ہمارے رب	ہمیں نکال لے	اس سے	پھر اگر	دوبارہ کیا ہم نے	تو بیشک ہم	ظالم (جمع)	فرمائے گا	پھٹکارے ہوئے پڑے رہو	اس میں	اور کلام نہ کرو مجھ سے

اے ہمارے رب! ہمیں اس سے نکال لے پھر اگر ہم نے دوبارہ (وہی) کیا تو بیشک ہم ظالم ہوں گے ۔ فرمائے گا پھٹکارے ہوئے اس میں پڑے رہو اور مجھ سے کلام نہ کرو

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيۡقٌ مِّنۡ عِبَادِىۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ

اِنَّهٗ	كَانَ	فَرِيۡقٌ	مِّنۡ عِبَادِىۡ	يَقُوۡلُوۡنَ	رَبَّنَآ	اٰمَنَّا	فَاغۡفِرۡ لَنَا	وَارۡحَمۡنَا	وَاَنۡتَ
بیشک وہ	تھا	ایک گروہ	میرے بندوں کا	وہ کہتے تھے	اے ہمارے رب	ہم ایمان لائے	سو ہمیں بخشدے	اور ہم پر رحم فرما	اور تو

بیشک ہمارے بندوں کا ایک گروہ تھا، وہ کہتے تھے اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے، سو ہمیں بخشدے، اور ہم پر رحم فرما، اور تو

خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذۡتُمُوۡهُمۡ سِخۡرِيًّا حَتّٰٓى اَنۡسَوۡكُمۡ ذِكۡرِىۡ وَكُنۡتُمۡ

خَيۡرُ	الرّٰحِمِيۡنَ	فَاتَّخَذۡتُمُوۡهُمۡ	سِخۡرِيًّا	حَتّٰى	اَنۡسَوۡكُمۡ	ذِكۡرِىۡ	وَكُنۡتُمۡ
بہترین	رحم کرنے والے	پس تم نے انہیں بنا لیا	ٹھٹھا	یہاں تک کہ	انہوں نے بھلا دیا تمہیں	میری یاد	اور تم تھے

بہترین رحم کرنے والا ہے ۔ پس تم نے انہیں ٹھٹھا بنا لیا، یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھلا دی اور تم

مِّنۡهُمۡ تَضۡحَكُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّىۡ جَزَيۡتُهُمُ الۡيَوۡمَ بِمَا صَبَرُوۡۤا اَنَّهُمۡ هُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾

مِنۡهُمۡ	تَضۡحَكُوۡنَ	اِنِّىۡ	جَزَيۡتُهُمُ	الۡيَوۡمَ	بِمَا	صَبَرُوۡۤا	اَنَّهُمۡ	هُمُ	الۡفَآئِزُوۡنَ
ان سے	ہنسی کیا کرتے تھے	بیشک میں	میں نے جزا دی انہیں	آج	اس کے بدلے	انہوں نے صبر کیا	بیشک وہ	وہی	مراد کو پہنچنے والے

ان سے ہنسی کیا کرتے تھے ۔ اس کے بدلے کہ انہوں نے صبر کیا بیشک میں نے آج انہیں جزا دی، بیشک وہی مراد کو پہنچنے والے ہیں ۔

قٰلَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِيۡنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ

قٰلَ	كَمۡ لَبِثۡتُمۡ	فِى الۡاَرۡضِ	عَدَدَ	سِنِيۡنَ	قَالُوۡا	لَبِثۡنَا	يَوۡمًا	اَوۡ	بَعۡضَ يَوۡمٍ
فرمائے گا	کتنی مدت رہے تم	زمین (دنیا) میں	شمار (حساب)	سال (جمع)	وہ کہیں گے	ہم رہے	ایک دن	یا	ایک دن کا کچھ حصہ

(اللہ تعالیٰ) فرمائے گا تم دنیا میں سالوں کے حساب سے کتنی مدت رہے؟ وہ کہیں ہم ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ رہے،

فَسۡـَٔلِ الۡعَآدِّيۡنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا لَّوۡ اَنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۱۴﴾

فَسۡـَٔلِ	الۡعَآدِّيۡنَ	قٰلَ	اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ	اِلَّا	قَلِيۡلًا	لَّوۡ	اَنَّكُمۡ	كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ
پس پوچھ لے	شمار کرنے والے	فرمائے گا	نہیں تم رہے	مگر (صرف)	تھوڑا (عرصہ)	کاش	کہ تم	جانتے ہوتے

پس شمار کرنے والوں سے پوچھ لے ۔ فرمائے گا تم صرف تھوڑا عرصہ رہے کاش کہ تم (یہ حقیقت دنیا میں) جانتے ہوتے ۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ

أَفَحَسِبْتُمْ	أَنَّمَا	خَلَقْنٰكُمْ	عَبَثًا	وَأَنَّكُمْ	إِلَيْنَا	لَا تُرْجَعُوْنَ	فَتَعٰلَى	اللّٰهُ
کیا تم خیال کرتے ہو؟	کہ	ہم نے تمہیں پیدا کیا	عبث (بیکار)	اور یہ کہ تم	ہماری طرف	نہیں لوٹائے جاؤ گے	پس بلند تر	اللہ

کیا تم خیال کرتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار پیدا کیا؟ اور یہ کہ تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے؟ پس بلند تر ہے اللہ

الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ

الْمَلِكُ	الْحَقُّ	لَآ	إِلٰهَ	إِلَّا هُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ	وَ	مَنْ يَّدْعُ	مَعَ اللّٰهِ
بادشاہ	حقیقی	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	مالک	عزت والا عرش	اور	جو پکارے	اللہ کے ساتھ

حقیقی بادشاہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، عزت والا عرش کا مالک۔ اور جو کوئی پکارے اللہ کے ساتھ

إِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَإِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ إِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

إِلٰهًا اٰخَرَ	لَا بُرْهَانَ	لَهٗ	بِهٖ	فَإِنَّمَا	حِسَابُهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ	إِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ
کوئی اور معبود	نہیں کوئی سند	اسکے پاس	اسکے لئے	سو تحقیق	اس کا حساب	اسکے رب کے پاس	بیشک وہ	فلاح (کامیابی) نہیں پائینگے

کوئی اور معبود، اس کے پاس اس کے لئے کوئی سند نہیں، سو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے، بے شک کامیابی نہیں پائیں گے

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع ۶ ۲۶ ۶

الْكٰفِرُوْنَ	وَقُلْ	رَّبِّ	اغْفِرْ	وَارْحَمْ	وَأَنْتَ	خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ
کافر (جمع)	اور آپؐ کہیں	اے میرے رب	بخشش دے	اور رحم فرما	اور تو	بہترین رحم کرنے والا ہے

کافر۔ اور آپؐ کہیں، اے میرے رب! بخشدے، اور رحم فرما، اور تو بہترین رحم کرنے والا ہے۔

آیاتھا ۶۴ | ۲۴ = سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۲ | رکوعاتھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

سُوْرَةٌ أَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَأَنْزَلْنَا فِيْهَا اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾

سُوْرَةٌ	أَنْزَلْنٰهَا	وَفَرَضْنٰهَا	وَأَنْزَلْنَا	فِيْهَا	اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	لَّعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُوْنَ
ایک سورۃ	جو ہم نے نازل کی	اور لازم کیا اس کو	اور ہم نے نازل کیں	اس میں	واضح آیتیں	تاکہ تم	تم یاد رکھو

یہ ایک سورۃ ہے جو ہم نے نازل کی، اور اس کے احکام کو لازم کیا، اور ہم نے اس میں واضح آیتیں نازل کیں تاکہ تم یاد رکھو (دھیان دو)

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا

اَلزَّانِيَةُ	وَالزَّانِيْ	فَاجْلِدُوْا	كُلَّ وَاحِدٍ	مِّنْهُمَا	مِائَةَ	جَلْدَةٍ	وَّلَا تَاْخُذْكُمْ	بِهِمَا
بدکار عورت	اور بدکار مرد	تو تم کوڑے مارو	ہر ایک کو	ان دونوں میں سے	سَو	کوڑے	اور نہ پکڑو (نہ کھاؤ)	ان پر

بدکار عورت اور بدکار مرد تم دونوں میں سے ہر ایک کو سَو کوڑے مارو ، اور اُن پر نہ کھاؤ

رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا

رَاْفَةٌ	فِيْ	دِيْنِ اللّٰهِ	اِنْ	كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَلْيَشْهَدْ	عَذَابَهُمَا
مہربانی (ترس)	میں	اللہ کا حکم	اگر	تم ایمان رکھتے ہو	اللہ پر	اور یوم آخرت	اور چاہیئے کہ موجود ہو	ان کی سزا

ترس اللہ کا حکم (چلانے) میں، اگر تم اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو، اور چاہیئے کہ ان کی سزا (کے وقت) موجود ہو

طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۚ وَّالزَّانِيَةُ

طَآئِفَةٌ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اَلزَّانِيْ	لَا يَنْكِحُ	اِلَّا	زَانِيَةً	اَوْ مُشْرِكَةً	وَالزَّانِيَةُ
ایک جماعت	سے۔ کی	مومن (جمع) مسلمان	بدکار مرد	نکاح نہیں کرتا	سوا	بدکار عورت	یا مشرکہ	اور بدکار عورت

مسلمانوں کی ایک جماعت ۔ بدکار مرد بدکار عورت یا مشرکہ کے سوا نکاح نہیں کرتا ، اور بدکار عورت

لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

لَا يَنْكِحُهَآ	اِلَّا زَانٍ	اَوْ مُشْرِكٌ	وَحُرِّمَ	ذٰلِكَ	عَلَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ
نکاح نہیں کرتی	سوا بدکار مرد	یا مشرک مرد	اور حرام کیا گیا	یہ	پر	مومن (جمع)	اور	جو لوگ تہمت لگائیں

(کبھی) بدکار یا شرک کرنے والے مرد کے سوا (کسی سے) نکاح نہیں کرتی، اور یہ (ایسا نکاح) مومنوں پر حرام کیا گیا ہے ۔ اور جو لوگ تہمت لگائیں

الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا

الْمُحْصَنٰتِ	ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا	بِاَرْبَعَةِ	شُهَدَآءَ	فَاجْلِدُوْهُمْ	ثَمٰنِيْنَ	جَلْدَةً	وَ لَا تَقْبَلُوْا
پاکدامن عورتیں	پھر وہ نہ لائیں	چار	گواہ	تو تم انہیں کوڑے مارو	اسّی	کوڑے	اور تم نہ قبول کرو

پاکدامن عورتوں پر، پھر وہ (اس پر) چار گواہ نہ لائیں تو تم انہیں اسّی کوڑے مارو اور تم قبول نہ کرو

لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝٤ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ

لَهُمْ	شَهَادَةً	اَبَدًا	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ تَابُوْا	مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ
ان کی	گواہی	کبھی	یہی لوگ	وہ	نافرمان	مگر	جن لوگوں نے توبہ کر لی	اس کے بعد

کبھی اُن کی گواہی ، یہی نافرمان لوگ ہیں ۔ مگر جن لوگوں نے اس کے بعد توبہ کر لی

وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ

وَاَصْلَحُوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَالَّذِيْنَ	يَرْمُوْنَ	اَزْوَاجَهُمْ	وَلَمْ يَكُنْ
اور انہوں نے اصلاح کرلی	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور جو لوگ	تہمت لگائیں	اپنی بیویاں	اور نہ ہوں

اور انہوں نے اصلاح کر لی، تو بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے - اور جو لوگ اپنی بیویوں پر تہمت لگائیں اور ۶

لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ

لَهُمْ	شُهَدَآءُ	اِلَّآ	اَنْفُسُهُمْ	فَشَهَادَةُ	اَحَدِهِمْ	اَرْبَعُ	شَهٰدٰتٍ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ
ان کے	گواہ	سوا	ان کی جانیں (خود)	پس گواہی	ان میں سے ایک	چار	گواہیاں	اللہ کی قسم	کہ وہ بیشک سچ بولنے والے

خود ان کے سوا اُن کے گواہ نہ ہوں، تو ان میں سے ہر ایک کی گواہی یہ ہے کہ اللہ کی قسم کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ وہ سچ بولنے والوں میں سے ہے (سچا ہے)۔

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۷ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا

وَالْخَامِسَةُ	اَنَّ	لَعْنَتَ اللّٰهِ	عَلَيْهِ	اِنْ كَانَ	مِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	وَيَدْرَؤُا	عَنْهَا
اور پانچویں	یہ کہ	اللہ کی لعنت	اس پر	اگر ہے وہ	سے	جھوٹ بولنے والے	اور ٹل جائے گی	اس عورت سے

اور پانچویں بار یہ کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹ بولنے والوں میں سے ہے (جھوٹا ہے) - اور اس عورت سے ٹل جائے گی

الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۸ وَالْخَامِسَةَ

الْعَذَابَ	اَنْ	تَشْهَدَ	اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	لَمِنَ	الْكٰذِبِيْنَ	وَ الْخَامِسَةَ
سزا	اگر	گواہی دے	چار بار گواہی	اللہ کی قسم	کہ وہ	البتہ سے	جھوٹے لوگ	اور پانچویں بار

سزا اگر وہ چار بار اللہ کی قسم کے ساتھ گواہی دے کہ وہ (مرد) البتہ جھوٹوں میں سے ہے (جھوٹا ہے) - اور پانچویں بار

اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۹ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اَنَّ	غَضَبَ اللّٰهِ	عَلَيْهَا	اِنْ	كَانَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
یہ کہ	اللہ کا غضب	اس پر	اگر	وہ ہے	سے	سچے لوگ	اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر

یہ کہ اس عورت پر (مجھ پر) اللہ کا غضب ہو اگر وہ سچوں میں سے ہے (سچا ہے) اور اگر تم پر نہ ہوتا اللہ کا فضل ۱ ع ۱۰ ۷

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ

وَرَحْمَتُهٗ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	تَوَّابٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ الَّذِيْنَ	جَآءُوْ بِالْاِفْكِ	عُصْبَةٌ	مِّنْكُمْ
اور اس کی رحمت	اور یہ کہ	اللہ	توبہ قبول کرنیوالا	حکمت والا	بیشک جو لوگ	بڑا بہتان لائے	ایک جماعت	تم میں سے

اور اس کی رحمت (تو یہ مشکل حل نہ ہوتی) اور یہ کہ اللہ توبہ قبول کرنے والا حکمت والا ہے - بیشک جو لوگ بڑا بہتان لائے تم (ہی) میں سے ایک جماعت ہیں

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ

لَا تَحْسَبُوْهُ	شَرًّا	لَّكُمْ	بَلْ هُوَ	خَيْرٌ لَّكُمْ	لِكُلِّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	مَّا اكْتَسَبَ	مِنَ الْاِثْمِ
تم اسے گمان نہ کرو	بُرا	اپنے لئے	بلکہ وہ	بہتر ہے تمہارے لئے	ہر ایک آدمی کے لئے	ان میں سے	جو اس نے کمایا (کیا)	گناہ سے

تم اسے اپنے لئے بُرا گمان نہ کرو بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے، ان میں سے ہر آدمی کے لئے جتنا اس نے کیا (اُتنا) گناہ ہے،

وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱﴾ لَّوْلَاۤ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ

وَالَّذِيْ	تَوَلّٰى	كِبْرَهٗ	مِنْهُمْ	لَهٗ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	لَّوْلَاۤ	اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	ظَنَّ
اور وہ جس	اٹھایا	بڑا اس کا	اُن میں سے	اسکے لئے	عذاب	بڑا	کیوں نہ	جب	تم نے وہ سُنا	گمان کیا

اور جس نے اس کا بڑا (طوفان) اٹھایا اس کے لئے بڑا عذاب ہے۔ جب تم نے وہ (بہتان) سنا تو کیوں نہ گمان کیا

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَاۤ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾ لَّوْلَا جَآءُوْ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتُ	بِاَنْفُسِهِمْ	خَيْرًا	وَّقَالُوْا	هٰذَاۤ	اِفْكٌ	مُّبِيْنٌ	لَّوْلَا	جَآءُوْ
مومن مردوں	اور مومن عورتوں	(اپنوں کے) بارہ میں	نیک	اور انہوں نے کہا	یہ	بہتان	صریح	کیوں نہ	وہ لائے

مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنوں کے بارہ میں (گمان) نیک، اور انہوں نے (کیوں نہ) کہا؟ یہ صریح بہتان ہے۔ وہ کیوں نہ لائے؟

عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾

عَلَيْهِ	بِاَرْبَعَةِ	شُهَدَآءَ	فَاِذْ	لَمْ يَاْتُوْا	بِالشُّهَدَآءِ	فَاُولٰٓئِكَ	عِنْدَ اللّٰهِ	هُمُ الْكٰذِبُوْنَ
اس پر	چار	گواہ	پس جب	وہ نہ لائے	گواہ	تو وہی لوگ	اللہ کے نزدیک	وہی جھوٹے

اس پر چار گواہ، پس جب وہ گواہ نہ لائے تو اللہ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَاۤ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	لَمَسَّكُمْ	فِيْ مَا	اَفَضْتُمْ	فِيْهِ
اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اسکی رحمت	دنیا میں	اور آخرت	ضرور تم پر پڑتا	اس میں جو	تم پڑے	اس میں

اور اگر تم پر دنیا اور آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس (شغل میں) تم پڑے تھے اس میں تم پر ضرور پڑتا

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ

عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ	بِاَلْسِنَتِكُمْ	وَتَقُوْلُوْنَ	بِاَفْوَاهِكُمْ	مَّا لَيْسَ	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ
عذاب	بڑا	جب تم لاتے تھے اسے	اپنی زبانوں پر	اور تم کہتے تھے	اپنے منہ سے	جو نہیں	تمہیں	اس کا	کوئی علم

بڑا عذاب۔ جب تم (ایک دوسرے سے سن کر) اسے اپنی زبان پر لاتے تھے، اور تم اپنے منہ سے کہتے تھے جس کا تمہیں کوئی علم نہ تھا،

وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ

وَتَحْسَبُوْنَهٗ	هَيِّنًا	وَهُوَ	عِنْدَ اللّٰهِ	عَظِيْمٌ	وَلَوْلَآ	اِذْ	سَمِعْتُمُوْهُ	قُلْتُمْ
اور تم اسے گمان کرتے تھے	ہلکی بات	حالانکہ وہ	اللہ کے نزدیک	بہت بڑی (بات)	اور کیوں نہ	جب	تم نے وہ سنا	تم نے کہا

اور تم اسے ہلکی بات گمان کرتے تھے، حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے ۔ جب تم نے وہ سُنا کیوں نہ کہا؟

مَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ

مَا يَكُوْنُ	لَنَآ	اَنْ نَّتَكَلَّمَ	بِهٰذَا	سُبْحٰنَكَ	هٰذَا	بُهْتَانٌ	عَظِيْمٌ	يَعِظُكُمُ	اللّٰهُ
نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ ہم کہیں	ایسی بات	تو پاک ہے	یہ	بہتان	بڑا	تمہیں نصیحت کرتا ہے	اللہ

کہ ہمارے لئے (زیبا) نہیں ہے کہ ہم ایسی بات کہیں (اے اللہ) تو پاک ہے، یہ بڑا بہتان ہے۔ اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے،

اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ

اَنْ	تَعُوْدُوْا	لِمِثْلِهٖٓ	اَبَدًا	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَيُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَاللّٰهُ
کہ	تم پھر کرو	ایسا کام	کبھی بھی	اگر تم ہو	ایمان والے	اور بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	آیتیں (احکام)	اور اللہ

(مبادا) تم ایسا کام پھر کبھی کرو، اگر تم ایمان والے ہو ۔ اور اللہ تمہارے لئے احکام (صاف صاف) بیان کرتا ہے، اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحِبُّوْنَ	اَنْ	تَشِيْعَ	الْفَاحِشَةُ	فِي الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
بڑا جاننے والا	حکمت والا	بیشک	جو لوگ	پسند کرتے ہیں	کہ	پھیلے	بے حیائی	ہیں جو	ایمان لائے (مومن)

بڑا جاننے والا حکمت والا ہے ۔ بے شک جو لوگ پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی پھیلے

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾

لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ
ان کے لئے	عذاب	دردناک	دنیا میں	اور آخرت میں	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	تم نہیں جانتے

ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اور اللہ جانتا ہے جو تم نہیں جانتے ۔

ع ۲ ۱۰ ۸ النصف

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اس کی رحمت	اور یہ کہ	اللہ	شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان ہے	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے (مومنو)

اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی (تو کیا کچھ نہ ہو جاتا) اور یہ کہ اللہ شفقت کرنے والا، نہایت مہربان ہے ۔ اے مومنو!

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ

لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	وَمَنْ	يَّتَّبِعْ	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	فَاِنَّهٗ	يَاْمُرُ	بِالْفَحْشَآءِ
تم نہ پیروی کرو	قدم (جمع)	شیطان	اور جو	پیروی کرتا ہے	قدم (جمع)	شیطان	تو بیشک وہ	حکم دیتا ہے	بے حیائی کا

تم شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، اور جو شیطان کے قدموں کی پیروی کرتا ہے تو وہ (شیطان) حکم دیتا ہے بے حیائی کا

وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ

وَالْمُنْكَرِ	وَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	مَا زَكٰى	مِنْكُمْ	مِنْ اَحَدٍ	اَبَدًا	وَّلٰكِنَّ
اور بُری بات	اور اگر نہ	اللہ کا فضل	تم پر	اور اسکی رحمت	نہ پاک ہوتا	تم سے	کوئی آدمی	کبھی بھی	اور لیکن

اور بری بات کا، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی آدمی کبھی بھی پاک نہ ہوتا، اور لیکن

اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ

اللّٰهَ	يُزَكِّيْ	مَنْ يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَلَا يَاْتَلِ	اُولُوا الْفَضْلِ	مِنْكُمْ
اللہ	پاک کرتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	اور قسم نہ کھائیں	فضیلت والے	تم میں سے

اللہ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے، اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور قسم نہ کھائیں تم میں سے فضیلت والے،

وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ

وَالسَّعَةِ	اَنْ يُّؤْتُوْا	اُولِي الْقُرْبٰى	وَالْمَسٰكِيْنَ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اور وسعت والے	کہ (نہ) دیں	قرابت دار	اور مسکینوں	اور ہجرت کرنیوالے	اللہ کی راہ میں

اور (مال میں) وسعت والے کہ وہ قرابت داروں کو، مسکینوں کو اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دیں گے۔

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾

وَلْيَعْفُوْا	وَلْيَصْفَحُوْا	اَلَا تُحِبُّوْنَ	اَنْ	يَّغْفِرَ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اور چاہیئے کہ وہ معاف کردیں	اور وہ درگزر کریں	کیا تم نہیں چاہتے ؟	کہ	اللہ بخشدے	تمہیں	اور اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

اور چاہیئے کہ وہ معاف کردیں، اور درگزر کریں، کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں بخش دے؟ اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۖ

اِنَّ	الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ	الْمُحْصَنٰتِ	الْغٰفِلٰتِ	الْمُؤْمِنٰتِ	لُعِنُوْا	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ
بیشک	جو لوگ تہمت لگاتے ہیں	پاکدامن (جمع)	بھولی بھالی انجان	مومن عورتیں	لعنت کیے گئے ان پر	دنیا میں	اور آخرت

بیشک جو لوگ پاکدامن، انجان مومن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت ہے،

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿۲۳﴾ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	عَظِيمٌ	يَوْمَ	تَشْهَدُ	عَلَيْهِمْ	أَلْسِنَتُهُمْ	وَأَيْدِيهِمْ	وَأَرْجُلُهُمْ
اوران کے لئے	عذاب	بڑا	دن	گواہی دیں گی	ان پر (خلاف)	ان کی زبانیں	اور اُن کے ہاتھ	اوران کے پاؤں

اوران کے لئے بڑا عذاب ہے ۔ جس دن اُن کی زبانیں، اوران کے ہاتھ، اورانکے پاؤں اُن کے خلاف گواہی دیں گے

بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۴﴾ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ

بِمَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	يَوْمَئِذٍ	يُوَفِّيهِمُ	اللَّهُ	دِينَهُمُ	الْحَقَّ	وَيَعْلَمُونَ	أَنَّ
اسکی جو	وہ کرتے تھے	اس دن	پورا دے گا انہیں	اللہ	ان کا بدلہ	سچ (ٹھیک ٹھیک)	اور وہ جان لیں گے	کہ

اس کی جو وہ کرتے تھے۔ اس دن اللہ انہیں ان کا بدلہ ٹھیک ٹھیک پورا دے گا، اور وہ جان لیں گے کہ

اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ﴿۲۵﴾ الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ ۚ

اللَّهَ	هُوَ	الْحَقُّ	الْمُبِينُ	الْخَبِيثَاتُ	لِلْخَبِيثِينَ	وَالْخَبِيثُونَ	لِلْخَبِيثَاتِ
اللہ	وہی	برحق	ظاہر کرنے والا	ناپاک (گندی) عورتیں	گندے مردوں کے لئے	اور گندے مرد	گندی عورتوں کے لئے

اللہ ہی برحق ہے (حق کو) ظاہر کرنے والا ہے ۔ گندی عورتیں گندے مردوں کے لئے ہیں، اور گندے مرد گندی عورتوں کے لئے ہیں،

وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ ۖ

وَالطَّيِّبَاتُ	لِلطَّيِّبِينَ	وَالطَّيِّبُونَ	لِلطَّيِّبَاتِ	أُولَٰئِكَ	مُبَرَّءُونَ	مِمَّا	يَقُولُونَ
اور پاک عورتیں	پاک مردوں کے لئے	اور پاک مرد (جمع)	پاک عورتوں کے لئے	یہ لوگ	مبرّا ہیں	اس سے جو	وہ کہتے ہیں

اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے ہیں، اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے ہیں، یہ لوگ اس سے مبرّا (بری) ہیں جو وہ کہتے ہیں،

لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿۲۶﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ

لَهُمْ	مَغْفِرَةٌ	وَرِزْقٌ	كَرِيمٌ	يَا أَيُّهَا	الَّذِينَ	آمَنُوا	لَا تَدْخُلُوا	بُيُوتًا	غَيْرَ بُيُوتِكُمْ
ان کے لئے	مغفرت	اور روزی	عزت کی	اے	جو لوگ	(ایمان لائے (مومن)	تم نہ داخل ہو	گھر (جمع)	اپنے گھروں کے سوا

ان کے لئے مغفرت اور عزت کی روزی ہے ۔ اے مومنو! تم اپنے گھروں کے سوا (دوسرے) گھروں میں داخل نہ ہو،

حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۖ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿۲۷﴾

حَتَّىٰ	تَسْتَأْنِسُوا	وَتُسَلِّمُوا	عَلَىٰ	أَهْلِهَا	ذَٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُونَ
یہانتک کہ	تم اجازت لے لو	اور تم سلام کرلو	پر۔کو	ان (کے رہنے والے	یہ	بہتر ہے	تمہارے لئے	تاکہ تم	تم نصیحت پکڑو

یہاں تک کہ تم اجازت لے لو، اور تم اُن کے رہنے والوں کو سلام کر لو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے، تاکہ تم نصیحت پکڑو ۔

ع ۳ ۶ ۹

فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا

فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فِيْهَا	اَحَدًا	فَلَا تَدْخُلُوْهَا	حَتّٰى	يُؤْذَنَ	لَكُمْ	وَاِنْ	قِيْلَ لَكُمُ	ارْجِعُوْا
پھر اگر	تم نہ پاؤ	اس میں	کسی کو	تو تم نہ داخل ہو اس میں	یہاں تک کہ	اجازت دی جائے	تمہیں	اور اگر	تمہیں کہا جائے	تم لوٹ جاؤ

پھر اگر اس (گھر) میں تم کسی کو نہ پاؤ تو اس میں داخل نہ ہو یہاں تک کہ تمہیں اجازت دی جائے، اور اگر تمہیں کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

فَارْجِعُوْا	هُوَ	اَزْكٰى	لَكُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	اَنْ
تو تم لوٹ جایا کرو	یہی	زیادہ پاکیزہ	تمہارے لئے	اور اللہ	وہ جو	تم کرتے ہو	جاننے والا	نہیں	تم پر	کوئی گناہ	اگر

تو تم لوٹ جایا کرو، یہی تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ ہے، اور جو تم کرتے ہو اللہ جاننے والا ہے۔ تم پر (اس میں) کوئی گناہ نہیں اگر

تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

تَدْخُلُوْا	بُيُوْتًا	غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ	فِيْهَا	مَتَاعٌ	لَّكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تُبْدُوْنَ	وَمَا
تم داخل ہو	ان گھروں میں	جہاں کسی کی سکونت نہیں	جن میں	کوئی چیز	تمہاری	اور اللہ	جانتا ہے	جو تم ظاہر کرتے ہو	اور جو

تم ان گھروں میں داخل ہو جن میں کسی کی سکونت (رہائش) نہیں، جس میں تمہاری کوئی چیز ہو اور اللہ (خوب) جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ

تَكْتُمُوْنَ	قُلْ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	يَغُضُّوْا	مِنْ	اَبْصَارِهِمْ	وَيَحْفَظُوْا	فُرُوْجَهُمْ
تم چھپاتے ہو	آپ فرما دیں	مومن مردوں کو	وہ نیچی رکھیں	سے	اپنی نگاہیں	اور وہ حفاظت کریں	اپنی شرمگاہیں

تم چھپاتے ہو۔ آپ فرما دیں مومن مردوں کو کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں،

ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ

ذٰلِكَ	اَزْكٰى	لَهُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا	يَصْنَعُوْنَ	وَقُلْ	لِّلْمُؤْمِنٰتِ	يَغْضُضْنَ
یہ	زیادہ ستھرا	انکے لئے	بیشک اللہ	باخبر ہے	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	اور فرما دیں	مومن عورتوں کو	وہ نیچی رکھیں

یہ ان کے لئے زیادہ ستھرا ہے، بیشک اللہ اس سے باخبر ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور آپ فرما دیں مومن عورتوں کو کہ وہ نیچی رکھیں

مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا

مِنْ	اَبْصَارِهِنَّ	وَيَحْفَظْنَ	فُرُوْجَهُنَّ	وَلَا يُبْدِيْنَ	زِيْنَتَهُنَّ	اِلَّا	مَا	ظَهَرَ مِنْهَا
سے	اپنی نگاہیں	اور وہ حفاظت کریں	اپنی شرمگاہیں	اور وہ ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	مگر	جو	اس میں سے ظاہر ہوا

اپنی نگاہیں، اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت (کے مقامات) کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہوا (جس کا ظاہر ہونا ناگزیر ہے)

وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ

وَلْيَضْرِبْنَ	بِخُمُرِهِنَّ	عَلٰى	جُيُوْبِهِنَّ	وَلَا يُبْدِيْنَ	زِيْنَتَهُنَّ	اِلَّا	لِبُعُوْلَتِهِنَّ
اور ڈالے رہیں	اپنی اوڑھنیاں	پر	اپنے سینے (گریبان)	اور وہ ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	سوائے	اپنے خاوندوں پر

اور وہ اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں اور اپنی زینت (کے مقام) ظاہر نہ کریں سوائے اپنے خاوندوں پر،

اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ

اَوْ	اٰبَآئِهِنَّ	اَوْ	اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اَبْنَآئِهِنَّ	اَوْ	اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ	اَوْ	اِخْوَانِهِنَّ	اَوْ
یا	اپنے باپ (جمع)	یا	اپنے شوہروں کے باپ (خسر)		یا اپنے بیٹے		یا اپنے شوہروں کے بیٹے		یا اپنے بھائی	یا

یا اپنے باپ، یا اپنے خسر، یا اپنے بیٹوں، یا اپنے شوہر کے بیٹوں، یا اپنے بھائیوں کے، یا

بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ

بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ	اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ	اَوْ نِسَآئِهِنَّ	اَوْ مَا مَلَكَتْ	اَيْمَانُهُنَّ
اپنے بھائی کے بیٹے (بھتیجے)	یا اپنی بہنوں کے بیٹے (بھانجے)	یا اپنی (مسلمان) عورتیں	یا جن کے مالک ہوئے	انکے دائیں ہاتھ (کنیزیں)

اپنے بھتیجوں کے، اپنے بھانجوں کے، یا اپنی مسلمان عورتوں، یا اپنی کنیزوں،

اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا

اَوِ التّٰبِعِيْنَ	غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ	مِنَ	الرِّجَالِ	اَوِ الطِّفْلِ	الَّذِيْنَ	لَمْ يَظْهَرُوْا
یا خدمتگار مرد	نہ غرض رکھنے والے	سے	مرد	یا لڑکے	وہ جو کہ	وہ واقف نہیں ہوئے

یا وہ خدمت گار مرد جو (عورتوں سے) غرض نہ رکھنے والے ہوں، یا وہ لڑکے جو ابھی واقف نہیں

عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ۭ

عَلٰى	عَوْرٰتِ النِّسَآءِ	وَلَا يَضْرِبْنَ	بِاَرْجُلِهِنَّ	لِيُعْلَمَ	مَا يُخْفِيْنَ	مِنْ	زِيْنَتِهِنَّ
پر	عورتوں کے پردے	اور وہ نہ ماریں	اپنے پاؤں	کہ جان (پہچان) لیا جائے	جو چھپائے ہوئے ہیں	سے	اپنی زینت

عورتوں کے پردے (کے معاملات) پر، اور وہ اپنے پاؤں (زمین پر) نہ ماریں کہ وہ جو اپنی زینت چھپائے ہوئے ہیں پہچان لی جائے،

وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۳۱ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى

وَتُوْبُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	جَمِيْعًا	اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى
اور تم توبہ کرو	اللہ کی طرف (آگے)	سب	اے ایمان والو	تاکہ تم	فلاح (دو جہان کی کامیابی) پاؤ	اور تم نکاح کرو بیوہ عورتیں

اے ایمان والو! تم سب اللہ کے آگے توبہ کرو تاکہ تم دو جہان کی کامیابی پاؤ۔ اور تم نکاح کرو اپنی بیوہ عورتوں کا

مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ

مِنْكُمْ	وَالصّٰلِحِيْنَ	مِنْ	عِبَادِكُمْ	وَاِمَآئِكُمْ	اِنْ يَّكُوْنُوْا	فُقَرَآءَ	يُغْنِهِمُ	اللّٰهُ
اپنے میں سے (رانڈی)	اور نیک	سے	اپنے غلام	اور اپنی کنیزیں	اگر وہ ہوں	تنگدست (جمع)	(انہیں غنی کردے گا	اللہ

اور اپنے نیک غلاموں اور اپنی کنیزوں کا ، اگر وہ تنگدست ہوں تو اللہ انہیں غنی کر دے گا

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا

مِنْ فَضْلِهٖ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	وَلْيَسْتَعْفِفِ	الَّذِيْنَ	لَا يَجِدُوْنَ	نِكَاحًا
اپنے فضل سے	اور اللہ	وسعت والا	علم والا	اور چاہیئے کہ بچے رہیں	وہ لوگ جو	نہیں پاتے	نکاح

اپنے فضل سے، اور اللہ وسعت والا، علم والا ہے ۔ اور چاہیئے کہ بچے رہیں (پاکدامن رہیں) وہ جو کہ نکاح (مقدور) نہیں پاتے

حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

حَتّٰى	يُغْنِيَهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَالَّذِيْنَ	يَبْتَغُوْنَ	الْكِتٰبَ	مِمَّا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ
یہاں تک کہ	انہیں غنی کردے	اللہ	اپنے فضل سے	اور جو لوگ	چاہتے ہوں	مکاتبت	ان میں سے جو	مالک ہوں	تمہارے دائیں ہاتھ (غلام)

یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے ، اور ان میں جو تمہارے غلام ہوں مکاتبت (کچھ لے دیکر آزادی کی تحریر) چاہتے ہوں

فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ

فَكَاتِبُوْهُمْ	اِنْ عَلِمْتُمْ	فِيْهِمْ	خَيْرًا	وَّاٰتُوْهُمْ	مِّنْ	مَّالِ اللّٰهِ	الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ
تو تم ان سے مکاتبت (آزادی کی تحریر) کرلو	اگر تم جانو (پاؤ)	ان میں	بہتری	اور تم ان کو دو	سے	اللہ کا مال	جو اس نے تمہیں دیا

تو تم اُن سے مکاتبت (آزادی کی تحریر) کرلو ، اگر تم ان میں بہتری پاؤ ، اور اس مال میں سے ان کو دو جو اللہ نے تمہیں دیا ہے ،

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ

وَلَا تُكْرِهُوْا	فَتَيٰتِكُمْ	عَلَى الْبِغَآءِ	اِنْ اَرَدْنَ	تَحَصُّنًا	لِّتَبْتَغُوْا	عَرَضَ	الْحَيٰوةِ
اور تم نہ مجبور کرو	اپنی کنیزیں	بدکاری پر	اگر وہ چاہیں	پاکدامن رہنا	تاکہ تم حاصل کرلو	سامان	زندگی

اور اپنی کنیزوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو ، اگر وہ پاکدامن رہنا چاہیں (محض اس لئے کہ) تم دنیا کی زندگی کا سامان حاصل کرلو ،

الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

الدُّنْيَا	وَمَنْ	يُّكْرِهْهُّنَّ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	مِنْۢ بَعْدِ	اِكْرَاهِهِنَّ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَلَقَدْ
دنیا	اور جو	انہیں مجبور کرے گا	تو بیشک	اللہ	بعد	ان کے مجبوری	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور تحقیق

اور جو انہیں مجبور کرے گا تو اللہ ان (بیچاریوں کے) مجبور کئے جانے کے بعد بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ۔ اور تحقیق

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً

اَنْزَلْنَا	اِلَيْكُمْ	اٰيٰتٍ	مُّبَيِّنٰتٍ	وَّمَثَلًا	مِّنَ	الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمَوْعِظَةً
ہم نے نازل کئے	تمہاری طرف	احکام	واضح	اور مثالیں	سے	وہ لوگ جو	گزرے	تم سے پہلے	اور نصیحت

ہم نے تمہاری طرف نازل کئے واضح احکام، اور ان لوگوں کی مثالیں جو تم سے پہلے گزرے ہیں اور نصیحت

۴ ع ۸ ۱۰

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ

لِلْمُتَّقِيْنَ	اَللّٰهُ	نُوْرُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	مَثَلُ	نُوْرِهٖ	كَمِشْكٰوةٍ	فِيْهَا	مِصْبَاحٌ
پرہیزگاروں کے لئے	اللہ	نور	آسمانوں	اور زمین	مثال	اس کا نور	جیسے ایک طاق	اس میں	ایک چراغ

پرہیزگاروں کے لئے۔ اللہ نور ہے زمین اور آسمانوں کا، اسکے نور کی مثال (ایسی ہے) جیسے ایک طاق ہو، اس میں ایک چراغ ہو،

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

اَلْمِصْبَاحُ	فِيْ زُجَاجَةٍ	اَلزُّجَاجَةُ	كَاَنَّهَا	كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ	يُّوْقَدُ	مِنْ	شَجَرَةٍ	مُّبٰرَكَةٍ
چراغ	ایک شیشہ میں	وہ شیشہ	گویا وہ	ایک ستارہ چمکدار	روشن کیا جاتا ہے	سے	درخت	مبارک

چراغ ایک شیشہ (کی قندیل) ہو، وہ شیشہ گویا ایک چمکدار ستارہ ہے، وہ روشن کیا جاتا ہے مبارک درخت

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ

زَيْتُوْنَةٍ	لَّا شَرْقِيَّةٍ	وَّلَا غَرْبِيَّةٍ	يَّكَادُ	زَيْتُهَا	يُضِيْٓءُ	وَلَوْ	لَمْ تَمْسَسْهُ	نَارٌ
زیتون	نہ مشرق کا	اور نہ مغرب کا	قریب ہے	اس کا تیل	روشن ہو جائے	خواہ	اسے نہ چھوئے	آگ

زیتون سے (جس کا رُخ) نہ مشرق ہے، نہ مغرب، قریب ہے کہ اس کا تیل روشن ہو جائے خواہ اُسے آگ نہ چھوئے،

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ	يَهْدِي اللّٰهُ	لِنُوْرِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ
روشنی پر روشنی	رہنمائی کرتا ہے اللہ	اپنے نور کی طرف	وہ جس کو چاہتا ہے	اور بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کے لئے

نورٌ علیٰ نور (سراسر روشنی) ہے، اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے نور کی طرف راہ نمائی کرتا ہے، اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے،

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ

وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	فِيْ بُيُوْتٍ	اَذِنَ	اللّٰهُ	اَنْ تُرْفَعَ	وَيُذْكَرَ	فِيْهَا	اسْمُهٗ
اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا	ان گھروں میں	حکم دیا	اللہ	کہ بلند کیا جائے	اور لیا جائے	اُن میں	اس کا نام

اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔ (یہ روشنی ہے) ان گھروں میں (جن کی نسبت) اللہ نے حکم دیا ہے کہ انہیں بلند کیا جائے اور ان میں اس کا نام لیا جائے

يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ

يُسَبِّحُ	لَهٗ	فِيْهَا	بِالْغُدُوِّ	وَالْاٰصَالِ	رِجَالٌ	لَا تُلْهِيْهِمْ	تِجَارَةٌ	وَّلَا بَيْعٌ
تسبیح کرتے ہیں	اس کی	ان میں	صبح	اور شام	وہ لوگ	انہیں غافل نہیں کرتی	تجارت	اور نہ خرید و فروخت

وہ ان میں صبح و شام اس کی تسبیح کرتے ہیں۔ وہ لوگ (جنہیں) غافل نہیں کرتی کوئی تجارت، نہ خرید و فروخت

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ

عَنْ	ذِكْرِ اللّٰهِ	وَاِقَامِ	الصَّلٰوةِ	وَاِيْتَآءِ	الزَّكٰوةِ	يَخَافُوْنَ	يَوْمًا	تَتَقَلَّبُ	فِيْهِ
سے	اللہ کی یاد	اور قائم رکھنا	نماز	اور ادا کرنا	زکوٰۃ	وہ ڈرتے ہیں	اس دن سے	الٹ جائیں گے	اس میں

اللہ کی یاد سے، نماز قائم رکھنے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے، وہ اس دن سے ڈرتے ہیں، جس میں الٹ جائیں گے

الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ

الْقُلُوْبُ	وَالْاَبْصَارُ	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا عَمِلُوْا	وَيَزِيْدَهُمْ	مِنْ فَضْلِهٖ
دل (جمع)	اور آنکھیں	تاکہ انہیں جزا دے	اللہ	بہتر سے بہتر	جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور وہ انہیں زیادہ دے	اپنے فضل سے

دل اور آنکھیں، تاکہ اللہ انہیں ان کے اعمال کی بہتر سے بہتر جزا دے، اور انہیں اپنے فضل سے زیادہ دے،

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ

وَاللّٰهُ	يَرْزُقُ	مَنْ يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اَعْمَالُهُمْ	كَسَرَابٍ
اور اللہ	رزق دیتا ہے	جسے چاہتا ہے	بے حساب	اور جن لوگوں نے کفر کیا	ان کے عمل	سراب کی طرح

اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے اعمال سراب (چمکتے ریت کے دھوکے) کی طرح ہیں

بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ

بِقِيْعَةٍ	يَّحْسَبُهُ	الظَّمْاٰنُ	مَآءً	حَتّٰٓى	اِذَا جَآءَهٗ	لَمْ يَجِدْهُ	شَيْـًٔا	وَّوَجَدَ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗ
چٹیل میدان میں	گمان کرتا ہے	پیاسا	پانی	یہاں تک کہ	جب وہ وہاں آتا ہے	اس کو نہیں پاتا	کچھ بھی	اور اس نے پایا	اللہ	اپنے پاس

چٹیل میدان میں، پیاسا اسے پانی گمان کرتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آتا ہے تو اسے کچھ بھی نہیں پاتا، اور اس نے اللہ کو اپنے پاس پایا

فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ

فَوَفّٰىهُ	حِسَابَهٗ	وَاللّٰهُ	سَرِيْعُ الْحِسَابِ	اَوْ كَظُلُمٰتٍ	فِيْ بَحْرٍ	لُّجِّيٍّ	يَّغْشٰىهُ	مَوْجٌ
تو اس (اللہ) نے اسے پورا کر دیا	اس کا حساب	اور اللہ	جلد حساب کرنے والا	یا جیسے اندھیرے	دریا میں	گہرا پانی	اسے ڈھانپ لیتی ہے	موج

تو اللہ نے اس کا حساب پورا کر دیا، اور اللہ جلد حساب کرنیوالا ہے۔ (یا ان کے اعمال ایسے ہیں) جیسے گہرے دریا میں اندھیرے، جنہیں ڈھانپ لیتی ہے موج

مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ

مِنْ فَوْقِهٖ	مَوْجٌ	مِّنْ فَوْقِهٖ	سَحَابٌ	ظُلُمٰتٌۢ	بَعْضُهَا	فَوْقَ بَعْضٍ	اِذَآ	اَخْرَجَ	يَدَهٗ
اس کے اوپر سے	ایک (دوسری) موج	اسکے اوپر سے	بادل	اندھیرے	اسکے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کے اوپر	جب	وہ نکالے	اپنا ہاتھ

اس کے اوپر دوسری موج، اس کے اوپر بادل، اندھیرے ہیں ایک پر دوسرا، جب وہ اپنا ہاتھ نکالے

لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

لَمْ يَكَدْ	يَرٰىهَا	وَمَنْ	لَّمْ يَجْعَلِ	اللّٰهُ	لَهٗ	نُوْرًا	فَمَا لَهٗ	مِنْ نُّوْرٍ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ
نزدیک نہیں (تو قع نہیں)	تو وہ اسے دیکھے	اور جسے	نہ بنائے (نہ دے)	اللہ	اسکے لئے	نور	تو نہیں اسکے لئے	کوئی نور	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ

تو توقع نہیں کہ اسے دیکھ سکے، اور جس کے لئے اللہ نور نہ بنائے اس کے لئے کوئی نور نہیں۔ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ

يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ

يُسَبِّحُ	لَهٗ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَالطَّيْرُ	صٰٓفّٰتٍ	كُلٌّ	قَدْ عَلِمَ	صَلَاتَهٗ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اسکی	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور پرندے	پر پھیلائے ہوئے	ہر ایک	جان لی	اپنی دعا

کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو (بھی) آسمانوں اور زمین میں ہے، اور پر پھیلائے ہوئے پرندے (بھی)، ہر ایک نے جان لی ہے اپنی دعا

وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

وَ	تَسْبِيْحَهٗ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِمَا	يَفْعَلُوْنَ	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اور	اپنی تسبیح	اور اللہ	جانتا ہے	وہ جو	وہ کرتے ہیں	اور اللہ کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین

اور اپنی تسبیح، اور اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور اللہ (ہی) کی بادشاہت ہے آسمانوں کی اور زمین کی،

وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ

وَ	اِلَى اللّٰهِ	الْمَصِيْرُ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يُزْجِيْ	سَحَابًا	ثُمَّ	يُؤَلِّفُ	بَيْنَهٗ	ثُمَّ	يَجْعَلُهٗ
اور	اللہ کی طرف	لوٹ کر جانا	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ	اللہ	چلاتا ہے	بادل (جمع)	پھر	ملاتا ہے وہ	آپس میں	پھر	وہ اسکو کرتا ہے

اور اللہ (ہی) کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادل چلاتا ہے، پھر انہیں آپس میں ملاتا ہے، پھر وہ انہیں

رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا

رُكَامًا	فَتَرَى	الْوَدْقَ	يَخْرُجُ	مِنْ خِلٰلِهٖ	وَيُنَزِّلُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ	جِبَالٍ	فِيْهَا
تہہ بر تہہ	پھر تو دیکھے	بارش	نکلتی ہے	اس کے درمیان سے	اور وہ اتارتا ہے	آسمانوں سے	سے	پہاڑ	اس میں

تہہ بر تہہ کر دیتا ہے، پھر تو دیکھے ان کے درمیان سے بارش نکلتی ہے، اور وہ آسمانوں (میں جو اولوں کے) پہاڑ ہیں ان سے اتارتا ہے

مِنۡ بَرَدٍ فَيُصِيۡبُ بِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَصۡرِفُهٗ عَنۡ مَّنۡ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا

مِنۡ	بَرَدٍ	فَيُصِيۡبُ	بِهٖ	مَنۡ يَّشَآءُ	وَيَصۡرِفُهٗ	عَنۡ	مَّنۡ يَّشَآءُ	يَكَادُ	سَنَا
سے	اولے	پھر وہ ڈال دیتا ہے	اسے	جس پر چاہے	اور اسے پھیر دیتا ہے	سے	جس سے چاہے	قریب ہے	چمک

اولے۔ پھر وہ جس پر چاہے اسے ڈال دیتا ہے، اور جس سے چاہے وہ اُسے پھیر دیتا ہے، قریب ہے کہ

بَرۡقِهٖ يَذۡهَبُ بِالۡاَبۡصَارِ ؕ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً

بَرۡقِهٖ	يَذۡهَبُ	بِالۡاَبۡصَارِ	يُقَلِّبُ اللّٰهُ	الَّيۡلَ	وَالنَّهَارَ	اِنَّ	فِىۡ ذٰلِكَ	لَعِبۡرَةً
اس کی بجلی	لے جائے	آنکھوں کو	بدلتا ہے اللہ	رات	اور دن	بیشک	اس میں	عبرت ہے

اس کی بجلی کی چمک آنکھوں (کی بینائی) لے جائے۔ اللہ رات اور دن کو بدلتا ہے، بیشک اس میں عبرت ہے

لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنۡ مَّآءٍ ۚ فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى بَطۡنِهٖ ۚ

لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ	وَاللّٰهُ	خَلَقَ	كُلَّ دَآبَّةٍ	مِّنۡ مَّآءٍ	فَمِنۡهُمۡ	مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى بَطۡنِهٖ
آنکھوں والے (عقلمند)	اور اللہ	پیدا کیا	ہر جاندار	پانی سے	پس ان میں سے	جو (کوئی) چلتا ہے اپنے پیٹ پر

عقلمندوں کے لئے۔ اور اللہ نے ہر جاندار پانی سے پیدا کیا، پس ان میں سے کوئی اپنے پیٹ پر چلتا ہے،

وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰى رِجۡلَيۡنِ ۚ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّمۡشِىۡ عَلٰٓى اَرۡبَعٍ ؕ يَخۡلُقُ اللّٰهُ

وَمِنۡهُمۡ	مَّنۡ يَّمۡشِىۡ	عَلٰى رِجۡلَيۡنِ	وَمِنۡهُمۡ	مَّنۡ يَّمۡشِىۡ	عَلٰٓى اَرۡبَعٍ	يَخۡلُقُ اللّٰهُ
اور ان میں سے	کوئی چلتا ہے	دو پاؤں پر	اور ان میں سے	کوئی چلتا ہے	چار	پر اللہ پیدا کرتا ہے

اور ان میں سے کوئی دو پاؤں پر چلتا ہے، اور ان میں سے کوئی چار (پاؤں) پر چلتا ہے۔ اللہ پیدا کرتا ہے

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ وَ

مَا يَشَآءُ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَىۡءٍ	قَدِيۡرٌ	لَقَدۡ اَنۡزَلۡنَآ	اٰيٰتٍ	مُّبَيِّنٰتٍ	وَ
جو وہ چاہتا ہے	بیشک اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	تحقیق ہم نے نازل کیں	آیتیں	واضح	اور

جو وہ چاہتا ہے، بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ تحقیق ہم نے واضح آیتیں نازل کیں، اور

اللّٰهُ يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۴۶﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوۡلِ

اللّٰهُ	يَهۡدِىۡ	مَنۡ يَّشَآءُ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسۡتَقِيۡمٍ	وَيَقُوۡلُوۡنَ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَبِالرَّسُوۡلِ
اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	طرف	راستہ	سیدھا	اور وہ کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور رسول پر

اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور رسول پر ایمان لائے

وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾

وَاَطَعْنَا	ثُمَّ يَتَوَلّٰى	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	مِّنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَمَآ اُولٰٓئِكَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہم نے حکم مانا	پھر پھر گیا	ایک فریق	ان میں سے	اس کے بعد	اس	اور وہ نہیں	ایمان والے

اور ہم نے حکم مانا، پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق پھر گیا، اور وہ ایمان والے نہیں۔

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ

وَاِذَا	دُعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَاِنْ
اور جب	وہ بلائے جاتے ہیں	اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	تاکہ وہ فیصلہ کردیں	انکے درمیان	ناگہاں	ایک فریق	ان میں سے	منہ پھیر لیتا ہے	اور اگر

اور جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کردیں تو ناگہاں ان میں سے ایک فریق منہ پھیر لیتا ہے۔ اور اگر

يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ

يَّكُنْ	لَّهُمُ	الْحَقُّ	يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ	مُذْعِنِيْنَ	اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَمِ	ارْتَابُوْٓا	اَمْ
ہو	انکے لئے	حق	وہ آتے ہیں اسکی طرف	گردن جھکائے	کیا ان کے دلوں میں	کوئی روگ	یا	وہ شک میں پڑے ہیں	یا

ان کے لئے حق (پہنچتا) ہو تو وہ اسکی طرف گردن جھکائے (خوشی سے) چلے آتے ہیں۔ کیا ان کے دلوں میں کوئی روگ ہے، یا وہ شک میں پڑے ہیں، یا

يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع

يَخَافُوْنَ	اَنْ	يَّحِيْفَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَرَسُوْلُهٗ	بَلْ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ
وہ ڈرتے ہیں	کہ	ظلم کرے گا اللہ	ان پر	اور اس کا رسول	بلکہ	وہ	وہی	ظالم (جمع)

وہ ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ظلم کریں گے، (نہیں) بلکہ وہی ظالم ہیں۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ

اِنَّمَا	كَانَ	قَوْلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذَا	دُعُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	اَنْ
انکے سوا نہیں	ہے	بات	مومن (جمع)	جب	وہ بلائے جاتے ہیں	اللہ کی طرف	اور اس کا رسول	تاکہ وہ فیصلہ کردیں	انکے درمیان	کہ۔ تو

مومنوں کی بات اس کے سوا نہیں کہ جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے جاتے ہیں، تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کر دیں، تو

يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

يَّقُوْلُوْا	سَمِعْنَا	وَاَطَعْنَا	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ	وَمَنْ	يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ
وہ کہتے ہیں	ہم نے سنا	اور ہم نے اطاعت کی	اور وہ	وہی	فلاح پانے والے	اور جو	اطاعت کرے اللہ کی	اور اس کا رسول

وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور وہی ہیں فلاح (دو جہان کی کامیابی) پانے والے۔ اور جو کوئی اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرے

وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

وَيَخْشَ	اللّٰهَ	وَيَتَّقْهِ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	وَاَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ
اور ڈرے	اللہ	اور پرہیزگاری کرے	پس وہ	وہی	کامیاب ہونیوالے	اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی زور دار قسمیں

اور اللہ سے ڈرے اور پرہیزگاری کرے پس وہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور انہوں نے اللہ کی زوردار قسمیں کھائیں

لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

لَئِنْ	اَمَرْتَهُمْ	لَيَخْرُجُنَّ	قُلْ	لَّا تُقْسِمُوْا	طَاعَةٌ	مَّعْرُوْفَةٌ	اِنَّ اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا
البتہ اگر	آپ حکم دیں انہیں	تو وہ ضرور نکل کھڑے ہونگے	فرمادیں	تم قسمیں نہ کھاؤ	اطاعت	پسندیدہ	بیشک اللہ	خبر رکھتا ہے	وہ جو

کہ اگر آپ انہیں حکم دیں تو وہ ضرور (جہاد کیلئے) نکل کھڑے ہونگے آپ فرمادیں تم قسمیں نہ کھاؤ پسندیدہ اطاعت (مطلوب ہے) بیشک اللہ اسکی خبر رکھتا ہے وہ جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا

تَعْمَلُوْنَ	قُلْ	اَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	فَاِنْ تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا	عَلَيْهِ	مَا
تم کرتے ہو	فرمادیں	تم اطاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو	رسول کی	پھر اگر تم پھر گئے	تو اسکے سوا نہیں	اس پر	جو

تم کرتے ہو۔ آپ فرمادیں تم اللہ کی اور رسول کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھر گئے تو اس کے سوا نہیں کہ رسول پر اسی قدر ہے جو

حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا

حُمِّلَ	وَعَلَيْكُمْ	مَا حُمِّلْتُمْ	وَاِنْ	تُطِيْعُوْهُ	تَهْتَدُوْا	وَمَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا
بوجھ ڈالا گیا (دفتے)	اور تم پر	جو بوجھ ڈالا گیا تم پر (دفتے)	اور اگر	تم اطاعت کروگے	تم ہدایت پالوگے	اور نہیں	پر	رسول	مگر صرف

اس کے ذمے کیا گیا ہے اور تم پر (لازم ہے) جو تمہارے ذمے ڈالا گیا ہے اگر تم اسکی اطاعت کروگے تو ہدایت پالوگے، اور رسول پر صرف

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ

الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	وَعَدَ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ
پہنچا دینا	صاف صاف	اللہ نے وعدہ کیا	ان لوگوں سے	جو ایمان لائے	تم میں سے	اور کام کئے	نیک	وہ ضرور انہیں خلافت دے گا

صاف صاف پہنچا دینا ہے۔ اللہ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انہیں ضرور خلافت (سلطنت) دے گا

فِى الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِى

فِى الْاَرْضِ	كَمَا	اسْتَخْلَفَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَلَيُمَكِّنَنَّ	لَهُمْ	دِيْنَهُمُ	الَّذِى
زمین میں	جیسے	اس نے خلافت دی	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور ضرور قوت دے گا	انکے لئے	ان کا دین	جو

زمین میں، جیسے ان کے پہلوں کو خلافت دی، اور البتہ اُن کے لئے اُن کا دین ضرور قوت (استحکام) دے گا، جو

ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ

ارْتَضٰى	لَهُمْ	وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	خَوْفِهِمْ	اَمْنًا	يَعْبُدُوْنَنِيْ	لَا يُشْرِكُوْنَ	بِيْ
اس نے پسند کیا	ان کے لئے	اور البتہ وہ ضرور بدل دے گا انکے لئے	بعد	ان کا خوف	امن	وہ میری عبادت کریں گے	وہ شریک نہ کریں گے	میرا

اس نے اُن کے لئے پسند کیا، اور البتہ اُن کے لئے خوف کے بعد ضرور امن بدل دیگا، وہ میری عبادت کریں گے، میرا شریک نہ کریں گے

شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

شَيْـًٔا	وَمَنْ	كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
کوئی شے	اور جس	ناشکری کی	اس کے بعد	پس وہی لوگ	نافرمان (جمع)	اور تم قائم کرو نماز

کسی شے کو اور جس نے اس کے بعد ناشکری کی، پس وہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور تم نماز قائم کرو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ	وَاَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	لَا تَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	
اور ادا کرو تم زکوٰۃ	اور اطاعت کرو	رسول	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	ہرگز گمان نہ کریں	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	

اور زکوٰۃ ادا کرو، اور رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ ہرگز گمان نہ کرنا کہ کافر

مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۵۷﴾ يٰٓاَيُّهَا

مُعْجِزِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَاْوٰىهُمُ	النَّارُ	وَلَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	يٰٓاَيُّهَا
عاجز کرنے والے ہیں	زمین میں	اور ان کا ٹھکانہ	دوزخ	اور البتہ برا	ٹھکانہ	اے

زمین میں عاجز کرنے والے ہیں، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور (وہ) البتہ برا ٹھکانہ ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لِيَسْتَاْذِنْكُمُ	الَّذِيْنَ	مَلَكَتْ	اَيْمَانُكُمْ	وَالَّذِيْنَ	لَمْ يَبْلُغُوا
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والو)	چاہیئے کہ اجازت لیں تم سے	وہ جو کہ	مالک ہوئے	تمہارے دائیں ہاتھ (غلام)	اور وہ لوگ جو	نہیں پہنچے

ایمان والو! چاہیئے کہ تمہارے غلام (تمہارے پاس آنے کی) تم سے اجازت لیں، اور وہ جو نہیں پہنچے

الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ

الْحُلُمَ	مِنْكُمْ	ثَلٰثَ	مَرّٰتٍ	مِنْ قَبْلِ	صَلٰوةِ الْفَجْرِ	وَحِيْنَ	تَضَعُوْنَ	ثِيَابَكُمْ
احتلام، شعور	تم میں سے	تین	بار۔ وقت	پہلے	نمازِ فجر	اور جب	اتار کر رکھ دیتے ہو	اپنے کپڑے

تم میں سے (حدِّ) شعور کو، تین وقت (یعنی) نمازِ فجر سے پہلے اور جب تم اپنے کپڑے اتار کر رکھ دیتے ہو

مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۭ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ۭ لَيْسَ عَلَيْكُمْ

مِنَ	الظَّهِيْرَةِ	وَمِنْۢ بَعْدِ	صَلٰوةِ الْعِشَآءِ	ثَلٰثُ	عَوْرٰتٍ	لَّكُمْ	لَيْسَ عَلَيْكُمْ
سے رکو	دوپہر	اور بعد	نمازِ عشا	تین	پردہ	تمہارے لئے	نہیں تم پر

دوپہر کو اور نمازِ عشا کے بعد، تمہارے لئے (یہ) تین پردے (کے اوقات) ہیں، نہیں تم پر

وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ۭ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ

وَلَا عَلَيْهِمْ	جُنَاحٌ	بَعْدَهُنَّ	طَوّٰفُوْنَ	عَلَيْكُمْ	بَعْضُكُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ
اور نہ ان پر	کوئی گناہ	ان کے بعد علاوہ	پھرا کرنے والے	تمہارے پاس	تم میں سے بعض (ایک)	پر۔ پاس	بعض (دوسرے)

اور نہ ان پر ان کے علاوہ کوئی گناہ، تم میں سے بعض، بعض کے پاس پھرا کرتے ہیں،

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۵۸ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ

كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَاِذَا	بَلَغَ الْاَطْفَالُ
اسی طرح	واضح کرتا ہے اللہ	تمہارے لئے	احکام	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اور جب	پہنچیں

اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جب تم میں سے لڑکے پہنچیں

مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

مِنْكُمُ	الْحُلُمَ	فَلْيَسْتَاْذِنُوْا	كَمَا	اسْتَاْذَنَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ اللّٰهُ
تم میں سے	حدِ شعور کو	پس چاہیئے کہ وہ اجازت لیں	جیسے	اجازت لیتے تھے	وہ جو	ان سے پہلے	اسی طرح	اللہ واضح کرتا ہے

حدِ شعور کو پس چاہیئے کہ وہ اجازت لیں جیسے اُن سے پہلے اجازت لیتے تھے، اسی طرح اللہ واضح کرتا ہے

لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۵۹ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاۗءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا

لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ	وَالْقَوَاعِدُ	مِنَ النِّسَاۗءِ	الّٰتِيْ	لَا يَرْجُوْنَ	نِكَاحًا
تمہارے لئے	اپنے احکام	اور اللہ	جاننے والا حکمت والا	اور خانہ نشین بوڑھی	عورتوں میں سے	وہ جو	آرزو نہیں رکھتی ہیں	نکاح

تمہارے لئے اپنے احکام، اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور جو خانہ نشین بوڑھی عورتیں نکاح کی آرزو نہیں رکھتیں

فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۢ بِزِيْنَةٍ ۭ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ

فَلَيْسَ	عَلَيْهِنَّ	جُنَاحٌ	اَنْ يَّضَعْنَ	ثِيَابَهُنَّ	غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍ	بِزِيْنَةٍ	وَاَنْ	يَّسْتَعْفِفْنَ
تو نہیں	ان پر	کوئی گناہ	کہ وہ اتار رکھیں	اپنے کپڑے	نہ ظاہر کرتے ہوئے	زینت کو	اور اگر	وہ بچیں

تو لے آ اسے	اگر تو ہے	سے	سچے	پس موسیٰ نے ڈالا	اپنا عصا	تو اچانک وہ	اژدہا	کھلا (نمایاں)

تو اسے لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ پس موسیٰؑ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ اچانک نمایاں اژدہا بن گیا۔

۲ ع ۲۴ ۶

وَنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ

وَنَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا هِيَ	بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ	قَالَ	لِلْمَلَاِ	حَوْلَهٗۤ	اِنَّ هٰذَا	لَسٰحِرٌ	عَلِيْمٌ
اور اس نے کھینچا (نکالا)	اپنا ہاتھ	تو ناگاہ وہ	چمکتا ہوا	دیکھنے والوں کے لئے	فرعون نے کہا	سرداروں سے	اپنے گرد	بیشک یہ	جادوگر	دانا، ماہر

اور اس نے اپنا ہاتھ (گریبان سے) نکالا تو ناگاہ وہ دیکھنے والوں کے لئے چمکتا ہوا ہو گیا۔ فرعون نے اپنے ارد گرد کے سرداروں سے کہا بیشک یہ ماہر جادوگر ہے۔

يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ

يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ	اَرْضِكُمْ	بِسِحْرِهٖ	فَمَاذَا	تَاْمُرُوْنَ	قَالُوْۤا	اَرْجِهْ	وَاَخَاهُ
وہ چاہتا ہے	کہ	تمہیں نکال دے	سے	تمہاری سرزمین	اپنے جادو سے	تو کیا	تم حکم (مشورہ) دیتے ہو	وہ بولے	مہلت دے اسے	اور اس کے بھائی کو

وہ چاہتا ہے کہ وہ تمہیں اپنے جادو (کے زور) سے تمہاری سرزمین سے نکال دے تو تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ وہ بولے اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دے،

وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۳۶﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ

وَابْعَثْ	فِي	الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ	يَاْتُوْكَ	بِكُلِّ سَحَّارٍ	عَلِيْمٍ ﴿۳۷﴾	فَجُمِعَ	السَّحَرَةُ
اور بھیج	میں	شہروں (جمع)	اکٹھا کرنے والے (نقیب)	لے آئیں تیرے پاس	تمام بڑے جادوگر	ماہر	پس جمع کئے گئے	جادوگر

اور شہروں میں نقیب بھیج، کہ تیرے پاس تمام بڑے ماہر جادوگر لے آئیں۔ پس جادوگر جمع ہو گئے،

لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿۳۹﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ

لِمِيْقَاتِ	يَوْمٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَّقِيْلَ	لِلنَّاسِ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّجْتَمِعُوْنَ	لَعَلَّنَا	نَتَّبِعُ
مقررہ وقت پر	ایک دن	جانے پہچانے (معین)	اور کہا گیا	لوگوں سے	کیا	تم	جمع ہونے والے ہو (جمع ہو گے)	تاکہ ہم	پیروی کریں

ایک معین دن، وقت مقررہ پر۔ اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع ہو گے؟ تاکہ ہم پیروی کریں

السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا

السَّحَرَةَ	اِنْ	كَانُوْا هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالُوْا	لِفِرْعَوْنَ	اَئِنَّ لَنَا
جادوگر (جمع)	اگر	ہوں وہ	غالب (جمع)	پس جب	آئے	جادوگر	انہوں نے کہا	فرعون سے	کیا یقیناً ہمارے لئے

جادوگروں کی، اگر وہ غالب ہوں۔ جب جادوگر آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کیا ہمارے لئے یقینی طور پر

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ

لَاَجْرًا	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ	الْغٰلِبِيْنَ	قَالَ	نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	اِذًا	لَّمِنَ	الْمُقَرَّبِيْنَ	قَالَ
کچھ انعام	اگر	ہم ہوئے	ہم	غالب (جمع)	اس نے کہا	ہاں	اور بیشک تم	اس وقت	البتہ سے	مقربین	کہا

کچھ انعام ہوگا؟ اگر ہم غالب آئے۔ اس نے کہا ہاں! تم اس وقت بیشک (میرے) مقربین میں سے ہوگے۔ کہا

لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا

لَهُمْ	مُّوْسٰٓى	اَلْقُوْا	مَآ	اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ	فَاَلْقَوْا	حِبَالَهُمْ	وَعِصِيَّهُمْ	وَقَالُوْا
ان سے	موسیٰ	تم ڈالو	جو	تم	ڈالنے والے	پس انہوں نے ڈالیں	اپنی رسیاں	اور اپنی لاٹھیاں	اور بولے وہ

موسیٰ نے اُن سے (اپنا داؤ) ڈالو جو تم ڈالنے والے ہو۔ پس انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور وہ بولے

بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ

بِعِزَّةِ	فِرْعَوْنَ	اِنَّا لَنَحْنُ	الْغٰلِبُوْنَ	فَاَلْقٰى	مُوْسٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا هِىَ	تَلْقَفُ
اقبال کی قسم	فرعون	بیشک البتہ ہم	غالب آنے والے	پس ڈالا	موسیٰ	اپنا عصا	تو ناگاہ وہ	نگلنے لگا

فرعون کے اقبال کی قسم بیشک ہم ہی غالب آنے والے ہیں۔ پس موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ ناگاہ نگلنے لگا

مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾ فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ

مَا	يَاْفِكُوْنَ	فَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ	سٰجِدِيْنَ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	رَبِّ
جو	انہوں نے ڈھکوسلا بنایا	پس ڈالے گئے (گر پڑے) جادوگر	سجدہ کرتے ہوئے	وہ بولے	ہم ایمان لائے	سارے جہانوں کے رب پر	رب

جو انہوں نے ڈھکوسلا بنایا تھا۔ پس جادوگر سجدہ کرتے ہوئے گر پڑے۔ وہ بولے ہم سارے جہانوں کے رب پر ایمان لائے۔ (جو) رب ہے

مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِىْ

مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	قَالَ	اٰمَنْتُمْ لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ	اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ	لَكَبِيْرُكُمُ	الَّذِىْ
موسیٰ	اور ہارون	(فرعون نے کہا	تم ایمان لائے اس پر	پہلے	کہ میں	اجازت دوں	تمہیں	بیشک وہ	البتہ بڑا ہے تمہارا	جس نے

موسیٰ اور ہارون کا۔ فرعون نے کہا تم اس پر (اس سے) پہلے ایمان لے آئے کہ میں تمہیں اجازت دوں، بیشک وہ البتہ تمہارا بڑا ہے جس نے

عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	لَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ	خِلَافٍ
سکھایا تمہیں	جادو	پس جلد	تم جان لوگے	البتہ میں ضرور کاٹ ڈالوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	سے۔ کے	ایکدوسرے کے خلاف کا

تمہیں جادو سکھایا ہے، پس تم جلد جان لوگے، میں ضرور تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالوں گا، دوسری طرف کے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں)

وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۚ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّا نَطْمَعُ

وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ	اَجْمَعِيْنَ	قَالُوْا	لَا ضَيْرَ	اِنَّآ	اِلٰى رَبِّنَا	مُنْقَلِبُوْنَ	اِنَّا نَطْمَعُ
اور ضرور تمہیں سُولی دوں گا	سب کو	وہ بولے	کچھ نقصان (حرج) نہیں	بیشک ہم	اپنے رب کی طرف	لوٹ کر جانے والے ہیں	بیشک ہم امید رکھتے ہیں

اور ضرور تم سب کو سُولی دوں گا۔ وہ بولے کچھ حرج نہیں بیشک ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ ہم امید رکھتے ہیں

۳ ع ۱۸ ۷

اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى

اَنْ	يَّغْفِرَ	لَنَا	رَبُّنَا	خَطٰيٰنَا	اَنْ كُنَّآ	اَوَّلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى
کہ	بخش دے	ہمیں	ہمارا رب	ہماری خطائیں	کہ ہم ہیں	پہلے	ایمان لانے والے	اور ہم نے وحی کی	طرف موسیٰ

کہ ہمارا رب ہماری خطائیں بخش دے کہ ہم پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی

اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾

اَنْ اَسْرِ	بِعِبَادِيْٓ	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ	فَاَرْسَلَ	فِرْعَوْنُ	فِى الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ
کہ تو راتوں رات لے نکل	میرے بندوں کو	بیشک تم	پیچھا کئے جاؤ گے	پس بھیجا	فرعون نے	شہروں میں	اکٹھا کرنے والے (نقیب)

کہ راتوں رات میرے بندوں کو لیکر نکل بیشک تم پیچھا کئے جاؤ گے (تمہارا تعاقب ہوگا) ۔ پس فرعون نے شہروں میں نقیب بھیجے ۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾

اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَشِرْذِمَةٌ	قَلِيْلُوْنَ	وَاِنَّهُمْ	لَنَا	لَغَآئِظُوْنَ	وَاِنَّا	لَجَمِيْعٌ	حٰذِرُوْنَ
بیشک	یہ لوگ ہیں	ایک جماعت	تھوڑی سی	اور بیشک وہ	ہمیں	غصہ میں لانے والے ہیں	اور بیشک ہم	ایک جماعت	مسلح ۔ محتاط

بیشک یہ لوگ ایک تھوڑی (چھوٹی سی) جماعت ہیں۔ اور وہ بیشک ہمیں غصہ میں لانے والے (غصہ دلا رہے ہیں) اور بیشک ہم ایک جماعت ہیں مسلح محتاط۔

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾ كَذٰلِكَ ۗ وَاَوْرَثْنٰهَا

فَاَخْرَجْنٰهُمْ	مِّنْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	وَّكُنُوْزٍ	وَّمَقَامٍ	كَرِيْمٍ	كَذٰلِكَ	وَاَوْرَثْنٰهَا
پس ہم نے انہیں نکالا	سے	باغات	اور چشمے	اور خزانے	اور ٹھکانے	عمدہ	اسی طرح	اور ہم نے وارث بنایا ان کا

(ارشادِ الٰہی ہے) پس ہم نے انہیں باغات سے، چشموں سے، اور خزانوں سے، اور عمدہ ٹھکانوں سے نکالا۔ اسی طرح ہم نے ان کا وارث بنایا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَا الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	فَاَتْبَعُوْهُمْ	مُّشْرِقِيْنَ	فَلَمَّا	تَرَآءَا	الْجَمْعٰنِ	قَالَ	اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى
بنی اسرائیل	پس انہوں نے پیچھا کیا ان کا	سورج نکلتے	پس جب	دیکھا ایکدوسرے کو	دونوں جماعتیں	کہا (کہنے لگے)	موسیٰ کے ساتھی

بنی اسرائیل کو پس انہوں نے سورج نکلتے (صبح سویرے) ان کا پیچھا کیا۔ پس جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰ کے ساتھی کہنے لگے،

إِنَّا لَمُدْرَكُونَ ﴿٦١﴾ قَالَ كَلَّا ۖ إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٦٢﴾ فَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ

إِنَّا	لَمُدْرَكُونَ	قَالَ كَلَّا	إِنَّ	مَعِيَ	رَبِّي	سَيَهْدِينِ	فَأَوْحَيْنَا	إِلَىٰ	مُوسَىٰ
یقیناً ہم	پکڑ لئے گئے	اس نے کہا ہرگز نہیں	بیشک	میرے ساتھ	میرا رب	وہ جلد مجھے راہ دکھائیگا	پس ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰ

یقیناً ہم پکڑ لئے گئے۔ موسیٰؑ نے کہا، ہرگز نہیں، بیشک میرا رب میرے ساتھ ہے، وہ مجھے جلد (بچ نکلنے کی) راہ دکھائے گا پس ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی

أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۖ فَانفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ ﴿٦٣﴾

أَنِ	اضْرِب	بِّعَصَاكَ	الْبَحْرَ	فَانفَلَقَ	فَكَانَ	كُلُّ فِرْقٍ	كَالطَّوْدِ	الْعَظِيمِ
کہ	تو مار	اپنا عصا	دریا	تو وہ پھٹ گیا	پس ہو گیا	ہر حصہ	پہاڑ کی طرح	بڑے

کہ تو اپنا عصا دریا پر مار (انہوں نے مارا) تو دریا پھٹ گیا، پس ہر حصہ بڑے بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا۔

وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ الْآخَرِينَ ﴿٦٤﴾ وَأَنجَيْنَا مُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُ أَجْمَعِينَ ﴿٦٥﴾ ثُمَّ

وَأَزْلَفْنَا	ثَمَّ	الْآخَرِينَ	وَأَنجَيْنَا	مُوسَىٰ	وَمَن	مَّعَهُ	أَجْمَعِينَ	ثُمَّ
پھر پہنچے قریب کر دیا	اس جگہ	دوسروں کو	اور ہم نے بچا لیا	موسیٰؑ	اور جو	اس کے ساتھ	سب	پھر

اور ہم نے اس جگہ دوسروں کو (فرعونیوں کو) قریب کر دیا۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو اور جو ان کے ساتھ تھے سب کو بچا لیا۔ پھر

أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٦٦﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٦٧﴾ وَإِنَّ

أَغْرَقْنَا	الْآخَرِينَ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا	كَانَ	أَكْثَرُهُم	مُّؤْمِنِينَ	وَإِنَّ
ہم نے غرق کر دیا	دوسروں کو	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہ	تھے	ان سے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک

ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔ بیشک اس میں البتہ ایک نشانی ہے، اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور بیشک

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٦٨﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ إِبْرَاهِيمَ ﴿٦٩﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ

رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ	وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَأَ	إِبْرَاهِيمَ	إِذْ	قَالَ	لِأَبِيهِ
تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	اور آپ پڑھیں	ان پر انہیں	خبر واقعہ	ابراہیم	جب	اس نے کہا	اپنے باپ کو

تمہارا رب البتہ غالب، نہایت مہربان ہے۔ اور آپ انہیں ابراہیمؑ کا واقعہ پڑھ کر (سنائیں) جب انہوں نے اپنے باپ سے کہا

وَقَوْمِهِ مَا تَعْبُدُونَ ﴿٧٠﴾ قَالُوا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِينَ ﴿٧١﴾ قَالَ

وَقَوْمِهِ	مَا	تَعْبُدُونَ	قَالُوا	نَعْبُدُ	أَصْنَامًا	فَنَظَلُّ	لَهَا	عَاكِفِينَ	قَالَ
اور اپنی قوم	کیا۔ کس	تم پرستش کرتے ہو	انہوں نے کہا	ہم پرستش کرتے ہیں	بتوں کی	پس ہم بیٹھے رہتے ہیں	ان کے	جمے ہوئے	اس نے کہا

اور اپنی قوم کو تم کس کی پرستش کرتے ہو؟ انہوں نے کہا ہم بتوں کی پرستش کرتے ہیں، پس ہم ان کے پاس جمے بیٹھے رہتے ہیں۔ اس نے کہا

هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿۷۲﴾ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا بَلْ

هَلْ	يَسْمَعُوْنَكُمْ	اِذْ	تَدْعُوْنَ	اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ	اَوْ يَضُرُّوْنَ	قَالُوْا بَلْ
کیا	وہ سنتے ہیں تمہاری	جب	تم پکارتے ہو	یا وہ نفع پہنچاتے ہیں تمہیں	یا وہ نقصان پہنچاتے ہیں	وہ بولے بلکہ

کیا وہ تمہاری سنتے ہیں جب تم پکارتے ہو؟ یا وہ تمہیں نفع پہنچاتے ہیں؟ یا نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ وہ بولے (نہیں تو) - بلکہ

وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾ اَنْتُمْ

وَجَدْنَا	اٰبَآءَنَا	كَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ	قَالَ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ	اَنْتُمْ
ہم نے پایا	اپنے باپ دادا	اسی طرح	وہ کرتے	ابراہیمؑ نے کہا	کیا پس تم نے دیکھا	کس تم پرستش کرتے ہو	تم

ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے پایا ہے - ابراہیمؑ نے کہا پس کیا تم نے دیکھا (غور بھی کیا) تم کس کی پرستش کرتے تھے؟

وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۷﴾ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ

وَاٰبَآؤُكُمُ	الْاَقْدَمُوْنَ	فَاِنَّهُمْ	عَدُوٌّ لِّيْٓ	اِلَّا	رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ	الَّذِيْ خَلَقَنِيْ
اور تمہارے باپ دادا	پہلے	تو بیشک وہ	میرے دشمن	مگر	سارے جہانوں کا رب	وہ جس نے مجھے پیدا کیا

اور تمہارے پہلے باپ دادا؟ تو بیشک وہ میرے دشمن ہیں مگر (میں عبادت کرتا ہوں) سارے جہانوں کے رب کی - وہ جس نے مجھے پیدا کیا

فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿۷۸﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾

فَهُوَ	يَهْدِيْنِ	وَالَّذِيْ	هُوَ	يُطْعِمُنِيْ	وَيَسْقِيْنِ	وَاِذَا	مَرِضْتُ	فَهُوَ يَشْفِيْنِ
پس وہ	مجھے راہ دکھاتا ہے	اور وہ جو	وہ	مجھے کھلاتا ہے	اور مجھے پلاتا ہے	اور جب	میں بیمار ہوتا ہوں	تو وہ مجھے شفا دیتا ہے

پس وہی مجھے راہ دکھاتا ہے، اور وہی جو مجھے کھلاتا ہے اور وہی مجھے پلاتا ہے - اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے-

وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۸۲﴾

وَالَّذِيْ	يُمِيْتُنِيْ	ثُمَّ	يُحْيِيْنِ	وَالَّذِيْٓ	اَطْمَعُ	اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ	خَطِيْٓـَٔتِيْ	يَوْمَ الدِّيْنِ
اور وہ جو	مجھے موت دے گا	پھر	مجھے زندہ کرے گا	اور وہ جس سے	میں امید رکھتا ہوں	کہ مجھے بخش دے گا	میری خطائیں	بدلہ کے دن

اور وہ جو مجھے موت (سے ہمکنار) کرے گا، پھر مجھے زندہ کرے گا - اور وہ جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ مجھے بدلہ کے دن میری خطائیں بخشدے گا-

رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ

رَبِّ	هَبْ لِيْ	حُكْمًا	وَّاَلْحِقْنِيْ	بِالصّٰلِحِيْنَ	وَاجْعَلْ	لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ
اے میرے رب	مجھے عطا کر	حکم۔ حکمت	اور مجھے ملا دے	نیک بندوں کے ساتھ	اور کر	میرے لئے۔ میرا ذکر اچھا - خیر

اے میرے رب! مجھے حکم و حکمت عطا فرما اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملا دے - اور میرا ذکر خیر (جاری) رکھ

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿۸۵﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ

فِي الْاٰخِرِيْنَ	وَاجْعَلْنِيْ	مِنْ وَّرَثَةِ	جَنَّةِ	النَّعِيْمِ	وَاغْفِرْ	لِاَبِيْٓ	اِنَّهٗ	كَانَ
بعد میں آنے والوں میں	اور مجھے بنا دے	وارثوں میں سے	بہشت	نعمتوں والی	اور بخشدے	میرے باپ کو	بیشک وہ	ہے

بعد میں آنے والوں میں - اور مجھے نعمتوں والی بہشت کے وارثوں میں سے بنا دے - اور میرے باپ کو بخش دے ، بیشک وہ

مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۸۷﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾

مِنَ	الضَّآلِّيْنَ	وَ	لَا تُخْزِنِيْ	يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ	يَوْمَ	لَا يَنْفَعُ	مَالٌ	وَّلَا	بَنُوْنَ
سے	گمراہ (جمع)	اور	مجھے رسوا نہ کرنا	جس دن سب اٹھائے جائیں گے	جس دن	نہ کام آئے گا	مال	اور نہ	بیٹے

گمراہوں میں سے ہے - اور مجھے اس دن رسوا نہ کرنا جب سب اٹھائے جائیں گے - جس دن نہ کام آئے گا مال اور نہ بیٹے -

اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۹﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ

اِلَّا	مَنْ	اَتَى اللّٰهَ	بِقَلْبٍ	سَلِيْمٍ	وَاُزْلِفَتِ	الْجَنَّةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	وَبُرِّزَتِ	الْجَحِيْمُ
مگر	جو	اللہ کے پاس آیا	دل	پاک	اور نزدیک کر دی جائے گی	جنت	پرہیزگاروں کے لئے	اور ظاہر کر دی جائے گی	دوزخ

مگر جو اللہ کے پاس پاک (بے عیب) دل لے کر آیا - اور جنت پرہیزگاروں کے نزدیک کر دی جائے گی ، اور دوزخ ظاہر کر دی جائے گی

لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ هَلْ

لِلْغٰوِيْنَ	وَقِيْلَ	لَهُمْ	اَيْنَمَا	كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	هَلْ
گمراہوں کے لئے	اور کہا جائے گا	انہیں	کہاں ہیں وہ جو	تم پرستش کرتے تھے	اللہ کے سوا	کیا

گمراہوں کے لئے - اور انہیں کہا جائے گا کہاں ہیں وہ جن کی تم پرستش کرتے تھے اللہ کے سوا ، کیا

يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ ۭ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ

يَنْصُرُوْنَكُمْ	اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ	فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا	هُمْ	وَ	الْغَاوٗنَ	وَجُنُوْدُ	اِبْلِيْسَ
وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں	یا بدلہ لے سکتے ہیں	پس اوندھے منہ ڈالے جائیں گے اس میں	وہ	اور	گمراہ	اور لشکر (جمع)	ابلیس

وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں ؟ یا (خود) بدلہ لے سکتے ہیں ؟ پس وہ اور گمراہ اس (جہنم) میں اوندھے منہ ڈالے جائیں گے - اور ابلیس کے لشکر

اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۷﴾

اَجْمَعُوْنَ	قَالُوْا	وَهُمْ	فِيْهَا	يَخْتَصِمُوْنَ	تَاللّٰهِ	اِنْ كُنَّا	لَفِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ
سب کے سب	وہ کہیں گے	اور وہ	اس (جہنم) میں	جھگڑتے ہوں گے	قسم اللہ کی	بیشک ہم تھے	البتہ میں	گمراہی	کھلی

سب کے سب - وہ کہیں گے جبکہ وہ جہنم میں (باہم) جھگڑتے ہوں گے - اللہ کی قسم ! بیشک ہم کھلی گمراہی میں تھے -

إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٩٨﴾ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ ﴿١٠٠﴾

إِذْ	نُسَوِّيكُم	بِرَبِّ الْعَالَمِينَ	وَمَا أَضَلَّنَا	إِلَّا	الْمُجْرِمُونَ	فَمَا لَنَا	مِن شَافِعِينَ
جب	ہم برابر ٹھہراتے تھے تمہیں	سارے جہانوں کے رب کے ساتھ	اور نہیں گمراہ کیا ہمیں	مگر (صرف)	مجرم (جمع)	پس نہیں ہمارے لئے	کوئی سفارش کرنے والا (جمع)

جب ہم تمہیں سارے جہانوں کے رب کے ساتھ برابر ٹھہراتے تھے۔ اور ہمیں صرف مجرموں نے گمراہ کیا۔ پس ہمارا کوئی سفارش کرنے والا نہیں۔

وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ

وَلَا	صَدِيقٍ	حَمِيمٍ	فَلَوْ	أَنَّ لَنَا	كَرَّةً	فَنَكُونَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِينَ	إِنَّ
اور نہ	کوئی دوست	غم خوار	پس کاش	کہ ہمارے لئے	لوٹنا	تو ہم ہوتے	سے	مومن (جمع)	بیشک

اور نہ کوئی غم خوار دوست ہے۔ پس کاش ہمارے لئے دوبارہ (دنیا میں) لوٹنا ہوتا تو ہم مومنوں میں سے ہوتے۔ بیشک

ع ۵ ۳۶ ۹

فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾

فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا كَانَ	أَكْثَرُهُم	مُّؤْمِنِينَ	وَإِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ
اس میں	البتہ ایک نشانی	اور نہیں ہیں	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان

اس میں البتہ ایک نشانی ہے، اور ان میں اکثر ایمان لانے والے نہیں۔ اور بیشک تمہارا رب غالب ہے نہایت مہربان۔

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٠٦﴾

كَذَّبَتْ	قَوْمُ نُوحٍ	الْمُرْسَلِينَ	إِذْ قَالَ	لَهُمْ	أَخُوهُمْ	نُوحٌ	أَلَا	تَتَّقُونَ
جھٹلایا	نوح کی قوم	رسولوں کو	جب کہا	ان سے	ان کے بھائی	نوح	کیا نہیں	تم ڈرتے

نوح کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا۔ (یاد کرو) جب ان کے بھائی نوح نے ان سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٠٧﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٠٨﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

إِنِّي	لَكُمْ	رَسُولٌ	أَمِينٌ	فَاتَّقُوا اللَّهَ	وَأَطِيعُونِ	وَ	مَا أَسْأَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ
بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار	پس ڈرو اللہ سے تم	اور میری اطاعت کرو	اور	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی

بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ میں اس پر تم سے نہیں مانگتا کوئی

أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠٩﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١١٠﴾ قَالُوا

أَجْرٍ	إِنْ	أَجْرِيَ	إِلَّا	عَلَىٰ	رَبِّ الْعَالَمِينَ	فَاتَّقُوا	اللَّهَ	وَأَطِيعُونِ	قَالُوا
اجر	نہیں	میرا اجر	مگر (صرف)	پر	رب العالمین	پس ڈرو تم	اللہ سے	اور میری اطاعت کرو	وہ بولے

اجر، میرا اجر تو صرف (اللہ) رب العالمین پر ہے۔ پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ وہ بولے

أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ﴿١١١﴾ قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٢﴾

أَنُؤْمِنُ	لَكَ	وَاتَّبَعَكَ	الْأَرْذَلُونَ	قَالَ	وَمَا عِلْمِي	بِمَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ
کیا ہم ایمان لے آئیں	تجھ پر	جبکہ تیری پیروی کی	رذیلوں نے	(نوحؑ نے) کہا	اور مجھے کیا علم	اس کی جو	وہ کرتے تھے

کیا ہم تجھ پر ایمان لے آئیں؟ جبکہ تیری پیروی رذیلوں نے کی ہے۔ نوحؑ نے کہا مجھے کیا علم وہ کیا (کام کاج) کرتے تھے۔

إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿١١٣﴾ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٤﴾

إِنْ	حِسَابُهُمْ	إِلَّا	عَلَىٰ رَبِّي	لَوْ	تَشْعُرُونَ	وَمَا	أَنَا	بِطَارِدِ	الْمُؤْمِنِينَ
نہیں	ان کا حساب	مگر صرف	میرے رب پر	اگر	تم سمجھو	اور نہیں	میں	ہانکنے والا (دور کرنے والا)	مومن (جمع)

ان کا حساب صرف میرے رب پر ہے، اگر تم سمجھو۔ اور میں مومنوں کو (اپنے پاس سے) دور کرنے والا نہیں۔

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿١١٥﴾ قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ﴿١١٦﴾

إِنْ أَنَا	إِلَّا	نَذِيرٌ	مُبِينٌ	قَالُوا	لَئِنْ	لَمْ تَنْتَهِ	يَا نُوحُ	لَتَكُونَنَّ	مِنَ	الْمَرْجُومِينَ
نہیں ہیں	مگر صرف	ڈرانے والا	صاف طور پر	بولے	اگر	تم باز نہ آئے	اے نوحؑ	تو ضرور ہوگے	سے	سنگسار کئے جانے والے

میں تو صرف صاف صاف طور پر ڈرانے والا ہوں۔ بولے اے نوحؑ! اگر تم باز نہ آئے تو تم ضرور سنگسار کر دیئے جاؤ گے۔

قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ﴿١١٧﴾ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ

قَالَ	رَبِّ	إِنَّ	قَوْمِي	كَذَّبُونِ	فَافْتَحْ	بَيْنِي	وَبَيْنَهُمْ	فَتْحًا	وَنَجِّنِي	وَمَنْ
(نوحؑ نے) کہا	اے میرے رب	بیشک	میری قوم	مجھے جھٹلایا	پس فیصلہ کر دے	میرے درمیان	اور ان کے درمیان	ایک کھلا فیصلہ	اور نجات دے مجھے	اور جو

نوحؑ نے کہا اے میرے رب! بیشک میری قوم نے مجھے جھٹلایا۔ پس میرے اور ان کے درمیان ایک کھلا فیصلہ فرما دے اور مجھے نجات دے اور انہیں جو

مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾ فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١١٩﴾

مَعِيَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِينَ	فَأَنْجَيْنَاهُ	وَمَنْ	مَعَهُ	فِي الْفُلْكِ	الْمَشْحُونِ
میرے ساتھی	سے	ایمان والے	تو ہم نے نجات دی اسے	اور جو	اس کے ساتھ	کشتی میں	بھری ہوئی

میرے ساتھی ایمان والے ہیں۔ تو ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ بھری ہوئی کشتی میں سوار تھے (انہیں) نجات دی۔

ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ﴿١٢٠﴾ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ

ثُمَّ	أَغْرَقْنَا	بَعْدُ	الْبَاقِينَ	إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا	كَانَ	أَكْثَرُهُمْ
پھر	غرق کر دیا ہم نے	اس کے بعد	باقیوں کو	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہ	تھے	اُن کے اکثر

پھر اس کے بعد ہم نے باقیوں کو غرق کر دیا۔ بے شک اس میں ایک نشانی ہے، اور ان کے اکثر نہ تھے

مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾ كَذَّبَتْ عَادُ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾

مُؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَتْ	عَادُ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ
ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا	عاد	رسول (جمع)

ایمان لانے والے۔ اور بیشک تمہارا رب غالب ہے، نہایت مہربان۔ (قوم) عاد نے رسولوں کو جھٹلایا۔

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾

اِذْ قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	هُوْدٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ
جب کہا	ان سے	ان کے بھائی	ہودؑ	کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار

جب ان سے ان کے بھائی ہودؑ نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا

فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوْنِ	وَ	مَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
سو تم ڈرو اللہ سے	اور	میری اطاعت کرو	اور	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر صرف

سو تم اللہ سے ڈرو، اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ

عَلٰى	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَتَبْنُوْنَ	بِكُلِّ رِيْعٍ	اٰيَةً	تَعْبَثُوْنَ	وَتَتَّخِذُوْنَ
پر	رب العالمین	کیا تم تعمیر کرتے ہو	ہر بلندی پر	ایک نشانی	کھیلنے کو (بلاضرورت)	اور تم بناتے ہو

(اللہ) رب العالمین پر ہے۔ کیا تم ہر بلندی پر بلاضرورت ایک نشانی تعمیر کرتے ہو؟ اور تم بناتے ہو

مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

مَصَانِعَ	لَعَلَّكُمْ	تَخْلُدُوْنَ	وَاِذَا	بَطَشْتُمْ	بَطَشْتُمْ	جَبَّارِيْنَ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ
مضبوط، شاندار محل	شاید تم	تم ہمیشہ رہو گے	اور جب	تم گرفت کرتے ہو	گرفت کرتے ہو تم	جابر بن کر	پس ڈرو	اللہ

مضبوط، شاندار محل کہ شاید تم ہمیشہ رہو گے۔ اور جب تم (کسی پر) گرفت کرتے ہو تو جابر (ظالم) بن کر گرفت کرتے ہو۔ پس اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۳۱﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

وَاَطِيْعُوْنِ	وَاتَّقُوا	الَّذِيْٓ	اَمَدَّكُمْ	بِمَا تَعْلَمُوْنَ	اَمَدَّكُمْ	بِاَنْعَامٍ	وَّبَنِيْنَ
اور میری اطاعت کرو	اور ڈرو	وہ جس نے	مدد کی تمہاری	اس سے جو تم جانتے ہو	تمہاری مدد کی	مویشیوں سے	اور بیٹوں

اور میری اطاعت کرو۔ اور اس سے ڈرو جس نے اس سے تمہاری مدد کی جو تم جانتے ہو۔ (یعنی) مویشیوں اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی۔

وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۳۴﴾ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳۵﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ

وَجَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	اِنِّيْٓ اَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	قَالُوْا	سَوَآءٌ
اور باغات	اور چشمے	بیشک میں ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک بڑا دن	وہ بولے	برابر

اور باغات اور چشموں سے۔ بیشک میں تم پر ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ وہ بولے، برابر ہے

عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾

عَلَيْنَآ	اَوَعَظْتَ	اَمْ لَمْ تَكُنْ	مِّنَ	الْوٰعِظِيْنَ	اِنْ هٰذَآ	اِلَّا	خُلُقُ	الْاَوَّلِيْنَ
ہم پر	خواہ تم نصیحت کرو	یا نہ ہو تم	سے	نصیحت کرنے والے	نہیں ہے	مگر	عادت	اگلے لوگ

ہم پر، خواہ تم نصیحت کرو یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ (کچھ بھی) نہیں ہے، مگر عادت ہے اگلے لوگوں کی۔

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ

وَمَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَهْلَكْنٰهُمْ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَمَا كَانَ
اور نہیں	ہم	عذاب دیئے جانیوالوں سے	پس انہوں نے جھٹلایا اسے	تو ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہیں تھے

اور ہم عذاب دیئے جانے والوں میں سے نہیں۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا اور ہم نے انہیں ہلاک کر دیا، بیشک اس میں نشانی ہے اور نہ تھے

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۴۰﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	الْمُرْسَلِيْنَ
ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا	ثمود	رسول (جمع)

ان کے اکثر ایمان لانے والے۔ اور بیشک تمہارا رب غالب، نہایت مہربان ہے۔ (قوم) ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا۔

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۴۲﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۴۳﴾

اِذْ	قَالَ	لَهُمْ	اَخُوْهُمْ	صٰلِحٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ	اَمِيْنٌ
جب	کہا	ان سے	ان کے بھائی	صالح	کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار

جب ان سے ان کے بھائی صالح نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۴۴﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلٰي
سو تم ڈرو	اللہ	اور تم میری اطاعت کرو	اور میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر	پر

سو تم اللہ سے ڈرو، اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَتُتْرَكُوْنَ	فِيْ	مَا هٰهُنَآ	اٰمِنِيْنَ	فِيْ جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ
رب العالمین	کیا چھوڑ دیئے جاؤ گے تم ؟	میں	جو یہاں ہے	بے فکر	باغات میں	اور چشمے

(اللہ) رب العالمین پر ہے۔ کیا تم یہاں کی چیزوں (نعمتوں) میں بے فکر چھوڑ دیئے جاؤ گے ؟ باغات اور چشموں میں۔

وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ﴿۱۴۸﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

وَزُرُوْعٍ	وَنَخْلٍ	طَلْعُهَا	هَضِيْمٌ	وَتَنْحِتُوْنَ	مِنَ الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	فٰرِهِيْنَ
اور کھیتیاں	اور کھجوریں	ان کے خوشے	نرم و نازک	اور تم تراشتے ہو	پہاڑوں سے	گھر	خوش ہو کر

اور کھیتیوں میں اور نرم و نازک خوشوں والی کھجوروں میں۔ اور تم خوش ہو کر پہاڑوں سے گھر تراشتے ہو۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ

فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَلَا تُطِيْعُوْا	اَمْرَ	الْمُسْرِفِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُفْسِدُوْنَ
سو ڈرو تم	اللہ	اور میری اطاعت کرو	اور نہ کہا مانو	حکم	حد سے بڑھ جانیوالے	جو لوگ	فساد کرتے ہیں

سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور تم حد سے بڑھ جانے والوں کا کہا نہ مانو۔ وہ جو فساد کرتے ہیں

فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَآ اَنْتَ

فِي	الْاَرْضِ	وَ	لَا يُصْلِحُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ	مِنَ	الْمُسَحَّرِيْنَ	مَآ اَنْتَ
میں	زمین	اور	اصلاح نہیں کرتے	انہوں نے کہا	اس کے سوا نہیں	تم	سے	سحر زدہ لوگ	تم نہیں

زمین میں، اور اصلاح نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا اس کے سوا نہیں کہ تم سحر زدہ لوگوں میں سے ہو۔ تم نہیں

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۖ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۴﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ

اِلَّا بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	فَاْتِ	بِاٰيَةٍ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	هٰذِهٖ	نَاقَةٌ
مگر صرف ایک بشر	ہم جیسا	پس لاؤ	کوئی نشانی	اگر	تو	سے	سچے لوگ	اس نے فرمایا	یہ	اونٹنی

مگر (صرف) ہم جیسے ایک بشر ہو، پس اگر تم سچے لوگوں میں سے ہو تو کوئی نشانی لے آؤ۔ صالحؑ نے فرمایا یہ اونٹنی ہے

لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

لَهَا	شِرْبٌ	وَلَكُمْ	شِرْبُ	يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ	وَلَا تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ
اسکے لئے	پانی پینے کی باری	اور تمہارے لئے	ایک دن کی پانی پینے کی	معین دن	اور اسے ہاتھ نہ لگانا	برائی سے	سو (ورنہ) تمہیں آپکڑے گا

ایک معین دن اس کے لئے پانی پینے کی باری ہے اور (ایک دن) تمہارے لئے پانی پینے کی باری ہے۔ اور اُسے برائی سے ہاتھ نہ لگانا ورنہ تمہیں آپکڑے گا

عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٥٦﴾ فَعَقَرُوهَا فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ ﴿١٥٧﴾ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ط

عَذَابُ	يَوْمٍ عَظِيمٍ	فَعَقَرُوهَا	فَأَصْبَحُوا	نَادِمِينَ	فَأَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ
عذاب	ایک بڑا دن	پھر انہوں نے کونچیں کاٹ دیں اس کی	پس رہ گئے	پشیمان	پھر انہیں آ پکڑا	عذاب

ایک بڑے دن کا عذاب پھر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ دیں پس پشیمان رہ گئے ۔ پھر انہیں عذاب نے آ پکڑا

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ط وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٥٨﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَةً	وَمَا	كَانَ	أَكْثَرُهُمْ	مُؤْمِنِينَ	وَإِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ
بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور نہیں	ہیں	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ

بیشک اس (واقعہ) میں البتہ نشانی (بڑی عبرت) ہے اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہیں ۔ اور بیشک تمہارا رب البتہ

الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٥٩﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ ۚ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٦٠﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ لُوطٌ

الْعَزِيزُ	الرَّحِيمُ	كَذَّبَتْ	قَوْمُ لُوطٍ	الْمُرْسَلِينَ	إِذْ	قَالَ	لَهُمْ	أَخُوهُمْ	لُوطٌ
غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا	قوم لوط	رسولوں کو	جب	کہا	ان سے	ان کے بھائی	لوط

غالب نہایت مہربان ہے ۔ قوم لوط نے رسولوں کو جھٹلایا ۔ (یاد کرو) جب اُن کے بھائی لوط نے ان سے کہا

أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٦١﴾ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٦٢﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٦٣﴾ وَمَا أَسْأَلُكُمْ

أَلَا تَتَّقُونَ	إِنِّي	لَكُمْ	رَسُولٌ	أَمِينٌ	فَاتَّقُوا	اللَّهَ	وَأَطِيعُونِ	وَمَا أَسْأَلُكُمْ
کیا تم ڈرتے نہیں	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول	امانت دار	پس تم ڈرو	اللہ	اور تم میری اطاعت کرو	اور میں نہیں مانگتا تم سے

کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں ۔ پس تم اللہ سے ڈرو، اور میری اطاعت کرو ۔ اور میں تم سے نہیں مانگتا

عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦٤﴾ أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ

عَلَيْهِ	مِنْ أَجْرٍ	إِنْ	أَجْرِيَ	إِلَّا	عَلَىٰ	رَبِّ الْعَالَمِينَ	أَتَأْتُونَ	الذُّكْرَانَ	مِنَ
اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر صرف	پر	رب العالمین	کیا تم آتے ہو	مردوں کے پاس	سے

اس پر کوئی اجر میرا اجر تو صرف (اللہ) رب العالمین پر ہے ۔ کیا تم مردوں کے پاس (بدفعلی) کے لئے آتے ہو؟

الْعَالَمِينَ ﴿١٦٥﴾ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ ط بَلْ أَنْتُمْ

الْعَالَمِينَ	وَتَذَرُونَ	مَا خَلَقَ	لَكُمْ	رَبُّكُمْ	مِنْ	أَزْوَاجِكُمْ	بَلْ	أَنْتُمْ
تمام جہانوں	اور تم چھوڑتے ہو	جو اس نے پیدا کیا	تمہارے لئے	تمہارا رب	سے	تمہاری بیویاں	بلکہ	تم

دنیا جہانوں میں سے ۔ اور تم چھوڑ دیتے ہو (انہیں) جو تمہارے رب نے تمہارے لئے تمہاری بیویاں پیدا کی ہیں (انہیں) بلکہ تم

قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿۱۶۷﴾ قَالَ

قَوْمٌ	عٰدُوْنَ	قَالُوْا	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهِ	يٰلُوْطُ	لَتَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُخْرَجِيْنَ	قَالَ
لوگ	حد سے بڑھنے والے	بولے وہ	اگر	تم باز نہ آئے	اے لوط	البتہ ضرور تم ہو گے	سے	مخرج (نکالے جانے والے)	اس نے کہا

حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔ وہ بولے اے لوطؑ! اگر تم باز نہ آئے تو تم ضرور (بستی سے) نکالے جاؤ گے۔ اس نے کہا

اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَنَجَّيْنٰهُ

اِنِّيْ	لِعَمَلِكُمْ	مِنَ	الْقَالِيْنَ	رَبِّ	نَجِّنِيْ	وَاَهْلِيْ	مِمَّا	يَعْمَلُوْنَ	فَنَجَّيْنٰهُ
بیشک میں	تمہارے فعل سے	سے	نفرت کرنے والے	اے میرے رب	مجھے نجات دے	اور میرے گھر والے	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	تو ہم نے نجات دی اسے

بیشک میں تمہارے فعلِ (بد) سے نفرت کرنے والا ہوں۔ اے میرے رب! مجھے اور میرے گھر والوں کو اس (کے وبال) سے نجات دے جو وہ کرتے ہیں۔ تو ہم نے اسے نجات دی

وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾

وَاَهْلَهٗۤ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِي الْغٰبِرِيْنَ	ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ
اور اس کے گھر والے	سب	سوائے	ایک بڑھیا	پیچھے رہ جانے والوں میں	پھر	ہم نے ہلاک کر دیا	دوسرے

اور اس کے سب گھر والوں کو۔ سوائے ایک بڑھیا کے جو رہ گئی پیچھے رہ جانے والوں میں۔ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا۔

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَ

وَ	اَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ	الْمُنْذَرِيْنَ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ
اور	ہم نے بارش برسائی	ان پر	ایک بارش	پس بری	بارش	ڈرائے گئے	بیشک	اس میں	البتہ ایک نشانی	اور

اور ہم نے اُن پر (پتھروں کی) بارش برسائی۔ پس کیا ہی بُری بارش (اُن پر جنہیں عذاب سے) ڈرایا گیا۔ بیشک اس میں ایک نشانی ہے اور

۹ ع ۱۶ ۱۳

مَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾ كَذَّبَ

مَا	كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	كَذَّبَ
نہ	تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے	اور	بیشک	تمہارا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	جھٹلایا

ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور بیشک تمہارا رب البتہ غالب، نہایت مہربان ہے۔ جھٹلایا

اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ

اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ قَالَ	لَهُمْ	شُعَيْبٌ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اِنِّيْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ
ایکہ (بن) والے	رسول (جمع)	جب کہا	انہیں	شعیبؑ	کیا تم ڈرتے نہیں!	بیشک میں	تمہارے لئے	رسول

ایکہ (بن) والوں نے رسولوں کو۔ (یاد کرو) جب شعیبؑ نے ان سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لئے رسول ہوں،

اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا

اَمِيْنٌ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا
امانت دار	سو ڈرو تم	اللہ	اور میری اطاعت کرو	اور میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر	مگر صرف

امانت دار۔ سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف

عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَزِنُوْا

عَلٰى	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَوْفُوا	الْكَيْلَ	وَلَا تَكُوْنُوْا	مِنَ	الْمُخْسِرِيْنَ	وَزِنُوْا
پر	رب العالمین	تم پورا کرو	ماپ	اور نہ ہو تم	سے	نقصان دینے والے	اور وزن کرو

(اللہ) رب العالمین پر ہے۔ تم ماپ پورا کرو، اور نقصان دینے والوں میں سے نہ ہو۔ اور وزن کرو

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ

بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيْمِ	وَلَا تَبْخَسُوا	النَّاسَ	اَشْيَآءَهُمْ	وَلَا تَعْثَوْا	فِي الْاَرْضِ
ترازو سے	ٹھیک سیدھی	اور نہ گھٹاؤ	لوگ	اُن کی چیزیں	اور نہ پھرو	زمین میں

ٹھیک سیدھی ترازو سے۔ اور تم لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو، اور زمین میں نہ پھرو

مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ

مُفْسِدِيْنَ	وَاتَّقُوا	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	وَالْجِبِلَّةَ	الْاَوَّلِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّمَآ	اَنْتَ
فساد مچاتے ہوئے	اور ڈرو	وہ جس نے	پیدا کیا تمہیں	اور مخلوق	پہلی	وہ بولے (کہنے لگے)	اسکے سوا نہیں	تو

فساد مچاتے ہوئے۔ اور ڈرو اُس (ذات پاک) سے جس نے تمہیں پیدا کیا اور پہلی مخلوق کو۔ کہنے لگے اس کے سوا نہیں کہ تو

مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾

مِنَ	الْمُسَحَّرِيْنَ	وَمَآ اَنْتَ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	وَاِنْ نَّظُنُّكَ	لَمِنَ	الْكٰذِبِيْنَ
سے	سحر زدہ (جمع)	اور نہیں تو	مگر صرف	ایک بشر	ہم جیسا	اور البتہ ہم گمان کرتے ہیں تجھے	البتہ سے	جھوٹے

سحر زدہ لوگوں میں سے ہے۔ اور تو صرف ہم جیسا ایک بشر ہے، اور البتہ ہم تجھے جھوٹوں میں سے گمان کرتے ہیں۔

فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾ قَالَ رَبِّيْٓ

فَاَسْقِطْ	عَلَيْنَا	كِسَفًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	اِنْ كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	رَبِّيْٓ
سو تو گرا	ہم پر	ایک ٹکڑا	سے	آسمان	اگر تو ہے	سے	سچے	فرمایا	میرا رب

سو تو ہم پر آسمان کا ایک ٹکڑا گرا دے اگر تو سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ شعیبؑ نے فرمایا، میرا رب

اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

اَعْلَمُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُ	فَاَخَذَهُمْ	عَذَابُ	يَوْمِ الظُّلَّةِ	اِنَّهٗ	كَانَ
خوب جانتا ہے	جو کچھ	تم کرتے ہو	تو انہوں نے جھٹلایا اسے	پس پکڑا انہیں	عذاب	سائبان والا دن	بیشک وہ	تھا

خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ تو انہوں نے اسے جھٹلایا پس انہیں (آگ کے) سائبان والے دن عذاب نے آپکڑا۔ بیشک وہ

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾

عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	وَ	مَا كَانَ	اَكْثَرُهُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
عذاب	بڑا (سخت) دن	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اور	نہ تھے	ان کے اکثر	ایمان لانے والے

بڑے سخت دن کا عذاب تھا۔ بیشک اس میں نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔

۱۰ ع ۱۶ ۱۴

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ

وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ	وَاِنَّهٗ	لَتَنْزِيْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	نَزَلَ بِهِ
اور بیشک	تیرا رب	البتہ وہ	غالب	نہایت مہربان	اور بیشک یہ	البتہ اتارا ہوا	سارے جہانوں کا رب	اسی کے ساتھ (لے کر) اترا

اور بیشک تیرا رب غالب ہے نہایت مہربان۔ اور بیشک یہ (قرآن) سارے جہانوں کے رب کا اتارا ہوا ہے۔ اس کو لے کر اترا ہے

الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾

الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ	عَلٰى	قَلْبِكَ	لِتَكُوْنَ	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ	بِلِسَانٍ	عَرَبِيٍّ	مُّبِيْنٍ
جبریل امین	پر	تمہارا دل	تاکہ تم ہو	ڈر سنانے والوں میں سے	زبان میں	عربی	روشن (واضح)

جبریل امین، تمہارے دل پر، تاکہ تم ڈر سنانے والوں میں سے ہو۔ روشن، واضح عربی زبان میں۔

وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا

وَاِنَّهٗ	لَفِيْ	زُبُرِ	الْاَوَّلِيْنَ	اَوَ	لَمْ يَكُنْ	لَّهُمْ	اٰيَةً	اَنْ يَّعْلَمَهٗ	عُلَمٰٓؤُا
اور بیشک یہ	ہیں	صحیفے	پہلے (پیغمبر)	کیا	نہیں ہے	ان کے لئے	ایک نشانی	کہ جانتے ہیں اس کو	علماء

اور بیشک یہ (اس کا ذکر) پہلے پیغمبروں کے صحیفوں میں ہے۔ کیا یہ ان کے لئے ایک نشانی نہیں؟ کہ اسے جانتے ہیں علمائے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾ وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَلَوْ	نَزَّلْنٰهُ	عَلٰى بَعْضِ	الْاَعْجَمِيْنَ	فَقَرَاَهٗ	عَلَيْهِمْ	مَّا
بنی اسرائیل	اور اگر	ہم نازل کرتے اسے	کسی پر	عجمی (غیر عربی)	پھر وہ پڑھتا اسے	ان کے سامنے	نہ

بنی اسرائیل۔ اور اگر ہم اسے کسی غیر عربی (زبان دان) پر نازل کرتے، پھر وہ اسے ان کے سامنے پڑھتا (پھر بھی)

كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

كَانُوْا	بِهٖ	مُؤْمِنِيْنَ	كَذٰلِكَ	سَلَكْنٰهُ	فِيْ قُلُوْبِ	الْمُجْرِمِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ
وہ ہوتے	اس پر	ایمان لانے والے	اسی طرح	یہ چلایا ہے (انکا داخل کر دیا ہے)	دلوں میں	مجرم (جمع)	وہ ایمان نہ لائیں گے	اس پر

وہ اس پر ایمان لانے والے نہ ہوتے (ایمان نہ لاتے) - اسی طرح ہم نے مجرموں کے دلوں میں انکار داخل کر دیا ہے - وہ اس پر ایمان نہ لائیں گے

حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ فَيَقُوْلُوْا هَلْ

حَتّٰى	يَرَوُا	الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ	فَيَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	فَيَقُوْلُوْا	هَلْ
یہاں تک کہ	وہ دیکھ لیں گے	دردناک عذاب	تو وہ آجائے گا ان پر	اچانک	اور انہیں	خبر (بھی) نہ ہوگی	پھر وہ کہیں گے	کیا

یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیں گے - تو وہ ان پر اچانک آجائے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی - پھر وہ کہیں گے کیا

نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿۲۰۵﴾

نَحْنُ	مُنْظَرُوْنَ	اَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ	اَفَرَءَيْتَ	اِنْ	مَّتَّعْنٰهُمْ	سِنِيْنَ
ہم۔ہمیں	مہلت دی جائے گی	کیا پس ہمارے عذاب کو	وہ جلدی چاہتے ہیں	کیا تم نے دیکھا ؟	اگر	ہم انہیں فائدہ پہنچائیں	کئی برس۔برسوں

ہمیں مہلت دی جائے گی؟ پس کیا وہ ہمارے عذاب کو جلدی چاہتے ہیں؟ کیا تم نے دیکھا؟ (ذرا دیکھو) اگر ہم انہیں برسوں فائدہ پہنچائیں۔

ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿۲۰۷﴾ وَ

ثُمَّ	جَآءَهُمْ	مَا	كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ	مَآ اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَا	كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ	وَ
پھر	پہنچے ان پر	جو	انہیں وعید کی جاتی تھی	کیا کام آئے گا ؟	ان کے	جو (جس سے)	وہ فائدہ اٹھاتے تھے	اور

پھر ان پر پہنچے جس کی انہیں وعید کی جاتی تھی - جس سے وہ فائدہ اٹھاتے تھے ان کے کیا کام آئے گا ؟ اور

مَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿۲۰۸﴾ ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۰۹﴾ وَ

مَآ اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	لَهَا	مُنْذِرُوْنَ	ذِكْرٰى	وَمَا كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	وَ
نہیں ہلاک کیا ہم نے	کسی بستی کو	مگر	اس کے لئے	ڈرانے والے	نصیحت کے لئے	اور نہ تھے ہم	ظلم کرنے والے	اور

ہم نے کسی بستی کو ہلاک نہیں کیا، مگر اس کے لئے ڈرانے والے نصیحت کے لئے (پہلے بھیجے) اور ہم ظلم کرنے والے نہ تھے - اور

مَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۱۰﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۲۱۱﴾ اِنَّهُمْ

مَا تَنَزَّلَتْ	بِهِ	الشَّيٰطِيْنُ	وَمَا يَنْۢبَغِيْ	لَهُمْ	وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	اِنَّهُمْ
نہیں اترے	اسے لے کر	شیطان (جمع)	اور سزاوار نہیں	ان کو	اور نہ وہ کر سکتے ہیں	بیشک وہ

اور اس (قرآن) کو شیطان لے کر نہیں اترے - اور ان کو سزاوار نہیں (وہ اس کے قابل نہیں) اور نہ وہ (ایسا) کر سکتے ہیں - بے شک وہ

عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿۲۱۳﴾

عَنِ	السَّمْعِ	لَمَعْزُوْلُوْنَ	فَلَا تَدْعُ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا اٰخَرَ	فَتَكُوْنَ	مِنَ	الْمُعَذَّبِيْنَ
سے	سُننا	دُور کر دیئے گئے ہیں	پس نہ پکارو	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود	کہ ہو جاؤ	سے	مبتلائے عذاب

سُننے (کے مقام) سے دُور کر دیئے گئے ہیں۔ پس اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ پکارو کہ تم مبتلائے عذاب لوگوں میں سے ہو جاؤ۔

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

وَاَنْذِرْ	عَشِيْرَتَكَ	الْاَقْرَبِيْنَ	وَ	اخْفِضْ	جَنَاحَكَ	لِمَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ
اور تم ڈراؤ	اپنے رشتہ دار	قریب ترین	اور	جھکاؤ	اپنا بازو	اس کے لئے جس نے	تمہاری پیروی کی	سے

اور تم اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو ڈراؤ۔ اور اس کے لئے اپنے بازو جھکاؤ جس نے تمہاری پیروی کی

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى

الْمُؤْمِنِيْنَ	فَاِنْ	عَصَوْكَ	فَقُلْ	اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا	تَعْمَلُوْنَ	وَتَوَكَّلْ	عَلَى
مومنوں	پھر اگر	وہ تمہاری نافرمانی کریں	تو کہدیں	بیشک میں بیزار ہوں	اس سے جو	تم کرتے ہو	اور بھروسہ کرو	پر

مومنوں میں سے۔ پھر اگر تمہاری نافرمانی کریں تو آپ کہدیں جو تم کرتے ہو بیشک میں اس سے بیزار ہوں۔ اور تم بھروسہ کرو

الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾

الْعَزِيْزِ	الرَّحِيْمِ	الَّذِيْ	يَرٰىكَ	حِيْنَ	تَقُوْمُ	وَ تَقَلُّبَكَ	فِي	السّٰجِدِيْنَ
غالب	نہایت مہربان	وہ جو	تمہیں دیکھتا ہے	جب	تم کھڑے ہوتے ہو	اور تمہارا پھرنا	میں	سجدہ کرنے والے (نمازی)

غالب نہایت مہربان پر۔ جو تمہیں دیکھتا ہے جب تم (نماز میں) کھڑے ہوتے ہو اور نمازیوں میں تمہارا پھرنا (بھی دیکھتا ہے)۔

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ

اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	هَلْ	اُنَبِّئُكُمْ	عَلٰى مَنْ	تَنَزَّلُ	الشَّيٰطِيْنُ	تَنَزَّلُ
بیشک وہ	وہی	سُننے والا	جاننے والا	کیا	میں تمہیں بتاؤں	کسی پر	اترتے ہیں	شیطان (جمع)	وہ اترتے ہیں

بیشک وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ کیا میں تمہیں بتاؤں کس پر شیطان اترتے ہیں؟ وہ اترتے ہیں

عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَالشُّعَرَآءُ

عَلٰى	كُلِّ	اَفَّاكٍ	اَثِيْمٍ	يُّلْقُوْنَ	السَّمْعَ	وَاَكْثَرُهُمْ	كٰذِبُوْنَ	وَ	الشُّعَرَآءُ
پر	ہر	بہتان لگانے والا	گنہگار	ڈالدیتے ہیں	سُنی سنائی بات	اور ان میں اکثر	جھوٹے	اور	شاعر (جمع)

ہر بہتان لگانے والے گنہگار پر (شیطان) سُنی سنائی بات (اُن کے کان میں) ڈالدیتے ہیں اور ان میں اکثر جھوٹے ہیں۔ اور (رہے) شاعر

يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ

يَتَّبِعُهُمُ	الْغَاوٗنَ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّهُمْ	فِيْ كُلِّ وَادٍ	يَّهِيْمُوْنَ	وَاَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ
اُن کی پیروی کرتے ہیں	گمراہ لوگ	کیا تم نے نہیں دیکھا	کہ وہ	ہر وادی میں	سرگرداں پھرتے ہیں	اور یہ کہ وہ	وہ کہتے ہیں

اُن کی پیروی گمراہ لوگ کرتے ہیں۔ کیا تم نے نہیں دیکھا؟ کہ وہ ہر وادی میں سرگرداں پھرتے ہیں۔ اور یہ کہ وہ کہتے ہیں

مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا

مَا	لَا يَفْعَلُوْنَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَذَكَرُوا اللّٰهَ	كَثِيْرًا
جو	وہ کرتے نہیں	مگر	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	اور اللہ کو یاد کیا	بکثرت

جو وہ کرتے نہیں، سوائے اُن کے جو ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، اور اللہ کو بکثرت یاد کیا،

وَانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ

وَانْتَصَرُوْا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا ظُلِمُوْا	وَسَيَعْلَمُ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْٓا	اَيَّ	مُنْقَلَبٍ
اور انہوں نے بدلہ لیا	اس کے بعد	کہ ان پر ظلم ہوا	اور عنقریب جان لیں گے	وہ لوگ جنہوں نے	ظلم کیا	کس	لوٹنے کی جگہ (کروٹ)

اور انہوں نے اس کے بعد بدلہ لیا کہ ان پر ظلم ہوا، اور جن لوگوں نے ظلم کیا وہ عنقریب جان لیں گے کہ کس کروٹ

يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾

يَنْقَلِبُوْنَ

وہ اُلٹتے ہیں (انہیں لوٹ کر جانا ہے)

انہیں لوٹ کر جانا ہے

ع ١١ ٣٦ ١٥

اٰيَاتُهَا ٩٣ | ٢٧ = سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ = ٤٨ | رُكُوْعَاتُهَا ٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾

طٰسٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْقُرْاٰنِ	وَكِتَابٍ	مُّبِيْنٍ	هُدًى	وَّبُشْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
طٰسٓ	یہ	آیتیں	قرآن	اور کتاب	روشن، واضح	ہدایت	اور خوشخبری	مومنوں کے لئے

طٰسٓ۔ یہ آیتیں ہیں قرآن اور روشن واضح کتاب کی، ہدایت اور خوشخبری مومنوں کے لئے۔

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٣

الَّذِيْنَ	يُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	يُوْقِنُوْنَ
جو لوگ	قائم رکھتے ہیں	نماز	اور ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ	آخرت پر	وہ	یقین رکھتے ہیں

جو لوگ نماز قائم رکھتے ہیں، اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۝٤

اِنَّ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	زَيَّنَّا لَهُمْ	اَعْمَالَهُمْ	فَهُمْ	يَعْمَهُوْنَ
بیشک	جو لوگ	ایمان نہیں لاتے	آخرت پر	آراستہ کر دکھائے ہم نے انکے لئے	ان کے عمل	پس وہ	بھٹکتے پھرتے ہیں

بیشک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے، ہم نے ان کے عمل اُن کے لئے آراستہ کر دکھائے ہیں پس وہ بھٹکتے پھرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝٥

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	لَهُمْ	سُوْٓءُ	الْعَذَابِ	وَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	هُمُ	الْاَخْسَرُوْنَ
یہی لوگ	وہ لوگ جو	ان کے لئے	برا	عذاب	اور وہ	آخرت میں	وہ	سب سے بڑھ کر خسارہ اٹھانے والے

یہی ہیں وہ لوگ جن کے لئے برا عذاب ہے، اور وہ آخرت میں سب سے بڑھ کر خسارہ اٹھانے والے ہیں۔

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝٦ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ

وَاِنَّكَ	لَتُلَقَّى	الْقُرْاٰنَ	مِنْ لَّدُنْ	حَكِيْمٍ	عَلِيْمٍ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِاَهْلِهٖٓ	اِنِّيْٓ
اور بیشک تم	دیا جاتا ہے	قرآن	نزدیک (جانب) سے	حکمت والا	علم والا	جب	کہا	موسیٰ ؑ	اپنے گھر والوں سے	بیشک میں

اور بیشک تمہیں قرآن حکمت والے، علم والے کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ (یاد کرو) جب موسیٰ ؑ نے اپنے گھر والوں سے کہا بیشک

اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝٧

اٰنَسْتُ	نَارًا	سَاٰتِيْكُمْ	مِّنْهَا	بِخَبَرٍ	اَوْ اٰتِيْكُمْ	بِشِهَابٍ	قَبَسٍ	لَّعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ
میں نے دیکھی ہے	ایک آگ	میں ابھی لاتا ہوں	اس کی	کوئی خبر	یا لاتا ہوں تمہارے پاس	شعلہ	انگارہ	تاکہ تم	تم سینکو

میں نے ایک آگ دیکھی ہے، میں ابھی تمہارے پاس اس کی کوئی خبر لاتا ہوں یا آگ کا انگارہ تمہارے پاس لاتا ہوں تاکہ تم سینکو۔

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ

فَلَمَّا	جَآءَهَا	نُوْدِيَ	اَنْۢ بُوْرِكَ	مَنْ	فِي النَّارِ	وَمَنْ	حَوْلَهَا	وَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ
پس جب	اس (آگ) کے پاس آیا	ندا دی گئی	کہ برکت دیا گیا	جو	آگ میں	اور جو	اس کے آس پاس	اور پاک	اللہ

پس جب وہ آگ کے پاس آیا (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) ندا دی گئی کہ برکت دیا گیا جو آگ میں (جلوہ افروز) ہے اور جو اس کے آس پاس ہے (موسیٰ ؑ) اور پاک ہے اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸﴾ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۹﴾ وَ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ

رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	يٰمُوْسٰٓى	اِنَّهٗ	اَنَا اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَ	اَلْقِ	عَصَاكَ
پروردگار	سارے جہانوں	اے موسیٰ ۴	حقیقت یہ	میں اللہ	غالب	حکمت والا	اور	تو ڈال	اپنا عصا

سارے جہانوں کا پروردگار۔ اے موسیٰ! حقیقت یہ ہے کہ میں ہی اللہ غالب حکمت والا ہوں۔ اور تو اپنا عصا (نیچے) ڈال دے

فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۫ اِنِّيْ

فَلَمَّا	رَاٰهَا	تَهْتَزُّ	كَاَنَّهَا	جَآنٌّ	وَّلّٰى	مُدْبِرًا	وَّلَمْ يُعَقِّبْ	يٰمُوْسٰى	لَا تَخَفْ	اِنِّيْ
پس جب	اسے دیکھا	لہراتا ہوا	گویا کہ وہ	سانپ	وہ لوٹ گیا	پیٹھ پھیر کر	اور مڑ کر نہ دیکھا	اے موسیٰ ۴	تو خوف نہ کھا	بیشک میں

پس جب اسے لہراتا ہوا دیکھا گویا وہ سانپ ہے تو (موسیٰ ۴) پیٹھ پھیر کر لوٹ گیا اور اس نے مڑ کر نہ دیکھا (ارشاد ہوا) اے موسیٰ! تو خوف نہ کھا، بیشک

لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ

لَا يَخَافُ	لَدَيَّ	الْمُرْسَلُوْنَ	اِلَّا	مَنْ	ظَلَمَ	ثُمَّ بَدَّلَ	حُسْنًۢا	بَعْدَ	سُوْٓءٍ
خوف نہیں کھاتے	میرے پاس	رسول (جمع)	مگر	جو جس	ظلم کیا	پھر اس نے بدل ڈالا	بھلائی	بعد	برائی

میرے پاس رسول خوف نہیں کھاتے۔ مگر جس نے ظلم کیا پھر اس نے برائی کے بعد اسے بھلائی سے بدل ڈالا

فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۫

فَاِنِّيْ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَاَدْخِلْ	يَدَكَ	فِيْ جَيْبِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ	مِنْ	غَيْرِ سُوْٓءٍ
تو بیشک میں	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور داخل کر ڈال	اپنا ہاتھ	اپنے گریبان میں	وہ نکلے گا	سفید روشن	سے۔ کے	کسی عیب کے بغیر

تو بیشک میں بخشنے والا، نہایت مہربان ہوں۔ اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال وہ کسی عیب کے بغیر سفید روشن (ہو کر) نکلے گا،

فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۱۲﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ

فِيْ	تِسْعِ اٰيٰتٍ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَقَوْمِهٖ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَتْهُمْ
میں	نو نشانیاں	طرف	فرعون	اور اس کی قوم	بیشک وہ	ہیں	قوم	نافرمان	پھر جب	آئیں ان کے پاس

نو نشانیوں میں (سے یہ دو معجزے لے کر) فرعون اور اس کی قوم کی طرف (جا) بیشک وہ نافرمان قوم ہیں۔ پھر جب ان کے پاس آئیں

اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ

اٰيٰتُنَا	مُبْصِرَةً	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	وَجَحَدُوْا	بِهَا	وَاسْتَيْقَنَتْهَآ	اَنْفُسُهُمْ
ہماری نشانیاں	آنکھیں کھولنے والی	وہ بولے	یہ	جادو کھلا	اور انہوں نے انکار کیا	اس کا	حالانکہ اس کا یقین تھا	ان کے دل

آنکھیں کھولنے والی ہماری نشانیاں، وہ بولے یہ کھلا جادو ہے۔ انہوں نے اس کا انکار کیا حالانکہ ان کے دلوں کو اس کا یقین تھا

ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

ظُلْمًا	وَّعُلُوًّا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا
ظلم سے	اور تکبر سے	تو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	فساد کرنے والے	اور	تحقیق دیا ہم نے

ظلم اور تکبر سے۔ تو دیکھو! فساد کرنے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ اور تحقیق ہم نے دیا

دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ

دَاوٗدَ	وَ	سُلَيْمٰنَ	عِلْمًا	وَقَالَا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	فَضَّلَنَا	عَلٰى	كَثِيْرٍ	مِّنْ
داؤد ؑ	اور	سلیمان ؑ	(بڑا) علم	اور انہوں نے کہا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	فضیلت دی ہمیں	پر	اکثر	سے

داؤد ؑ اور سلیمان ؑ کو بڑا علم، اور انہوں نے کہا تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، وہ جس نے ہمیں فضیلت دی اکثر

عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا

عِبَادِهِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَوَرِثَ	سُلَيْمٰنُ	دَاوٗدَ	وَقَالَ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	عُلِّمْنَا
اپنے بندے	مومن (جمع)	اور وارث ہوا	سلیمان ؑ	داؤد ؑ	اور اس نے کہا	اے لوگو	مجھے سکھائی گئی

اپنے مومن بندوں پر۔ اور سلیمان ؑ داؤد ؑ کا وارث ہوا اور اس نے کہا اے لوگو! مجھے سکھائی گئی ہے

مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾

مَنْطِقَ	الطَّيْرِ	وَاُوْتِيْنَا	مِنْ	كُلِّ شَيْءٍ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْفَضْلُ	الْمُبِيْنُ
بولی	پرندے (جمع)	اور ہمیں دی گئی	سے	ہر شے	بیشک	یہ	البتہ وہی	فضل	کھلا

پرندوں کی بولی، اور ہمیں ہر چیز سے (ہر نعمت) دی گئی ہے، بیشک یہ کھلا فضل ہے۔

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ حَتّٰۤى

وَحُشِرَ	لِسُلَيْمٰنَ	جُنُوْدُهٗ	مِنَ	الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	وَالطَّيْرِ	فَهُمْ	يُوْزَعُوْنَ	حَتّٰۤى
اور جمع کیا گیا	سلیمان ؑ کے لئے	اس کا لشکر	سے	جن	اور انسان	اور پرندے	پس وہ	روکے جاتے تھے	یہاں تک کہ

اور سلیمان ؑ کے لئے اس کا لشکر جنوں، انسانوں اور پرندوں کا جمع کیا گیا، پس وہ روکے جاتے تھے۔ یہاں تک کہ

اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ

اِذَا	اَتَوْا	عَلٰى	وَادِ النَّمْلِ	قَالَتْ	نَمْلَةٌ	يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ	ادْخُلُوْا	مَسٰكِنَكُمْ
جب	وہ آئے	پر	چیونٹیوں کا میدان	کہا	ایک چیونٹی	اے چیونٹیو	تم داخل ہو	اپنے گھروں (بلوں) میں

وہ چیونٹیوں کے میدان میں آئے، ایک چیونٹی نے کہا، اے چیونٹیو! تم اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ،

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ	سُلَيْمٰنُ	وَجُنُوْدُهٗ	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	فَتَبَسَّمَ	ضَاحِكًا
نہ روند ڈالے تمہیں	سلیمانؑ	اور اس کا لشکر	اور وہ	نہ جانتے ہوں (انہیں شعور نہ ہو)	تو وہ مسکرایا	ہنستے ہوئے

(کہیں) سلیمانؑ اور اس کا لشکر تمہیں روند نہ ڈالے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔ تو وہ ہنستے ہوئے مسکرایا

مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى

مِنْ	قَوْلِهَا	وَقَالَ	رَبِّ	اَوْزِعْنِيْٓ	اَنْ اَشْكُرَ	نِعْمَتَكَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتَ	عَلَيَّ	وَعَلٰى
سے	اس کی بات	اور کہا	اے میرے رب	مجھے توفیق دے	کہ میں شکر ادا کروں	تیری نعمت	وہ جو	تو نے انعام فرمائی	مجھ پر	اور پر

اس کی بات سے، اور کہا اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر انعام فرمائی ہے

وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

وَالِدَيَّ	وَاَنْ	اَعْمَلَ صَالِحًا	تَرْضٰىهُ	وَاَدْخِلْنِيْ	بِرَحْمَتِكَ	فِيْ	عِبَادِكَ	الصّٰلِحِيْنَ
میرے ماں باپ	اور یہ کہ	میں نیک کام کروں	تو وہ پسند کرے	اور مجھے داخل فرمائے	اپنی رحمت سے	میں	اپنے بندے	نیک (جمع)

اور میرے ماں باپ پر، اور یہ کہ میں نیک کام کروں جو تو پسند کرے، اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما لے۔

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَتَفَقَّدَ	الطَّيْرَ	فَقَالَ	مَا لِيَ	لَآ اَرَى	الْهُدْهُدَ	اَمْ كَانَ	مِنَ	الْغَآئِبِيْنَ
اور اس نے خبر لی (جائزہ لیا)	پرندے	تو اس نے کہا	کیا ہے	میں نہیں دیکھتا	ہُدہُد کو	کیا وہ ہے	سے	غائب ہونے والے

اور اس نے پرندوں کا جائزہ لیا تو کہا کیا (بات) ہے میں ہُدہُد کو نہیں دیکھتا، کیا وہ غائب ہو جانے والوں میں سے ہے؟

لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاْذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۱﴾

لَاُعَذِّبَنَّهٗ	عَذَابًا	شَدِيْدًا	اَوْ	لَاَاْذْبَحَنَّهٗٓ	اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ
البتہ میں ضرور اسے سزا دوں گا	سزا	سخت	یا	اسے ذبح کر ڈالوں گا	یا اسے ضرور لانی چاہیئے	سند (کوئی وجہ)	واضح (معقول)

البتہ میں اسے ضرور سخت سزا دوں گا، یا اسے ذبح کر ڈالوں گا، یا اسے ضرور کوئی معقول وجہ میرے پاس لانی (پیش کرنی) چاہیئے۔

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿۲۲﴾

فَمَكَثَ	غَيْرَ بَعِيْدٍ	فَقَالَ	اَحَطْتُّ	بِمَا	لَمْ تُحِطْ بِهٖ	وَجِئْتُكَ	مِنْ	سَبَاٍ	بِنَبَاٍ	يَّقِيْنٍ
سو اس نے دیر کی	تھوڑی سی	پھر کہا	میں نے معلوم کیا ہے	وہ جو	تم کو معلوم نہیں وہ	اور میں تمہارے پاس لایا ہوں	سے	سبا	ایک خبر	یقینی

سو اس (ہُدہُد) نے تھوڑی سی دیر کی، پھر کہا میں نے معلوم کیا ہے وہ جو تم کو معلوم نہیں، اور میں تمہارے پاس سبا سے ایک یقینی خبر لایا ہوں۔

إِنِّي وَجَدتُّ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِن كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ ﴿٢٣﴾

إِنِّي	وَجَدتُّ	امْرَأَةً	تَمْلِكُهُمْ	وَأُوتِيَتْ	مِن كُلِّ شَيْءٍ	وَلَهَا	عَرْشٌ	عَظِيمٌ
بیشک میں نے	پایا (دیکھا)	ایک عورت	وہ ان پر بادشاہت کرتی ہے	اور دی گئی ہے	ہر شے	اور اس کے لئے	ایک تخت	بڑا

بیشک میں نے ایک عورت کو دیکھا ہے، وہ ان پر بادشاہت کرتی ہے اور (اسے) ہر شے دی گئی ہے اور اسکے لئے ایک بڑا تخت ہے۔

وَجَدتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِن دُونِ اللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ

وَجَدتُّهَا	وَقَوْمَهَا	يَسْجُدُونَ	لِلشَّمْسِ	مِن دُونِ اللَّهِ	وَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطَانُ
میں نے پایا ہے اسے	اور اس کی قوم	وہ سجدہ کرتے ہیں	سورج کو	اللہ کے سوا	اور آراستہ کر دکھائے ہیں	انہیں	شیطان

میں نے اسے اور اس کی قوم کو اللہ کے سوا (اللہ کو چھوڑ کر) سورج کو سجدہ کرتے پایا ہے، اور شیطان نے انہیں آراستہ کر دکھائے ہیں

أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ ﴿٢٤﴾ أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي

أَعْمَالَهُمْ	فَصَدَّهُمْ	عَنِ السَّبِيلِ	فَهُمْ	لَا يَهْتَدُونَ	أَلَّا	يَسْجُدُوا لِلَّهِ	الَّذِي
ان کے عمل (جمع)	پس روک دیا انہیں	راستہ سے	سو وہ	راہ نہیں پاتے	کہ نہیں	وہ سجدہ کرتے اللہ کو	وہ جو

ان کے عمل، پس اس نے انہیں (سیدھے) راستے سے روک دیا ہے سو وہ راہ نہیں پاتے۔ اور اللہ کو (کیوں) سجدہ نہیں کرتے؟ وہ جو

يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ﴿٢٥﴾

يُخْرِجُ	الْخَبْءَ	فِي السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَيَعْلَمُ	مَا تُخْفُونَ	وَمَا	تُعْلِنُونَ
نکالتا ہے	چھپی ہوئی	آسمانوں میں	اور زمین	اور جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو

آسمانوں میں اور زمین میں چھپی ہوئی (چیزوں کو) نکالتا ہے، اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔

اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿٢٦﴾ السجدة قَالَ سَنَنظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنتَ

اللَّهُ	لَا	إِلَٰهَ	إِلَّا هُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ الْعَظِيمِ	قَالَ	سَنَنظُرُ	أَصَدَقْتَ	أَمْ	كُنتَ
اللہ	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	(رب (مالک)	عرشِ عظیم	اس (سلیمانؑ) نے کہا	ابھی ہم دیکھ لیں گے	کیا تو نے سچ کہا	یا	تو ہے

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔ سلیمانؑ نے کہا، ہم ابھی دیکھ لیں گے کیا تو نے سچ کہا ہے؟ یا تو

مِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿٢٧﴾ اذْهَب بِّكِتَابِي هَٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانظُرْ مَاذَا

مِنَ	الْكَاذِبِينَ	اذْهَب	بِّكِتَابِي	هَٰذَا	فَأَلْقِهْ	إِلَيْهِمْ	ثُمَّ تَوَلَّ	عَنْهُمْ	فَانظُرْ	مَاذَا
سے	جھوٹے	تو لے جا	میرا خط	یہ	پس اسے ڈال دے	انکی طرف	پھر لوٹ آ	ان سے	پھر دیکھ	کیا

جھوٹوں میں سے ہے (جھوٹا ہے)؟ میرا یہ خط لے جا، پس یہ ان کی طرف ڈال دے، پھر ان سے لوٹ آ، پھر دیکھ وہ کیا

يَرْجِعُونَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ

يَرْجِعُونَ	قَالَتْ	يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا	اِنِّيْٓ اُلْقِيَ	اِلَيَّ	كِتٰبٌ	كَرِيْمٌ	اِنَّهٗ	مِنْ سُلَيْمٰنَ
وہ جواب دیتے ہیں	وہ کہنے لگی	اے سردارو!	بیشک میری طرف ڈالا گیا	میری طرف	خط	باوقعت	بیشک وہ	سے سلیمان

جواب دیتے ہیں! وہ عورت کہنے لگی، اے سردارو! بیشک میری طرف ایک باوقعت خط ڈالا گیا ہے۔ بیشک وہ سلیمانؑ (کی طرف) سے ہے

وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾

وَاِنَّهٗ	بِسْمِ اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	اَلَّا تَعْلُوْا	عَلَيَّ	وَاْتُوْنِيْ	مُسْلِمِيْنَ
اور بیشک وہ	نام سے اللہ کے	جو رحم کرنے والا	نہایت مہربان	یہ کہ تم سرکشی نہ کرو	مجھ پر	اور میرے پاس آؤ	فرمانبردار ہو کر

اور بیشک وہ (یوں ہے) "اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے"۔ یہ کہ مجھ پر (میرے مقابلہ میں) سرکشی نہ کرو، اور میرے پاس فرمانبردار ہو کر آؤ"۔

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾

قَالَتْ	يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا	اَفْتُوْنِيْ	فِيْٓ اَمْرِيْ	مَا كُنْتُ	قَاطِعَةً	اَمْرًا	حَتّٰى	تَشْهَدُوْنِ
وہ بولی	اے سردارو!	مجھے رائے دو	میرے معاملے میں	میں نہیں ہوں	فیصلہ کرنے والی	کسی معاملہ میں	جب تک	تم موجود ہو

وہ بولی، اے سردارو! میرے معاملے میں مجھے رائے دو، میں کسی معاملہ میں فیصلہ کرنے والی نہیں (فیصلہ نہیں کرتی) جب تک تم موجود (نہ) ہو۔

قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾

قَالُوْا	نَحْنُ	اُولُوْا قُوَّةٍ	وَاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ	وَالْاَمْرُ اِلَيْكِ	فَانْظُرِيْ	مَاذَا	تَاْمُرِيْنَ
وہ بولے	ہم	قوت والے	اور بڑے لڑنے والے	اور فیصلہ تیری طرف (تیرے اختیار میں)	تو دیکھ لے	کیا	تجھے حکم کرنا ہے

وہ بولے ہم قوت والے، بڑے لڑنے والے ہیں، اور فیصلہ تیرے اختیار میں ہے تو دیکھ لے تجھے کیا حکم کرنا ہے۔

قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ

قَالَتْ	اِنَّ	الْمُلُوْكَ	اِذَا دَخَلُوْا	قَرْيَةً	اَفْسَدُوْهَا	وَجَعَلُوْٓا	اَعِزَّةَ	اَهْلِهَآ	اَذِلَّةً
وہ بولی	بیشک	بادشاہ (جمع)	جب داخل ہوتے ہیں	کسی بستی	اسے تباہ کر دیتے ہیں	اور کر دیا کرتے ہیں	معززین	وہاں کے	ذلیل

وہ بولی، بیشک جب بادشاہ کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ کر دیتے ہیں اور وہاں کے معززین کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں

وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌ ۢ بِمَ يَرْجِعُ

وَكَذٰلِكَ	يَفْعَلُوْنَ	وَاِنِّيْ	مُرْسِلَةٌ	اِلَيْهِمْ	بِهَدِيَّةٍ	فَنٰظِرَةٌ	بِمَ	يَرْجِعُ
اور اسی طرح	وہ کرتے ہیں	اور بیشک میں	بھیجنے والی	اُن کی طرف	ایک تحفہ	پھر دیکھتی ہوں	کیا (جواب) لیکر	لوٹتے ہیں

اور وہ اسی طرح کرتے ہیں۔ اور بیشک میں اُن کی طرف ایک تحفہ بھیجنے والی ہوں، پھر دیکھتی ہوں کیا جواب لے کر لوٹتے ہیں

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ۫ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ

الْمُرْسَلُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	سُلَيْمٰنَ	قَالَ	اَتُمِدُّوْنَنِ	بِمَالٍ	فَمَآ	اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ	خَيْرٌ
قاصد	پس جب	آیا	سلیمان ؑ	اس نے کہا	کیا تم میری مدد کرتے ہو	مال سے	پس جو	مجھے دیا اللہ نے	بہتر

قاصد۔ پس جب سلیمان ؑ کے پاس قاصد آیا تو اس نے کہا کہ کیا تم مال سے میری مدد کرتے ہو؟ پس جو اللہ نے مجھے دیا ہے وہ بہتر ہے

مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ

مِمَّآ	اٰتٰىكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بِهَدِيَّتِكُمْ	تَفْرَحُوْنَ	اِرْجِعْ	اِلَيْهِمْ	فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ
اس سے جو	اس نے تمہیں دیا	بلکہ	تم	اپنے تحفہ سے	خوش ہوتے ہو	تو لوٹ جا	ان کی طرف	ہم ضرور لائیں گے ان پر

اس سے جو اس نے تمہیں دیا ہے، بلکہ تم اپنے تحفے سے خوش ہوتے ہو۔ تو اُن کی طرف لوٹ جا، سو ہم ان پر ضرور لائیں گے

بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ

بِجُنُوْدٍ	لَّا قِبَلَ	لَهُمْ	بِهَا	وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ	مِنْهَآ	اَذِلَّةً	وَّهُمْ	صٰغِرُوْنَ	قَالَ
ایسا لشکر	نہ طاقت ہوگی	ان کو	اس کی	ہم ضرور نکالدیں گے انہیں	وہاں سے	ذلیل کرکے	اور وہ	خوار ہوں گے	اس (سلیمان) نے کہا

ایسا لشکر جس (کے مقابلے) کی انہیں طاقت نہ ہوگی، اور ہم ضرور انہیں وہاں سے ذلیل کر کے نکال دیں گے، اور وہ خوار ہونگے سلیمان ؑ نے کہا

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ

يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا	اَيُّكُمْ	يَاْتِيْنِيْ	بِعَرْشِهَا	قَبْلَ	اَنْ	يَّاْتُوْنِيْ	مُسْلِمِيْنَ	قَالَ
اے سردارو!	تم میں سے کون	میرے پاس لائے گا	اس کا تخت	اس سے قبل	کہ	وہ آئیں میرے پاس	فرمانبردار ہو کر	کہا

اے سردارو! تم میں سے کون اس کا تخت میرے پاس لائے گا؟ اس سے قبل کہ وہ میرے پاس فرمانبردار ہو کر آئیں۔ کہا

عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَ

عِفْرِيْتٌ	مِنَ الْجِنِّ	اَنَا اٰتِيْكَ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ تَقُوْمَ	مِنْ مَّقَامِكَ	وَ
ایک قوی ہیکل	جنات سے	میں آپ کے پاس لے آؤں گا	اس کو	اس سے قبل	کہ آپ کھڑے ہوں	اپنی جگہ سے	اور

جنات میں سے ایک قوی ہیکل نے، بیشک میں اس کو آپ کے پاس اس سے قبل لے آؤں گا کہ آپ اپنی جگہ سے کھڑے ہوں، اور

اِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿۳۹﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا

اِنِّيْ	عَلَيْهِ	لَقَوِيٌّ	اَمِيْنٌ	قَالَ	الَّذِيْ	عِنْدَهٗ	عِلْمٌ	مِّنَ الْكِتٰبِ	اَنَا
بیشک میں	اس پر	البتہ قوت والا	امانت دار	کہا	اس نے جو	اس کے پاس	علم	سے کا	کتاب	میں

میں بیشک اس پر البتہ قوت والا، امانت دار ہوں۔ اس شخص نے کہا جس کے پاس کتاب (الٰہی) کا علم تھا، میں

اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ

اٰتِیْكَ	بِهٖ	قَبْلَ	اَنْ یَّرْتَدَّ	اِلَیْكَ	طَرْفُكَ	فَلَمَّا رَاٰهُ	مُسْتَقِرًّا	عِنْدَهٗ
میں اسکو تمہارے پاس لے آؤں گا		قبل	کہ پھر آئے	تمہاری طرف	تمہاری نگاہ (پلک جھپکے)	پس جب سلیمان نے اسے دیکھا	رکھا ہوا	اپنے پاس

اس کو تمہارے پاس اس سے قبل لے آؤں گا کہ تمہاری آنکھ پلک جھپکے، پس جب سلیمانؑ نے (اچانک) اسے اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ ۫ لِیَبْلُوَنِیْۤ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا

قَالَ	هٰذَا	مِنْ	فَضْلِ رَبِّیْ	لِیَبْلُوَنِیْۤ	ءَاَشْكُرُ	اَمْ اَكْفُرُ	وَمَنْ	شَكَرَ	فَاِنَّمَا
اس نے کہا	یہ	سے	میرے رب کا فضل	تاکہ مجھے آزمائے	آیا میں شکر کرتا ہوں	یا ناشکری کرتا ہوں	اور جس	شکر کیا	تو پس وہ

تو اس نے کہا یہ میرے رب کے فضل سے ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے آیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں؟ اور جس نے شکر کیا تو پس وہ

یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِیْمٌ ﴿۴۰﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا

یَشْكُرُ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاِنَّ	رَبِّیْ	غَنِیٌّ	كَرِیْمٌ	قَالَ	نَكِّرُوْا	لَهَا	عَرْشَهَا
شکر کرتا ہے	اپنی ذات کے لئے	اور جس	ناشکری کی	تو بیشک	میرا رب	بے نیاز	کرم کرنیوالا ہے	اس نے کہا	وضع بدل دو	اس کے لئے	اس کا تخت

اپنی ذات کے لئے شکر کرتا ہے، اور جس نے ناشکری کی تو بیشک میرا رب بے نیاز، کرم کرنیوالا ہے۔ اس نے کہا اس (ملکہ کے امتحان کے لئے) اسکے تخت کی وضع بدل دو

نَنْظُرْ اَتَهْتَدِیْۤ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِیْنَ لَا یَهْتَدُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِیْلَ

نَنْظُرْ	اَتَهْتَدِیْۤ	اَمْ تَكُوْنُ	مِنَ	الَّذِیْنَ	لَا یَهْتَدُوْنَ	فَلَمَّا	جَآءَتْ	قِیْلَ
ہم دیکھیں	آیا وہ راہ پاتی (سمجھ جاتی) ہے	یا ہوتی ہے	سے	جو لوگ	راہ نہیں پاتے (نہیں سمجھتے)	پس جب	وہ آئی	کہا گیا

ہم دیکھیں کہ آیا وہ سمجھ جاتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہوتی ہے جو نہیں سمجھتے۔ پس جب وہ آئی (اس سے) کہا گیا

اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِیْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا

اَهٰكَذَا	عَرْشُكِ	قَالَتْ	كَاَنَّهٗ	هُوَ	وَاُوْتِیْنَا	الْعِلْمَ	مِنْ قَبْلِهَا	وَكُنَّا
کیا ایسا ہی ہے	تیرا تخت	وہ بولی	گویا کہ یہ	وہی	اور ہمیں دیا گیا	علم	اس سے قبل	اور ہم ہیں

کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ وہ بولی گویا کہ یہ وہی ہے اور ہمیں اس سے قبل ہی علم دیا گیا (علم ہو گیا تھا) اور ہم ہیں

مُسْلِمِیْنَ ﴿۴۲﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ

مُسْلِمِیْنَ	وَصَدَّهَا	مَا	كَانَتْ تَعْبُدُ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اِنَّهَا	كَانَتْ
مسلمان	اور اس نے اس کو روکا	جو	وہ پرستش کرتی تھی	اللہ کے سوائے	بیشک وہ	تھی

مسلمان (فرماں بردار) ۔ اور سلیمانؑ نے اس کو اس سے روکا، جس کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتی تھی، بیشک وہ

مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً

مِنْ قَوْمٍ	كٰفِرِيْنَ	قِيْلَ	لَهَا	ادْخُلِي	الصَّرْحَ	فَلَمَّا	رَاَتْهُ	حَسِبَتْهُ	لُجَّةً
قوم سے	کافروں	کہا گیا	اس سے	تو داخل ہو	محل	پس جب	اس نے اسکو دیکھا	اسے سمجھا	گہرا پانی

کافروں کی قوم سے تھی ۔ اس سے کہا گیا کہ محل میں داخل ہو جب اس (ملکہ) نے اس (رکے فرش) کو دیکھا تو اسے گہرا پانی سمجھا

وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ قَالَتْ

وَكَشَفَتْ	عَنْ	سَاقَيْهَا	قَالَ	اِنَّهٗ	صَرْحٌ	مُمَرَّدٌ	مِنْ	قَوَارِيْرَ	قَالَتْ
اور کھول دیں	سے	اپنی پنڈلیاں	اس نے کہا	بیشک یہ	محل	جڑا ہوا	سے	شیشے (جمع)	وہ بولی

اور (پائنچے اُٹھا کر) اپنی پنڈلیاں کھول دیں، اس (سلیمانؑ) نے کہا بیشک یہ شیشوں سے جڑا ہوا محل ہے ۔ وہ بولی

۳ ع ۱۴ ۱۸

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَ

رَبِّ	اِنِّيْ ظَلَمْتُ	نَفْسِيْ	وَاَسْلَمْتُ	مَعَ	سُلَيْمٰنَ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	وَ
اے میرے رب	بیشک میں نے ظلم کیا	اپنی جان	اور میں ایمان لائی	ساتھ	سلیمان ۲	اللہ کے لئے	تمام جہانوں کا رب	اور

اے میرے رب! بیشک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، اور (اب) میں سلیمانؑ کے ساتھ (سلیمانؑ کے طریق پر) تمام جہانوں کے رب اللہ پر ایمان لائی ۔ اور

لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ

لَقَدْ اَرْسَلْنَا	اِلٰى	ثَمُوْدَ	اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	اَنِ	اعْبُدُوا اللّٰهَ	فَاِذَا	هُمْ	فَرِيْقٰنِ
تحقیق ہم نے بھیجا	طرف	ثمود	ان کے بھائی	صالح ۲	کہ	اللہ کی عبادت کرو	پس ناگہاں	وہ	دو فریق ہو گئے

تحقیق ہم نے (قوم) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو، پس ناگہاں وہ دو فریق ہو گئے

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ

يَخْتَصِمُوْنَ	قَالَ	يٰقَوْمِ	لِمَ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِالسَّيِّئَةِ	قَبْلَ	الْحَسَنَةِ
باہم جھگڑنے لگے وہ	اس نے کہا	اے میری قوم	کیوں	تم جلدی کرتے ہو	برائی کے لئے	پہلے	بھلائی

باہم جھگڑنے لگے ۔ اس نے کہا، اے میری قوم! تم بھلائی سے پہلے برائی کے لئے کیوں جلدی کرتے ہو؟

لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ

لَوْ	لَا تَسْتَغْفِرُوْنَ	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ	قَالُوا	اطَّيَّرْنَا	بِكَ	وَبِمَنْ	مَّعَكَ
کیوں	تم بخشش نہیں مانگتے	اللہ	تاکہ تم	تم پر رحم کیا جائے	وہ بولے	برا شگون	تجھ سے	اور وہ جو	تیرے ساتھ (ساتھی)

تم اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے؟ تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔ وہ بولے ہم نے تجھ سے اور تیرے ساتھیوں سے برا شگون لیا ہے

قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ

قَالَ	طٰٓئِرُكُمْ	عِنْدَ اللّٰهِ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	تُفْتَنُوْنَ	وَكَانَ	فِي الْمَدِيْنَةِ
اس نے کہا	تمہاری بدشگونی	اللہ کے پاس	بلکہ	تم	ایک قوم	آزمائے جاتے ہو	اور تھے	شہر میں

اس نے کہا تمہاری بدشگونی اللہ کے پاس (اللہ کی طرف سے) ہے، بلکہ تم ایک قوم ہو (جو) آزمائے جاتے ہو۔ اور شہر میں تھے

تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿٤٨﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ

تِسْعَةُ	رَهْطٍ	يُّفْسِدُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَا يُصْلِحُوْنَ	قَالُوْا	تَقَاسَمُوْا	بِاللّٰهِ
نو ۹	شخص	وہ فساد کرتے تھے	زمین (ملک) میں	اور	اصلاح نہیں کرتے تھے	وہ کہنے لگے	تم باہم قسم کھاؤ	اللہ کی

نو شخص وہ ملک میں فساد کرتے تھے، اور اصلاح نہ کرتے تھے۔ وہ کہنے لگے تم باہم اللہ کی قسم کھاؤ

لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

لَنُبَيِّتَنَّهٗ	وَاَهْلَهٗ	ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ	لِوَلِيِّهٖ	مَا شَهِدْنَا	مَهْلِكَ	اَهْلِهٖ	وَاِنَّا
البتہ ہم ضرور شبخون ماریں گے اس پر	اور اس کے گھر والے	پھر ضرور ہم کہہ دیں گے	اسکے وارثوں سے	ہم موجود نہ تھے	ہلاکت کے وقت	اسکے گھر والے	اور بیشک ہم

البتہ ہم ضرور اس پر اور اس کے گھر والوں پر شبخون ماریں گے۔ اور پھر اسکے وارثوں کو کہہ دیں گے، ہم اسکے گھر والوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے، اور بیشک

لَصٰدِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٠﴾ فَانْظُرْ

لَصٰدِقُوْنَ	وَمَكَرُوْا	مَكْرًا	وَ مَكَرْنَا	مَكْرًا	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	فَانْظُرْ
البتہ سچے ہیں	اور انہوں نے مکر کیا	ایک تدبیر	اور ہم نے خفیہ تدبیر کی	ایک تدبیر	اور وہ	نہ جانتے تھے	پس دیکھو

ہم البتہ سچے ہیں۔ اور انہوں نے ایک مکر کیا اور ہم نے (بھی) ایک خفیہ تدبیر کی اور وہ نہ جانتے تھے (بے خبر تھے)۔ پس دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	مَكْرِهِمْ	اَنَّا	دَمَّرْنٰهُمْ	وَقَوْمَهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	فَتِلْكَ	بُيُوْتُهُمْ
کیسا	ہوا	انجام	ان کا مکر	کہ ہم	ہم نے تباہ کر دیا انہیں	اور ان کی قوم	سب کو	اب یہ	ان کے گھر

ان کے مکر کا انجام کیسا ہوا! کہ ہم نے انہیں اور ان کی قوم سب کو تباہ کر ڈالا۔ اب یہ ان کے گھر ہیں،

خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوْا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ

خَاوِيَةً	بِمَا ظَلَمُوْا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ	وَاَنْجَيْنَا	الَّذِيْنَ
گرے پڑے	ان کے ظلم کے سبب	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	لوگوں کے لئے جو جانتے ہیں	اور ہم نے نجات دی	وہ لوگ جو

گرے پڑے، ان کے ظلم کے سبب، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو جانتے ہیں۔ اور ہم نے ان لوگوں کو نجات دی

اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٣﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ

اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ	وَلُوْطًا	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهٖٓ	اَتَاْتُوْنَ	الْفَاحِشَةَ	وَاَنْتُمْ
وہ ایمان لائے	اور وہ پرہیزگاری کرتے تھے	اور لوط	جب اس نے کہا	اپنی قوم سے	کیا تم آگئے (اتر آئے) ہو	بے حیائی	اور تم

جو ایمان لائے اور وہ پرہیزگاری کرتے تھے - اور (یاد کرو) جب لوط نے اپنی قوم سے کہا کیا تم بے حیائی پر اتر آئے ہو؟ اور

تُبْصِرُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

تُبْصِرُوْنَ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	شَهْوَةً	مِّنْ	دُوْنِ النِّسَآءِ	بَلْ	اَنْتُمْ
دیکھتے ہو	کیا تم	آتے ہو	مردوں کے پاس	شہوت رانی کے لئے	عورتوں کے سوا	(عورتوں کو چھوڑ کر)	بلکہ	تم

تم دیکھتے ہو - کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت رانی کے لئے آتے ہو؟ بلکہ تم

قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ

قَوْمٌ	تَجْهَلُوْنَ	فَمَا	كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖٓ	اِلَّآ اَنْ	قَالُوْٓا	اَخْرِجُوْٓا	اٰلَ لُوْطٍ
لوگ	جہالت کرتے ہو	پس نہ	تھا	جواب	اس کی قوم	مگر صرف یہ کہ	انہوں نے کہا	نکال دو	لوط کے ساتھی

لوگ جہالت کرتے ہو - پس اس کی قوم کا جواب صرف یہ تھا کہ لوط کے ساتھیوں کو نکال دو

مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫

مِّنْ	قَرْيَتِكُمْ	اِنَّهُمْ	اُنَاسٌ	يَّتَطَهَّرُوْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ	وَاَهْلَهٗ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ
سے	اپنا شہر	بیشک وہ	لوگ	پاکیزگی پسند کرتے ہیں	سو ہم نے بچا لیا	اور اسکے گھر والے	سوائے	اس کی بیوی

اپنے شہر سے، بیشک یہ لوگ پاکیزگی پسند ہیں - سو ہم نے اس کی بیوی کے سوائے اور اس کے گھر والوں کو بچا لیا،

٤ ع ١٤ ١٩

قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾

قَدَّرْنٰهَا	مِنَ	الْغٰبِرِيْنَ	وَاَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	مَّطَرًا	فَسَآءَ	مَطَرُ	الْمُنْذَرِيْنَ
ہم نے اسے ٹھہرا دیا تھا	سے	پیچھے رہ جانے والے	اور ہم نے برسائی	ان پر	ایک بارش	سو کیا ہی بُرا	بارش	ڈرائے گئے

اسے ہم نے پیچھے رہ جانے والوں میں سے ٹھہرایا تھا - اور ہم نے ان پر ایک بارش برسائی، سو کیا ہی بُری بارش تھی ڈرائے گئے لوگوں پر

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾

قُلِ	الْحَمْدُ لِلّٰهِ	وَسَلٰمٌ	عَلٰى عِبَادِهِ	الَّذِيْنَ	اصْطَفٰى	آٰللّٰهُ	خَيْرٌ	اَمَّا	يُشْرِكُوْنَ
فرما دیں	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	اور سلام	اس کے بندوں پر	وہ جنہیں	چن لیا	کیا اللہ	بہتر	یا جو	وہ شریک ٹھہراتے ہیں

آپ فرما دیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اس کے بندوں پر سلام ہو جنہیں اس نے چن لیا، کیا اللہ بہتر ہے؟ یا وہ جنہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیں؟

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

اَمَّنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَاَنْزَلَ	لَكُمْ	مِّنَ	السَّمَآءِ	مَآءً
بھلا کون ؟	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	اور اتارا	تمہارے لئے	سے	آسمان	پانی

بھلا کون ہے ؟ جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا ، اور تمہارے لئے آسمان سے پانی اتارا ،

فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ

فَاَنْۢبَتْنَا	بِهٖ	حَدَآئِقَ	ذَاتَ بَهْجَةٍ	مَا كَانَ	لَكُمْ	اَنْ تُنْۢبِتُوْا	شَجَرَهَا
پس اگائے ہم نے	اس سے	باغ (جمع)	بارونق	نہ تھا	تمہارے لئے	کہ تم اگاؤ	ان کے درخت

پھر ہم نے اس سے بارونق باغ اگائے ، تمہارے لئے (ممکن) نہ تھا کہ تم ان کے درخت اگا سکو ،

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝٦٠ ؕ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ	يَّعْدِلُوْنَ	اَمَّنْ	جَعَلَ	الْاَرْضَ	قَرَارًا
کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	بلکہ	وہ	لوگ	کج روی کرتے ہیں	بھلا کون کہ	بنایا	زمین	قرار گاہ

کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے ؟ بلکہ وہ لوگ کج روی کرتے ہیں ، بھلا کون ہے ؟ جس نے زمین کو قرار گاہ بنایا ،

وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ

وَجَعَلَ	خِلٰلَهَآ	اَنْهٰرًا	وَجَعَلَ	لَهَا	رَوَاسِيَ	وَجَعَلَ	بَيْنَ	الْبَحْرَيْنِ	حَاجِزًا
اور (جاری) کیا	اس کے درمیان	ندی نالے	اور (پیدا) کئے	اس کے لئے	پہاڑ (جمع)	اور بنایا	درمیان	دو دریا	آڑ (حدِ فاصل)

اور اس کے درمیان ندی نالے (جاری کئے) اور اس کے لئے پہاڑ پیدا کئے ، اور دو دریاؤں کے درمیان حدِ فاصل بنائی ،

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٦١ ؕ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا

ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اَمَّنْ	يُّجِيْبُ	الْمُضْطَرَّ	اِذَا
کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	بلکہ	ان کے اکثر	نہیں جانتے	بھلا کون	قبول کرتا ہے	بیقرار	جب

کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے ؟ بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے - بھلا کون ہے ؟ جو بیقرار (کی دعا) قبول کرتا ہے جب

دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

دَعَاهُ	وَيَكْشِفُ	السُّوْٓءَ	وَيَجْعَلُكُمْ	خُلَفَآءَ	الْاَرْضِ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ
وہ اسے پکارتا ہے	اور دور کرتا ہے	برائی	اور تمہیں بناتا ہے	نائب (جمع)	زمین	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ

وہ اسے پکارتا ہے ، اور برائی دور کرتا ہے ، اور تمہیں زمین میں نائب بناتا ہے ، کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے ؟

قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَ

قَلِيْلًا	مَّا	تَذَكَّرُوْنَ	اَمَّنْ	يَّهْدِيْكُمْ	فِيْ ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ وَ
تھوڑے	جو	نصیحت پکڑتے ہیں	بھلا کون	تمہیں راہ دکھاتا ہے	اندھیروں میں	خشکی	اور سمندر اور

تھوڑے ہیں جو نصیحت پکڑتے ہیں۔ بھلا کون ہے جو خشکی (جنگل) اور سمندر کے اندھیروں میں تمہیں راہ دکھاتا ہے؟ اور

مَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

مَنْ	يُّرْسِلُ	الرِّيٰحَ	بُشْرًۢا	بَيْنَ يَدَيْ	رَحْمَتِهٖ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	تَعٰلَى اللّٰهُ	عَمَّا
کون	چلاتا ہے	ہوائیں	خوشخبری دینے والی	پہلے	اس کی رحمت	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	برتر ہے اللہ	اس سے جو

کون ہے جو اس کی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں چلاتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟ اللہ برتر ہے اس سے جو

يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ

يُشْرِكُوْنَ	اَمَّنْ	يَّبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	وَمَنْ	يَّرْزُقُكُمْ	مِّنَ السَّمَآءِ
وہ شریک ٹھہراتے ہیں	بھلا کون	پہلی بار پیدا کرتا ہے	مخلوق	پھر وہ اسے دوبارہ (زندہ) کریگا	اور کون	تمہیں رزق دیتا ہے	آسمان سے

وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ بھلا کون ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے؟ پھر وہ اسے دوبارہ زندہ کرے گا، اور کون ہے جو تمہیں رزق دیتا ہے؟ آسمان

وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾

وَالْاَرْضِ	ءَاِلٰهٌ	مَّعَ اللّٰهِ	قُلْ	هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
اور زمین	کیا کوئی معبود	اللہ کے ساتھ	فرمادیں	لے آؤ تم	اپنی دلیل	اگر	تم ہو	سچے

اور زمین سے، کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟ آپؐ فرمادیں لے آؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا يَشْعُرُوْنَ

قُلْ	لَّا يَعْلَمُ	مَنْ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	الْغَيْبَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَمَا يَشْعُرُوْنَ
فرمادیں	نہیں جانتا	جو	آسمانوں میں	اور زمین	غیب	سوائے اللہ کے	اور وہ نہیں جانتے

آپؐ فرمادیں، جو بھی، آسمانوں اور زمین میں ہے، اللہ کے سوا غیب (کی باتیں) نہیں جانتا، اور وہ نہیں جانتے

اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۚ

اَيَّانَ	يُبْعَثُوْنَ	بَلِ ادّٰرَكَ	عِلْمُهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	بَلْ هُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْهَا
کب	وہ اٹھائے جائیں گے	بلکہ تھک کر رہ گیا	ان کا علم	آخرت (کے بارے) میں	بلکہ وہ	شک میں	اس سے

کہ وہ کب (جی) اٹھائے جائیں گے؟ بلکہ آخرت کے بارہ میں اُن کا علم تھک کر رہ گیا ہے (کچھ بھی نہیں) بلکہ وہ اس سے شک میں ہیں،

ع ٥ ٨ ١

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ

بَلْ	هُمْ	مِّنْهَا	عَمُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	تُرٰبًا	وَّاٰبَآؤُنَآ
بلکہ	وہ	اس سے	اندھے	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کیا جب	ہم ہو جائیں گے	مٹی	اور ہمارے باپ دادا

بلکہ وہ اس سے اندھے ہیں ۔ اور کافروں نے کہا کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے

اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ

اَئِنَّا	لَمُخْرَجُوْنَ	لَقَدْ وُعِدْنَا	هٰذَا	نَحْنُ	وَاٰبَآؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	اِنْ
کیا ہم	نکالے جائیں گے البتہ	تحقیق وعدہ کیا گیا ہم سے	یہ - یہی	ہم	اور ہمارے باپ دادا	اس سے قبل	نہیں

کیا ہم (قبروں سے) نکالے جائیں گے ؟ تحقیق یہی وعدہ ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے اس سے قبل کیا گیا تھا "

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	قُلْ	سِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ
یہ	مگر صرف	کہانیاں	اگلے	فرمادیں	چلو پھرو تم	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا

یہ صرف اگلوں کی کہانیاں ہیں ۔ آپ فرما دیں زمین میں چلو پھرو ، پھر دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِىْ ضَيْقٍ

كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُجْرِمِيْنَ	وَ	لَا تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَلَا تَكُنْ	فِىْ ضَيْقٍ
ہوا	انجام	مجرم (جمع)	اور	تم غم نہ کھاؤ	ان پر	اور آپ نہ ہوں	تنگی میں

مجرموں کا انجام ہوا ! اور آپ غم نہ کھائیں ، اور آپ دل تنگ نہ ہوں "

مِمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾

مِمَّا	يَمْكُرُوْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
اس سے جو	وہ مکر کرتے ہیں	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ	اگر	تم ہو	سچے

اس سے جو وہ مکر و فریب کرتے ہیں ۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب پورا ہوگا ؟ اگر تم سچے ہو ۔

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِىْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

قُلْ	عَسٰى	اَنْ	يَّكُوْنَ	رَدِفَ	لَكُمْ	بَعْضُ	الَّذِىْ	تَسْتَعْجِلُوْنَ	وَاِنَّ	رَبَّكَ
فرمادیں	شاید	کہ	ہو گیا ہو	قریب	تمہارے لئے	کچھ	وہ جو - وہ جس	تم جلدی کرتے ہو	اور بیشک	تمہارا رب

آپ فرمادیں شاید وہ (عذاب) تمہارے لئے قریب آگیا ہو جس کی تم جلدی کرتے ہو ۔ اور بیشک تمہارا رب

لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

لَذُوْ فَضْلٍ	عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَشْكُرُوْنَ	وَاِنَّ رَبَّكَ
البتہ فضل والا	لوگوں پر	اور لیکن	ان کے اکثر	شکر نہیں کرتے	اور بیشک تمہارا رب

البتہ لوگوں پر فضل والا ہے، لیکن ان کے اکثر شکر نہیں کرتے - اور بیشک تمہارا رب

لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ

لَيَعْلَمُ	مَا تُكِنُّ	صُدُوْرُهُمْ	وَمَا	يُعْلِنُوْنَ	وَمَا	مِنْ غَآئِبَةٍ
خوب جانتا ہے	جو چھپی ہوئی ہے	ان کے دل	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور نہیں	کچھ غائب

خوب جانتا ہے جو اُن کے دلوں میں چھپی ہوئی ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں - اور کچھ غائب (پوشیدہ) نہیں

فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ

فِي السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِلَّا	فِيْ	كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ	اِنَّ	هٰذَا الْقُرْاٰنَ
آسمان میں	اور زمین	مگر	میں	کتاب روشن	بیشک	یہ قرآن

زمین و آسمان میں مگر وہ کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے- بیشک یہ قرآن

يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٧٦﴾ وَاِنَّهٗ

يَقُصُّ	عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اَكْثَرَ	الَّذِيْ	هُمْ	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	وَاِنَّهٗ
بیان کرتا ہے	بنی اسرائیل پر	اکثر	وہ جو	وہ	اس میں	اختلاف کرتے ہیں	اور بیشک یہ

بنی اسرائیل پر (بنی اسرائیل کے سامنے) اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں - اور بیشک یہ (قرآن)

لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ

لَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّ	رَبَّكَ	يَقْضِيْ	بَيْنَهُمْ	بِحُكْمِهٖ	وَهُوَ
البتہ ہدایت	اور رحمت	ایمان والوں کے لئے	بیشک	تمہارا رب	فیصلہ کرتا ہے	ان کے درمیان	اپنے حکم سے	اور وہ

البتہ ایمان لانے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے - بیشک تمہارا رب اپنے حکم سے ان کے درمیان فیصلہ کرتا ہے، اور وہ

الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٨﴾ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿٧٩﴾ اِنَّكَ

الْعَزِيْزُ	الْعَلِيْمُ	فَتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	اِنَّكَ	عَلَى	الْحَقِّ الْمُبِيْنِ	اِنَّكَ
غالب	علم والا	پس بھروسہ کرو	اللہ پر	بیشک تم	پر	واضح حق	بیشک تم

غالب، علم والا ہے - پس اللہ پر بھروسہ کرو، بے شک تم واضح حق پر ہو - بیشک تم

لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٨٠﴾

لَا تُسْمِعُ	الْمَوْتٰى	وَلَا تُسْمِعُ	الصُّمَّ	الدُّعَآءَ	اِذَا وَلَّوْا	مُدْبِرِيْنَ
تم نہیں سنا سکتے	مُردوں کو	اور تم نہیں سنا سکتے	بہروں کو	پکار	جب وہ مڑ جائیں	پیٹھ پھیر کر

تم مُردوں کو نہیں سنا سکتے، نہ بہروں کو (اپنی) پکار سنا سکتے ہو (خصوصًا) جب وہ پیٹھ پھیر کر مڑ جائیں۔

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِى الْعُمْىِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ

وَ	مَآ اَنْتَ	بِهٰدِى	الْعُمْىِ	عَنْ	ضَلٰلَتِهِمْ	اِنْ	تُسْمِعُ	اِلَّا	مَنْ يُّؤْمِنُ
اور	تم نہیں	ہدایت دینے والے	اندھوں کو	سے	ان کی گمراہی	نہیں	تم سناتے	مگر صرف	جو ایمان لاتا ہے

اور تم اندھوں کو اُنکی گمراہی سے ہدایت دینے والے نہیں۔ تم صرف (اس کو) سُنا سکتے ہو جو ایمان لاتا ہے

بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ

بِاٰيٰتِنَا	فَهُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	وَاِذَا	وَقَعَ الْقَوْلُ	عَلَيْهِمْ	اَخْرَجْنَا	لَهُمْ
ہماری آیتوں پر	پس وہ	فرمانبردار	اور جب	واقع (پورا) ہو جائے گا وعدہ (عذاب)	ان پر	ہم نکالیں گے	ان کے لئے

ہماری آیتوں پر، پس وہ فرماں بردار ہیں۔ اور جب اُن پر وعدۂ عذاب پورا ہو جائے گا تو ہم ان کے لئے نکالیں گے

ع ١٦ ٦ ٢

دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٨٢﴾

دَآبَّةً	مِّنَ الْاَرْضِ	تُكَلِّمُهُمْ	اَنَّ النَّاسَ	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا	لَا يُوْقِنُوْنَ
ایک جانور	زمین سے	وہ ان سے باتیں کرے گا	کیونکہ لوگ	تھے	ہماری آیات پر	یقین نہ کرتے

زمین سے ایک جانور، وہ اُن سے باتیں کرے گا کیونکہ لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہ کرتے تھے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿٨٣﴾

وَيَوْمَ	نَحْشُرُ	مِنْ	كُلِّ اُمَّةٍ	فَوْجًا	مِّمَّنْ	يُّكَذِّبُ	بِاٰيٰتِنَا	فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ
اور جس دن	ہم جمع کریں گے	سے	ہر امّت	ایک گروہ	سے + جو	جھٹلاتے تھے	ہماری آیتوں کو	پھر وہ انکی جماعت بندی کی جائے گی

اور جس دن ہم ہر امّت میں سے ایک گروہ جمع کریں گے اُن میں سے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے، پھر ان کی جماعت بندی کی جائے گی۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِىْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا

حَتّٰٓى	اِذَا جَآءُوْ	قَالَ	اَكَذَّبْتُمْ	بِاٰيٰتِىْ	وَ لَمْ تُحِيْطُوْا	بِهَا	عِلْمًا اَمَّاذَا
یہانتک	جب وہ آجائیں گے	فرمائے گا	کیا تم نے جھٹلایا	میری آیات کو	حالانکہ احاطہ میں نہیں لائے تھے	ان کو	علم کے یا - کیا

یہانتک کہ جب وہ آجائیں گے (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا تھا حالانکہ تم اُن کو (اپنے) احاطۂ علم میں بھی نہیں لائے تھے (یا بتلاؤ)

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَوَقَعَ	الْقَوْلُ	عَلَيْهِمْ	بِمَا ظَلَمُوْا	فَهُمْ	لَا يَنْطِقُوْنَ
تم کرتے تھے	اور واقع (پورا) ہوگیا	وعدۂ (عذاب)	اُن پر	اس لئے کہ انہوں نے ظلم کیا	پس وہ	نہ بول سکیں گے وہ

تم کیا کرتے تھے؟ اور ان پر وعدۂ عذاب پورا ہو گیا، اس لئے کہ انہوں نے ظلم کیا تھا، پس وہ بول نہ سکیں گے۔

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اَلَمْ يَرَوْا	اَنَّا	جَعَلْنَا	الَّيْلَ	لِيَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَالنَّهَارَ	مُبْصِرًا	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ
کیا وہ نہیں دیکھتے	کہ ہم	ہم نے بنایا	رات	کہ آرام حاصل کریں	اس میں	اور دن	دیکھنے کو	بیشک	اس میں

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے رات کو اس لئے بنایا کہ وہ اس میں آرام حاصل کریں اور دن دیکھنے کو (روشن بنایا) بے شک اس میں

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَيَوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	فَفَزِعَ	مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
البتہ نشانیاں	ان لوگوں کے لئے	ایمان رکھتے ہیں	اور جس دن	پھونکا ماری جائے گی	صور میں	تو گھبرا جائیگا	جو آسمانوں میں

البتہ اُن لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور جس دن صور میں پھونک ماری جائے گی تو گھبرا جائے گا جو بھی آسمانوں میں ہے

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾

وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اِلَّا	مَنْ	شَآءَ اللّٰهُ	وَكُلٌّ	اَتَوْهُ	دٰخِرِيْنَ
اور جو	زمین میں	سوا	جسے	اللہ چاہے	اور سب	اس کے آگے آئیں گے	عاجز ہو کر

اور جو زمین میں ہے، سوائے اس کے جسے اللہ چاہے اور وہ سب اس کے آگے عاجز ہو کر آئیں گے۔

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ

وَتَرَى	الْجِبَالَ	تَحْسَبُهَا	جَامِدَةً	وَهِيَ	تَمُرُّ	مَرَّ السَّحَابِ	صُنْعَ اللّٰهِ
اور تو دیکھتا ہے	پہاڑ (جمع)	تو خیال کرتا ہے انہیں	جما ہوا	اور وہ	چلیں گے	بادلوں کی طرح چلنا	اللہ کی کاری گری

اور تو پہاڑوں کو دیکھتا ہے تو انہیں (اپنی جگہ) جما ہوا خیال کرتا ہے، اور وہ (قیامت کے دن) بادلوں کی طرح چلیں گے (اُڑتے پھریں گے)، اللہ کی کاریگری ہے

الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ مَنْ جَآءَ

الَّذِيْٓ	اَتْقَنَ	كُلَّ شَيْءٍ	اِنَّهٗ	خَبِيْرٌۢ	بِمَا	تَفْعَلُوْنَ	مَنْ جَآءَ
وہ جس نے	خوبی سے بنایا	ہر شے	بیشک وہ	باخبر	اس سے جو	تم کرتے ہو	جو آیا

جس نے ہر شے کو خوبی سے بنایا ہے بیشک وہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ جو آیا

بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾

بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	خَيْرٌ	مِّنْهَا	وَهُمْ	مِّنْ فَزَعٍ	يَّوْمَئِذٍ	اٰمِنُوْنَ
کسی نیکی کے ساتھ	تو اس کے لئے	بہتر	اس سے	اور وہ	گھبراہٹ سے	اس دن	محفوظ ہوں گے

کسی نیکی کے ساتھ تو اس کے لئے (اس کا اجر) اس سے بہتر ہے اور وہ اس دن گھبراہٹ سے محفوظ ہوں گے۔

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ۭ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا

وَ	مَنْ	جَآءَ	بِالسَّيِّئَةِ	فَكُبَّتْ	وُجُوْهُهُمْ	فِي النَّارِ	هَلْ	تُجْزَوْنَ	اِلَّا
اور	جو	آیا	برائی کے ساتھ	اوندھے ڈالے جائیں گے	ان کے منہ	آگ میں	کیا نہیں	بدلہ دیئے جاؤ گے	مگر صرف

اور جو برائی کے ساتھ آیا تو وہ اوندھے منہ آگ میں ڈالے جائیں گے، تم صرف (وہی) بدلہ دیئے جاؤ گے (بدلہ پاؤ گے)

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ

مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّمَا	اُمِرْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	رَبَّ	هٰذِهِ	الْبَلْدَةِ
جو	تم	کرتے تھے	اس کے سوا نہیں	مجھے حکم دیا گیا	کہ	عبادت کروں	رب	اس	شہر

جو تم کرتے تھے۔ (آپؐ فرمادیں) اس کے سوا نہیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے اس شہر (مکہ) کے رب کی عبادت کروں

الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۡ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٩١﴾

الَّذِيْ	حَرَّمَهَا	وَلَهٗ	كُلُّ شَيْءٍ	وَّاُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ
وہ جسے	اس نے محترم بنایا ہے	اور اسی کے لئے	ہر شے	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں رہوں	سے	جمع مسلم مسلمان۔ فرمانبردار

جسے اُس نے محترم بنایا ہے، اور اسی کے لئے ہے ہر شے اور مجھے حکم دیا گیا کہ میں مسلمانوں (فرمانبرداروں) میں سے رہوں۔

وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ

وَاَنْ	اَتْلُوَا	الْقُرْاٰنَ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ
اور یہ کہ	میں تلاوت کروں	قرآن	پس جو	ہدایت پائی	تو اسکے سوا نہیں	وہ ہدایت پاتا ہے	اپنی ذات کے لئے	اور جو

اور یہ کہ میں قرآن کی تلاوت کروں (سناؤں) پس اس کے سوا نہیں کہ جو ہدایت پاتا ہے، وہ اپنی ذات کے لئے ہدایت پاتا ہے اور جو

ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿٩٢﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ

ضَلَّ	فَقُلْ	اِنَّمَا	اَنَا	مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ	وَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	سَيُرِيْكُمْ
گمراہ ہوا	تو فرمادیں	اس کے سوا نہیں	میں	ڈرانے والوں میں سے (ڈرانے والا ہوں)	اور فرما دیں	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جلد دکھا دے گا تمہیں

گمراہ ہوا تو آپؐ فرمادیں کہ اس کے سوا نہیں کہ میں تو ڈرانے والا ہوں۔ اور آپؐ فرمادیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں وہ تمہیں جلد دکھا دے گا

۷ ع ۱۱ ۳

اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

اٰيٰتِهٖ	فَتَعْرِفُوْنَهَا	وَمَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ
اپنی نشانیاں	پس تم پہچان لوگے انہیں	اور نہیں	تمہارا رب	غافل (بے خبر)	اس سے جو	تم کرتے ہو

اپنی نشانیاں، پس تم جلد انہیں پہچان لوگے، اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔

اٰیاتُھا ۸۸ | ۲۸ : سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ : ۴۹ | رُكُوْعَاتُھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰسٓمٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ

طٰسٓمٓ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ	نَتْلُوْا	عَلَيْكَ	مِنْ نَّبَاِ	مُوْسٰى	وَ
طٰسٓمٓ	یہ	آیتیں	واضح کتاب	ہم پڑھتے ہیں	تم پر	کچھ خبر (احوال)	موسیٰؑ	اور

طٰسٓمٓ - یہ واضح کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں۔ ہم تم پر پڑھتے ہیں (تمہیں سناتے ہیں) کچھ احوالِ موسیٰؑ اور

فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِى الْاَرْضِ وَ

فِرْعَوْنَ	بِالْحَقِّ	لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	عَلَا	فِى الْاَرْضِ	وَ
فرعون	ٹھیک ٹھیک	ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں	بیشک	فرعون	سرکشی کر رہا تھا	زمین (ملک) میں	اور

فرعون کا ٹھیک ٹھیک، ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں۔ بیشک فرعون ملک میں سرکشی کر رہا تھا، اور

جَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْىٖ

جَعَلَ	اَهْلَهَا	شِيَعًا	يَّسْتَضْعِفُ	طَآئِفَةً	مِّنْهُمْ	يُذَبِّحُ	اَبْنَآءَهُمْ	وَيَسْتَحْىٖ
اس نے کر دیا	اہلِ باشندے	الگ الگ گروہ	کمزور کر رکھا تھا	ایک گروہ	ان میں سے	ذبح کرتا تھا	ان کے بیٹوں کو	اور زندہ چھوڑ دیتا تھا

اس نے اس کے باشندوں کو الگ الگ گروہ کر دیا تھا ان میں سے ایک گروہ (بنی اسرائیل) کو کمزور کر رکھا تھا، ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا، اور زندہ چھوڑ دیتا تھا

نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴﴾ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ

نِسَآءَهُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	مِنَ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَنُرِيْدُ	اَنْ	نَّمُنَّ	عَلَى الَّذِيْنَ
ان کی عورتوں کو	بیشک وہ	تھا	سے	مفسد (جمع)	اور ہم چاہتے تھے	کہ	ہم احسان کریں	ان لوگوں پر جو

ان کی عورتوں (بیٹیوں) کو، بیشک وہ مفسدوں میں سے (فسادی) تھا۔ اور ہم چاہتے تھے کہ ان لوگوں پر احسان کریں جو

اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝۵ وَنُمَكِّنَ

اسْتُضْعِفُوْا	فِي الْاَرْضِ	وَنَجْعَلَهُمْ	اَئِمَّةً	وَّنَجْعَلَهُمُ	الْوٰرِثِيْنَ	وَنُمَكِّنَ
کمزور کر دیئے گئے تھے	زمین (ملک) میں	اور ہم بنائیں انہیں	پیشوا (جمع)	اور ہم بنائیں انہیں	وارث (جمع)	اور ہم قدرت (حکومت) دیں

ملک میں کمزور کر دیئے گئے تھے، اور ہم انہیں پیشوا بنائیں، اور ہم انہیں (ملک کا) وارث بنائیں۔ اور ہم انہیں حکومت دیں

لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا

لَهُمْ	فِي الْاَرْضِ	وَنُرِيَ	فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَجُنُوْدَهُمَا	مِنْهُمْ	مَا
انہیں	زمین (ملک) میں	اور ہم دکھا دیں	فرعون	اور ہامان	اور ان کے لشکر	ان سے	جس چیز

ملک میں، اور ہم فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر کو ان (کمزوروں کے ہاتھوں) دکھا دیں جس چیز سے

كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝۶ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ

كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ	وَاَوْحَيْنَا	اِلٰى	اُمِّ مُوْسٰى	اَنْ اَرْضِعِيْهِ	فَاِذَا	خِفْتِ عَلَيْهِ
وہ ڈرتے تھے	اور ہم نے الہام کیا	طرف۔کو	موسیٰ کی ماں	کہ تو دودھ پلاتی رہ اسے	پھر جب	تو اس پر ڈرے

وہ ڈرتے تھے۔ اور ہم نے موسیٰؑ کی ماں کو الہام کیا کہ تو اس کو دودھ پلاتی رہ، پھر جب اس پر (اس کے بارے میں) ڈرے

فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ

فَاَلْقِيْهِ	فِي الْيَمِّ	وَ	لَا تَخَافِيْ	وَلَا تَحْزَنِيْ	اِنَّا	رَآدُّوْهُ	اِلَيْكِ	وَجَاعِلُوْهُ
تو ڈال دے اسے	دریا میں	اور	نہ ڈر	اور نہ غم کھا	بیشک ہم	اسے لوٹا دیں گے	تیری طرف	اور اسے بنا دیں گے

تو اسے دریا میں ڈال دے، اور نہ ڈر اور نہ غم کھا بیشک ہم اسے تیری طرف لوٹا دیں گے، اور اسے بنا دیں گے

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۷ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّ

مِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	فَالْتَقَطَهٗ	اٰلُ فِرْعَوْنَ	لِيَكُوْنَ	لَهُمْ	عَدُوًّا	وَ
سے	رسولوں (جمع)	پھر اٹھا لیا اسے	فرعون کے گھر والے	تاکہ وہ ہو	ان کے لئے	دشمن	اور

رسولوں میں سے (رسول)۔ پھر فرعون کے گھر والوں نے اسے اٹھا لیا تاکہ (آخرکار) وہ ان کے لئے دشمن اور

حَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝۸ وَقَالَتِ

حَزَنًا	اِنَّ	فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَجُنُوْدَهُمَا	كَانُوْا	خٰطِـِٕيْنَ	وَقَالَتِ
غم کا باعث	بیشک	فرعون	اور ہامان	اور ان کے لشکر	تھے	خطاکار (جمع)	اور کہا

غم کا باعث ہو، بیشک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر خطاکار تھے۔ اور کہا

امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ۖ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ

امْرَاَتُ	فِرْعَوْنَ	قُرَّتُ	عَيْنٍ لِّيْ	وَلَكَ	لَا تَقْتُلُوْهُ	عَسٰى	اَنْ يَّنْفَعَنَآ
بیوی	فرعون	ٹھنڈک	میری آنکھوں کے لئے	اور تیرے لئے	تو قتل نہ کر اسے	شاید	کہ نفع پہنچائے ہمیں

فرعون کی بیوی نے، یہ آنکھوں کی ٹھنڈک ہے میرے لئے اور تیرے لئے، اسے قتل نہ کر، شاید ہمیں نفع پہنچائے

اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۹ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ۖ

اَوْ	نَتَّخِذَهٗ	وَلَدًا	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	وَاَصْبَحَ	فُؤَادُ	اُمِّ مُوْسٰى	فٰرِغًا
یا	ہم بنالیں اسے	بیٹا	اور وہ	(حقیقتِ حال) نہیں جانتے تھے	اور ہو گیا	دل	موسیٰ کی ماں	صبر سے خالی (بے قرار)

یا ہم اسے بیٹا بنالیں، اور وہ حقیقتِ حال نہیں جانتے تھے۔ اور موسیٰؑ کی ماں کا دل بے قرار ہو گیا،

اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۰

اِنْ	كَادَتْ	لَتُبْدِيْ	بِهٖ	لَوْلَآ	اَنْ رَّبَطْنَا	عَلٰى قَلْبِهَا	لِتَكُوْنَ	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
تحقیق	قریب تھا	کہ ظاہر کر دیتی	اس کو	اگر نہ ہوتا	کہ گرہ لگاتے ہم	اس کے دل پر	کہ وہ رہے	سے یقین کرنے والے

تحقیق قریب تھا کہ وہ اس کو ظاہر کر دیتی اگر ہم نے اس کے دل پر گرہ نہ لگائی ہوتی کہ وہ یقین کرنے والوں میں سے رہے۔

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۚ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۱

وَقَالَتْ	لِاُخْتِهٖ	قُصِّيْهِ	فَبَصُرَتْ	بِهٖ	عَنْ جُنُبٍ	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
اور اس نے (موسیٰ کی والدہ نے) کہا	اسکی بہن کو	اس کے پیچھے جا	پھر دیکھتی رہ	اس کو	دُور سے	اور وہ	(حقیقتِ حال) نہ جانتے تھے

اور موسیٰؑ کی والدہ نے اس کی بہن کو کہا کہ تو اس کے پیچھے جا، پھر اسے دُور سے دیکھتی رہ، اور وہ حقیقتِ حال نہ جانتے تھے۔

وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ

وَحَرَّمْنَا	عَلَيْهِ	الْمَرَاضِعَ	مِنْ قَبْلُ	فَقَالَتْ	هَلْ اَدُلُّكُمْ	عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ	
اور ہم نے روک رکھا	اس سے	دودھ پلانیوالی (دائیاں)	پہلے سے	وہ (موسیٰ کی بہن) بولی	کیا میں بتلاؤں تمہیں	ایک گھر والے	

اور ہم نے پہلے سے اس دائیوں کو روک رکھا تھا، تو موسیٰؑ کی بہن بولی، کیا میں تمہیں ایک گھر والے بتلاؤں جو

يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ۝۱۲ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ

يَّكْفُلُوْنَهٗ	لَكُمْ	وَهُمْ	لَهٗ	نٰصِحُوْنَ	فَرَدَدْنٰهُ	اِلٰٓى اُمِّهٖ	كَيْ تَقَرَّ
وہ اس کی پرورش کریں	تمہارے لئے	اور وہ	اس کے لئے	خیر خواہ	تو ہم نے لوٹا دیا اس کو	اس کی ماں کی طرف	تاکہ ٹھنڈی رہے

تمہارے لئے اس کی پرورش کریں اور وہ اس کے خیر خواہ ہوں، تو ہم نے اس کو اس کی ماں کی طرف لوٹا دیا، تاکہ ٹھنڈی رہے

عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

عَيْنُهَا	وَلَا تَحْزَنَ	وَلِتَعْلَمَ	اَنَّ	وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ
اس کی آنکھ	اور وہ غمگین نہ ہو	اور تاکہ جان لے	کہ	اللہ کا وعدہ	سچا	اور لیکن	ان میں سے بیشتر

اس کی آنکھ اور وہ غمگین نہ ہو، اور تاکہ جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور لیکن ان کے بیشتر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ

لَا يَعْلَمُوْنَ	وَلَمَّا	بَلَغَ اَشُدَّهٗ	وَاسْتَوٰى	اٰتَيْنٰهُ	حُكْمًا	وَعِلْمًا
وہ نہیں جانتے	اور جب	وہ پہنچا اپنی جوانی	اور پورا (توانا) ہو گیا	ہم نے عطا کیا اسے	حکمت	اور علم

نہیں جانتے - اور جب (موسیٰؑ) اپنی جوانی کو پہنچا اور پوری طرح توانا ہو گیا تو ہم نے اسے حکمت اور علم عطا کیا،

وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ

وَكَذٰلِكَ	نَجْزِى	الْمُحْسِنِيْنَ	وَدَخَلَ	الْمَدِيْنَةَ	عَلٰى حِيْنِ	غَفْلَةٍ
اور اسی طرح	ہم بدلہ دیا کرتے ہیں	نیکی کرنے والے	اور وہ داخل ہوا	شہر	وقت پر	غفلت

اور ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں - اور وہ شہر میں داخل ہوا غفلت کے وقت

مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۚ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا

مِنْ اَهْلِهَا	فَوَجَدَ	فِيْهَا	رَجُلَيْنِ	يَقْتَتِلٰنِ	هٰذَا	مِنْ	شِيْعَتِهٖ	وَهٰذَا
اس کے باشندے	تو اس نے پایا	اس میں	دو آدمی	وہ باہم لڑتے ہوئے	یہ (ایک)	سے	اس کی برادری	اور وہ (دوسرا)

جبکہ اس کے باشندے (بے خبر سوئے ہوئے تھے) تو اس نے دو آدمیوں کو باہم لڑتے ہوئے پایا، ایک اس کی برادری سے تھا اور دوسرا

مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِىْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِىْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ

مِنْ	عَدُوِّهٖ	فَاسْتَغَاثَهُ	الَّذِىْ	مِنْ شِيْعَتِهٖ	عَلَى	الَّذِىْ مِنْ عَدُوِّهٖ
سے	اس کے دشمن کا	تو اس نے اس (موسیٰ) سے مدد مانگی	وہ جو	اس کی برادری سے	اس پر	وہ جو اس کے دشمن سے

اس کے دشمنوں میں سے تھا، تو جو اس کی برادری سے تھا اس نے اس (کے مقابلے) پر جو اس کے دشمنوں میں سے تھا موسیٰؑ سے مدد مانگی

فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۖ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ عَدُوٌّ

فَوَكَزَهٗ	مُوْسٰى	فَقَضٰى	عَلَيْهِ	قَالَ	هٰذَا	مِنْ	عَمَلِ الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	عَدُوٌّ
تو ایک مکا مارا اس کو	موسیٰؑ	پھر کام تمام کر دیا	اس کا	اس نے کہا	یہ	سے	شیطان کا کام (حرکت)	بیشک وہ	دشمن

تو موسیٰؑ نے اس کو ایک مکا مارا پھر اس کا کام تمام کر دیا، اس (موسیٰؑ) نے کہا یہ کام شیطان (کی حرکت) سے ہوا، بیشک وہ دشمن ہے

مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ

مُضِلٌّ	مُّبِيْنٌ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	ظَلَمْتُ	نَفْسِيْ	فَاغْفِرْ لِيْ	فَغَفَرَ	لَهٗ
بہکانے والا	صریح (کھلا)	اس نے عرض کی	اے میرے رب	بیشک میں	میں نے ظلم کیا	اپنی جان	پس بخشدے مجھے	تو اس نے بخشدیا	اس کو

کھلا بہکانے والا۔ اس نے عرض کی اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، پس مجھے بخشدے، تو اس نے اسے بخشدیا

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ

اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	قَالَ	رَبِّ بِمَا	اَنْعَمْتَ	عَلَيَّ	فَلَنْ اَكُوْنَ
بیشک	وہی	بخشنے والا	نہایت مہربان	اس نے کہا	اے میرے رب جیسا کہ	تو نے انعام کیا	مجھ پر	تو میں ہرگز نہ ہوں گا

بیشک وہی بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اس نے کہا، اے میرے رب! جیسا کہ تو نے مجھ پر انعام کیا ہے تو میں ہرگز نہ ہوں گا

ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي

ظَهِيْرًا	لِّلْمُجْرِمِيْنَ	فَاَصْبَحَ	فِي الْمَدِيْنَةِ	خَآئِفًا	يَّتَرَقَّبُ	فَاِذَا الَّذِي
مددگار	مجرموں کا	پس صبح ہوئی اس کی	شہر میں	ڈرتا ہوا	انتظار کرتا ہوا	تو ناگہاں وہ جس

(کبھی) مجرموں کا مددگار۔ پس شہر میں اس کی صبح ہوئی ڈرتے ہوئے انتظار کرتے ہوئے (کہ دیکھیں اب کیا ہوتا ہے) تو ناگہاں وہی جس نے

اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ

اسْتَنْصَرَهٗ	بِالْاَمْسِ	يَسْتَصْرِخُهٗ	قَالَ	لَهٗ	مُوْسٰى	اِنَّكَ	لَغَوِيٌّ
اس نے مدد مانگی تھی اس سے	کل	وہ (پھر) اس سے فریاد کر رہا ہے	کہا	اس کو	موسیٰؑ	بیشک تو	البتہ گمراہ

کل اس سے مدد مانگی تھی (دیکھا کہ) وہ پھر اس سے فریاد کر رہا ہے۔ موسیٰؑ نے اس کو کہا۔ بیشک تو گمراہ ہے

مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ

مُبِيْنٌ	فَلَمَّآ	اَنْ	اَرَادَ	اَنْ	يَّبْطِشَ	بِالَّذِيْ	هُوَ	عَدُوٌّ لَّهُمَا	قَالَ
کھلا	پھر جب	کہ	اس نے چاہا	کہ	ہاتھ ڈالے	اس پر جو	وہ	ان دونوں کا دشمن	اس نے کہا

کھلا۔ پھر جب اس نے چاہا کہ اس پر ہاتھ ڈالے جو ان دونوں کا دشمن تھا، تو اس نے کہا

يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ

يٰمُوْسٰى	اَتُرِيْدُ	اَنْ	تَقْتُلَنِيْ	كَمَا قَتَلْتَ	نَفْسًا	بِالْاَمْسِ	اِنْ	تُرِيْدُ	اِلَّا
اے موسیٰؑ	کیا تو چاہتا ہے	کہ	تو قتل کردے مجھے	جیسے قتل کیا تو نے	ایک آدمی	کل	نہیں	تو چاہتا	مگر صرف

اے موسیٰؑ! کیا تو چاہتا ہے کہ تو مجھے قتل کردے جیسے تو نے کل ایک آدمی کو قتل کیا تھا، تو صرف (یہی) چاہتا ہے

اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَّكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

اَنْ تَكُوْنَ	جَبَّارًا	فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا تُرِيْدُ	اَنْ	تَّكُوْنَ	مِنَ	الْمُصْلِحِيْنَ
کہ تو ہو	زبردستی کرتا	سرزمین میں	اور	تو نہیں چاہتا	کہ	تو ہو	سے	(واحد) مصلح

کہ تو اس سرزمین میں زبردستی کرتا پھرے اور تو نہیں چاہتا کہ مصلحین (اصلاح کرنے والوں) میں سے ہو۔

وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۚ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ

وَجَآءَ	رَجُلٌ	مِّنْ	اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ	يَسْعٰى	قَالَ	يٰمُوْسٰٓى	اِنَّ	الْمَلَاَ
اور آیا	ایک آدمی	سے	شہر کا پرلا سرا	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے موسیٰ	بیشک	سردار

اور ایک آدمی شہر کے پرلے سرے سے دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا، اے موسیٰ! بے شک سردار

يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۰﴾ فَخَرَجَ

يَاْتَمِرُوْنَ	بِكَ	لِيَقْتُلُوْكَ	فَاخْرُجْ	اِنِّيْ	لَكَ	مِنَ	النّٰصِحِيْنَ	فَخَرَجَ
وہ مشورہ کر رہے ہیں	تیرے بارے میں	تاکہ قتل کر ڈالیں تجھے	پس تو نکل جا	بیشک میں	تیرے لئے	سے	خیرخواہ (جمع)	پس وہ نکلا

تیرے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں تاکہ تجھے قتل کر ڈالیں پس تو (یہاں سے) نکل جا بیشک میں تیرے خیرخواہوں میں سے ہوں۔ پس وہ نکلا

مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۚ قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا

مِنْهَا	خَآئِفًا	يَّتَرَقَّبُ	قَالَ	رَبِّ	نَجِّنِيْ	مِنَ	الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ	وَلَمَّا
وہاں سے	ڈرتے ہوئے	انتظار کرتے ہوئے	اس نے کہا (دعا کی)	اے میرے پروردگار	مجھے بچا لے	سے	ظالموں کی قوم	اور جب

وہاں سے ڈرتے ہوئے اور انتظار کرتے ہوئے (کہ دیکھیں کیا ہوتا ہے) اس نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار! مجھے ظالموں کی قوم سے بچا لے۔ اور جب

تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۲۲﴾ وَلَمَّا

تَوَجَّهَ	تِلْقَآءَ	مَدْيَنَ	قَالَ	عَسٰى	رَبِّيْٓ	اَنْ يَّهْدِيَنِيْ	سَوَآءَ السَّبِيْلِ	وَلَمَّا
اس نے رُخ کیا	طرف	مَدیَن	کہا	امید ہے	میرا رب	کہ مجھے دکھائے	سیدھا راستہ	اور جب

اس نے مَدیَن کی طرف رُخ کیا تو کہا امید ہے میرا رب مجھے سیدھا راستہ دکھائے گا۔ اور جب

وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۙ وَوَجَدَ

وَرَدَ	مَآءَ	مَدْيَنَ	وَجَدَ	عَلَيْهِ	اُمَّةً	مِنَ	النَّاسِ	يَسْقُوْنَ	وَوَجَدَ
وہ آیا	پانی	مَدیَن	اس نے پایا	اس پر	ایک گروہ	سے کا	لوگ	پانی پلا رہے ہیں	اور اس نے پایا (دیکھا)

وہ مَدیَن کے پانی (کے کنوئیں) پر آیا تو اس نے لوگوں کے ایک گروہ کو پانی پلاتے ہوئے پایا، اور اس نے دیکھا

مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ

مِنْ دُوْنِهِمُ	امْرَاَتَيْنِ	تَذُوْدٰنِ	قَالَ	مَا خَطْبُكُمَا	قَالَتَا	لَا نَسْقِيْ
ان سے علیحدہ	دو عورتیں	روکے ہوئے ہیں	اس نے کہا	تمہارا کیا حال ہے	وہ دونوں بولیں	ہم پانی نہیں پلاتیں

دو عورتیں اُن سے علیحدہ (اپنی بکریاں) روکے ہوئے (کھڑی) ہیں اُس نے کہا تمہارا کیا حال ہے؟ وہ بولیں ہم پانی نہیں پلاتیں

حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ؕ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰۤى اِلَى الظِّلِّ

حَتّٰى	يُصْدِرَ	الرِّعَآءُ	وَاَبُوْنَا	شَيْخٌ كَبِيْرٌ	فَسَقٰى	لَهُمَا	ثُمَّ تَوَلّٰۤى	اِلَى الظِّلِّ
جب تک کہ	واپس لے جائیں	چرواہے	اور ہمارے ابا	بہت بوڑھے	تو اس نے پانی پلایا	ان کے لئے	پھر وہ پھر آیا	سایہ کی طرف

جب تک چرواہے (اپنے جانوروں کو پانی پلاکر) واپس نہ لے جائیں اور ہمارے ابا بوڑھے ہیں، پھر اس نے ان کی (بکریوں کو) پانی پلایا۔ پھر سایہ کی طرف پھر آیا،

فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا

فَقَالَ	رَبِّ	اِنِّيْ	لِمَاۤ	اَنْزَلْتَ	اِلَيَّ	مِنْ خَيْرٍ	فَقِيْرٌ	فَجَآءَتْهُ	اِحْدٰىهُمَا
پھر عرض کیا	اے میرے رب	بیشک میں	اس کا جو	تو اُتارے	میری طرف	کوئی بھلائی (نعمت)	محتاج	پھر اس کے پاس آئی	اُن دونوں میں سے ایک

پھر اس نے عرض کیا اے میرے پروردگار! بیشک جو نعمت تو میری طرف اتارے، میں اس کا محتاج ہوں۔ پھر ان دونوں میں سے ایک اس کے پاس آئی

تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۫ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ؕ

تَمْشِيْ	عَلَى اسْتِحْيَآءٍ	قَالَتْ	اِنَّ	اَبِيْ	يَدْعُوْكَ	لِيَجْزِيَكَ	اَجْرَ	مَا سَقَيْتَ	لَنَا
چلتی ہوئی	شرم سے	وہ بولی	بیشک	میرا والد	تجھے بلاتا ہے	تاکہ تجھے دے وہ	صلہ	جو تو نے پانی پلایا	ہمارے لئے

شرم سے چلتی ہوئی، وہ بولی، بیشک میرے والد تمہیں بلا رہے ہیں کہ تمہیں اس کا صلہ دیں جو تو نے ہمارے لئے (بکریوں کو) پانی پلایا ہے

فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

فَلَمَّا	جَآءَهٗ	وَقَصَّ	عَلَيْهِ	الْقَصَصَ	قَالَ	لَا تَخَفْ	نَجَوْتَ	مِنَ	الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ
پس جب	اس کے پاس گیا	اور بیان کیا	اس سے	احوال	اس نے کہا	ڈرو نہیں	تم بچ آئے	سے	ظالموں کی قوم

پس جب موسیٰؑ اس (شعیبؑ) کے پاس آیا اور اس سے احوال بیان کیا تو اس نے کہا ڈرو نہیں تم ظالموں کی قوم سے بچ آئے ہو۔

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۫ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ

قَالَتْ	اِحْدٰىهُمَا	يٰۤاَبَتِ	اسْتَاْجِرْهُ	اِنَّ	خَيْرَ	مَنِ	اسْتَاْجَرْتَ	الْقَوِيُّ
بولی وہ	ان میں سے ایک	اے میرے باپ	اسے ملازم رکھ لو	بیشک	بہتر	جو۔ جسے	تم ملازم رکھو	طاقتور

ان میں سے ایک بولی، اے میرے باپ آپ اسے ملازم رکھ لیں، بے شک جسے تم ملازم رکھو بہتر (وہ ہے) جو طاقتور

الْاَمِيْنُ ﴿۲۶﴾ قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ

الْاَمِيْنُ	قَالَ	اِنِّيْٓ اُرِيْدُ	اَنْ	اُنْكِحَكَ	اِحْدَى	ابْنَتَيَّ	هٰتَيْنِ	عَلٰٓى اَنْ
امانت دار	(شعیبؑ نے) کہا	بیشک میں چاہتا ہوں	کہ	نکاح کردوں تجھ سے	ایک	اپنی دو بیٹیاں	یہ دو	(اس شرط) پر کہ

امانت دار ہو۔ شعیبؑ نے کہا میں چاہتا ہوں کہ تم سے اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح اس شرط پر کردوں کہ

تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ

تَاْجُرَنِيْ	ثَمٰنِيَ حِجَجٍ	فَاِنْ	اَتْمَمْتَ	عَشْرًا	فَمِنْ عِنْدِكَ	وَ	مَآ اُرِيْدُ
تم میری ملازمت کرو	آٹھ سال (جمع)	پھر اگر	تم پورے کرو	دس	تو تمہاری طرف سے	اور	نہیں چاہتا میں

تم آٹھ سال میری ملازمت کرو، اگر دس سال پورے کر لو تو (وہ) تمہاری طرف سے (نیکی) ہوگی، میں نہیں چاہتا

اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ ذٰلِكَ

اَنْ اَشُقَّ	عَلَيْكَ	سَتَجِدُنِيْٓ	اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	قَالَ ذٰلِكَ
کہ میں مشقت ڈالوں	تم پر	عنقریب تم پاؤ گے مجھے	انشاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا)	سے	نیک (خوش معاملہ) لوگ (جمع)	اس نے کہا یہ

کہ میں تم پر مشقت ڈالوں، اگر اللہ نے چاہا تو عنقریب تم مجھے خوش معاملہ لوگوں میں سے پاؤ گے۔ موسیٰؑ نے کہا یہ

بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ وَاللّٰهُ

بَيْنِيْ	وَبَيْنَكَ	اَيَّمَا	الْاَجَلَيْنِ	قَضَيْتُ	فَلَا عُدْوَانَ	عَلَيَّ	وَاللّٰهُ
میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	جو	مدت دونوں میں	میں پوری کروں	کوئی جبر (مطالبہ) نہیں	مجھ پر	اور اللہ

میرے درمیان اور تمہارے درمیان (عہد) ہے، میں دونوں میں سے جو مدت پوری کروں مجھ پر کوئی مطالبہ نہیں، اور اللہ

عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿۲۸﴾ فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ

عَلٰي	مَا نَقُوْلُ	وَكِيْلٌ	فَلَمَّا	قَضٰى	مُوْسَى	الْاَجَلَ	وَسَارَ	بِاَهْلِهٖٓ	اٰنَسَ
پر	جو ہم کہہ رہے ہیں	گواہ	پھر جب	پوری کردی	موسیٰؑ	مدت	اور چلا وہ	ساتھ اپنے گھر والی	اس نے دیکھی

گواہ ہے اس پر جو ہم کہہ رہے ہیں۔ پھر جب موسیٰؑ نے اپنی مدت پوری کر دی تو اپنی گھر والی (بیوی) کو ساتھ لیکر چلا اس نے دیکھی

مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ

مِنْ	جَانِبِ	الطُّوْرِ	نَارًا	قَالَ	لِاَهْلِهِ	امْكُثُوْٓا	اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ	نَارًا	لَّعَلِّيْٓ
سے	طرف	کوہِ طور	ایک آگ	اس نے کہا	اپنے گھر والوں سے	تم ٹھہرو	بیشک میں نے دیکھی	آگ	شاید میں

کوہ طور کی طرف سے ایک آگ، اس نے اپنے گھر والوں سے کہا تم ٹھہرو، بیشک میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں

اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّآ

اٰتِيْكُمْ	مِنْهَا	بِخَبَرٍ	اَوْ جَذْوَةٍ	مِّنَ النَّارِ	لَعَلَّكُمْ	تَصْطَلُوْنَ	فَلَمَّآ
میں لاؤں تمہارے لئے	اس سے	کوئی خبر	یا چنگاری	آگ سے	تاکہ تم	آگ تاپو	پھر جب

اس سے تمہارے لئے (راستہ کی) کوئی خبر یا آگ کی چنگاری لاؤں تاکہ تم آگ تاپو۔ پھر جب

اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ

اَتٰىهَا	نُوْدِيَ	مِنْ شَاطِئِ	الْوَادِ الْاَيْمَنِ	فِي الْبُقْعَةِ	الْمُبٰرَكَةِ	مِنَ الشَّجَرَةِ
وہ آیا اس کے پاس	ندا دی گئی	کنارہ سے	میدان دایاں	جگہ میں	برکت والی	ایک درخت سے

وہ اس کے پاس آیا تو اُسے ندا (آواز) دی گئی برکت والی جگہ میں، دائیں میدان کے کنارہ سے، ایک درخت (کے درمیان) سے،

اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا

اَنْ	يّٰمُوْسٰٓى	اِنِّيْٓ اَنَا	اللّٰهُ	رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ	وَاَنْ	اَلْقِ	عَصَاكَ	فَلَمَّا رَاٰهَا
کہ	اے موسیٰ ؑ	بیشک میں	اللہ	جہانوں کا پروردگار	اور یہ کہ	ڈالو	اپنا عصا	پھر جب اس نے اسے دیکھا

کہ اے موسیٰ! بیشک میں اللہ ہوں تمام جہانوں کا پروردگار۔ اور یہ کہ تو اپنا عصا (زمین پر) ڈال، پھر جب اس نے اسے دیکھا

تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَ

تَهْتَزُّ	كَاَنَّهَا	جَآنٌّ	وَّلّٰى	مُدْبِرًا	وَ	لَمْ يُعَقِّبْ	يٰمُوْسٰٓى	اَقْبِلْ	وَ
لہراتے ہوئے	گویا کہ وہ	سانپ	وہ لوٹا	پیٹھ پھیر کر	اور	پیچھے مڑ کر نہ دیکھا	اے موسیٰ ؑ	آگے آ	اور

لہراتے ہوئے گویا کہ وہ سانپ ہے، وہ پیٹھ پھیر کر لوٹا، اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا (ہم نے فرمایا) اے موسیٰ! آگے آ اور

لَا تَخَفْ ۫ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ

لَا تَخَفْ	اِنَّكَ	مِنَ	الْاٰمِنِيْنَ	اُسْلُكْ	يَدَكَ	فِيْ جَيْبِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ
تو ڈر نہیں	بیشک تو	سے	امن پانے والے	تو ڈال لے	اپنا ہاتھ	اپنے گریبان	وہ نکلے گا	روشن سفید

تو ڈر نہیں، بیشک تو امن پانے والوں میں سے ہے۔ تو اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال، وہ سفید روشن ہو کر نکلے گا،

مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۫ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ

مِنْ	غَيْرِ سُوْٓءٍ	وَّاضْمُمْ	اِلَيْكَ	جَنَاحَكَ	مِنَ الرَّهْبِ	فَذٰنِكَ	بُرْهَانٰنِ
سے۔ کے	بغیر کسی عیب	اور ملا لینا	اپنی طرف	اپنا بازو	خوف سے	پس یہ دونوں	دو دلیلیں

کسی عیب کے بغیر، پھر اپنا بازو خوف (دُور ہونے کی غرض) سے اپنی طرف ملا لینا (سکیڑ لینا)، پس (عصا اور یدِ بیضا) دونوں دلیلیں ہیں،

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ

مِنْ رَّبِّكَ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِيْنَ	قَالَ
تیرے رب (کی طرف) سے	طرف	فرعون	اور اس کے سردار (جمع)	بیشک وہ	ہیں	ایک گروہ	نافرمان	اس نے کہا

تیرے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، بیشک وہ ایک نافرمان گروہ ہیں - اس نے کہا

رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَاَخِيْ هٰرُوْنُ

رَبِّ	اِنِّيْ قَتَلْتُ	مِنْهُمْ	نَفْسًا	فَاَخَافُ	اَنْ يَّقْتُلُوْنِ	وَاَخِيْ	هٰرُوْنُ
اے میرے رب	بیشک میں نے مار ڈالا	ان (میں) سے	ایک شخص	سو میں ڈرتا ہوں	کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے	اور میرا بھائی	ہارونؑ

اے میرے رب! بیشک میں نے ان میں سے ایک شخص کو مار ڈالا، سو میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے، اور میرا بھائی ہارونؑ

هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ۡ اِنِّيْٓ اَخَافُ

هُوَ	اَفْصَحُ	مِنِّيْ	لِسَانًا	فَاَرْسِلْهُ	مَعِيَ	رِدْاً	يُّصَدِّقُنِيْٓ	اِنِّيْٓ اَخَافُ
وہ	زیادہ فصیح	مجھ سے	زبان	سو بھیج اسے	میرے ساتھ	مددگار	اور تصدیق کرے میری	بیشک میں ڈرتا ہوں

زبان (کے اعتبار) مجھ سے زیادہ فصیح ہے، سو اسے میرے ساتھ مددگار (بنا کر) بھیج کہ وہ میری تصدیق کرے، بیشک میں ڈرتا ہوں

اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾ قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا

اَنْ	يُّكَذِّبُوْنِ	قَالَ	سَنَشُدُّ	عَضُدَكَ	بِاَخِيْكَ	وَنَجْعَلُ	لَكُمَا
کہ	وہ جھٹلائیں گے مجھے	فرمایا	ہم ابھی مضبوط کر دیں گے	تیرا بازو	تیرے بھائی سے	اور ہم عطا کریں گے	تمہارے لئے

کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے (اللہ تعالیٰ) فرمایا ہم ابھی تیرے بھائی سے تیرے بازو کو مضبوط کر دیں گے اور تم دونوں کے لئے عطا کریں گے

سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾

سُلْطٰنًا	فَلَا يَصِلُوْنَ	اِلَيْكُمَا	بِاٰيٰتِنَا	اَنْتُمَا	وَمَنِ	اتَّبَعَكُمَا	الْغٰلِبُوْنَ
غلبہ	پس وہ نہ پہنچیں گے	تم تک	ہماری نشانیوں کے سبب	تم دونوں	اور جس	پیروی کی تمہاری	غالب رہو گے

غلبہ، پس وہ ہماری نشانیوں کے سبب تم دونوں تک نہ پہنچ سکیں گے، تم دونوں اور جس نے تمہاری پیروی کی غالب رہو گے -

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى

فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	مُّوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالُوْا	مَا هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ	مُّفْتَرًى
پھر جب	آیا ان کے پاس	موسیٰؑ	ہماری نشانیوں کے ساتھ	کھلی - واضح	وہ بولے	نہیں ہے یہ	مگر	ایک جادو	افترا کیا ہوا

پھر جب موسیٰؑ ہماری واضح نشانیوں کے ساتھ ان کے پاس آیا تو وہ بولے یہ کچھ بھی نہیں مگر ایک افترا کیا ہوا (گھڑا ہوا) جادو ہے،

وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ

وَ	مَا سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِيْٓ	اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ	وَقَالَ	مُوْسٰى	رَبِّيْٓ
اور	نہیں سنا ہے ہم نے	یہ۔ایسی بات	میں	اپنے اگلے باپ دادا	اور کہا	موسیٰ ؑ	میرا رب

اور ہم نے ایسی بات اپنے اگلے باپ دادوں سے نہیں سُنی ہے ۔ اور موسیٰ ؑ نے کہا میرا رب

اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ

اَعْلَمُ	بِمَنْ	جَآءَ	بِالْهُدٰى	مِنْ عِنْدِهٖ	وَمَنْ	تَكُوْنُ	لَهٗ	عَاقِبَةُ الدَّارِ
خوب جانتا ہے	اس کو جو	لایا	ہدایت	اس کے پاس سے	اور جس	ہوگا ہے	اس کے لئے	آخرت کا اچھا گھر

اس کو خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لایا ہے، اور جس کے لئے آخرت کا اچھا گھر (بہشت) ہے،

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ

اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ	مَا عَلِمْتُ
بیشک وہ	نہیں فلاح پائیں گے	ظالم (مجرم)	اور کہا	فرعون نے	اے سردارو	نہیں جانتا میں

بیشک ظالم (کبھی) فلاح (کامیابی) نہیں پائیں گے۔ اور فرعون نے کہا، اے سردارو، میں نہیں جانتا

لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ

لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرِيْ	فَاَوْقِدْ لِيْ	يٰهَامٰنُ	عَلَى الطِّيْنِ	فَاجْعَلْ لِّيْ
تمہارے لئے	کوئی	معبود	اپنے سوا	پس آگ جلا میرے لئے	اے ہامان	مٹی پر	پھر میرے لئے بنا (تیار کر)

تمہارے لئے اپنے سوا کوئی معبود، پس اے ہامان! میرے لئے مٹی (کی اینٹوں) پر آگ جلا، پھر (ان پختہ اینٹوں سے) میرے لئے تیار کر

صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَطَّلِعُ	اِلٰٓى	اِلٰهِ	مُوْسٰى	وَاِنِّيْ	لَاَظُنُّهٗ	مِنَ الْكٰذِبِيْنَ
ایک بلند محل	تاکہ میں	میں جھانکوں	طرف	معبود	موسیٰ ؑ	اور بیشک میں	البتہ سمجھتا ہوں اسے	سے جھوٹے

ایک بلند محل، تاکہ میں (وہاں سے) موسیٰ ؑ کے معبود کو جھانکوں، اور میں تو اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں ۔

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

وَاسْتَكْبَرَ	هُوَ	وَجُنُوْدُهٗ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ
اور مغرور ہو گیا	وہ	اور اس کا لشکر	زمین (دنیا) میں	ناحق	اور وہ سمجھ بیٹھے	کہ وہ

اور وہ اور اس کا لشکر دنیا میں ناحق مغرور ہو گیا اور وہ سمجھ بیٹھے کہ وہ

اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ

اِلَيْنَا	لَا يُرْجَعُوْنَ	فَاَخَذْنٰهُ	وَجُنُوْدَهٗ	فَنَبَذْنٰهُمْ	فِي الْيَمِّ	فَانْظُرْ	كَيْفَ
ہماری طرف	نہیں لوٹائے جائیں گے	تو ہم نے پکڑا اسے	اور اس کا لشکر	پھر ہم نے پھینک دیا انہیں	دریا میں	سو دیکھو	کیسا

ہماری طرف نہیں لوٹائے جائیں گے۔ تو ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو پکڑا اور انہیں دریا میں پھینک دیا سو دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَ

كَانَ	عَاقِبَةُ	الظّٰلِمِيْنَ	وَ	جَعَلْنٰهُمْ	اَئِمَّةً	يَّدْعُوْنَ	اِلَى النَّارِ	وَ
ہوا	انجام	ظالم (جمع)	اور	ہم نے بنایا انہیں	سردار	وہ بلاتے ہیں	جہنم کی طرف	اور

ظالموں کا انجام ہوا؟ اور ہم نے انہیں سردار بنایا، وہ جہنم کی طرف بلاتے رہے، اور

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	لَا يُنْصَرُوْنَ	وَاَتْبَعْنٰهُمْ	فِيْ	هٰذِهِ الدُّنْيَا	لَعْنَةً	وَ
روزِ قیامت	وہ مدد نہ دیئے جائیں گے	اور ہم نے لگا دی ان کے پیچھے	میں	اس دنیا	لعنت	اور

روزِ قیامت وہ نہ مدد دیئے جائیں گے (انکی مدد نہ ہوگی)۔ اور ہم نے اس دنیا میں انکے پیچھے لعنت لگا دی اور

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	هُمْ	مِنَ	الْمَقْبُوْحِيْنَ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	مِنْۢ بَعْدِ
روزِ قیامت	وہ	سے	بدحال لوگ (جمع)	اور تحقیق ہم نے عطا کی	موسیٰ	کتاب (توریت)	اس کے بعد

روزِ قیامت وہ بدحال لوگوں میں سے ہوں گے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو توریت عطا کی اس کے بعد

مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ

مَآ اَهْلَكْنَا	الْقُرُوْنَ	الْاُوْلٰى	بَصَآئِرَ	لِلنَّاسِ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةً	لَّعَلَّهُمْ
کہ ہلاک کیں ہم نے	اُمتیں	پہلی	(جمع) بصیرت	لوگوں کے لئے	اور ہدایت	اور رحمت	تاکہ وہ

کہ ہم نے پہلی اُمتیں ہلاک کیں لوگوں کے لئے بصیرت (آنکھیں کھولنے والی) اور ہدایت و رحمت، تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ

يَتَذَكَّرُوْنَ	وَمَا كُنْتَ	بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ	اِذْ	قَضَيْنَآ	اِلٰى مُوْسَى	الْاَمْرَ
نصیحت پکڑیں	اور آپؐ نہ تھے	مغربی جانب	جب	ہم نے بھیجا	موسیٰؑ کی طرف	حکم (وحی)

نصیحت پکڑیں۔ اور آپؐ (کوہِ طور کے) مغربی جانب نہ تھے جب ہم نے موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی

وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ

وَ	مَا كُنْتَ	مِنَ	الشّٰهِدِيْنَ	وَلٰكِنَّا	اَنْشَاْنَا	قُرُوْنًا	فَتَطَاوَلَ	عَلَيْهِمُ
اور	آپؐ نہ تھے	سے	دیکھنے والے	اور لیکن ہم نے	ہم نے پیدا کیں	بہت سی امتیں	طویل ہو گئی	ان کی، ان پر

اور آپؐ (اس واقعہ کے) دیکھنے والوں میں سے نہ تھے اور لیکن ہم نے بہت سی امتیں پیدا کیں، پھر طویل ہو گئی ان کی

الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا

الْعُمُرُ	وَمَا كُنْتَ	ثَاوِيًا	فِيْٓ	اَهْلِ مَدْيَنَ	تَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	وَلٰكِنَّا
مدّت	اور آپؐ نہ تھے	رہنے والے	میں	اہلِ مَدیَن	کہ پڑھتے	ان پر	ہمارے احکام	اور لیکن ہم

مدّت، اور آپؐ اہلِ مَدیَن میں رہنے والے نہ تھے کہ ان پر ہمارے احکام پڑھتے (انہیں ہمارے احکام سناتے) لیکن ہم

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً

كُنَّا	مُرْسِلِيْنَ	وَمَا كُنْتَ	بِجَانِبِ	الطُّوْرِ	اِذْ نَادَيْنَا	وَلٰكِنْ	رَحْمَةً
ہم تھے	رسول بنا کر بھیجنے والے	اور آپؐ نہ تھے	کنارہ	طور	جب ہم نے پکارا	اور لیکن	رحمت

رسول بنا کر بھیجنے والے تھے۔ اور جب ہم نے پکارا آپؐ طور کے کنارے نہ تھے لیکن آپؐ کے رب کی رحمت سے (نبوت عطا ہوئی)

مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

مِنْ رَّبِّكَ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَّآ اَتٰىهُمْ	مِنْ	نَذِيْرٍ	مِنْ قَبْلِكَ	لَعَلَّهُمْ
اپنے رب سے	تاکہ ڈر سناؤ	وہ قوم	نہیں آیا انکے پاس	کوئی	ڈرانے والا	آپؐ سے پہلے	تاکہ وہ

تاکہ آپؐ اس قوم کو ڈر سنائیں جس کے پاس آپؐ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ

يَتَذَكَّرُوْنَ	وَلَوْلَآ	اَنْ تُصِيْبَهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	بِمَا قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ
نصیحت پکڑیں	اور اگر نہ ہوتا	کہ پہنچے انہیں	کوئی مصیبت	اس کے سبب جو بھیجا	ان کے ہاتھ (ان کے اعمال)

نصیحت پکڑیں۔ اور اگر (یہ) نہ ہوتا کہ انہیں ان کے اعمال کے سبب کوئی مصیبت پہنچے

فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ

فَيَقُوْلُوْا	رَبَّنَا	لَوْلَآ	اَرْسَلْتَ	اِلَيْنَا	رَسُوْلًا	فَنَتَّبِعَ	اٰيٰتِكَ	وَنَكُوْنَ	مِنَ
تو وہ کہنے	اے ہمارے رب	کیوں نہ	بھیجا تو نے	ہماری طرف	کوئی رسول	پس پیروی کرتے ہم	تیرے احکام	اور ہم ہوتے	سے

تو وہ کہتے اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا! پس ہم تیرے احکام کی پیروی کرتے اور ہم ہوتے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٧﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ

الْمُؤْمِنِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	مِنْ عِنْدِنَا	قَالُوْا	لَوْلَآ اُوْتِيَ	مِثْلَ
ایمان لانے والے	پھر جب	آیا ان کے پاس	حق	ہماری طرف سے	کہنے لگے	کیوں نہ دیا گیا	جیسا

ایمان لانے والوں میں سے پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ گیا کہنے لگے (ہمیں) کیوں نہ دیا گیا جیسا

مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَ لَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ

مَآ اُوْتِيَ	مُوْسٰى	اَوَ	لَمْ يَكْفُرُوْا	بِمَآ اُوْتِيَ	مُوْسٰى	مِنْ قَبْلُ	قَالُوْا	سِحْرٰنِ
جو دیا گیا	موسیٰ ؑ	کیا	نہیں انکار کیا انہوں نے	اس کا جو دیا گیا	موسیٰ ؑ	اس سے قبل	انہوں نے کہا	وہ دونوں جادو

موسیٰ ؑ کو دیا گیا تھا، کیا انہوں نے اس کا انکار نہیں کیا؟ جو اس سے قبل موسیٰ ؑ کو دیا گیا ، انہوں نے کہا وہ دونوں جادو ہیں،

تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

تَظٰهَرَا	وَقَالُوْا	اِنَّا	بِكُلٍّ	كٰفِرُوْنَ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِكِتٰبٍ	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
ایکدوسرے کے پشت پناہ	اور انہوں نے کہا	ہم بیشک	ہر ایک کا	انکار کرنے والے	فرمادیں	پس لاؤ	کوئی کتاب	سے اللہ کے پاس

وہ دونوں ایک دوسرے کے پشت پناہ ہیں، اور انہوں نے کہا بیشک ہم ہر ایک کا انکار کرنے والے ہیں۔ آپ فرمادیں تم اللہ کے پاس سے کوئی کتاب لاؤ

هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ

هُوَ	اَهْدٰى	مِنْهُمَآ	اَتَّبِعْهُ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَكَ
وہ	زیادہ ہدایت	ان دونوں سے	میں پیروی کروں اسکی	اگر تم ہو	سچے (جمع)	پھر اگر	وہ قبول نہ کریں	تمہارے لئے (تمہاری بات)

جو ان دونوں (قرآن اور توریت) سے زیادہ ہدایت ہو کہ میں اس کی پیروی کروں اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر وہ آپکی بات قبول نہ کریں

فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ

فَاعْلَمْ	اَنَّمَا	يَتَّبِعُوْنَ	اَهْوَآءَهُمْ	وَمَنْ	اَضَلُّ	مِمَّنِ اتَّبَعَ	هَوٰىهُ
تو جان لو	کہ صرف	وہ پیروی کرتے ہیں	اپنی خواہشات	اور کون	زیادہ گمراہ	اس سے جس نے پیروی کی	اپنی خواہش

تو جان لو کہ وہ صرف اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں، اور اس سے زیادہ کون گمراہ ہے جس نے اپنی خواہش کی پیروی کی،

بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا

بِغَيْرِ هُدًى	مِّنَ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ	وَ لَقَدْ وَصَّلْنَا
ہدایت کے بغیر	اللہ سے (منجانب اللہ)	بیشک اللہ	ہدایت نہیں دیتا	ظالم لوگ (جمع)	اور البتہ ہم نے مسلسل بھیجا

اللہ کی طرف سے (منجانب اللہ) ہدایت کے بغیر، بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا - اور البتہ ہم نے مسلسل بھیجا

ع ٥ ٨

لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٥١﴾ الَّذِينَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ

لَهُمُ	الْقَوْلَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُونَ	الَّذِينَ	اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِهٖ
ان کے لئے	(اپنا) کلام	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	وہ لوگ جو	جنہیں ہم نے کتاب دی	اس سے قبل

ان کے لئے اپنا کلام، تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ جن لوگوں کو ہم نے اس سے قبل کتاب دی

هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٢﴾ وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ

هُمْ بِهٖ	يُؤْمِنُونَ	وَاِذَا	يُتْلٰى عَلَيْهِمْ	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا بِهٖٓ	اِنَّهُ	الْحَقُّ
وہ اس (قرآن) پر	ایمان لاتے ہیں	اور جب	پڑھا جاتا ہے ان پر (سامنے)	وہ کہتے ہیں	ہم ایمان لائے اس پر	بیشک یہ	حق

وہ اس قرآن پر ایمان لاتے ہیں۔ اور جب ان کے سامنے (قرآن) پڑھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے، بیشک یہ حق ہے

مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿٥٣﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ

مِنْ رَّبِّنَا	اِنَّا كُنَّا	مِنْ قَبْلِهٖ	مُسْلِمِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	يُؤْتَوْنَ	اَجْرَهُمْ	مَّرَّتَيْنِ
ہمارے رب (کی طرف) سے	بیشک ہم تھے	اس کے پہلے ہی	فرماں بردار	یہی لوگ	دیا جائے گا انہیں	ان کا اجر	دُہرا

ہمارے رب کی طرف سے، بیشک ہم پہلے ہی اس کے فرمانبردار تھے۔ یہی لوگ ہیں جنہیں ان کا اجر دُہرا دیا جائے گا

بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٥٤﴾

بِمَا صَبَرُوْا	وَيَدْرَءُوْنَ	بِالْحَسَنَةِ	السَّيِّئَةَ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ
اس لئے کہ انہوں نے صبر کیا	اور وہ دُور کرتے ہیں	بھلائی سے	برائی کو	اور اس سے جو	ہم نے دیا انہیں	وہ خرچ کرتے ہیں

اس لئے کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ بھلائی سے برائی کو دور کرتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ز

وَاِذَا	سَمِعُوا	اللَّغْوَ	اَعْرَضُوْا	عَنْهُ	وَقَالُوْا	لَنَآ اَعْمَالُنَا	وَلَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ
اور جب	وہ سنتے ہیں	بیہودہ بات	وہ کنارہ کرتے ہیں	اس سے	اور کہتے ہیں	ہمارے لئے ہمارے عمل	اور تمہارے لئے	تمہارے عمل (جمع)

اور جب وہ بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے کنارہ کرتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے تمہارے عمل،

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ز لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿٥٥﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	لَا نَبْتَغِي	الْجٰهِلِيْنَ	اِنَّكَ	لَا تَهْدِيْ	مَنْ اَحْبَبْتَ	وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
سلام	تم پر	ہم نہیں چاہتے	جاہل (جمع)	بیشک تم	ہدایت نہیں دے سکتے	جس کو تم چاہو	اور لیکن (بلکہ) اللہ

تم پر سلام ہو، ہم جاہلوں سے (اُلجھنا) نہیں چاہتے۔ بیشک تم جس کو چاہو ہدایت نہیں دے سکتے، بلکہ اللہ

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ

يَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	وَقَالُوْٓا	اِنْ نَّتَّبِعِ	الْهُدٰى	مَعَكَ
ہدایت دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانے والوں کو	اور وہ کہتے ہیں	اگر ہم پیروی کریں	ہدایت	تمہارے ساتھ

جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور ہدایت پانے والوں کو وہ خوب جانتا ہے - اور وہ کہتے ہیں اگر ہم تمہارے ساتھ ہدایت کی پیروی کریں

نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ۭ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ

نُتَخَطَّفْ	مِنْ اَرْضِنَا	اَوَ	لَمْ نُمَكِّنْ	لَّهُمْ	حَرَمًا اٰمِنًا	يُّجْبٰٓى	اِلَيْهِ	ثَمَرٰتُ
ہم اُچک لئے جائیں گے	اپنی سرزمین سے	کیا	نہیں دیا ٹھکانا ہم نے	انہیں	حرمت والا مقام امن	کھنچے چلے آتے ہیں	اسکی طرف	پھل

تو ہم اپنی سرزمین سے اُچک لئے جائیں گے - کیا ہم نے انہیں حرمت والے مقام امن میں ٹھکانہ نہیں دیا، اسکی طرف کھنچے چلے آتے ہیں پھل

كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَكَمْ

كُلِّ شَيْءٍ	رِّزْقًا	مِّنْ لَّدُنَّا	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَكَمْ
ہر شے (قسم)	بطور رزق	ہماری طرف سے	اور لیکن	ان میں اکثر	نہیں جانتے	اور کتنی

ہر قسم کے، ہماری طرف سے بطور رزق، لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے - اور کتنی (ہی)

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ

اَهْلَكْنَا	مِنْ قَرْيَةٍۢ	بَطِرَتْ	مَعِيْشَتَهَا	فَتِلْكَ	مَسٰكِنُهُمْ	لَمْ تُسْكَنْ
ہلاک کر دیں ہم نے	بستیاں	اِتراتی	اپنی معیشت	سو - یہ	ان کے مسکن	نہ آباد ہوئے

بستیاں ہم نے ہلاک کر دیں، جو اپنی معیشت پر اتراتی تھیں، سو یہ ہیں ان کے مسکن، نہ آباد ہوئے

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	وَكُنَّا	نَحْنُ	الْوٰرِثِيْنَ	وَمَا كَانَ	رَبُّكَ
ان کے بعد	مگر	قلیل	اور ہوئے ہم	ہم	وارث (جمع)	اور نہیں ہے	تمہارا رب

ان کے بعد مگر قلیل (مدت)، اور ہم ہی ہوئے وارث - اور تمہارا رب نہیں ہے

مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَ

مُهْلِكَ	الْقُرٰى	حَتّٰى	يَبْعَثَ	فِيْٓ اُمِّهَا	رَسُوْلًا	يَّتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	وَ
ہلاک کرنے والا	بستیاں	جب تک	بھیجے	اسکی بڑی بستی میں	کوئی رسول	وہ پڑھے	ان پر	ہماری آیات	اور

بستیوں کو ہلاک کرنے والا، جب تک وہ اس کی بڑی بستی میں کوئی رسول نہ بھیجے، وہ ان پر ہماری آیات پڑھے، اور

مَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

مَا كُنَّا	مُهْلِكِي	الْقُرٰى	اِلَّا	وَاَهْلُهَا	ظٰلِمُوْنَ	وَ	مَآ اُوْتِيْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ
ہم نہیں	ہلاک کرنے والے	بستیاں	مگر (جب تک)	اسکے رہنے والے	ظالم (جمع)	اور	جو دی گئی تمہیں	کوئی چیز

اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں جب تک ان کے رہنے والے ظالم (نہ) ہوں۔ اور تمہیں جو کوئی چیز دی گئی ہے

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ

فَمَتَاعُ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَزِيْنَتُهَا	وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى
سو سامان	زندگی	دنیا	اور اس کی زینت	اور جو	اللہ کے پاس	بہتر	اور باقی رہنے والا تادیر

سو وہ (صرف) دنیا کی زندگی کا سامان اور اس کی زینت ہے، اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے اور تادیر باقی رہنے والا ہے

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	اَفَمَنْ	وَعَدْنٰهُ	وَعْدًا حَسَنًا	فَهُوَ	لَاقِيْهِ	كَمَنْ
سو کیا تم سمجھتے نہیں؟	سو کیا جو	ہم نے وعدہ کیا اس سے	وعدہ اچھا	پھر وہ	پانے والا اس کو	اسکی طرح جسے

سو کیا تم سمجھتے نہیں؟ سو جس سے ہم نے اچھا وعدہ کیا پھر وہ اس کو پانے والا ہے، کیا وہ اس شخص کی طرح ہے جسے

مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۶۱﴾

مَّتَّعْنٰهُ	مَتَاعَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	ثُمَّ	هُوَ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	مِنَ	الْمُحْضَرِيْنَ
ہم نے بہرہ مند کیا اسے	سامان	دنیا کی زندگی	پھر	وہ	روز قیامت	سے	حاضر کئے جانے والے

ہم نے دنیا کی زندگی کے سامان سے بہرہ مند کیا، پھر وہ روز قیامت (گرفتار ہو کر) حاضر کئے جانے والوں میں سے ہوا۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ

وَيَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ	قَالَ
اور جس دن	وہ پکارے گا انہیں	پس کہے گا وہ	کہاں	میرے شریک	وہ جنہیں	تم گمان کرتے تھے	کہیں گے

اور جس دن وہ انہیں پکارے گا، کہے گا کہاں ہیں؟ میرے شریک جنہیں تم (میرا شریک) گمان کرتے تھے۔ (پھر) کہیں گے

الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا

الَّذِيْنَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	رَبَّنَا	هٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	اَغْوَيْنَا	اَغْوَيْنٰهُمْ	كَمَا
وہ جو	ثابت ہو گیا	اُن پر	حکم (عذاب)	اے ہمارے رب	یہ ہیں	وہ جنہیں	ہم نے بہکایا	ہم نے بہکایا انہیں	جیسے

وہ جن پر حکم عذاب ثابت ہو گیا کہ اے ہمارے رب! یہ ہیں وہ جنہوں نے ہمیں بہکایا، ہم نے انہیں (ویسے ہی) بہکایا جیسے

غَوَيْنَا تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ

غَوَيْنَا	تَبَرَّاْنَآ	اِلَيْكَ	مَا كَانُوْا	اِيَّانَا	يَعْبُدُوْنَ	وَقِيْلَ	ادْعُوْا	شُرَكَآءَكُمْ
ہم بہکے	ہم بیزاری کرتے ہیں	تیری طرف	وہ نہ تھے	صرف ہماری	بندگی کرتے	اور کہا جائے گا	تم پکارو	اپنے شریکوں کو

ہم (خود) بہکے تھے۔ ہم تیری طرف (تیرے حضور سب سے) بیزاری کرتے ہیں وہ ہماری بندگی نہ کرتے تھے۔ اور کہا جائیگا تم اپنے شریکوں کو پکارو

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾

فَدَعَوْهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَرَاَوُا	الْعَذَابَ	لَوْ اَنَّهُمْ	كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ
سو وہ انہیں پکاریں گے	تو وہ جواب نہ دیں گے	انہیں	اور وہ دیکھیں گے	عذاب	کاش وہ	وہ ہدایت یافتہ ہوتے

سو وہ انہیں پکاریں گے، تو وہ انہیں جواب نہ دیں گے، اور وہ عذاب دیکھیں گے، کاش وہ ہدایت یافتہ ہوتے۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ

وَيَوْمَ	يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	مَاذَا	اَجَبْتُمُ	الْمُرْسَلِيْنَ	فَعَمِيَتْ	عَلَيْهِمُ	الْاَنْۢبَآءُ
اور جس دن	وہ پکارے گا انہیں	تو فرمائے گا	کیا	تم نے جواب دیا	پیغمبر (جمع)	پس نہ سوجھے گی	ان کو	خبریں (باتیں)

اور جس دن وہ انہیں پکارے گا تو فرمائے گا تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟ پس ان کو کوئی بات نہ سوجھے گی

يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

يَوْمَئِذٍ	فَهُمْ	لَا يَتَسَآءَلُوْنَ	فَاَمَّا	مَنْ تَابَ	وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ صَالِحًا	فَعَسٰى
اس دن	پس وہ	آپس میں سوال نہ کریں گے	سو لیکن	جس نے توبہ کی	اور وہ ایمان لایا	اور اس نے عمل کئے اچھے	تو امید ہے

اس دن، پس وہ آپس میں (بھی) سوال نہ کر سکیں گے۔ سو جس نے توبہ کی اور وہ ایمان لایا اور اس نے اچھے عمل کئے تو امید ہے

اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ

اَنْ يَّكُوْنَ	مِنَ	الْمُفْلِحِيْنَ	وَرَبُّكَ	يَخْلُقُ	مَا يَشَآءُ	وَيَخْتَارُ	مَا كَانَ
کہ وہ ہو	سے	کامیابی پانے والے	اور تمہارا رب	پیدا کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	اور وہ پسند کرتا ہے	نہیں ہے

کہ وہ کامیابی پانے والوں میں سے ہو۔ اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے اور (جو) وہ پسند کرتا ہے، نہیں ہے

لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا

لَهُمُ	الْخِيَرَةُ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا يُشْرِكُوْنَ	وَرَبُّكَ	يَعْلَمُ	مَا
ان کے لئے	اختیار	اللہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں	اور تمہارا رب	وہ جانتا ہے	جو

ان کے لئے (ان کا کوئی) اختیار، اللہ اس سے پاک ہے اور برتر ہے اس سے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ اور تمہارا رب جانتا ہے جو

تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ

تُكِنُّ	صُدُوْرُهُمْ	وَمَا	يُعْلِنُوْنَ	وَهُوَ اللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	لَهُ الْحَمْدُ
چھپا ہے	ان کے سینے	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	اور وہی اللہ	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	اسی کے لئے تمام تعریفیں

ان کے سینوں میں چھپا ہے، اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں ۔ اور وہی ہے اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں

فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

فِى الْاُوْلٰى	وَالْاٰخِرَةِ	وَلَهُ الْحُكْمُ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ
دنیا میں	اور آخرت	اور اسی کے لئے فرمانروائی	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے	فرما دیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر

دنیا میں اور آخرت میں، اور اسی کے لئے ہے فرماں روائی، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔ آپؐ فرما دیں بھلا تم دیکھو تو اگر

جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

جَعَلَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ	الَّيْلَ	سَرْمَدًا	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ
کر دے (رکھے)	اللہ	تم پر	رات	ہمیشہ	تک	روزِ قیامت	کون	معبود	اللہ کے سوا

اللہ روزِ قیامت تک کے لئے تم پر ہمیشہ رات رکھے تو اللہ کے سوا اور کون معبود ہے ؟ جو

يَّاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿٧١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

يَّاْتِيْكُمْ	بِضِيَآءٍ	اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	جَعَلَ اللّٰهُ	عَلَيْكُمُ
لے آئے تمہارے پاس	روشنی	تو کیا تم سنتے نہیں ؟	فرما دیں	بھلا تم دیکھو تو	اگر	بنائے (رکھے) اللہ	تم پر

تمہارے لئے (دن کی) روشنی لے آئے، تو کیا تم سنتے نہیں؟ آپؐ فرما دیں بھلا تم دیکھو تو اگر اللہ تم پر رکھے

النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ

النَّهَارَ	سَرْمَدًا	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِلَيْلٍ
دن	ہمیشہ	تک	روزِ قیامت	کون	معبود	اللہ کے سوا	لے آئے تمہارے لئے	رات

روزِ قیامت تک کے لئے دن کو روزِ روشن، اللہ کے سوا اور کون معبود ہے جو تمہارے لئے رات لے آئے؟

تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

تَسْكُنُوْنَ	فِيْهِ	اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ	وَ	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	جَعَلَ لَكُمُ	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ
تم آرام کرو	اس میں	تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں؟	اور	اپنی رحمت سے	اس نے تمہارے لئے بنایا	رات	اور دن

کہ تم اس میں آرام کرو، تو کیا تمہیں سوجھتا نہیں؟ اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لئے رات اور دن کو بنایا

لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَيَوْمَ

لِتَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَلِتَبْتَغُوْا	مِنْ فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَيَوْمَ
تاکہ تم آرام کرو	اس میں	اور تاکہ تم تلاش کرو	اس کا فضل (روزی)	اور تاکہ تم	تم شکر کرو	اور جس دن

تاکہ اِس (رات) میں آرام کرو اور (دن میں) روزی تلاش کرو، اور تاکہ تم (اللہ کا) شکر کرو۔ اور جس دن

يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَ

يُنَادِيْهِمْ	فَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ	وَ
وہ پکارے گا انہیں	تو وہ کہے گا	کہاں؟	میرے شریک	وہ جو	تم گمان کرتے تھے	اور

وہ انہیں پکارے گا تو وہ کہے گا کہاں ہیں وہ؟ جن کو تم میرا شریک گمان کرتے تھے۔ اور

نَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ

نَزَعْنَا	مِنْ	كُلِّ اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	فَقُلْنَا	هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	فَعَلِمُوْٓا	اَنَّ
ہم نکال کر لائینگے	سے	ہر امت	ایک گواہ	پھر ہم کہیں گے	تم لاؤ (پیش کرو)	اپنی دلیل	سو وہ جان لیں گے	کہ

ہم ہر امت میں سے ایک گواہ نکال کر لائیں گے، پھر ہم کہیں گے اپنی دلیل پیش کرو سو وہ جان لیں گے کہ

الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ

الْحَقَّ	لِلّٰهِ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	اِنَّ	قَارُوْنَ	كَانَ	مِنْ
سچی بات	اللہ کی	اور گم ہو جائیں گی	ان سے	جو وہ گھڑتے تھے	بیشک	قارون	تھا	سے

سچی بات اللہ کی ہے، اور گم ہو جائیں گی (وہ سب باتیں) جو وہ گھڑتے تھے۔ بیشک قارون تھا

قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ

قَوْمِ مُوْسٰى	فَبَغٰى	عَلَيْهِمْ	وَاٰتَيْنٰهُ	مِنَ الْكُنُوْزِ	مَآ اِنَّ	مَفَاتِحَهٗ
موسیٰ کی قوم	سو اس نے زیادتی کی	ان پر	اور ہم نے دیئے تھے اس کو	خزانے	اتنے کہ	اس کی کنجیاں

موسیٰؑ کی قوم سے، سو اس نے ان پر زیادتی کی، اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے تھے کہ اس کی کنجیاں

لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

لَتَنُوْٓاُ	بِالْعُصْبَةِ	اُولِي الْقُوَّةِ	اِذْ قَالَ	لَهٗ	قَوْمُهٗ	لَا تَفْرَحْ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ
بھاری ہوتیں	ایک جماعت پر	زور آور	جب کہا	اس کو	اس کی قوم	نہ خوش ہو (اترا)	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا

ایک زور آور جماعت پر (بھی) بھاری ہوتی تھیں، جب اس کو اس کی قوم نے کہا، اِترا نہیں بیشک اللہ پسند نہیں کرتا

الْفَرِحِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ

الْفَرِحِيْنَ	وَابْتَغِ	فِيْمَا	اٰتٰىكَ اللّٰهُ	الدَّارَ الْاٰخِرَةَ	وَلَا تَنْسَ	نَصِيْبَكَ
خوش ہونے (اترانے) والے	اور طلب کر	اس سے جو	تجھے دیا اللہ نے	آخرت کا گھر	اور نہ بھول تو	اپنا حصہ

اِترانے والوں کو۔ اور جو تجھے اللہ نے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر طلب کر (آخرت کی فکر کر) اور اپنا حصہ نہ بھول

مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ

مِنَ	الدُّنْيَا	وَاَحْسِنْ	كَمَا	اَحْسَنَ اللّٰهُ	اِلَيْكَ	وَلَا تَبْغِ	الْفَسَادَ
سے	دنیا	اور نیکی کر	جیسے	اللہ نے نیکی کی	تیری طرف (ساتھ)	اور نہ چاہ	فساد

دنیا سے (آخرت کی زادِ راہ)، اور نیکی کر جیسے تیرے ساتھ اللہ نے نیکی کی ہے، اور تو فساد نہ چاہ

فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ

فِي الْاَرْضِ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْمُفْسِدِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَا	اُوْتِيْتُهٗ	عَلٰى عِلْمٍ
زمین میں	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا	فساد کرنے والے	کہنے لگا	یہ تو	مجھے دیا گیا ہے	ایک علم (ہُنر) سے

زمین میں، بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ کہنے لگا یہ تو ایک ہُنر سے مجھے دیا گیا ہے جو

عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ

عِنْدِيْ	اَوَ	لَمْ يَعْلَمْ	اَنَّ اللّٰهَ	قَدْ اَهْلَكَ	مِنْ قَبْلِهٖ	مِنَ	الْقُرُوْنِ
میرے پاس	کیا	وہ نہیں جانتا	کہ اللہ	بلاشبہ ہلاک کر دیا ہے	اس سے قبل	سے (کتنی)	جماعتیں

میرے پاس ہے، کیا وہ نہیں جانتا؟ کہ اس سے قبل اللہ نے کتنی جماعتوں کو ہلاک کر دیا ہے،

مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ

مَنْ	هُوَ اَشَدُّ	مِنْهُ	قُوَّةً	وَّاَكْثَرُ	جَمْعًا	وَلَا يُسْـَٔلُ	عَنْ	ذُنُوْبِهِمُ
جو	وہ زیادہ سخت	اس سے جو	قوت میں	اور زیادہ	جمعیت	اور نہ سوال کیا جائے گا	سے (بابت)	ان کے گناہ

جو اس سے زیادہ سخت تھیں قوت میں، اور زیادہ تھیں جمعیت میں، ان کے گناہوں کی بابت سوال نہ کیا جائے گا

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ

الْمُجْرِمُوْنَ	فَخَرَجَ	عَلٰى	قَوْمِهٖ	فِيْ	زِيْنَتِهٖ	قَالَ	الَّذِيْنَ	يُرِيْدُوْنَ
(جمع) مجرم	پھر وہ نکلا	پر (سامنے)	اپنی قوم	میں (ساتھ)	اپنی زیب زینت	کہا	وہ لوگ جو	چاہتے تھے (طالب تھے)

مجرموں سے۔ پھر وہ (قارون) اپنی قوم کے سامنے زیب و زینت کے ساتھ نکلا تو ان لوگوں نے کہا جو طالب تھے

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	يٰلَيْتَ	لَنَا مِثْلَ	مَآ اُوْتِيَ	قَارُوْنُ	اِنَّهٗ	لَذُوْ حَظٍّ	عَظِيْمٍ
دنیا کی زندگی	اے کاش	ہمارے پاس ہوتا ایسا	جو دیا گیا	قارون	بیشک وہ	نصیب والا	بڑا

دنیا کی زندگی کے، جو قارون کو دیا گیا ہے، اے کاش ایسا ہمارے پاس (بھی) ہوتا، بیشک وہ بڑے نصیب والا ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	وَيْلَكُمْ	ثَوَابُ اللّٰهِ	خَيْرٌ	لِّمَنْ	اٰمَنَ وَ
اور کہا	وہ لوگ جنہیں	دیا گیا تھا علم	افسوس تم پر	اللہ کا ثواب	بہتر	اسکے لئے جو	ایمان لایا اور

اور جن لوگوں کو علم (دین) دیا گیا تھا انہوں نے کہا افسوس ہے تم پر! اللہ کا ثواب (اجر) بہتر ہے اس کے لئے جو ایمان لایا اور

عَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ قف

عَمِلَ	صَالِحًا	وَ لَا يُلَقّٰىهَا	اِلَّا	الصّٰبِرُوْنَ	فَخَسَفْنَا	بِهٖ	وَبِدَارِهِ	الْاَرْضَ
اس نے عمل کیا	اچھا	اور وہ نصیب نہیں ہوتا	سوائے	صبر کرنے والے	پھر ہم نے دھنسا دیا	اس کو	اور اس کے گھر کو	زمین

اس نے اچھا عمل کیا اور وہ صبر کرنے والوں کے سوا (کسی کو) کو نصیب نہیں ہوتا۔ پھر ہم نے اس کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا

فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا كَانَ مِنَ

فَمَا كَانَ	لَهٗ	مِنْ فِئَةٍ	يَّنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَمَا كَانَ	مِنَ
سو نہ ہوئی	اسکے لئے	کوئی جماعت	مدد کرتی اس کی	اللہ کے سوائے	اور نہ ہوا وہ	سے

سو اس کے لئے کوئی جماعت نہ ہوئی جو اللہ کے سوا (اللہ سے بچانے میں) اس کی مدد کرتی اور نہ وہ (خود) ہوا

الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ

الْمُنْتَصِرِيْنَ	وَاَصْبَحَ	الَّذِيْنَ	تَمَنَّوْا	مَكَانَهٗ	بِالْاَمْسِ	يَقُوْلُوْنَ
بدلہ لینے والے	اور صبح کے وقت	جو لوگ	تمنا کرتے تھے	اس کا مقام	کل	کہنے لگے

بدلہ لینے والوں میں سے۔ اور کل تک جو لوگ اس کے مقام کی تمنا کرتے تھے، صبح کے وقت کہنے لگے

وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ

وَيْكَاَنَّ	اللّٰهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	وَ يَقْدِرُ	لَوْلَآ
ہائے شامت	اللہ	فراخ کر دیتا ہے	رزق	جس کے لئے چاہے	سے	اپنے بندے	اور تنگ کر دیتا ہے	اگر نہ

ہائے شامت! اپنے بندوں میں سے اللہ جس کے لئے چاہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جسکے لئے چاہے) تنگ کر دیتا ہے، اگر

۸ ع ۱۱

اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

اَنْ	مَّنَّ اللّٰهُ	عَلَيْنَا	لَخَسَفَ بِنَا	وَيْكَاَنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الْكٰفِرُوْنَ
یہ کہ	احسان کرتا اللہ	ہم پر	البتہ ہمیں دھنسا دیتا	ہائے شامت	فلاح نہیں پاتے	کافر (جمع)

اللہ ہم پر احسان نہ کرتا تو البتہ ہمیں (بھی) دھنسا دیتا، ہائے شامت! کافر فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پاتے۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِى الْاَرْضِ وَ

تِلْكَ	الدَّارُ الْاٰخِرَةُ	نَجْعَلُهَا	لِلَّذِيْنَ	لَا يُرِيْدُوْنَ	عُلُوًّا	فِى الْاَرْضِ وَ
یہ	آخرت کا گھر	ہم کرتے ہیں اسے	ان لوگوں کے لئے جو	وہ نہیں چاہتے	برتری	زمین میں اور

یہ آخرت کا گھر ہے ہم اسے ان لوگوں کے لئے تیار کرتے ہیں جو نہیں چاہتے زمین (ملک) میں برتری اور

لَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ

لَا فَسَادًا	وَالْعَاقِبَةُ	لِلْمُتَّقِيْنَ	مَنْ جَآءَ	بِالْحَسَنَةِ	فَلَهٗ	خَيْرٌ مِّنْهَا
نہ فساد	اور انجام (نیک)	پرہیزگاروں کے لئے	جو آیا	نیکی کے ساتھ	تو اس کے لئے	اس سے بہتر

نہ فساد، اور نیک انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے جو نیکی کے ساتھ آیا اس کے لئے اس سے بہتر (صلہ) ہے

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا

وَمَنْ	جَآءَ	بِالسَّيِّئَةِ	فَلَا يُجْزَى	الَّذِيْنَ	عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ	اِلَّا	مَا
اور جو	آیا	برائی کے ساتھ	تو بدلہ نہ ملے گا	ان لوگوں کو جنہوں نے	انہوں نے برے کام کئے	مگر۔سوا	جو

اور جو برائی کے ساتھ آیا، تو ان لوگوں کو جنہوں نے برے عمل کئے اس کے سوا بدلہ نہ ملے گا جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ اِنَّ الَّذِىْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اِنَّ	الَّذِىْ	فَرَضَ	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ	لَرَآدُّكَ	اِلٰى مَعَادٍ
وہ کرتے تھے	بیشک	وہ (اللہ جس نے	لازم کیا	تم پر	قرآن	ضرور پھیر لائے گا تمہیں	لوٹنے کی جگہ

وہ کرتے تھے۔ بیشک جس اللہ نے تم پر قرآن (پر عمل اور تبلیغ) کو لازم کیا ہے وہ تمہیں ضرور لوٹنے کی جگہ (مکہ مکرمہ) پھیر لائے گا

قُلْ رَّبِّىْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾ وَمَا كُنْتَ

قُلْ	رَّبِّىْٓ	اَعْلَمُ	مَنْ	جَآءَ	بِالْهُدٰى	وَمَنْ هُوَ	فِىْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	وَمَا كُنْتَ
فرمادیں	میرا رب	خوب جانتا ہے	کون	آیا	ہدایت کے ساتھ	اور وہ کون	میں	کھلی گمراہی	اور تم نہ تھے

آپ فرما دیں میرا رب خوب جانتا ہے کہ کون ہدایت کے ساتھ آیا اور کون کھلی گمراہی میں ہے۔ اور تم

تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ

تَرْجُوْٓا	اَنْ يُّلْقٰٓى	اِلَيْكَ	الْكِتٰبُ	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ	رَّبِّكَ	فَلَا تَكُوْنَنَّ
امید رکھنے	کہ اتاری جائے گی	تمہاری طرف	کتاب	مگر	رحمت	سے	تمہارا رب	سو تو ہرگز نہ ہوتا

اُمید نہ رکھتے تھے کہ تمہاری طرف کتاب اتاری جائے گی، مگر تمہارے رب کی رحمت سے (نزول ہوا) سو تم ہرگز ہرگز نہ ہونا

ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ

ظَهِيْرًا	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَلَا يَصُدُّنَّكَ	عَنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	بَعْدَ	اِذْ	اُنْزِلَتْ
مددگار	کافروں کے لئے	اور وہ تمہیں ہرگز نہ روکیں	سے	اللہ کے احکام	بعد	جبکہ	نازل کئے گئے

کافروں کے لئے مددگار - اور وہ تمہیں ہرگز اللہ کے احکام سے نہ روکیں، اس کے بعد جبکہ نازل کئے گئے

اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ

اِلَيْكَ	وَادْعُ	اِلٰى رَبِّكَ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	وَلَا تَدْعُ	مَعَ اللّٰهِ
تمہاری طرف	اور آپ بلائیں	اپنے رب کی طرف	اور	تم ہرگز نہ ہونا	سے	جمع مشرک	اور نہ پکارو تم	اللہ کے ساتھ

تمہاری طرف، اور آپ اپنے رب کی طرف بلائیں، اور ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ اور اللہ کے ساتھ نہ پکارو

اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَ

اِلٰهًا	اٰخَرَ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	كُلُّ شَيْءٍ	هَالِكٌ	اِلَّا	وَجْهَهٗ	لَهُ الْحُكْمُ	وَ
کوئی معبود	دوسرا	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	ہر چیز	فنا ہونے والی	سوا	اسکی ذات	اسی کے لئے ہے	حکم	اور

کوئی دوسرا معبود، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے، اسی کا حکم ہے اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾

اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
اس کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے

وقف لازم

۹ ع ۶ ۱۲

اٰیاتھا ۶۹ | ۲۹ : سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ مَکِّیَّۃٌ : ۸۵ | رکوعاتھا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓمّٓ ① اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ②

الٓمّٓ	اَحَسِبَ	النَّاسُ	اَنْ يُّتْرَكُوْٓا	اَنْ	يَّقُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا	وَهُمْ	لَا يُفْتَنُوْنَ
الٓمّٓ	کیا گمان کیا ہے	لوگ	کہ وہ چھوڑ دیئے جائیں گے	کہ	انہوں نے کہہ دیا	ہم ایمان لائے	اور وہ	وہ نہ آزمائے جائیں گے

الف۔لام۔میم۔ کیا لوگوں نے گمان کر لیا ہے کہ وہ (اتنے پر) چھوڑ دیئے جائیں گے کہ انہوں نے کہہ دیا کہ ہم ایمان لے آئے ہیں، اور وہ نہ آزمائے جائیں گے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ

وَ	لَقَدْ فَتَنَّا	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَلَيَعْلَمَنَّ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا	وَ
اور	البتہ ہم نے آزمایا	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	تو ضرور معلوم کرے گا	اللہ	وہ لوگ جو	سچے ہیں	اور

اور البتہ ہم نے ان سے پہلے لوگوں کو آزمایا، تو اللہ ضرور معلوم کر لے گا ان لوگوں کو جو سچے ہیں، اور

لَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ③ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ

لَيَعْلَمَنَّ	الْكٰذِبِيْنَ	اَمْ حَسِبَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	السَّيِّاٰتِ	اَنْ	يَّسْبِقُوْنَا
وہ ضرور معلوم کرے گا	جھوٹے	کیا گمان کیا ہے	وہ لوگ جو	کرتے ہیں	برے کام	کہ	وہ ہم سے باہر نکل جائیں گے

اور ضرور معلوم کر لے گا جھوٹوں کو۔ جو لوگ برے کام کرتے ہیں کیا انہوں نے گمان کیا ہے کہ وہ ہم سے باہر نکل جائیں گے؟

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ④ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ

سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	مَنْ	كَانَ يَرْجُوْا	لِقَآءَ اللّٰهِ	فَاِنَّ	اَجَلَ اللّٰهِ	لَاٰتٍ
برا ہے	جو وہ فیصلہ کر رہے ہیں	جو	وہ امید رکھتا ہے	اللہ سے ملاقات کی	تو بیشک	اللہ کا وعدہ	ضرور آنے والا

برا ہے جو وہ فیصلہ (خیال) کر رہے ہیں۔ جو کوئی اللہ سے ملاقات (ملنے) کی امید رکھتا ہے تو بیشک اللہ کا وعدہ ضرور آنے والا ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ⑤ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ

وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَمَنْ	جَاهَدَ	فَاِنَّمَا	يُجَاهِدُ	لِنَفْسِهٖ	اِنَّ
اور وہ	سننے والا	جاننے والا	اور جو	کوشش کرتا ہے	تو صرف	کوشش کرتا ہے	اپنی ذات کے لئے	بیشک

اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور جو کوئی کوشش کرتا ہے تو وہ صرف اپنی ذات کے لئے کوشش کرتا ہے۔ بیشک

اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اللّٰهَ	لَغَنِيٌّ	عَنِ	الْعٰلَمِيْنَ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اللہ	البتہ بے نیاز	سے	جہان والے	اور جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے

اللہ البتہ جہان والوں سے بے نیاز ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷﴾

لَنُكَفِّرَنَّ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	اَحْسَنَ	الَّذِيْ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
البتہ ہم ضرور دُور کر دیں گے	ان سے	ان کی بُرائیاں	اور ہم ضرور جزا دیں گے انہیں	زیادہ بہتر	وہ جو	وہ کرتے تھے

البتہ ہم ضرور ان سے ان کی بُرائیاں دُور کر دیں گے، اور ہم ضرور انہیں (ان کے اعمال کی) زیادہ بہتر جزا دیں گے جو وہ کرتے تھے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ

وَوَصَّيْنَا	الْاِنْسَانَ	بِوَالِدَيْهِ	حُسْنًا	وَاِنْ	جَاهَدٰكَ	لِتُشْرِكَ بِيْ	مَا لَيْسَ	لَكَ
اور ہم نے حکم دیا	انسان کو	ماں باپ سے	حسنِ سلوک کا	اور اگر	تجھ سے کوشش کریں	کہ تو شریک ٹھہرائے میرا	جس کا نہیں	تجھے

اور ہم نے انسان کو ماں باپ سے حسنِ سلوک کا حکم دیا ہے اور اگر وہ تجھ سے کوشش کریں (زور ڈالیں) کہ تو (کسی کو) میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے

بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾

بِهٖ عِلْمٌ	فَلَا تُطِعْهُمَا	اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ	فَاُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
اس کا کوئی علم	تو کہا نہ مان ان کا	میری طرف تمہیں لوٹ کر آنا	تو میں ضرور بتلاؤں گا تمہیں	وہ جو	تم کرتے تھے

کوئی علم نہیں، تو ان کا کہا نہ مان، تمہیں میری طرف لوٹ کر آنا ہے، تو میں تمہیں ضرور بتلاؤں گا، وہ جو تم کرتے تھے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ﴿۹﴾ وَمِنَ

وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُدْخِلَنَّهُمْ	فِي الصّٰلِحِيْنَ	وَمِنَ
اور جو لوگ	وہ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	ہم ضرور انہیں داخل کریں گے	نیک بندوں میں	اور سے۔ کچھ

اور جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے، ہم انہیں ضرور نیک بندوں میں داخل کریں گے۔ اور کچھ

النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ

النَّاسِ	مَنْ يَّقُوْلُ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	فَاِذَآ	اُوْذِيَ	فِي اللّٰهِ	جَعَلَ	فِتْنَةَ	النَّاسِ
لوگ	جو کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	پھر جب	ستائے گئے	اللہ (کی راہ) میں	بنا لیا	ستانا	لوگ

لوگ کہتے ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب وہ اللہ کی راہ میں ستائے گئے تو انہوں نے لوگوں کے ستانے کو بنا لیا (سمجھ لیا)

كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ؕ

كَعَذَابِ	اللّٰهِ	وَلَئِنْ	جَآءَ	نَصْرٌ	مِّنْ رَّبِّكَ	لَيَقُوْلُنَّ	اِنَّا كُنَّا	مَعَكُمْ
جیسے عذاب	اللہ	اور اگر	آئے	کوئی مدد	تمہارے رب سے	تو وہ ضرور کہتے ہیں	بیشک ہم تھے	تمہارے ساتھ

جیسے اللہ کا عذاب ہو، اور اگر تمہارے رب کی طرف سے کوئی مدد آئے تو (اس وقت) وہ ضرور کہتے ہیں، بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں

اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اَوَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَعْلَمَ	بِمَا	فِيْ صُدُوْرِ	الْعٰلَمِيْنَ	وَلَيَعْلَمَنَّ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
کیا نہیں ہے	اللہ	خوب جاننے والا	وہ جو	سینوں (دلوں) میں	جہان والے	اور البتہ ضرور معلوم کریگا	اللہ	وہ لوگ جو

کیا اللہ خوب جاننے والا نہیں جو دنیا جہان والوں کے دلوں میں ہے۔ اور اللہ ضرور معلوم کرے گا ان لوگوں کو جو

اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝١١ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اٰمَنُوْا	وَلَيَعْلَمَنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
ایمان لائے	اور البتہ ضرور معلوم کریگا	منافق (جمع)	اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے

ایمان لائے اور ضرور معلوم کرے گا منافقوں کو۔ اور کافروں نے ایمان لانے والوں کو کہا

اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ

اتَّبِعُوْا	سَبِيْلَنَا	وَلْنَحْمِلْ	خَطٰيٰكُمْ	وَمَا هُمْ	بِحٰمِلِيْنَ	مِنْ	خَطٰيٰهُمْ
تم چلو	ہماری راہ	اور ہم اٹھالیں گے	تمہارے گناہ	حالانکہ وہ نہیں	اٹھانے والے	سے	ان کے گناہ

تم ہماری راہ چلو، اور ہم تمہارے گناہ اُٹھا لیں گے، حالانکہ وہ ان کے گناہ اٹھانے والے نہیں

مِّنْ شَيْءٍ ؕ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝١٢ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا

مِنْ شَيْءٍ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	وَلَيَحْمِلُنَّ	اَثْقَالَهُمْ	وَاَثْقَالًا
کچھ	بیشک وہ	البتہ جھوٹے	اور وہ البتہ ضرور اٹھائیں گے	اپنے بوجھ	اور بہت سے بوجھ

کچھ بھی، بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اور وہ البتہ ضرور اپنے بوجھ اٹھائیں گے اور (بھی) بہت سے بوجھ

مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝١٣ وَ

مَعَ	اَثْقَالِهِمْ	وَ لَيُسْـَٔلُنَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَمَّا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	وَ
ساتھ	اپنے بوجھ	اور البتہ ان سے ضرور باز پرس ہوگی	قیامت کے دن	اس سے جو	وہ جھوٹ گھڑتے تھے	اور

اپنے بوجھ کے ساتھ، اور قیامت کے دن البتہ اُن سے ضرور اس (کے بارے میں) باز پرس ہو گی جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے، اور

ع ۱ ۱۳ ۱۳

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ

لَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى قَوْمِهٖ	فَلَبِثَ	فِيْهِمْ	اَلْفَ سَنَةٍ	اِلَّا	خَمْسِيْنَ
بیشک ہم نے بھیجا	نوح کو	اس کی قوم کی طرف	تو وہ رہے	ان میں	ہزار سال	مگر (کم)	پچاس

بیشک ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، تو وہ ان میں پچاس سال کم ہزار برس رہے

عَامًا فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ

عَامًا	فَاَخَذَهُمُ	الطُّوْفَانُ	وَهُمْ	ظٰلِمُوْنَ	فَاَنْجَيْنٰهُ	وَ	اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ
سال	پھر انہیں آپکڑا	طوفان	اور وہ	ظالم تھے	پھر ہم نے اسے بچا لیا	اور	کشتی والوں کو

پھر انہیں (قوم نوحؑ کو) طوفان نے آپکڑا اور وہ ظالم تھے۔ پھر ہم نے اُسے اور کشتی والوں کو بچا لیا

وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

وَجَعَلْنٰهَا	اٰيَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ	وَاِبْرٰهِيْمَ	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
اور اسے بنایا	ایک نشانی	جہان والوں کے لئے	اور ابراہیمؑ	جب اس نے کہا	اپنی قوم کو	تم عبادت کرو	اللہ

اور اس (کشتی) کو جہان والوں کے لئے ایک نشانی بنایا۔ اور یاد کرو جب ابراہیمؑ نے اپنی قوم کو کہا تم اللہ کی عبادت کرو

وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

وَاتَّقُوْهُ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	اِنَّمَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ
اور اس سے ڈرو	یہ	بہتر تمہارے لئے	اگر	تم جانتے ہو	اس کے سوا نہیں	تم پرستش کرتے ہو	سے

اور اس سے ڈرو، اگر تم جانتے ہو یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ تم پرستش کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْثَانًا	وَتَخْلُقُوْنَ	اِفْكًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اللہ کے سوا	بتوں کی	اور تم گھڑتے ہو	جھوٹ	بیشک	وہ جن کی	پرستش کرتے ہو	اللہ کے سوا

اللہ کے سوا بتوں کی، اور تم جھوٹ گھڑتے ہو، بیشک اللہ کے سوا جن کی پرستش کرتے ہو

لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ

لَا يَمْلِكُوْنَ	لَكُمْ	رِزْقًا	فَابْتَغُوْا	عِنْدَ اللّٰهِ	الرِّزْقَ	وَ	اعْبُدُوْهُ
وہ مالک نہیں	تمہارے لئے	رزق کے	پس تم تلاش کرو	اللہ کے پاس	رزق	اور	اس کی عبادت کرو

وہ تمہارے لئے رزق کے مالک نہیں، پس تم اللہ کے پاس (سے) رزق تلاش کرو، اور تم اس کی عبادت کرو

وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ

وَاشْكُرُوْا	لَهٗ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَاِنْ	تُكَذِّبُوْا	فَقَدْ كَذَّبَ	اُمَمٌ
اور شکر کرو	اس کا	اس کی طرف	تمہیں لوٹ کر جانا ہے	اور اگر	تم جھٹلاؤ گے	تو جھٹلا چکی ہیں	بہت سی امتیں

اور اس کا شکر کرو، اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے۔ اور اگر تم جھٹلاؤ گے تو جھٹلا چکی ہیں بہت سی امتیں

مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ

مِنْ قَبْلِكُمْ	وَمَا	عَلَى	الرَّسُوْلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	كَيْفَ
تم سے پہلی	اور نہیں	پر (ذمے)	رسول	مگر	پہنچا دینا	صاف طور پر	کیا	نہیں دیکھا انہوں نے	کیسے

تم سے پہلی (بھی)، اور رسولؐ کے ذمے نہیں مگر صاف طور پر پہنچا دینا۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کیسے

يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾

يُبْدِئُ	اللّٰهُ	الْخَلْقَ	ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ
ابتداء کرتا ہے	اللہ	پیدائش	پھر دوبارہ پیدا کریگا اس کو	بیشک	یہ	اللہ پر	آسان

اللہ پیدائش کی ابتدا کرتا ہے! پھر دوبارہ اس کو پیدا کرے گا، بیشک اللہ پر یہ آسان ہے۔

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ

قُلْ	سِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ بَدَاَ	الْخَلْقَ	ثُمَّ	اللّٰهُ	يُنْشِئُ
فرمادیں	چلو پھرو تم	زمین میں	پھر دیکھو	کیسے ابتدا کی	پیدائش	پھر	اللہ	اٹھائے گا

آپؐ فرمادیں (دنیا میں)، چلو پھرو، پھر دیکھو اس نے کیسے پیدائش کی ابتداء کی پھر اللہ اٹھائے گا

النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ

النَّشْاَةَ	الْاٰخِرَةَ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ شَىْءٍ	قَدِيْرٌ	يُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ
اٹھان	آخری (دوسری)	بیشک اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہ عذاب دیتا ہے	جس کو چاہے

دوسری اُٹھان (دوسری بار) بیشک اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ جس کو چاہے عذاب دیتا ہے

وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ

وَيَرْحَمُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَاِلَيْهِ	تُقْلَبُوْنَ	وَمَآ اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	فِى الْاَرْضِ
اور رحم فرماتا ہے	جس پر چاہے	اور اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور نہ تم	عاجز کرنے والے	زمین میں

اور وہ جس پر چاہے رحم فرماتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اور نہ تم زمین میں (اس کو) عاجز کرنے والے ہو

وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾ وَالَّذِيْنَ

وَلَا	فِي السَّمَآءِ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَلَا	نَصِيْرٍ	وَالَّذِيْنَ
اور نہ	آسمان میں	اور نہیں	تمہارے لئے	اللہ کے سوا	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی مددگار	اور وہ لوگ جنہوں نے

اور نہ آسمان میں، اور تمہارے لئے اللہ کے سوا نہ کوئی حمایتی ہے اور نہ کوئی مددگار۔ اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَلِقَآئِهٖ	اُولٰٓئِكَ	يَئِسُوْا	مِنْ رَّحْمَتِيْ	وَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
انکار کیا	اللہ کی نشانیوں کا	اور اس کی ملاقات	یہی ہیں	وہ ناامید ہوئے	میری رحمت سے	اور یہی ہیں	ان کے لئے	عذاب

اللہ کی نشانیوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا یہی لوگ میری رحمت سے ناامید ہوئے، اور یہی ہیں جن کے لئے عذاب ہے

اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ

اَلِيْمٌ	فَمَا كَانَ	جَوَابَ	قَوْمِهٖ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوا	اقْتُلُوْهُ	اَوْ	حَرِّقُوْهُ
دردناک	سو نہ تھا	جواب	اس کی قوم	سوائے	یہ کہ	انہوں نے کہا	قتل کردو اس کو	یا	جلادو اس کو

دردناک۔ سو اس کی قوم کا جواب اس کے سوا نہ تھا کہ تم اسے قتل کر ڈالو یا اس کو جلا دو

فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَقَالَ

فَاَنْجٰىهُ	اللّٰهُ	مِنَ النَّارِ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَ	قَالَ
سو بچا لیا اس کو	اللہ	آگ سے	بیشک	اس میں	نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لئے	جو ایمان رکھتے ہیں	اور	(ابراہیمؑ نے) کہا

سو اللہ نے اس کو آگ سے بچا لیا۔ بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔ اور ابراہیمؑ نے کہا

اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اِنَّمَا	اتَّخَذْتُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اَوْثَانًا	مَّوَدَّةَ	بَيْنِكُمْ	فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
اسکے سوا نہیں	تم نے بنا لئے ہیں	اللہ کے سوا	بت (جمع)	دوستی	اپنے درمیان (آپس میں)	دنیا کی زندگی میں

اس کے سوا نہیں کہ تم نے اللہ کے سوا بت بنا لئے ہیں، دنیا کی زندگی میں آپس کی دوستی (کی وجہ) سے،

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ وَّ

ثُمَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكْفُرُ	بَعْضُكُمْ	بِبَعْضٍ	وَيَلْعَنُ	بَعْضُكُمْ	بَعْضًا	وَ
پھر	قیامت کے دن	کافر (مخالف) ہو جائیگا	تم میں سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کا	اور لعنت کرے گا	تم میں سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) کا	اور

پھر قیامت کے دن تم میں سے ایک دوسرے کا مخالف ہو جائے گا اور تم میں سے ایک دوسرے پر لعنت (ملامت) کرے گا اور

وقف لازم

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ

مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	وَمَا لَكُمْ	مِّنْ نّٰصِرِيْنَ	فَاٰمَنَ	لَهٗ	لُوْطٌ	وَقَالَ
تمہارا ٹھکانا	جہنم	اور نہیں تمہارے لئے	کوئی مددگار	پس ایمان لایا	اس پر	لوط ؑ	اور اس نے کہا

تمہارا ٹھکانا جہنم ہے، اور تمہارے لئے کوئی مددگار نہیں۔ پس اس پر لوط ؑ ایمان لایا اور اس نے کہا

اِنِّيْ مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ

اِنِّيْ	مُهَاجِرٌ	اِلٰى رَبِّيْ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَوَهَبْنَا	لَهٗٓ	اِسْحٰقَ
بیشک میں	ہجرت کرنیوالا	اپنے رب کی طرف	بیشک وہ	وہ	زبردست غالب	حکمت والا	اور ہم نے عطا فرمائے	اس کو	اسحٰق ؑ

بیشک میں اپنے رب کی طرف، ہجرت کرنے والا (وطن چھوڑنے والا ہوں) بیشک وہی غالب حکمت والا ہے۔ اور ہم نے اس (ابراہیم ؑ) کو عطا فرمائے اسحٰق ؑ

وَيَعْقُوْبَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ

وَيَعْقُوْبَ	وَجَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِ	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	وَاٰتَيْنٰهُ	اَجْرَهٗ
اور یعقوب ؑ	اور ہم نے رکھی	اس کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	اور ہم نے دیا اسکو	اس کا اجر

اور یعقوب ؑ اور ہم نے اس کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی، اور ہم نے اس کو اس کا اجر دیا،

فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ

فِي الدُّنْيَا	وَاِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ	وَلُوْطًا	اِذْ قَالَ
دنیا میں	اور بیشک وہ	آخرت میں	البتہ نیکوکاروں میں سے	اور لوط ؑ	(یاد کرو) جب اس نے کہا

دنیا میں اور بیشک وہ آخرت میں البتہ نیکوکاروں میں سے ہے۔ اور (ہم نے بھیجا) لوط کو، یاد کرو جب اس نے کہا

لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۡ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

لِقَوْمِهٖٓ	اِنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الْفَاحِشَةَ	مَا سَبَقَكُمْ	بِهَا	مِنْ اَحَدٍ	مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ
اپنی قوم کو	بیشک تم	تم کرتے ہو	بے حیائی	نہیں پہلے کیا تم نے	اس کو	کسی نے	سے جہان والے

اپنی قوم کو، بیشک تم بے حیائی کا (ایسا کام) کرتے ہو جو تم سے پہلے جہان والوں میں سے کسی نے نہیں کیا۔

اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ

اَىِٕنَّكُمْ	لَتَاْتُوْنَ	الرِّجَالَ	وَتَقْطَعُوْنَ	السَّبِيْلَ	وَتَاْتُوْنَ	فِيْ نَادِيْكُمُ
کیا تم	البتہ تم کرتے ہو	مردوں (جمع)	اور مارتے ہو	راہ	اور تم کرتے ہو	اپنی محفلوں میں

کیا تم واقعی مردوں سے (فعل بد) کرتے ہو، اور راہ مارتے (لوٹ کے ڈالتے) ہو، اور تم اپنی محفلوں میں کرتے ہو

الْمُنْكَرَ ۭ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ

الْمُنْكَرَ	فَمَا كَانَ	جَوَابَ قَوْمِهٖ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوا	ائْتِنَا	بِعَذَابِ اللّٰهِ	اِنْ كُنْتَ
ناشائستہ حرکات	سو نہ تھا	اس کی قوم کا جواب	سوائے	کہ	انہوں نے کہا	لے آ ہم پر	اللہ کا عذاب	اگر تو ہے

ناشائستہ حرکات، سو اس کی قوم کا جواب اس کے سوا نہ تھا کہ انہوں نے کہا ہم پر اللہ کا عذاب لے آ، اگر تو ہے

ع ۳ ۸ ۱۵

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَلَمَّا جَاۗءَتْ

مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِيْ	عَلَى	الْقَوْمِ	الْمُفْسِدِيْنَ	وَلَمَّا جَاۗءَتْ
سے	سچے لوگ	کہا	اے میرے رب	میری مدد فرما	پر	قوم۔ لوگ	مفسد (جمع)	اور جب آئے

سچے لوگوں میں سے۔ لوطؑ نے کہا اے میرے رب! مفسد لوگوں پر میری مدد فرما۔ اور جب آئے

رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ

رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْٓا	اِنَّا	مُهْلِكُوْٓا	اَهْلِ	هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)	ابراہیم	خوشخبری لے کر	انہوں نے کہا	بیشک ہم	ہلاک کرنے والے	لوگ	اس بستی

ہمارے فرشتے ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لے کر، انہوں نے کہا بیشک ہم اس بستی کے لوگوں کو ہلاک کرنیوالے ہیں

اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ۭ قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ

اِنَّ	اَهْلَهَا	كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ	قَالَ	اِنَّ فِيْهَا	لُوْطًا	قَالُوْا	نَحْنُ	اَعْلَمُ
بیشک	اس کے لوگ	ظالم (بڑے شریر) ہیں	ابراہیم نے کہا	بیشک اس میں	لوطؑ	وہ بولے	ہم	خوب جانتے ہیں

بیشک اس (بستی) کے لوگ بڑے شریر ہیں۔ ابراہیمؑ نے کہا بیشک اس (بستی) میں لوطؑ (بھی ہے) وہ (فرشتے) بولے ہم خوب جانتے ہیں

بِمَنْ فِيْهَا ۭ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڰ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

بِمَنْ فِيْهَا	لَنُنَجِّيَنَّهٗ	وَاَهْلَهٗ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	كَانَتْ	مِنَ	الْغٰبِرِيْنَ
اس کو جو اس میں	البتہ ہم بچالیں گے اس کو	اور اس کے گھر والے	سوا	اس کی بیوی	وہ ہے	سے	پیچھے رہ جانے والے

اس کو جو اس (بستی) میں ہے، البتہ ہم اس کو اور اس کے گھر والوں کو اس کی بیوی کے سوا ضرور بچالیں گے (کہ) وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے۔

وَلَمَّآ اَنْ جَاۗءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْۗءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالُوْا

وَلَمَّآ	اَنْ	جَاۗءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِيْۗءَ	بِهِمْ	وَضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا وَّقَالُوْا
اور جب	کہ	آئے	ہمارے فرشتے	لوطؑ کے پاس	پریشان ہوا	ان سے	اور تنگ ہوا	ان سے	دل میں اور وہ بولے

اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس آئے وہ ان (کے آنے) سے پریشان ہوا اور ان کی وجہ سے دل تنگ ہوا اور وہ بولے

(۳۳) لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۖ إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ

لَا تَخَفْ	وَلَا تَحْزَنْ	إِنَّا مُنَجُّوكَ	وَأَهْلَكَ	إِلَّا	امْرَأَتَكَ	كَانَتْ	مِنَ الْغَابِرِينَ
ڈرو نہیں تم	اور نہ غم کھاؤ	بیشک ہم بچانے والے ہیں تجھے	اور تیرے گھر والے	سوا	تیری بیوی	وہ ہے	سے پیچھے رہ جانے والے

تم ڈرو نہیں اور غم نہ کھاؤ، بیشک ہم تیری بیوی کے سوا تجھے اور تیرے گھر والوں کو بچانے والے ہیں (کہ) وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے۔

(۳۴) إِنَّا مُنْزِلُونَ عَلَىٰ أَهْلِ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ

إِنَّا	مُنْزِلُونَ	عَلَىٰ	أَهْلِ	هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ	رِجْزًا	مِنَ السَّمَاءِ	بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ
بیشک ہم	نازل کرنے والے	پر	لوگ	اس بستی	عذاب	آسمان سے	اس وجہ سے کہ وہ بدکاری کرتے تھے

بیشک ہم اس بستی پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں، اس وجہ سے کہ وہ بدکاری کرتے تھے۔

وَلَقَدْ تَرَكْنَا مِنْهَا آيَةً بَيِّنَةً لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (۳۵) وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ

وَلَقَدْ تَرَكْنَا	مِنْهَا	آيَةً بَيِّنَةً	لِقَوْمٍ	يَعْقِلُونَ	وَ	إِلَىٰ مَدْيَنَ	أَخَاهُمْ
اور البتہ ہم نے چھوڑا	اس سے	کچھ واضح نشانی	لوگوں کے لئے	وہ عقل رکھتے ہیں	اور	مدین کی طرف	ان کا بھائی

اور البتہ ہم نے اس (بستی) سے کچھ واضح نشان ان لوگوں کے لئے چھوڑے (باقی رکھے) جو عقل رکھتے ہیں۔ اور مدین (والوں) کی طرف ان کے بھائی

شُعَيْبًا فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَ

شُعَيْبًا	فَقَالَ	يَا قَوْمِ	اعْبُدُوا	اللَّهَ	وَارْجُوا	الْيَوْمَ الْآخِرَ	وَ
شعیبؑ کو	پس اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ	اور امیدوار رہو	آخرت کا دن	اور

شعیبؑ کو (بھیجا) پس اس نے کہا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو اور آخرت کے دن کے امیدوار رہو، اور

لَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ (۳۶) فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ

لَا تَعْثَوْا	فِي الْأَرْضِ	مُفْسِدِينَ	فَكَذَّبُوهُ	فَأَخَذَتْهُمُ
نہ پھرو	زمین میں	فساد کرتے ہوئے (مچاتے)	پھر انہوں نے جھٹلایا اس کو	تو آ پکڑا انہیں

زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو۔ پھر انہوں نے اس کو جھٹلایا تو اُن کو آ پکڑا

الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ (۳۷) وَعَادًا وَثَمُودَا وَقَدْ

الرَّجْفَةُ	فَأَصْبَحُوا	فِي دَارِهِمْ	جَاثِمِينَ	وَعَادًا	وَثَمُودَا	وَقَدْ
زلزلہ	پس وہ صبح کو ہو گئے	اپنے گھر میں	اوندھے پڑے ہوئے	اور عادؑ	اور ثمودؑ	اور تحقیق

زلزلہ نے پس وہ صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ اور (ہم نے ہلاک کیا) عاد اور ثمود کو، اور تحقیق

تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

تَبَيَّنَ	لَكُمْ	مِنْ مَّسٰكِنِهِمْ	وَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	اَعْمَالَهُمْ
واضح ہوگئے ہیں	تم پر	ان کے رہنے کے مقامات	اور بھلے کر دکھائے	ان کے لئے	شیطان	ان کے اعمال

تم پر ان کے رہنے کے مقامات واضح ہو گئے ہیں، اور شیطان نے ان کے اعمال ان کے لئے (انہیں) بھلے کر دکھائے

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۙ﴿۳۸﴾ وَقَارُوْنَ وَ

فَصَدَّهُمْ	عَنِ	السَّبِيْلِ	وَكَانُوْا	مُسْتَبْصِرِيْنَ	وَقَارُوْنَ	وَ
پھر روک دیا انہیں	سے	راہ	حالانکہ وہ تھے	سمجھ بوجھ والے	اور قارون	اور

پھر اس نے انہیں راہِ (حق) سے روک دیا، حالانکہ وہ سمجھ بوجھ والے تھے۔ اور (ہم نے ہلاک کیا) قارون اور

فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۫ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا

فِرْعَوْنَ	وَهَامٰنَ	وَ	لَقَدْ جَآءَهُمْ	مُّوْسٰى	بِالْبَيِّنٰتِ	فَاسْتَكْبَرُوْا
فرعون	اور ہامان	اور	اور البتہ آئے ان کے پاس	موسیٰ ؑ	کھلی نشانیوں کے ساتھ	تو انہوں نے تکبر کیا

فرعون، اور ہامان کو، اور ان کے پاس موسیٰ ؑ کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے تو انہوں نے تکبر کیا

فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۚ﴿۳۹﴾ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ

فِي الْاَرْضِ	وَ	مَا كَانُوْا	سٰبِقِيْنَ	فَكُلًّا	اَخَذْنَا	بِذَنْۢبِهٖ	فَمِنْهُمْ
زمین (ملک) میں	اور	وہ نہ تھے	بچ کر بھاگ نکلنے والے	پس ہر ایک	ہم نے پکڑا	اس کے گناہ پر	تو ان میں سے

ملک میں، اور وہ بچ کر بھاگ نکلنے والے نہ تھے۔ پس ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ پر پکڑا تو ان میں سے (بعض وہ ہیں)

مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ

مَنْ	اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِ	حَاصِبًا	وَمِنْهُمْ	مَنْ	اَخَذَتْهُ	الصَّيْحَةُ	وَمِنْهُمْ
جو	ہم نے بھیجی	اس پر	پتھروں کی بارش	اور ان میں سے	جو (بعض)	اس کو پکڑا	چنگھاڑ	اور ان میں سے

جن پر ہم نے پتھروں کی بارش بھیجی، اور ان میں سے بعض کو چنگھاڑ نے آ پکڑا، اور ان میں سے

مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

مَنْ	خَسَفْنَا	بِهِ	الْاَرْضَ	وَمِنْهُمْ	مَنْ اَغْرَقْنَا	وَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ
جو	ہم نے دھنسا دیا	اس کو	زمین	اور ان میں سے	جو ہم نے غرق کر دیا	اور نہیں ہے	اللہ	ظلم کرتا ان پر

بعض کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا، اور ان میں سے بعض کو ہم نے غرق کر دیا، اور اللہ (ایسا) نہیں کہ ان پر ظلم کرتا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	مَثَلُ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اور لیکن (بلکہ)	وہ تھے	خود اپنی جانوں پر	ظلم کرتے	مثال	وہ لوگ جنہوں نے	بنائے	اللہ کے سوا

بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ ان لوگوں کی مثال جنہوں نے بنائے اللہ کے سوا

اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ

اَوْلِيَآءَ	كَمَثَلِ	الْعَنْكَبُوْتِ	اِتَّخَذَتْ	بَيْتًا	وَاِنَّ	اَوْهَنَ	الْبُيُوْتِ	لَبَيْتُ
مددگار	مانند	مکڑی	اس نے بنایا	ایک گھر	اور بیشک	سب سے کمزور	گھروں میں	گھر ہے

مددگار، مکڑی کی مانند ہے، اس نے ایک گھر بنایا، اور گھروں میں سب سے کمزور (بودا) گھر

الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

الْعَنْكَبُوْتِ	لَوْ كَانُوْا	يَعْلَمُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا يَدْعُوْنَ	مِنْ
مکڑی کا	کاش ہوتے وہ	جانتے	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو وہ پکارتے ہیں	سے

مکڑی کا ہے، کاش وہ جانتے ہوتے۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ پکارتے ہیں،

دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا

دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	وَتِلْكَ	الْاَمْثَالُ	نَضْرِبُهَا
اس کے سوا	کوئی چیز	اور وہ	غالب (زبردست ہے)	حکمت والا	اور یہ	مثالیں	ہم وہ بیان کرتے ہیں

اس کے سوا کوئی چیز، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ اور یہ مثالیں ہم بیان کرتے ہیں،

لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ


لِلنَّاسِ	وَمَا يَعْقِلُهَآ	اِلَّا	الْعٰلِمُوْنَ	خَلَقَ اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ
لوگوں کے لئے	اور نہیں سمجھتے انہیں	سوا	جاننے والے	پیدا کیا اللہ نے	آسمان (جمع)	اور زمین

لوگوں کے لئے، اور انہیں نہیں سمجھتے، جاننے والوں کے سوا۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا،

بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

بِالْحَقِّ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
حق کے ساتھ	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	ایمان والوں کے لئے

حق کے ساتھ، بیشک اس میں ایمان والوں کے لئے نشانی ہے۔


بسم اللہ الرحمن الرحیم
نوٹ فرمالیں
پارہ ۲۰ صفحہ پر ۸۶۷ پر ختم ہوا ہے
پارہ ۲۱ صفحہ ۸۶۹ سے شروع ہو رہا ہے۔
شکریہ

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی

اُتْلُ	مَا	اُوْحِیَ	اِلَیْكَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَاَقِمِ	الصَّلٰوةَ	اِنَّ	الصَّلٰوةَ	تَنْهٰی
آپ پڑھیں	جو	وحی کی گئی	آپ کی طرف	کتاب سے	اور قائم کریں	نماز	بیشک	نماز	روکتی ہے

آپ پڑھیں جو آپ کی طرف کتاب وحی کی گئی ہے، اور نماز قائم کریں، بے شک نماز روکتی ہے

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ

عَنِ	الْفَحْشَآءِ	وَالْمُنْكَرِ	وَلَذِكْرُ اللّٰهِ	اَكْبَرُ	وَاللّٰهُ	یَعْلَمُ	مَا تَصْنَعُوْنَ	وَ
سے	بے حیائی	اور برائی	اور البتہ اللہ کی یاد	سب سے بڑی بات	اور اللہ	جانتا ہے	جو تم کرتے ہو	اور

بے حیائی اور برائی سے، اور البتہ اللہ کی یاد سب سے بڑی بات ہے، اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور

لَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَ

لَا تُجَادِلُوْٓا	اَهْلَ الْكِتٰبِ	اِلَّا	بِالَّتِیْ	هِیَ اَحْسَنُ	اِلَّا	الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	وَ
تم نہ جھگڑو	اہل کتاب	مگر	اس طریقہ سے جو	وہ بہتر	بجز	جن لوگوں نے ظلم کیا	ان (میں) سے	اور

تم اہل کتاب سے نہ جھگڑو، مگر اس طریقہ سے جو بہتر ہو، بجز ان میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا، اور

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَاُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ

قُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ	اُنْزِلَ	اِلَیْنَا	وَاُنْزِلَ	اِلَیْكُمْ	وَاِلٰهُنَا	وَاِلٰهُكُمْ	وَاحِدٌ	وَنَحْنُ
تم کہو	ہم ایمان لائے اس پر جو	نازل کیا گیا	ہماری طرف	اور نازل کیا گیا	تمہاری طرف	اور ہمارا معبود	اور تمہارا معبود	ایک	اور ہم

تم کہو ہم اس پر ایمان لائے جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور جو تمہاری طرف نازل کیا گیا اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہے، اور ہم

لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یُؤْمِنُوْنَ

لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ	وَ	كَذٰلِكَ	اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ	الْكِتٰبَ	فَالَّذِیْنَ	اٰتَیْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	یُؤْمِنُوْنَ
اس کے	فرمانبردار (جمع)	اور	اسی طرح	ہم نے نازل کی تمہاری طرف	کتاب	پس جن لوگوں کو	ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ ایمان لاتے ہیں

اس کے فرمانبردار ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف کتاب نازل کی، پس جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ ایمان لاتے ہیں

بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ یُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ

بِهٖ	وَ	مِنْ هٰٓؤُلَآءِ	مَنْ یُّؤْمِنُ	بِهٖ	وَمَا یَجْحَدُ	بِاٰیٰتِنَآ	اِلَّا	الْكٰفِرُوْنَ	وَ
اس پر	اور	ان (اہل مکہ) سے	بعض ایمان لاتے ہیں	اس پر	اور وہ نہیں انکار کرتے	ہماری آیتوں کا	مگر (صرف)	کافر (جمع)	اور

اس پر، اور اہل مکہ میں سے بعض اس پر ایمان لاتے ہیں، اور ہماری آیتوں سے انکار صرف کافر کرتے ہیں۔ اور

مَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾

مَا	كُنْتَ تَتْلُوْا	مِنْ قَبْلِهٖ	مِنْ كِتٰبٍ	وَّلَا تَخُطُّهٗ	بِيَمِيْنِكَ	اِذًا	لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ
نہ	آپ پڑھتے تھے	اس سے قبل	کوئی کتاب	اور نہ اسے لکھتے تھے	اپنے دائیں ہاتھ سے	اس (صورت) میں	البتہ شک کرتے حق ناشناس

آپ اس سے (نزولِ قرآن سے) قبل کوئی کتاب پڑھتے تھے اور نہ اپنے دائیں ہاتھ سے اسے لکھتے تھے۔ اس صورت میں البتہ حق ناشناس شک کرتے۔

بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

بَلْ هُوَ	اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ	فِيْ صُدُوْرِ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	وَمَا يَجْحَدُ	بِاٰيٰتِنَآ	اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ
بلکہ وہ (یہ)	واضح آیتیں	سینوں میں	وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	اور نہیں انکار کرتے	ہماری آیتوں کا	مگر (صرف) ظالم (جمع)

بلکہ یہ واضح آیتیں ان لوگوں کے سینوں میں (محفوظ) ہیں جنہیں علم دیا گیا، اور ہماری آیتوں کا انکار صرف ظالم کرتے ہیں۔

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَ

وَقَالُوْا	لَوْلَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيٰتٌ	مِّنْ رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّمَا الْاٰيٰتُ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ
اور وہ بولے	کیوں نہ	نازل کی گئی	اس پر	نشانیاں	اسکے رب سے	آپ فرمادیں	اسکے سوا نہیں نشانیاں	اللہ کے پاس	اور

اور وہ بولے اس پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں (معجزات) کیوں نہ نازل کی گئیں، آپ فرمادیں اسکے سوا نہیں کہ نشانیاں (معجزات) اللہ کے پاس ہیں اور

اِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ

اِنَّمَآ اَنَا	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ	اَنَّآ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ
اس کے سوا نہیں کہ میں	ڈرانے والا	صاف صاف	کیا ان کے لئے کافی نہیں	کہ ہم نے نازل کی	آپ پر	کتاب	پڑھی جاتی ہے	ان پر

اس کے سوا نہیں کہ میں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ کیا ان لوگوں کے لئے کافی نہیں کہ ہم نے آپ پر کتاب نازل کی جو ان پر پڑھی جاتی ہے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَ

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَرَحْمَةً	وَّذِكْرٰى	لِقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	قُلْ	كَفٰى بِاللّٰهِ	بَيْنِيْ وَ
بیشک	اس میں	البتہ رحمت ہے	اور نصیحت	ان لوگوں کے لئے	وہ ایمان لاتے ہیں	آپ فرمادیں	کافی ہے	اللہ	میرے درمیان اور

بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے رحمت اور نصیحت ہے جو ایمان لاتے ہیں۔ آپ فرمادیں اللہ کافی ہے میرے اور

بَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ

بَيْنَكُمْ	شَهِيْدًا ۚ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِالْبَاطِلِ
تمہارے درمیان	گواہ	وہ جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور زمین میں	اور جو لوگ	ایمان لائے	باطل پر

تمہارے درمیان گواہ، وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے

ع ۵ ۱

وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَلَوْلَآ اَجَلٌ

وَكَفَرُوْا	بِاللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْخٰسِرُوْنَ	وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ	بِالْعَذَابِ	وَلَوْلَا	اَجَلٌ
اور وہ منکر ہوئے	اللہ کے	وہی ہیں	وہ گھاٹا پانے والے	اور وہ آپؐ سے جلدی کرتے ہیں	عذاب کی	اور اگر نہ	میعاد

اور وہ اللہ کے منکر ہوئے وہی لوگ ہیں گھاٹا پانے والے۔ اور وہ آپؐ سے عذاب کی جلدی کرتے ہیں، اور اگر میعاد نہ ہوتی

مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۳﴾

مُّسَمًّى	لَّجَآءَهُمُ	الْعَذَابُ	وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
مقرر	تو آچکا ہوتا ان پر	عذاب	اور ضرور ان پر آئے گا	اچانک	اور وہ	انہیں خبر نہ ہو گی

مقرر، تو ان پر عذاب آچکا ہوتا، اور وہ ان پر ضرور اچانک آئے گا اور انہیں خبر (بھی) نہ ہو گی۔

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ	بِالْعَذَابِ	وَاِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمُحِيْطَةٌ	بِالْكٰفِرِيْنَ	يَوْمَ	يَغْشٰىهُمُ
وہ آپؐ سے جلدی کرتے ہیں	عذاب کی	اور بیشک	جہنم	البتہ گھیرا ہوئے	کافروں کو	(جس) دن	انہیں ڈھانپ لے گا

اور وہ آپؐ سے عذاب کی جلدی کرتے ہیں، اور بیشک جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے" جس دن انہیں ڈھانپ لے گا

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾

الْعَذَابُ	مِنْ فَوْقِهِمْ	وَ	مِنْ تَحْتِ	اَرْجُلِهِمْ	وَيَقُوْلُ	ذُوْقُوْا	مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
عذاب	ان کے اوپر سے	اور	نیچے سے	ان کے پاؤں	اور وہ کہے گا	چکھو تم	جو	تم کرتے تھے

عذاب، ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے اور (اللہ تعالیٰ) کہے گا (اس کا مزہ) چکھو جو تم کرتے تھے۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ كُلُّ نَفْسٍ

يٰعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِنَّ	اَرْضِيْ	وَاسِعَةٌ	فَاِيَّايَ	فَاعْبُدُوْنِ	كُلُّ نَفْسٍ
اے میرے بندو	جو ایمان لائے	بیشک	میری زمین	وسیع	پس میری ہی	پس تم عبادت کرو	ہر شخص

اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو، بیشک میری زمین وسیع ہے، پس تم میری ہی عبادت کرو۔ ہر شخص کو

ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

ذَآئِقَةُ	الْمَوْتِ	ثُمَّ اِلَيْنَا	تُرْجَعُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَنُبَوِّئَنَّهُمْ
چکھنا	موت	پھر ہماری طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	ہم ضرور انہیں جگہ دیں گے

موت (کا مزہ) چکھنا ہے، پھر تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ہم ضرور انہیں جگہ دیں گے

مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ

مِنَ	الْجَنَّةِ	غُرَفًا	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	نِعْمَ اَجْرُ
سے۔کے	جنت	بالاخانے	جاری ہیں	اس کے نیچے سے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	(کیا ہی) اچھا اجر

جنت کے بالاخانوں میں، اس کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، کیا ہی اچھا اجر ہے

الْعٰمِلِيْنَ ﴿۵۸﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ

الْعٰمِلِيْنَ	الَّذِيْنَ صَبَرُوْا	وَعَلٰى رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَكَاَيِّنْ	مِنْ دَآبَّةٍ	لَّا تَحْمِلُ
کام کرنے والے	جن لوگوں نے صبر کیا	اور اپنے رب پر	وہ بھروسہ کرتے ہیں	اور بہت سے	جانور جو	نہیں اٹھاتے

کام کرنے والوں کا۔ جن لوگوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اور بہت سے جانور ہیں (جو) نہیں اٹھائے (پھرتے)

رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

رِزْقَهَا	اَللّٰهُ	يَرْزُقُهَا	وَاِيَّاكُمْ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ
اپنی روزی	اللہ	انہیں روزی دیتا ہے	اور تمہیں بھی	اور وہ	سننے والا	جاننے والا	اور البتہ اگر	تم پوچھو ان سے

اپنی روزی اللہ انہیں روزی دیتا ہے، اور تمہیں بھی، اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ اور البتہ اگر تم ان سے پوچھو

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ

مَّنْ خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ
کس نے بنایا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور مسخر کیا (کام میں لگایا)	سورج	اور چاند	وہ ضرور کہیں گے	اللہ

کس نے زمین اور آسمانوں کو بنایا؟ اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا؟ تو وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے"

فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ

فَاَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ	اَللّٰهُ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ	وَيَقْدِرُ	لَهٗ
پھر کہاں	وہ الٹے پھیرے جاتے ہیں	اللہ	فراخ کرتا ہے	روزی	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	اپنے بندوں میں سے	اور تنگ کر دیتا ہے	اسکے لئے

پھر وہ کہاں اُلٹے پھیرے جاتے ہیں؟ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہے روزی فراخ کرتا ہے اور (جس کے لئے چاہے) اسکے لئے تنگ کر دیتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

اِنَّ اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	نَّزَّلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
بیشک اللہ	ہر چیز کا	جاننے والا	اور البتہ اگر	تم ان سے پوچھو	کس نے	اتارا	آسمان سے	پانی

بیشک اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اور البتہ اگر تم ان سے پوچھو کس نے آسمان سے پانی اتارا؟

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

فَاَحْيَا	بِهِ	الْاَرْضَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَوْتِهَا	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلِ	الْحَمْدُ لِلّٰهِ	بَلْ
پھر زندہ کر دیا	اس سے	زمین	بعد	اس کا مرنا	البتہ وہ کہیں گے	اللہ	آپ کہہ دیں	تمام تعریفیں اللہ کے لئے	لیکن

پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کر دیا، وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے"، آپ فرما دیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، لیکن

٦ ع ١٢ ٢

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ

اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَمَا	هٰذِهِ	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	اِلَّا لَهْوٌ	وَلَعِبٌ	وَاِنَّ
ان میں اکثر	وہ عقل سے کام نہیں لیتے	اور نہیں	یہ	دنیا کی زندگی	سوائے کھیل	اور کود	اور بیشک

ان میں اکثر عقل سے کام نہیں لیتے۔ اور یہ دنیا کی زندگی کھیل کود کے سوا کچھ نہیں، اور بیشک

وقف لازم

الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٤﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ

الدَّارَ الْاٰخِرَةَ	لَهِيَ	الْحَيَوَانُ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	فَاِذَا	رَكِبُوْا	فِي الْفُلْكِ	دَعَوُا اللّٰهَ
آخرت کا گھر	البتہ وہی	زندگی	کاش	وہ جانتے ہوتے	پھر جب	وہ سوار ہوتے ہیں	کشتی میں	اللہ کو پکارتے ہیں

آخرت کا گھر ہی (اصل) زندگی ہے، کاش وہ جانتے ہوتے۔ پھر جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو وہ اللہ کو پکارتے ہیں

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٥﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ

مُخْلِصِيْنَ	لَهُ الدِّيْنَ	فَلَمَّا	نَجّٰىهُمْ	اِلَى الْبَرِّ	اِذَا هُمْ	يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا	بِمَا
خالص رکھ کر	اس کے لئے اعتقاد	پھر جب	وہ انہیں نجات دیتا ہے	خشکی کی طرف	ناگہاں (فوراً) وہ	شرک کرنے لگتے ہیں	تاکہ ناشکری کریں	وہ جو

خالص اُسی پر اعتقاد رکھتے ہوئے، پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف نجات دیتا (بچا لاتا) ہے تو وہ فوراً شرک کرنے لگتے ہیں، تاکہ اس کی ناشکری کریں جو

اٰتَيْنٰهُمْ ۙ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۟ (وقفة) فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّ

اٰتَيْنٰهُمْ	وَلِيَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّا جَعَلْنَا	حَرَمًا	اٰمِنًا	وَ
ہم نے انہیں دیا	اور تاکہ وہ فائدہ اٹھائیں	پس عنقریب وہ	جان لیں گے وہ	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	کہ ہم نے بنایا	حرم (سرزمین مکہ)	امن کی جگہ	جبکہ

ہم نے انہیں دیا ہے اور تاکہ وہ فائدہ اٹھائیں، پس عنقریب وہ جان لیں گے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے سرزمین مکہ کو امن کی جگہ بنایا، جبکہ

يُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿٦٧﴾

يُتَخَطَّفُ	النَّاسُ	مِنْ	حَوْلِهِمْ	اَفَبِالْبَاطِلِ	يُؤْمِنُوْنَ	وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ	يَكْفُرُوْنَ
اُچک لئے جاتے ہیں	لوگ	سے (کے)	اسکے اردگرد	کیا پس باطل پر	ایمان لاتے ہیں	اور اللہ کی نعمت کی	ناشکری کرتے ہیں

اس کے اردگرد کے لوگ اُچک لئے جاتے ہیں، پس کیا وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ

وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ كَذَّبَ	بِالْحَقِّ	لَمَّا	جَآءَهٗ
اور کون	بڑا ظالم	اس سے جس نے	باندھا	اللہ پر	جھوٹ	یا جھٹلایا اس نے	حق کو	جب	وہ آیا اس کے پاس

اور اس سے بڑا ظالم کون ہے؟ جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا، یا جب حق اس کے پاس آیا اس نے اسے جھٹلایا

اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ

اَلَيْسَ	فِىْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَ	الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا	فِيْنَا	لَنَهْدِيَنَّهُمْ
کیا نہیں	جہنم میں	ٹھکانہ	کافروں کے لئے	اور	جن لوگوں نے کوشش کی	ہماری (راہ) میں	ہم ضرور انہیں ہدایت دیں گے

کیا جہنم میں کافروں کے لئے ٹھکانہ نہیں؟ اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں کوشش کی، ہم ضرور انہیں ہدایت دیں گے

سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۶۹﴾ ع ۷ ۶ ۳

سُبُلَنَا	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ
اپنے راستے (جمع)	اور بیشک	اللہ	البتہ ساتھ ہے نیکوکاروں کے

اپنے راستوں کی، اور بیشک اللہ نیکوکاروں کے ساتھ ہے

اٰیاتُھا ۶۰ | ۳۰ = سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ = ۸۴ | رکوعاتُھا ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿۲﴾ فِىْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ

الٓمّٓ ﴿۱﴾	غُلِبَتِ	الرُّوْمُ	فِىْٓ	اَدْنَى الْاَرْضِ	وَهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	غَلَبِهِمْ
الٓمّٓ	مغلوب ہو گئے	رومی	میں	قریب کی زمین	اور وہ	بعد	اپنے مغلوب ہونے

الف۔لام۔میم۔ رومی قریب کی سرزمین میں مغلوب ہو گئے، اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد

سَيَغْلِبُوْنَ ﴿۳﴾ فِىْ بِضْعِ سِنِيْنَ ؕ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ وَيَوْمَئِذٍ

سَيَغْلِبُوْنَ	فِىْ	بِضْعِ سِنِيْنَ	لِلّٰهِ الْاَمْرُ	مِنْ قَبْلُ	وَمِنْۢ بَعْدُ	وَيَوْمَئِذٍ
عنقریب وہ غالب ہوں گے	میں	چند سال (جمع)	اللہ ہی کے لئے حکم	پہلے	اور پیچھے	اور اس دن

عنقریب چند سالوں میں غالب ہوں گے۔ پہلے بھی اور پیچھے بھی اللہ ہی کا حکم ہے، اور اس دن

يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ۝٤ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝٥

يَفْرَحُ	الْمُؤْمِنُوْنَ	بِنَصْرِ اللّٰهِ	يَنْصُرُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الرَّحِيْمُ
خوش ہوں گے	اہل ایمان	اللہ کی مدد سے	وہ مدد دیتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور وہ	غالب	نہایت مہربان

اہل ایمان اللہ کی مدد سے خوش ہوں گے ۔ وہ جس کو چاہتا ہے مدد دیتا ہے، اور وہ غالب نہایت مہربان ہے ۔

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٦

وَعْدَ اللّٰهِ	لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ	وَعْدَهٗ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ
اللہ کا وعدہ ہے	خلاف نہیں کرتا اللہ	اپنا وعدہ	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے

(یہ) اللہ کا وعدہ ہے ، اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا، اور لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ۔

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٧

يَعْلَمُوْنَ	ظَاهِرًا	مِنَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَهُمْ	عَنِ	الْاٰخِرَةِ	هُمْ	غٰفِلُوْنَ
وہ جانتے ہیں	ظاہر کو	سے	دنیا کی زندگی	اور وہ	سے	آخرت	وہ	غافل ہیں

وہ دنیا کی زندگی کے (صرف) ظاہر کو جانتے ہیں، اور وہ آخرت سے غافل ہیں۔

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

اَوَ	لَمْ يَتَفَكَّرُوْا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا
کیا	وہ غور نہیں کرتے	اپنے جی (دل) میں	نہیں	پیدا کیا	اللہ	آسمانوں	اور زمین	اور جو

کیا وہ اپنے دل میں غور نہیں کرتے ؟ اللہ نے نہیں پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو، اور جو کچھ

بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ

بَيْنَهُمَا	اِلَّا	بِالْحَقِّ وَ	اَجَلٍ مُّسَمًّى	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	مِنَ النَّاسِ	بِلِقَآئِ	رَبِّهِمْ
ان دونوں کے درمیان	مگر	درست تدبیر کے ساتھ اور	ایک مقررہ میعاد	اور بیشک	اکثر	لوگوں سے	ملاقات سے	اپنا رب

ان دونوں کے درمیان ہے مگر درست تدبیر کے ساتھ، اور ایک مقررہ میعاد کے لئے، اور بیشک لوگوں میں سے اکثر اپنے رب کی ملاقات کے

لَكٰفِرُوْنَ ۝٨ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

لَكٰفِرُوْنَ	اَوَ	لَمْ يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ كَانَ	عَاقِبَةُ
منکر ہیں	کیا	انہوں نے سیر نہیں کی	زمین میں	جو وہ دیکھتے	کیسا ہوا	انجام

منکر ہیں ۔ کیا انہوں نے زمین (دنیا) میں سیر نہیں کی ؟ کہ وہ دیکھتے کیسا انجام ہوا ؟

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْا	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَاَثَارُوا	الْاَرْضَ	وَعَمَرُوْهَا
وہ لوگ جو	ان سے پہلے	وہ تھے	بہت زیادہ	ان سے	قوت میں	اور انہوں نے بویا جوتا	زمین	اور انہوں نے اس کو آباد کیا

ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے، وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ تھے، اور انہوں نے زمین کو بویا جوتا، اور اس کو آباد کیا،

اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

اَكْثَرَ	مِمَّا	عَمَرُوْهَا	وَجَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ
زیادہ	اس سے جو	انہوں نے اسے آباد کیا	اور ان کے پاس آئے	ان کے رسول	روشن دلائل کے ساتھ	پس نہ تھا	اللہ	کہ ان پر ظلم کرتا

اِس سے زیادہ (جس قدر) اِنہوں نے آباد کیا ہے، اور اُن کے پاس ان کے رسول روشن دلائل کے ساتھ آئے، پس اللہ (ایسا) نہ تھا کہ وہ ان پر ظلم کرتا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝٩ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓآٰى

وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	ثُمَّ	كَانَ	عَاقِبَةَ	الَّذِيْنَ	اَسَآءُوا	السُّوْٓآٰى
اور لیکن	وہ تھے	اپنی جانیں	ظلم کرتے	پھر	ہوا	انجام	جن لوگوں نے	برے کام کئے	برا

اور لیکن وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ پھر جن لوگوں نے برے کام کئے ان کا انجام برا ہوا،

اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝١٠ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ

اَنْ كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَكَانُوْا	بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَللّٰهُ	يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ
کہ انہوں نے جھٹلایا	اللہ کی آیتوں کو	اور تھے وہ	اس سے مذاق کرتے	اللہ	پہلی بار پیدا کرتا ہے	خلقت

کہ انہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا، اور وہ ان کا مذاق اڑاتے تھے۔ البتہ پہلی بار خلقت کو پیدا کرتا ہے

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝١١ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝١٢

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ	ثُمَّ اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَيَوْمَ	تَقُوْمُ السَّاعَةُ	يُبْلِسُ	الْمُجْرِمُوْنَ
پھر وہ اسے دوبارہ پیدا کریگا	پھر اس کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور جس دن	برپا ہوگی قیامت	ناامید ہو جائیں گے	مجرم (جمع)

پھر وہ اسے دوبارہ پیدا کرے گا پھر تم اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور جس دن قیامت برپا ہوگی مجرم ناامید ہو کر رہ جائیں گے۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝١٣ وَيَوْمَ

وَلَمْ يَكُنْ	لَّهُمْ	مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ	شُفَعٰٓؤُا	وَكَانُوْا	بِشُرَكَآئِهِمْ	كٰفِرِيْنَ	وَيَوْمَ
اور نہ ہوں گے	ان کے لئے	ان کے شریکوں میں سے	کوئی سفارشی	اور وہ ہو جائیں گے	اپنے شریکوں کے	منکر	اور جس دن

اور ان کے شریکوں میں سے کوئی ان کے سفارشی نہ ہوں گے، اور وہ اپنے شریکوں کے منکر ہو جائیں گے۔ اور جس دن

تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

تَقُوْمُ السَّاعَةُ	يَوْمَئِذٍ	يَتَفَرَّقُوْنَ	فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
قائم ہوگی قیامت	اس دن	متفرق ہو جائیں گے	پس جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک

قیامت قائم ہوگی اس دن (لوگ) متفرق (تتر بتر) ہو جائیں گے۔ پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے

فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ

فَهُمْ	فِيْ رَوْضَةٍ	يُّحْبَرُوْنَ	وَاَمَّا الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَ
سو وہ	باغ میں	خوشحال (آؤ بھگت کئے جائیں گے)	اور جن لوگوں نے	کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	اور

سو وہ باغِ (جنت) میں آؤ بھگت کئے جائیں گے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا، اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو ، اور

لِقَآءِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ

لِقَآءِ	الْاٰخِرَةِ	فَاُولٰٓئِكَ	فِي الْعَذَابِ	مُحْضَرُوْنَ	فَسُبْحٰنَ	اللّٰهِ	حِيْنَ	تُمْسُوْنَ
ملاقات کو	آخرت	پس یہی لوگ	عذاب میں	حاضر (گرفتار) کئے جائیں گے	پس پاکیزگی (بیان کرو)	اللہ	جب	تم شام کرو (شام کے وقت)

آخرت کی ملاقات کو، پس یہی لوگ عذاب میں گرفتار کئے جائیں گے۔ پس تم اللہ کی پاکیزگی بیان کرو شام کے وقت

وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ

وَحِيْنَ	تُصْبِحُوْنَ	وَلَهُ	الْحَمْدُ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَعَشِيًّا	وَحِيْنَ
اور جب	تم صبح کرو (صبح کے وقت)	اور اسی کے لئے	تمام تعریفیں	آسمانوں میں	اور زمین	اور تیسرے پہر (زوال کے بعد)	اور جب

اور صبح کے وقت - اور اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں آسمانوں میں اور زمین میں ، اور تیسرے پہر اور

تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ

تُظْهِرُوْنَ	يُخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ الْمَيِّتِ	وَيُخْرِجُ	الْمَيِّتَ	مِنَ الْحَيِّ	وَيُحْيِ
تم ظہر کرتے ہو (ظہر کے وقت)	وہ نکالتا ہے	زندہ	مُردے سے	اور نکالتا ہے وہ	مُردہ	زندہ سے	اور وہ زندہ کرتا ہے

ظہر کے وقت - وہ مُردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور وہ زندہ سے مُردہ کو نکالتا ہے ، اور وہ زندہ کرتا ہے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ

الْاَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	وَكَذٰلِكَ	تُخْرَجُوْنَ	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖٓ	اَنْ	خَلَقَكُمْ
زمین	بعد	اس کا مرنا	اور اسی طرح	تم نکالے جاؤ گے	اور	اسکی نشانیوں سے	کہ	اس نے پیدا کیا تمہیں

زمین کو اس کے مرنے کے بعد، اور اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہیں پیدا کیا

مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ

مِنْ	تُرَابٍ	ثُمَّ	اِذَآ اَنْتُمْ	بَشَرٌ	تَنْتَشِرُوْنَ	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ	اَنْ	خَلَقَ	لَكُمْ
سے	مٹی	پھر	ناگہاں تم	آدمی	پھیلے ہوئے	اور اس کی نشانیوں سے	کہ	اس نے پیدا کیا	تمہارے لئے

مٹی سے، پھر تم ناگہاں (جا بجا) پھیلے ہوئے آدمی (ہو گئے)۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے پیدا کئے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ

مِنْ اَنْفُسِكُمْ	اَزْوَاجًا	لِّتَسْكُنُوْٓا	اِلَيْهَا	وَجَعَلَ	بَيْنَكُمْ	مَّوَدَّةً	وَّرَحْمَةً	اِنَّ
تمہاری جنس سے	جوڑے	تاکہ تم سکون حاصل کرو	انکی طرف (یا پاس)	اور اس نے کیا	تمہارے درمیان	محبت	اور مہربانی	بیشک

تمہاری جنس سے جوڑے (بیویاں)، تاکہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو، اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور مہربانی (پیدا) کی، بیشک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	خَلْقُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اس میں	البتہ نشانیاں	ان لوگوں کے لئے	وہ (غور و) فکر کرتے ہیں	اور	اسکی نشانیوں سے	اس نے پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین

اس میں البتہ ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں کو اور زمین کا پیدا کرنا

وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ

وَاخْتِلَافُ	اَلْسِنَتِكُمْ	وَاَلْوَانِكُمْ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّلْعٰلِمِيْنَ	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ
اور مختلف ہونا	تمہاری زبانیں	اور تمہارے رنگ	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	عالموں (دانشمندوں) کے لئے	اور اسکی نشانیوں سے

اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کے مختلف ہونے میں (نشانیاں ہیں) بیشک اس میں دانشمندوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور اسکی نشانیوں میں سے ہے

مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

مَنَامُكُمْ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَابْتِغَاۗؤُكُمْ	مِنْ فَضْلِهٖ	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ
تمہارا سونا	رات میں	اور دن	اور تمہارا تلاش کرنا	اس کے فضل سے	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں

تمہارا سونا رات میں، اور دن (کے وقت) اور تمہارا تلاش کرنا اس کے فضل سے (روزی)، بیشک اس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ

لِّقَوْمٍ	يَّسْمَعُوْنَ	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ	يُرِيْكُمُ	الْبَرْقَ	خَوْفًا	وَطَمَعًا	وَيُنَزِّلُ
ان لوگوں کے لئے	وہ سنتے ہیں	اور اس کی نشانیوں سے	وہ دکھاتا ہے تمہیں	بجلی	خوف	اور امید کے لئے	اور وہ نازل کرتا ہے

ان لوگوں کے لئے جو سنتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ تمہیں بجلی دکھاتا ہے خوف اور امید کے لئے، اور وہ نازل کرتا ہے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحۡىِۦ بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَيُحۡىِۦ بِهِ	الۡاَرۡضَ	بَعۡدَ مَوۡتِهَا	اِنَّ	فِىۡ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ
آسمان سے	پانی	پھر زندہ کرتا ہے اس سے	زمین	اس کے مرنے کے بعد	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں

آسمان سے پانی، پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے، بیشک اس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ اَنۡ تَقُوۡمَ السَّمَآءُ وَالۡاَرۡضُ بِاَمۡرِهٖ ؕ ثُمَّ

لِّقَوۡمٍ	يَّعۡقِلُوۡنَ	وَمِنۡ اٰيٰتِهٖۤ	اَنۡ	تَقُوۡمَ	السَّمَآءُ	وَالۡاَرۡضُ	بِاَمۡرِهٖ	ثُمَّ
ان لوگوں کے لئے	عقل سے کام لیتے ہیں	اور اس کی نشانیوں سے	کہ	قائم ہیں	آسمان	اور زمین	اس کے حکم سے	پھر

ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس کے حکم سے زمین و آسمان قائم ہیں۔ پھر

اِذَا دَعَاكُمۡ دَعۡوَةً ۖ مِّنَ الۡاَرۡضِ ۖ اِذَاۤ اَنۡتُمۡ تَخۡرُجُوۡنَ ﴿۲۵﴾ وَلَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ

اِذَا دَعَاكُمۡ	دَعۡوَةً	مِنَ الۡاَرۡضِ	اِذَاۤ اَنۡتُمۡ	تَخۡرُجُوۡنَ	وَلَهٗ	مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ
جب وہ تمہیں بلائے گا	ایک ندا	زمین سے	یکبارگی تم	نکل آؤ گے	اور اس کے لئے	جو آسمانوں میں

جب وہ ایک ندا دے کر تمہیں زمین سے بلائے گا تو تم یکبارگی نکل آؤ گے۔ اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَالۡاَرۡضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوۡنَ ﴿۲۶﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ وَهُوَ

وَالۡاَرۡضِ	كُلٌّ لَّهٗ	قٰنِتُوۡنَ	وَهُوَ الَّذِىۡ	يَبۡدَؤُا	الۡخَلۡقَ	ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ	وَهُوَ
اور زمین میں	سب اسی کے لئے	فرماں بردار	اور وہی ہے جو	پہلی بار پیدا کرتا ہے	خلقت	پھر اس کو دوبارہ پیدا کریگا	(اور وہ (یہ

اور زمین میں ہے، سب اسی کے فرمانبردار ہیں۔ اور وہی ہے جو پہلی بار خلقت کو پیدا کرتا ہے، پھر اسکو دوبارہ پیدا کرے گا، اور یہ

اَهۡوَنُ عَلَيۡهِ ؕ وَلَهُ الۡمَثَلُ الۡاَعۡلٰى فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ

اَهۡوَنُ	عَلَيۡهِ	وَلَهُ	الۡمَثَلُ	الۡاَعۡلٰى	فِى السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضِ	وَهُوَ	الۡعَزِيۡزُ
بہت آسان	اس پر	اور اسی کے لئے	شان	بلند تر	آسمانوں میں	اور زمین	اور وہ	غالب

اس پر بہت آسان ہے، اور اسی کی ہے بلند تر شان، آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہ غالب

الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۷﴾ ضَرَبَ لَكُمۡ مَّثَلًا مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ ؕ هَلۡ لَّكُمۡ مِّنۡ مَّا مَلَكَتۡ

الۡحَكِيۡمُ	ضَرَبَ	لَكُمۡ	مَّثَلًا	مِّنۡ	اَنۡفُسِكُمۡ	هَلۡ لَّكُمۡ	مِّنۡ	مَّا مَلَكَتۡ
حکمت والا	اس نے بیان کی	تمہارے لئے	ایک مثال	سے	تمہاری جانیں (حال)	کیا تمہارے لئے	سے	جو مالک ہوئے

حکمت والا ہے۔ اس نے تمہارے لئے تمہارے حال سے ایک مثال بیان کی، کیا تمہارے لئے ہے (اُن میں) سے جن کے تم مالک ہو

اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ

اَيْمَانُكُمْ	مِّنْ شُرَكَآءَ	فِيْ	مَا رَزَقْنٰكُمْ	فَاَنْتُمْ	فِيْهِ	سَوَآءٌ	تَخَافُوْنَهُمْ
تمہارے دائیں ہاتھ (غلام)	کوئی شریک	میں	جو ہم نے تمہیں رزق دیا	سو (تاکہ) تم	اس میں	برابر	(کیا) تم ان سے ڈرتے ہو

(تمہارے غلاموں میں سے) اس رزق میں کوئی شریک؟ جو ہم نے تمہیں دیا تاکہ تم سب آپس میں برابر ہو جاؤ، کیا تم اُن سے (اس طرح) ڈرتے ہو

كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلِ اتَّبَعَ

كَخِيْفَتِكُمْ	اَنْفُسَكُمْ	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ	بَلِ	اتَّبَعَ
جیسے تم ڈرتے ہو	اپنی جانیں (اپنوں سے)	اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں	نشانیاں	عقل والوں کے لئے	بلکہ	پیروی کی

جیسے اپنوں سے ڈرتے ہو؟ اسی طرح ہم عقل والوں کے لئے کھول کر نشانیاں بیان کرتے ہیں۔ بلکہ پیروی کی

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اَهْوَآءَهُمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	فَمَنْ يَّهْدِيْ	مَنْ	اَضَلَّ اللّٰهُ	وَمَا
جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)	اپنی خواہشات	علم کے بغیر (بے جانے)	تو کون ہدایت دے گا	جسے	گمراہ کرے اللہ	اور نہیں

ظالموں نے بے جانے اپنی خواہشات کی، تو جسے اللہ گمراہ کرے (اسے) کون ہدایت دے گا؟ اور نہیں ہیں

لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ

لَهُمْ	مِّنْ	نّٰصِرِيْنَ	فَاَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ	حَنِيْفًا	فِطْرَتَ اللّٰهِ	الَّتِيْ
ان کے لئے	کوئی	مددگار	پس سیدھا رکھو تم	اپنا چہرہ	دین کے لئے	یکسو ہو کر	فطرت اللہ کی	جو (جس)

ان کے لئے کوئی مددگار۔ پس تم (اللہ) کے دین کے لئے (سب سے کٹ کر) یک رخ ہو کر اپنا چہرہ سیدھا رکھو، اللہ کی فطرت ہے جس پر

فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ

فَطَرَ النَّاسَ	عَلَيْهَا	لَا تَبْدِيْلَ	لِخَلْقِ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	الدِّيْنُ الْقَيِّمُ	وَلٰكِنَّ
لوگوں کو پیدا کیا اس نے	اس پر	تبدیلی نہیں	اللہ کی خلق میں	یہ	دین سیدھا	اور لیکن

اس نے لوگوں کو پیدا کیا، اس کی خلق (بنائی ہوئی فطرت) میں کوئی تبدیلی نہیں، یہ سیدھا دین ہے، اور لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا

اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	مُنِيْبِيْنَ	اِلَيْهِ	وَاتَّقُوْهُ	وَاَقِيْمُوا
اکثر لوگ	وہ جانتے نہیں	رجوع کرنے والے	اس کی طرف	اور تم ڈرو اس سے	اور قائم رکھو تم

اکثر لوگ جانتے نہیں۔ سب اس کی طرف رجوع کرنے والے (رہو) اور تم اسی سے ڈرو، اور تم قائم رکھو

الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۳۱﴾ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ

الصَّلٰوةَ	وَلَا تَكُوْنُوْا	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	مِنَ	الَّذِيْنَ	فَرَّقُوْا	دِيْنَهُمْ	وَ
نماز	اور نہ ہو تم	سے	شرک کرنے والے	(ان میں سے)	جنہوں نے	ٹکڑے ٹکڑے کر لیا	اپنا دین	اور

نماز اور تم شرک کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ ان میں سے جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا ، اور

كَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ

كَانُوْا	شِيَعًا	كُلُّ حِزْبٍ	بِمَا	لَدَيْهِمْ	فَرِحُوْنَ	وَاِذَا	مَسَّ النَّاسَ	ضُرٌّ
ہو گئے	فرقے فرقے	سب گروہ	اس پر	ان کے پاس	خوش ہیں	اور جب	پہنچتی ہے لوگوں کو	کوئی تکلیف

فرقے فرقے ہو گئے۔ سب کے سب گروہ اس پر خوش ہیں جو ان کے پاس ہے۔ اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے

دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ

دَعَوْا	رَبَّهُمْ	مُّنِيْبِيْنَ	اِلَيْهِ	ثُمَّ اِذَا	اَذَاقَهُمْ	مِّنْهُ	رَحْمَةً	اِذَا	فَرِيْقٌ
وہ پکارتے ہیں	اپنے رب کو	رجوع کرتے ہوئے	اس کی طرف	پھر جب	وہ انکو چکھا دیتا ہے	اپنی طرف سے	رحمت	ناگہاں	ایک گروہ

تو اپنے رب کو پکارتے ہیں اسکی طرف رجوع کرتے ہوئے، پھر جب وہ انہیں اپنی طرف سے رحمت (کا مزہ) چکھا دیتا ہے تو ناگہاں ایک گروہ (کے لوگ)

مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾

مِّنْهُمْ	بِرَبِّهِمْ	يُشْرِكُوْنَ	لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ	فَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
ان میں سے	اپنے رب کے ساتھ	شریک کرنے لگتے ہیں	کہ ناشکری کریں	اس کی جو ہم نے انہیں دیا	سو فائدہ اٹھا لو تم	پھر عنقریب	تم جان لو گے

ان میں سے اپنے رب کے ساتھ شریک کرنے لگتے ہیں، کہ وہ اسکی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا سو تم (چند روز) فائدہ اٹھا لو پھر عنقریب (تم اس کا انجام) جان لو گے

اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَاِذَآ اَذَقْنَا

اَمْ اَنْزَلْنَا	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنًا	فَهُوَ يَتَكَلَّمُ	بِمَا	كَانُوْا	بِهٖ	يُشْرِكُوْنَ	وَاِذَا	اَذَقْنَا
کیا ہم نے نازل کی	ان پر	کوئی سند	کہ وہ بتلاتی ہے	وہ جو	ہیں	اسکے ساتھ	شریک کرتے ہیں	اور جب	ہم چکھائیں

کیا ہم نے ان پر کوئی سند نازل کی ہے؟ کہ وہ بتلاتی ہے جو اس کے ساتھ یہ شریک کرتے ہیں۔ اور جب ہم چکھائیں

النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ

النَّاسَ	رَحْمَةً	فَرِحُوْا بِهَا	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ
لوگ	رحمت	تو وہ خوش ہوں اس سے	اور اگر	پہنچے انہیں	کوئی برائی	اسکے سبب جو	آگے بھیجا	ان کے ہاتھ

مٹی اور ہڈیاں، کیا ہمیں بدلہ دیا جائے گا؟ وہ کہے گا کیا تم جھانکنے والے ہو (دوزخی کو جھانک کر دیکھ سکتے ہو؟) تو وہ جھانکے گا تو اسے دیکھے گا

فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ تَاللَّهِ إِنْ كِدْتَ لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي

فِي	سَوَاءِ	الْجَحِيمِ	قَالَ	تَاللَّهِ	إِنْ كِدْتَ	لَتُرْدِينِ	وَلَوْ	لَا	نِعْمَةُ	رَبِّي
میں	درمیان	دوزخ	وہ کہے گا	اللہ کی قسم	تو قریب تھا	کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے	اور اگر	نہ	نعمت	میرا رب

دوزخ کے درمیان میں۔ وہ کہے گا، اللہ کی قسم! قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے۔ اور اگر میرے رب کی نعمت نہ ہوتی

لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَ

لَكُنْتُ	مِنَ	الْمُحْضَرِينَ	أَفَمَا نَحْنُ	بِمَيِّتِينَ	إِلَّا	مَوْتَتَنَا	الْأُولَىٰ	وَ
تو میں ضرور ہوتا	سے	حاضر کئے جانے والے	کیا پس نہیں ہم	مرنے والوں میں سے	سوائے	ہماری موت	پہلی	اور

تو میں ضرور (عذاب کے لئے) حاضر کئے جانے والوں میں ہوتا کیا پس پہلی موت کے سوائے ہم مرنے والوں میں سے نہیں (آئندہ ہم پر کوئی موت نہ آئیگی) اور نہ

مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ

مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِينَ	إِنَّ	هَٰذَا	لَهُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيمُ	لِمِثْلِ هَٰذَا	فَلْيَعْمَلِ
نہیں	ہم	عذاب دیئے جانیوالوں میں سے	بیشک	یہ	البتہ وہ	کامیابی عظیم	اس جیسی (نعمت) کے لئے	پس چاہیئے ضرور عمل کریں

ہم عذاب دیئے جانے والوں میں سے ہوں گے۔ بیشک یہی ہے عظیم کامیابی۔ پس اس جیسی نعمت کے لئے چاہیئے ضرور عمل کریں

الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً

الْعَامِلُونَ	أَذَٰلِكَ	خَيْرٌ	نُزُلًا	أَمْ	شَجَرَةُ الزَّقُّومِ	إِنَّا	جَعَلْنَاهَا	فِتْنَةً
عمل کرنے والے	کیا یہ	بہتر	ضیافت	یا	درخت تھوہر	بیشک ہم	ہم نے اس کو بنایا	ایک آزمائش

عمل کرنے والے۔ کیا یہ بہتر ضیافت ہے؟ یا تھوہر کا درخت؟ بیشک ہم نے اس کو ایک آزمائش بنایا ہے

لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۳﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿۶۴﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ

لِلظّٰلِمِيْنَ	اِنَّهَا	شَجَرَةٌ	تَخْرُجُ	فِيْٓ	اَصْلِ	الْجَحِيْمِ	طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ
ظالموں کے لئے	بیشک وہ	ایک درخت	وہ نکلتا ہے	میں	جڑ	جہنم	اس کا خوشہ	گویا کہ وہ

ظالموں کے لئے ۔ بیشک وہ ایک درخت ہے جہنم کی جڑ (گہرائی) میں نکلتا ہے اس کا خوشہ ، گو یا کہ وہ

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۶۵﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۶۶﴾ ثُمَّ اِنَّ

رُءُوْسُ	الشَّيٰطِيْنِ	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْهَا	فَمَالِـُٔوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ
سر (جمع)	شیطانوں	پس بیشک وہ	کھانے والے ہیں	اس سے	سو بھرنے والے	اس سے	پیٹ (جمع)	پھر	بیشک

شیطانوں کے سر (سانپوں کے پھن) ہیں ۔ بیشک وہ اس سے کھائیں گے ، سو اس سے پیٹ بھریں گے ۔ پھر بیشک

لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۶۷﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿۶۸﴾ اِنَّهُمْ

لَهُمْ	عَلَيْهَا	لَشَوْبًا	مِنْ	حَمِيْمٍ	ثُمَّ	اِنَّ	مَرْجِعَهُمْ	لَاِاِلَى	الْجَحِيْمِ	اِنَّهُمْ
ان کے لئے	اس پر	ملا ملا کر	سے	کھولتا ہوا پانی	پھر	بیشک	ان کی بازگشت	البتہ طرف	جہنم	بیشک اُن

اس (کھانے) پر ان کے لئے کھولتا ہوا پانی (پیپ) ملا ملا کر (دیا جائے گا) پھر انکی بازگشت جہنم ہی کی طرف ہوگی ۔ بیشک انہوں نے

اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿۶۹﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ

اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ	فَهُمْ	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	يُهْرَعُوْنَ	وَ لَقَدْ ضَلَّ	قَبْلَهُمْ
انہوں نے پایا	اپنے باپ دادا	گمراہ (جمع)	سو وہ	ان کے نقش قدم پر	دوڑتے جاتے تھے	اور تحقیق گمراہ ہوئے	ان سے پہلے

اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا تھا سو وہ ان کے نقش قدم پر دوڑے جاتے تھے ۔ اور تحقیق ان سے پہلے گمراہ ہوئے تھے

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اگلوں میں سے اکثر	اور	تحقیق ہم نے بھیجے	ان میں	ڈرانے والے	سو دیکھیں	کیسا	ہوا

(ان کے) اگلوں میں سے اکثر ۔ اور تحقیق ہم نے ان میں ڈرانے والے (رسول) بھیجے تھے ۔ سو آپ دیکھیں کیسا ہوا

ع ۲ ۵۳ ۶

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ

عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَ لَقَدْ نَادٰىنَا	نُوْحٌ
انجام	جنہیں ڈرایا گیا	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	اور تحقیق ہمیں پکارا	نوحؑ

ان کا انجام جنہیں ڈرایا گیا تھا ؟ (یہاں) مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے بندے (بندگانِ خاص کا انجام کتنا اچھا ہوا) ۔ اور تحقیق نوحؑ نے ہمیں پکارا

فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

فَلَنِعْمَ	الْمُجِيْبُوْنَ	وَنَجَّيْنٰهُ	وَاَهْلَهٗ	مِنَ	الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ	وَجَعَلْنَا
سو ہم البتہ خوب	دعا قبول کرنے والے	اور ہم نے نجات دی اسے	اور اسکے گھر والے	سے	مصیبت	بڑی	اور ہم نے کیا

سو ہم خوب دعا قبول کرنے والے ہیں ۔ اور ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو بڑی مصیبت سے نجات دی ۔ اور ہم نے کیا

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ

ذُرِّيَّتَهٗ	هُمُ	الْبٰقِيْنَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِي	الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى نُوْحٍ
اس کی اولاد	وہ	باقی رہنے والی	اور ہم نے چھوڑا	اس پر اس کا	میں	بعد میں آنے والے	سلام ہو	پر نوح ؑ

اس کی اولاد کو باقی رہنے والی ۔ اور ہم نے اس کا ذکر خیر بعد میں آنے والوں میں چھوڑا ۔ نوح ؑ پر سلام ہو

فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾

فِي الْعٰلَمِيْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ
سارے جہانوں میں	بیشک ہم	اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	مومن (جمع)

سارے جہانوں میں ۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں ۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے ۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ

ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَاِنَّ	مِنْ	شِيْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِيْمَ	اِذْ جَآءَ	رَبَّهٗ	بِقَلْبٍ
پھر	ہم نے غرق کر دیا	دوسرے	اور بیشک	سے	اسکے طریقہ پر چلنے والے	البتہ ابراہیم ؑ	(یاد کرو) جب وہ آیا	اپنا رب	دل کے ساتھ

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا ۔ اور بیشک ابراہیم ؑ اسی کے طریقے پر چلنے والوں میں سے تھے ۔ جب وہ اپنے رب کے پاس آئے صاف دل کے ساتھ

سَلِيْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ

سَلِيْمٍ	اِذْ قَالَ	لِاَبِيْهِ	وَقَوْمِهٖ	مَاذَا	تَعْبُدُوْنَ	اَئِفْكًا	اٰلِهَةً	دُوْنَ اللّٰهِ
صاف	جب اس نے کہا	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم	کس چیز	تم پرستش کرتے ہو	کیا جھوٹ موٹ کے	معبود	اللہ کے سوا

(یعنی پاک دل کے ساتھ) (یاد کرو) جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا تم کس (واہیات) چیز کی پرستش کرتے ہو ؟ کیا تم اللہ کے سوا جھوٹ موٹ کے معبود

تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾

تُرِيْدُوْنَ	فَمَا	ظَنُّكُمْ	بِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	فَنَظَرَ	نَظْرَةً	فِي النُّجُوْمِ
تم چاہتے ہو	سو کیا	تمہارا گمان	پروردگار کے بارے میں	تمام جہانوں	پھر اس نے دیکھا	ایک نظر	میں۔کو ستارے

چاہتے ہو ؟ سو تمام جہانوں کے پروردگار کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے ؟ پھر اس نے ستاروں کو ایک نظر دیکھا ۔

فَقَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِیْنَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ اِلٰٓی اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ

فَقَالَ	اِنِّیْ	سَقِیْمٌ	فَتَوَلَّوْا	عَنْهُ	مُدْبِرِیْنَ	فَرَاغَ	اِلٰٓی	اٰلِهَتِهِمْ	فَقَالَ
تو اس نے کہا	بیشک میں	بیمار ہوں	پس وہ پھر گئے	اس سے	پیٹھ پھیر کر	پھر پوشیدہ گھس گیا	طرف	ان کے معبودوں	پھر کہنے لگا

تو اس نے کہا بیشک میں بیمار ہوں ۔ پس وہ پیٹھ پھیر کر اس سے پھر گئے ۔ پھر وہ ان کے معبودوں میں چھپ کر گھس گیا، پھر وہ (بطور تمسخر) کہنے لگا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًۢا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا

اَلَا تَاْكُلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنْطِقُوْنَ	فَرَاغَ	عَلَيْهِمْ	ضَرْبًا	بِالْيَمِيْنِ	فَاَقْبَلُوْا
کیا تم نہیں کھاتے	کیا ہوا تمہیں ؟	تم بولتے نہیں	پھر جا پڑا وہ	ان پر	مارتا ہوا	اپنے دائیں ہاتھ (قدرت سے)	پھر وہ متوجہ ہوئے

کیا تم کھاتے نہیں ؟ تمہیں کیا ہوا ؟ تم بولتے نہیں ؟ پھر وہ پوری قوت سے مارتا ہوا ان پر جا پڑا ۔ پھر وہ (بت پرست) متوجہ ہوئے

اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

اِلَيْهِ	يَزِفُّوْنَ	قَالَ	اَتَعْبُدُوْنَ	مَا تَنْحِتُوْنَ	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	وَمَا	تَعْمَلُوْنَ
اس کی طرف	دوڑتے ہوئے	اس نے فرمایا	کیا تم پرستش کرتے ہو	جو تم تراشتے ہو	حالانکہ اللہ	اس نے پیدا کیا تمہیں	اور جو	تم کرتے ہو

اسکی طرف دوڑتے ہوئے (آئے) ۔ اس نے فرمایا کیا تم (انکی) پرستش کرتے ہو ؟ جو تم خود تراشتے ہو ۔ حالانکہ اللہ نے تمہیں پیدا کیا، اور جو تم کرتے (بناتے) ہو ۔

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِی الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾

قَالُوا	ابْنُوْا	لَهٗ	بُنْيَانًا	فَاَلْقُوْهُ	فِی الْجَحِيْمِ	فَاَرَادُوْا	بِهٖ	كَيْدًا	فَجَعَلْنٰهُمُ	الْاَسْفَلِيْنَ
انہوں نے کہا	بناؤ	اسکے لئے	ایک عمارت	پھر ڈالدو اسے	آگ میں	پھر انہوں نے چاہا	اس پر	داؤ	تو ہم نے کر دیا انہیں	زیر

انہوں نے (ایکدوسرے کو) کہا اس کے لئے ایک عمارت (آتش خانہ) بناؤ پھر اسے آگ میں ڈالدو پھر انہوں نے اس کے داؤ کرنا چاہا تو ہم نے انہیں زیر کر دیا ۔

وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

وَقَالَ	اِنِّیْ	ذَاهِبٌ	اِلٰی رَبِّیْ	سَيَهْدِيْنِ	رَبِّ	هَبْ لِیْ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ
اور اس (ابراہیمؑ نے) کہا	بیشک میں	جانے والا ہوں	اپنے رب کی طرف	عنقریب وہ مجھے راہ دکھائے گا	اے میرے رب	مجھے عطا فرما	سے	نیک صالح (جمع)

اور ابراہیمؑ نے کہا میں اپنے رب کی طرف جانیوالا ہوں وہ عنقریب مجھے بھی راہ دکھائے گا ۔ اے میرے رب ! مجھے صالحین میں سے (نیک اولاد) عطا فرما ۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ يٰبُنَیَّ اِنِّیْٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ

فَبَشَّرْنٰهُ	بِغُلٰمٍ	حَلِيْمٍ	فَلَمَّا	بَلَغَ	مَعَهُ	السَّعْیَ	قَالَ	يٰبُنَیَّ	اِنِّیْٓ اَرٰی	فِی الْمَنَامِ
پس بشارت دی ہم نے اسے	ایک لڑکا	بردبار	پھر جب	وہ پہنچا	اسکے ساتھ	دوڑنے	اس نے کہا	اے میرے بیٹے	بیشک میں دیکھتا ہوں	میں
									خواب	

پس ہم نے اسے ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی ۔ پھر جب وہ اسکے ساتھ دوڑنے (کی عمر کو) پہنچا تو ابراہیمؑ نے کہا اے میرے بیٹے ! بیشک میں خواب میں دیکھتا ہوں

اَنِّیْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ یٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْٓ

اَنِّیْٓ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ	مَاذَا	تَرٰی	قَالَ	یٰۤاَبَتِ	افْعَلْ	مَا تُؤْمَرُ	سَتَجِدُنِیْٓ
کہ میں	تجھے ذبح کر رہا ہوں	اب تو دیکھ	کیا	تیری رائے	اس نے کہا	اے میرے ابا جان	آپ کریں	جو آپ کو حکم کیا جاتا ہے	آپ جلد ہی مجھے پائیں گے

کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں۔ اب تو دیکھ تیری کیا رائے ہے؟ اس نے کہا اے میرے ابا جان! آپکو جو حکم کیا جاتا ہے وہ کریں، آپ مجھے جلد ہی پائیں گے

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَیْنٰهُ

اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ	مِنَ	الصّٰبِرِیْنَ	فَلَمَّاۤ	اَسْلَمَا	وَتَلَّهٗ	لِلْجَبِیْنِ	وَنَادَیْنٰهُ
اگر	اللہ نے چاہا	سے	صبر کرنے والے	پس جب	دونوں نے حکم (الٰہی) مان لیا	باپ نے بیٹے کو لٹایا	پیشانی کے بل	اور ہم نے اسکو پکارا

انشاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا) صبر کرنے والوں میں سے۔ پس جب دونوں نے حکم الٰہی کو مان لیا، باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹایا اور ہم نے اس کو پکارا

اَنْ یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا

اَنْ	یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ	قَدْ صَدَّقْتَ	الرُّءْیَا	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ	اِنَّ هٰذَا
کہ	اے ابراہیمؑ	تحقیق تو نے سچ کر دکھایا	خواب	بیشک ہم اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک یہ

کہ اے ابراہیمؑ! تحقیق تو نے خواب کو سچ کر دکھایا، بیشک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہ

لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾

لَهُوَ	الْبَلٰٓؤُا	الْمُبِیْنُ	وَفَدَیْنٰهُ	بِذِبْحٍ	عَظِیْمٍ	وَتَرَكْنَا	عَلَیْهِ	فِی الْاٰخِرِیْنَ
البتہ وہ	آزمائش	کھلی	اور ہم نے اس کا فدیہ دیا	ایک ذبیحہ	بڑا	اور ہم نے باقی رکھا	اس پر (اس کا ذکر خیر)	بعد میں آنیوالوں میں

البتہ وہ کھلی آزمائش (بڑا امتحان تھا)۔ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ (قربانی کو) اس کا فدیہ دیا، اور ہم نے اس کا ذکر خیر بعد میں آنیوالوں میں باقی رکھا۔

سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

سَلٰمٌ	عَلٰۤی	اِبْرٰهِیْمَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا
سلام	پر	ابراہیمؑ	اسی طرح	ہم جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ	سے ہمارے بندے

سلام ہو ابراہیمؑ پر۔ اسی طرح ہم نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے

الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَیْهِ

الْمُؤْمِنِیْنَ	وَبَشَّرْنٰهُ	بِاِسْحٰقَ	نَبِیًّا	مِّنَ	الصّٰلِحِیْنَ	وَبٰرَكْنَا	عَلَیْهِ
جمع (مومن)	اور ہم نے اسے بشارت دی	اسحٰقؑ کی	ایک نبی	سے	جمع صالح	اور ہم نے برکت نازل کی	اس پر۔ اس کو

مومن بندوں میں سے تھے۔ اور ہم نے اسے بشارت دی اسحاقؑ کی (کہ وہ) ایک نبی صالحین میں سے ہوگا۔ اور ہم نے اس پر برکت نازل کی

وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ وَلَقَدْ

وَ	عَلٰى	اِسْحٰقَ	وَ مِنْ	ذُرِّيَّتِهِمَا	مُحْسِنٌ	وَظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ	مُبِيْنٌ	وَلَقَدْ
اور	پر	اسحٰقؑ	اور سے۔ہیں	ان دونوں کی اولاد	نیکوکار	اورظلم کرنیوالا	اپنی جان پر	صریح	اور تحقیق البتہ

اور اسحٰقؑ پر، اور ان دونوں کی اولاد میں نیکوکار (بھی ہیں) اور اپنی جان پر صریح ظلم کرنے والے (بھی) - اور تحقیق

مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾

مَنَنَّا	عَلٰى مُوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	وَنَجَّيْنٰهُمَا	وَقَوْمَهُمَا	مِنَ	الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ
اورہم نے احسان کیا	موسیٰؑ پر	اور ہارونؑ	اور ان دونوں کو نجات دی	اوران کی قوم	سے	غم	بڑا

ہم نے موسیٰؑ پر اور ہارونؑ پر احسان کیا - اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بڑے غم (فرعون کے مظالم) سے نجات دی -

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ

وَ	نَصَرْنٰهُمْ	فَكَانُوْا	هُمُ	الْغٰلِبِيْنَ	وَاٰتَيْنٰهُمَا	الْكِتٰبَ	الْمُسْتَبِيْنَ	وَ
اور	ہم نے مدد کی ان کی	تو وہ رہے	وہی	(جمع) غالب	اور ہم نے ان دونوں کو دی	کتاب	واضح	اور

اور ہم نے ان کی مدد کی، تو وہی غالب رہے - اور ہم نے ان دونوں کو واضح کتاب دی - اور

هَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى

هَدَيْنٰهُمَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى مُوْسٰى
اورہم نے ان دونوں کو ہدایت دی	راستہ	سیدھا	اور ہم نے باقی رکھا	ان دونوں پر (انکا ذکر خیر) بعد میں آنیوالوں میں	سلام	موسیٰ پر

ان دونوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دی - اور ہم نے ان دونوں کا ذکر خیر بعد میں آنیوالوں میں باقی رکھا - سلام ہو موسیٰؑ

وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

وَهٰرُوْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِى	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهُمَا	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہارون	بیشک ہم اسی طرح	ہم جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ دونوں	سے	ہمارے بندے	(جمع) مومن

اور ہارونؑ پر - بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں - بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے -

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا

وَاِنَّ	اِلْيَاسَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ قَالَ	لِقَوْمِهٖٓ	اَلَا تَتَّقُوْنَ	اَتَدْعُوْنَ	بَعْلًا
اور بیشک	الیاسؑ	البتہ۔سے	رسولوں (جمع)	جب اس نے کہا	اپنی قوم کو	کیا تم نہیں ڈرتے	کیا تم پکارتے ہو	بعل

اور بے شک الیاسؑ رسولوں میں سے تھے - (یاد کرو) جب اس نے اپنی قوم سے کہا کیا تم (اللہ سے) نہیں ڈرتے؟ کیا تم بعل (بت کو) پکارتے ہو؟

وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

وَتَذَرُوْنَ	اَحْسَنَ	الْخَالِقِيْنَ	اللّٰهَ	رَبَّكُمْ	وَ رَبَّ	اٰبَآئِكُمُ	الْاَوَّلِيْنَ
اور تم چھوڑ دیتے ہو	سب سے بہتر	پیدا کرنے والا (جمع)	اللہ	تمہارا رب	اور رب	تمہارے باپ دادا	پہلے

اور تم سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑتے ہو (یعنی) اللہ کو (جو) تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا (بھی) رب ہے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

فَكَذَّبُوْهُ	فَاِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ
پس انہوں نے جھٹلایا	تو بیشک وہ	وہ ضرور حاضر کئے جائینگے	سوائے	اللہ کے بندے	(جمع) مخلص	اور ہم نے باقی رکھا	اس پر (اس کا ذکر خیر)

پس انہوں نے اسے جھٹلایا تو بیشک وہ ضرور حاضر کئے جائیں گے (پکڑے جائیں گے) اللہ کے مخلص (خاص بندوں) کے سوا۔ اور ہم نے اس کا ذکر خیر باقی رکھا

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ

فِي الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰٓى	اِلْ يَاسِيْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ
بعد میں آنے والوں میں	سلام	پر	الیاسین (الیاسؑ)	بیشک ہم اسی طرح	جزا دیا کرتے ہیں	نیکوکاروں	بیشک وہ

بعد میں آنے والوں میں۔ سلام ہو الیاسؑ پر۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیں۔ بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَ

مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاِنَّ	لُوْطًا	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	نَجَّيْنٰهُ	وَ
سے	ہمارے بندے	(جمع) مومن	اور بیشک	لوطؑ	البتہ سے	رسول (جمع)	جب	ہمنے اسے نجات دی	اور

ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور بیشک لوطؑ رسولوں میں سے تھے۔ (یاد کرو) جب ہم نے نجات دی اسے

اَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمْ

اَهْلَهٗٓ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِي الْغٰبِرِيْنَ	ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَاِنَّكُمْ
اس کے گھر والے	سب	سوائے	ایک بڑھیا	پیچھے رہ جانے والے	پھر	ہم نے ہلاک کیا	اوروں کو	اور بیشک تم

اس کے سب گھر والوں کو، پیچھے رہ جانے والوں میں سے ایک بڑھیا کے سوا۔ پھر ہم نے اوروں کو ہلاک کیا۔ اور بیشک تم

ع ۴ ۲۵ ۸

لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ ع وَاِنَّ يُوْنُسَ

لَتَمُرُّوْنَ	عَلَيْهِمْ	مُّصْبِحِيْنَ	وَبِالَّيْلِ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَ	اِنَّ	يُوْنُسَ
البتہ گزرتے ہو	ان پر	صبح کرتے ہوئے (صبح ہوتے)	اور رات میں	تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	اور	بیشک	یونسؑ

تو صبح ہوتے اور رات میں ان پر (ان کی بستیوں سے) گزرتے ہو۔ تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ اور بے شک یونسؑ

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ

لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِذْ	اَبَقَ	اِلَى	الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ	فَسَاهَمَ	فَكَانَ	مِنَ
البتہ۔ سے	رسولوں	جب	بھاگ گئے وہ	طرف	کشتی	بھری ہوئی	تو قرعہ ڈالا	سو وہ ہوا	سے

البتہ رسولوں میں سے تھے۔ جب وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی (کے پاس) گئے، تو انہوں نے قرعہ ڈالا، سو وہ ہوئے

الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾

الْمُدْحَضِيْنَ	فَالْتَقَمَهُ	الْحُوْتُ	وَهُوَ	مُلِيْمٌ	فَلَوْلَآ	اَنَّهٗ	كَانَ	مِنَ	الْمُسَبِّحِيْنَ
دھکیلے گئے	پھر اسے نگل لیا	مچھلی	اور وہ	ملامت کرنیوالا	پھر اگر نہ	یہ کہ وہ	ہوتا	سے	تسبیح کرنے والے

(دھکیلے گئے (ملزم ٹھہرے)۔ پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا اور وہ (اپنے آپ کو) ملامت کر رہے تھے۔ پھر اگر وہ تسبیح کرنیوالوں میں سے نہ ہوتے،

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَاَنْۢبَتْنَا

لَلَبِثَ	فِيْ بَطْنِهٖٓ	اِلٰى	يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ	فَنَبَذْنٰهُ	بِالْعَرَآءِ	وَهُوَ	سَقِيْمٌ	وَاَنْۢبَتْنَا
البتہ رہتا	اس کے پیٹ میں	تک	بعثت کے دن (روزِ حشر)	پھر ہم نے اسے پھینک دیا	چٹیل میدان میں	اور وہ	بیمار	اور ہم نے اُگایا

تو وہ اس کے پیٹ میں قیامت کے دن تک رہتے۔ پھر ہم نے انہیں چٹیل میدان میں پھینک دیا اور وہ بیمار تھے۔ اور ہم نے اُگایا

عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

عَلَيْهِ	شَجَرَةً	مِّنْ	يَّقْطِيْنٍ	وَاَرْسَلْنٰهُ	اِلٰى	مِائَةِ اَلْفٍ	اَوْ	يَزِيْدُوْنَ
اس پر	ایک پودا	سے	بیلدار (کدّو)	اور ہم نے بھیجا اس کو	طرف	ایک لاکھ	یا	اس سے زیادہ

اُن پر ایک بیلدار (کدو کا) پودا۔ اور ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا۔

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾

فَاٰمَنُوْا	فَمَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى حِيْنٍ	فَاسْتَفْتِهِمْ	اَلِرَبِّكَ	الْبَنَاتُ	وَلَهُمُ	الْبَنُوْنَ
سو وہ ایمان لائے	تو ہم نے انہیں بہرہ مند کیا	ایک مدت تک	پس پوچھیں اُن سے	کیا تیرے رب کے لئے	بیٹیاں	اور ان کے لئے	بیٹے

سو وہ لوگ ایمان لائے (اور ہم نے انہیں ایک مدت تک کیلئے بہرہ مند کیا۔ پس آپ اُن سے پوچھیں کیا تیرے رب کے لئے بیٹیاں ہیں اور ان کے لئے بیٹے ہیں؟

اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾

اَمْ	خَلَقْنَا	الْمَلٰٓئِكَةَ	اِنَاثًا	وَّهُمْ	شٰهِدُوْنَ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	مِّنْ	اِفْكِهِمْ	لَيَقُوْلُوْنَ
کیا	ہم نے پیدا کیا	فرشتے	عورت	اور وہ	دیکھ رہے تھے	یاد رکھو	بیشک وہ	سے	اپنی بہتان طرازی	البتہ کہتے ہیں

کیا ہم نے فرشتوں کو عورت (ذات) پیدا کیا ہے؟ اور وہ دیکھ رہے تھے؟ یاد رکھو، بے شک وہ اپنی بہتان طرازی سے کہتے ہیں۔

وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ

وَلَدَ اللّٰهُ	وَاِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	اَصْطَفَى	الْبَنَاتِ	عَلَى الْبَنِيْنَ	مَا لَكُمْ	كَيْفَ
اللہ صاحبِ اولاد	اور بیشک وہ	بالتحقیق جھوٹے	کیا اس نے پسند کیا	بیٹیاں	بیٹوں پر	تمہیں کیا ہو گیا	کیسا

(کہ) اللہ صاحبِ اولاد ہے، اور وہ بیشک بالتحقیق جھوٹے ہیں۔ کیا اس نے بیٹیوں کو بیٹوں پر پسند کیا ہے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ تم

تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ

تَحْكُمُوْنَ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	اَمْ	لَكُمْ	سُلْطٰنٌ	مُّبِيْنٌ	فَاْتُوْا	بِكِتٰبِكُمْ
تم فیصلہ کرتے ہو	تو کیا تم غور نہیں کرتے؟	کیا	تمہارے پاس	کوئی سند	کھلی	تو لے آؤ	اپنی کتاب

کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ تو کیا تم غور نہیں کرتے؟ کیا تمہارے پاس کوئی کھلی سند ہے؟ تو اپنی وہ کتاب لے آؤ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَجَعَلُوْا	بَيْنَهٗ	وَبَيْنَ	الْجِنَّةِ	نَسَبًا	وَ لَقَدْ عَلِمَتِ
اگر	تم ہو	سچے	اور انہوں نے ٹھہرایا	اسکے درمیان	اور درمیان	جنات	ایک رشتہ	اور تحقیق جان لیا

اگر تم سچے ہو۔ اور انہوں نے اس کے اور جنات کے درمیان ایک رشتہ ٹھہرایا، اور تحقیق جان لیا

الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

الْجِنَّةُ	اِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
جنات	بیشک وہ	حاضر کئے جائیں گے	پاک ہے اللہ	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	مگر	اللہ کے بندے

جنات نے کہ بیشک وہ (عذاب میں) حاضر (گرفتار) کئے جائیں گے۔ اللہ اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ سوائے اللہ

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ

الْمُخْلَصِيْنَ	فَاِنَّكُمْ	وَمَا	تَعْبُدُوْنَ	مَآ اَنْتُمْ	عَلَيْهِ	بِفٰتِنِيْنَ	اِلَّا	مَنْ هُوَ
خاص کئے ہوئے (چنے ہوئے)	تو بیشک تم	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	نہیں ہو تم	اس کے خلاف	بہکانے والے	سوائے	جو۔ وہ

چنے ہوئے بندے۔ تو بیشک تم اور وہ جن کی تم پرستش کرتے ہو، وہ اس کے (اللہ کے) خلاف (کسی کو) نہیں بہکا سکتے؛ اس کے سوا جو

صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾

صَالِ	الْجَحِيْمِ	وَمَا	مِنَّآ	اِلَّا لَهٗ	مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ	وَّاِنَّا	لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ
جانے والا	جہنم	اور نہیں	ہم میں سے	مگر اس کے لئے	ایک معین درجہ	اور بیشک ہم	البتہ ہم صف بستہ ہونے والے

جہنم میں جانے والا ہے۔ اور (فرشتوں نے کہا) ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس کا ایک معین درجہ نہ ہو، اور بیشک ہم ہی صف بستہ رہنے والے ہیں۔

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا

وَاِنَّا	لَنَحْنُ	الْمُسَبِّحُوْنَ	وَاِنْ	كَانُوْا	لَيَقُوْلُوْنَ	لَوْ اَنَّ	عِنْدَنَا	ذِكْرًا
اور بیشک ہم	البتہ ہم	تسبیح کرنے والے	اور بیشک	وہ کہا کرتے تھے		اگر ہوتی	ہمارے پاس	کوئی نصیحت

اور بیشک ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔ اور بیشک وہ کہا کرتے تھے، اگر ہمارے پاس ہوتی

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

مِنَ	الْاَوَّلِيْنَ	لَكُنَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	فَكَفَرُوْا	بِهٖ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ
سے	پہلے لوگ	ضرور ہم ہوتے	اللہ کے بندے	خاص کئے (منتخب)	پھر انہوں نے انکار کیا	اس کا	تو عنقریب	وہ جان لیں گے

پہلے لوگوں کی کوئی (کتاب، نصیحت) تو ہم ضرور اللہ کے منتخب بندوں میں سے ہوتے۔ پھر انہوں نے اس کا انکار کیا تو وہ عنقریب (اس کا انجام) جان لیں گے۔

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاِنَّ

وَ	لَقَدْ سَبَقَتْ	كَلِمَتُنَا	لِعِبَادِنَا	الْمُرْسَلِيْنَ	اِنَّهُمْ	لَهُمُ	الْمَنْصُوْرُوْنَ	وَاِنَّ
اور	پہلے صادر ہو چکا ہے	ہمارا وعدہ	اپنے بندوں کے لئے	رسولوں	بیشک وہ	البتہ وہی	فتح مند	اور بیشک

اور ہمارا وعدہ اپنے بندوں (یعنی) رسولوں کے لئے پہلے (ہی) صادر ہو چکا ہے۔ بیشک وہی فتح مند ہوں گے اور بیشک

جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾

جُنْدَنَا	لَهُمُ	الْغٰلِبُوْنَ	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	وَّاَبْصِرْهُمْ	فَسَوْفَ	يُبْصِرُوْنَ
ہمارا لشکر	البتہ وہی	غالب (جمع)	پس اعراض کریں	ان سے	تک	ایک وقت تک	اور انہیں دیکھتے رہیں	پس عنقریب	وہ دیکھ لیں گے

البتہ ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا۔ پس آپ ایک وقت تک (تھوڑا عرصہ) ان سے اعراض کریں، اور انہیں دیکھتے رہیں پس عنقریب وہ (اپنا انجام) دیکھ لیں گے۔

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾

اَفَبِعَذَابِنَا	يَسْتَعْجِلُوْنَ	فَاِذَا	نَزَلَ	بِسَاحَتِهِمْ	فَسَآءَ	صَبَاحُ	الْمُنْذَرِيْنَ
تو کیا ہمارے عذاب کے لئے	وہ جلدی کر رہے ہیں	تو جب	وہ نازل ہوگا	انکے میدان میں	تو بری	صبح	جنکو ڈرایا جا چکا ہے

تو کیا وہ ہمارے عذاب کے لئے جلدی کر رہے ہیں؟ تو جب وہ ان کے میدان میں نازل ہوگا تو ان کی صبح بری ہوگی، جنہیں ڈرایا جا چکا ہے۔

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ

وَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	وَّاَبْصِرْ	فَسَوْفَ	يُبْصِرُوْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّكَ
اور اعراض کریں	ان سے	تک	ایک مدت	اور دیکھتے رہیں	پس عنقریب	وہ دیکھ لیں گے	پاک ہے	تمہارا رب

اور آپ ایک مدت تک (تھوڑا عرصہ) ان سے اعراض کریں، اور دیکھتے رہیں پس عنقریب وہ (اپنا انجام) دیکھ لیں گے۔ پاک ہے تمہارا رب

رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ

رَبِّ الْعِزَّةِ	عَمَّا	يَصِفُونَ	وَسَلٰمٌ	عَلَى	الْمُرْسَلِينَ	وَالْحَمْدُ
عزت والا رب	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	اور سلام	پر	رسولوں	اور تمام تعریفیں

عزت والا رب، اس سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ اور سلام ہو رسولوں پر۔ اور تمام تعریفیں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۱۸۲﴾

لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۱۸۲﴾
اللہ کے لئے	تمام جہانوں کا رب

اللہ کے لئے ہیں، جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

اٰیاتھا ۸۸ | ۳۸ = سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ = ۳۸ | رکوعاتھا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿۱﴾ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾ كَمْ

صٓ	وَالْقُرْاٰنِ	ذِي الذِّكْرِ	بَلِ	الَّذِينَ كَفَرُوا	فِي عِزَّةٍ	وَشِقَاقٍ	كَمْ
صاد	قرآن کی قسم	نصیحت دینے والا	بلکہ	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	گھمنڈ میں	اور مخالفت	کتنی ہی

صاد۔ نصیحت دینے والے قرآن کی قسم! (آپ کی دعوت برحق ہے) بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ گھمنڈ اور مخالفت میں ہیں۔ کتنی ہی

اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾ وَعَجِبُوٓا اَنْ

اَهْلَكْنَا	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِنْ قَرْنٍ	فَنَادَوْا	وَّلَاتَ	حِينَ	مَنَاصٍ	وَعَجِبُوٓا	اَنْ
ہم نے ہلاک کر دیں	ان سے قبل	اُمتیں	تو وہ فریاد کرنے لگے	اور نہ تھا	وقت	چھٹکارا	اور انہوں نے تعجب کیا	کہ

اُمتیں ان سے قبل ہم نے ہلاک کر دیں تو وہ فریاد کرنے لگے اور (اب) چھٹکارے کا وقت نہ تھا۔ اور انہوں نے تعجب کیا کہ

جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُونَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۴﴾ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ

جَآءَهُمْ	مُّنْذِرٌ	مِّنْهُمْ	وَقَالَ	الْكٰفِرُونَ	هٰذَا سٰحِرٌ	كَذَّابٌ	اَجَعَلَ	الْاٰلِهَةَ
ان کے پاس آیا	ایک ڈرانے والا	ان میں سے	اور کہا	(جمع) کافر	یہ جادوگر	جھوٹا	کیا انہیں بنا دیا	(جمع) معبود

ان کے پاس اُن میں سے ایک ڈرانے والا آیا، اور کافروں نے کہا یہ جادوگر، جھوٹا ہے۔ کیا اس نے سارے معبودوں کو بنا دیا ہے،

إِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝٥ وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَ

إِلٰهًا	وَاحِدًا	إِنَّ هٰذَا	لَشَيْءٌ	عُجَابٌ	وَانْطَلَقَ	الْمَلَأُ	مِنْهُمْ	أَنِ	امْشُوا	وَ
معبود	ایک	بیشک یہ	ایک شے (بات)	بڑی عجیب	اور چل پڑے	سردار	ان کے	کہ	چلو	اور

ایک معبود، بیشک یہ تو ایک بڑی عجیب بات ہے۔ اور ان کے کئی سردار یہ کہتے ہوئے چل پڑے کہ چلو اور

اصْبِرُوا عَلٰى آلِهَتِكُمْ ۖ إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۝٦ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ

اصْبِرُوا	عَلٰى آلِهَتِكُمْ	إِنَّ هٰذَا	لَشَيْءٌ	يُّرَادُ	مَا سَمِعْنَا	بِهٰذَا	فِي	الْمِلَّةِ	الْآخِرَةِ
جمے رہو	اپنے معبودوں پر	بیشک یہ	کوئی شے (بات)	ارادہ کی ہوئی (مطلب کی)	ہم نے نہیں سنا	ایسی	میں	مذہب	پچھلا

اپنے معبودوں پر جمے رہو، بیشک یہ کوئی اس کے مطلب کی بات ہے۔ ہم نے پچھلے مذہب میں ایسی (بات) نہیں سنی

إِنْ هٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝٧ ءَأُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۚ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ

إِنْ	هٰذَا	إِلَّا	اخْتِلَاقٌ	ءَأُنْزِلَ	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	مِنْ بَيْنِنَا	بَلْ	هُمْ	فِي شَكٍّ
نہیں	یہ	مگر محض	من گھڑت	کیا نازل کیا گیا	اس پر	ذکر (کلام)	ہم میں سے	بلکہ	وہ	شک میں

یہ تو محض من گھڑت ہے کیا ہم میں سے اسی پر کلام اللہ نازل کیا گیا ہے؟ (نہیں) بلکہ وہ شک میں ہیں

مِنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ ۝٨ أَمْ عِنْدَهُمْ خَزَائِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ

مِنْ ذِكْرِيْ	بَلْ	لَّمَّا	يَذُوقُوا	عَذَابِ	أَمْ	عِنْدَهُمْ	خَزَائِنُ	رَحْمَةِ رَبِّكَ
میری نصیحت سے	بلکہ	نہیں	چکھا انہوں نے	میرا عذاب	کیا	ان کے پاس	خزانے	تمہارے رب کی رحمت

میری نصیحت سے، بلکہ (ابھی) انہوں نے میرا عذاب نہیں چکھا۔ کیا تمہارے رب کی رحمت کے خزانے ان کے پاس ہیں؟

الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ ۝٩ أَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ فَلْيَرْتَقُوا

الْعَزِيزِ	الْوَهَّابِ	أَمْ لَهُمْ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	فَلْيَرْتَقُوا
غالب	بہت عطا کرنے والا	کیا ان کے لئے	بادشاہت آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	تو وہ چڑھ جائیں

جو غالب، بہت عطا کرنے والا ہے۔ کیا انکے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی اور جو ان کے درمیان ہے، تو وہ (آسمانوں پر) چڑھ جائیں

فِي الْأَسْبَابِ ۝١٠ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْأَحْزَابِ ۝١١ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

فِي الْأَسْبَابِ	جُنْدٌ	مَا	هُنَالِكَ	مَهْزُومٌ	مِنَ الْأَحْزَابِ	كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ
رسیوں میں (رسیاں تان کر)	ایک لشکر	جو	یہاں	شکست خوردہ	گروہوں میں سے	جھٹلایا	ان سے پہلے

رسیاں تان کر۔ شکست خوردہ گروہوں میں سے یہاں یہ بھی ایک لشکر ہے۔ ان سے پہلے جھٹلایا

قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ ؕ

قَوْمُ	نُوْحٍ	وَّعَادٌ	وَّفِرْعَوْنُ	ذُو الْاَوْتَادِ	وَثَمُوْدُ	وَقَوْمُ لُوْطٍ	وَ	اَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ
قوم	نوح	اور عاد	اور فرعون	میخوں والا	اور ثمود	اور قوم لوط	اور	ایکہ والے

قوم نوح اور عاد اور میخوں والے فرعون۔ اور ثمود اور قوم لوط، اور ایکہ والوں نے،

ع ۱ ۱۴ ۱۰

اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ وَمَا يَنْظُرُ

اُولٰٓئِكَ	الْاَحْزَابُ	اِنْ	كُلٌّ	اِلَّا	كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَحَقَّ	عِقَابِ	وَمَا يَنْظُرُ
یہی وہ	گروہ	نہیں	سب	مگر	جھٹلایا	رسولوں	پس آپڑا	عذاب	اور وہ انتظار نہیں کرتے

یہی وہ گروہ ہیں۔ ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا، پس (ان پر) عذاب آ پڑا۔ اور انتظار نہیں کرتے

هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا

هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	مَّا لَهَا	مِنْ	فَوَاقٍ	وَقَالُوْا	رَبَّنَا	عَجِّلْ	لَّنَا
یہ لوگ	مگر	چنگھاڑ	ایک	جس کے لئے نہیں	کوئی	ڈھیل	اور انہوں نے کہا	اے ہمارے رب	جلدی دے	ہمیں

یہ لوگ، مگر ایک چنگھاڑ کا جس میں کوئی ڈھیل (گنجائش) نہ ہو گی۔ اور انہوں نے (مذاق کے طور پر) کہا اے ہمارے رب ہمیں جلدی دے

قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾ اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ

قِطَّنَا	قَبْلَ	يَوْمِ الْحِسَابِ	اِصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَاذْكُرْ	عَبْدَنَا	دَاوٗدَ
ہمارا حصہ	پہلے	روزِ حساب	آپ صبر کریں	اس پر	جو وہ کہتے ہیں	اور یاد کریں	ہمارے بندے	داؤد

ہمارا حصہ روزِ حساب سے پہلے۔ جو وہ کہتے ہیں اس پر آپ صبر کریں، اور یاد کریں ہمارے بندے داؤد

ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾

ذَا الْاَيْدِ	اِنَّهٗ	اَوَّابٌ	اِنَّا سَخَّرْنَا	الْجِبَالَ	مَعَهٗ	يُسَبِّحْنَ	بِالْعَشِيِّ	وَالْاِشْرَاقِ
قوت والا	بیشک وہ	خوب رجوع کرنیوالا	بیشک ہم نے مسخر کر دیئے	پہاڑ	اس کے ساتھ	وہ تسبیح کرتے تھے	شام کے وقت	اور صبح کے وقت

قوت والے کو، بیشک وہ خوب رجوع کرنے والا تھا۔ بیشک ہم نے پہاڑ اس کے ساتھ مسخر کر دیئے تھے، وہ صبح و شام تسبیح کرتے تھے۔

وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَ

وَالطَّيْرَ	مَحْشُوْرَةً	كُلٌّ	لَّهٗ	اَوَّابٌ	وَشَدَدْنَا	مُلْكَهٗ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْحِكْمَةَ	وَ
اور پرندے	اکٹھے کئے ہوئے	سب	اسکی طرف	رجوع کرنے والے	اور ہم نے مضبوط کی	اس کی بادشاہت	اور ہم نے اسکو دی	حکمت	اور

اور اکٹھے کئے ہوئے پرندے (بھی اس کے مسخر تھے) سب اس کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔ اور ہم نے اسکی بادشاہت مضبوط کی اور اسکو حکمت دی اور

فَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا

فَصْلَ	الْخِطَابِ	وَهَلْ	اَتٰىكَ	نَبَؤُا الْخَصْمِ	اِذْ	تَسَوَّرُوا	الْمِحْرَابَ	اِذْ دَخَلُوْا
فیصلہ کن	خطاب	اور کیا	آپکے پاس آئی (پہنچی)	خبر جھگڑنے والے	جب	وہ دیوار پھاند کر آئے	محراب (مسجد)	جب وہ داخل ہوئے

فیصلہ کن خطاب۔ اور کیا آپکے پاس جھگڑنے والوں (اہل مقدمہ) کی خبر پہنچی؟ جب وہ دیوار پھاند کر مسجد میں آ گئے۔ جب وہ داخل ہوئے

عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا

عَلٰى	دَاوٗدَ	فَفَزِعَ	مِنْهُمْ	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	خَصْمٰنِ	بَغٰى	بَعْضُنَا	عَلٰى بَعْضٍ	فَاحْكُمْ	بَيْنَنَا
پر۔ پاس	داؤدؑ	تو وہ گھبرایا	ان سے	انہوں نے کہا	خوف نہ کھاؤ	ہم دو جھگڑنے والے	زیادتی کی	ہم میں سے ایک	دوسرے پر	تو آپ فیصلہ کریں	ہمارے درمیان

داؤدؑ کے پاس تو وہ ان سے گھبرا گئے۔ ان لوگوں نے کہا ڈرو نہیں ہم دو جھگڑنے والے (اہل مقدمہ) ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو آپ ہمارے درمیان فیصلہ کر دیں

بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ

بِالْحَقِّ	وَلَا تُشْطِطْ	وَاهْدِنَآ اِلٰى	سَوَآءِ	الصِّرَاطِ	اِنَّ هٰذَآ	اَخِيْ	لَهٗ	تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ
حق کے ساتھ	اور زیادتی (بے انصافی) نہ کریں	اور ہماری رہنمائی کریں طرف	سیدھا	راستہ	بیشک یہ	میرا بھائی	اسکے پاس	ننانوے (۹۹)

حق کے ساتھ، اور بے انصافی نہ کریں، اور سیدھے راستے کی طرف ہماری رہنمائی کریں۔ بیشک میرے اس بھائی کے پاس ننانوے ۹۹

نَعْجَةً وَّاحِدَةً فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ

نَعْجَةً	وَّلِيَ	نَعْجَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَقَالَ	اَكْفِلْنِيْهَا	وَعَزَّنِيْ	فِي الْخِطَابِ	قَالَ
دُنبیاں	اور میرے پاس	دُنبی	ایک	پس اس نے کہا	وہ میرے حوالے کر دے	اور اس نے مجھے دبایا	گفتگو میں	(داؤدؑ نے) کہا

دُنبیاں، ہیں اور میرے پاس (صرف) ایک دُنبی ہے پس اس نے کہا کہ وہ (بھی) میرے حوالے کر دے، اور اس نے مجھے گفتگو میں دبا لیا ہے، داؤدؑ نے کہا

لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ

لَقَدْ ظَلَمَكَ	بِسُؤَالِ	نَعْجَتِكَ	اِلٰى	نِعَاجِهٖ	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	مِنَ	الْخُلَطَآءِ
واقعی اس نے ظلم کیا	مانگنے سے	تیری دُنبی	طرف ساتھ	اپنی دُنبیاں	اور بیشک	اکثر	سے	شرکاء

واقعی اس نے تیری دُنبی مانگ کر ظلم کیا ہے (کہ) اپنی دُنبیوں کے ساتھ ملا لے، اور بیشک اکثر شرکاء

لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ

لَيَبْغِيْ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	اِلَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	وَقَلِيْلٌ	مَّا هُمْ
زیادتی کیا کرتے ہیں	ان میں سے بعض	پر	بعض	سوائے	جو ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے درست	اور بہت کم	وہ۔ ایسے

ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں، سوائے ان کے جو ایمان لائے، اور انہوں نے نیک عمل کئے اور (ایسے لوگ) بہت کم ہیں،

وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿۲۴﴾ فَغَفَرْنَا لَهٗ

وَ	ظَنَّ	دَاوٗدُ	اَنَّمَا	فَتَنّٰهُ	فَاسْتَغْفَرَ	رَبَّهٗ	وَخَرَّ	رَاكِعًا	وَّاَنَابَ	فَغَفَرْنَا	لَهٗ
اور	خیال کیا	داؤدؑ	کہ کچھ	ہم نے آزمایا ہے	تو اس نے مغفرت طلب کی	اپنا رب	اور گر گیا	جھک کر	اور اس نے رجوع کیا	پس ہم نے بخش دی	اس کی

اور داؤدؑ نے خیال کیا کہ ہم نے کچھ اسے آزمایا ہے تو اس نے اپنے رب سے مغفرت طلب کی، اور جھک کر (سجدے میں) گر گیا۔ پس ہم نے بخش دی اس کی

ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ

ذٰلِكَ	وَاِنَّ	لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى	وَحُسْنَ	مَاٰبٍ	يٰدَاوٗدُ	اِنَّا	جَعَلْنٰكَ
یہ	اور بیشک	اس کے لئے	ہمارے پاس	البتہ قرب	اور اچھا	ٹھکانا	اے داؤدؑ	بیشک ہم نے	ہم نے تجھے بنایا

یہ (لغزش) اور بیشک اس کے لئے ہمارے پاس قرب اور اچھا ٹھکانہ ہے۔ اے داؤدؑ! بے شک ہم نے تجھے بنایا

خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ

خَلِيْفَةً	فِى الْاَرْضِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَ النَّاسِ	بِالْحَقِّ	وَلَا تَتَّبِعِ	الْهَوٰى	فَيُضِلَّكَ
نائب	زمین میں	سو تو فیصلہ کر	لوگوں کے درمیان	حق کے ساتھ	اور نہ پیروی کر	خواہش	کہ وہ تجھے بھٹکا دے

زمین (ملک) میں نائب، سو تو لوگوں کے درمیان حق (انصاف) کے ساتھ فیصلہ کر اور (اپنی) خواہش کی پیروی نہ کر کہ وہ تجھے بھٹکا دے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَضِلُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ
سے	اللہ کا راستہ	بیشک	جو لوگ	بھٹکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	ان کے لئے	عذاب	شدید

اللہ کے راستے سے، بیشک جو لوگ اللہ کے راستے سے بھٹکتے ہیں ان کے لئے شدید عذاب ہے،

بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾ ع وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ

بِمَا	نَسُوْا	يَوْمَ الْحِسَابِ	وَ	مَا خَلَقْنَا	السَّمَآءَ	وَالْاَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	بَاطِلًا
اس پر کہ	انہوں نے بھلا دیا	روزِ حساب	اور	نہیں پیدا کیا ہم نے	آسمان	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان	باطل

اس پر کہ انہوں نے روزِ حساب کو بھلا دیا۔ اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو ان کے درمیان ہے باطل (بیکار خالی از حکمت) نہیں پیدا کیا

ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾ ؕ اَمْ نَجْعَلُ

ذٰلِكَ	ظَنُّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنَ	النَّارِ	اَمْ	نَجْعَلُ
یہ	گمان	جن لوگوں نے کفر کیا	پس خرابی ہے	ان کے لئے جنہوں نے کفر کیا (کافر)	سے	آگ	کیا	ہم کر دیں گے

یہ گمان ہے (ان لوگوں کا) جنہوں نے کفر کیا، پس خرابی ہے کافروں کے لئے آگ سے۔ کیا ہم کر دیں گے؟

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	كَالْمُفْسِدِيْنَ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ	نَجْعَلُ	الْمُتَّقِيْنَ
جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	انکی طرح جو فساد پھیلاتے ہیں	زمین میں	کیا	ہم کر دیں گے	پرہیزگاروں

اُن لوگوں کو جو ایمان لائے، اور انہوں نے اچھے عمل کئے ان لوگوں کی طرح جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں؟ کیا ہم پرہیزگاروں کو کر دیں گے

كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾

كَالْفُجَّارِ	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	مُبٰرَكٌ	لِّيَدَّبَّرُوْٓا	اٰيٰتِهٖ	وَلِيَتَذَكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
فاجروں (بدکرداروں) کی طرح	ایک کتاب	ہم نے اسے نازل کیا	آپکی طرف	مبارک	تاکہ وہ غور کریں	اُسکی آیات	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

بدکرداروں کی طرح؟ ہم نے آپ کی طرف ایک مبارک کتاب نازل کی تاکہ وہ اس کی آیات پر غور کریں، اور تاکہ عقل والے نصیحت پکڑیں۔

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾ ۭ اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

وَوَهَبْنَا	لِدَاوٗدَ	سُلَيْمٰنَ	نِعْمَ الْعَبْدُ	اِنَّهٗ	اَوَّابٌ	اِذْ	عُرِضَ	عَلَيْهِ	بِالْعَشِيِّ
اور ہم نے عطا کیا	داؤدؑ کو	سلیمانؑ	بہت اچھا بندہ	بیشک وہ	رجوع کرنیوالا	جب	پیش کئے گئے	اس پر سامنے	شام کے وقت

اور ہم نے داؤدؑ کو سلیمانؑ عطا کیا، بہت اچھا بندہ، بیشک وہ (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والا تھا۔ (وہ وقت یاد کرو) جب شام کے وقت اسکے سامنے پیش کئے گئے

الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾ ۙ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ

الصّٰفِنٰتُ	الْجِيَادُ	فَقَالَ	اِنِّيْٓ	اَحْبَبْتُ	حُبَّ الْخَيْرِ	عَنْ	ذِكْرِ رَبِّيْ	حَتّٰى	تَوَارَتْ
اصیل گھوڑے	عمدہ	تو اس نے کہا	بیشک میں	میں نے دوست رکھا	مال کی محبت	سے	اپنے رب کی یاد	یہاں تک کہ	چھپ گیا

اصیل، عمدہ گھوڑے، تو اس نے کہا بیشک میں نے اپنے رب کی یاد سے (غافل ہو کر) مال کی محبت کو دوست رکھا، یہاں تک کہ (سورج) چھپ گیا

بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ

بِالْحِجَابِ	رُدُّوْهَا	عَلَيَّ	فَطَفِقَ	مَسْحًۢا	بِالسُّوْقِ	وَالْاَعْنَاقِ	وَلَقَدْ
پردہ میں	پھیر لاؤ انہیں	میرے سامنے	پھر شروع کیا	ہاتھ پھیرنا، صاف کرنا	پنڈلیوں پر	اور گردنوں	اور البتہ

پردہ (مغرب) میں۔ ان (گھوڑوں) کو میرے سامنے پھیر لاؤ، پھر وہ ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر (تلوار سے) ہاتھ صاف کرنے لگا، اور البتہ

فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ

فَتَنَّا	سُلَيْمٰنَ	وَاَلْقَيْنَا	عَلٰي كُرْسِيِّهٖ	جَسَدًا	ثُمَّ اَنَابَ	قَالَ	رَبِّ	اغْفِرْ لِيْ
ہم نے آزمائش کی	سلیمان	اور ہم نے ڈالا	اس کے تخت پر	ایک دھڑ	پھر اس نے رجوع کیا	اس نے کہا	اے میرے رب	مجھے بخشدے تو

ہم نے سلیمانؑ کی آزمائش کی اور ہم نے اس کے تخت پر ایک دھڑ ڈالا، پھر اس نے (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔ اس نے کہا اے میرے رب! تو مجھے بخش دے

وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا

وَهَبْ لِيْ	مُلْكًا	لَّا يَنْۢبَغِيْ	لِاَحَدٍ	مِّنْۢ بَعْدِيْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْوَهَّابُ	فَسَخَّرْنَا
اور عطا فرما دے مجھے	ایسی سلطنت	نہ سزاوار ہو	کسی کو	میرے بعد	بیشک تو	تو	عطا فرمانے والا	پھر ہم نے مسخر کر دیا

اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما دے جو میرے بعد کسی کو سزاوار (میسر) نہ ہو، بیشک تو ہی عطا کرنے والا ہے۔ پھر ہم نے مسخر کر دیا

لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ

لَهُ	الرِّيْحَ	تَجْرِيْ	بِاَمْرِهٖ	رُخَآءً	حَيْثُ	اَصَابَ	وَالشَّيٰطِيْنَ	كُلَّ	بَنَّآءٍ
اس کے لئے	ہوا	وہ چلتی تھی	اس کے حکم سے	نرمی سے	جہاں	وہ پہنچنا چاہتا	اور دیو (جنات)	تمام	عمارت بنانے والا

اس کے لئے ہوا کو، جہاں وہ پہنچنا چاہتا، وہ اس کے حکم سے نرم نرم چلتی - اور تمام جنات (تابع کر دیئے) عمارت بنانے والے

وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ

وَ	غَوَّاصٍ	وَّاٰخَرِيْنَ	مُقَرَّنِيْنَ	فِي الْاَصْفَادِ	هٰذَا	عَطَآؤُنَا	فَامْنُنْ	اَوْ
اور	غوطہ مارنے والا	اور دوسرے	جکڑے ہوئے	زنجیروں میں	یہ	ہمارا عطیہ	اب تو احسان کر	یا

اور غوطہ مارنے والے۔ اور دوسرے زنجیروں میں جکڑے ہوئے - یہ ہمارا عطیہ ہے، اب تو احسان کر، یا

اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ وَاذْكُرْ

اَمْسِكْ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	وَاِنَّ لَهٗ	عِنْدَنَا	لَزُلْفٰى	وَحُسْنَ	مَاٰبٍ	وَاذْكُرْ
روک رکھ	حساب کے بغیر	اور بیشک اس کے لئے	ہمارے پاس	البتہ قرب	اور اچھا	ٹھکانا	اور آپ یاد کریں

رکھ چھوڑ حساب کے بغیر۔ (تم سے کچھ حساب نہ ہوگا) اور بیشک اس کے لئے ہمارے پاس البتہ قرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔ اور آپ یاد کریں

عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿۴۱﴾ اُرْكُضْ

عَبْدَنَآ	اَيُّوْبَ	اِذْ نَادٰى	رَبَّهٗٓ	اَنِّيْ	مَسَّنِيَ	الشَّيْطٰنُ	بِنُصْبٍ	وَّعَذَابٍ	اُرْكُضْ
ہمارا بندہ	ایوبؑ	جب اس نے پکارا	اپنا رب	بیشک میں	مجھے پہنچایا	شیطان	ایذا	اور دکھ	(زمین پر) مار

ہمارے بندے ایوبؑ کو، جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے شیطان نے ایذا اور دکھ پہنچایا ہے - (ہم نے فرمایا) زمین پر مار

بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ

بِرِجْلِكَ	هٰذَا	مُغْتَسَلٌۢ	بَارِدٌ	وَّشَرَابٌ	وَوَهَبْنَا	لَهٗٓ	اَهْلَهٗ	وَمِثْلَهُمْ	مَّعَهُمْ
اپنا پاؤں	یہ	غسل کے لئے	ٹھنڈا	اور پینے کے لئے	اور ہم نے عطا کیا	اس کو	اسکے اہل خانہ	اور ان جیسے	ان کے ساتھ

اپنا پاؤں، یہ (لو) غسل کے لئے ٹھنڈا اور پینے کے لئے (شیریں پانی)، اور ہم نے اسے اس کے اہل خانہ اور انکے ساتھ اُن جیسے (اور بھی) عطا کئے

رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ

رَحْمَةً	مِّنَّا	وَذِكْرٰى	لِاُولِي الْاَلْبَابِ	وَخُذْ	بِيَدِكَ	ضِغْثًا	فَاضْرِبْ بِّهٖ	وَلَا تَحْنَثْ
ایک رحمت	ہماری (طرف) سے	اور نصیحت	عقل والوں کے لئے	اور تو لے	اپنے ہاتھ میں	جھاڑو	اس سے مار اس کو	اور قسم نہ توڑ

(یہ) ہماری طرف سے ایک رحمت تھی اور عقل والوں کے لئے نصیحت۔ اور اپنے ہاتھ میں جھاڑو لے اور تو اس سے (اپنی بیوی) کو مار، اور قسم نہ توڑ

اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَاۤ اِبْرٰهِيْمَ وَ

اِنَّا	وَجَدْنٰهُ	صَابِرًا	نِعْمَ الْعَبْدُ	اِنَّهٗ	اَوَّابٌ	وَاذْكُرْ	عِبٰدَنَا	اِبْرٰهِيْمَ	وَ
بیشک ہم	ہم نے اسے پایا	صابر	اچھا بندہ	بیشک وہ	(اللہ کی طرف) رجوع کرنیوالا	اور یاد کریں	ہمارا بندوں	ابراہیمؑ	اور

بیشک ہم نے اسے صابر پایا (اور) اچھا بندہ، بیشک اللہ کی طرف رجوع کرنے والا تھا۔ اور آپؐ ہمارے بندوں ابراہیمؑ کو یاد کریں اور

اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾ اِنَّاۤ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى

اِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	اُولِي الْاَيْدِيْ	وَ الْاَبْصَارِ	اِنَّا	اَخْلَصْنٰهُمْ	بِخَالِصَةٍ	ذِكْرَى
اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	ہاتھوں والے	اور آنکھوں والے	بیشک ہم	ہم نے انہیں ممتاز کیا	خاص صفت	یاد

اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کو جو ہاتھوں والے اور آنکھوں والے (علم و عمل کی قوتوں والے) تھے۔ ہم نے انہیں ایک خاص صفت سے ممتاز کیا (اور وہ) یاد ہے

الدَّارِ ﴿۴۶﴾ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ؕ ﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَ

الدَّارِ	وَ	اِنَّهُمْ	عِنْدَنَا	لَمِنَ	الْمُصْطَفَيْنَ	الْاَخْيَارِ	وَاذْكُرْ	اِسْمٰعِيْلَ	وَ
گھر (آخرت کا)	اور	بیشک وہ	ہمارے نزدیک	البتہ۔ سے	چنے ہوئے	سب سے اچھے	اور یاد کریں	اسمٰعیلؑ	اور

آخرت کے گھر کی۔ اور بیشک وہ ہمارے نزدیک سب سے اچھے چنے ہوئے لوگوں میں سے تھے۔ اور آپؐ یاد کریں اسمٰعیلؑ اور

الْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾ هٰذَا ذِكْرٌ ؕ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾

الْيَسَعَ	وَذَا الْكِفْلِ	وَكُلٌّ	مِنَ	الْاَخْيَارِ	هٰذَا ذِكْرٌ	وَاِنَّ	لِلْمُتَّقِيْنَ	لَحُسْنَ	مَاٰبٍ
الیسعؑ	اور ذوالکفل	اور یہ تمام	سے	سب سے اچھے لوگ	یہ ایک نصیحت	اور بیشک	پرہیزگاروں کے لئے	البتہ اچھا	ٹھکانا

الیسعؑ اور ذوالکفلؑ کو، اور یہ تمام ہی سب سے اچھے لوگوں میں سے تھے۔ یہ ایک نصیحت ہے، اور البتہ پرہیزگاروں کے لئے اچھا ٹھکانا ہے۔

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ

جَنّٰتِ	عَدْنٍ	مُّفَتَّحَةً	لَّهُمُ	الْاَبْوَابُ	مُتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	يَدْعُوْنَ	فِيْهَا	بِفَاكِهَةٍ
باغات	ہمیشہ رہنے کے	کھلے ہوئے	ان کے لئے	دروازے	تکیہ لگائے ہوئے وہ	ان میں	منگوائیں گے	ان میں	میوے

ہمیشہ رہنے کے باغات، جن کے دروازے ان کے لئے کھلے ہوں گے۔ ان میں تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، اور اُن میں منگوائیں گے میوے

كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ

كَثِيْرَةٍ	وَّشَرَابٍ	وَعِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ	الطَّرْفِ	اَتْرَابٌ	هٰذَا	مَا	تُوْعَدُوْنَ
بہت سے	اور شراب (مشروبات)	اور ان کے پاس	نیچے رکھنے والیاں	نگاہ	ہم عمر	یہ	جو۔جس	وعدہ کیا جاتا ہے تم سے

بہت سے، اور مشروبات، اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی (باحیا) ہم عمر (عورتیں) ہوں گی۔ یہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے

لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾ هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ

لِيَوْمِ الْحِسَابِ	اِنَّ	هٰذَا	لَرِزْقُنَا	مَا لَهٗ	مِنْ نَّفَادٍ	هٰذَا	وَاِنَّ	لِلطّٰغِيْنَ
روزِ حساب کے لئے	بیشک	یہ	یقیناً ہمارا رزق	اسکے لئے اسکو نہیں	ختم ہونا	یہ	اور بیشک	سرکشوں کے لئے

روزِ حساب کے لئے۔ بیشک یہ ہمارا رزق ہے اس کو (کبھی) ختم ہونا نہیں۔ یہ ہے (جزا)۔ اور بیشک سرکشوں کے لئے

لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۙ ﴿۵۷﴾

لَشَرَّ	مَاٰبٍ	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ	الْمِهَادُ	هٰذَا	فَلْيَذُوْقُوْهُ	حَمِيْمٌ	وَّغَسَّاقٌ
البتہ برا	ٹھکانا	جہنم	وہ اس میں داخل ہونگے	سو برا	بچھونا	یہ	پس اس کو چکھو تم	کھولتا ہوا پانی	اور پیپ

البتہ برا ٹھکانا ہے (یعنی) جہنم؛ جس میں وہ داخل ہوں گے، سو برا ہے فرش (اُن کی آرامگاہ)۔ یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ ہے پس تم اس کو چکھو،

وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ

وَاٰخَرُ	مِنْ شَكْلِهٖ	اَزْوَاجٌ	هٰذَا	فَوْجٌ	مُّقْتَحِمٌ	مَّعَكُمْ	لَا مَرْحَبًۢا	بِهِمْ	اِنَّهُمْ
اور اس کے علاوہ	اس کی شکل کی	کئی قسمیں	یہ	ایک جماعت	گھس رہے ہیں	تمہارے ساتھ	نہ ہو کوئی فراخی	انہیں	بیشک وہ

اور اس کے علاوہ اس کی شکل کی کئی قسمیں ہوں گی۔ یہ ایک جماعت ہے تمہارے ساتھ (جہنم میں) داخل ہو رہے ہیں، انہیں کوئی فراخی نہ ہو، بیشک وہ

صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۛ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ

صَالُوا النَّارِ	قَالُوْا	بَلْ اَنْتُمْ	لَا مَرْحَبًا	بِكُمْ	اَنْتُمْ	قَدَّمْتُمُوْهُ	لَنَا	فَبِئْسَ
داخل ہونے والے جہنم میں	وہ کہیں گے	بلکہ تم	کوئی فراخی نہ ہو	تمہیں	بیشک تم	تم ہی یہ آگے لائے	ہمارے لئے	سو برا

جہنم میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ کہیں گے بلکہ تمہیں کوئی فراخی نہ ہو، بیشک تم ہی ہمارے لئے یہ (مصیبت) آگے لائے ہو، سو برا ہے

الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿۶۱﴾ وَقَالُوْا

الْقَرَارُ	قَالُوْا	رَبَّنَا	مَنْ قَدَّمَ	لَنَا	هٰذَا	فَزِدْهُ	عَذَابًا	ضِعْفًا	فِي النَّارِ	وَقَالُوْا
ٹھکانا	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	جو آگے لایا	ہمارے لئے	یہ	تو زیادہ کر دے	عذاب	دوچند	جہنم میں	اور وہ کہیں گے

ٹھکانا۔ وہ کہیں گے، اے ہمارے رب! جو ہمارے لئے یہ (مصیبت) آگے لایا ہے تو جہنم میں (اس کے لئے) عذاب دوچند کر دے۔ اور وہ کہیں گے

مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ

مَا لَنَا	لَا نَرٰى	رِجَالًا	كُنَّا نَعُدُّهُمْ	مِنَ	الْاَشْرَارِ	اَتَّخَذْنٰهُمْ	سِخْرِيًّا	اَمْ	زَاغَتْ
کیا ہوا ہمیں	ہم نہیں دیکھتے	وہ لوگ	ہم شمار کرتے تھے انہیں	سے	(جمع) شریر (بہت برے)	کیا ہم نے انہیں پکڑا تھا	ٹھٹھے میں	یا	کج ہو گئی ہیں

ہمیں کیا ہوا؟ ہم (دوزخ میں) ان لوگوں کو نہیں دیکھتے جنہیں ہم بُرے لوگوں میں شمار کرتے تھے۔ کیا ہم نے انہیں ٹھٹھے میں پکڑا تھا! یا کج ہو گئی ہیں

ع ۴ ۲۴ ۱۳

عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ

عَنْهُمُ	الْاَبْصَارُ	اِنَّ ذٰلِكَ	لَحَقٌّ	تَخَاصُمُ	اَهْلِ النَّارِ	قُلْ	اِنَّمَا	اَنَا	مُنْذِرٌ
ان سے	آنکھیں	بیشک یہ	بالکل سچ	باہم جھگڑنا	اہل دوزخ	فرمادیں	اسکے سوا نہیں	کہ میں	ڈرانے والا

ان سے (ہماری) آنکھیں؟ بیشک اہل دوزخ کا باہم یہ جھگڑنا بالکل سچ ہے۔ آپؐ فرمادیں اس کے سوا نہیں کہ میں ڈرانے والا ہوں

وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

وَمَا	مِنْ اِلٰهٍ	اِلَّا اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
اور نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	(واحد) یکتا	زبردست	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان

اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا، زبردست ہے، پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان دونوں کے درمیان ہے

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ

الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ	قُلْ	هُوَ	نَبَؤٌا عَظِيْمٌ	اَنْتُمْ	عَنْهُ	مُعْرِضُوْنَ	مَا كَانَ	لِيَ	مِنْ عِلْمٍ
غالب	بڑا بخشنے والا	فرمادیں	وہ۔یہ	ایک خبر بڑی	تم	اس سے	منہ پھیرنے والے (بے پرواہ) ہو	نہ تھا	میرے پاس (مجھے)	کچھ خبر

غالب، بڑا بخشنے والا ہے۔ آپ فرمادیں یہ ایک بڑی خبر ہے۔ تم اس سے بے پرواہ ہو۔ مجھے کچھ خبر نہ تھی

بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾ اِذْ قَالَ رَبُّكَ

بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى	اِذْ	يَخْتَصِمُوْنَ	اِنْ يُّوْحٰى	اِلَيَّ	اِلَّآ	اَنَّمَآ	اَنَا نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	اِذْ قَالَ	رَبُّكَ
عالم بالا کی	جب	وہ باہم جھگڑتے تھے	نہیں وحی کی جاتی	میری طرف	سوائے	یہ کہ	میں ڈرانے والا	صاف صاف	جب کہا	تمہارا رب

عالم بالا کی۔ (بلند قدر فرشتوں کی) جب وہ باہم جھگڑتے تھے۔ میری طرف اسکے سوا وحی نہیں کی جاتی کہ میں صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ (یاد کرو) جب تمہارے رب نے کہا

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿٧١﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا

لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	خَالِقٌۢ	بَشَرًا	مِّنْ طِيْنٍ	فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَنَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ	رُّوْحِيْ	فَقَعُوْا
فرشتوں کو	کہ میں	پیدا کرنیوالا	ایک بشر	مٹی سے	پھر جب	میں درست کردوں اسے	اور میں پھونکوں	اس میں	سے	اپنی روح	تو تم گر پڑو

فرشتوں کو کہ میں مٹی سے ایک بشر پیدا کرنے والا ہوں۔ پھر جب میں اسے درست کردوں اور اس میں اپنی روح سے پھونک دوں، تو تم گر پڑو

لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ

لَهٗ	سٰجِدِيْنَ	فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اِسْتَكْبَرَ	وَكَانَ
اس کے لئے (آگے)	سجدہ کرتے ہوئے	پس سجدہ کیا	فرشتے (جمع)	سب	اکٹھے	سوائے	ابلیس	اس نے تکبر کیا	اور وہ ہو گیا

اس کے آگے سجدہ کرتے ہوئے۔ پس سب فرشتوں نے اکٹھے سجدہ کیا۔ سوائے ابلیس کے کہ اس نے تکبر کیا اور وہ ہو گیا

مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ؕ اَسْتَكْبَرْتَ

مِنَ	الْكٰفِرِيْنَ	قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا مَنَعَكَ	اَنْ تَسْجُدَ	لِمَا	خَلَقْتُ	بِيَدَيَّ	اَسْتَكْبَرْتَ
سے	کافروں	اس نے فرمایا	اے ابلیس	کس نے منع کیا تجھے	کہ تو سجدہ کرے	اس کو جسے	میں نے پیدا کیا	اپنے ہاتھوں سے	کیا تو نے تکبر کیا

کافروں میں سے۔ (اللہ نے) فرمایا اے ابلیس! اس کو سجدہ کرنے سے تجھے کس نے منع کیا (روکا) جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے پیدا کیا؟ کیا تو نے تکبر کیا (اپنے کو بڑا سمجھا

اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ

اَمْ كُنْتَ	مِنَ	الْعَالِيْنَ	قَالَ	اَنَا	خَيْرٌ	مِنْهُ	خَلَقْتَنِيْ	مِنْ نَّارٍ	وَ	خَلَقْتَهٗ
یا تو ہے	سے	بلند درجہ والے	اس نے کہا	میں	بہتر	اس سے	تو نے پیدا کیا مجھے	آگ سے	اور	تو نے پیدا کیا اسے

یا تو بلند درجہ والوں میں سے ہے؟ اس نے کہا میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا اور اسے پیدا کیا

مِنْ طِيْنٍ ﴿۷۶﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى

مِنْ	طِيْنٍ	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا	فَاِنَّكَ	رَجِيْمٌ	وَاِنَّ	عَلَيْكَ	لَعْنَتِيْٓ	اِلٰى
سے	مٹی	اس نے فرمایا	پس نکل جا	یہاں سے	کیونکہ تو	راندۂ درگاہ	اور بیشک	تجھ پر	میری لعنت	تک

مٹی سے۔ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا پس یہاں سے نکل جا کیونکہ تو راندۂ درگاہ ہے۔ اور بیشک تجھ پر میری لعنت رہے گی

يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ

يَوْمِ الدِّيْنِ	قَالَ	رَبِّ	فَاَنْظِرْنِيْٓ	اِلٰى	يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ	قَالَ	فَاِنَّكَ	مِنَ
روزِ قیامت	اس نے کہا	اے میرے رب	پس تو مجھے مہلت دے	تک	جس دن اٹھائے جائیں گے	اس نے فرمایا	پس بیشک تو	سے

روزِ قیامت تک۔ اس نے کہا اے میرے رب! مجھے اس دن تک مہلت دے جس دن (مُردے) اٹھائے جائیں گے۔ (اللہ نے) فرمایا پس تو

الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾

الْمُنْظَرِيْنَ	اِلٰى	يَوْمِ	الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ	قَالَ	فَبِعِزَّتِكَ	لَاُغْوِيَنَّهُمْ	اَجْمَعِيْنَ
مہلت دیئے جانے والے	تک	دن	وقت معین	اس نے کہا	سو تیری عزت کی قسم	میں ضرور انہیں گمراہ کروں گا	سب

وقتِ معین کے دن (روزِ قیامت) تک مہلت دیئے جانے والوں میں سے ہے۔ اس نے کہا مجھے تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو ضرور گمراہ کروں گا۔

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ﴿٨٣﴾ قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ ﴿٨٤﴾ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ

إِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ	الْمُخْلَصِينَ	قَالَ	فَالْحَقُّ	وَالْحَقَّ	أَقُولُ	لَأَمْلَأَنَّ	جَهَنَّمَ
سوائے	تیرے بندے	ان میں سے	(جمع) مخلص	اس نے فرمایا	یہ حق (سچ)	اور سچ	میں کہتا ہوں	میں ضرور بھر دوں گا	جہنم

ان میں سے تیرے مخلص (خاص) بندوں کے سوا۔ (اللہ نے) فرمایا یہ سچ ہے اور میں سچ ہی کہتا ہوں - میں ضرور جہنم بھر دوں گا

مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا

مِنْكَ	وَمِمَّنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	أَجْمَعِينَ	قُلْ	مَا	أَسْأَلُكُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ أَجْرٍ	وَمَا أَنَا
تجھ سے	اور ان سے جو	تیرے پیچھے چلیں	ان سے	سب	فرمادیں	نہیں	میں مانگتا تم سے	اس پر	کوئی اجر	اور نہیں میں

تجھ سے اور اُن سب سے جو تیرے پیچھے چلیں - آپ فرمادیں میں تم سے اس (تبلیغ قرآن) پر کوئی اجر نہیں مانگتا، اور میں نہیں ہوں

ع ۵ ۲۴ ۱۴

مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ﴿٨٦﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ ﴿٨٨﴾

مِنَ	الْمُتَكَلِّفِينَ	إِنْ	هُوَ إِلَّا	ذِكْرٌ	لِلْعَالَمِينَ	وَلَتَعْلَمُنَّ	نَبَأَهُ	بَعْدَ	حِينٍ
سے	بناوٹ کرنے والے	نہیں	یہ مگر	نصیحت	تمام جہانوں کے لئے	اور تم ضرور جان لوگے	اس کا حال	بعد	ایک وقت

بناوٹ کرنے والوں میں سے۔ یہ (قرآن) نہیں ہے مگر تمام جہانوں کے لئے نصیحت۔ اور اس کا حال تم (ایک وقت کے بعد (جلد ہی) ضرور جان لوگے۔

آیاتُہا ۷۵ | ۳۹ = سُوْرَۃُ الزُّمَرِ مَکِّیَّۃٌ = ۵۹ | رُکُوعَاتُہا ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿١﴾ إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ

تَنْزِيلُ	الْكِتَابِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيزِ	الْحَكِيمِ	إِنَّا أَنْزَلْنَا	إِلَيْكَ	الْكِتَابَ	بِالْحَقِّ	فَاعْبُدِ اللّٰهَ
نازل کیا جانا	یہ کتاب	اللہ کی طرف سے	غالب	حکمت والا	بیشک ہم نے نازل کی	تمہاری طرف	یہ کتاب	حق کے ساتھ	پس اللہ کی عبادت کرو

اس کتاب کا نازل کیا جانا اللہ غالب، حکمت والے کی طرف سے ہے۔ بیشک ہم نے تمہاری طرف یہ کتاب حق کے ساتھ نازل کی ہے پس تم اللہ کی عبادت کرو

وقف لازم

مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ﴿٢﴾ أَلَا لِلّٰهِ الدِّينُ الْخَالِصُ ۚ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ

مُخْلِصًا	لَهُ	الدِّينَ	أَلَا	لِلّٰهِ	الدِّينُ	الْخَالِصُ	وَالَّذِينَ	اتَّخَذُوا	مِنْ دُونِهِ	أَوْلِيَاءَ
خالص کرکے	اسی کے لئے	عبادت	یاد رکھو	اللہ کیلئے	عبادت	خالص	اور جو لوگ	بناتے ہیں	اس کے سوا	دوست

عبادت اسی کے لئے خالص کرکے۔ یاد رکھو! عبادت خالص اللہ ہی کے لئے ہے، اور جو لوگ اس کے سوا دوست بناتے ہیں

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ

مَا نَعْبُدُهُمْ	اِلَّا	لِيُقَرِّبُوْنَآ	اِلَى اللّٰهِ	زُلْفٰى	اِنَّ اللّٰهَ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	فِيْ مَا	هُمْ	فِيْهِ
نہیں عبادت کرتے ہم ان کی	مگر	اسلئے کہ وہ مقرب بنا دیں ہمیں	اللہ کا	قرب کا درجہ	بیشک اللہ	فیصلہ کر دیگا	انکے درمیان	جس میں	وہ	اس میں

(وہ کہتے ہیں) ہم صرف اسی لئے اُن کی عبادت کرتے ہیں کہ وہ قرب کے درجے میں ہمیں اللہ کا مقرب بنا دیں، بیشک اللہ انکے درمیان اس (امر) میں فیصلہ فرما دیگا جس میں

يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝۳ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ

يَخْتَلِفُوْنَ	اِنَّ اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ	مَنْ هُوَ	كٰذِبٌ	كَفَّارٌ	لَوْ	اَرَادَ اللّٰهُ	اَنْ يَّتَّخِذَ
وہ اختلاف کرتے ہیں	بیشک اللہ	ہدایت نہیں دیتا	جو ہو	جھوٹا	ناشکرا	اگر	چاہتا اللہ	کہ بنائے

وہ اختلاف کرتے ہیں، بیشک اللہ کسی جھوٹے، ناشکرے کو ہدایت نہیں دیتا - اگر اللہ چاہتا کہ بنا لے (کسی کو اپنی)

وَّلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۴ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

وَّلَدًا	لَّاصْطَفٰى	مِمَّا	يَخْلُقُ	مَا يَشَآءُ	سُبْحٰنَهٗ	هُوَ اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
اولاد	البتہ وہ چن لیتا	اس سے جو	وہ پیدا کرتا ہے (مخلوق) جسے وہ چاہتا ہے		وہ پاک ہے	وہی اللہ	واحد (یکتا)	زبردست	اس نے پیدا کیا	آسمانوں

اولاد تو وہ اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا چن لیتا، وہ پاک ہے، وہی ہے اللہ یکتا، زبردست - اس نے پیدا کیا آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	يُكَوِّرُ	الَّيْلَ	عَلَى النَّهَارِ	وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ	عَلَى الَّيْلِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ
اور زمین	حق (درست تدبیر) کے ساتھ	وہ لپیٹتا ہے	رات	دن پر	اور دن کو لپیٹتا ہے	رات پر	اور اس نے مسخر کیا	سورج

اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ، وہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے (گھٹاتا بڑھاتا ہے) اور اس نے مسخر کیا سورج

وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝۵ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

وَالْقَمَرَ	كُلٌّ يَّجْرِيْ	لِاَجَلٍ	مُّسَمًّى	اَلَا	هُوَ الْعَزِيْزُ	الْغَفَّارُ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ	نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ
اور چاند	ہر ایک چلتا ہے	ایک مدت	مقررہ	یاد رکھو	وہ غالب	بخشنے والا	اس نے پیدا کیا تمہیں	سے	نفس واحد

اور چاند کو، ہر ایک ایک مدتِ مقررہ تک چلتا ہے، یاد رکھو، وہ غالب، بخشنے والا ہے - اس نے تمہیں نفسِ واحد (آدمؑ) سے پیدا کیا

ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ

ثُمَّ جَعَلَ	مِنْهَا	زَوْجَهَا	وَاَنْزَلَ	لَكُمْ	مِنَ الْاَنْعَامِ	ثَمٰنِيَةَ	اَزْوَاجٍ	يَخْلُقُكُمْ
پھر اس نے بنایا	اس سے	اس کا جوڑا	اور اس نے بھیجے	تمہارے لئے	چوپایوں سے	آٹھ	جوڑے	وہ پیدا کرتا ہے تمہیں

پھر اس نے اس سے اس کا جوڑا بنایا، اور تمہارے لئے چوپایوں میں سے آٹھ جوڑے بھیجے، وہ تمہیں پیدا کرتا ہے

فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ

فِيْ بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ	خَلْقًا	مِّنْۢ بَعْدِ	خَلْقٍ	فِيْ ظُلُمٰتٍ	ثَلٰثٍ	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	لَهُ
پیٹ (جمع) میں	تمہاری مائیں	ایک کیفیت	کے بعد	دوسری کیفیت	تاریکیوں میں	تین ۳	یہ تمہارا اللہ	تمہارا پروردگار	اس کے لئے

تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں، تین تاریکیوں کے اندر ایک کیفیت کے بعد دوسری کیفیت میں، یہ ہے تمہارا اللہ، تمہارا پروردگار، اسی کے لئے ہے

الْمُلْكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝۶ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۚ وَلَا يَرْضٰى

الْمُلْكُ	لَا	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ	اِنْ تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَنِيٌّ	عَنْكُمْ	وَلَا يَرْضٰى
بادشاہت	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	تو کہاں	تم پھرے جاتے ہو	اگر تم ناشکری کرو گے	تو بے شک اللہ	بے نیاز	تم سے	اور وہ پسند نہیں کرتا

بادشاہت، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، تم کہاں پھیرے جاتے ہو؟ اگر تم ناشکری کرو گے تو بیشک اللہ تم سے بے نیاز ہے، اور وہ پسند نہیں کرتا

لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ ثُمَّ

لِعِبَادِهِ	الْكُفْرَ	وَاِنْ	تَشْكُرُوْا	يَرْضَهُ لَكُمْ	وَلَا تَزِرُ	وَازِرَةٌ	وِّزْرَ	اُخْرٰى	ثُمَّ
اپنے بندوں کے لئے	ناشکری	اور اگر	تم شکر کرو گے	وہ اسے پسند کرتا ہے تمہارے لئے	اور نہیں اٹھاتا	کوئی بوجھ اٹھانے والا	بوجھ	دوسرے کا	پھر

اپنے بندوں کے لئے ناشکری، اور اگر تم شکر کرو گے، تو وہ تمہارے لئے اسے پسند کرتا ہے، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا، پھر

اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷

اِلٰى رَبِّكُمْ	مَّرْجِعُكُمْ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌۢ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ
طرف	اپنا رب	لوٹنا ہے تمہیں	پھر وہ جتلا دے گا تمہیں	وہ جو	تم کرتے تھے	بیشک وہ	جاننے والا	سینہ (دلوں) کی پوشیدہ باتیں

تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے، پھر وہ تمہیں جتلا دے گا جو تم کرتے تھے۔ بیشک وہ دلوں کی پوشیدہ باتوں کو (بھی) جاننے والا ہے۔

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ

وَاِذَا	مَسَّ	الْاِنْسَانَ	ضُرٌّ	دَعَا رَبَّهٗ	مُنِيْبًا	اِلَيْهِ	ثُمَّ اِذَا	خَوَّلَهٗ	نِعْمَةً	مِّنْهُ	نَسِيَ
اور جب	لگے پہنچے	انسان	کوئی سختی	وہ پکارتا ہے اپنا رب	رجوع کرکے	اس کی طرف	پھر جب	وہ اسے دے	نعمت	اپنی طرف سے	وہ بھول جاتا ہے

اور جب انسان کو کوئی سختی پہنچے تو وہ اپنے رب کی طرف رجوع کرکے اسے پکارتا ہے پھر وہ جب اسے اپنی طرف سے نعمت دے تو وہ بھول جاتا ہے

مَا كَانَ يَدْعُوْۤا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ

مَا	كَانَ يَدْعُوْا	اِلَيْهِ	مِنْ قَبْلُ	وَجَعَلَ	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	لِيُضِلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ	قُلْ	تَمَتَّعْ
جو	وہ پکارتا تھا	اسکی طرف لیئے	اس سے قبل	اور وہ بنا لیتا ہے	اللہ کیلئے	(جمع) شریک	تاکہ گمراہ کرے	اسکے راستے سے	فرمادیں	فائدہ اٹھالے

جس کے لئے وہ اس سے قبل (اللہ کو) پکارتا تھا، اور وہ اللہ کے لئے شریک بنا لیتا ہے تاکہ اس کے راستے سے گمراہ کرے، آپ فرمادیں تو فائدہ اٹھالے

بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ﴿٨﴾ أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا

بِكُفْرِكَ	قَلِيلًا	إِنَّكَ	مِنْ	أَصْحَابِ النَّارِ	أَمَّنْ	هُوَ	قَانِتٌ	آنَاءَ اللَّيْلِ	سَاجِدًا
اپنے کفر سے	تھوڑا	بیشک تو	سے	آگ (دوزخ) والے	یا جو	وہ	عبادت کرنے والا	گھڑیوں میں رات کی	سجدہ کرنے والا

اپنے کفر سے تھوڑا، بیشک تو دوزخ والوں میں سے ہے (کیا یہ ناشکرا بہتر ہے) یا وہ؟ جو رات کی گھڑیوں میں عبادت کرنے والا ہے سجدہ کرنیوالا ہو کر،

وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ

وَقَائِمًا	يَحْذَرُ	الْآخِرَةَ	وَيَرْجُو	رَحْمَةَ	رَبِّهِ	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي	الَّذِينَ	يَعْلَمُونَ
اور قیام کرنیوالا	وہ ڈرتا ہے	آخرت	اور امید رکھتا ہے	رحمت	اپنا رب	فرمادیں	کیا	برابر ہیں	وہ لوگ جو	وہ علم رکھتے ہیں

اور قیام کرنیوالا، (اور) وہ آخرت سے ڈرتا ہے، اور اپنے رب کی رحمت سے امید رکھتا ہے۔ آپؐ فرمادیں کیا برابر ہیں وہ جو علم رکھتے ہیں

ع ۱ ۹ ۱۵

وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٩﴾ قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ

وَالَّذِينَ	لَا يَعْلَمُونَ	إِنَّمَا	يَتَذَكَّرُ	أُولُو الْأَلْبَابِ	قُلْ	يَا عِبَادِ	الَّذِينَ
اور وہ لوگ	جو علم نہیں رکھتے ہیں	اسکے سوا نہیں	نصیحت قبول کرتے ہیں	عقل والے	فرمادیں	اے میرے بندو	جو

اور وہ جو علم نہیں رکھتے؟ اس کے سوا نہیں عقلِ (سلیم) والے ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ آپؐ فرمادیں، اے میرے بندو! جو

آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ

آمَنُوا	اتَّقُوا	رَبَّكُمْ	لِلَّذِينَ	أَحْسَنُوا	فِي	هَٰذِهِ الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ	وَأَرْضُ اللَّهِ	وَاسِعَةٌ
ایمان لائے	تم ڈرو	اپنا رب	انکے لئے جنہوں نے	اچھے کام کئے	میں	اس دنیا	بھلائی	اور اللہ کی زمین	وسیع

ایمان لائے ہو، تم اپنے رب سے ڈرو، جن لوگوں نے اس دنیا میں اچھے کام کئے ان کے لئے بھلائی ہے، اور اللہ کی زمین وسیع ہے،

إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصًا

إِنَّمَا	يُوَفَّى	الصَّابِرُونَ	أَجْرَهُمْ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	قُلْ	إِنِّي أُمِرْتُ	أَنْ	أَعْبُدَ اللَّهَ	مُخْلِصًا
اسکے سوا نہیں	پورا بدلہ دیا جائیگا	صبر کرنے والے	ان کا اجر	بے حساب	فرمادیں	بیشک مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں اللہ کی عبادت کروں	خالص کرکے

اس کے سوا نہیں کہ صبر کرنیوالوں کو ان کا اجر بے حساب پورا پورا دیا جائے گا۔ آپؐ فرمادیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں خالص کرکے

لَهُ الدِّينَ ﴿١١﴾ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُونَ أَوَّلَ الْمُسْلِمِينَ ﴿١٢﴾ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ

لَهُ	الدِّينَ	وَأُمِرْتُ	لِأَنْ	أَكُونَ	أَوَّلَ	الْمُسْلِمِينَ	قُلْ	إِنِّي أَخَافُ	إِنْ	عَصَيْتُ
اسی کے لئے	عبادت	اور مجھے حکم دیا گیا	اس کا	کہ میں ہوں	پہلا	(جمع) مسلم۔ فرمانبردار	فرمادیں	بیشک میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں

اسی کے لئے عبادت۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ مسلمانوں (فرمانبرداروں) میں پہلا میں ہوں۔ آپؐ فرمادیں، بیشک میں ڈرتا ہوں اگر میں نافرمانی کروں

رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِیْنِیْ ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ

رَبِّیْ	عَذَابَ	یَوْمٍ عَظِیْمٍ	قُلِ	اللّٰهَ اَعْبُدُ	مُخْلِصًا	لَّهٗ	دِیْنِیْ	فَاعْبُدُوْا	مَا شِئْتُمْ
اپنا پروردگار	عذاب	ایک بڑا دن	فرمادیں	میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں	خالص کرکے	اسی کے لئے	اپنی عبادت	پس تم پرستش کرو	جس کی تم چاہو

اپنے پروردگار کی، ایک بڑے دن کے عذاب سے۔ آپ فرمادیں میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں اسی کے لئے اپنی عبادت خالص کرکے۔ پس تم جس کی چاہو پرستش کرو

مِنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَ اَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ

مِنْ دُوْنِهٖ	قُلْ	اِنَّ	الْخٰسِرِیْنَ	الَّذِیْنَ	خَسِرُوْۤا	اَنْفُسَهُمْ	وَ اَهْلِیْهِمْ	یَوْمَ الْقِیٰمَةِ
اس کے سوائے	فرمادیں	بیشک	گھاٹا پانے والے	وہ جنہوں نے	گھاٹے میں ڈالا	اپنے آپ کو	اور اپنے گھر والے	روزِ قیامت

اللہ کے سوا، آپ فرمادیں بیشک گھاٹا پانے والے وہ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو گھاٹے میں ڈالا روزِ قیامت،

اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۵﴾ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَ مِنْ تَحْتِهِمْ

اَلَا	ذٰلِكَ	هُوَ	الْخُسْرَانُ	الْمُبِیْنُ	لَهُمْ	مِنْ فَوْقِهِمْ	ظُلَلٌ	مِّنَ النَّارِ	وَ مِنْ تَحْتِهِمْ
خوب یاد رکھو	یہ	وہ	گھاٹا	صریح	اُن کے لئے	ان کے اوپر سے	سائبان	آگ کے	اور ان کے نیچے سے

خوب یاد رکھو! یہی ہے صریح گھاٹا۔ اُن کے لئے ان کے اوپر سے آگ کے سائبان ہوں گے اور ان کے نیچے سے بھی

ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ یُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ یٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَ الَّذِیْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ

ظُلَلٌ	ذٰلِكَ	یُخَوِّفُ اللّٰهُ	بِهٖ	عِبَادَهٗ	یٰعِبَادِ	فَاتَّقُوْنِ	وَ الَّذِیْنَ	اجْتَنَبُوا	الطَّاغُوْتَ
سائبان (چادریں)	یہ	ڈراتا ہے اللہ	اس سے	اپنے بندوں	اے میرے بندو	پس مجھ سے ڈرو	اور جو لوگ	بچتے رہے	سرکش (شیطان)

(آگ کی) چادریں۔ یہ ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ اے میرے بندو! مجھ ہی سے ڈرو، اور جو لوگ شیطان سے بچتے رہے

اَنْ یَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْۤا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰی ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ

اَنْ	یَّعْبُدُوْهَا	وَ اَنَابُوْۤا	اِلَى اللّٰهِ	لَهُمُ	الْبُشْرٰی	فَبَشِّرْ	عِبَادِ	الَّذِیْنَ	یَسْتَمِعُوْنَ	الْقَوْلَ
کہ	اسکی پرستش کریں	اور انہوں نے رجوع کیا	اللہ کی طرف	انکے لئے	خوشخبری	سو خوشخبری دیں	میرے بندوں	وہ جو	سنتے ہیں	بات

کہ اسکی پرستش کریں، اور انہوں نے اللہ کی طرف رجوع کیا، ان کے لئے خوشخبری ہے۔ سو آپ میرے بندوں کو خوشخبری دیں جو پوری توجہ سے بات سنتے ہیں

فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾

فَیَتَّبِعُوْنَ	اَحْسَنَهٗ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِیْنَ	هَدٰىهُمُ اللّٰهُ	وَ اُولٰٓئِكَ	هُمْ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
پھر پیروی کرتے ہیں	اسکی اچھی باتیں	وہی لوگ	وہ جنہیں	انہیں ہدایت دی اللہ نے	اور یہی لوگ	وہ	عقل والے

پھر اس کی اچھی اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی، اور یہی لوگ ہیں عقل والے۔

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۚ أَفَأَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿١٩﴾ لٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا

أَفَمَنْ	حَقَّ	عَلَيْهِ	كَلِمَةُ	الْعَذَابِ	أَفَأَنْتَ	تُنْقِذُ	مَنْ	فِي النَّارِ	لٰكِنِ	الَّذِينَ اتَّقَوْا
کیا۔ تو۔ جو۔ جس	ثابت ہوگیا	اس پر	حکم۔ وعید	عذاب	کیا پس۔ تم	بچالوگے	جو	آگ میں	لیکن	جو لوگ ڈرے

تو کیا جس پر عذاب کی وعید ثابت ہوگئی پس کیا تم اسے بچا لو گے، جو آگ میں (گر گیا)؟ لیکن جو لوگ ڈرے

رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَعْدَ اللَّهِ ۖ

رَبَّهُمْ	لَهُمْ	غُرَفٌ	مِنْ فَوْقِهَا	غُرَفٌ	مَبْنِيَّةٌ	تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ	وَعْدَ اللَّهِ
اپنا رب	انکے لئے	بالاخانے	ان کے اوپر سے	بالاخانے	بنے بنائے	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اللہ کا وعدہ

اپنے رب سے اُن کے لئے بالاخانے ہیں، ان کے اوپر بنے بنائے بالاخانے ہیں، ان کے نیچے نہریں جاری ہیں، اللہ کا وعدہ ہے،

لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ﴿٢٠﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ

لَا يُخْلِفُ	اللَّهُ	الْمِيعَادَ	أَلَمْ تَرَ	أَنَّ اللَّهَ	أَنْزَلَ	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً	فَسَلَكَهُ	يَنَابِيعَ	فِي الْأَرْضِ
خلاف نہیں کرتا	اللہ	وعدہ	کیا تو نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	اتارا	آسمان سے	پانی	پھر چلایا اسکو	چشمے	زمین میں

اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا، کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اُسے چشمے (بنا کر) زمین میں چلایا،

ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهُ حُطَامًا ۚ

ثُمَّ	يُخْرِجُ	بِهِ	زَرْعًا	مُخْتَلِفًا	أَلْوَانُهُ	ثُمَّ يَهِيجُ	فَتَرَاهُ	مُصْفَرًّا	ثُمَّ يَجْعَلُهُ	حُطَامًا
پھر	وہ نکالتا ہے	اس سے	کھیتی	مختلف	اس کے رنگ	پھر وہ خشک ہو جاتی ہے	پھر تو دیکھے اسے	زرد	پھر وہ کر دیتا ہے اسے	چورا چورا

پھر وہ اس سے مختلف رنگوں کی کھیتی نکالتا ہے، پھر وہ خشک ہو جاتی ہے، پھر تو اسے زرد دیکھتا ہے، پھر وہ اسے چورا چورا کر دیتا ہے

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿٢١﴾ أَفَمَنْ شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ

إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَذِكْرَىٰ	لِأُولِي الْأَلْبَابِ	أَفَمَنْ	شَرَحَ اللَّهُ	صَدْرَهُ	لِلْإِسْلَامِ	فَهُوَ
بیشک	اس میں	البتہ نصیحت	عقل والوں کے لئے	کیا۔ پس جس	اللہ نے کھول دیا	اس کا سینہ	اسلام کے لئے	تو وہ

بیشک اس میں البتہ نصیحت ہے عقل والوں کے لئے۔ پس کیا جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا تو وہ

عَلَىٰ نُورٍ مِنْ رَبِّهِ ۚ فَوَيْلٌ لِلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ مِنْ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ

عَلَىٰ	نُورٍ	مِنْ رَبِّهِ	فَوَيْلٌ	لِلْقَاسِيَةِ	قُلُوبُهُمْ	مِنْ	ذِكْرِ اللَّهِ	أُولَٰئِكَ	فِي	ضَلَالٍ
پر	نور	اپنے رب کی طرف سے	سو خرابی	ان کے لئے سخت	ان کے دل	سے	اللہ کی یاد	یہی لوگ	میں	گمراہی

اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے (کیا وہ اور سنگدل برابر ہیں) سو خرابی ہے ان کے لئے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہیں، یہی لوگ گمراہی میں ہیں

مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ

مُبِيْنٍ	اَللّٰهُ	نَزَّلَ	اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ	كِتٰبًا	مُّتَشَابِهًا	مَّثَانِيَ	تَقْشَعِرُّ	مِنْهُ
کھلی	اللہ	نازل کیا	بہترین کلام	ایک کتاب	ملتی جلتی (آیات والی)	دُہرائی گئی	بال کھڑے ہو جاتے ہیں	اس سے

کھلی۔ اللہ نے بہترین کلام نازل کیا (یعنی) ایک کتاب جس کی آیتیں ملتی جلتی، بار بار دہرائی گئی ہیں، اس سے بال (رونگٹے) کھڑے ہو جاتے ہیں

جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ

جُلُوْدُ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	ثُمَّ	تَلِيْنُ	جُلُوْدُهُمْ	وَقُلُوْبُهُمْ	اِلٰى	ذِكْرِ اللّٰهِ
جلدیں	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	پھر	نرم ہو جاتی ہیں	ان کی جلدیں	اور انکے دل	طرف	اللہ کی یاد

ان لوگوں کی جلدوں پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر ان کی جلدیں اور ان کے دل نرم ہو جاتے ہیں اللہ کی یاد کی طرف (راغب ہوتے ہیں)

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾

ذٰلِكَ	هُدَى اللّٰهِ	يَهْدِيْ بِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ هَادٍ
یہ	اللہ کی ہدایت	ہدایت دیتا ہے اس سے	جسے وہ چاہتا ہے	اور جو جس	گمراہ کرتا ہے اللہ	تو نہیں	اسکے لئے	کوئی ہدایت دینے والا

یہ ہے اللہ کی ہدایت، اس سے اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا

اَفَمَنْ	يَّتَّقِيْ	بِوَجْهِهٖ	سُوْٓءَ الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَقِيْلَ	لِلظّٰلِمِيْنَ	ذُوْقُوْا	مَا
کیا۔ پس۔ جو	بچاتا ہے	اپنا چہرہ	بُرے عذاب سے	قیامت کے دن	اور کہا جائے گا	ظالموں کو	تم چکھو	جو

پس کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے چہرے کو بُرے عذاب سے بچاتا ہے (اہل جنت کے برابر ہو سکتا ہے؟) اور ظالموں کو کہا جائے گا تم (اس کا مزہ) چکھو جو

كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ	كَذَّبَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ
تم کماتے (کرتے) تھے	جھٹلایا	جو لوگ	ان سے پہلے	تو اُن پر آگیا	عذاب	جہاں سے

تم کرتے تھے۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے جھٹلایا تو ان پر عذاب آ گیا جہاں سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

لَا يَشْعُرُوْنَ	فَاَذَاقَهُمُ	اللّٰهُ	الْخِزْيَ	فِي	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ
انہیں خیال نہ تھا	پس چکھایا انہیں	اللہ	رسوائی	میں	زندگی	دنیا	اور البتہ عذاب	آخرت

انہیں خیال (بھی) نہ تھا۔ پس اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی میں رسوائی (کا مزہ) چکھایا، اور البتہ آخرت کا عذاب

اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ

اَكْبَرُ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	مِنْ كُلِّ
بہت ہی بڑا	کاش	وہ جانتے ہوتے	اور تحقیق ہم نے بیان کی	لوگوں کے لئے	میں	اس قرآن	ہر قسم کی

بہت ہی بڑا ہے، کاش وہ جانتے ہوتے اور تحقیق ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لئے بیان کی ہر قسم کی

مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾

مَثَلٍ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ	قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ
مثال	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں	قرآن	عربی	کسی کجی کے بغیر	تاکہ وہ	پرہیزگاری اختیار کریں

مثال تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ۔ قرآن عربی (زبان میں) ہے، کسی (بھی) کجی کے بغیر، تاکہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ

ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا	رَّجُلًا	فِيْهِ	شُرَكَآءُ	مُتَشٰكِسُوْنَ	وَرَجُلًا	سَلَمًا	لِّرَجُلٍ
بیان کی اللہ نے	ایک مثال	ایک آدمی	اس میں	کئی شریک	آپس میں ضدی	اور ایک آدمی	سالم (خالص)	ایک آدمی

اللہ نے ایک مثال بیان کی ہے، ایک آدمی (غلام) ہے، اس میں کئی (آقا) شریک ہیں جو آپس میں ضدی (جھگڑالو) ہیں اور ایک آدمی ایک آدمی کا (غلام) ہے،

هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ

هَلْ	يَسْتَوِيٰنِ	مَثَلًا	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	اِنَّكَ	مَيِّتٌ	وَّاِنَّهُمْ
کیا	دونوں کی برابر ہے	مثال (حالت)	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	بلکہ	ان میں اکثر	علم نہیں رکھتے	بیشک تم	مرنے والے	اور بیشک وہ

کیا دونوں کی حالت برابر ہے؟ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔ بیشک تم مرنے (انتقال کرنے) والے ہو اور وہ (بھی)

مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾

مَّيِّتُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عِنْدَ	رَبِّكُمْ	تَخْتَصِمُوْنَ
مرنے والے	پھر	بیشک تم	قیامت کے دن	پاس	اپنا رب	تم جھگڑو گے

مرنے والے ہیں۔ پھر بیشک تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے۔

الجزء ۲۴

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ

فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	كَذَبَ	عَلَى	اللّٰهِ	وَكَذَّبَ	بِالصِّدْقِ	اِذْ	جَآءَهٗ
پس کون	بڑا ظالم	سے۔جس	جھوٹ باندھا	پر	اللہ	اور اس نے جھٹلایا	سچائی کو	جب	وہ اسکے پاس آئی

پس اس سے بڑا ظالم کون؟ جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا، اور سچائی کو جھٹلایا، جب وہ اس کے پاس آئی

اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِىْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ

اَلَيْسَ	فِىْ جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَالَّذِىْ	جَآءَ	بِالصِّدْقِ	وَصَدَّقَ	بِهٖٓ
کیا نہیں	جہنم میں	ٹھکانا	کافروں کے لئے	اور جو شخص	آیا	سچائی کے ساتھ	اور اس نے اسکی تصدیق کی	اس کو

کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ اور جو شخص سچائی کے ساتھ آیا اور اس نے اس کی تصدیق کی

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُتَّقُوْنَ	لَهُمْ	مَا يَشَآءُوْنَ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	ذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا
یہی لوگ	وہ	(جمع) متقی	ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	ہاں۔پاس	ان کا رب	یہ	جزا

یہی لوگ متقی (پرہیزگار) ہیں۔ ان کیلئے ہے ان کے رب کے ہاں جو (بھی) وہ چاہیں گے، یہ جزا ہے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِىْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ

الْمُحْسِنِيْنَ	لِيُكَفِّرَ	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	اَسْوَاَ	الَّذِىْ	عَمِلُوْا	وَيَجْزِيَهُمْ	اَجْرَهُمْ
(جمع) نیکوکاروں	تاکہ دور کردے	اللہ	ان سے	برائی	وہ جو	انہوں نے کئے (اعمال)	اور انہیں جزا دے	ان کا اجر

نیکوکاروں کی۔ تاکہ اللہ ان سے ان کے اعمال کی برائی دور کر دے اور انہیں ان کے کاموں کا اجر دے

بِاَحْسَنِ الَّذِىْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ

بِاَحْسَنِ	الَّذِىْ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِكَافٍ	عَبْدَهٗ	وَيُخَوِّفُوْنَكَ
بہترین (اعمال)	وہ جو	وہ کرتے تھے	کیا نہیں	اللہ	کافی	اپنے بندے کو	اور وہ خوف دلاتے ہیں آپ کو

ان کے بہترین اعمال کا جو وہ کرتے تھے۔ کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں؟ اور وہ آپ کو ڈراتے ہیں

بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

بِالَّذِيْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنْ	هَادٍ	وَمَنْ	يَّهْدِ اللّٰهُ
ان سے جو	اس کے سوا	اور جس	گمراہ کر دے	اللہ	تو نہیں اسکے لئے	کوئی	ہدایت دینے والا	اور جس	اللہ ہدایت دے

اُن (جھوٹے معبودوں) سے جو اس کے سوا ہیں، اور جس کو اللہ گمراہ کر دے تو اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور جس کو اللہ ہدایت دے

فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ

فَمَا	لَهٗ	مِنْ	مُّضِلٍّ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِعَزِيْزٍ	ذِى انْتِقَامٍ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ
تو نہیں	اس کے لئے	کوئی	گمراہ کرنیوالا	کیا نہیں	اللہ	غالب	بدلہ لینے والا	اور اگر	تم پوچھو اُن سے

تو اُس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ، کیا اللہ غالب ، بدلہ لینے والا نہیں؟ اور اگر آپؐ اُن سے پوچھیں

مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ

مَنْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَا تَدْعُوْنَ	مِنْ
کون-کسی	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	تو وہ ضرور کہیں گے	اللہ	فرمادیں	کیا پس دیکھا تم نے	جن کو تم پکارتے ہو	سے

آسمانوں اور زمین کو کسی نے پیدا کیا ہے؟ تو وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے" آپؐ فرمادیں پس کیا تم نے دیکھا (دیکھو تو) تم جن کو پکارتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِىَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِىْ بِرَحْمَةٍ

دُوْنِ اللّٰهِ	اِنْ	اَرَادَنِىَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	هَلْ	هُنَّ	كٰشِفٰتُ	ضُرِّهٖۤ	اَوْ	اَرَادَنِىْ	بِرَحْمَةٍ
اللہ کے سوائے	اگر	چاہے میرے لئے	اللہ	کوئی ضرر	کیا	وہ سب	دُور کرنیوالے ہیں	اس کا ضرر	یا	وہ چاہے میرے لئے	کوئی رحمت

اللہ کے سوائے اگر اللہ میرے لئے کوئی ضرر چاہے تو کیا وہ سب اس کا ضرر دُور کرسکتے ہیں ؟ یا وہ میرے لئے کوئی رحمت چاہے

هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾

هَلْ	هُنَّ	مُمْسِكٰتُ	رَحْمَتِهٖ	قُلْ	حَسْبِىَ اللّٰهُ	عَلَيْهِ	يَتَوَكَّلُ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ
کیا	وہ سب	روکنے والے ہیں	اس کی رحمت	فرمادیں	کافی ہے میرے لئے اللہ	اس پر	بھروسہ کرتے ہیں	بھروسہ کرنے والے

کیا وہ سب اس کی رحمت روک سکتے ہیں ؟ آپؐ فرما دیں میرے لئے اللہ کافی ہے، بھروسہ کرنے والے اسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ مَنْ يَّاْتِيْهِ

قُلْ	يٰقَوْمِ	اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّىْ	عَامِلٌ	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	يَّاْتِيْهِ
فرمادیں	اے میری قوم	تم کام کئے جاؤ	پر	اپنی جگہ	بیشک میں	کام کرتا ہوں	پس عنقریب	تم جان لوگے	کون	آتا ہے اُس پر

آپؐ فرمادیں ، اے میری قوم ! تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ بیشک میں (اپنا) کام کرتا ہوں پس عنقریب تم جان لوگے کون ہے؟ جس پر آتا ہے

عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ

عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ	وَيَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ	اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	لِلنَّاسِ
عذاب	رسوا کردے اس کو	اور اُترتا ہے	اس پر	عذاب	دائمی	بیشک ہم نے نازل کی	آپؐ پر	کتاب	لوگوں کے لئے

عذاب جو اسے رسوا کردے اور (کون ہے) جس پر دائمی عذاب اترتا ہے؟ بیشک ہم نے آپؐ پر لوگوں (کی ہدایت) کے لئے کتاب نازل کی

بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ

بِالْحَقِّ	فَمَنِ	اهْتَدٰى	فَلِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَمَآ	اَنْتَ
حق کے ساتھ	پس جس	ہدایت پائی	تو اپنی ذات کے لئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو اسکے سوا نہیں	وہ گمراہ ہوتا ہے	اپنے لئے	اور نہیں	آپ

حق کے ساتھ، پس جس نے ہدایت پائی تو اپنی ذات کے لئے، اور جو گمراہ ہوا تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اپنے لئے گمراہ ہوتا ہے، اور آپ نہیں

۴ ع ۱۰ ۱

عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ

عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	اَللّٰهُ	يَتَوَفَّى	الْاَنْفُسَ	حِيْنَ	مَوْتِهَا	وَالَّتِيْ	لَمْ تَمُتْ
ان پر	نگہبان	اللہ	قبض کرتا ہے	(جمع) جان۔ روح	وقت	اس کی موت	اور جو	نہ مرے

ان پر نگہبان (ذمہ دار) ۔ اللہ روح کو اس کی موت کے وقت قبض کرتا ہے، اور جو نہ مرے

فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

فِيْ	مَنَامِهَا	فَيُمْسِكُ	الَّتِيْ	قَضٰى	عَلَيْهَا	الْمَوْتَ	وَيُرْسِلُ	الْاُخْرٰى	اِلٰى
میں	اپنی نیند	تو روک لیتا ہے	وہ جس	فیصلہ کیا اس نے	اس پر	موت	وہ چھوڑ دیتا ہے	دوسروں کو	تک

اپنی نیند میں، تو جس کی موت کا فیصلہ کیا تو اس کو (نیند کی صورت میں ہی) روک لیتا ہے اور دوسری (روحوں کو) چھوڑ دیتا ہے

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اَجَلٍ	مُّسَمًّى	اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
ایک وقت	مقررہ	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	غور و فکر کرتے ہیں	کیا	انہوں نے بنا لیا	اللہ کے سوا

ایک مقررہ وقت تک، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا بنا لئے ہیں

شُفَعَآءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ

شُفَعَآءَ	قُلْ	اَوَلَوْ	كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ	شَيْـــًٔا	وَّ	لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلْ	لِلّٰهِ	الشَّفَاعَةُ
شفاعت کرنیوالے	فرما دیں	یا اگر	وہ نہ اختیار رکھتے ہوں	کچھ	اور	نہ وہ سمجھ رکھتے ہوں	فرما دیں	اللہ کیلئے	شفاعت

شفاعت (سفارش) کرنے والے؟ آپ فرما دیں (اس صورت میں بھی) کہ وہ کچھ بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ سمجھ رکھتے ہوں؟ آپ فرما دیں اللہ ہی کے (اختیار میں) ہے

جَمِيْعًا ۭ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ

جَمِيْعًا	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَاِذَا	ذُكِرَ اللّٰهُ
تمام	اسی کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	پھر	اس کی طرف	تم لوٹو گے	اور جب	ذکر کیا جاتا ہے اللہ

تمام شفاعت، اسی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت، پھر اس کی طرف تم لوٹو گے۔ اور جب ذکر کیا جاتا ہے اللہ

وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ ۖ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ

وَحْدَهُ	اشْمَأَزَّتْ	قُلُوبُ	الَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ	بِالْآخِرَةِ	وَإِذَا	ذُكِرَ	الَّذِينَ	مِن دُونِهِ
ایک۔واحد	متنفر ہوجاتے ہیں	دل	وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	اور جب	ذکر کیا جاتا ہے	ان کا جو	اس کے سوا

واحد کا، تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل متنفر ہو جاتے ہیں، اور جب اُن کا ذکر کیا جاتا ہے جو اس کے سوا ہیں (یعنی اوروں کا)

إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿٤٥﴾ قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

إِذَا	هُمْ	يَسْتَبْشِرُونَ	قُلِ	اللَّهُمَّ	فَاطِرَ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	عَالِمَ	الْغَيْبِ
تو فوراً	وہ	خوش ہوجاتے ہیں	فرمادیں	اے اللہ	پیدا کرنے والا	آسمانوں	اور زمین	اور جاننے والا	پوشیدہ

تو فوراً خوش ہو جاتے ہیں۔ آپ فرمادیں اے اللہ! پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے، جاننے والے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ أَنتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٤٦﴾ وَلَوْ

وَالشَّهَادَةِ	أَنتَ	تَحْكُمُ	بَيْنَ	عِبَادِكَ	فِي مَا	كَانُوا	فِيهِ	يَخْتَلِفُونَ	وَلَوْ
اور ظاہر	تو	تو فیصلہ کرے گا	درمیان	اپنے بندوں	اس میں جو	وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے	اور اگر

اور ظاہر کے، تو اپنے بندوں کے درمیان (اس امر میں) فیصلہ کرے گا، جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ اور اگر

أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوءِ

أَنَّ	لِلَّذِينَ	ظَلَمُوا	مَا فِي الْأَرْضِ	جَمِيعًا	وَمِثْلَهُ	مَعَهُ	لَافْتَدَوْا	بِهِ	مِن	سُوءِ
ہو	ان کے لئے جنہوں نے	ظلم کیا	اور جو کچھ زمین میں	سب کا سب	اور اتنا ہی	اسکے ساتھ	بدلہ میں دیں وہ	اس کو	سے	برے

جن لوگوں نے (کفر و شرک کرکے) ظلم کیا جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب اور اس کے ساتھ اُتنا ہی (اور بھی)، اُن کے پاس ہو تو وہ بدلے میں دے دیں

الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ﴿٤٧﴾

الْعَذَابِ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	وَبَدَا لَهُم	مِنَ اللَّهِ	مَا	لَمْ يَكُونُوا	يَحْتَسِبُونَ
عذاب	روزِ قیامت	اور ظاہر ہوجائیگا ان پر	اللہ کی طرف سے	جو	نہ تھے وہ	گمان کرتے

روزِ قیامت بُرے عذاب سے (چھڑانے کے لئے) اور اللہ کی طرف سے ان پر ظاہر ہو جائے گا جس کا وہ گمان (بھی) نہ کرتے تھے۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٤٨﴾

وَبَدَا لَهُمْ	سَيِّئَاتُ	مَا كَسَبُوا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَا	كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِئُونَ
اور ظاہر ہوجائیں ان پر	برے کام	جو وہ کرتے تھے	اور گھیرے گا	ان کو	جو	وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے

اور اُن پر بُرے کام ظاہر ہو جائیں جو وہ کرتے تھے اور وہ (عذاب) ان کو گھیر لے گا، جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔

فَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ

فَإِذَا	مَسَّ	الْإِنسَانَ	ضُرٌّ	دَعَانَا	ثُمَّ إِذَا	خَوَّلْنَاهُ	نِعْمَةً	مِّنَّا	قَالَ	إِنَّمَا	أُوتِيتُهُ
پھر جب	پہنچتی ہے	انسان	کوئی تکلیف	وہ ہمیں پکارتا ہے	پھر جب	ہم عطا کرتے ہیں اسکو	کوئی نعمت	اپنی طرف سے	وہ کہتا ہے	یہ تو	مجھے دی گئی ہے

پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے، پھر جب اسکو ہم اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ کہتا ہے یہ تو مجھے دیا گیا ہے

عَلَىٰ عِلْمٍ ۚ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٩﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ

عَلَىٰ	عِلْمٍ	بَلْ هِيَ	فِتْنَةٌ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُونَ	قَدْ قَالَهَا	الَّذِينَ
پر	علم	بلکہ یہ	ایک آزمائش	اور لیکن	ان میں اکثر	جانتے نہیں	یقیناً یہ کہا تھا	جو لوگ

(میرے) علم (کی بنا) پر (نہیں) بلکہ یہ ایک آزمائش ہے، لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں - یقیناً یہ ان لوگوں نے (بھی) کہا تھا جو

مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٥٠﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ

مِن	قَبْلِهِمْ	فَمَا أَغْنَىٰ	عَنْهُم	مَّا	كَانُوا يَكْسِبُونَ	فَأَصَابَهُمْ	سَيِّئَاتُ
سے	ان سے پہلے	تو وہ نہ دور کیا	ان سے	جو	وہ کرتے تھے	پس انہیں پہنچیں	برائیاں

ان سے پہلے تھے تو جو وہ کرتے تھے اس نے ان سے (عذاب کو) دُور نہ کیا - پس انہیں پہنچیں (اُن پر آ پڑیں) برائیاں

مَا كَسَبُوا ۚ وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هَٰؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا ۚ وَمَا هُم

مَا كَسَبُوا	وَالَّذِينَ ظَلَمُوا	مِنْ هَٰؤُلَاءِ	سَيُصِيبُهُمْ	سَيِّئَاتُ	مَا كَسَبُوا	وَمَا هُم
جو انہوں نے کمائی	اور جن لوگوں نے ظلم کیا	ان میں سے	جلد پہنچیں گی انہیں	برائیاں	جو انہوں نے کمایا	اور وہ نہیں

جو انہوں نے کمائی تھیں" اور ان میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا جلد انہیں پہنچیں گی (ان پر آ پڑیں گی) برائیاں جو انہوں نے کمائی ہیں، اور وہ نہیں ہیں

بِمُعْجِزِينَ ﴿٥١﴾ أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ

بِمُعْجِزِينَ	أَوَ	لَمْ يَعْلَمُوا	أَنَّ اللَّهَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَن	يَشَاءُ	وَيَقْدِرُ
عاجز کرنے والے	یا	وہ نہیں جانتے	کہ اللہ	فراخ کرتا ہے	رزق	جس کے لئے	وہ چاہتا ہے	اور تنگ کر دیتا ہے

(اللہ کو) عاجز کرنے والے۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے (اور وہ جس کے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٥٢﴾ قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا

إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَآيَاتٍ	لِّقَوْمٍ	يُؤْمِنُونَ	قُلْ	يَا عِبَادِيَ	الَّذِينَ أَسْرَفُوا
بیشک	اس میں	نشانیاں	ان لوگوں کے لئے	وہ ایمان لائے	فرما دیں	اے میرے بندو	وہ جنہوں نے زیادتی کی

بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو ایمان لائے۔ آپ فرما دیں، اے میرے بندو! جنہوں نے زیادتی کی ہے

ع ۵ ۱۱ ۲

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ

عَلٰٓى	اَنْفُسِهِمْ	لَا تَقْنَطُوْا	مِنْ	رَّحْمَةِ اللّٰهِ	اِنَّ اللّٰهَ	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا
پر	اپنی جانیں	مایوس نہ ہو تم	سے	اللہ کی رحمت	بیشک اللہ	بخش دیتا ہے	گناہ (جمع) سب

اپنی جانوں پر، تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے،

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ

اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	وَاَنِيْبُوْا	اِلٰى	رَبِّكُمْ	وَاَسْلِمُوْا لَهٗ	مِنْ قَبْلِ
بیشک وہ	وہی	بخشنے والا	مہربان	اور رجوع کرو	طرف	اپنا رب	اور فرمانبردار ہو جاؤ اسکے	اس سے قبل

بے شک وہی بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو، اور اس کے فرمانبردار ہو جاؤ، اس سے قبل

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ	وَاتَّبِعُوْا	اَحْسَنَ	مَآ اُنْزِلَ	اِلَيْكُمْ
کہ	تم پر آئے	عذاب	پھر	تم مدد نہ کئے جاؤ گے	اور پیروی کرو	سب سے بہتر	جو نازل کی گئی	تمہاری طرف

کہ تم پر عذاب آ جائے، پھر تم مدد نہ کئے جاؤ گے۔ اور پیروی کرو سب سے بہتر (کتاب کی) جو تمہاری طرف نازل کی گئی ہے

مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

مِنْ	رَّبِّكُمْ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَكُمُ	الْعَذَابُ	بَغْتَةً	وَّاَنْتُمْ	لَا تَشْعُرُوْنَ
سے	تمہارا رب	اس سے قبل	کہ تم پر آئے	عذاب	اچانک	اور تم	تم کو شعور (خبر) نہ ہو

تمہارے رب کی طرف سے، اس سے قبل کہ تم پر اچانک عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ

اَنْ تَقُوْلَ	نَفْسٌ	يّٰحَسْرَتٰى	عَلٰى	مَا فَرَّطْتُّ	فِيْ	جَنْۢبِ اللّٰهِ	وَ	اِنْ كُنْتُ
کہ کہے	کوئی شخص	ہائے افسوس	اس پر	جو میں نے کوتاہی کی	میں	اللہ کا حق	اور	اور یہ کہ میں

کہ کوئی شخص کہے، ہائے اس پر افسوس جو میں نے اللہ کے حق میں کوتاہی کی اور یہ کہ میں

لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾

لَمِنَ	السّٰخِرِيْنَ	اَوْ	تَقُوْلَ	لَوْ	اَنَّ اللّٰهَ	هَدٰىنِيْ	لَكُنْتُ	مِنَ	الْمُتَّقِيْنَ
البتہ۔ سے	ہنسی اڑانے والے	یا	وہ کہے	اگر	یہ کہ اللہ	مجھے ہدایت دیتا	میں ضرور ہوتا	سے	پرہیزگار (جمع)

ہنسی اڑانے والوں میں سے رہا۔ یا وہ یہ کہے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں ضرور پرہیزگاروں میں سے ہوتا۔

أَوْ تَقُولَ حِينَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ أَنَّ لِي كَرَّةً فَأَكُونَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿۵۸﴾

أَوْ	تَقُولَ	حِينَ	تَرَى	الْعَذَابَ	لَوْ أَنَّ	لِي	كَرَّةً	فَأَكُونَ	مِنَ	الْمُحْسِنِينَ
یا	وہ کہے	جب	تو دیکھے	عذاب	کاش اگر	میرے لئے	(دوبارہ	تو میں ہو جاؤں	سے	نیکوکار (جمع)

یا جب وہ عذاب دیکھے تو کہے کاش ! اگر میرے لئے دوبارہ (دنیا میں جانا ہو) تو میں نیکوکاروں میں سے ہو جاؤں۔

بَلَىٰ قَدْ جَاءَتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿۵۹﴾

بَلَىٰ	قَدْ جَاءَتْكَ	آيَاتِي	فَكَذَّبْتَ	بِهَا	وَاسْتَكْبَرْتَ	وَكُنْتَ	مِنَ	الْكَافِرِينَ
ہاں	تحقیق تیرے پاس آئیں	میری آیات	تو تُو نے جھٹلایا	انہیں	اور تو نے تکبّر کیا	اور تو تھا	سے	کافروں

(اللہ فرمائے گا) ہاں! تحقیق تیرے پاس میری آیات آئیں، تو نے انہیں جھٹلایا، اور تو نے تکبّر کیا، اور تو کافروں میں سے تھا۔

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ ۚ أَلَيْسَ

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ	تَرَى	الَّذِينَ كَذَبُوا	عَلَى اللَّهِ	وُجُوهُهُمْ	مُسْوَدَّةٌ	أَلَيْسَ
اور قیامت کے دن	تم دیکھو گے	جن لوگوں نے جھوٹ بولا	اللہ پر	ان کے چہرے	سیاہ	کیا نہیں

اور قیامت کے دن تم دیکھو گے جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا، ان کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا

فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْمُتَكَبِّرِينَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّي اللَّهُ الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ

فِي	جَهَنَّمَ	مَثْوًى	لِلْمُتَكَبِّرِينَ	وَيُنَجِّي	اللَّهُ	الَّذِينَ اتَّقَوْا	بِمَفَازَتِهِمْ
میں	جہنم	ٹھکانا	تکبّر کرنے والے	اور نجات دے گا	اللہ	وہ جنہوں نے پرہیزگاری کی	ان کی کامیابی کے ساتھ

تکبّر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں؟ اور جن لوگوں نے پرہیزگاری کی اللہ انہیں ان کو کامیابی کے ساتھ نجات دے گا،

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿۶۱﴾ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۖ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ

لَا يَمَسُّهُمُ	السُّوءُ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُونَ	اللَّهُ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَهُوَ	عَلَىٰ	كُلِّ
نہ چھوئے گی انہیں	برائی	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	اللہ	پیدا کرنیوالا	ہر شے	اور وہ	پر	ہر

نہ انہیں کوئی برائی چھوئے گی، نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اللہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے، اور وہ ہر

شَيْءٍ وَكِيلٌ ﴿۶۲﴾ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ

شَيْءٍ	وَكِيلٌ	لَهُ مَقَالِيدُ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	وَالَّذِينَ	كَفَرُوا	بِآيَاتِ اللَّهِ
شے	نگہبان	اسکے پاس کنجیاں	آسمانوں	اور زمین	اور جو لوگ	منکر ہوئے	اللہ کی آیات کے

شے پر نگہبان ہے۔ اسی کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں، اور جو لوگ اللہ کی آیات سے منکر ہوئے

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٦٣﴾ قُلْ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ ﴿٦٤﴾

أُولَٰئِكَ	هُمُ	الْخَاسِرُونَ	قُلْ	أَفَغَيْرَ اللَّهِ	تَأْمُرُونِّي	أَعْبُدُ	أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ
وہی لوگ	وہ	خسارہ پانے والے	فرمادیں	تو کیا اللہ کے سوا	تم مجھے کہتے ہو	میں پرستش کروں	اے جاہلو (جمع)

وہی خسارہ پانے والے ہیں۔ آپؐ فرمادیں اے جاہلو! تو کیا تم مجھے کہتے ہو کہ میں اللہ کے سوا (کسی اور) کی پرستش کروں۔

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ

وَ	لَقَدْ أُوحِيَ	إِلَيْكَ	وَإِلَى	الَّذِينَ	مِن قَبْلِكَ	لَئِنْ	أَشْرَكْتَ	لَيَحْبَطَنَّ	عَمَلُكَ
اور	یقیناً وحی بھیجی گئی ہے	آپؐ کی طرف	اور طرف	وہ جو کہ	آپؐ سے پہلے	البتہ اگر	تو نے شرک کیا	البتہ اکارت جائیں گے	تیرے عمل

اور یقیناً آپؐ کی طرف اور آپؐ کے پہلوں کی طرف وحی بھیجی گئی ہے اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل بالکل اکارت جائیں گے

وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٦٥﴾ بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٦٦﴾

وَلَتَكُونَنَّ	مِنَ	الْخَاسِرِينَ	بَلِ	اللَّهَ	فَاعْبُدْ	وَكُن	مِنَ	الشَّاكِرِينَ
اور تو ہو گا ضرور	سے	خسارہ پانے والے	بلکہ	اللہ	پس عبادت کرو	اور ہو	سے	شکر گزاروں

اور تم ضرور خسارہ پانے والوں (زیاں کاروں) میں سے ہوگے۔ بلکہ تم اللہ ہی کی عبادت کرو، اور شکر گزاروں میں سے ہو۔

وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

وَ	مَا قَدَرُوا	اللَّهَ	حَقَّ	قَدْرِهِ	وَالْأَرْضُ	جَمِيعًا	قَبْضَتُهُ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ
اور	انہوں نے قدر شناسی نہ کی	اللہ	حق	اس کی قدر شناسی	اور زمین	تمام	اس کی مٹھی	روزِ قیامت

اور انہوں نے اللہ کی قدر شناسی نہ کی جیسا کہ اس کی قدر شناسی کا حق تھا، اور تمام زمین روزِ قیامت اس کی مٹھی میں ہو گی،

وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٦٧﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ

وَالسَّمَاوَاتُ	مَطْوِيَّاتٌ	بِيَمِينِهِ	سُبْحَانَهُ	وَتَعَالَىٰ	عَمَّا	يُشْرِكُونَ	وَنُفِخَ فِي الصُّورِ
اور تمام آسمان	لپٹے ہوئے	اسکے دائیں ہاتھ میں	وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	اور پھونکا ماری جائے گی صور میں

اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں لپٹے ہوں گے، اور وہ اس سے پاک اور برتر ہے جو وہ شرک کرتے ہیں۔ اور صور میں پھونک ماری جائیگی

فَصَعِقَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ

فَصَعِقَ	مَن	فِي السَّمَاوَاتِ	وَمَن	فِي الْأَرْضِ	إِلَّا	مَن	شَاءَ اللَّهُ	ثُمَّ	نُفِخَ فِيهِ
تو بیہوش ہو جائے گا	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	سوائے	جسے	چاہے اللہ	پھر	پھونک ماری جائیگی اس میں

تو (ہر کوئی) جو آسمانوں اور زمین میں ہے بیہوش ہو جائے گا، سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، پھر اس میں پھونک ماری جائے گی،

أُخْرٰى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنظُرُونَ ﴿٦٨﴾ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ

أُخْرٰى	فَإِذَا	هُمْ	قِيَامٌ	يَّنظُرُونَ	وَأَشْرَقَتِ	الْأَرْضُ	بِنُورِ رَبِّهَا	وَوُضِعَ الْكِتٰبُ
دوبارہ	تو فوراً	وہ	کھڑے	دیکھنے لگیں گے	اور چمک اُٹھے گی	زمین	اپنے رب کے نور سے	اور رکھدی جائیگی کتاب

دوبارہ، تو وہ فوراً کھڑے ہو کر (اِدھر اُدھر) دیکھنے لگیں گے۔ اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک اُٹھے گی اور (اعمال کی) کتاب (کھول کر) رکھدی جائیگی

وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٦٩﴾

وَجِايْٓءَ	بِالنَّبِيّٖنَ	وَالشُّهَدَآءِ	وَقُضِيَ	بَيْنَهُم	بِالْحَقِّ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُونَ
اور لائے جائیں گے	نبی (جمع)	اور گواہ (جمع)	اور فیصلہ کیا جائیگا	انکے درمیان	حق کے ساتھ	اور وہ اُن پر	ظلم نہ کیا جائے گا

اور نبی اور گواہ لائے جائیں گے، اور ان کے درمیان حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٧٠﴾ وَسِيقَ الَّذِينَ

وَوُفِّيَتْ	كُلُّ نَفْسٍ	مَّا عَمِلَتْ	وَهُوَ	أَعْلَمُ	بِمَا	يَفْعَلُونَ	وَسِيقَ	الَّذِينَ
اور پورا پورا دیا جائے گا	ہر شخص	جو اُس نے کیا (اسکے اعمال)	اور وہ	خوب جانتا ہے		جو کچھ وہ کرتے ہیں	اور ہانکے جائیں گے	وہ جنہوں نے

اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اور کافر ہانکے جائیں گے

كَفَرُوٓا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا ۖ حَتّٰٓى إِذَا جَآءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ

كَفَرُوٓا	إِلَىٰ	جَهَنَّمَ	زُمَرًا	حَتّٰٓى إِذَا	جَآءُوهَا	فُتِحَتْ	أَبْوَابُهَا	وَقَالَ	لَهُمْ
کفر کیا (کافر)	طرف	جہنم	گروہ در گروہ	یہاں تک کہ جب	وہ آئیں گے وہاں	کھول دیئے جائیں گے	اسکے دروازے	اور کہیں گے	ان سے

گروہ در گروہ جہنم کی طرف، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آئیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور ان سے کہیں گے

خَزَنَتُهَآ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ ءَايٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنذِرُونَكُمْ

خَزَنَتُهَآ	أَلَمْ يَأْتِكُمْ	رُسُلٌ	مِّنكُمْ	يَتْلُونَ	عَلَيْكُمْ	ءَايٰتِ رَبِّكُمْ	وَيُنذِرُونَكُمْ
اس کے محافظ	کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس	رسول (جمع)	تم میں سے	وہ پڑھتے تھے	تم پر	تمہارے رب کی آیتیں (احکام)	اور تمہیں ڈراتے تھے

اس کے محافظ (داروغہ) کیا تمہارے پاس تم میں سے رسول نہیں آئے تھے؟ جو تم پر تمہارے رب کے احکام پڑھتے تھے، اور تمہیں ڈراتے تھے

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ قَالُوا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِينَ ﴿٧١﴾

لِقَآءَ	يَوْمِكُمْ	هٰذَا	قَالُوا	بَلٰى	وَلٰكِنْ	حَقَّتْ	كَلِمَةُ	الْعَذَابِ	عَلَى	الْكٰفِرِينَ
ملاقات	تمہارا دن	یہ	وہ کہیں گے	ہاں	اور لیکن	پورا ہوگیا	حکم	عذاب	پر	کافروں

اس دن کی ملاقات سے۔ وہ کہیں گے "ہاں" لیکن کافروں پر عذاب کا حکم پورا ہو گیا۔

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾

قِيْلَ	ادْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
کہا جائے گا	تم داخل ہو	دروازے	جہنم	ہمیشہ رہنے کو	اس میں	سو بُرا ہے	ٹھکانا	تکبّر کرنے والے

کہا جائے گا تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو، اس میں ہمیشہ رہنے کو، سو بُرا ہے تکبّر کرنے والوں کا ٹھکانا۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ

وَسِيْقَ	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	رَبَّهُمْ	اِلَى الْجَنَّةِ	زُمَرًا	حَتّٰٓى	اِذَا	جَاۗءُوْهَا	وَفُتِحَتْ
ہانکا (لیجایا) جائے گا	وہ لوگ جو	وہ ڈرے	اپنا رب	جنت کی طرف	گروہ در گروہ	یہانتک کہ	جب	وہ وہاں آئینگے	اور کھول دیئے جائیں گے

اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرے انہیں جنت کی طرف گروہ در گروہ لے جایا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ وہاں آئیں گے اور کھول دیئے جائیں گے

اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾

اَبْوَابُهَا	وَقَالَ	لَهُمْ	خَزَنَتُهَا	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	طِبْتُمْ	فَادْخُلُوْهَا	خٰلِدِيْنَ
اس کے دروازے	اور کہیں گے	ان سے	اس کے محافظ	سلام	تم پر	تم اچھے رہے	سو اس میں داخل ہو	ہمیشہ رہنے کو

اس کے دروازے اور ان سے اس کے محافظ (داروغہ) کہیں گے تم پر سلام ہو، تم اچھے رہے، سو اس میں ہمیشہ رہنے کو داخل ہو۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ

وَقَالُوا	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	صَدَقَنَا	وَعْدَهٗ	وَاَوْرَثَنَا	الْاَرْضَ	نَتَبَوَّاُ
اور وہ کہیں گے	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	ہم سے سچا کیا	اپنا وعدہ	اور ہمیں وارث بنایا	زمین	ہم مقام کرلیں

اور وہ کہیں گے تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہمیں (اس) زمین کا وارث بنایا کہ ہم مقام کرلیں

مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰۗىِٕكَةَ حَاۗفِّيْنَ

مِنَ	الْجَنَّةِ	حَيْثُ	نَشَاۗءُ	فَنِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِيْنَ	وَتَرَى	الْمَلٰۗىِٕكَةَ	حَاۗفِّيْنَ
سے ۔ میں	جنت	جہاں	ہم چاہیں	سو کیا ہی اچھا	اجر	عمل کرنے والے	اور آپ دیکھیں گے	فرشتے	حلقہ باندھے

جنت میں جہاں ہم چاہیں، سو کیا ہی اچھا ہے عمل کرنے والوں کا اجر۔ اور آپ فرشتوں کو دیکھیں گے حلقہ باندھے

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ

مِنْ	حَوْلِ الْعَرْشِ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ	رَبِّهِمْ	وَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْحَقِّ
سے	عرش کے گرد	پاکیزگی بیان کرتے ہوئے	تعریف کے ساتھ	اپنا رب	اور فیصلہ کردیا جائیگا	ان کے درمیان	حق کے ساتھ

عرش کے گرد، اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہوئے، اور ان کے درمیان حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) فیصلہ کردیا جائے گا

۸ ع ۵ ۵

وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع

وَقِيْلَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
اور کہا جائے گا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	پروردگار	سارے جہان (جمع)

اور کہا جائے گا تمام تعریفیں سارے جہانوں کے پروردگار اللہ کے لئے ہیں۔

اٰیاتُھا ۸۵ | ۴۰ : سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ : ۶۰ | رُكُوْعَاتُھا ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

حٰمٓ	تَنْزِيْلُ	الْكِتٰبِ	مِنَ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	غَافِرِ	الذَّنْۢبِ	وَقَابِلِ	التَّوْبِ
حا۔میم	اتارا جانا	کتاب (قرآن)	اللہ سے	غالب	ہر چیز کا جاننے والا	بخشنے والا	گناہ (جمع)	اور قبول کرنیوالا	توبہ

حامیم۔ اس قرآن کا اتارا جانا اللہ غالب، ہر چیز کے جاننے والے (کی طرف) سے ہے۔ گناہوں کو بخشنے والا، توبہ قبول کرنے والا،

شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾ مَا يُجَادِلُ

شَدِيْدِ الْعِقَابِ	ذِي الطَّوْلِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ	مَا يُجَادِلُ
شدید عذاب والا	بڑے فضل والا	نہیں کوئی	معبود	اس کے سوا	اسی کی طرف	لوٹ کر جانا	وہ نہیں جھگڑتے

شدید عذاب والا، بڑے فضل والا، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ نہیں جھگڑتے

فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿۴﴾

فِيْٓ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اِلَّا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَلَا يَغْرُرْكَ	تَقَلُّبُهُمْ	فِي الْبِلَادِ
میں	اللہ کی آیات	مگر	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا	سو تمہیں دھوکہ میں نہ ڈالدے	ان کا چلنا پھرنا	شہروں میں

اللہ کی آیات میں مگر وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، سو تمہیں اُن کا شہروں میں (آرام چین سے) چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈال دے۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۠ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ

كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّالْاَحْزَابُ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	وَهَمَّتْ	كُلُّ اُمَّةٍۢ	بِرَسُوْلِهِمْ
بَعْدَ ظُلْمِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	مَا عَلَيْهِمْ	مِنْ سَبِيْلٍ	اِنَّمَا	السَّبِيْلُ	عَلَى	الَّذِيْنَ
اپنے اوپر ظلم کے بعد	سو یہ لوگ	نہیں ان پر	کوئی راہ	اس کے سوا نہیں	راہ (الزام)	پر	وہ لوگ جو

اپنے اوپر ظلم کے بعد، سو یہ لوگ ہیں جن پر کوئی راہِ (الزام) نہیں۔ اس کے سوا نہیں کہ الزام اُن پر ہے جو

يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾

يَظْلِمُوْنَ	النَّاسَ	وَيَبْغُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	بِغَيْرِ الْحَقِّ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ
وہ ظلم کرتے ہیں	لوگوں	اور وہ فساد کرتے ہیں	زمین میں	ناحق	یہی لوگ	ان کے لئے	دردناک عذاب

لوگوں پر ظلم کرتے ہیں، اور زمین میں ناحق فساد مچاتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کے لئے دردناک عذاب ہے۔

۴ ع ۱۴ ۵

وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

وَلَمَنْ	صَبَرَ	وَغَفَرَ	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَمِنْ	عَزْمِ الْاُمُوْرِ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ
اور البتہ جس	صبر کیا	اور معاف کر دیا	بیشک	یہ	البتہ سے	بڑی ہمت کے کام	اور جس کو	گمراہ کر دے	اللہ	تو نہیں اس کے لئے

اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کر دیا تو بیشک یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کر دے تو اس کے لئے نہیں

مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ

مِنْ وَّلِيٍّ	مِّنْۢ بَعْدِهٖ	وَتَرَى	الظّٰلِمِيْنَ	لَمَّا	رَاَوُا	الْعَذَابَ	يَقُوْلُوْنَ	هَلْ
کوئی کارساز	اس کے بعد	اور تم دیکھو گے	(جمع) ظالم	جب	وہ دیکھیں گے	عذاب	وہ کہیں گے	کیا

اس کے بعد کوئی کارساز، اور تم ظالموں کو دیکھو گے کہ جب وہ عذاب دیکھیں گے (تو) وہ کہیں گے کیا

اِلٰی مَرَدٍّ مِّنۡ سَبِیۡلٍ ﴿۴۴﴾ وَتَرٰىهُمۡ یُعۡرَضُوۡنَ عَلَیۡهَا خٰشِعِیۡنَ مِنَ الذُّلِّ یَنۡظُرُوۡنَ

اِلٰی	مَرَدٍّ	مِّنۡ سَبِیۡلٍ	وَتَرٰىهُمۡ	یُعۡرَضُوۡنَ	عَلَیۡهَا	خٰشِعِیۡنَ	مِنَ الذُّلِّ	یَنۡظُرُوۡنَ
طرف - کا	لوٹنا	کوئی راہ	اور تو دیکھے گا انہیں	پیش کئے جائیں گے وہ	اس (دوزخ) پر	عاجزی کرتے ہوئے	ذلت سے	وہ دیکھتے ہونگے

لوٹنے کی کوئی راہ ہے؟ اور تو دیکھے گا جب وہ عاجزی کرتے ہوئے ذلت سے دوزخ پر پیش کئے جائیں گے تو وہ دیکھتے ہوں گے

مِنۡ طَرۡفٍ خَفِیٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ

مِنۡ	طَرۡفٍ - خَفِیٍّ	وَقَالَ	الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	اِنَّ	الۡخٰسِرِیۡنَ	الَّذِیۡنَ	خَسِرُوۡۤا	اَنۡفُسَهُمۡ
سے	گوشۂ چشم پوشیدہ (نیم کشادہ)	اور کہیں گے	جو ایمان لائے (مومن)	بیشک	خسارہ پانے والے	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا	اپنے آپ کو

نیم کشادہ گوشۂ چشم سے، اور مومن کہیں گے خسارہ پانے والے وہ ہیں جنہوں نے خسارے میں ڈالا اپنے آپ کو

وَاَهۡلِیۡهِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ فِیۡ عَذَابٍ مُّقِیۡمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا كَانَ لَهُمۡ

وَاَهۡلِیۡهِمۡ	یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ	اَلَاۤ	اِنَّ	الظّٰلِمِیۡنَ	فِیۡ	عَذَابٍ مُّقِیۡمٍ	وَمَا كَانَ	لَهُمۡ
اور اپنے متعلقین	روزِ قیامت	خوب یاد رکھو	بیشک	(جمع) ظالم	میں	ہمیشہ رہنے والا عذاب	اور نہیں ہیں	ان کے لئے

اور اپنے متعلقین کو روزِ قیامت، خوب یاد رکھو! ظالم بیشک ہمیشہ رہنے والے عذاب میں ہوں گے۔ اور ان کے لئے نہیں ہیں

مِّنۡ اَوۡلِیَآءَ یَنۡصُرُوۡنَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ سَبِیۡلٍ ﴿۴۶﴾

مِنۡ اَوۡلِیَآءَ	یَنۡصُرُوۡنَهُمۡ	مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	وَمَنۡ	یُّضۡلِلِ اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنۡ سَبِیۡلٍ
کوئی کارساز	وہ مدد دیں انہیں	اللہ کے سوا	اور جس	گمراہ کردے اللہ	تو نہیں اس کے لئے	کوئی راستہ

کوئی کارساز جو انہیں اللہ کے سوا مدد دیں، اور جس کو اللہ گمراہ کردے اس کے لئے (ہدایت کا) کوئی راستہ نہیں۔

اِسۡتَجِیۡبُوۡا لِرَبِّكُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ یَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمۡ مِّنۡ

اِسۡتَجِیۡبُوۡا	لِرَبِّكُمۡ	مِّنۡ قَبۡلِ	اَنۡ یَّاۡتِیَ	یَوۡمٌ	لَّا مَرَدَّ	لَهٗ	مِنَ اللّٰهِ	مَا لَكُمۡ	مِّنۡ
تم قبول کرلو	اپنے رب کا (فرمان)	اس سے قبل	کہ آئے	وہ دن	پھیرنے والا نہیں	اس کے لئے	اللہ سے	نہیں تمہارے لئے	کوئی

تم اپنے رب کا فرمان اس سے قبل قبول کرلو کہ وہ دن آئے جس کو اللہ کی جانب سے کوئی پھیرنے والا نہیں، تمہارے لئے نہیں

مَّلۡجَاٍ یَّوۡمَئِذٍ وَّمَا لَكُمۡ مِّنۡ نَّكِیۡرٍ ﴿۴۷﴾ فَاِنۡ اَعۡرَضُوۡا فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَیۡهِمۡ

مَلۡجَاٍ	یَّوۡمَئِذٍ	وَّمَا لَكُمۡ	مِّنۡ	نَّكِیۡرٍ	فَاِنۡ	اَعۡرَضُوۡا	فَمَاۤ	اَرۡسَلۡنٰكَ	عَلَیۡهِمۡ
کوئی پناہ	اس دن	اور نہیں تمہارے لئے	کوئی	انکار (روک ٹوک کرنیوالا)	پھر اگر	وہ منہ پھیرلیں	تو نہیں	ہم نے بھیجا تمہیں	ان پر

اس دن کوئی پناہ، اور تمہارے لئے کوئی روک ٹوک کرنے والا نہیں۔ پھر اگر وہ منہ پھیرلیں تو ہم نے آپ کو ان پر نہیں بھیجا

حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً

حَفِيْظًا	اِنْ	عَلَيْكَ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	وَاِنَّا	اِذَا	اَذَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنَّا	رَحْمَةً
نگہبان	نہیں	آپ پر ذمے	سوا	پہنچانا	اور بیشک	جب	چکھاتے ہیں ہم	انسان	اپنی طرف سے	رحمت

نگہبان، آپؐ کے ذمے (پیغام) پہنچانے کے سوا نہیں، اور بیشک جب ہم انسان کو اپنی طرف سے رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں

فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾

فَرِحَ بِهَا	وَاِنْ	تُصِبْهُمْ	سَيِّئَةٌ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ	فَاِنَّ الْاِنْسَانَ	كَفُوْرٌ
خوش ہو جاتا ہے اس سے	اور اگر	پہنچے انہیں	کوئی برائی	اس کے بدلے	آگے بھیجا	ان کے ہاتھوں	تو بیشک انسان	بڑا ناشکرا

تو وہ اس سے خوش ہو جاتا ہے، اور اگر انہیں اس کے بدلے کوئی برائی پہنچے جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجا، تو بیشک انسان بڑا ناشکرا ہے۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ

لِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	يَخْلُقُ	مَا يَشَآءُ	يَهَبُ	لِمَنْ يَّشَآءُ	اِنَاثًا	وَيَهَبُ
اللہ کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	وہ پیدا کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	وہ عطا کرتا ہے	جس کے لئے وہ چاہتا ہے	بیٹیاں	اور عطا کرتا ہے

اللہ کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت، جو وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، وہ عطا کرتا ہے جس کو وہ چاہے بیٹیاں، اور وہ عطا کرتا ہے

لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ

لِمَنْ يَّشَآءُ	الذُّكُوْرَ	اَوْ	يُزَوِّجُهُمْ	ذُكْرَانًا	وَاِنَاثًا	وَيَجْعَلُ	مَنْ يَّشَآءُ	عَقِيْمًا
جس کے لئے وہ چاہتا ہے	بیٹے	یا	جمع کر دیتا ہے انہیں	بیٹے	اور بیٹیاں	اور کر دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	بانجھ

جس کو وہ چاہتا ہے بیٹے۔ یا انہیں جمع کر دیتا (جوڑے دیتا ہے) بیٹے اور بیٹیاں، اور جس کو وہ چاہتا ہے بانجھ (بے اولاد) کر دیتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ

اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	قَدِيْرٌ	وَمَا كَانَ	لِبَشَرٍ	اَنْ يُّكَلِّمَهُ	اللّٰهُ	اِلَّا وَحْيًا	اَوْ	مِنْ وَّرَآئِ
بیشک وہ	جاننے والا	قدرت رکھنے والا ہے	اور نہیں ہے	کسی بشر کو	کہ اس سے کلام کرے	اللہ	مگر وحی سے	یا	پیچھے سے

بیشک وہ جاننے والا، قدرت رکھنے والا ہے۔ اور کسی بشر کو (مجال) نہیں کہ اللہ اس سے کلام کرے مگر وحی (اشارے) سے یا

حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَ

حِجَابٍ	اَوْ يُرْسِلَ	رَسُوْلًا	فَيُوْحِيَ	بِاِذْنِهٖ	مَا يَشَآءُ	اِنَّهٗ	عَلِيٌّ	حَكِيْمٌ	وَ
ایک پردہ	یا وہ بھیجے	کوئی فرشتہ	پس وہ وحی کرے	اس کے حکم سے	جو وہ چاہے	بیشک وہ	بلند تر	حکمت والا	اور

پردے کے پیچھے سے یا وہ کوئی فرشتہ بھیجے، پس وہ اس کے حکم سے جو (اللہ) چاہے وہ وحی کرے (پیغام پہنچا دے) بیشک وہ بلند تر، حکمت والا ہے۔ اور

كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

كَذٰلِكَ	اَوْحَيْنَا	اِلَيْكَ	رُوْحًا	مِنْ اَمْرِنَا	مَا كُنْتَ تَدْرِيْ	مَا الْكِتٰبُ	وَلَا الْاِيْمَانُ
اسی طرح	ہم نے وحی کیا	تمہاری طرف	قرآن	اپنے حکم سے	تم نہ جانتے تھے	کیا ہے کتاب	اور نہ ایمان

اسی طرح ہم نے آپؐ کی طرف اپنے حکم سے قرآن کو وحی کیا، آپؐ نہ جانتے تھے کتاب کیا ہے؟ اور نہ ایمان (کی تفصیل)

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ

وَلٰكِنْ	جَعَلْنٰهُ	نُوْرًا	نَّهْدِيْ بِهٖ	مَنْ نَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِنَا	وَاِنَّكَ	لَتَهْدِيْٓ
اور لیکن	ہم نے بنا دیا اسے	نور	ہم ہدایت دیتے ہیں اس سے	جس کو ہم چاہتے ہیں	اپنے بندوں میں سے	اور بیشک تم	ضرور رہنمائی کرتے ہو

لیکن ہم نے اسے نور بنا دیا، اس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں، اور بیشک آپؐ ضرور رہنمائی کرتے ہیں

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	صِرَاطِ اللّٰهِ	الَّذِيْ لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ
طرف	راستہ	سیدھا	راستہ اللہ کا	وہ جس کے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور

سیدھے راستے کی طرف (یعنی) اللہ کا راستہ، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے ، اور

مَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾ ع ۵ ۱۰ ۶

مَا	فِي الْاَرْضِ	اَلَآ	اِلَى اللّٰهِ	تَصِيْرُ	الْاُمُوْرُ
جو کچھ	زمین میں	یاد رکھیں	اللہ کی طرف	بازگشت	تمام کام

جو کچھ زمین میں ہے، یاد رکھیں! تمام کاموں کی بازگشت اللہ کی طرف ہے۔

اٰيَاتُهَا ۸۹ | ۴۳ = سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ = ۶۳ | رُكُوْعَاتُهَا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾

حٰمٓ	وَالْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّا	جَعَلْنٰهُ	قُرْءٰنًا	عَرَبِيًّا	لَّعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ
حٰمٓ	قسم ہے کتاب	واضح	بیشک ہم	ہم نے اسے بنایا	قرآن	عربی زبان	تاکہ تم	سمجھو

حامیم۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ بیشک ہم نے اسے بنایا عربی زبان میں قرآن، تاکہ تم سمجھو۔

وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝۴ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا

وَاِنَّهٗ	فِيْٓ	اُمِّ الْكِتٰبِ	لَدَيْنَا	لَعَلِيٌّ	حَكِيْمٌ	اَفَنَضْرِبُ	عَنْكُمُ	الذِّكْرَ	صَفْحًا
اور بیشک وہ	میں	اصل کتاب (لوحِ محفوظ)	ہمارے پاس	بلند مرتبہ	باحکمت	کیا ہم ہٹا لیں	تم سے	نصیحت	اعراض کر کے

اور بیشک وہ (قرآن) ہمارے پاس لوحِ محفوظ میں ہے، بلند مرتبہ، باحکمت۔ کیا ہم یہ نصیحت تم سے اعراض کر کے اس لئے ہٹا لیں

اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝۵ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۝۶ وَمَا يَاْتِيْهِمْ

اَنْ	كُنْتُمْ	قَوْمًا	مُّسْرِفِيْنَ	وَكَمْ اَرْسَلْنَا	مِنْ نَّبِيٍّ	فِي الْاَوَّلِيْنَ	وَمَا يَاْتِيْهِمْ
کہ	تم ہو	لوگ	حد سے گزرنے والے	اور بہت بھیجے ہم نے	نبی	پہلے لوگوں میں	اور نہیں آیا ان کے پاس

کہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو۔ اور ہم نے پہلے لوگوں میں بہت سے نبی بھیجے۔ اور اُن کے پاس نہیں آیا

مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۷ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى

مِنْ نَّبِيٍّ	اِلَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	فَاَهْلَكْنَا	اَشَدَّ	مِنْهُمْ	بَطْشًا	وَمَضٰى
کوئی نبی	مگر	وہ تھے	اس سے	ٹھٹھا کرتے	پس ہم نے ہلاک کیا	سخت	ان سے	پکڑ	اور گزر چکی

کوئی نبی، مگر وہ اس سے ٹھٹھا کرتے تھے۔ پس ہم نے اُن (اہلِ مکہ) سے زیادہ سخت پکڑ والے لوگوں کو ہلاک کیا ہے اور گزر چکی ہے

مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

مَثَلُ	الْاَوَّلِيْنَ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	خَلَقَ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	لَيَقُوْلُنَّ
مثال (حالت)	پہلے	اور اگر	تم ان سے پوچھو	کس	پیدا کیا آسمانوں کو	اور زمین	تو وہ ضرور کہیں گے

پہلے لوگوں کی حالت۔ اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝۹ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا

خَلَقَهُنَّ	الْعَزِيْزُ	الْعَلِيْمُ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	مَهْدًا	وَجَعَلَ	لَكُمْ	فِيْهَا
انہیں پیدا کیا	غالب	علم والا	وہ جس	بنایا	تمہارے لئے	زمین	فرش	اور بنائے	تمہارے لئے	اس میں

"انہیں پیدا کیا ہے غالب، علم والے (اللہ) نے"۔ وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو فرش بنایا، اور تمہارے لئے اس میں بنائے

سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝۱۰ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ

سُبُلًا	لَّعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَالَّذِيْ	نَزَّلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	بِقَدَرٍ	فَاَنْشَرْنَا	بِهٖ
راستے۔ جمع سبیل	تاکہ تم	تم راہ پاؤ	اور وہ جس	اُتارا	آسمان سے	پانی	ایک اندازہ سے	پھر زندہ کیا ہم نے	اس سے

راستے، تاکہ تم راہ پاؤ۔ اور وہ اللہ جس نے ایک اندازے کے ساتھ آسمانوں سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے زندہ کیا

بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ

بَلْدَةً مَّيْتًا	كَذٰلِكَ	تُخْرَجُوْنَ	وَالَّذِيْ	خَلَقَ	الْاَزْوَاجَ	كُلَّهَا	وَجَعَلَ	لَكُمْ
شہر مُردہ	اسی طرح	تم نکالے جاؤ گے	اور وہ جس	پیدا کئے	جوڑے	ان سب کے	اور بنائی	تمہارے لئے

مُردہ شہر کو، اسی طرح تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ وہ جس نے ان سب کے جوڑے بنائے، اور تمہارے لئے بنائیں

مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا

مِنَ الْفُلْكِ	وَالْاَنْعَامِ	مَا	تَرْكَبُوْنَ	لِتَسْتَوٗا	عَلٰى ظُهُوْرِهٖ	ثُمَّ	تَذْكُرُوْا
کشتیاں	اور چوپائے	جن	تم سوار ہوتے ہو	تاکہ تم ٹھیک بیٹھو	اُن کی پیٹھوں پر	پھر	تم یاد کرو

کشتیاں اور چوپائے، جن پر تم سوار ہوتے ہو۔ تاکہ تم ان کی پیٹھوں پر ٹھیک طور سے بیٹھو، پھر تم یاد کرو

نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَ

نِعْمَةَ	رَبِّكُمْ	اِذَا	اسْتَوَيْتُمْ	عَلَيْهِ	وَتَقُوْلُوْا	سُبْحٰنَ	الَّذِيْ	سَخَّرَ لَنَا	هٰذَا	وَ
نعمت	اپنا رب	جب	تم ٹھیک بیٹھ جاؤ	اس پر	اور تم کہو	پاک ہے	وہ ذات جس	مسخر کیا ہمارے لئے	اس	اور

اپنے رب کی نعمت کو، جب تم اس پر ٹھیک بیٹھ جاؤ، اور تم کہو پاک ہے وہ ذات جس نے اسے ہمارے لئے مسخر (تابع فرمان) کیا اور

مَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ

مَا كُنَّا	لَهٗ	مُقْرِنِيْنَ	وَاِنَّآ	اِلٰى	رَبِّنَا	لَمُنْقَلِبُوْنَ	وَجَعَلُوْا	لَهٗ	مِنْ عِبَادِهٖ
نہ تھے	ہم اس کو	قابو میں لانے والے	اور بیشک ہم	طرف	اپنا رب	ضرور لوٹ کر جانیوالے	اور انہوں نے بنالیا	اس کے لئے	اس کے بندوں میں سے

ہم اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانیوالے ہیں۔ اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے اس کے لئے بنا لیا ہے

جُزْءًا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ

جُزْءًا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَكَفُوْرٌ	مُّبِيْنٌ	اَمِ اتَّخَذَ	مِمَّا يَخْلُقُ	بَنٰتٍ	وَّاَصْفٰىكُمْ
جزو (لختِ جگر)	بیشک	انسان	ناشکرا	صریح	کیا اس نے بنالیں	اس سے جو اس نے پیدا کیا (مخلوق)	بیٹیاں	اور تمہیں مخصوص کیا

جزو (لختِ جگر) بیشک انسان صریح ناشکرا ہے۔ کیا اس نے اپنی مخلوق میں سے (اپنے لئے) بیٹیاں بنالیں؟ اور تمہیں مخصوص کیا (نوازا)

بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ

بِالْبَنِيْنَ	وَاِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِمَا	ضَرَبَ	لِلرَّحْمٰنِ	مَثَلًا	ظَلَّ وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَهُوَ
بیٹوں کے ساتھ	اور جب	خوشخبری دی جائے	ان میں سے ایک	اس کی جو	اس نے بیان کیں	رحمٰن (اللہ) کے لئے	مثال	ہو جاتا ہے اس کا چہرہ	سیاہ	اور وہ

بیٹوں کے ساتھ؟ اور جب ان میں سے کسی ایک کو اس (بیٹی) کی خوشخبری دی جائے جس کی مثال اس نے اللہ کے لئے دی تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے، اور وہ

كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَ مَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا

كَظِيْمٌ	اَوَ	مَنْ	يُّنَشَّؤُا	فِي الْحِلْيَةِ	وَهُوَ	فِي الْخِصَامِ	غَيْرُ مُبِيْنٍ	وَجَعَلُوا
پُر از غم	کیا	جو	پرورش پائے	زیور میں	اور وہ	جھگڑے (بحث مباحثہ) میں	غیر واضح	اور انہوں نے ٹھہرایا

پُر از غم ہو جاتا ہے۔ کیا وہ جو زیور میں پرورش پائے اور وہ بحث مباحثہ میں غیر واضح ہو (اسے اللہ کی بیٹی کہتے ہیں) ۔ اور انہوں نے ٹھہرایا

الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ

الْمَلٰٓئِكَةَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ	اِنَاثًا	اَشَهِدُوْا	خَلْقَهُمْ	سَتُكْتَبُ	شَهَادَتُهُمْ
فرشتے	وہ جو	وہ	(رحمٰن (اللہ کے) بندے	عورتیں	کیا تم موجود تھے	ان کی پیدائش	ابھی لکھ لیا جائے گا	انکی گواہی (دعویٰ)

فرشتوں کو عورتیں، جو اللہ کے بندے ہیں، کیا تم ان کی پیدائش (کے وقت) موجود تھے؟ ان کا یہ دعویٰ ابھی لکھ لیا جائے گا

وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ

وَيُسْـَٔلُوْنَ	وَقَالُوْا	لَوْ شَآءَ	الرَّحْمٰنُ	مَا عَبَدْنٰهُمْ	مَا لَهُمْ	بِذٰلِكَ	مِنْ عِلْمٍ
اور ان سے پوچھا جائے گا	اور وہ کہتے ہیں	اگر چاہتا	رحمٰن (اللہ)	ہم نہ عبادت کرتے ان کی	انہیں نہیں	اس کا	کچھ علم

اور (قیامت کے دن) ان سے پوچھا جائے گا۔ اور وہ کہتے ہیں اگر اللہ چاہتا ہم ان کی عبادت نہ کرتے، انہیں اس کا کچھ علم نہیں

اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾ ؕ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾

اِنْ	هُمْ	اِلَّا	يَخْرُصُوْنَ	اَمْ	اٰتَيْنٰهُمْ	كِتٰبًا	مِنْ قَبْلِهٖ	فَهُمْ بِهٖ	مُسْتَمْسِكُوْنَ
نہیں	وہ	مگر صرف	اٹکل دوڑاتے ہیں	کیا	ہم نے دی انہیں	کوئی کتاب	اس سے قبل	سو وہ اس کو	تھامے ہوئے ہیں

وہ تو صرف اٹکل دوڑاتے ہیں۔ کیا ہم نے اس سے قبل انہیں کوئی کتاب دی ہے جس کو وہ تھامے ہوئے ہیں (اس سے استدلال کرتے ہیں)۔

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ

بَلْ	قَالُوْٓا	اِنَّا وَجَدْنَآ	اٰبَآءَنَا	عَلٰٓى اُمَّةٍ	وَّاِنَّا	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	مُّهْتَدُوْنَ	وَكَذٰلِكَ
بلکہ	وہ کہتے ہیں	بیشک ہم نے پایا	اپنے باپ دادا	ایک طریقہ پر	اور بیشک ہم	ان کے نقش قدم پر	راہ پانے والے (چل رہے ہیں)	اور اسی طرح

بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر پایا، اور بیشک ہم ان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں - اور اسی طرح

مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ

مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	فِيْ قَرْيَةٍ	مِّنْ نَّذِيْرٍ	اِلَّا	قَالَ	مُتْرَفُوْهَآ	اِنَّا وَجَدْنَآ
نہیں بھیجا ہم نے	اس سے پہلے	کسی بستی میں	کوئی ڈر سنانے والا	مگر	کہا	اس کے خوشحال	بیشک ہم نے پایا

ہم نے آپؐ سے پہلے کسی بستی میں کوئی ڈر سنانے والا نہیں بھیجا، مگر اس کے خوشحال لوگوں نے کہا، بیشک ہم نے پایا ہے

اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى

اٰبَآءَنَا	عَلٰٓى اُمَّةٍ	وَّاِنَّا	عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ	مُّقْتَدُوْنَ	قٰلَ	اَوَلَوْ	جِئْتُكُمْ	بِاَهْدٰى
اپنے باپ دادا	ایک طریقہ پر	اور بیشک ہم	ان کے نقش قدم پر	پیروی کرتے ہیں	(نبی نے) کہا	کیا	اگرچہ میں تمہارے پاس لایا ہوں	بہتر راہ بتانے والا

اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ پر اور بیشک ہم انکے نقشِ قدم کی پیروی کرتے ہیں۔ نبیؐ نے کہا کیا (اس صورت میں بھی) اگرچہ میں بہتر راہ بتلانے والا (دینِ حق) لایا ہوں

مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

مِمَّا	وَجَدْتُّمْ	عَلَيْهِ	اٰبَآءَكُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	فَانْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ
اس سے جس	تم نے پایا	اس پر	اپنے باپ دادا	وہ بولے	بیشک ہم	اس پر	جس کے ساتھ تم بھیجے گئے	انکار کرنے والے	تو ہم نے بدلہ لیا	ان سے

اس سے جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا؟ وہ بولے بیشک ہم اس کا انکار کرنے والے ہیں جس کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو۔ تو ہم نے ان سے بدلہ لیا

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ

فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	لِاَبِيْهِ	وَقَوْمِهٖٓ
سو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والوں کا	اور جب	کہا	ابراہیمؑ	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم

سو دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا؟ اور (یاد کرو) جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ اور اپنی قوم کو کہا

اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾ وَجَعَلَهَا

اِنَّنِيْ	بَرَآءٌ	مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ	اِلَّا الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	فَاِنَّهٗ	سَيَهْدِيْنِ	وَجَعَلَهَا
بیشک میں	بیزار	اس سے جس کی تم پرستش کرتے ہو	مگر وہ جس نے	مجھے پیدا کیا	تو بیشک وہ	جلد مجھے ہدایت دے گا	اور اس نے کہا اس کو

بے شک میں اس سے بیزار ہوں جس کی تم پرستش کرتے ہو، مگر (ہاں) جس نے مجھے پیدا کیا تو بیشک وہ جلد مجھے ہدایت دے گا۔ اور اس (ابراہیمؑ) نے اس کو کہا

كَلِمَةً بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى

كَلِمَةً	بَاقِيَةً	فِيْ عَقِبِهٖ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	بَلْ	مَتَّعْتُ	هٰٓؤُلَآءِ	وَاٰبَآءَهُمْ	حَتّٰى
بات	باقی رہنے والی	اپنی نسل میں	تاکہ وہ	رجوع کرتے رہیں	بلکہ میں نے سامانِ زیست دیا	ان کو	اور ان کے باپ دادا	یہاں تک کہ

اپنی نسل میں باقی رہنے والی بات، تاکہ وہ رجوع کرتے رہیں۔ بلکہ میں نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو سامانِ زیست دیا، یہاں تک کہ

جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا

جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	وَرَسُوْلٌ	مُّبِيْنٌ	وَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ	وَّاِنَّا
آگیا ان کے پاس	حق (قرآن)	اور رسول	صاف صاف بیان کرنے والا	اور جب	آگیا ان کے پاس	حق	وہ کہنے لگے	یہ	جادو	اور بیشک ہم

ان کے پاس قرآن آگیا، اور صاف صاف بیان کرنے والا رسول۔ اور جب ان کے پاس حق آیا تو وہ کہنے لگے یہ جادو ہے، اور بیشک ہم

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾

بِهٖ	كٰفِرُوْنَ	وَقَالُوْا	لَوْلَا نُزِّلَ	هٰذَا الْقُرْاٰنُ	عَلٰى رَجُلٍ	مِّنَ	الْقَرْيَتَيْنِ	عَظِيْمٍ
اس کے	انکار کرنے والے	اور وہ بولے	کیوں نہ اتارا گیا	یہ قرآن	کسی آدمی پر	سے	دو بستیاں	بڑے

اس کے انکار کرنے والے ہیں۔ اور وہ بولے یہ قرآن (مکّہ وطائف کی) دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہ نازل کیا گیا؟

اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اَهُمْ	يَقْسِمُوْنَ	رَحْمَتَ	رَبِّكَ	نَحْنُ	قَسَمْنَا	بَيْنَهُمْ	مَّعِيْشَتَهُمْ	فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
کیا وہ	تقسیم کرتے ہیں	رحمت	تمہارا رب	ہم	ہم نے تقسیم کی	ان کے درمیان	ان کی روزی	میں دنیا کی زندگی

کیا وہ تمہارے رب کی رحمت تقسیم کرتے ہیں، اور ہم نے ان کے درمیان ان کی روزی دنیا کی زندگی میں تقسیم کی ہے،

وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ

وَرَفَعْنَا	بَعْضَهُمْ	فَوْقَ بَعْضٍ	دَرَجٰتٍ	لِّيَتَّخِذَ	بَعْضُهُمْ بَعْضًا	سُخْرِيًّا	وَرَحْمَتُ رَبِّكَ
اور ہم نے بلند کئے	ان میں سے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) پر	درجے	تاکہ بنائے	ان میں سے بعض (ایک) دوسرے کو	خدمتگار	اور تمہارے رب کی رحمت

اور ہم نے ان میں سے ایک کے درجے دوسرے پر بلند کئے ہیں تاکہ ان میں سے ایک دوسرے کو خدمتگار بنائے، اور تمہارے رب کی رحمت

خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ

خَيْرٌ	مِّمَّا	يَجْمَعُوْنَ	وَلَوْلَآ	اَنْ يَّكُوْنَ	النَّاسُ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	لَّجَعَلْنَا	لِمَنْ يَّكْفُرُ
بہتر	اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں	اور اگر (یہ) نہ ہوتا	کہ ہو جائیں گے	تمام لوگ	ایک امت (طریقہ)	تو ہم بناتے	ان کے لئے جو کفر کرتے ہیں

اس سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔ اور اگر (احتمال) نہ ہوتا کہ تمام لوگ ایک طریقہ پر ہو جائیں گے تو ہم بناتے ان کے لئے جو کفر کرتے ہیں

بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا

بِالرَّحْمٰنِ	لِبُيُوْتِهِمْ	سُقُفًا	مِنْ فِضَّةٍ	وَمَعَارِجَ	عَلَيْهَا	يَظْهَرُوْنَ	وَلِبُيُوْتِهِمْ	اَبْوَابًا
رحمٰن (اللہ) کا	ان کے گھروں کے لئے	چھت	چاندی سے کی	اور سیڑھیاں	جن پر	وہ چڑھتے	اور ان کے گھروں کے لئے	دروازے

اللہ کا۔ ان کے گھروں کے لئے چاندی کی چھت، اور سیڑھیاں، جن پر وہ چڑھتے، اور ان کے گھروں کے دروازے

وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ؕ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ

وَسُرُرًا	عَلَيْهَا	يَتَّكِـُٔوْنَ	وَزُخْرُفًا	وَاِنْ	كُلُّ ذٰلِكَ	لَمَّا	مَتَاعُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
اور تخت	جن پر	وہ تکیہ لگاتے	اور آرائش کرتے	اور نہیں	یہ سب	مگر	پونجی	دنیا کی زندگی

اور تخت جن پر وہ تکیہ لگاتے، اور (خوب) آرائش کرتے، اور یہ سب (کچھ) نہیں، مگر دنیا کی زندگی کی پونجی

وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ

وَالْاٰخِرَةُ	عِنْدَ	رَبِّكَ	لِلْمُتَّقِيْنَ	وَمَنْ	يَّعْشُ	عَنْ	ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ	نُقَيِّضْ
اور آخرت	تمہارے	رب کے نزدیک	پرہیزگاروں کے لئے	اور جو	شب کوری کرے	سے	رحمن (اللہ) کی یاد	ہم مقرر (مسلط) کر دیتے ہیں

اور تمہارے رب کے نزدیک آخرت پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ اور جو کوئی اللہ کی یاد سے شب کوری (غفلت) کرے، ہم مسلط کر دیتے ہیں

لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ

لَهٗ	شَيْطٰنًا	فَهُوَ	لَهٗ	قَرِيْنٌ	وَاِنَّهُمْ	لَيَصُدُّوْنَهُمْ	عَنِ السَّبِيْلِ	وَيَحْسَبُوْنَ
اس کے لئے	ایک شیطان	تو وہ	اس کا	ساتھی	اور بیشک وہ	البتہ وہ روکتے ہیں انہیں	راستہ سے	اور وہ گمان کرتے ہیں

اس کے لئے ایک شیطان تو وہ اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔ اور بیشک وہ انہیں (اللہ کے) راستے سے روکتے ہیں، اور وہ گمان کرتے ہیں

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

اَنَّهُمْ	مُّهْتَدُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَنَا	قَالَ	يٰلَيْتَ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكَ	بُعْدَ	الْمَشْرِقَيْنِ
کہ وہ	ہدایت یافتہ	یہاں تک	جب	وہ آئیں گے ہمارے پاس	وہ کہے گا	اے کاش	میرے درمیان	اور تیرے درمیان	دوری	مشرق و مغرب

کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئیں گے تو وہ (اپنے شیطان ساتھی سے) کہے گا اے کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کی دوری ہوتی (۳۹)

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ

فَبِئْسَ	الْقَرِيْنُ	وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ	الْيَوْمَ	اِذْ ظَّلَمْتُمْ	اَنَّكُمْ	فِي الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ
تو بُرا	ساتھی	اور ہرگز نفع نہ دے گا تمہیں	آج	جب ظلم کیا تم نے	یہ کہ تم	عذاب میں	مشترک ہو

تو بُرا (ساتھی ہے)۔ اور جب تم نے ظلم کیا تو آج تمہیں یہ ہرگز نفع نہ دے گا کہ تم عذاب میں مشترک ہو۔

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ

اَفَاَنْتَ	تُسْمِعُ	الصُّمَّ	اَوْ تَهْدِى	الْعُمْىَ	وَمَنْ كَانَ	فِيْ	ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ	فَاِمَّا	نَذْهَبَنَّ	بِكَ
تو کیا آپؐ	سنائیں گے	بہروں	یا راہ دکھائیں گے	اندھوں	اور جو ہو	میں	صریح گمراہی	پھر اگر	لے جائیں	آپؐ کو

تو کیا آپؐ بہروں کو سنائیں گے؟ یا اندھوں کو راہ دکھائیں گے؟ اور اس کو جو صریح گمراہی میں ہو۔ پھر اگر ہم آپؐ کو (دنیا سے) لے جائیں

فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾

فَاِنَّا	مِنْهُمْ	مُّنْتَقِمُوْنَ	اَوْ نُرِيَنَّكَ	الَّذِيْ	وَعَدْنٰهُمْ	فَاِنَّا	عَلَيْهِمْ	مُّقْتَدِرُوْنَ
تو بیشک ہم	اُن سے	انتقام لینے والے	یا ہم دکھا دیں تمہیں	وہ جو	ہم نے وعدہ کیا ان سے	تو بیشک ہم	ان پر	قدرت رکھنے والے (قادر) ہیں

تو بیشک ہم (پھر بھی) ان سے انتقام لینے والے ہیں۔ یا اگر ہم آپؐ کو دکھا دیں وہ جو ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے (تب بھی) ہم ان پر قادر ہیں۔

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ

فَاسْتَمْسِكْ	بِالَّذِيْٓ	اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	اِنَّكَ	عَلٰي	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَاِنَّهٗ	لَذِكْرٌ
پس آپ مضبوطی سے تھام لیں	وہ جو	وحی کیا گیا	آپ کی طرف	بیشک آپ	پر	راستہ	سیدھا	اور بیشک یہ	نصیحت (نامہ)

پس آپ وہ مضبوطی سے تھام لیں جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے، بیشک آپ سیدھے راستہ پر ہیں۔ اور بیشک یہ (قرآن) ایک نصیحت نامہ ہے

لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ

لَكَ	وَلِقَوْمِكَ	وَسَوْفَ	تُسْـَٔلُوْنَ	وَسْـَٔلْ	مَنْ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	مِنْ رُّسُلِنَآ
آپ کے لئے	اور آپ کی قوم کے لئے	اور عنقریب	تم سے پوچھا جائے گا	اور پوچھ لیں	جو	ہم نے بھیجے	آپ سے پہلے	ہمارے رسولوں میں سے

آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے۔ اور عنقریب تم سے پوچھا جائے گا۔ آپ ہمارے اُن رسولوں سے پوچھ لیں جو ہم نے آپ سے پہلے بھیجے

ع ۴ ۱۰ ۱۰

اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰي بِاٰيٰتِنَآ

اَجَعَلْنَا	مِنْ	دُوْنِ الرَّحْمٰنِ	اٰلِهَةً	يُّعْبَدُوْنَ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	مُوْسٰي	بِاٰيٰتِنَآ
کیا ہم نے مقرر کئے	سے	رحمٰن (اللہ) کے سوا	کوئی معبود	اُن کی عبادت کی جائے	اور تحقیق ہم نے بھیجا	موسیٰ ؑ	اپنی نشانیوں کے ساتھ

کیا ہم نے اللہ کے سوا کوئی معبود مقرر کئے تھے جن کی عبادت کی جائے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ ؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا

اِلٰي فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ

اِلٰي	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ	فَقَالَ	اِنِّيْ رَسُوْلُ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	بِاٰيٰتِنَآ
طرف	فرعون	اور اس کے سردار	تو اس نے کہا	بیشک میں رسول	تمام جہانوں کا پروردگار	پھر جب	وہ آیا	ہماری نشانیوں کے ساتھ

فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف، تو اس نے کہا بیشک میں تمام جہانوں کے پروردگار کا رسول ہوں۔ پھر جب وہ ہماری نشانیوں کیساتھ ان کے پاس آیا

اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۡ وَ

اِذَا	هُمْ	مِّنْهَا	يَضْحَكُوْنَ	وَمَا نُرِيْهِمْ	مِّنْ اٰيَةٍ	اِلَّا هِيَ	اَكْبَرُ	مِنْ	اُخْتِهَا	وَ
ناگہاں	وہ	اس سے (اُن نشانیوں پر)	ہنسنے لگے	اور ہم انہیں دکھاتے تھے	کوئی نشانی	مگر وہ	بڑی	سے	اسکی بہن (دوسری نشانی)	اور

تو ناگہاں وہ ان نشانیوں پر ہنسنے لگے۔ اور ہم انہیں کوئی نشانی نہیں دکھاتے تھے، مگر وہ پہلی نشانی سے بڑی ہوتی، اور

اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَ قَالُوْا	يٰٓاَيُّهَ	السّٰحِرُ	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ
ہم نے گرفتار کیا انہیں	عذاب میں	تاکہ وہ	وہ رجوع کریں	اور انہوں نے کہا	اے	جادوگر	دعا کر	ہمارے لئے	اپنا رب

ہم نے انہیں عذاب میں گرفتار کیا تاکہ وہ (حق کی طرف) رجوع کریں۔ اور انہوں نے کہا اے جادوگر! ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کر

بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

بِمَا عَهِدَ	عِنْدَكَ	اِنَّنَا	لَمُهْتَدُوْنَ	فَلَمَّا	كَشَفْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِذَا هُمْ	يَنْكُثُوْنَ
اس عہد کے سبب جو	تیرے پاس	بیشک ہم	البتہ ہدایت پانے والے	پھر جب	ہم نے کھول (ہٹا) دیا	اُن سے	عذاب	ناگہاں وہ	عہد توڑ گئے

اس عہد کے سبب جو تیرے پاس ہے، بیشک ہم ہدایت پانے والے ہیں (ہدایت پالیں گے)۔ پھر جب ہم نے ان سے عذاب ہٹا دیا تو ناگہاں وہ عہد توڑ گئے

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ

وَنَادٰى	فِرْعَوْنُ	فِيْ	قَوْمِهٖ	قَالَ يٰقَوْمِ	اَلَيْسَ لِيْ	مُلْكُ مِصْرَ	وَهٰذِهِ	الْاَنْهٰرُ	تَجْرِيْ
اور پکارا	فرعون	میں	اپنی قوم	اس نے کہا اے میری قوم	کیا نہیں میرے لئے	مصر کی بادشاہت	اور یہ	نہریں	جاری ہیں

اور فرعون نے اپنی قوم میں پکارا (منادی کی)، اس نے کہا اے میری قوم! کیا مصر کی بادشاہت میری نہیں؟ اور یہ نہریں جاری ہیں

مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ

مِنْ تَحْتِيْ	اَفَلَا	تُبْصِرُوْنَ	اَمْ اَنَا	خَيْرٌ	مِّنْ هٰذَا	الَّذِيْ	هُوَ	مَهِيْنٌ	وَّلَا يَكَادُ
میرے نیچے سے	تو کیا نہیں	دیکھتے تم	کیا۔ بلکہ میں	بہتر	اس سے	وہ جو	وہ	کم قدر	اور وہ معلوم نہیں ہوتا

میرے (محلات کے) نیچے سے، تو کیا تم نہیں دیکھتے؟ بلکہ میں اس سے بہتر ہوں جو کم قدر ہے، اور وہ معلوم نہیں ہوتا

يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

يُبِيْنُ	فَلَوْ	لَآ اُلْقِيَ	عَلَيْهِ	اَسْوِرَةٌ	مِّنْ ذَهَبٍ	اَوْ جَآءَ	مَعَهُ	الْمَلٰٓئِكَةُ
صاف گفتگو کرتا	تو کیوں	نہ ڈالے گئے	اس پر	کنگن	سونے کے	یا آئے	اس کے ساتھ	فرشتے

صاف گفتگو کرتا۔ تو اس پر سونے کے کنگن کیوں نہ ڈالے گئے؟ یا اس کے ساتھ فرشتے (کیوں نہ) آئے

مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ

مُقْتَرِنِيْنَ	فَاسْتَخَفَّ	قَوْمَهٗ	فَاَطَاعُوْهُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِيْنَ	فَلَمَّآ
پرا باندھ کر	پس اس نے بے عقل کر دیا	اپنی قوم	تو انہوں نے اسکی اطاعت کی	بیشک وہ	تھے	لوگ	نافرمان	پھر جب

پرا یا باندھ کر۔ پس اس نے اپنی قوم کو بے عقل کر دیا، تو انہوں نے اس کی اطاعت کی، بیشک وہ نافرمان لوگ تھے۔ پھر جب

اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ ع ۵ ۱۱ ۱۱

اٰسَفُوْنَا	انْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	فَاَغْرَقْنٰهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	فَجَعَلْنٰهُمْ	سَلَفًا وَّمَثَلًا	لِّلْاٰخِرِيْنَ	
انہوں نے غصہ دلایا ہمیں	ہم نے انتقام لیا	اس سے	پس ہم نے غرق کر دیا انہیں	سب	تو ہم نے کر دیا انہیں	پیش رو (گئے گذرے) اور مثال (داستان)	بعد میں آنے والے	

انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور ان سب کو ہم نے غرق کر دیا۔ تو ہم نے انہیں گئے گذرے کر دیا، اور بعد میں آنیوالوں کے لئے ایک داستان۔

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ﴿۵۷﴾ وَقَالُوا ءَأَلِهَتُنَا خَيْرٌ

وَلَمَّا	ضُرِبَ	ابْنُ مَرْيَمَ	مَثَلًا	إِذَا	قَوْمُكَ	مِنْهُ يَصِدُّونَ	وَقَالُوا	ءَأَلِهَتُنَا خَيْرٌ
اور جب	بیان کی گئی	عیسیٰ ابن مریم	مثال	یکایک	تمہاری قوم	اس سے (خوشی سے) چلانے لگتے ہیں	اور وہ بولے	کیا ہمارے معبود	بہتر

اور جب عیسیٰؑ ابن مریمؑ کی مثال بیان کی گئی تو یکایک تمہاری قوم اس سے خوشی کے مارے چلّانے لگی۔ وہ بولے کیا ہمارے معبود بہتر ہیں؟

مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ﴿۵۸﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا

أَمْ	هُوَ	مَا ضَرَبُوهُ	لَكَ	إِلَّا جَدَلًا	بَلْ هُمْ	قَوْمٌ	خَصِمُونَ	إِنْ	هُوَ	إِلَّا	عَبْدٌ	أَنْعَمْنَا
یا	وہ	نہیں وہ بیان کرتے اسکو	تمہارے لئے	مگر (صرف) جھگڑنے کو	بلکہ وہ	لوگ	جھگڑالو	نہیں وہ	(عیسیٰ)	صرف	ایک بندہ	ہم نے انعام کیا

یا وہ (عیسیٰ ابن مریم)؟ وہ اس کو تمہارے لئے صرف جھگڑنے کو بیان کرتے ہیں، بلکہ وہ تو ہیں ہی جھگڑالو۔ عیسیٰؑ صرف ایک بندے ہیں، ہم نے انعام کیا

عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَلَائِكَةً

عَلَيْهِ	وَجَعَلْنَاهُ	مَثَلًا	لِبَنِي إِسْرَائِيلَ	وَلَوْ نَشَاءُ	لَجَعَلْنَا	مِنْكُمْ	مَلَائِكَةً
اس پر	اور ہم نے بنایا اس کو	ایک مثال	بنی اسرائیل کے لئے	اور اگر ہم چاہتے	البتہ ہم کرتے	تم میں سے	فرشتے

ان پر اور ہم نے انہیں بنی اسرائیل کے لئے ایک مثال بنایا۔ اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے پیدا کرتے

فِي الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ﴿۶۰﴾ وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا

فِي الْأَرْضِ	يَخْلُفُونَ	وَإِنَّهُ	لَعِلْمٌ	لِلسَّاعَةِ	فَلَا تَمْتَرُنَّ	بِهَا	وَاتَّبِعُونِ	هَٰذَا
زمین میں	وہ (تمہارے) جانشین ہوتے	اور بیشک وہ	ایک نشانی	قیامت کی	تو ہرگز شک نہ کرو تم	اس میں	اور میری پیروی کرو	یہ

زمین میں وہ تمہارے جانشین ہوتے۔ اور بیشک وہ قیامت کی ایک نشانی ہیں، تو تم ہرگز اس میں شک نہ کرو، اور میری پیروی کرو، یہ

صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطَانُ ۖ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ ﴿۶۲﴾ وَلَمَّا جَاءَ عِيسَىٰ

صِرَاطٌ	مُسْتَقِيمٌ	وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ	الشَّيْطَانُ	إِنَّهُ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُبِينٌ	وَلَمَّا	جَاءَ عِيسَىٰ
راستہ	سیدھا	اور روک نہ دے تمہیں	شیطان	بیشک وہ	تمہارے لئے	دشمن کھلا	اور جب	آئے عیسیٰؑ

سیدھا راستہ ہے۔ اور شیطان تمہیں روک نہ دے، بیشک وہ تمہارے لئے کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسیٰؑ آئے

بِالْبَيِّنَاتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي تَخْتَلِفُونَ فِيهِ

بِالْبَيِّنَاتِ	قَالَ	قَدْ جِئْتُكُمْ	بِالْحِكْمَةِ	وَلِأُبَيِّنَ	لَكُمْ	بَعْضَ	الَّذِي	تَخْتَلِفُونَ فِيهِ
کھلی نشانیوں کے ساتھ	اس نے کہا	تحقیق میں آیا ہوں تمہارے پاس	حکمت کے ساتھ	اور اس لئے کہ بیان کردوں	تمہارے لئے	بعض	وہ جو کہ	تم اختلاف کرتے ہو اس میں

کھلی نشانیوں کے ساتھ، تو انہوں نے کہا تحقیق میں تمہارے پاس حکمت کے ساتھ آیا ہوں اور اس لئے کہ میں تمہارے لئے وہ بعض باتیں بیان کردوں جن میں تم اختلاف کرتے ہو

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

فَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	رَبِّيْ	وَرَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ
سو ڈرو اللہ سے	اور میری اطاعت کرو	بیشک اللہ	وہ	میرا رب	اور تمہارا رب	سو تم اس کی عبادت کرو	یہ	راستہ

سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ ہی ہے میرا رب اور تمہارا رب، سو تم اس کی عبادت کرو، یہ راستہ ہے

مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

مُّسْتَقِيْمٌ	فَاخْتَلَفَ	الْاَحْزَابُ	مِنْۢ بَيْنِهِمْ	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْ عَذَابِ
سیدھا	پھر اختلاف ڈال لیا	گروہ (جمع)	آپس میں	سو خرابی	ان لوگوں کے لئے	جنہوں نے ظلم کیا	عذاب

سیدھا۔ پھر گروہوں نے آپس میں اختلاف ڈال لیا، سو ان لوگوں کے لئے خرابی ہے جنہوں نے ظلم کیا، عذاب سے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾

يَوْمٍ اَلِيْمٍ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
دن دکھ دینے والا	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں	صرف	قیامت	کہ	وہ ان پر آجائے	اچانک	اور وہ	شعور نہ رکھتے ہوں

دکھ دینے والے دن کے۔ کیا وہ صرف قیامت کا انتظار کرتے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آجائے اور وہ شعور (خبر بھی) نہ رکھتے ہوں۔

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ

اَلْاَخِلَّآءُ	يَوْمَئِذٍ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ	اِلَّا	الْمُتَّقِيْنَ	يٰعِبَادِ	لَا خَوْفٌ	عَلَيْكُمُ
تمام دوست	اس دن	ان کے بعض (دوسرے)	بعض سے (ایک)	دشمن	سوا	پرہیزگاروں	اے میرے بندو	کوئی خوف نہیں	تم پر

پرہیزگاروں کے سوا اس دن تمام دوست ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے۔ اے میرے بندو! تم پر کوئی خوف نہیں

الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ ادْخُلُوا

الْيَوْمَ	وَلَآ اَنْتُمْ	تَحْزَنُوْنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَكَانُوْا	مُسْلِمِيْنَ	ادْخُلُوا
آج	اور نہ تم	غمگین ہوگے	جو لوگ ایمان لائے	ہماری آیات پر	اور وہ تھے	(جمع) مسلم	تم داخل ہو جاؤ

آج کے دن اور نہ تم غمگین ہوگے۔ جو لوگ ہماری آیات پر ایمان لائے اور وہ مسلم (فرمانبردار) تھے۔ تم داخل ہو جاؤ

الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ

الْجَنَّةَ	اَنْتُمْ	وَاَزْوَاجُكُمْ	تُحْبَرُوْنَ	يُطَافُ	عَلَيْهِمْ	بِصِحَافٍ	مِّنْ ذَهَبٍ	وَّاَكْوَابٍ
جنت	تم	اور تمہاری بیویاں	تم خوش بخت کئے جاؤ گے	لئے پھریں گے	ان پر	رکابیاں	سونے کی	اور آبخورے

تم اور تمہاری بیویاں جنت میں، تم خوش بخت کئے جاؤ گے۔ ان پر سونے کی رکابیاں اور آبخورے لئے پھریں گے،

وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ

وَفِيْهَا	مَا تَشْتَهِيْهِ	الْاَنْفُسُ	وَتَلَذُّ	الْاَعْيُنُ	وَاَنْتُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَتِلْكَ
اور اس میں	وہ جو چاہیں گے	جی (جمع)	اور لذت ہو گی	آنکھوں	اور تم	اس میں	ہمیشہ رہو گے	اور یہ

اور اس میں (موجود ہوگا) جو (ان کے) جی چاہیں گے اور آنکھوں کی لذت (ہوگی) اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔ اور یہ

الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ

الْجَنَّةُ	الَّتِيْ	اُوْرِثْتُمُوْهَا	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	لَكُمْ	فِيْهَا	فَاكِهَةٌ	كَثِيْرَةٌ
جنت	وہ جس	تم وارث بنائے گئے اس کے	اس کے بدلے	جو تم کرتے تھے	تمہارے لئے	اس میں	میوے	بہت

وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو اُن (اعمال) کے بدلے جو تم کرتے تھے۔ تمہارے لئے اس میں بہت میوے ہیں،

مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ

مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	اِنَّ	الْمُجْرِمِيْنَ	فِيْ	عَذَابِ جَهَنَّمَ	خٰلِدُوْنَ	لَا يُفَتَّرُ	عَنْهُمْ
اس سے	تم کھاتے ہو	بیشک	مجرم (جمع)	میں	عذاب جہنم	ہمیشہ رہیں گے	ہلکا نہ کیا جائے گا	ان سے

ان میں سے تم کھاتے ہو۔ بے شک مجرم جہنم کے عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا،

وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ

وَهُمْ فِيْهِ	مُبْلِسُوْنَ	وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْا	هُمُ	الظّٰلِمِيْنَ	وَنَادَوْا	يٰمٰلِكُ
اور وہ اس میں	ناامید پڑے رہیں گے	اور ہم نے ظلم نہیں کیا اُن پر	اور لیکن (بلکہ)	وہ تھے	وہ	ظالم (جمع)	اور وہ پکاریں گے	اے مالک

اور وہ اس میں ناامید پڑے رہیں گے۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہی ظالم تھے۔ اور وہ پکاریں گے اے مالک! (داروغۂ جہنم)

لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ

لِيَقْضِ	عَلَيْنَا	رَبُّكَ	قَالَ	اِنَّكُمْ	مّٰكِثُوْنَ	لَقَدْ جِئْنٰكُمْ	بِالْحَقِّ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَكُمْ
اچھا ہو کہ موت کا فیصلہ کر دے ہم پر (ہمارا)	تیرا رب	وہ کہے گا	بیشک تم	ہمیشہ رہنے والے	تحقیق ہم آئے تمہارے پاس	حق کے ساتھ	لیکن	تم میں سے اکثر

اچھا ہو کہ تیرا رب ہماری موت کا فیصلہ کر دے، وہ کہے گا بیشک تم (اسی حال میں) ہمیشہ رہنے والے ہو۔ تحقیق ہم تمہارے پاس حق کے ساتھ آئے، لیکن تم میں سے اکثر

لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ

لِلْحَقِّ	كٰرِهُوْنَ	اَمْ	اَبْرَمُوْٓا	اَمْرًا	فَاِنَّا	مُبْرِمُوْنَ	اَمْ يَحْسَبُوْنَ	اَنَّا	لَا نَسْمَعُ
حق سے۔ کو	ناپسند کرنے والے	کیا	انہوں نے ٹھہرالی	کوئی بات	تو بیشک ہم	ٹھہرانے والے	کیا وہ گمان کرتے ہیں	کہ ہم	ہم نہیں سنتے

حق کو ناپسند کرنے والے تھے۔ کیا انہوں نے کوئی بات ٹھہرالی ہے تو بیشک ہم (بھی) ٹھہرانے والے ہیں۔ کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ ہم نہیں سنتے

سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا

سِرَّهُمْ	وَنَجْوٰىهُمْ	بَلٰى	وَرُسُلُنَا	لَدَيْهِمْ	يَكْتُبُوْنَ	قُلْ	اِنْ كَانَ	لِلرَّحْمٰنِ	وَلَدٌ	فَاَنَا
ان کی پوشیدہ باتیں	اور انکی سرگوشیاں	ہاں	اور ہمارے فرشتے	ان کے پاس	لکھتے ہیں	فرمادیں	اگر ہوتا	رحمن (اللہ) کا	کوئی بیٹا	تو میں

ان کی پوشیدہ باتوں اور ان کی سرگوشیوں کو، ہاں (کیوں نہیں) ہمارے فرشتے ان کے پاس لکھتے ہیں۔ آپ فرمادیں اگر اللہ کا کوئی بیٹا ہوتا تو میں

اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾

اَوَّلُ	الْعٰبِدِيْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	رَبِّ الْعَرْشِ	عَمَّا	يَصِفُوْنَ
پہلا	عبادت کرنے والا	پاک ہے	آسمانوں کا رب	اور زمین	عرش کا رب	اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں

(اس کا) پہلا عبادت کرنے والا ہوں۔ آسمانوں اور زمین کا رب، عرش کا رب، اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ

فَذَرْهُمْ	يَخُوْضُوْا	وَيَلْعَبُوْا	حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَهُمُ	الَّذِيْ	يُوْعَدُوْنَ	وَهُوَ
پس چھوڑ دیں ان کو	وہ بیہودہ باتیں کریں	اور کھیلیں	یہاں تک	وہ پالیں	اس دن کو	وہ جس	ان کو وعدہ کیا جاتا ہے	اور وہ

پس آپ ان کو چھوڑ دیں کہ وہ بیہودہ باتیں کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ وہ اس دن کو پالیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ اور وہی

الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبٰرَكَ

الَّذِيْ	فِي السَّمَآءِ	اِلٰهٌ	وَفِي الْاَرْضِ	اِلٰهٌ	وَهُوَ	الْحَكِيْمُ	الْعَلِيْمُ	وَ	تَبٰرَكَ
وہ جو	آسمانوں میں	معبود	اور زمین میں	معبود	اور وہی	حکمت والا	علم والا	اور	بڑی برکت والا

جو آسمانوں میں معبود ہے اور زمین میں معبود ہے، اور وہی حکمت والا، علم والا ہے۔ اور بڑی برکت والا

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ

الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا	وَعِنْدَهٗ	عِلْمُ السَّاعَةِ	وَاِلَيْهِ
وہ جو	اس کے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان	اور اس کے پاس	قیامت کا علم	اور اس کی طرف

اور جس کے لئے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی، اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور اس کے پاس ہے قیامت کا علم، اور اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ

تُرْجَعُوْنَ	وَلَا يَمْلِكُ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهِ	الشَّفَاعَةَ	اِلَّا	مَنْ شَهِدَ
تم لوٹ کر جاؤ گے	اور اختیار نہیں رکھتے	وہ جن کو	وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا	شفاعت	سوائے	جس نے گواہی دی

تم لوٹ کر جاؤ گے۔ اور وہ جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہیں، وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے، سوائے اس کے جس نے گواہی دی

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾

بِالْحَقِّ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	مَّنْ	خَلَقَهُمْ	لَيَقُوْلُنَّ	اللّٰهُ	فَاَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ
حق کی	اور وہ	جانتے ہیں	اور اگر	آپؐ ان سے پوچھیں	کس	پیدا کیا انہیں	تو وہ ضرور کہیں گے	اللہ	تو کدھر	وہ الٹے پھر جاتے ہیں

حق کی اور وہ جانتے ہیں۔ اور اگر آپؐ ان سے پوچھیں انہیں کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے "اللہ نے" تو وہ کدھر الٹے پھرے جاتے ہیں؟

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ؕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

وَقِيْلِهٖ	يٰرَبِّ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	قَوْمٌ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ	فَاصْفَحْ	عَنْهُمْ	وَقُلْ	سَلٰمٌ	فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ
قسم اس کے کہنے کی	اے میرے رب	بیشک	یہ	لوگ	ایمان نہیں لائیں گے	تو آپؐ منہ پھیر لیں	ان سے	اور کہیں	سلام	پس جلد انہیں معلوم ہو جائے گا

قسم ہے (رسول کے یہ) کہنے کی اے میرے رب! یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ تو آپؐ ان سے منہ پھیر لیں، اور سلام کہیں پس جلد وہ (انجام) جان لیں گے

آیاتھا ۵۹ | ۴۴ = سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ = ۶۴ | رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ﴿۳﴾ فِيْهَا

حٰمٓ	وَالْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ	فِيْ	لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ	اِنَّا كُنَّا	مُنْذِرِيْنَ	فِيْهَا
حٰمٓ	قسم کتاب	واضح	بیشک ہم نے نازل کیا اسے	میں	ایک مبارک رات	بیشک ہم ہیں	ڈرانے والے	اس میں

حا میم۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ بیشک ہم نے اسے ایک مبارک رات (لیلۃ القدر) میں نازل کیا، بیشک ہم ہی ڈرانے والے ہیں۔ اس (رات) میں

يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿۴﴾ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۵﴾ رَحْمَةً

يُفْرَقُ	كُلُّ اَمْرٍ	حَكِيْمٍ	اَمْرًا	مِنْ عِنْدِنَا	اِنَّا كُنَّا	مُرْسِلِيْنَ	رَحْمَةً
فیصل کیا جاتا ہے	ہر امر	حکمت والا	حکم ہو کر	ہمارے پاس سے	بیشک ہم ہیں	بھیجنے والے	رحمت

ہمارے پاس سے حکم ہو کر ہر حکمت والا امر فیصل کیا جاتا ہے۔ بیشک ہم ہی (رسول) بھیجنے والے ہیں۔ رحمت

مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶﴾ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

مِنْ	رَّبِّكَ	اِنَّهٗ هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	رَبِّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا بَيْنَهُمَا
سے	تمہارا رب	بیشک وہی	سننے والا	جاننے والا	رب ہے آسمانوں	اور زمین	اور جو ان دونوں کے درمیان

آپؐ کے رب کی طرف سے، بیشک وہی سننے والا جاننے والا ہے۔ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝٧ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٨

اِنْ كُنْتُمْ	مُّوْقِنِيْنَ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	يُحْيٖ وَيُمِيْتُ	رَبُّكُمْ	وَرَبُّ	اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ
اگر تم ہو	یقین کرنے والے	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	وہ جان ڈالتا ہے اور جان نکالتا ہے	تمہارا رب	اور رب	تمہارے باپ دادا پہلے

اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جان ڈالتا ہے، وہی جان نکالتا ہے، اور (وہی) رب ہے تمہارا، اور تمہارے پہلے باپ دادا کا۔

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝٩ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَاۗءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝١٠ۙ يَّغْشَى

بَلْ هُمْ	فِيْ شَكٍّ	يَلْعَبُوْنَ	فَارْتَقِبْ	يَوْمَ	تَاْتِي السَّمَاۗءُ	بِدُخَانٍ	مُبِيْنٍ	يَغْشَى
بلکہ وہ	شک میں	کھیلتے ہیں	تو تم انتظار کرو	اس دن	آسمان لائے	دھواں	ظاہر	وہ ڈھانپ لے گا

بلکہ وہ شک میں پڑے کھیلتے ہیں۔ تو تم اُس دن کا انتظار کرو کہ آسمان ظاہر دھواں لائے گا، اور ڈھانپ لے گا (چھا جائے گا)

النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝١١ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝١٢ اَنّٰى لَهُمُ

النَّاسَ	هٰذَا	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	رَبَّنَا	اكْشِفْ	عَنَّا	الْعَذَابَ	اِنَّا	مُؤْمِنُوْنَ	اَنّٰى	لَهُمُ
لوگوں	یہ	عذاب دردناک	اے ہمارے رب	کھول (دُور کر دے)	ہم سے	عذاب	بیشک ہم	ایمان لے آئیں گے	کہاں	ان کو

لوگوں پر، یہ ہے دردناک عذاب۔ (اب وہ کہیں گے) اے ہمارے رب! ہم سے عذاب دُور کر دے بیشک ہم ایمان لے آئیں گے۔ ان کو کہاں

الذِّكْرٰى وَقَدْ جَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝١٣ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝١٤

الذِّكْرٰى	وَقَدْ جَاۗءَهُمْ	رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ	ثُمَّ	تَوَلَّوْا	عَنْهُ	وَقَالُوْا	مُعَلَّمٌ	مَّجْنُوْنٌ
نصیحت	اور تحقیق آچکا ان کے پاس	رسول کھول کھول کر بیان کرنے والا	پھر	وہ پھر گئے	اس سے	اور کہنے لگے	سکھایا ہوا	دیوانہ

نصیحت ہو گی؟ ان کے پاس تو کھول کھول کر بیان کرنیوالا رسول آچکا ہے۔ پھر وہ اس سے پھر گئے اور کہنے لگے (یہ تو کسی کا) سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔

اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَاۗىِٕدُوْنَ ۝١٥ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ

اِنَّا	كَاشِفُوا	الْعَذَابِ	قَلِيْلًا	اِنَّكُمْ	عَاۗىِٕدُوْنَ	يَوْمَ	نَبْطِشُ	الْبَطْشَةَ	الْكُبْرٰى
بیشک ہم	کھولنے والے	عذاب	تھوڑا	تم بیشک (اصل) حالت پر لوٹ آنیوالے ہو	جس دن	ہم پکڑیں گے	پکڑ	بڑی (سخت)

بیشک ہم تھوڑا عذاب کھولنے والے ہیں (مگر) تم بیشک پھر اصل حالت پر لوٹ آنے والے ہو، جس دن ہم سخت پکڑ پکڑیں گے۔

اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝١٦ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝١٧ۙ

اِنَّا	مُنْتَقِمُوْنَ	وَلَقَدْ فَتَنَّا	قَبْلَهُمْ	قَوْمَ فِرْعَوْنَ	وَجَاۗءَهُمْ	رَسُوْلٌ	كَرِيْمٌ
بیشک ہم	انتقام لینے والے	اور ہم آزما چکے ہیں	ان سے قبل	قوم فرعون	اور آیا ان کے پاس	ایک رسول	کریم (عالی قدر)

بیشک ہم انتقام لینے والے ہیں۔ اور ہم ان سے قبل قوم فرعون کو آزما چکے ہیں، اور ان کے پاس ایک عالی قدر رسول آیا۔

اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝۱۸ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَي اللّٰهِ ۚ اِنِّىْٓ

اَنْ اَدُّوْٓا	اِلَيَّ	عِبَادَ اللّٰهِ	اِنِّىْ	لَكُمْ	رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ	وَاَنْ	لَا تَعْلُوْا	عَلَى اللّٰهِ	اِنِّىْٓ
کہ سپرد کردو	میرے	بندے اللہ کے	بیشک میں	تمہارے لئے	ایک رسول امین	اور یہ کہ	تم سرکشی نہ کرو	اللہ پر، مقابل	بیشک میں

کہ اللہ کے بندوں کو میرے سپرد کردو، بیشک میں تمہارے لئے ایک رسول آمین ہوں۔ اور یہ کہ تم اللہ کے مقابل سرکشی نہ کرو، بے شک میں

اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۹ وَاِنِّىْ عُذْتُ بِرَبِّىْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ۝۲۰ وَاِنْ

اٰتِيْكُمْ	بِسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	وَاِنِّىْ	عُذْتُ	بِرَبِّىْ	وَرَبِّكُمْ	اَنْ	تَرْجُمُوْنِ	وَاِنْ
آیا ہوں تمہارے پاس	دلیل کے ساتھ	واضح	اور بیشک میں	پناہ چاہتا ہوں	اپنے رب کی	اور تمہارا رب	کہ	تم مجھے سنگسار کردو	اور اگر

تمہارے پاس واضح دلیل کے ساتھ آیا ہوں۔ اور بیشک میں پناہ لیتا ہوں اپنے رب کی اور تمہارے رب کی (اس سے) کہ تم مجھے سنگسار کردو۔ اور اگر

لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِىْ فَاعْتَزِلُوْنِ ۝۲۱ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ۝۲۲ فَاَسْرِ بِعِبَادِىْ

لَمْ تُؤْمِنُوْا	لِىْ	فَاعْتَزِلُوْنِ	فَدَعَا رَبَّهٗٓ	اَنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ	فَاَسْرِ بِعِبَادِىْ
تم ایمان نہیں لاتے	مجھ پر	تو ایک کنارے ہو جاؤ مجھ سے	تو اس نے دعا کی اپنے رب سے	کہ	یہ	مجرم لوگ	تو تو لے جا میرے بندوں کو

تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے ایک کنارے ہو جاؤ۔ تو اس نے اپنے رب سے دعا کی کہ یہ مجرم لوگ ہیں (ارشاد الٰہی ہوا) تو تم میرے بندوں کو لے جاؤ

لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۝۲۳ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۭ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ۝۲۴ كَمْ تَرَكُوْا

لَيْلًا	اِنَّكُمْ	مُّتَّبَعُوْنَ	وَاتْرُكِ	الْبَحْرَ	رَهْوًا	اِنَّهُمْ	جُنْدٌ	مُّغْرَقُوْنَ	كَمْ تَرَكُوْا
رات میں	بیشک تم	پیچھا کئے جاؤ گے (تعاقب ہوگا)	اور چھوڑ جاؤ	دریا	ٹھہرا ہوا	بیشک وہ	ایک لشکر	ڈوبنے والے	وہ کتنے (ہی) چھوڑ گئے

راتوں رات، بے شک تمہارا تعاقب ہوگا۔ اور دریا کو چھوڑ جاؤ (پار کر جاؤ) ٹھہرا (تھما) ہوا، بیشک وہ ایک لشکر ہیں ڈوبنے والے۔ اور وہ چھوڑ گئے کتنے ہی

مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝۲۵ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝۲۶ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ۝۲۷

مِنْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	وَّزُرُوْعٍ	وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ	وَّنَعْمَةٍ	كَانُوْا	فِيْهَا	فٰكِهِيْنَ
سے	باغات	اور چشمے	اور کھیتیاں	اور مکان نفیس	اور نعمتیں	وہ تھے	اس میں	مزے اڑاتے

باغات، اور چشمے، اور کھیتیاں، اور نفیس مکان، اور نعمتیں، جن میں وہ مزے اڑاتے تھے۔

كَذٰلِكَ ۭ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝۲۸ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاۗءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا

كَذٰلِكَ	وَاَوْرَثْنٰهَا	قَوْمًا	اٰخَرِيْنَ	فَمَا بَكَتْ	عَلَيْهِمُ	السَّمَاۗءُ	وَالْاَرْضُ	وَمَا كَانُوْا
اسی طرح	اور ہم نے وارث بنایا انکا	قوم	دوسرے	سو نہ روئے	ان پر	آسمان	اور زمین	اور نہ ہوئے وہ

اسی طرح (ہوا) اور ہم نے دوسری قوم کو ان کا وارث بنایا۔ سو ان پر آسمان اور زمین نہ روئے اور وہ نہ ہوئے ڈھیل دیئے گئے

مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ لا مِنْ فِرْعَوْنَ ط

مُنْظَرِيْنَ	وَلَقَدْ نَجَّيْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مِنَ	الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ	مِنْ	فِرْعَوْنَ
ڈھیل دیئے گئے	اور تحقیق ہم نے نجات دی	بنی اسرائیل	سے	عذاب ذلت والا	سے	فرعون

(انہیں ڈھیل نہ دی گئی) اور تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت والے عذاب سے نجات دی، (یعنی) فرعون سے

اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ ج وَ

اِنَّهٗ	كَانَ	عَالِيًا	مِنَ الْمُسْرِفِيْنَ	وَ لَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ	عَلٰى عِلْمٍ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ	وَ
بیشک وہ	تھا	سرکش	حد سے بڑھ جانے والوں میں سے	اور البتہ ہم نے انہیں پسند کیا	دانستہ	تمام جہان والوں پر	اور

بیشک وہ حد سے بڑھ جانے والوں میں سے سرکش تھا۔ اور البتہ ہم نے انہیں تمام جہان والوں پر دانستہ پسند کیا - اور

اٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ لا اِنْ هِيَ اِلَّا

اٰتَيْنٰهُمْ	مِنَ الْاٰيٰتِ	مَا فِيْهِ	بَلٰٓؤٌا	مُّبِيْنٌ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	لَيَقُوْلُوْنَ	اِنْ هِيَ	اِلَّا
ہم نے انہیں دیں	نشانیاں	وہ جن میں	آزمائش	کھلی	بیشک	یہ لوگ	البتہ کہتے ہیں	نہیں یہ	مگر صرف

ہم نے انہیں کھلی نشانیاں دیں، جن میں کھلی آزمائش تھی۔ بے شک یہ لوگ کہتے ہیں ' یہ تو صرف

مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾

مَوْتَتُنَا	الْاُوْلٰى	وَمَا نَحْنُ	بِمُنْشَرِيْنَ	فَاْتُوْا	بِاٰبَآئِنَا	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ
ہمارا مرنا	پہلی (ایک ہی) بار	اور ہم نہیں	دوبارہ اٹھائے جانیوالے	تو لے آؤ	ہمارے باپ دادا	اگر تم ہو	سچے

وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝٣

وَاَنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اتَّبَعُوا	الْحَقَّ	مِنْ رَّبِّهِمْ	كَذٰلِكَ	يَضْرِبُ اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	اَمْثَالَهُمْ
اور یہ کہ	جو لوگ	ایمان لائے	انہوں نے پیروی کی	حق	اپنے رب کی طرف سے	اسی طرح	اللہ بیان کرتا ہے	لوگوں کے لئے	ان کی مثالیں

اور یہ کہ جو لوگ ایمان لائے، انہوں نے اپنے رب کی طرف سے حق کی پیروی کی، اسی طرح اللہ لوگوں کے لئے اُن کی مثالیں (احوال) بیان کرتا ہے

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ

فَاِذَا	لَقِيْتُمُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَضَرْبَ	الرِّقَابِ	حَتّٰٓى	اِذَآ	اَثْخَنْتُمُوْهُمْ	فَشُدُّوا	الْوَثَاقَ
پھر جب تم	بھڑ جاؤ	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	تو مارو تم	گردنیں	یہاں تک	جب	خوب خونریزی کر چکو انکی	تو مضبوط کر لو	قید

پھر جب تم کافروں سے بھڑ جاؤ تو اُن کی گردنیں مارو، یہاں تک کہ جب ان کی خوب خونریزی کر چکو تو اُن کی قید مضبوط کر لو (مشکیں کس لو)

فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ۭ وَلَوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ

فَاِمَّا	مَنًّۢا	بَعْدُ	وَاِمَّا	فِدَاۗءً	حَتّٰى	تَضَعَ الْحَرْبُ	اَوْزَارَهَا	ذٰلِكَ	وَلَوْ	يَشَاۗءُ اللّٰهُ
پس یا	احسان کرو	اس کے بعد	اور یا	معاوضہ	یہاں تک	رکھ دے	لڑائی لڑنے والے	اپنے ہتھیار	یہ	اور اگر	اللہ چاہتا

پس اس کے بعد یا احسان کرو (بلا معاوضہ رہا کر دو) یا معاوضہ (لے کر چھوڑ دو) یہاں تک کہ لڑنے والے اپنے ہتھیار رکھ دیں (ڈال دیں)، یہ ہے (حکم الٰہی)، اور اگر اللہ چاہتا

لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لَانْتَصَرَ	مِنْهُمْ	وَلٰكِنْ	لِّيَبْلُوَا۟	بَعْضَكُمْ	بِبَعْضٍ	وَالَّذِيْنَ	قُتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
ضرور انتقام لیتا	ان سے	اور لیکن	تاکہ آزمائے	تم سے بعض کو	بعض (دوسرے) سے	اور جو لوگ	مارے گئے	میں	اللہ کا راستہ

تو ان سے ضرور انتقام لیتا، لیکن (وہ چاہتا ہے) کہ تم میں سے بعض (ایک) کو دوسرے سے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کے راستے میں مارے گئے

فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٤ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝٥ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

فَلَنْ يُّضِلَّ	اَعْمَالَهُمْ	سَيَهْدِيْهِمْ	وَيُصْلِحُ	بَالَهُمْ	وَيُدْخِلُهُمُ	الْجَنَّةَ
تو وہ ہرگز ضائع نہ کرے گا	ان کے اعمال	وہ جلد ان کو ہدایت دے گا	اور سنوارے گا	ان کا حال	اور داخل کرے گا انہیں	جنت

تو وہ ان کے اعمال ہرگز ضائع نہ کرے گا - وہ جلد ان کو ہدایت دے گا اور ان کا حال سنوارے گا - اور وہ انہیں جنت میں داخل کرے گا،

عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝٦ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝٧

عَرَّفَهَا	لَهُمْ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِنْ	تَنْصُرُوا اللّٰهَ	يَنْصُرْكُمْ	وَيُثَبِّتْ	اَقْدَامَكُمْ
اس نے جس سے شناسا کر دیا ہے انہیں	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	اگر	تم مدد کرو گے اللہ کی	وہ مدد کریگا تمہاری	اور جما دے گا	تمہارے قدم

جس سے اس نے انہیں شناسا کر دیا ہے - اے مومنو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے وہ تمہاری مدد کرے گا، اور تمہارے قدم جما دے گا (تمہیں ثابت قدم کر دے گا)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۸﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَتَعْسًا	لَّهُمْ	وَاَضَلَّ	اَعْمَالَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا	مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
اور	جن لوگوں نے کفر کیا	تو تباہی ہے	ان کے لئے	اور انہی ضائع کر دیئے	ان کے عمل	یہ	اس لئے کہ انہوں نے ناپسند کیا	جو نازل کیا اللہ نے

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے تباہی ہے اور اس (اللہ نے) ان کے عمل ضائع کر دیئے - یہ اس لئے ہے کہ جو اللہ نے نازل کیا انہوں نے اسے ناپسند کیا

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۹﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

فَاَحْبَطَ	اَعْمَالَهُمْ	اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
تو اکارت کر دیئے	ان کے عمل	کیا وہ چلے پھرے نہیں ؟	زمین میں	تو وہ دیکھ لیتے	کیسا	ہوا	انجام

تو (اللہ) نے ان کے عمل اکارت کر دیئے - کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں ؟ تو وہ دیکھ لیتے کیسا انجام ہوا ؟

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۚ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ﴿۱۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	دَمَّرَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	اَمْثَالُهَا	ذٰلِكَ	بِاَنَّ اللّٰهَ
ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے	تباہی ڈالدی	اللہ	ان پر	اور کافروں کے لئے	ان کی مانند	یہ	اس لئے کہ اللہ

ان سے پہلے لوگوں کا ، اللہ نے ان پر تباہی ڈال دی ، اور کافروں کے لئے ان کی مانند (سزا ہو گی) - یہ اس لئے ہے کہ اللہ

ع ۱ ۱ ۵

مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿۱۱﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مَوْلَى	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَاَنَّ	الْكٰفِرِيْنَ	لَا مَوْلٰى	لَهُمْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
کارساز	ان لوگوں کا جو ایمان لائے	اور یہ کہ	کافروں	کوئی کارساز نہیں	ان کے لئے	بیشک اللہ	داخل کرتا ہے	جو لوگ ایمان لائے

ان لوگوں کا کارساز ہے جو ایمان لائے ، اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں - بے شک اللہ داخل کرتا ہے ان لوگوں کو جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِىْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يَتَمَتَّعُوْنَ	وَ
اور انہوں نے نیک عمل کئے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اور جن لوگوں نے	کفر کیا	وہ فائدہ اٹھاتے ہیں	اور

اور انہوں نے نیک عمل کئے باغات میں ، جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ، اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور (اس طرح)

يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِىَ اَشَدُّ

يَاْكُلُوْنَ	كَمَا	تَاْكُلُ	الْاَنْعَامُ	وَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ	وَكَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	هِىَ	اَشَدُّ
وہ کھاتے ہیں	جیسے	کھاتے ہیں	چوپائے	اور آگ	ٹھکانا	ان کے لئے	اور بہت سی	بستیاں	وہ	بہت ہی سخت

کھاتے ہیں جیسے چوپائے کھاتے ہیں ، اور آگ (جہنم) ان کا ٹھکانا ہے - اور بہت سی بستیاں (تھیں) وہ بہت ہی سخت تھیں

قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى

قُوَّةً	مِّنْ قَرْيَتِكَ	الَّتِيْٓ	اَخْرَجَتْكَ	اَهْلَكْنٰهُمْ	فَلَا نَاصِرَ	لَهُمْ	اَفَمَنْ	كَانَ	عَلٰى
قوت میں	آپؐ کی بستی سے	وہ جس	آپؐ کو نکال دیا	ہم نے ہلاک کر دیا انہیں	تو کوئی نہ مدد کرنے والا	ان کے لئے	پس کیا جو	ہے	پر

قوت میں آپؐ کی بستی سے جس کے رہنے والوں نے آپؐ کو نکالدیا، ہم نے انہیں ہلاک کر دیا تو کوئی ان کا مدد کرنے والا نہ ہوا۔ پس کیا جو کوئی

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ

بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّهٖ	كَمَنْ	زُيِّنَ لَهٗ	سُوْٓءُ عَمَلِهٖ	وَاتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ	مَثَلُ	الْجَنَّةِ
روشن (راستہ)	اپنے رب سے	کے اس کی طرح	آراستہ دکھائے گئے اس کو	اس کے برے عمل	اور انہوں نے پیروی کی	اپنی خواہشات	مثال (کیفیت)	جنت

اپنے پروردگار کے روشن راستے پر ہو اس کی طرح ہے جسے اس کے برے عمل آراستہ کر دکھائے گئے، اور انہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ جنت کی کیفیت

الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ

الَّتِيْ وُعِدَ	الْمُتَّقُوْنَ	فِيْهَآ	اَنْهٰرٌ	مِّنْ	مَّاۗءٍ	غَيْرِ اٰسِنٍ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ لَّبَنٍ	لَّمْ
وہ جو وعدہ کی گئی	پرہیزگاروں	اس میں	نہریں	سے کی	پانی	بدبو نہ کرنے والا	اور نہریں	دودھ کی	نہ

جو پرہیزگاروں کو وعدہ کی گئی ویسی ہے، کہ اس میں نہریں ہیں بدبو نہ کرنے والے پانی کی، نہریں ہیں دودھ کی،

يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ

يَتَغَيَّرْ	طَعْمُهٗ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ خَمْرٍ	لَّذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	وَاَنْهٰرٌ	مِّنْ عَسَلٍ	مُّصَفًّى
متغیر ہونے والا	اس کا ذائقہ	اور نہریں	شراب کی	سراسر لذت	پینے والوں کے لئے	اور نہریں	شہد کی	مصفّٰی

جس کا ذائقہ متغیر ہونے (بدلنے) والا نہیں، اور نہریں ہیں شراب کی جو پینے والوں کے لئے سراسر لذت ہے اور نہریں ہیں مصفّٰی (صاف کئے ہوئے) شہد کی

وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَ

وَلَهُمْ	فِيْهَا	مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ	وَمَغْفِرَةٌ	مِّنْ رَّبِّهِمْ	كَمَنْ	هُوَ	خَالِدٌ فِي النَّارِ	وَ
اور ان کے لئے	اس میں	ہر قسم کے پھل	اور بخشش	ان کے رب سے	اس کی طرح جو	وہ	ہمیشہ رہنے والا آگ میں	اور

اور اس میں اُن کے لئے ہر قسم کے پھل ہیں، اور انکے رب (کی طرف) سے بخشش (کیا وہ) اُس کی طرح ہے؟ جو ہمیشہ آگ میں رہنے والا ہے، اور

سُقُوْا مَاۗءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا

سُقُوْا	مَاۗءً حَمِيْمًا	فَقَطَّعَ	اَمْعَآءَهُمْ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُ	اِلَيْكَ	حَتّٰٓى	اِذَا
انہیں پلایا جائے گا	پانی گرم	ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گا	ان کی انتڑیاں	اور ان میں سے	جو	سنتا ہے	آپؐ کی طرف	یہاں تک کہ	جب

انہیں گرم (کھولتا ہوا) پانی پلایا جائے گا، جو اُن کی انتڑیاں ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔ اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو آپؐ کی طرف (کان لگا کر) سنتے ہیں یہاں تک کہ جب

خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

خَرَجُوْا	مِنْ عِنْدِكَ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	مَاذَا	قَالَ	اٰنِفًا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
وہ نکلتے ہیں	آپؐ کے پاس سے	وہ کہتے ہیں	ان لوگوں سے جنہیں	علم دیا گیا (اہل علم)	کیا	اس نے کہا	ابھی	یہی لوگ	وہ جو

وہ آپؐ کے پاس سے نکلتے ہیں تو وہ اہلِ علم سے کہتے ہیں کہ اس (حضرتؐ) نے ابھی کیا کہا ہے ؟ یہی وہ لوگ ہیں جن کے

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ

طَبَعَ اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَاتَّبَعُوْا	اَهْوَآءَهُمْ	وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا	زَادَهُمْ هُدًى	وَاٰتٰىهُمْ
مُہر کر دی اللہ نے	ان کے دلوں پر	اور انہوں نے پیروی کی	اپنی خواہشات	اور وہ لوگ جنہوں نے ہدایت پائی	اور زیادہ دی انہیں ہدایت	اور انہیں عطا کی

دلوں پر اللہ نے مُہر کر دی ہے، اور انہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ اور جن لوگوں نے ہدایت پائی (اللہ نے) انہیں اور زیادہ ہدایت دی، اور انہیں عطا کی

تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ

تَقْوٰىهُمْ	فَهَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	السَّاعَةَ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	بَغْتَةً	فَقَدْ جَآءَ	اَشْرَاطُهَا
ان کی پرہیزگاری	پس نہیں وہ	منتظر	مگر	قیامت	کہ	آجائے اُن پر	اچانک	سو آچکی ہیں	اس کی علامات

ان کی پرہیزگاری۔ پس وہ منتظر نہیں مگر قیامت (کی آمد) کے کہ ان پر اچانک آ جائے، سو اس کی علامات تو آ چکی ہیں

فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ

فَاَنّٰى	لَهُمْ	اِذَا	جَآءَتْهُمْ	ذِكْرٰىهُمْ	فَاعْلَمْ	اَنَّهٗ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	وَاسْتَغْفِرْ
تو کہاں	ان کے لئے۔کو	جب	وہ آگئی ان کے پاس	ان کا نصیحت (قبول کرنا)	سو جان لو	یہ کہ	نہیں	کوئی معبود	اللہ کے سوا	اور بخشش مانگیں آپؐ

تو جب وہ ان کے پاس آگئی تو انہیں نصیحت قبول کرنا کہاں (نصیب) ہوگا۔ سو جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپؐ بخشش مانگیں

۲ ۶ ۸ ۶

لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ وَ

لِذَنْۢبِكَ	وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مُتَقَلَّبَكُمْ	وَمَثْوٰىكُمْ	وَ
اپنے ذنب (اپنے اوپر لگائے گئے الزام کیلئے)	اور مومن مردوں کے لئے	اور مومن عورتوں	اور اللہ	جانتا ہے	تمہارا چلنا پھرنا	اور تمہارے رہنے سہنے کا مقام	اور

اپنے اوپر لگائے گئے الزام کیلئے، مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے، اور اللہ جانتا ہے تمہارا چلنا پھرنا اور تمہارے رہنے سہنے کے مقام کو۔ اور

يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ

يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَوْ	لَا نُزِّلَتْ	سُوْرَةٌ	فَاِذَآ	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ	وَّذُكِرَ
وہ کہتے ہیں	وہ جو لوگ ایمان لائے	کیوں	نہ اتاری گئی	ایک سورۃ	سو جب	اتاری جاتی ہے	صاف معانی والی سورۃ	اور ذکر کیا جاتا ہے

جو لوگ ایمان لائے وہ کہتے ہیں کہ (جہاد کی) ایک سورۃ کیوں نہ اتاری گئی؟ سو جب محکم (صاف معانی والی) سورۃ اتاری جاتی ہے اور ذکر کیا جاتا ہے

فِيهَا الْقِتَالُ ۙ رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ

فِيهَا	الْقِتَالُ	رَأَيْتَ	الَّذِينَ	فِي قُلُوبِهِم	مَّرَضٌ	يَنظُرُونَ	إِلَيْكَ	نَظَرَ الْمَغْشِيِّ
اس میں	جنگ	تم دیکھو گے	وہ لوگ	ان کے دلوں میں	بیماری	وہ دیکھتے ہیں	آپ کی طرف	دیکھنا بیہوشی طاری ہوگئی

اس میں جنگ کا، تو تم دیکھو گے کہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے، وہ آپ کی طرف دیکھتے ہیں (اس شخص کے) دیکھنے کی طرح بیہوشی طاری ہوگئی ہو

عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَأَوْلَىٰ لَهُمْ ﴿٢٠﴾ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ ۚ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ

عَلَيْهِ	مِنَ الْمَوْتِ	فَأَوْلَىٰ لَهُمْ	طَاعَةٌ	وَقَوْلٌ	مَعْرُوفٌ	فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ
اس پر	موت کی	سو خرابی اُن کے لئے	اطاعت	اور بات	معقول	پھر جب پختہ ہو جائے کام

جس پر موت کی، سو خرابی ہے ان کے لئے۔ (صحیح تو یہ تھا کہ وہ) اطاعت کرتے اور معقول بات کہتے، پھر جب کام پختہ ہو جاتا

فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿٢١﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِن تَوَلَّيْتُمْ أَن تُفْسِدُوا

فَلَوْ صَدَقُوا	اللَّهَ	لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ	فَهَلْ عَسَيْتُمْ	إِن	تَوَلَّيْتُمْ أَن تُفْسِدُوا
تو اگر وہ سچے ہوتے	اللہ	البتہ ہوتا بہتر ان کے لئے	سو تم اس کے نزدیک	اگر	تم والی (حاکم) ہو جاؤ کہ تم فساد مچاؤ

تو اگر وہ اللہ کے ساتھ سچے ہونے تو البتہ ان کے لئے بہتر ہوتا۔ سو تم تو اس کے نزدیک ہو کہ اگر تم حاکم ہو جاؤ، تو تم فساد مچاؤ

فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ

فِي الْأَرْضِ	وَتُقَطِّعُوا	أَرْحَامَكُمْ	أُولَٰئِكَ	الَّذِينَ	لَعَنَهُمُ اللَّهُ	فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ
زمین میں	اور تم کاٹو (توڑ ڈالو)	اپنے رشتے	یہی ہیں	وہ لوگ جن	اللہ نے لعنت کی	پھر ان کو بہرا کر دیا اور اندھا کر دیا

زمین میں، اور اپنے رشتے توڑ ڈالو۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی، پھر انہیں بہرا کر دیا، اور اندھا کر دیا

أَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾ إِنَّ الَّذِينَ

أَبْصَارَهُمْ	أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ	الْقُرْآنَ	أَمْ	عَلَىٰ قُلُوبٍ	أَقْفَالُهَا	إِنَّ الَّذِينَ
ان کی آنکھیں	تو کیا وہ غور نہیں کرتے؟	قرآن	کیا	دلوں پر	ان کے تالے	بیشک جو لوگ

ان کی آنکھوں کو۔ تو کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے؟ کیا ان کے دلوں پر تالے (پڑے ہیں)؟ بے شک جو لوگ

ارْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ ۖ

ارْتَدُّوا	عَلَىٰ أَدْبَارِهِم	مِن بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمُ	الْهُدَى	الشَّيْطَانُ	سَوَّلَ لَهُمْ
پلٹ گئے	اپنی پشت پر	اس کے بعد	جب واضح ہو گئی	ان کے لئے	ہدایت	شیطان	آراستہ کر دکھایا ان کے لئے

اپنی پشت پھیر کر پلٹ گئے اس کے بعد جبکہ ان کے لئے ہدایت واضح ہو گئی، شیطان نے ان کے لئے آراستہ کر دکھایا

وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ

وَاَمْلٰى	لَهُمْ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَالُوْا	لِلَّذِيْنَ	كَرِهُوْا	مَا نَزَّلَ	اللّٰهُ	سَنُطِيْعُكُمْ	فِيْ
اور ڈھیل دی	ان کو	یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے کہا	ان لوگوں سے جنہوں	انہوں نے ناپسند کیا	جو نازل کیا	اللہ	عنقریب ہم تمہارا کہنا مان لیں گے	میں

اور ان کو ڈھیل دی۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے ان لوگوں سے کہا جنہوں نے اس (کتاب) کو ناپسند کیا ہے جو اللہ نے نازل کی کہ عنقریب ہم تمہارا کہنا مان لیں گے

بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ

بَعْضِ	الْاَمْرِ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِسْرَارَهُمْ	فَكَيْفَ	اِذَا تَوَفَّتْهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	يَضْرِبُوْنَ
بعض	کام	اور اللہ	جانتا ہے	ان کی خفیہ باتیں	پس کیسا	جب ان کی روح قبض کریں گے	فرشتے	وہ مارتے ہوں گے

بعض کاموں (باتوں) میں، اور اللہ اُن کی خفیہ باتوں کو جانتا ہے۔ پس کیسا (حال ہوگا)؟ جب فرشتے ان کی روح قبض کریں گے (اور) مارتے ہوں گے

وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ

وُجُوْهَهُمْ	وَاَدْبَارَهُمْ	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ	اتَّبَعُوْا	مَا	اَسْخَطَ اللّٰهَ	وَكَرِهُوْا	رِضْوَانَهٗ
ان کے چہروں	اور ان کی پیٹھوں	یہ اس لئے کہ انہوں نے	پیروی کی	جو جس	اللہ کو ناراض کیا	اور انہوں نے ناپسند کیا	اس کی رضا

ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر۔ یہ اس لئے ہوگا کہ انہوں نے اس کی پیروی کی جس نے اللہ کو ناراض کیا اور انہوں نے اس کی رضا کو پسند نہ کیا

۳ ع ۹ ۷

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ

فَاَحْبَطَ	اَعْمَالَهُمْ	اَمْ حَسِبَ	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	اَنْ	لَّنْ يُّخْرِجَ	اللّٰهُ
تو اس نے اکارت کر دیئے	ان کے اعمال	کیا گمان کرتے ہیں؟	(وہ لوگ) جن	ان کے دلوں میں	مرض۔ روگ	کہ	ہرگز ظاہر نہ کرے گا	اللہ

تو اس (اللہ) نے ان کے اعمال اکارت کر دیئے۔ کیا جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے وہ گمان کرتے ہیں کہ اللہ ہرگز ظاہر نہ کرے گا

اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۭ

اَضْغَانَهُمْ	وَلَوْ نَشَآءُ	لَاَرَيْنٰكَهُمْ	فَلَعَرَفْتَهُمْ	بِسِيْمٰهُمْ	وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ	فِيْ	لَحْنِ الْقَوْلِ
ان کے دل کی عداوتیں	اور اگر ہم چاہیں	تو تمہیں دکھا دیں وہ لوگ	سو البتہ تم انہیں پہچان لو	ان کے چہرے سے	اور تم ضرور پہچان لو گے انہیں	میں سے	طرزِ کلام

ان کی دلی عداوتوں کو۔ اور اگر ہم چاہیں تمہیں ان لوگوں کو دکھا دیں سو البتہ تم انہیں ان کے چہروں سے پہچان لو گے اور تم ضرور انہیں ان کے طرزِ کلام سے پہچان لو گے

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ

وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اَعْمَالَكُمْ	وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ	حَتّٰى	نَعْلَمَ	الْمُجٰهِدِيْنَ	مِنْكُمْ	وَالصّٰبِرِيْنَ
اور اللہ	جانتا ہے	تمہارے اعمال	اور ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں	یہاں تک کہ	ہم معلوم کر لیں	مجاہدوں	تم میں سے	اور صبر کرنے والے

اور اللہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے۔ اور ہم ضرور تمہیں آزمائیں گے یہاں تک کہ ہم معلوم کر لیں تم میں سے (کون ہیں؟) مجاہد اور صبر کرنے والے

وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ

وَنَبْلُوَا۟	اَخْبَارَكُمْ	اِنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَشَآقُّوا	الرَّسُوْلَ
اور ہم جانچ لیں	تمہاری خبریں (حالات)	بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	اور انہوں نے روکا	سے	اللہ کا راستہ	اور انہوں نے مخالفت کی	رسول

اور ہم جانچ لیں تمہارے حالات۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستے سے روکا، اور انہوں نے رسولؐ کی مخالفت کی

مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾

مِنْۢ بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمُ	الْهُدٰى	لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ	شَيْـًٔا	وَسَيُحْبِطُ	اَعْمَالَهُمْ
اس کے بعد	جب واضح ہو گئی	ان پر	ہدایت	وہ ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا	کچھ بھی	اور وہ جلد اکارت کر دیئے گئے	ان کے اعمال

اس کے بعد جبکہ ان پر ہدایت واضح ہو گئی، وہ ہرگز اللہ کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکیں گے اور وہ (اللہ) جلد ان کے اعمال اکارت کر دے گا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾ اِنَّ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ	وَ لَا تُبْطِلُوْۤا	اَعْمَالَكُمْ	اِنَّ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومنو)	اطاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو رسول کی	اور باطل نہ کرو	اپنے اعمال	بیشک

اے مومنو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو، اور اپنے اعمال باطل نہ کرو۔ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	ثُمَّ	مَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	فَلَنْ يَّغْفِرَ	اللّٰهُ
جن لوگوں نے کفر کیا	اور انہوں نے روکا	سے	اللہ کا راستہ	پھر	وہ مر گئے	اور وہ	کافر ہی	تو ہرگز نہیں بخشے گا	اللہ

جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستے سے روکا، پھر وہ کافر (کفر ہی کی حالت میں) مر گئے تو اللہ ہرگز نہ بخشے گا

لَهُمْ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۚ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۚ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ

لَهُمْ	فَلَا تَهِنُوْا	وَتَدْعُوْا	اِلَى	السَّلْمِ	وَاَنْتُمُ	الْاَعْلَوْنَ	وَاللّٰهُ	مَعَكُمْ	وَلَنْ يَّتِرَكُمْ
ان کو	پس تم سستی نہ کرو	اور نہ بلاؤ	طرف	صلح	اور تم ہی	غالب	اور اللہ	تمہارے ساتھ	اور وہ ہرگز کمی نہ کرے گا

ان کو۔ پس تم سستی (کم ہمتی) نہ کرو اور (خود) صلح کی طرف نہ بلاؤ، اور تم ہی غالب رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے، اور وہ ہرگز کمی نہ کرے گا

اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ

اَعْمَالَكُمْ	اِنَّمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَلَهْوٌ	وَاِنْ	تُؤْمِنُوْا	وَتَتَّقُوْا	يُؤْتِكُمْ
تمہارے اعمال	اس کے سوا نہیں	دنیا کی زندگی	کھیل	اور کود	اور اگر	ایمان لے آؤ تم	اور تقویٰ اختیار کرو	وہ تمہیں دے گا

تمہارے اعمال میں۔ اس کے سوا نہیں دنیا کی زندگی (محض) کھیل کود ہے اور تم اگر ایمان لے آؤ، اور تقویٰ اختیار کرو، تو وہ تمہیں

أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ ﴿٣٦﴾ إِنْ يَسْـَٔلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ

أُجُورَكُمْ	وَ لَا يَسْـَٔلْكُمْ	أَمْوَالَكُمْ	إِنْ	يَسْـَٔلْكُمُوهَا	فَيُحْفِكُمْ	تَبْخَلُوا	وَيُخْرِجْ
تمہارے اجر (جمع)	اور نہ طلب کرے گا تم سے	تمہارے مال	اگر	وہ تم سے (مال) طلب کرے	پھر تم سے چمٹ جائے	تم بخل کرو	اور ظاہر ہو جائیں

تمہارے اجر دے گا، اور تم سے تمہارے مال طلب نہ کرے گا - اگر وہ تم سے مال طلب کر تم سے چمٹ جائے (طلب ہی کرتا رہے) تو تم بخل کرو اور ظاہر ہو جائیں

أَضْغَانَكُمْ ﴿٣٧﴾ هَا أَنْتُمْ هَؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَنْ يَبْخَلُ ۚ

أَضْغَانَكُمْ	هَا أَنْتُمْ	هَؤُلَاءِ	تُدْعَوْنَ	لِتُنْفِقُوا	فِي	سَبِيلِ اللَّهِ	فَمِنْكُمْ	مَنْ يَبْخَلُ
تمہاری عداوتیں	یہ تم ہو	ہاں! وہ لوگ	تمہیں پکارا جاتا ہے	کہ تم خرچ کرو	میں	اللہ کا راستہ	پھر تم میں سے	کوئی ایسا ہے کہ بخل کرتا ہے

تمہاری (دلی) عداوتیں - ہاں! تم ہی وہ لوگ ہو تمہیں پکارا جاتا ہے کہ اللہ کے راستے میں خرچ کرو، پھر تم میں سے کوئی ایسا ہے جو بخل کرتا ہے

وَمَنْ يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَفْسِهِ ۚ وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَأَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ ۚ وَإِنْ

وَمَنْ	يَبْخَلْ	فَإِنَّمَا يَبْخَلُ	عَنْ نَفْسِهِ	وَاللَّهُ	الْغَنِيُّ	وَأَنْتُمُ	الْفُقَرَاءُ	وَإِنْ
اور جو	بخل کرتا ہے	تو اس کے سوا نہیں وہ بخل کرتا ہے	اپنے آپ سے	اور اللہ	بے نیاز	اور تم	محتاج (جمع)	اور اگر

اور جو بخل کرتا ہے تو اس کے سوا نہیں کہ وہ اپنے آپ سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے نیاز ہے، اور تم (خود اس کے) محتاج ہو اور اگر

۴ ع ۱۰ ۸

تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ ﴿٣٨﴾ ع

تَتَوَلَّوْا	يَسْتَبْدِلْ	قَوْمًا غَيْرَكُمْ	ثُمَّ	لَا يَكُونُوا	أَمْثَالَكُمْ
تم روگردانی کرو گے	وہ بدل دے گا	دوسری قوم تمہارے سوا	پھر	وہ نہ ہوں گے	تمہارے جیسے

تم روگردانی کرو گے تو وہ تمہارے سوا (تمہاری جگہ) کوئی دوسری قوم بدل دے گا اور وہ تمہارے جیسے نہ ہوں گے -

آیاتھا ۲۹ | ۴۸ = سُورَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۱۱ | رکوعاتھا ۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا ﴿١﴾ لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَ

إِنَّا فَتَحْنَا	لَكَ	فَتْحًا	مُبِينًا	لِيَغْفِرَ	لَكَ	اللَّهُ	مَا تَقَدَّمَ	مِنْ	ذَنْبِكَ	وَمَا تَأَخَّرَ	وَ
بیشک ہم نے فتح دی	آپ کو	فتح	کھلی	تاکہ بخشدے	آپ کے لئے	اللہ	جو پہلے گزرے	سے	آپ کے ذنب (الزام)	اور جو پیچھے ہوئے	اور

بے شک ہم نے آپ کو کھلی فتح دی، تاکہ اللہ آپ کے لئے بخشش دے، جو پہلے آپ پر ذنب گزرے (الزام لگے) اور جو پیچھے ہوئے، اور

يُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿۲﴾ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا

يُتِمَّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكَ	وَ يَهْدِيَكَ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا	وَيَنْصُرَكَ	اللّٰهُ	نَصْرًا
وہ مکمل کردے	اپنی نعمت	آپؐ پر	اور آپؐ کی رہنمائی کرے	راستہ	سیدھا	اور آپؐ کو نصرت دے	اللہ	نصرت

وہ آپؐ پر اپنی نعمت مکمل کر دے، اور آپؐ کو سیدھے راستے کی رہنمائی کرے۔ اور اللہ آپؐ کو نصرت دے، ایک نصرت (مدد)

عَزِيْزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا

عَزِيْزًا	هُوَ	الَّذِيْ	اَنْزَلَ	السَّكِيْنَةَ	فِيْ	قُلُوْبِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	لِيَزْدَادُوْٓا	اِيْمَانًا
زبردست	وہی	وہ جس	اتاری	سکینہ (تسلی)	میں	(جمع) دل	مومنوں	تاکہ وہ بڑھائے	ایمان

زبردست۔ وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں تسلی اتاری "تاکہ وہ (ان کا) ایمان بڑھائے

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۴﴾

مَعَ	اِيْمَانِهِمْ	وَلِلّٰهِ	جُنُوْدُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا
ساتھ	ان کا ایمان	اور اللہ کے لئے	لشکر (جمع)	آسمانوں	اور زمین	اور ہے	اللہ	جاننے والا	حکمت والا

ان کے (پہلے) ایمان کے ساتھ، اور آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

لِيُدْخِلَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
تاکہ وہ داخل کرے	مومن مردوں	اور مومن عورتیں	جنت	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	ان میں

تاکہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ان باغات میں داخل کر دے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے

وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿۵﴾ وَّيُعَذِّبَ

وَيُكَفِّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَكَانَ	ذٰلِكَ	عِنْدَ اللّٰهِ	فَوْزًا عَظِيْمًا	وَيُعَذِّبَ
اور دور کردے گا	ان سے	ان کی برائیاں	اور ہے	یہ	اللہ کے نزدیک	بڑی کامیابی	اور وہ عذاب دے گا

اور ان سے اُن کی برائیاں دُور کر دے گا، اور یہ اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے۔ اور وہ عذاب دے گا

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّاۗنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ

الْمُنٰفِقِيْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	وَالْمُشْرِكٰتِ	الظَّاۗنِّيْنَ	بِاللّٰهِ	ظَنَّ السَّوْءِ	عَلَيْهِمْ
منافق مردوں	اور منافق عورتوں	اور مشرک مردوں	اور مشرک عورتوں	گمان کرنیوالے	اللہ کے ساتھ	گمان برے	ان پر

منافق مردوں اور منافق عورتوں کو، اور اللہ کے ساتھ بُرے گمان کرنے والے مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو، اُن پر

دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶

دَآئِرَةُ	السَّوْءِ	وَغَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَلَعَنَهُمْ	وَاَعَدَّ لَهُمْ	جَهَنَّمَ	وَسَآءَتْ	مَصِيْرًا
دائرہ (گردش)	بُری	اور اللہ نے غضب کیا	ان پر	اور ان پر لعنت کی	اور تیار کیا انکے لئے	جہنم	اور بُرا ہے	ٹھکانا

بُری گردش ہے۔ اور اللہ نے ان پر غضب کیا، اور اُن پر لعنت کی (رحمت سے محروم کر دیا) اور ان کے لئے جہنم تیار کیا، اور یہ بُرا ٹھکانا ہے

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

وَلِلّٰهِ	جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَكَانَ اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ	شَاهِدًا
اور اللہ کے لئے	لشکر (جمع) آسمانوں	اور زمین	اور ہے اللہ	غالب	حکمت والا	بیشک ہم نے آپؐ کو بھیجا	گواہی دینے والا

اور اللہ ہی کے لئے ہیں آسمانوں اور زمین کے لشکر، اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ بیشک ہم نے آپؐ کو بھیجا ہے گواہی دینے والا،

وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۸ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ

وَمُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا	لِّتُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتُعَزِّرُوْهُ	وَتُوَقِّرُوْهُ	وَتُسَبِّحُوْهُ
اور خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا	تاکہ تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کا رسولؐ	اور اسکی مدد کرو	اور اسکی تعظیم کرو	اور اس (اللہ) کی تسبیح کرو

اور خوشخبری دینے والا، اور ڈرانے والا۔ تاکہ تم لوگ اللہ پر اور اسکے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو، اور اللہ کی تسبیح (پاکیزگی بیان) کرو

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ

بُكْرَةً	وَّاَصِيْلًا	اِنَّ الَّذِيْنَ	يُبَايِعُوْنَكَ	اِنَّمَا	يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ	يَدُ اللّٰهِ	فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ
صبح	اور شام	بیشک جو لوگ	آپؐ سے بیعت کر رہے ہیں	اسکے سوا نہیں کہ	وہ اللہ سے بیعت کر رہے ہیں	اللہ کا ہاتھ	ان کے ہاتھوں کے اوپر

صبح و شام۔ بے شک (حدیبیہ میں) جو لوگ آپؐ سے بیعت کر رہے ہیں اور اسکے سوا نہیں کہ وہ اللہ سے بیعت کر رہے ہیں، اُن کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے

فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ

فَمَنْ نَّكَثَ	فَاِنَّمَا	يَنْكُثُ	عَلٰى نَفْسِهٖ	وَمَنْ	اَوْفٰى	بِمَا عٰهَدَ	عَلَيْهُ اللّٰهَ	فَسَيُؤْتِيْهِ
پھر جس نے توڑ دیا عہد	تو اس کے سوا نہیں	اس نے توڑ دیا	اپنی ذات پر	اور جس	پورا کیا	جو اس نے عہد کیا	اللہ پر سے	تو وہ عنقریب اسے دے گا

پھر جس نے عہد توڑ دیا تو اس کے سوا نہیں کہ اس نے اپنی ذات (کے بُرے) کو توڑا، اور جس نے وہ عہد پورا کیا جو اس نے اللہ سے کیا تھا تو وہ (اللہ) اسے عنقریب دے گا

ع ۱۰ ۹

اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۱۰ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَاۤ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا

اَجْرًا عَظِيْمًا	سَيَقُوْلُ	لَكَ	الْمُخَلَّفُوْنَ	مِنَ	الْاَعْرَابِ	شَغَلَتْنَا	اَمْوَالُنَا	وَاَهْلُوْنَا
اجرِ عظیم	اب کہیں گے	آپؐ سے	پیچھے رہ جانے والے	سے	دیہاتی	ہمیں مشغول رکھا	ہمارے مالوں	اور ہمارے گھر والے

اجرِ عظیم۔ اب پیچھے رہ جانے والے دیہاتی آپؐ سے کہیں گے کہ ہمیں ہمارے مالوں اور ہمارے گھر والوں نے مشغول رکھا (رخصت نہ دی)

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا	يَقُوْلُوْنَ	بِاَلْسِنَتِهِمْ	مَّا لَيْسَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	قُلْ	فَمَنْ	يَّمْلِكُ	لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ
اور بخشش مانگئے ہمارے لئے	وہ کہتے ہیں	اپنی زبانوں سے	جو نہیں	ان کے دلوں میں	فرمادیں	تو کون	اختیار رکھتا ہے	تمہارے لئے اللہ کے سامنے

سو آپ ہمارے لئے بخشش مانگئے، وہ اپنی زبانوں سے وہ کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں، آپ فرمادیں تمہارے لئے اللہ کے سامنے کون اختیار رکھتا ہے

شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ⑪

شَيْـــًٔا	اِنْ اَرَادَ	بِكُمْ	ضَرًّا	اَوْ	اَرَادَ بِكُمْ	نَفْعًا	بَلْ	كَانَ اللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرًا
کسی چیز کا	اگر وہ چاہے	تمہیں	کوئی نقصان	یا	چاہے تمہیں	کوئی فائدہ	بلکہ	ہے اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	خبردار

کسی چیز کا؟ اگر وہ تمہیں نقصان (پہنچانا) چاہے، یا تمہیں کوئی نفع (پہنچانا) چاہے، بلکہ تم جو کچھ کرتے ہو، اللہ اس سے خبردار ہے۔

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ

بَلْ	ظَنَنْتُمْ	اَنْ	لَّنْ يَّنْقَلِبَ	الرَّسُوْلُ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	اِلٰٓى	اَهْلِيْهِمْ	اَبَدًا	وَّزُيِّنَ	ذٰلِكَ
بلکہ	تم نے گمان کیا	کہ	ہرگز واپس نہ لوٹیں گے	رسولؐ	اور مومن (جمع)	طرف	اپنے اہل خانہ	کبھی	اور بھلی لگی	یہ

بلکہ تم نے گمانِ (باطل) کیا کہ رسولؐ اور مومن ہرگز اپنے اہلِ خانہ کی طرف کبھی واپس نہ لوٹیں گے، اور یہ بات بھلی لگی

فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ⑫ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ

فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَظَنَنْتُمْ	ظَنَّ السَّوْءِ	وَكُنْتُمْ	قَوْمًۢا بُوْرًا	وَمَنْ	لَّمْ يُؤْمِنْۢ	بِاللّٰهِ
تمہارے دلوں میں۔کو	اور تم نے گمان کیا	برا گمان	اور تم تھے۔ ہو گئے	ہلاک ہونے والی قوم	اور جو	ایمان نہیں لاتا	اللہ پر

تمہارے دلوں کو، اور تم نے گمان کیا، ایک برا گمان، اور تم ہلاک ہونے والی قوم ہو گئے۔ اور جو ایمان نہیں لاتا اللہ پر

وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ⑬ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

وَرَسُوْلِهٖ	فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	سَعِيْرًا	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اور اس کا رسول	تو بیشک ہم نے تیار کی	کافروں کے لئے	دہکتی آگ	اور اللہ کے لئے	آسمانوں کی بادشاہت	اور زمین

اور اس کے رسولؐ پر، تو بیشک ہم نے کافروں کے لئے دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ اور اللہ (ہی) کے لئے ہے آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت،

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ⑭ سَيَقُوْلُ

يَغْفِرُ	لِمَنْ يَّشَاۗءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَكَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا	سَيَقُوْلُ
وہ بخش دے	جس کو وہ چاہے	اور عذاب دے	جس کو وہ چاہے	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	مہربان	عنقریب کہیں گے

وہ جس کو چاہے بخش دے، اور وہ جس کو چاہے عذاب دے، اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ عنقریب کہیں گے

الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ

الْمُخَلَّفُوْنَ	اِذَا	انْطَلَقْتُمْ	اِلٰى مَغَانِمَ	لِتَاْخُذُوْهَا	ذَرُوْنَا	نَتَّبِعْكُمْ	يُرِيْدُوْنَ
پیچھے بیٹھ رہنے والے	جب	تم چلو گے	غنیمتوں کی طرف	کہ تم انہیں لے لو	ہمیں چھوڑ دو (اجازت دو)	ہم تمہارے پیچھے چلیں	وہ چاہتے ہیں

پیچھے بیٹھ رہنے والے، جب تم (خیبر کی) غنیمتوں کی طرف سے لینے کے لئے چلو گے، کہ ہمیں اجازت دو کہ ہم تمہارے پیچھے چلیں، وہ چاہتے ہیں

اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ

اَنْ يُّبَدِّلُوْا	كَلٰمَ اللّٰهِ	قُلْ	لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا	كَذٰلِكُمْ	قَالَ اللّٰهُ	مِنْ قَبْلُ	فَسَيَقُوْلُوْنَ
کہ وہ بدل ڈالیں	اللہ کا فرمان	تم ہرگز ہمارے پیچھے نہ آؤ	فرمادیں	اسی طرح	کہا اللہ نے	اس سے قبل	پھر اب وہ کہیں گے

کہ اللہ کا فرمان بدل ڈالیں، آپ فرمادیں تم ہرگز ہمارے پیچھے نہ آؤ، اسی طرح اللہ نے اس سے قبل کہا تھا، پھر اب وہ کہیں گے

بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ۭ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۱۵ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

بَلْ	تَحْسُدُوْنَنَا	بَلْ	كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ	اِلَّا قَلِيْلًا	قُلْ	لِّلْمُخَلَّفِيْنَ	مِنَ الْاَعْرَابِ
بلکہ	تم حسد کرتے ہو ہم سے	بلکہ۔ جبکہ	وہ سمجھتے نہیں ہیں	مگر تھوڑا	فرمادیں	پیچھے بیٹھ رہنے والوں کو	سے دیہاتیوں

بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو (جبکہ حقیقت یہ ہے) کہ وہ بہت تھوڑا سمجھتے ہیں۔ آپ دیہاتیوں میں سے پیچھے رہ جانے والوں سے فرمادیں

سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا

سَتُدْعَوْنَ	اِلٰى قَوْمٍ	اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ	تُقَاتِلُوْنَهُمْ	اَوْ يُسْلِمُوْنَ	فَاِنْ	تُطِيْعُوْا
عنقریب تم بلائے جاؤ گے	ایک قوم کی طرف	سخت لڑنے والی (جنگجو)	تم ان سے لڑتے رہو	یا وہ اسلام قبول کرلیں	اگر	تم اطاعت کرو گے

عنقریب تم ایک سخت جنگجو قوم کی طرف بلائے جاؤ گے کہ تم ان سے لڑتے رہو یا وہ اسلام قبول کرلیں، سو اگر تم اطاعت کرو گے

يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

يُؤْتِكُمُ	اللّٰهُ	اَجْرًا	حَسَنًا	وَاِنْ	تَتَوَلَّوْا	كَمَا تَوَلَّيْتُمْ	مِّنْ قَبْلُ	يُعَذِّبْكُمْ	عَذَابًا
تمہیں دے گا	اللہ	اجر	اچھا	اور اگر	تم پھر گئے	جیسے تم پھر گئے تھے	اس سے قبل	وہ تمہیں عذاب دے گا	عذاب

تو اللہ تمہیں اچھا اجر دے گا، اور اگر تم پھر گئے، جیسے تم اس سے قبل پھر گئے تھے، تو وہ تمہیں عذاب دے گا، عذاب

اَلِيْمًا ۝۱۶ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ

اَلِيْمًا	لَيْسَ	عَلَى الْاَعْمٰى	حَرَجٌ	وَّلَا	عَلَى الْاَعْرَجِ	حَرَجٌ	وَّلَا	عَلَى الْمَرِيْضِ
دردناک	نہیں	اندھے پر	کوئی تنگی (گناہ)	اور نہیں	لنگڑے پر	کوئی گناہ	اور نہ	مریض پر

دردناک۔ نہیں ہے اندھے پر کوئی گناہ، اور نہیں ہے لنگڑے پر کوئی گناہ، اور نہ مریض پر،

حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ

حَرَجٌ	وَمَنْ	يُّطِعِ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	يُدْخِلْهُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	وَمَنْ
کوئی گناہ	اور جو	اطاعت کریگا اللہ کی	اور اس کے رسول کی	وہ داخل کریگا اسے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اور جو

کوئی گناہ، اور جو اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرے گا وہ اسے ان باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، اور جو

ع ۲ ۱۰

يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ

يَّتَوَلَّ	يُعَذِّبْهُ	عَذَابًا اَلِيْمًا	لَقَدْ رَضِيَ	اللّٰهُ	عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ	اِذْ	يُبَايِعُوْنَكَ
پھر جائے گا	وہ عذاب دے گا اسے	عذاب دردناک	تحقیق راضی ہوا	اللہ	مومنوں سے	جب	وہ آپ سے بیعت کر رہے تھے

پھر جائے گا وہ اسے دردناک عذاب دے گا۔ تحقیق اللہ مومنوں سے راضی ہوا جب وہ آپؐ سے بیعت کر رہے تھے ﴿۱۸﴾

تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا

تَحْتَ	الشَّجَرَةِ	فَعَلِمَ	مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ	فَاَنْزَلَ	السَّكِيْنَةَ	عَلَيْهِمْ	وَاَثَابَهُمْ	فَتْحًا قَرِيْبًا
نیچے	درخت	سو اس نے معلوم کر لیا	جو ان کے دلوں میں	تو اس نے اتاری	تسکین (تسلی)	ان پر	اور بدلہ میں دی انہیں	ایک فتح قریب

درخت کے نیچے، سو اس نے معلوم کر لیا جو ان کے دلوں میں (خلوص تھا) تو اس نے ان پر تسلی اتاری، اور بدلے میں انہیں قریب ہی ایک فتح عطا کی۔

وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

وَمَغَانِمَ	كَثِيْرَةً	يَّاْخُذُوْنَهَا	وَكَانَ اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَعَدَكُمُ	اللّٰهُ	مَغَانِمَ
اور غنیمتیں	بہت سی	انہوں نے وہ حاصل کیں	اور ہے اللہ	غالب	حکمت والا	وعدہ کیا تم سے	اللہ	غنیمتیں

اور بہت سی غنیمتیں انہوں نے حاصل کیں، اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا نعمتوں کا،

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُوْنَ

كَثِيْرَةً	تَاْخُذُوْنَهَا	فَعَجَّلَ	لَكُمْ	هٰذِهٖ	وَكَفَّ	اَيْدِيَ	النَّاسِ	عَنْكُمْ	وَلِتَكُوْنَ
کثرت سے	تم لوگے انہیں	تو جلد دیدی اس نے	تمہیں	یہ	اور روک دیئے	ہاتھ	لوگ	تم سے	اور تاکہ ہو

کثرت سے جنہیں تم لوگے، تو اس نے یہ تمہیں جلد دے دی، اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور تاکہ (یہ) ہو

اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ

اٰيَةً	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَيَهْدِيَكُمْ	صِرَاطًا	مُّسْتَقِيْمًا	وَّاُخْرٰى	لَمْ تَقْدِرُوْا	عَلَيْهَا	قَدْ اَحَاطَ
ایک نشانی	مومنوں کے لئے	اور وہ ہدایت دے تمہیں	ایک راستہ	سیدھا	اور ایک اور (فتح)	تم نے قابو نہیں پایا	اس پر	گھیر رکھا ہے

مومنوں کے لئے ایک نشانی، اور تمہیں ایک سیدھے راستہ کی ہدایت دے۔ اور ایک اور فتح بھی تم نے (ابھی) اس پر قابو نہیں پایا۔ گھیر رکھا ہے

اللّٰهُ بِهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا ﴿۲۱﴾ وَ لَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا

اللّٰهُ	بِهَا	وَ كَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَیْءٍ	قَدِیْرًا	وَ لَوْ	قٰتَلَكُمُ	الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	لَوَلَّوُا
اللہ	اس کو	اور ہے	اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اور اگر	تم سے لڑتے	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	البتہ وہ پھیرتے

اللہ نے اس کو، اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر تم سے کافر لڑتے تو وہ پیٹھ پھیرتے

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا یَجِدُوْنَ وَلِیًّا وَّ لَا نَصِیْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚ

الْاَدْبَارَ	ثُمَّ	لَا یَجِدُوْنَ	وَلِیًّا	وَ لَا نَصِیْرًا	سُنَّةَ اللّٰهِ	الَّتِیْ	قَدْ خَلَتْ	مِنْ قَبْلُ
پیٹھ (جمع)	پھر	وہ نہ پائیں	کوئی دوست	اور نہ کوئی مددگار	اللہ کا دستور	وہ جو	گزر چکا	اس سے قبل

پھر وہ نہ کوئی دوست پاتے اور نہ کوئی مددگار۔ اللہ کا دستور ہے جو اس سے قبل گزر چکا ہے (چلا آرہا ہے)

وَ لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِیْلًا ﴿۲۳﴾ وَ هُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ وَ اَیْدِیَكُمْ

وَ لَنْ تَجِدَ	لِسُنَّةِ اللّٰهِ	تَبْدِیْلًا	وَ هُوَ	الَّذِیْ كَفَّ	اَیْدِیَهُمْ	عَنْكُمْ	وَ اَیْدِیَكُمْ
اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی	اور وہ	جس نے روکا	ان کے ہاتھ	تم سے	اور تمہارے ہاتھ

اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ اور وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے روکے، اور تمہارے ہاتھ

عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَیْهِمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا ﴿۲۴﴾

عَنْهُمْ	بِبَطْنِ مَكَّةَ	مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ اَظْفَرَكُمْ	عَلَیْهِمْ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بَصِیْرًا
ان سے	درمیان (وادیٔ) مکہ میں	اس کے بعد	کہ فتح مند کیا تمہیں	ان پر	اور ہے	اللہ	تم جو کچھ کرتے ہو اسے	دیکھنے والا

ان سے وادیٔ مکہ میں روکے، اس کے بعد کہ تمہیں ان پر فتح مند کیا، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے۔

هُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ الْهَدْیَ مَعْكُوْفًا اَنْ یَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ

هُمُ	الَّذِیْنَ كَفَرُوْا	وَ صَدُّوْكُمْ	عَنِ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَ الْهَدْیَ	مَعْكُوْفًا	اَنْ یَّبْلُغَ	مَحِلَّهٗ
وہ یہ	جنہوں نے کفر کیا	اور تمہیں روکا	سے	مسجدِ حرام	اور قربانی کے جانور	رکے ہوئے	کہ وہ پہنچے	اپنا مقام

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجد حرام سے روکا، اور رُکے ہوئے قربانی کے جانوروں کو ان کے مقام پر پہنچنے سے روکا،

وَ لَوْ لَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَ نِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ فَتُصِیْبَكُمْ مِّنْهُمْ

وَ لَوْ لَا	رِجَالٌ	مُّؤْمِنُوْنَ	وَ نِسَآءٌ	مُّؤْمِنٰتٌ	لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ	اَنْ	تَطَـُٔوْهُمْ	فَتُصِیْبَكُمْ	مِّنْهُمْ
اور اگر نہ	کچھ مرد	مومن (جمع)	اور عورتیں	مومن (جمع)	تم نہیں جانتے انہیں	کہ	تم انکو پامال کر دیتے	پس تمہیں پہنچ جاتا	ان سے

اور اگر (شہر مکہ میں) کچھ مومن مرد اور مومن عورتیں نہ ہوتیں (تو ہم تمہیں قتال کی اجازت دیتے) تم انہیں نہ جانتے تھے کہ تم انہیں پامال کر دیتے پس ان سے تمہیں پہنچ جاتا

مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ

مَعَرَّةٌ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	لِيُدْخِلَ	اللّٰهُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ	مَنْ يَّشَآءُ	لَوْ تَزَيَّلُوْا	لَعَذَّبْنَا	الَّذِيْنَ
صدمہ۔نقصان	نادانستہ	تاکہ داخل کرے	اللہ	اپنی رحمت میں	جسے وہ چاہے	اگر وہ جدا ہو جاتے	البتہ ہم عذاب دیتے	ان لوگوں کو

نقصان نادانستہ۔ (تاخیر اس لئے ہوئی) تاکہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے، اگر وہ جدا ہو جاتے تو ہم عذاب دیتے

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ

كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	اِذْ جَعَلَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الْحَمِيَّةَ	حَمِيَّةَ
جو کافر ہوئے	ان میں سے	عذاب	دردناک	جب کی	جن لوگوں نے کفر (کافر)	اپنے دلوں میں	ضد	ضد

ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب۔ جب کافروں نے اپنے دلوں میں ضد کی، ضد (ہٹ)

الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ

الْجَاهِلِيَّةِ	فَاَنْزَلَ اللّٰهُ	سَكِيْنَتَهٗ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	وَ	عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَلْزَمَهُمْ
زمانۂ جاہلیت	تو اللہ نے اتاری	اپنی تسلی	اپنے رسول ﷺ پر	اور	مومنوں پر	اور ان پر لازم فرما دیا

زمانۂ جاہلیت کی تو اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر اور مومنوں پر اپنی تسلی اتاری اور انہیں لازم فرمایا (قائم رکھا)

۳ ع ۹ ۱۱

كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ ع

كَلِمَةَ التَّقْوٰى	وَكَانُوْٓا	اَحَقَّ بِهَا	وَاَهْلَهَا	وَكَانَ	اللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمًا
تقوے کی بات	اور وہ تھے	زیادہ حقدار اس کے	اور اس کے اہل	اور ہے	اللہ	ہر شے کو	جاننے والا

تقوے کی بات پر اور وہی اس کے زیادہ حقدار اور اس کے اہل تھے، اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ

لَقَدْ صَدَقَ	اللّٰهُ	رَسُوْلَهُ	الرُّءْيَا	بِالْحَقِّ	لَتَدْخُلُنَّ	الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ	اِنْ	شَاۗءَ اللّٰهُ
یقیناً سچا دکھایا	اللہ	اپنے رسول ﷺ کو	خواب	حقیقت کے مطابق	البتہ تم ضرور داخل ہو گے	مسجدِ حرام	اگر	اللہ نے چاہا

یقیناً اللہ نے اپنے رسول ﷺ کو سچا خواب حقیقت کے مطابق دکھایا کہ اللہ نے چاہا تو تم ضرور مسجدِ حرام میں داخل ہو گے

اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ۭ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ

اٰمِنِيْنَ	مُحَلِّقِيْنَ	رُءُوْسَكُمْ	وَمُقَصِّرِيْنَ	لَا تَخَافُوْنَ	فَعَلِمَ	مَا لَمْ تَعْلَمُوْا	فَجَعَلَ
امن وامان کے ساتھ	منڈاتے ہوئے	اپنے سر	اور کتراتے ہوئے	تمہیں کوئی خوف نہ ہوگا	پس اس نے معلوم کر لیا	جو تم نہیں جانتے تھے	پس کر دی اس نے

امن وامان کے ساتھ (کچھ) اپنے سر منڈاتے ہوئے اور (کچھ) بال کترائے ہوئے تمہیں کوئی خوف نہ ہوگا، پس اس نے معلوم کر لیا جو تم نہیں جانتے تھے پس اس نے کر دی

مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ

مِنْ دُوْنِ	ذٰلِكَ	فَتْحًا قَرِيْبًا	هُوَ	الَّذِيْٓ اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى وَدِيْنِ
اس سے ورے (پہلے)	اس	ایک قریبی فتح	وہ	جس نے بھیجا	اپنا رسولؐ	ہدایت کے ساتھ اور دین

اس (فتح مکہ) سے پہلے ہی ایک قریبی فتح۔ وہی ہے جس نے اپنے رسولؐ کو بھیجا ہدایت اور دینِ

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ

الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى	الدِّيْنِ	كُلِّهٖ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ
حق	تاکہ اسے غالب کر دے	پر	دین	تمام	اور کافی ہے	اللہ	گواہ	محمدؐ	اللہ کے رسول	اور جو لوگ

حق کے ساتھ تاکہ وہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے، اور اللہ گواہ کافی ہے۔ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ

مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ

مَعَهٗٓ	اَشِدَّاۗءُ	عَلَى الْكُفَّارِ	رُحَمَاۗءُ	بَيْنَهُمْ	تَرٰىهُمْ	رُكَّعًا	سُجَّدًا	يَّبْتَغُوْنَ
ان کے ساتھ	بڑے سخت	کافروں پر	رحم دل	آپس میں	تو انہیں دیکھے گا	رکوع کرتے	سجدہ ریز ہوتے	وہ تلاش کرتے ہیں

ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر بڑے سخت، ہیں آپس میں رحم دل ہیں، تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے، سجدہ ریز ہوتے، وہ تلاش کرتے ہیں

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ

فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَرِضْوَانًا	سِيْمَاهُمْ	فِيْ وُجُوْهِهِمْ	مِّنْ	اَثَرِ السُّجُوْدِ	ذٰلِكَ
فضل	اللہ سے کا	اور رضامندی	ان کی علامت	ان کے چہروں میں۔ پر	سے	سجدوں کا اثر	یہ

اللہ کا فضل اور (اس کی) رضا مندی، ان کی علامت اُن کے چہروں پر سجدوں کے اثر (نشانات) ہیں، یہ

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ڔ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ

مَثَلُهُمْ	فِي التَّوْرٰىةِ	وَمَثَلُهُمْ	فِي الْاِنْجِيْلِ	كَزَرْعٍ	اَخْرَجَ	شَطْــَٔهٗ	فَاٰزَرَهٗ	فَاسْتَغْلَظَ
ان کی مثال (صفت)	توریت میں	اور ان کی مثال (صفت)	انجیل میں	جیسے ایک کھیتی	اس نے نکالی	اپنی سوئی	پھر اسے قوی کیا	پھر وہ موٹی ہوئی

ان کی صفت توریت میں (مذکور) ہے اور ان کی یہ صفت انجیل میں ہے، جیسے ایک کھیتی، اس نے اپنی سوئی نکالی، پھر اسے قوی کیا، پھر وہ موٹی ہوئی،

فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

فَاسْتَوٰى	عَلٰي سُوْقِهٖ	يُعْجِبُ	الزُّرَّاعَ	لِيَغِيْظَ	بِهِمُ	الْكُفَّارَ	وَعَدَ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
پھر وہ کھڑی ہو گئی	اپنی جڑ (نال) پر	وہ بھلی لگتی ہے	کسان (جمع)	تاکہ غصہ میں لائے	ان سے	کافروں	وعدہ کیا اللہ نے	ان سے جو

پھر وہ اپنی نال پر کھڑی ہو گئی وہ کسانوں کو بھلی لگتی ہے تاکہ ان کافروں کو غصہ میں لائے (ان کے دل جلائے) اللہ نے وعدہ کیا ہے ان سے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۹﴾ ع

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	مِنْهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	عَظِيْمًا
ایمان لائے	اور انہوں نے اعمال کئے اچھے	ان میں سے	مغفرت	اور اجر	عظیم

جو ایمان لائے، اور اُنہوں نے اچھے عمل کئے، مغفرت اور اجرِ عظیم کا۔

اٰیاتُھا ۱۸ | ۴۹ = سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۶ | فِيْھا رُكُوْعان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	نہ آگے بڑھو تم	اللہ کے سامنے۔ آگے	اور اس کا رسولؐ	اور ڈرو اللہ سے	بیشک اللہ

اے مومنو! اللہ اور اس کے رسولؐ کے آگے نہ بڑھو، اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَرْفَعُوْٓا	اَصْوَاتَكُمْ	فَوْقَ	صَوْتِ النَّبِيِّ
سننے والا	جاننے والا	اے	مومنو	نہ اونچی کرو	اپنی آوازیں	اوپر۔ پر	نبیؐ کی آواز

سننے والا، جاننے والا ہے۔ اے مومنو! نبیؐ کی آواز پر تم اپنی آوازیں اونچی نہ کرو،

وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ

وَلَا تَجْهَرُوْا	لَهٗ	بِالْقَوْلِ	كَجَهْرِ	بَعْضِكُمْ	لِبَعْضٍ	اَنْ	تَحْبَطَ	اَعْمَالُكُمْ	وَاَنْتُمْ
اور نہ زور سے بولو	اس کے سامنے	گفتگو میں	جیسے بلند آواز	تمہارے بعض (ایک)	بعض (دوسرے) سے	کہیں	اکارت ہو جائیں	تمہارے عمل	اور تم

اور ان کے سامنے زور سے نہ بولو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز میں گفتگو کرتے ہو، کہیں تمہارے عمل اکارت (نہ) ہو جائیں، اور تمہیں

لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

لَا تَشْعُرُوْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَغُضُّوْنَ	اَصْوَاتَهُمْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
نہ جانتے (خبر بھی نہ) ہو	بیشک	جو لوگ	پست رکھتے ہیں	اپنی آوازیں	نزدیک	اللہ کا رسولؐ	یہ وہ لوگ	جو۔ جن

خبر بھی نہ ہو۔ بے شک جو لوگ اللہ کے رسولؐ کے نزدیک (سامنے) اپنی آوازیں پست رکھتے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن کے

امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۳ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ

امْتَحَنَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ	لِلتَّقْوٰى	لَهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	وَّاَجْرٌ	عَظِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُنَادُوْنَكَ
آزمایا ہے	اللہ	ان کے دل	پرہیزگاری کے لئے	ان کے لئے	مغفرت	اور اجر	عظیم	بیشک	جو لوگ	آپ کو پکارتے ہیں

دلوں کو اللہ نے پرہیزگاری کے لئے آزمایا ہے، ان کے لئے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔ بے شک جو لوگ آپ کو پکارتے ہیں

مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۴ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ

مِنْ وَّرَآءِ	الْحُجُرٰتِ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	صَبَرُوْا	حَتّٰى	تَخْرُجَ	اِلَيْهِمْ
باہر سے	حجروں	ان میں سے اکثر	عقل نہیں رکھتے	اور اگر	البتہ وہ	صبر کرتے	یہانتک کہ	آپ نکل آتے	ان کے پاس

حجروں کے باہر سے، ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔ اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ (خود) ان کے پاس نکل آتے

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ

لَكَانَ	خَيْرًا	لَّهُمْ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اِنْ	جَآءَكُمْ	فَاسِقٌۢ
البتہ ہوتا	بہتر	ان کے لئے	اور اللہ	بخشنے والا	مہربان	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	اگر	آئے تمہارے پاس	کوئی فاسق بدکردار

تو ان کے لئے البتہ بہتر ہوتا، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے مومنو! اگر تمہارے پاس کوئی بدکار آئے

بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْۤا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶

بِنَبَاٍ	فَتَبَيَّنُوْۤا	اَنْ	تُصِيْبُوْا	قَوْمًۢا	بِجَهَالَةٍ	فَتُصْبِحُوْا	عَلٰى	مَا فَعَلْتُمْ	-	نٰدِمِيْنَ
خبر لے کر	تو خوب تحقیق کر لیا کرو	کہیں	تم ضرر پہنچاؤ	کسی قوم کو	نادانی سے	پھر ہو تم	پر	جو تم نے کیا (اپنا کیا)		نادم (جمع)

خبر لے کر، تو خوب تحقیق کر لیا کرو، کہیں نادانی سے تم کسی قوم کو ضرر پہنچاؤ، پھر تمہیں اپنے کئے پر نادم ہونا پڑے۔

وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ

وَاعْلَمُوْۤا	اَنَّ	فِيْكُمْ	رَسُوْلَ اللّٰهِ	لَوْ يُطِيْعُكُمْ	فِيْ	كَثِيْرٍ	مِّنَ الْاَمْرِ	لَعَنِتُّمْ	وَلٰكِنَّ
اور جان رکھو	کہ	تمہارے درمیان	اللہ کا رسول ہے	اگر وہ تمہارا کہا مانیں	میں	اکثر	کاموں سے۔ میں	البتہ تم ایذا میں پڑو	اور لیکن

اور جان رکھو کہ تمہارے درمیان اللہ کے رسول ہیں، اگر وہ اکثر کاموں میں تمہارا کہا مانیں تو تم ایذا میں پڑ جاؤ، لیکن

اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ

اللّٰهَ	حَبَّبَ	اِلَيْكُمُ	الْاِيْمَانَ	وَزَيَّنَهٗ	فِيْ قُلُوْبِكُمْ	وَكَرَّهَ	اِلَيْكُمُ	الْكُفْرَ	وَالْفُسُوْقَ
اللہ	محبت دی	تمہیں	ایمان کی	اور اسے آراستہ کر دیا	تمہارے دلوں میں	اور ناپسند کر دیا	تمہارے سامنے	کفر	اور گناہ

اللہ نے تمہیں ایمان کی محبت دی، اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ (مزین) کر دیا اور اس نے تمہارے سامنے ناپسند کر دیا کفر اور گناہ کو

وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ۙ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

وَالْعِصْيَانَ	اُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الرّٰشِدُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَنِعْمَةً	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ
اور نافرمانی	یہی لوگ	وہ	ہدایت پانے والے	فضل	اللہ سے کے	اور نعمت	اور اللہ	جاننے والا

اور نافرمانی کو، یہی لوگ (راہِ) ہدایت پانے والے ہیں۔ اللہ کے فضل اور نعمت سے، اور اللہ جاننے والا،

حَكِيْمٌ ۝ وَاِنْ طَاۗىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ

حَكِيْمٌ	وَاِنْ	طَاۗىِٕفَتٰنِ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	اقْتَتَلُوْا	فَاَصْلِحُوْا	بَيْنَهُمَا	فَاِنْۢ بَغَتْ
حکمت والا	اور اگر	دو گروہ	سے۔کے	(جمع) مومن	باہم لڑ پڑیں	تو صلح کرا دو تم	ان دونوں کے درمیان	پھر اگر زیادتی کرے

حکمت والا ہے۔ اور اگر مومنوں کے دو گروہ باہم لڑ پڑیں، تو تم ان دونوں کے درمیان صلح کرا دو، پھر اگر زیادتی کرے

اِحْدٰىهُمَا عَلَي الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْۗءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَاۗءَتْ

اِحْدٰىهُمَا	عَلَي الْاُخْرٰى	فَقَاتِلُوا	الَّتِيْ	تَبْغِيْ	حَتّٰى	تَفِيْۗءَ	اِلٰٓى	اَمْرِ اللّٰهِ	فَاِنْ فَاۗءَتْ
ان دونوں میں سے ایک	دوسرے پر	تو تم لڑو	اس سے جو	زیادتی کرتا ہے	یہاں تک کہ	رجوع کرے	طرف	حکم الٰہی	پھر اگر جب رجوع کرلے

ان دونوں میں سے ایک دوسرے پر، تو تم اس سے لڑو جو زیادتی کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف رجوع کرلے، پھر جب وہ رجوع کرلے

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا

فَاَصْلِحُوْا	بَيْنَهُمَا	بِالْعَدْلِ	وَاَقْسِطُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ	اِنَّمَا
تو صلح کرا دو تم	ان دونوں کے درمیان	عدل کے ساتھ	اور تم انصاف کیا کرو	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	انصاف کرنے والے	اس کے سوا نہیں

تو تم ان دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور تم انصاف کرو، بیشک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اس کے سوا نہیں

عَبْدِهِ	مَا أَوْحَىٰ	مَا كَذَبَ	الْفُؤَادُ	مَا رَأَىٰ	أَفَتُمَارُونَهُ	عَلَىٰ	مَا يَرَىٰ	وَلَقَدْ
اپنا بندہ	جو اس نے وحی کی	نہ جھوٹ کہا	دل	جو اس نے دیکھا	تو کیا تم جھگڑتے ہو اس سے	پر	جو اس نے دیکھا	اور تحقیق

اپنے بندے کی طرف جو وحی کی۔ جو اس نے (آنکھوں سے) دیکھا (اس کے) دل نے تصدیق کی۔ کیا جو اس نے دیکھا تم اس سے اس پر جھگڑتے ہو؟ اور تحقیق

رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَىٰ ﴿١٣﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَىٰ ﴿١٤﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ ﴿١٥﴾ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ

رَآهُ	نَزْلَةً أُخْرَىٰ	عِنْدَ	سِدْرَةِ الْمُنْتَهَىٰ	عِنْدَهَا	جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ	إِذْ يَغْشَى	السِّدْرَةَ
اس نے دیکھا اسے	دوسری مرتبہ	نزدیک	سدرۃ المنتہیٰ	اس کے نزدیک	جنت الماویٰ	جب چھا رہا تھا	سدرہ

اس نے اسے دوسری مرتبہ سدرۃ المنتہیٰ کے نزدیک دیکھا۔ اس کے نزدیک جنت الماویٰ (آرام گاہ بہشت) ہے۔ جب سدرہ پر چھا رہا تھا

مَا يَغْشَىٰ ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَىٰ ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَأَىٰ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَىٰ ﴿١٨﴾ أَفَرَأَيْتُمُ

مَا يَغْشَىٰ	مَا زَاغَ	الْبَصَرُ	وَمَا طَغَىٰ	لَقَدْ رَأَىٰ	مِنْ	آيَاتِ	رَبِّهِ	الْكُبْرَىٰ	أَفَرَأَيْتُمُ
جو چھا رہا تھا	نہ کجی کی	آنکھ	اور نہ حد سے بڑھی	تحقیق اس نے دیکھی	سے	نشانیاں	اپنا رب	بڑی	تو کیا تم نے دیکھا؟

جو چھا رہا تھا۔ آنکھ نے نہ کجی کی اور نہ وہ حد سے بڑھی۔ تحقیق اس نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں۔ کیا تم نے دیکھا ہے

اللَّاتَ وَالْعُزَّىٰ ﴿١٩﴾ وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَىٰ ﴿٢٠﴾ أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنْثَىٰ ﴿٢١﴾ تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ

اللَّاتَ	وَالْعُزَّىٰ	وَمَنَاةَ	الثَّالِثَةَ الْأُخْرَىٰ	أَلَكُمُ	الذَّكَرُ	وَلَهُ	الْأُنْثَىٰ	تِلْكَ	إِذًا قِسْمَةٌ
لات	اور عزیٰ	اور منات	تیسری آخری	کیا تمہارے لئے	مرد	اور اس کے لئے	عورتیں	بڑی	یہ بانٹ تقسیم

لات اور عزیٰ، اور تیسری آخری منات کو؟ کیا تمہارے لئے مرد (بیٹے) ہیں اور اس کے لئے عورتیں (بیٹیاں)؟ یہ بانٹ تقسیم

ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ

ضِيْزٰى	اِنْ	هِيَ	اِلَّآ اَسْمَآءٌ	سَمَّيْتُمُوْهَآ	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	مَّآ اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بِهَا	مِنْ
بے ڈھنگی	نہیں	یہ	مگر صرف نام	تم نے وہ نام رکھ لئے ہیں	تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں اتاری	اللہ	اسکی	کوئی

بے ڈھنگی ہے - یہ (بچھ) نہیں صرف نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں، اللہ نے نہیں اتاری اس کی کوئی

سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿۲۳﴾

سُلْطٰنٍ	اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَمَا تَهْوَى	الْاَنْفُسُ	وَلَقَدْ جَآءَهُمْ	مِّنْ رَّبِّهِمُ	الْهُدٰى
سند	وہ نہیں پیروی کرتے	مگر صرف	گمان	اور جو خواہش	(جمع) نفس	اور (حالانکہ) پہنچ چکی انکے پاس	ان کے رب سے	ہدایت

سند، وہ نہیں پیروی کرتے، مگر صرف گمان اور خواہش نفس کی، حالانکہ ان کے رب کی طرف سے ان کے پاس ہدایت پہنچ چکی ہے -

ع ۱ ۲۵ ۵

اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾ فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ

اَمْ	لِلْاِنْسَانِ	مَا تَمَنّٰى	فَلِلّٰهِ	الْاٰخِرَةُ	وَالْاُوْلٰى	وَكَمْ	مِّنْ مَّلَكٍ	فِي السَّمٰوٰتِ
کیا	انسان کے لئے	جس کی وہ تمنا کرے	پس اللہ ہی کے لئے	آخرت	اور دنیا	اور کتنے	فرشتے	آسمانوں میں

کیا انسان کو وہ (سب کچھ مل جاتا ہے) جس کی وہ تمنا کرے؟ پس اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے بھلائی آخرت اور دنیا کی، اور آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے ہیں

لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾ اِنَّ

لَا تُغْنِيْ	شَفَاعَتُهُمْ	شَيْـًٔا	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ	يَّاْذَنَ اللّٰهُ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَيَرْضٰى	اِنَّ
نفع نہیں دیتی	ان کی سفارش	کچھ	مگر	اس کے بعد	کہ	اجازت دے اللہ	جس کے لئے چاہے وہ	اور وہ پسند فرمائے	بیشک

ان کی سفارش کچھ بھی نفع نہیں دیتی مگر اس کے بعد اللہ جس کے لئے چاہے اجازت دے، اور پسند فرمائے - بے شک

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾ وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	لَيُسَمُّوْنَ	الْمَلٰٓئِكَةَ	تَسْمِيَةَ	الْاُنْثٰى	وَمَا لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ
جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	البتہ وہ رکھتے ہیں نام	فرشتوں	نام	عورتوں جیسا	اور نہیں انہیں	اس کا	کوئی علم

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ البتہ فرشتوں کے نام عورتوں جیسے رکھتے ہیں - اور انہیں اس کا کوئی علم نہیں

اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿۲۸﴾ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ

اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا الظَّنَّ	وَاِنَّ	الظَّنَّ	لَا يُغْنِيْ	مِنَ الْحَقِّ	شَيْـًٔا	فَاَعْرِضْ	عَنْ	مَنْ
نہیں	وہ پیروی کرتے	مگر صرف گمان	اور بیشک	گمان	نفع نہیں دیتا	یقین سے مقابلہ	کچھ	پس منہ پھیر لیں	سے	جو

وہ صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور گمان یقین کے مقابلہ میں کچھ نفع نہیں دیتا - پس آپ اس سے منہ پھیر لیں جو

تَوَلّٰى ۙ﴿٢٩﴾ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٣٠﴾ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ

تَوَلّٰى	عَنْ ذِكْرِنَا	وَلَمْ يُرِدْ	اِلَّا	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	ذٰلِكَ	مَبْلَغُهُمْ	مِّنَ الْعِلْمِ	اِنَّ
روگرداں ہوا	ہماری یاد سے	اور وہ نہ چاہتا ہو	سوائے	دنیا کی زندگی	یہ	ان کی رسائی	علم کی	بیشک

ہماری یاد سے روگرداں ہوا، اور وہ دنیا کی زندگی کے سوا نہیں چاہتا۔ یہ ان کے علم کی رسائی (کی حد) ہے بے شک

رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿٣٠﴾ وَلِلّٰهِ مَا

رَبَّكَ	هُوَ اَعْلَمُ	بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِمَنِ	اهْتَدٰى	وَلِلّٰهِ	مَا
تیرا رب	وہ خوب جانتا ہے	اسے جو	گمراہ ہوا	اس کے راستے سے	اور وہ	خوب جانتا ہے	اسے جس	ہدایت پائی	اور اللہ کے لئے	جو

تیرا رب اسے خوب جانتا ہے جو اس کے راستے سے گمراہ ہوا اور وہ اسے خوب جانتا ہے جس نے ہدایت پائی۔ اور اللہ ہی کے لئے ہے جو کچھ

فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِىَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِىَ الَّذِيْنَ

فِى	السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الْاَرْضِ	لِيَجْزِىَ	الَّذِيْنَ	اَسَآءُوْا	بِمَا عَمِلُوْا	وَيَجْزِىَ	الَّذِيْنَ
میں	آسمانوں	اور جو	زمین میں	تاکہ وہ بدلہ دے	انہیں جنہوں نے	برائی کی	اسکی جو انہوں نے کئے (اعمال)	اور جزا دے	ان لوگوں کو جنہوں نے

آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، تاکہ جن لوگوں نے برائی کی، انہیں ان کے اعمال کا بدلہ دے اور انہیں جزا دے جن لوگوں نے

اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿٣١﴾ الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ

اَحْسَنُوْا	بِالْحُسْنٰى	الَّذِيْنَ	يَجْتَنِبُوْنَ	كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ	وَالْفَوَاحِشَ	اِلَّا اللَّمَمَ
نیکی کی	بھلائی کے ساتھ	جو لوگ	وہ بچتے ہیں	کبیرہ (بڑے) گناہوں سے	اور بے حیائیوں	مگر سوائے چھوٹے گناہ

بھلائی کے ساتھ نیکی کی۔ جو چھوٹے گناہوں کے سوا بڑے گناہوں اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں،

اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ اَنْتُمْ

اِنَّ	رَبَّكَ	وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ	هُوَ اَعْلَمُ	بِكُمْ	اِذْ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ الْاَرْضِ	وَاِذْ	اَنْتُمْ
بیشک	تمہارا رب	وسیع مغفرت والا	اور خوب جانتا ہے وہ	تمہیں	جب	اس نے پیدا کیا تمہیں	زمین سے	اور جب	تم

بے شک تمہارا رب وسیع مغفرت والا ہے، وہ تمہیں خوب جانتا ہے جب اس نے تمہیں زمین سے پیدا کیا، اور جب تم

اَجِنَّةٌ فِىْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿٣٢﴾ اَفَرَءَيْتَ

اَجِنَّةٌ	فِىْ	بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ	فَلَا تُزَكُّوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	هُوَ اَعْلَمُ	بِمَنِ	اتَّقٰى	اَفَرَءَيْتَ
بچے	میں	پیٹ (جمع)	اپنی مائیں	پس پاکیزہ نہ سمجھو	اپنے آپ	وہ خوب جانتا ہے	اسے جو جس	پرہیزگاری کی	تو کیا تو نے دیکھا

اپنی ماؤں کے پیٹوں میں بچے تھے، پس تم اپنے آپ کو پاکیزہ نہ سمجھو، وہ اسے خوب جانتا ہے جس نے پرہیزگاری کی۔ تو کیا تو نے دیکھا

الَّذِیْ تَوَلّٰی ﴿۳۳﴾ وَ اَعْطٰی قَلِیْلًا وَّ اَكْدٰی ﴿۳۴﴾ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَیْبِ فَهُوَ یَرٰی ﴿۳۵﴾

الَّذِیْ تَوَلّٰی	وَ اَعْطٰی	قَلِیْلًا	وَ اَكْدٰی	اَعِنْدَهٗ	عِلْمُ الْغَیْبِ	فَهُوَ یَرٰی
جس نے روگردانی کی	اور اس نے دیا	تھوڑا سا	اور اس نے بند کر دیا	کیا اس کے پاس	علم غیب	تو وہ دیکھ رہا ہے

جس نے روگردانی کی - اور تھوڑا (مال) دیا اور (پھر) بند کر دیا - کیا اس کے پاس علم غیب ہے؟ تو وہ دیکھ رہا ہے -

اَمْ لَمْ یُنَبَّاْ بِمَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰی ﴿۳۶﴾ وَ اِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤی ﴿۳۷﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ

اَمْ	لَمْ یُنَبَّاْ	بِمَا	فِیْ	صُحُفِ	مُوْسٰی	وَ اِبْرٰهِیْمَ	الَّذِیْ	وَفّٰۤی	اَلَّا تَزِرُ	وَازِرَةٌ
کیا	وہ خبر نہیں دیا گیا	وہ جو	میں	صحیفے	موسیٰ	اور ابراہیم	وہ جو جس	پورا کیا	کہ نہیں اٹھاتا	کوئی بوجھ اٹھانے والا

کیا وہ خبر نہیں دیا گیا (کیا اسے خبر نہیں) جو موسیٰ کے صحیفوں میں ہے - اور ابراہیم جس نے (اپنا قول) پورا کیا - کوئی بوجھ اٹھانے والا نہیں اٹھاتا

وِّزْرَ اُخْرٰی ﴿۳۸﴾ وَ اَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ﴿۳۹﴾ وَ اَنَّ سَعْیَهٗ سَوْفَ یُرٰی ﴿۴۰﴾

وِزْرَ اُخْرٰی	وَ اَنْ	لَّیْسَ	لِلْاِنْسَانِ	اِلَّا	مَا سَعٰی	وَ اَنَّ	سَعْیَهٗ	سَوْفَ یُرٰی
کسی دوسرے کا بوجھ	اور یہ کہ	نہیں	کسی انسان کے لیے	مگر	جو اس نے سعی کی	اور یہ کہ	اس کی سعی	عنقریب دیکھی جائے گی

کسی دوسرے کا بوجھ - اور یہ کہ کسی انسان کے لئے نہیں (کسی کو نہیں ملتا) مگر اسی قدر جتنی اس نے سعی کی، اور یہ کہ اس کی سعی عنقریب دیکھی جائے گی -

ثُمَّ یُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰی ﴿۴۱﴾ وَ اَنَّ اِلٰی رَبِّكَ الْمُنْتَهٰی ﴿۴۲﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْكٰی ﴿۴۳﴾

ثُمَّ	یُجْزٰىهُ	الْجَزَآءَ الْاَوْفٰی	وَ اَنَّ	اِلٰی	رَبِّكَ	الْمُنْتَهٰی	وَ اَنَّهٗ	هُوَ اَضْحَكَ	وَ اَبْكٰی
پھر	اسے بدلہ دیا جائے گا	بدلہ پورا پورا	اور یہ کہ	طرف	تمہارا رب	انتہا	اور بیشک	وہی ہنساتا ہے	اور وہ رلاتا ہے

پھر اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا - اور یہ کہ تمہارے رب (ہی) کی طرف انتہا ہے - اور بے شک وہی ہنساتا اور رُلاتا ہے -

وَ اَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَ اَحْیَا ﴿۴۴﴾ وَ اَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَیْنِ الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰی ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ

وَ اَنَّهٗ	هُوَ اَمَاتَ	وَ اَحْیَا	وَ اَنَّهٗ	خَلَقَ	الزَّوْجَیْنِ	الذَّكَرَ	وَ الْاُنْثٰی	مِنْ نُّطْفَةٍ
اور بیشک وہ	وہی مارتا ہے	اور جلاتا ہے	اور بیشک وہ	اسی نے پیدا کیے	جوڑے	مرد	اور عورت	نطفہ سے

اور بیشک وہی مارتا اور جلاتا ہے - اور بیشک وہی جس نے جوڑے پیدا کیے، مرد اور عورت کے - نطفہ سے،

اِذَا تُمْنٰی ﴿۴۶﴾ وَ اَنَّ عَلَیْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰی ﴿۴۷﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰی وَ اَقْنٰی ﴿۴۸﴾ وَ اَنَّهٗ هُوَ

اِذَا تُمْنٰی	وَ اَنَّ	عَلَیْهِ	النَّشْاَةَ	الْاُخْرٰی	وَ اَنَّهٗ	هُوَ	اَغْنٰی	وَ اَقْنٰی	وَ اَنَّهٗ	هُوَ
جب وہ ڈالا جاتا	اور یہ کہ	اسی پر	(جی) اٹھانا	دوبارہ	اور بیشک وہ	وہی	اس نے غنی کیا	اور سرمایہ دار کیا	اور بیشک وہ	وہی

جب وہ (رحم میں) ڈالا جاتا ہے، اور یہ کہ اُسی پر (اُسی کے ذمے ہے) دوبارہ جی اٹھانا - اور بیشک اس نے غنی کیا، اور سرمایہ دار کیا - اور بیشک وہی

رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿۴۹﴾ وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا ِۨالْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾ وَثَمُوْدَا فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿۵۱﴾ وَقَوْمَ

رَبُّ الشِّعْرٰى	وَاَنَّهٗ	اَهْلَكَ	عَادَا ِۨالْاُوْلٰى	وَثَمُوْدَا	فَمَاۤ اَبْقٰى	وَقَوْمَ
شعریٰ (ستارے) کا رب	اور بیشک وہ	اس نے ہلاک کیا	عاد پہلی (قدیم)	اور ثمود	پس اس نے باقی نہ چھوڑا	اور قوم

شعریٰ ستارے کا رب ہے، اور بیشک اس نے قدیم عاد کو ہلاک کیا، اور ثمود کو، اس نے باقی نہ چھوڑا۔ اور قوم

نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ۫ ﴿۵۲﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿۵۳﴾

نُوْحٍ	مِّنْ قَبْلُ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	هُمْ	اَظْلَمَ	وَاَطْغٰى	وَالْمُؤْتَفِكَةَ	اَهْوٰى
نوحؑ	اس سے قبل	بیشک وہ	وہ تھے	وہ	بڑے ظالم	اور بہت سرکش	اور الٹنے والی بستیاں	دے مارا

نوحؑ کو اس سے قبل، بیشک وہ بڑے ظالم اور بہت سرکش تھے۔ اور (قوم لوطؑ کی) الٹنے والی بستیوں کو دے مارا۔

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾

فَغَشّٰىهَا	مَا غَشّٰى	فَبِاَيِّ	اٰلَآءِ	رَبِّكَ	تَتَمَارٰى	هٰذَا	نَذِيْرٌ	مِنَ	النُّذُرِ الْاُوْلٰى
تو اسکو ڈھانپ لیا	جس نے ڈھانپ لیا	پس کس	نعمت	اپنا رب	تو شک کرے گا	یہ	ایک ڈرانیوالا	سے	پہلے ڈرانے والے

تو اس کو ڈھانپ لیا جس نے ڈھانپ لیا (پتھروں نے) پس تو اپنے رب کی کس کس نعمت میں شک کرے گا! یہ پہلے ڈرانے والوں میں سے ایک ڈرانے والا ہے۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

اَزِفَتِ	الْاٰزِفَةُ	لَيْسَ	لَهَا	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	كَاشِفَةٌ	اَفَمِنْ	هٰذَا الْحَدِيْثِ
قریب آگئی	قریب آنے والی	نہیں	اسکیلئے اسکا	اللہ کے سوا	کوئی کھولنے والا	تو کیا سے	اس بات

قریب آنے والی (قیامت) قریب آگئی۔ اللہ کے سوا اس کا کوئی کھولنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس بات سے

تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾

تَعْجَبُوْنَ	وَتَضْحَكُوْنَ	وَلَا تَبْكُوْنَ	وَاَنْتُمْ	سٰمِدُوْنَ
تم تعجب کرتے ہو	اور تم ہنستے ہو	اور تم نہیں روتے	اور تم	غفلت کرتے (غافل) ہو

تعجب کرتے ہو؟ اور تم ہنستے ہو اور تم روتے نہیں۔ اور تم غافل ہو۔

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ ع

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ	وَاعْبُدُوْا
پس تم سجدہ کرو اللہ کے آگے	اور اس کی عبادت کرو

پس تم اللہ کے آگے سجدہ کرو اور تم اسی کی عبادت کرو۔

اٰیاتھا ٥٥ | ٥٤ = سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ = ٣٧ | رکوعاتھا ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ① وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ

اِقْتَرَبَتِ	السَّاعَةُ	وَانْشَقَّ	الْقَمَرُ	وَاِنْ يَّرَوْا	اٰيَةً	يُّعْرِضُوْا	وَيَقُوْلُوْا	سِحْرٌ
قریب آگئی	قیامت	اور شق ہوگیا	چاند	اور اگر وہ دیکھتے ہیں	کوئی نشانی	وہ منہ پھیر لیتے ہیں	اور وہ کہتے ہیں	جادو

قیامت قریب آگئی اور چاند شق ہو گیا - اور اگر وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں (یہ) جادو ہے

مُّسْتَمِرٌّ ② وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۭ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ③ وَلَقَدْ جَاۗءَهُمْ مِّنَ

مُّسْتَمِرٌّ	وَكَذَّبُوْا	وَاتَّبَعُوْٓا	اَهْوَآءَهُمْ	وَكُلُّ اَمْرٍ	مُّسْتَقِرٌّ	وَلَقَدْ جَاۗءَهُمْ	مِّنَ
(ہمیشہ سے) ہوتا چلا آیا	اور انہوں نے جھٹلایا	اور پیروی کی	اپنی خواہشات	اور ہر کام	وقت مقرر	اور تحقیق آگئی ان کے پاس	سے

ہمیشہ سے ہوتا چلا آیا ہے - اور انہوں نے جھٹلایا، اور اپنی خواہشات کی پیروی کی اور ہر کام کے لئے ایک وقت مقرر ہے - اور تحقیق ان کے پاس آگئیں

الْاَنْۢبَاۗءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ④ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ⑤ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ

الْاَنْۢبَاۗءِ	مَا فِيْهِ	مُزْدَجَرٌ	حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ	فَمَا تُغْنِ	النُّذُرُ	فَتَوَلَّ	عَنْهُمْ	يَوْمَ	يَدْعُ
(جمع) خبریں	جس میں	ڈانٹ (عبرت)	حکمت بالغہ (کامل دانشمندی)	تو نہ فائدہ دیا	ڈرانیوالے	سو تم منہ پھیر لو	ان سے	جس دن	بلائے گا

(وہ) خبریں جن میں عبرت ہے، کامل دانشمندی کی باتیں تو انہیں ڈرانے والوں نے فائدہ نہ دیا - سو تم ان سے منہ پھیر لو، جس دن بلائے گا

الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ⑥ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ

الدَّاعِ	اِلٰى	شَيْءٍ نُّكُرٍ	خُشَّعًا	اَبْصَارُهُمْ	يَخْرُجُوْنَ	مِنَ الْاَجْدَاثِ	كَاَنَّهُمْ
ایک بلانے والا	طرف	شے ناگوار	جھکی ہوئی	ان کی آنکھیں	وہ نکلیں گے	قبروں سے	گویا کہ وہ

ایک بلانے والا (فرشتہ) ناگوار شے کی طرف - ان کی آنکھیں جھکی ہوئی (ہوں گی) وہ قبروں سے (اس طرح) نکلیں گے گویا کہ وہ

جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ⑦ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ۭ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ⑧ كَذَّبَتْ

جَرَادٌ	مُّنْتَشِرٌ	مُّهْطِعِيْنَ	اِلَى الدَّاعِ	يَقُوْلُ	الْكٰفِرُوْنَ	هٰذَا	يَوْمٌ عَسِرٌ	كَذَّبَتْ
ٹڈیاں	پراگندہ	لپکتے ہوئے	پکارنے والے کی طرف	کہیں گے	کافر (جمع)	یہ	بڑا سخت دن	جھٹلایا

پراگندہ ٹڈیاں ہیں۔ پکارنے والے کی طرف لپکتے ہوئے کافر کہیں گے، یہ بڑا سخت دن ہے۔ جھٹلایا

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝٩ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ

قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	فَكَذَّبُوْا	عَبْدَنَا	وَقَالُوْا	مَجْنُوْنٌ	وَازْدُجِرَ	فَدَعَا	رَبَّهٗٓ	اَنِّيْ
ان سے قبل	قوم نوح	تو انہوں نے جھٹلایا	ہمارے بندے	اور انہوں نے کہا	دیوانہ	اور ڈرایا دھمکایا گیا	پس اس نے پکارا	اپنا رب	کہ میں

ان سے قبل قوم نوحؑ نے، تو انہوں نے ہمارے بندے (نوحؑ) کو جھٹلایا اور انہوں نے کہا دیوانہ ہے اور ڈرایا دھمکایا گیا ہے۔ پس اس نے اپنے رب کو پکارا کہ میں

مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝١٠ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝١١ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا

مَغْلُوْبٌ	فَانْتَصِرْ	فَفَتَحْنَآ	اَبْوَابَ السَّمَآءِ	بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ	وَّفَجَّرْنَا	الْاَرْضَ	عُيُوْنًا
مغلوب	پس میرا انتقام لے	تو ہم نے کھول دیئے	آسمان کے دروازے	کثرت سے برسنے والے پانی سے	اور ہم نے جاری کر دیئے	زمین	چشمے

مغلوب ہوں پس تو (اُن سے) میرا انتقام لے۔ تو ہم نے کثرت سے برسنے والے پانی سے آسمان کے دروازے کھول دیئے۔ اور زمین سے چشمے جاری کر دیئے

فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝١٢ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝١٣ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا

فَالْتَقَى	الْمَآءُ	عَلٰٓى اَمْرٍ	قَدْ قُدِرَ	وَحَمَلْنٰهُ	عَلٰى	ذَاتِ اَلْوَاحٍ	وَدُسُرٍ	تَجْرِيْ	بِاَعْيُنِنَا
پس مل گیا	پانی	اس کام پر	(جو) مقرر ہو چکا تھا	اور ہم نے سوار کیا اسے	پر	تختوں والی	اور کیلوں والی	چلتی تھی	اپنی آنکھوں کے سامنے

پس (زمین آسمان کا) پانی اس کام پر مل گیا جو (علم الٰہی میں) مقرر ہو چکا تھا (قوم نوحؑ کی غرقابی)۔ اور ہم نے اسے تختوں اور کیلوں والی (کشتی پر) اپنی آنکھوں کے سامنے (اپنی نگرانی میں) سوار کیا

جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝١٤ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٥ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ

جَزَآءً	لِّمَنْ	كَانَ كُفِرَ	وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَا	اٰيَةً	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ	فَكَيْفَ كَانَ	عَذَابِيْ
بدلہ	اس کے لئے جس	ناقدری کی گئی	اور تحقیق ہم نے اسے رہنے دیا	ایک نشانی	تو کیا ہے	کوئی نصیحت پکڑنے والا	پس کیسا ہوا	میرا عذاب

اس کے بدلے کے لئے جس کی ناقدری کی گئی۔ اور تحقیق ہم نے اسے (بطور) ایک نشانی رہنے دیا۔ تو کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ پس (دیکھو) کیسا ہوا میرا عذاب

وَنُذُرِ ۝١٦ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝١٧ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ

وَنُذُرِ	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ	عَادٌ	فَكَيْفَ
اور میرا ڈرانا	اور تحقیق ہم نے آسان کیا	قرآن	نصیحت کے لئے	تو کیا ہے	کوئی نصیحت پکڑنے والا	جھٹلایا	عاد	تو کیسا

اور میرا ڈرانا۔ اور تحقیق ہم نے نصیحت کے لئے قرآن کو آسان کر دیا تو کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا؟ عاد نے جھٹلایا تو کیسا

كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝١٨ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝١٩

كَانَ	عَذَابِيْ	وَنُذُرِ	اِنَّآ اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِيْ	يَوْمِ نَحْسٍ	مُّسْتَمِرٍّ
ہوا	میرا عذاب	اور میرا ڈرانا	بیشک ہم نے بھیجی	ان پر	ہوا	تیز	میں	نحوست کے دن	چلتی گئی

ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا؟ بیشک ہم نے نحوست کے دن میں ان پر تند و تیز ہوا بھیجی (جو) چلتی ہی گئی۔

تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿۲۰﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۲۱﴾ وَلَقَدْ

تَنْزِعُ	النَّاسَ	كَاَنَّهُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ	فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِيْ	وَنُذُرِ	وَلَقَدْ
وہ اکھاڑ دیتی (پھینکتی)	لوگ	گویا کہ وہ	تنے	جڑ سے اکھڑی ہوئی کھجور	سو کیسا	ہوا	میرا عذاب	اور میرا ڈرانا	اور البتہ تحقیق

وہ لوگوں کو اکھاڑ پھینکتی تھی گویا کہ وہ جڑ سے اکھڑی ہوئی کھجور کے تنے ہیں۔ سو کیسا ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا ؟ اور تحقیق

ع ۱ ۲۲ ۸

يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا

يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ	بِالنُّذُرِ	فَقَالُوْٓا	اَبَشَرًا
ہم نے آسان کر دیا قرآن	نصیحت کے لئے	تو کیا ہے	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا	جھٹلایا ثمود نے	ڈرانیوالوں کو	پس انہوں نے کہا	کیا ایک بشر

ہم نے نصیحت کے لئے قرآن کو آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا؟ ثمود نے ڈرانیوالوں (رسولوں) کو جھٹلایا۔ پس انہوں نے کہا کیا

مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۲۴﴾ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا

مِّنَّا	وَاحِدًا	نَّتَّبِعُهٗٓ	اِنَّآ	اِذًا	لَّفِيْ ضَلٰلٍ	وَّسُعُرٍ	ءَاُلْقِيَ	الذِّكْرُ	عَلَيْهِ	مِنْۢ بَيْنِنَا
اپنے میں سے	ایک	ہم پیروی کریں اسکی	بیشک ہم	اس صورت میں	البتہ گمراہی میں	اور دیوانگی	کیا ڈالا (نازل) کیا گیا	ذکر (وحی)	اس پر	ہمارے درمیان (ہم میں سے)

ہم اپنے میں سے ایک بشر کی پیروی کریں؟ بیشک اس صورت میں ہم البتہ گمراہی اور دیوانگی میں ہوں گے کیا ہم میں سے اُسی پر وحی نازل کی گئی ہے ؟

بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿۲۵﴾ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿۲۶﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا

بَلْ هُوَ	كَذَّابٌ	اَشِرٌ	سَيَعْلَمُوْنَ	غَدًا	مَّنِ	الْكَذَّابُ	الْاَشِرُ	اِنَّا	مُرْسِلُوا
بلکہ وہ	بڑا جھوٹا	خود پسند	وہ جلد جان لیں گے	کل	کون	بڑا جھوٹا	خود پسند	بیشک ہم	بھیجنے والے

(نہیں) بلکہ وہ بڑا جھوٹا، خود پسند ہے۔ وہ جلد کل (ہی) جان لیں گے کون بڑا جھوٹا، خود پسند ہے۔ (اے صالحؑ) بیشک ہم بھیجنے والے ہیں

النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ

النَّاقَةِ	فِتْنَةً	لَّهُمْ	فَارْتَقِبْهُمْ	وَاصْطَبِرْ	وَنَبِّئْهُمْ	اَنَّ الْمَآءَ	قِسْمَةٌ	بَيْنَهُمْ	كُلُّ
اونٹنی	آزمائش	ان کے لئے	سو تو انتظار کر ان کا	اور صبر کر	اور انہیں خبر دے	کہ پانی	تقسیم کر دیا گیا	ان کے درمیان	ہر

اونٹنی ان کی آزمائش کے لئے، سو تو ان کا انتظار کر، اور صبر کر۔ اور انہیں خبر دے کہ پانی ان کے درمیان تقسیم کر دیا گیا ہے اور ہر ایک کو

شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَ

شِرْبٍ	مُّحْتَضَرٌ	فَنَادَوْا	صَاحِبَهُمْ	فَتَعَاطٰى	فَعَقَرَ	فَكَيْفَ	كَانَ	عَذَابِيْ	وَ
پینے کی باری	حاضر کیا گیا (حاضر ہونا)	تو انہوں نے پکارا	اپنے ساتھی کو	سو اس نے دست درازی کی	اور کونچیں کاٹ دیں	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب	اور

(اپنی) پینے کی باری پر حاضر ہونا ہے۔ تو انہوں نے اپنے ساتھی کو پکارا (سو اس نے دست درازی کی اور (اونٹنی کی) کونچیں کاٹ دیں۔ تو کیسا ہوا میرا عذاب؟ اور

نُذُرِ ﴿۳۰﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدْ

نُذُرِ	إِنَّا أَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	صَيْحَةً	وَاحِدَةً	فَكَانُوا	كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ	وَلَقَدْ
میرا ڈرانا	بیشک ہم نے بھیجی	ان پر	چنگھاڑ	ایک	سو وہ ہو گئے	طرح سوکھی روندی ہوئی باڑ، باڑ لگانے والا	اور البتہ تحقیق

میرا ڈرانا؟ بیشک ہم نے ان پر ایک ہی چنگھاڑ بھیجی، سو وہ ہو گئے باڑ لگانے والے کی سوکھی روندی ہوئی باڑ کی طرح۔ اور تحقیق

يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ إِنَّا

يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ	لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِن مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ	قَوْمُ لُوطٍ	بِالنُّذُرِ	إِنَّا
ہم نے آسان کیا قرآن	نصیحت کے لئے	تو کیا ہے	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا	جھٹلایا	لوط کی قوم نے	ڈرانیوالے (رسول)	بیشک ہم

ہم نے نصیحت کے لئے قرآن کو آسان کر دیا ہے، تو کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا؟ لوط کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا۔ (تو) بیشک

أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ لُوطٍ نَّجَّيْنَاهُم بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا كَذَٰلِكَ

أَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	حَاصِبًا	إِلَّا	آلَ لُوطٍ	نَّجَّيْنَاهُم	بِسَحَرٍ	نِّعْمَةً	مِّنْ عِندِنَا	كَذَٰلِكَ
ہم نے بھیجی	ان پر	پتھر برسانے والی آندھی	سوائے	لوط کے اہل خانہ	ہم نے بچا لیا انہیں	صبح سویرے	فضل فرما کر	اپنی طرف سے	اسی طرح

ہم نے ان پر پتھر برسانے والی آندھی بھیجی، لوط کے اہل خانہ کے سوا کہ ہم نے اپنی طرف سے فضل فرما کر صبح سویرے انہیں بچا لیا، اسی طرح

نَجْزِي مَن شَكَرَ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ

نَجْزِي	مَن شَكَرَ	وَ	لَقَدْ أَنذَرَهُمْ	بَطْشَتَنَا	فَتَمَارَوْا	بِالنُّذُرِ	وَلَقَدْ
ہم جزا دیتے ہیں	جو شکر کرے	اور	تحقیق (لوط نے) انہیں ڈرایا	ہماری پکڑ سے	تو وہ جھگڑنے لگے	ڈرانے میں	اور البتہ تحقیق

ہم جزا دیتے ہیں (اس کو) جو شکر کرے۔ اور تحقیق لوط نے انہیں ہماری پکڑ سے ڈرایا تو وہ ڈرانے میں جھگڑنے (شک کرنے) لگے۔ اور تحقیق

رَاوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ

رَاوَدُوهُ	عَن	ضَيْفِهِ	فَطَمَسْنَا	أَعْيُنَهُمْ	فَذُوقُوا	عَذَابِي	وَنُذُرِ	وَلَقَدْ
انہوں نے (لوط سے) لینا چاہا	سے	اس کے مہمان	تو ہم نے مٹا دیں	ان کی آنکھیں	پس چکھو تم	میرا عذاب	اور میرا ڈرانا	اور تحقیق

انہوں نے لوط سے ان کے مہمانوں کو (بری نیت سے) لینا چاہا تو ہم نے ان کی آنکھیں مٹا دیں (چوپٹ کر دیں) پس میرے عذاب اور میرے ڈرانے (کا مزہ) چکھو۔ اور تحقیق

صَبَّحَهُم بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳۸﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ

صَبَّحَهُم	بُكْرَةً	عَذَابٌ	مُّسْتَقِرٌّ	فَذُوقُوا	عَذَابِي	وَنُذُرِ	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا	الْقُرْآنَ
صبح آن پڑا ان پر	سویرے	عذاب	ٹھہرنے والا (دائمی)	پس چکھو تم	میرا عذاب	اور میرا ڈرانا	اور البتہ تحقیق ہم نے آسان کیا	قرآن

صبح سویرے ان پر دائمی عذاب آ پڑا۔ پس میرے عذاب اور ڈرانے (کے مزے) کو چکھو۔ اور تحقیق ہم نے قرآن کو آسان کیا ہے،

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

لِلذِّكْرِ	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ	وَلَقَدْ جَآءَ	اٰلَ فِرْعَوْنَ	النُّذُرُ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
نصیحت کے لئے	تو کیا ہے	کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا	اور تحقیق آئے	فرعون والے	ڈرانیوالے (رسول)	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو

نصیحت کے لئے، تو کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا۔ اور تحقیق فرعون والوں (قوم فرعون) کے پاس رسول آئے۔ انہوں نے ہماری آیتوں (احکام اور نشانیوں) کو جھٹلایا

كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾ اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ

كُلِّهَا	فَاَخَذْنٰهُمْ	اَخْذَ	عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ	اَكُفَّارُكُمْ	خَيْرٌ	مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ	اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ
تمام	پس ہم نے انہیں پکڑا	پکڑ	غالب صاحب قدرت	کیا تمہارے کافر	بہتر	ان سے	یا تمہارے لئے نجات (معافی نامہ)

تمام (کی تمام)، تو ہم نے انہیں پکڑا ایک غالب اور صاحب قدرت کی پکڑ (کی صورت میں) کیا ان سے تمہارے کافر بہتر ہیں؟ یا تمہارے لئے معافی نامہ ہے؟

فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿٤٤﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ

فِي الزُّبُرِ	اَمْ	يَقُوْلُوْنَ	نَحْنُ	جَمِيْعٌ	مُّنْتَصِرٌ	سَيُهْزَمُ	الْجَمْعُ	وَيُوَلُّوْنَ
صحیفوں میں	کیا	وہ کہتے ہیں	ہم	جماعت	بدلہ لینے والے	عنقریب شکست کھائے گی	جماعت	اور وہ پھیریں گے (بھاگیں گے)

(قدیم) صحیفوں میں۔ کیا وہ کہتے ہیں ہم ایک جماعت ہیں بدلہ لینے والے (ہم بدلہ لے کر رہیں گے)۔ عنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور وہ بھاگیں گے

الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿٤٦﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ

الدُّبُرَ	بَلِ السَّاعَةُ	مَوْعِدُهُمْ	وَالسَّاعَةُ	اَدْهٰى	وَاَمَرُّ	اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ	فِيْ ضَلٰلٍ
پیٹھ	بلکہ قیامت	وعدہ گاہ ان کی	اور قیامت	وہ سخت	اور بڑی تلخ	بیشک مجرم (جمع)	گمراہی میں

پیٹھ (پھیر کر)۔ بلکہ قیامت اُن کی وعدہ گاہ ہے، اور قیامت (کی گھڑی) بہت سخت اور بڑی تلخ ہوگی۔ بے شک مجرم گمراہی

وَّسُعُرٍ ﴿٤٧﴾ يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿٤٨﴾ اِنَّا كُلَّ

وَسُعُرٍ	يَوْمَ	يُسْحَبُوْنَ	فِي النَّارِ	عَلٰى	وُجُوْهِهِمْ	ذُوْقُوْا	مَسَّ	سَقَرَ	اِنَّا كُلَّ
اور جہالت	جس دن	وہ گھسیٹے جائیں گے	جہنم میں	پر، بل	اپنے منہ (جمع)	تم چکھو	لگنا	جہنم	بیشک ہم ہر

اور جہالت میں ہیں۔ جس دن وہ اپنے مونہوں کے بل جہنم میں گھسیٹے جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) تم جہنم (کی آگ) لگنے کا مزہ چکھو۔ بے شک ہم نے ہر

شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ

شَيْءٍ	خَلَقْنٰهُ	بِقَدَرٍ	وَمَآ اَمْرُنَآ	اِلَّا	وَاحِدَةٌ	كَلَمْحٍ	بِالْبَصَرِ	وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ
شے	ہم نے اسے پیدا کیا	ایک اندازے کے مطابق	اور نہیں ہمارا حکم	مگر صرف	ایک	جیسے جھپکنا	آنکھ کا	اور البتہ ہم ہلاک کر چکے ہیں

شے کو ایک اندازے کے مطابق پیدا کیا۔ اور ہمارا حکم تو صرف ایک (اشارہ ہوتا ہے) جیسے آنکھ کا جھپکنا۔ اور البتہ ہم ہلاک کر چکے ہیں

أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۵۱﴾ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ

أَشْيَاعَكُمْ	فَهَلْ	مِنْ مُّدَّكِرٍ	وَكُلُّ شَيْءٍ	فَعَلُوهُ	فِي الزُّبُرِ	وَكُلُّ	صَغِيرٍ	وَكَبِيرٍ
تمہارے ہم مشرب	تو کیا ہے	کوئی نصیحت حاصل کرنے والا	اور ہر بات	جو انہوں نے کی	صحیفوں میں	اور ہر	چھوٹی	اور بڑی

تمہارے ہم مشربوں کو، تو کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟ اور ہر بات جو انہوں نے کی ہے صحیفوں میں ہے۔ اور ہر چھوٹی بڑی (بات) ع

مُسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾

مُسْتَطَرٌ	إِنَّ الْمُتَّقِينَ	فِي جَنَّاتٍ	وَنَهَرٍ	فِي	مَقْعَدِ صِدْقٍ	عِندَ	مَلِيكٍ	مُّقْتَدِرٍ
لکھی ہوئی	بے شک متقی (جمع)	باغات میں	اور نہریں	میں	مقام سچائی	نزدیک	بادشاہ	صاحب قدرت

لکھی ہوئی ہے۔ بیشک متقی باغات اور نہروں میں ہوں گے۔ صاحب قدرت بادشاہ کے نزدیک سچائی کے مقام میں۔

آیاتھا ۷۸ | ۵۵ = سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ = ۹۷ | رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

الرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْآنَ ﴿۲﴾ خَلَقَ الْإِنسَانَ ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

الرَّحْمٰنُ	عَلَّمَ الْقُرْآنَ	خَلَقَ الْإِنسَانَ	عَلَّمَهُ الْبَيَانَ	الشَّمْسُ	وَالْقَمَرُ
رحمٰن (اللہ)	اس نے سکھایا قرآن	اس نے پیدا کیا انسان	اس نے اسے سکھایا۔ بات کرنا	سورج	اور چاند

اللہ نے قرآن سکھایا۔ اس نے انسان کو پیدا کیا۔ اس نے اسے بات کرنا سکھایا۔ سورج اور چاند

بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ ﴿۷﴾

بِحُسْبَانٍ	وَالنَّجْمُ	وَالشَّجَرُ	يَسْجُدَانِ	وَالسَّمَاءَ	رَفَعَهَا	وَوَضَعَ	الْمِيزَانَ
ایک حساب سے	اور جھاڑیاں رستارے	اور درخت	وہ سجدہ میں (سرِ بسجود ہیں)	اور آسمان	انہی نے اسے بلند کیا	اور رکھی	ترازو

ایک حساب سے (گردش میں ہیں)۔ اور جھاڑیاں اور درخت سربسجود ہیں۔ اور اس نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو رکھی۔

أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ﴿۸﴾ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿۹﴾

أَلَّا	تَطْغَوْا	فِي الْمِيزَانِ	وَأَقِيمُوا	الْوَزْنَ	بِالْقِسْطِ	وَلَا تُخْسِرُوا	الْمِيزَانَ
کہ نہ	حد سے تجاوز کرو	ترازو (تول) میں	اور قائم کرو	وزن (تول)	انصاف سے	اور نہ گھٹاؤ	تول

اور تم تول میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور تول انصاف سے قائم کرو، اور تول نہ گھٹاؤ (کم نہ تولو)۔

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿۱۰﴾ فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿۱۱﴾ وَالْحَبُّ

وَالْاَرْضَ	وَضَعَهَا	لِلْاَنَامِ	فِيْهَا	فَاكِهَةٌ	وَالنَّخْلُ	ذَاتُ الْاَكْمَامِ	وَالْحَبُّ
اور زمین	اُس نے اسکو رکھا (بچھایا)	مخلوق کے لئے	اس میں	میوے	اور کھجوریں	غلاف والے	اور غلّہ

اور اس نے زمین کو مخلوق کے لئے بچھایا۔ اس میں میوے ہیں اور غلاف والی کھجوریں۔ اور غلّہ

ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿۱۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ

ذُو الْعَصْفِ	وَالرَّيْحَانُ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	خَلَقَ الْاِنْسَانَ	مِنْ	صَلْصَالٍ
بھوسے والا	اور خوشبو کے پھول	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	اس نے پیدا کیا انسان	سے	کھنکھناتی مٹی

بھوسے والا، اور خوشبو کے پھول۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ اس نے انسان کو پیدا کیا کھنکھناتی مٹی

كَالْفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾

كَالْفَخَّارِ	وَخَلَقَ	الْجَآنَّ	مِنْ مَّارِجٍ	مِنْ نَّارٍ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ
ٹھیکری جیسی	اور اس نے پیدا کیا	جنّات	شعلہ مارنے والی	آگ سے	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے

ٹھیکری جیسی۔ اور جنّات کو شعلے والی آگ سے پیدا کیا۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿۱۷﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

رَبُّ	الْمَشْرِقَيْنِ	وَرَبُّ	الْمَغْرِبَيْنِ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	مَرَجَ	الْبَحْرَيْنِ
رب	دونوں مشرقوں	اور رب	دونوں مغرب	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	اس نے بہائے	دو دریا

رب ہے (چاند سورج کے) دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ اس نے دو دریا بہائے

يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا

يَلْتَقِيٰنِ	بَيْنَهُمَا	بَرْزَخٌ	لَّا يَبْغِيٰنِ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	يَخْرُجُ	مِنْهُمَا
ایکدوسرے سے ملے ہوئے	ان دونوں کے درمیان	ایک آڑ	وہ زیادتی نہیں کرتے (نہیں ملتے)	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	نکلتے ہیں	ان دونوں کے

ایکدوسرے سے ملے ہوئے۔ ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے، وہ (ایکدوسرے سے) نہیں ملتے۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں سے نکلتے ہیں

اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَـَٔاتُ

اللُّؤْلُؤُ	وَالْمَرْجَانُ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	وَلَهُ	الْجَوَارِ	الْمُنْشَـَٔاتُ
موتی	اور مونگے	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	اور اس کے لئے	کشتیاں	چلنے والی

موتی اور مونگے۔ تو اپنے رب کی کون سی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ اور اسی کے لئے ہیں چلنے والی کشتیاں

فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَ

فِي الْبَحْرِ	كَالْأَعْلَامِ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	كُلُّ	مَنْ عَلَيْهَا	فَانٍ	وَ
دریا میں	پہاڑوں کی طرح	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	ہر کوئی	جو اس (زمین) پر	فنا ہونے والا	اور

دریا میں پہاڑوں کی طرح۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ زمین پر جو کوئی ہے فنا ہونے والا ہے۔ اور

يَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٢٨﴾

يَبْقَىٰ	وَجْهُ	رَبِّكَ	ذُو الْجَلَالِ	وَالْإِكْرَامِ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ
باقی رہے گا	چہرہ (ذات)	تیرا رب	صاحبِ عظمت	احسان کرنے والا	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے

باقی رہے گی صاحبِ عظمت احسان کرنے والے تیرے رب کی ذات۔ تو اپنے رب کی کون سی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے۔

يَسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

يَسْأَلُهُ	مَنْ	فِي السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	كُلَّ يَوْمٍ	هُوَ	فِي شَأْنٍ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا
اس سے مانگتا ہے اسے	جو کوئی	آسمانوں میں	اور زمین میں	ہر روز	وہ	کسی نہ کسی کام میں	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب

جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے "اسی سے مانگتا ہے" وہ ہر روز کسی نہ کسی کام میں (نئے حال میں) ہے۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو

تُكَذِّبَانِ ﴿٣٠﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَ الثَّقَلَانِ ﴿٣١﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٢﴾ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ

تُكَذِّبَانِ	سَنَفْرُغُ	لَكُمْ	أَيُّهَ الثَّقَلَانِ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	يَا مَعْشَرَ	الْجِنِّ
تم جھٹلاؤ گے	ہم جلد فارغ (متوجہ) ہوتے ہیں	تمہاری طرف	اے جن و انس	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	اے گروہ	جن

تم جھٹلاؤ گے؟ اے جن و انس! (سب سے) فارغ ہو کر) ہم جلد تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ اے گروہِ جن

وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا

وَالْإِنْسِ	إِنِ	اسْتَطَعْتُمْ	أَنْ	تَنْفُذُوا	مِنْ	أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ	فَانْفُذُوا
اور انس	اگر	تم سے ہو سکے	کہ	تم نکل بھاگو	سے	آسمانوں کے کناروں	اور زمین	تو نکل بھاگو

اور انس، اگر تم سے ہو سکے کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل بھاگو تو (ذرا) نکل کر تو بھاگو

لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ ﴿٣٣﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ

لَا تَنْفُذُونَ	إِلَّا بِسُلْطَانٍ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	يُرْسَلُ	عَلَيْكُمَا	شُوَاظٌ
تم نہیں نکل سکو گے	زور کے سوا	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	بھیجدیا جائے گا	تم پر	ایک شعلہ

تم زور کے سوا نہ نکل بھاگو گے (اور زور تم میں ہے ہی نہیں)۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ تم پر بھیجدیا جائے گا، ایک شعلہ

مِّن نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ ﴿۳۵﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۳۶﴾ فَإِذَا انشَقَّتِ

مِّن نَّارٍ	وَّنُحَاسٌ	فَلَا تَنتَصِرَانِ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	فَإِذَا	انشَقَّتِ
آگ سے	اور دھواں	تو مقابلہ نہ کر سکو گے	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	پھر جب	پھٹ جائے گا

آگ سے اور دھواں، تو مقابلہ نہ کر سکو گے ۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ؟ پھر جب پھٹ جائے گا

السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْأَلُ

السَّمَاءُ	فَكَانَتْ	وَرْدَةً	كَالدِّهَانِ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	فَيَوْمَئِذٍ	لَّا يُسْأَلُ
آسمان	تو وہ ہوگا	گلابی	جیسے سُرخ چمڑا	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	پس اس دن	نہ پوچھا جائے گا

آسمان، تو وہ سُرخ چمڑے جیسا گلابی ہو جائے گا۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ؟ پس اس دن نہ پوچھا جائے گا

عَن ذَنبِهِ إِنسٌ وَّلَا جَانٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ

عَن ذَنبِهِ	إِنسٌ	وَلَا جَانٌّ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	يُعْرَفُ	الْمُجْرِمُونَ
اس کے گناہوں کے متعلق	کسی انسان	اور نہ جن	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	پہچانے جائیں گے	مجرم (جمع)

اس کے گناہوں کے متعلق (خود) کسی انسان سے اور نہ جن سے، کیونکہ سب علم الٰہی میں ہے) تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ؟ مجرم پہچانے جائیں گے

بِسِيمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۴۲﴾ هَٰذِهِ

بِسِيمَاهُمْ	فَيُؤْخَذُ	بِالنَّوَاصِي	وَالْأَقْدَامِ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ ﴿۴۲﴾	هَٰذِهِ
اپنی پیشانی سے	پھر وہ پکڑے جائیں گے	پیشانیوں سے	اور قدموں	اور کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	یہ

اپنی پیشانی سے، پھر وہ پیشانیوں (کے بالوں) سے اور قدموں سے پکڑے جائیں گے ۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ! یہ ہے

جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿۴۳﴾ يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ﴿۴۴﴾

جَهَنَّمُ	الَّتِي	يُكَذِّبُ بِهَا	الْمُجْرِمُونَ	يَطُوفُونَ	بَيْنَهَا	وَبَيْنَ	حَمِيمٍ	آنٍ
جہنم	وہ جسے	اسے جھٹلاتے ہیں	مجرم (جمع) گنہگار	وہ پھریں گے	اسکے درمیان	اور درمیان	گرم پانی	کھولتے ہوئے

وہ جہنم، جسے گنہگار جھٹلاتے ہیں ۔ وہ اس کے اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان پھریں گے ۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۴۵﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ﴿۴۶﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	وَلِمَنْ	خَافَ	مَقَامَ رَبِّهِ	جَنَّتَانِ	فَبِأَيِّ آلَاءِ	رَبِّكُمَا
تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	اور اس کے لئے	جو ڈرا	اپنے رب کے حضور کھڑا ہونا	دو باغ	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب

تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے ؟ اور جو اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرا، اس کے لئے دو باغ ہیں ۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۶﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ

تُكَذِّبٰنِ	ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	فِيْهِمَا	عَيْنٰنِ	تَجْرِيٰنِ
تم جھٹلاؤ گے	بہت سی شاخوں والے	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	ان دونوں میں	دو چشمے	جاری ہیں

تم جھٹلاؤ گے۔ بہت سی شاخوں والے۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان (باغوں میں) دو چشمے جاری ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	فِيْهِمَا	مِنْ	كُلِّ	فَاكِهَةٍ	زَوْجٰنِ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	ان دونوں میں	سے۔کی	ہر	میوے	دو قسمیں	تو کون سی نعمتیں

تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں (باغوں) میں ہر میوے کی دو دو قسمیں ہیں۔ تو کون سی نعمتوں کو

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ

رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	مُتَّكِـِٕيْنَ	عَلٰى فُرُشٍ	بَطَآئِنُهَا	مِنْ اِسْتَبْرَقٍ	وَجَنَا	الْجَنَّتَيْنِ
اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	تکیہ لگائے ہوئے	فرشوں پر	ان کے استر	ریشم کے	اور میوے	دونوں باغ

اپنے رب کی تم جھٹلاؤ گے؟ ایسے فرشوں پر تکیہ لگائے ہوئے (ہوں گے) جن کے استر ریشم کے ہوں گے اور دونوں باغوں کے میوے

دَانٍ ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ

دَانٍ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	فِيْهِنَّ	قٰصِرٰتُ	الطَّرْفِ	لَمْ يَطْمِثْهُنَّ	اِنْسٌ
نزدیک	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	ان میں	بند (نیچے) رکھنے والی	نگاہیں	انہیں ہاتھ نہیں لگایا کسی	انسان نے

نزدیک ہوں گے۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟۔ ان میں نگاہیں نیچی رکھنے والیاں ہیں، انہیں ہاتھ نہیں لگایا کسی انسان نے

قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾

قَبْلَهُمْ	وَلَا جَآنٌّ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	كَاَنَّهُنَّ	الْيَاقُوْتُ	وَالْمَرْجَانُ
ان سے قبل	اور نہ کسی جن	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	گویا کہ وہ	یاقوت	اور مونگے

ان سے قبل، اور نہ کسی جن نے۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ گویا وہ یاقوت اور مونگے ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	هَلْ جَزَآءُ	الْاِحْسَانِ	اِلَّا	الْاِحْسَانُ	فَبِاَيِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	نہیں بدلہ	احسان	سوا	احسان	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب

تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ احسان کا بدلہ احسان کے سوا نہیں۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾

تُكَذِّبٰنِ	وَمِنْ دُوْنِهِمَا	جَنَّتٰنِ	فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	مُدْهَآمَّتٰنِ
تم جھٹلاؤ گے	اور ان دونوں کے علاوہ	دو باغ	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	نہایت گہرے سبز رنگ کے

تم جھٹلاؤ گے؟ اور ان دونوں کے علاوہ دو باغ اور بھی ہیں۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ نہایت گہرے سبز رنگ کے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	فِيْهِمَا	عَيْنٰنِ	نَضَّاخَتٰنِ	فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ
تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	ان دونوں میں	دو چشمے	بشدت جوش مارنے والے	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب کی	تم جھٹلاؤ گے

تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں (باغات) میں بشدت جوش مارنے والے دو چشمے ہیں۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟

فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ

فِيْهِمَا	فَاكِهَةٌ	وَّنَخْلٌ	وَّرُمَّانٌ	فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	فِيْهِنَّ	خَيْرٰتٌ
ان دونوں میں	میوے	کھجور کے درخت	اور انار	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	ان میں	خوب سیرت

ان دونوں (باغات) میں میوے اور کھجور کے درخت اور انار ہوں گے۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ ان میں خوب سیرت،

حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

حِسَانٌ	فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	حُوْرٌ	مَّقْصُوْرٰتٌ	فِی الْخِيَامِ	فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
خوبصورت	تو کونسی نعمتیں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے	حوریں	رکی رہنے والی (پردہ نشین)	خیموں میں	تو کونسی نعمتیں	اپنے رب کی

خوبصورت (حوریں) ہونگی۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟ خیموں میں پردہ نشین عورتیں۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾

تُكَذِّبٰنِ	لَمْ يَطْمِثْهُنَّ	اِنْسٌ	قَبْلَهُمْ	وَلَا جَآنٌّ	فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ
تم جھٹلاؤ گے	انہیں ہاتھ نہیں لگایا	کسی انسان	ان سے قبل	اور نہ کسی جن	تو کون سی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے

تم جھٹلاؤ گے؟ اور ان سے قبل انہیں ہاتھ نہیں لگایا کسی انسان نے اور نہ کسی جن نے تو تم اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾

مُتَّكِـِٕيْنَ	عَلٰى رَفْرَفٍ	خُضْرٍ	وَّعَبْقَرِيٍّ	حِسَانٍ	فَبِاَیِّ اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ
تکیہ لگائے ہوئے	مسندوں پر	سبز	اور خوبصورت	نفیس	تو کونسی نعمتوں	اپنے رب	تم جھٹلاؤ گے

سبز، خوب صورت، نفیس قسم کے مسندوں پر تکیہ لگائے ہوئے۔ تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے؟

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾

تَبٰرَكَ	اسْمُ	رَبِّكَ	ذِي الْجَلٰلِ	وَالْاِكْرَامِ
برکت والا	نام	تمہارا رب	صاحبِ جلال	اور احسان کرنے والا

تمہارے صاحبِ جلال ، احسان کرنے والے رب کا نام برکت والا ہے۔

اٰیاتُھا ۹۶ | ۵۶ = سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ = ۴۶ | رُكُوْعَاتُھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿١﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿٢﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿٣﴾ اِذَا

اِذَا	وَقَعَتِ	الْوَاقِعَةُ	لَيْسَ	لِوَقْعَتِهَا	كَاذِبَةٌ	خَافِضَةٌ	رَّافِعَةٌ	اِذَا
جب	واقع ہو جائیگی	واقع ہونے والی	نہیں	اسکے واقع ہونے میں	کچھ جھوٹ	پست کرنے والی	بلند کرنے والی	جب

(یاد کرو) جب واقع ہو جائے گی واقع ہونیوالی (قیامت)۔ اسکے واقع ہونے میں کچھ جھوٹ نہیں (کسی کو) پست کرنے والی (کسی کو) بلند کرنے والی۔ جب

رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿٤﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿٥﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿٦﴾ وَّكُنْتُمْ

رُجَّتِ	الْاَرْضُ	رَجًّا	وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا	فَكَانَتْ	هَبَآءً	مُّنْۢبَثًّا	وَّكُنْتُمْ
لرزنے لگے گی	زمین	سخت زلزلہ	اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر	پھر ہو جائیں گے	غبار	پراگندہ	اور تم ہو جاؤ گے

زمین سخت زلزلے سے لرزنے لگے گی، اور پہاڑ ٹوٹ پھوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے۔ پھر پراگندہ غبار ہو جائیں گے۔ اور تم ہو جاؤ گے

اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿٧﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿٨﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ مَآ

اَزْوَاجًا	ثَلٰثَةً	فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	مَآ	اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	مَآ
جوڑے (قسم)	تین	تو دائیں ہاتھ والے	کیا	دائیں ہاتھ والے	اور بائیں ہاتھ والے	کیا

تین قسم۔ تو دائیں ہاتھ والے (سبحان اللہ) کیا ہیں دائیں ہاتھ والے! اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) کیا ہیں

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿١٠﴾ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿١١﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿١٢﴾

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	وَالسّٰبِقُوْنَ	السّٰبِقُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	الْمُقَرَّبُوْنَ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ
بائیں ہاتھ والے	اور سبقت لے جانے والے	سبقت لے جانے والے ہیں	یہی ہیں	مقرب (جمع)	میں	باغات نعمت

بائیں ہاتھ والے! اور سبقت لے جانے والے (ماشاء اللہ) سبقت لے جانے والے ہیں! یہی ہیں (اللہ کے) مقرب نعمتوں والے باغات میں

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ

ثُلَّةٌ	مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ	وَقَلِيْلٌ	مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ	عَلٰى سُرُرٍ	مَّوْضُوْنَةٍ	مُّتَّكِـِٕيْنَ
بڑی جماعت	پہلوں سے۔ ہیں	اور تھوڑے	پچھلوں سے۔ ہیں	تختوں پر	سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے	تکیہ لگائے ہوئے

بڑی جماعت پہلوں میں سے۔ اور تھوڑی جماعت پچھلوں میں سے۔ سونے کے تاروں سے بُنے ہوئے تختوں پر۔ تکیہ لگائے ہوئے

عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ

عَلَيْهَا	مُتَقٰبِلِيْنَ	يَطُوْفُ	عَلَيْهِمْ	وِلْدَانٌ	مُّخَلَّدُوْنَ	بِاَكْوَابٍ	وَاَبَارِيْقَ
اس پر	آمنے سامنے	اِرد گرد پھریں گے	ان کے	لڑکے	ہمیشہ رہنے والے	آبخوروں کے ساتھ	اور آفتابے

اس پر (آمنے سامنے بیٹھے ہوئے) ۔ اُن کے اِرد گرد لڑکے پھریں گے ہمیشہ (لڑکے ہی) رہنے والے۔ آبخوروں اور آفتابوں کے ساتھ

وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا

وَكَاْسٍ	مِّنْ	مَّعِيْنٍ	لَّا يُصَدَّعُوْنَ	عَنْهَا	وَلَا يُنْزِفُوْنَ	وَفَاكِهَةٍ	مِّمَّا
اور پیالے	سے۔ کے	صاف شراب	نہ اُنہیں دردِ سر ہوگا	اس سے	اور نہ ان کی عقل میں فتور آئیگا	اور میوے	اِس سے جو

اور صاف شراب کے پیالوں (کے ساتھ)۔ نہ اس سے انہیں دردِ سر ہوگا اور نہ ان کی عقلوں میں فتور آئے گا۔ اور اس قسم کے میوے جو

يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿۲۲﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ

يَتَخَيَّرُوْنَ	وَلَحْمِ طَيْرٍ	مِّمَّا	يَشْتَهُوْنَ	وَ	حُوْرٌ عِيْنٌ	كَاَمْثَالِ	اللُّؤْلُؤِ
وہ پسند کریں گے	اور پرندوں کا گوشت	وہ جو	وہ چاہیں گے	اور	بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں	جیسے	موتی

وہ پسند کریں گے۔ اور پرندوں کا گوشت جو وہ چاہیں گے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں، جیسے موتی (کے دانے)

الْمَكْنُوْنِ ﴿۲۳﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿۲۵﴾

الْمَكْنُوْنِ	جَزَآءً	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	لَا يَسْمَعُوْنَ	فِيْهَا	لَغْوًا	وَ لَا تَاْثِيْمًا
(سیپی میں) چھپے ہوئے	جزا	اس کی	جو وہ کرتے تھے	وہ نہ سُنیں گے	اس میں	بیہودہ بات	اور نہ گناہ کی بات

سیپی میں چھپے ہوئے۔ اس کی جزا جو وہ کرتے تھے۔ وہ اس میں نہ بیہودہ بات سُنیں گے اور نہ گناہ کی بات۔

اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿۲۷﴾ فِيْ سِدْرٍ

اِلَّا	قِيْلًا	سَلٰمًا سَلٰمًا	وَ	اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ	مَآ	اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ	فِيْ سِدْرٍ
مگر	کلام	سلام سلام	اور	دائیں ہاتھ والے	کیا	دائیں ہاتھ والے	بیریوں میں

مگر (وہاں) کلام "سلام سلام" ہوگا۔ اور دائیں ہاتھ والے (سبحان اللہ) کیا ہیں دائیں ہاتھ والے! بیریوں میں

مَّخْضُوْدٍ ﴿۲۸﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿۲۹﴾ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿۳۰﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿۳۱﴾ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿۳۲﴾

مَخْضُوْدٍ	وَطَلْحٍ	مَّنْضُوْدٍ	وَظِلٍّ	مَّمْدُوْدٍ	وَمَآءٍ	مَّسْكُوْبٍ	وَّفَاكِهَةٍ	كَثِيْرَةٍ
بے خار والی	اور کیلے	تہہ در تہہ	اور سایہ	لمبا - دراز	اور پانی	گرتا ہوا	اور میوے	کثیر

بے خار والی - اور (ان کے لئے ہوں گے) تہہ در تہہ کیلے اور دراز سایہ، اور گرتا ہوا پانی (بہتے) اور کثیر میوے

لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿۳۳﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿۳۴﴾ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿۳۵﴾

لَا مَقْطُوْعَةٍ	وَلَا مَمْنُوْعَةٍ	وَفُرُشٍ	مَّرْفُوْعَةٍ	اِنَّآ	اَنْشَاْنٰهُنَّ	اِنْشَآءً
نہ ختم ہونے والا	اور نہ کوئی روک ٹوک	اور فرش (جمع)	اونچے	بیشک ہم	انہیں اٹھان دی	خوب اٹھان

نہ (وہ) ختم ہوں گے، اور نہ (انہیں) کوئی روک ٹوک (ہوگی)، اور اونچے اونچے فرشوں میں۔ بے شک ہم نے انہیں خوب اٹھان دی۔

ع ۱ ۱۴

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿۳۶﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۳۸﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَ

فَجَعَلْنٰهُنَّ	اَبْكَارًا	عُرُبًا اَتْرَابًا	لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ	ثُلَّةٌ	مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ	وَ
پس ہم نے انہیں بنایا	کنواری (جمع)	محبوب ہم عمر	دائیں ہاتھ والوں کے لئے	بہت سے	اگلوں میں سے	اور

پس ہم نے انہیں کنواری، محبوب، ہم عمر بنایا، دائیں ہاتھ والوں کے لئے۔ بہت سے اگلوں میں سے، اور

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ ﴿۴۱﴾ فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ﴿۴۲﴾

ثُلَّةٌ	مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ	وَ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ	مَآ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ	فِيْ	سَمُوْمٍ	وَّحَمِيْمٍ
بہت سے	پچھلوں میں سے	اور	بائیں ہاتھ والے	کیا	بائیں ہاتھ والے	میں	گرم ہوا	اور کھولتا ہوا پانی

بہت سے پچھلوں میں سے۔ اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) کیا ہیں بائیں ہاتھ والے! گرم ہوا اور کھولتے ہوئے پانی میں۔

وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿۴۳﴾ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾

وَ	ظِلٍّ	مِّنْ	يَّحْمُوْمٍ	لَّا بَارِدٍ	وَّلَا كَرِيْمٍ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا	قَبْلَ ذٰلِكَ	مُتْرَفِيْنَ
اور	سایہ	سے۔کے	دھواں	نہ کوئی ٹھنڈک	اور نہ فرحت	بیشک وہ	تھے	اس سے قبل	نعمت میں پلے ہوئے

اور دھوئیں کے سائے میں، نہ کوئی ٹھنڈک اور نہ فرحت۔ بے شک وہ اس سے قبل نعمت میں پلے ہوئے تھے۔

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

وَكَانُوْا	يُصِرُّوْنَ	عَلَى	الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ	وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ	اَئِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا تُرَابًا
اور وہ تھے	اڑے ہوئے	پر	گناہ بھاری	اور وہ کہتے تھے	کیا جب	ہم مرگئے	اور ہوگئے مٹی

اور وہ بھاری گناہ پر اڑے ہوئے تھے۔ اور وہ کہتے تھے کیا جب ہم مرگئے اور ہم (مٹی میں مل کر) مٹی ہوگئے،

وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۙ﴿۴۷﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۙ﴿۴۹﴾

وَعِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	اَوَ	اٰبَآؤُنَا	الْاَوَّلُوْنَ	قُلْ	اِنَّ	الْاَوَّلِيْنَ	وَالْاٰخِرِيْنَ
اور ہڈیاں	کیا ہم	ضرور دوبارہ اٹھائے جائیں گے	کیا	ہمارے باپ دادا	پہلے	آپ کہدیں	بیشک	پہلے	اور پچھلے

اور ہڈیاں (ہو گئے) کیا ہم دوبارہ ضرور اٹھائے جائیں گے ؟ کیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی ؟ آپ کہدیں، بیشک پہلے اور پچھلے

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾

لَمَجْمُوْعُوْنَ	اِلٰى	مِيْقَاتِ	يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	اَيُّهَا	الضَّآلُّوْنَ	الْمُكَذِّبُوْنَ
ضرور جمع کئے جائیں گے	طرف۔ پر	وقت	ایک مقررہ دن	پھر	بیشک تم	اے	گمراہ لوگو	جھٹلانے والے

ایک مقررہ دن کے وقت پر ضرور جمع کئے جائیں گے۔ پھر بیشک تم اے جھٹلانے والے گمراہ لوگو !

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ

لَاٰكِلُوْنَ	مِنْ	شَجَرٍ	مِّنْ زَقُّوْمٍ	فَمَالِـُٔوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ	فَشٰرِبُوْنَ	عَلَيْهِ	مِنَ
البتہ کھانے والے	سے	درخت	تھوہر	پس بھرنا ہوگا	اس سے	پیٹ (جمع)	سو پینا ہوگا	اس پر	سے

البتہ تم تھوہر کے درخت سے کھانے والے ہو (کھانا ہوگا)۔ پس اس سے پیٹ بھرنا ہوگا۔ سو اس پر پینا ہوگا

الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ

الْحَمِيْمِ	فَشٰرِبُوْنَ	شُرْبَ الْهِيْمِ	هٰذَا	نُزُلُهُمْ	يَوْمَ الدِّيْنِ	نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ
کھولتا ہوا پانی	سو پینا ہوگا	پیاسے اونٹ کی طرح پینا	یہ	ان کی مہمانی	روز جزا	ہم نے پیدا کیا تمہیں

کھولتا ہوا پانی۔ سو پینا ہوگا پیاسے اونٹ کی طرح پینا۔ یہ روز جزا ان کی مہمانی ہوگی۔ ہم نے تمہیں پیدا کیا

فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾

فَلَوْ	لَا تُصَدِّقُوْنَ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَّا تُمْنُوْنَ	ءَاَنْتُمْ	تَخْلُقُوْنَهٗٓ	اَمْ	نَحْنُ	الْخٰلِقُوْنَ
سو کیوں	تم تصدیق نہیں کرتے	بھلا تم دیکھو تو	جو تم ڈالتے ہو	کیا تم	تم اسے پیدا کرتے ہو	یا	ہم	پیدا کرنے والے

رِسٰلٰتِ	رَبِّهِمْ	وَاَحَاطَ	بِمَا لَدَيْهِمْ	وَاَحْصٰى	كُلَّ شَيْءٍ	عَدَدًا
پیغام (جمع)	اپنے رب کے	اور اس نے احاطہ کیا ہوا ہے	جو ان کے پاس	اور اس نے شمار کر رکھی ہے	ہر شے	گنتی میں

اپنے رب کے پیغام، اور اس نے احاطہ کیا ہوا ہے جو کچھ ان کے پاس ہے اور ہر شے کو گنتی میں شمار کر رکھا ہے۔

اٰيَاتُهَا ۲۰ | ۷۳ = سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ = ۲۰ | فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ	قُمِ الَّيْلَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	نِّصْفَهٗ	اَوِ	انْقُصْ	مِنْهُ	قَلِيْلًا	اَوْ زِدْ
اے کپڑوں میں لپٹنے والے (محمدؐ)	رات میں قیام کریں	مگر	تھوڑا	اس کا نصف	یا	کم کر لیں	اس میں سے	تھوڑا	یا زیادہ کر لیں

اے مزمل کپڑوں میں لپٹنے والے محمدؐ! رات میں قیام کریں مگر تھوڑا۔ اس (رات) کا نصف حصہ یا اس میں سے تھوڑا کم کر لیں۔ یا (کچھ) زیادہ کر لیں

عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ

عَلَيْهِ	وَرَتِّلِ	الْقُرْاٰنَ	تَرْتِيْلًا	اِنَّا سَنُلْقِيْ	عَلَيْكَ	قَوْلًا ثَقِيْلًا	اِنَّ	نَاشِئَةَ	الَّيْلِ
اس پر سے	اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں	قرآن	ترتیل کے ساتھ	بیشک ہم عنقریب ڈالیں گے	آپؐ پر	ایک بھاری کلام	بیشک	اٹھنا	رات

اس سے، اور قرآن ترتیل کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ بیشک ہم آپؐ پر عنقریب ایک بھاری کلام (قرآن کریم) ڈالیں گے (نازل کریں گے)، بیشک رات کا اٹھنا

هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

هِيَ اَشَدُّ	وَطْاً	وَّاَقْوَمُ	قِيْلًا	اِنَّ لَكَ	فِي النَّهَارِ	سَبْحًا	طَوِيْلًا	وَاذْكُرِ	اسْمَ رَبِّكَ
یہ سخت (نفس کو) روندنے والا	اور زیادہ درست	الفاظ کے تلفظ میں	بیشک آپؐ کے لئے	دن میں	شغل	طویل	اور آپؐ یاد کریں	اپنے رب کا نام

نفس کو سخت روندنے والا ہے اور زیادہ درست ہے الفاظ کے تلفظ میں۔ بیشک آپؐ کے لئے دن میں طویل شغل ہے، اور آپؐ اپنے رب کا نام یاد کریں

وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾

وَتَبَتَّلْ	اِلَيْهِ	تَبْتِيْلًا	رَبُّ الْمَشْرِقِ	وَالْمَغْرِبِ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا
اور چھوٹ جائیں	اسکی طرف	(سب سے) چھوٹ کر	رب مشرق کا	اور مغرب	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	پس پکڑ لو (بنا لو) اس کو کارساز

اور سب سے چھوٹ کر (الگ ہو کر) اسکی طرف الگ ہو جائیں (وہ) مشرق و مغرب کا رب ہے۔ اسکے سوا کوئی معبود نہیں، پس آپؐ اسکو کارساز بنا لیں۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ

وَاصْبِرْ	عَلٰى	مَا يَقُوْلُوْنَ	وَاهْجُرْهُمْ	هَجْرًا	جَمِيْلًا	وَذَرْنِيْ	وَالْمُكَذِّبِيْنَ	اُولِي النَّعْمَةِ
اور آپ صبر کریں	پر	جو وہ کہتے ہیں	اور انہیں چھوڑ دیں	کنارہ کش ہو کر	اچھی طرح	اور مجھے چھوڑ دو	اور جھٹلانے والوں	خوشحال لوگوں

اور جو وہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر کریں اور اچھی طرح کنارہ کش ہو کر آپ انہیں چھوڑ دیں۔ اور مجھے اور جھٹلانے والے خوشحال لوگوں کو چھوڑ دیں (سمجھ لینے دیں)

وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾

وَمَهِّلْهُمْ	قَلِيْلًا	اِنَّ	لَدَيْنَا	اَنْكَالًا	وَجَحِيْمًا	وَطَعَامًا	ذَا غُصَّةٍ	وَعَذَابًا	اَلِيْمًا
اور ان کو مہلت دیدیں	تھوڑی	بیشک	ہمارے ہاں	عذاب	اور دہکتی آگ	اور کھانا	گلے میں اٹک جانیوالا	اور عذاب	دردناک

اور ان کو تھوڑی مہلت دیدیں۔ بیشک ہمارے ہاں عذاب ہے اور دہکتی آگ۔ اور کھانا ہے گلے میں اٹک جانے والا، اور عذاب ہے دردناک۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ

يَوْمَ	تَرْجُفُ	الْاَرْضُ	وَالْجِبَالُ	وَكَانَتِ	الْجِبَالُ	كَثِيْبًا	مَّهِيْلًا	اِنَّآ اَرْسَلْنَآ	اِلَيْكُمْ
جس دن	کانپے گی	زمین	اور پہاڑ	اور ہو جائیں گے	پہاڑ	ریت کے تودے	ریزہ ریزہ	بیشک ہم نے بھیجا	تمہاری طرف

جس دن زمین اور پہاڑ کانپیں گے، اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر ریت کے تودے ہو جائیں گے۔ بیشک ہم نے تمہاری طرف بھیجا (محمدؐ کو)

رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ

رَسُوْلًا	شَاهِدًا	عَلَيْكُمْ	كَمَآ اَرْسَلْنَآ	اِلٰى فِرْعَوْنَ	رَسُوْلًا	فَعَصٰى	فِرْعَوْنُ	الرَّسُوْلَ
ایک رسول	گواہی دینے والا	تم پر	جیسے ہم نے بھیجا	فرعون کی طرف	ایک رسول	پس کہنا نہ مانا	فرعون	رسول

تم پر گواہی دینے والا ایک رسول، جیسے ہم نے فرعون کی طرف (موسیٰؑ کو) ایک رسول بنا کر بھیجا تھا۔ پس فرعون نے رسول کا کہا نہ مانا

فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾

فَاَخَذْنٰهُ	اَخْذًا	وَبِيْلًا	فَكَيْفَ	تَتَّقُوْنَ	اِنْ كَفَرْتُمْ	يَوْمًا	يَجْعَلُ	الْوِلْدَانَ	شِيْبًا
تو ہم نے اسے پکڑ لیا	پکڑ	بڑے وبال	تو کیسے	تم بچو گے	اگر تم نے کفر کیا	اس دن	کر دے گا	بچوں کو	بوڑھا

تو ہم نے اسے (فرعون کو) بڑے وبال کی پکڑ میں پکڑ لیا۔ اگر تم نے کفر کیا تو اس دن کیسے بچو گے؟ جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔

السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

السَّمَآءُ	مُنْفَطِرٌ	بِهٖ	كَانَ	وَعْدُهٗ	مَفْعُوْلًا	اِنَّ هٰذِهٖ	تَذْكِرَةٌ	فَمَنْ شَآءَ	اتَّخَذَ
آسمان	پھٹ جائے گا	اس سے	ہے	اس کا وعدہ	پورا ہو کر رہنے والا	بیشک یہ	نصیحت	تو جو	چاہے	اختیار کر لے

اس سے آسمان پھٹ جائے گا، اس کا وعدہ پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ بیشک یہ (قرآن) نصیحت ہے جو کوئی چاہے اختیار کر لے

إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿١٩﴾ إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ

إِلَىٰ رَبِّهِ	سَبِيلًا	إِنَّ رَبَّكَ	يَعْلَمُ	أَنَّكَ	تَقُومُ	أَدْنَىٰ	مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ	وَنِصْفَهُ
اپنے رب کی طرف	راہ	بیشک آپ کا رب	وہ جانتا ہے	کہ آپ	قیام کرتے ہیں	قریب ہے	دو تہائی رات کے	اور آدھی رات

(اس کے ذریعہ) اپنے رب کی طرف راہ۔ بیشک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب قیام کرتے ہیں اور (کبھی) آدھی رات

وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ

وَثُلُثَهُ	وَطَائِفَةٌ	مِّنَ	الَّذِينَ مَعَكَ	وَاللَّهُ	يُقَدِّرُ	اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ	عَلِمَ	أَن لَّن تُحْصُوهُ
اور اس کا تہائی	اور ایک جماعت	سے	جو آپ کے ساتھ	اور اللہ	اندازہ فرماتا ہے	رات اور دن	اس نے جانا	کہ تم ہرگز نباہ نہ کر سکو گے

اور (کبھی) اس کا تہائی حصہ اور جو آپ کے ساتھی ہیں ان میں سے ایک جماعت (بھی)، اور اللہ رات اور دن کا اندازہ فرماتا ہے اس نے جانا کہ تم ہرگز نباہ نہ کر سکو گے

فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَىٰ ۙ وَآخَرُونَ

فَتَابَ عَلَيْكُمْ	فَاقْرَءُوا	مَا تَيَسَّرَ	مِنَ الْقُرْآنِ	عَلِمَ	أَن سَيَكُونُ	مِنكُم	مَّرْضَىٰ	وَآخَرُونَ
تو اس نے تم پر عنایت کی	تو تم پڑھا کرو	جس قدر آسانی سے ہو سکے	قرآن سے	اس نے جانا	کہ البتہ ہوں گے	تم میں سے	کوئی بیمار	اور کوئی اور

تو اس نے تم پر عنایت فرمائی تو تم قرآن میں جس قدر آسانی سے ہو سکے پڑھ لیا کرو، اس نے جانا کہ البتہ تم میں سے کوئی بیمار ہوں گے، اور کوئی اور

يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ

يَضْرِبُونَ	فِي الْأَرْضِ	يَبْتَغُونَ	مِن	فَضْلِ اللَّهِ	وَآخَرُونَ	يُقَاتِلُونَ	فِي سَبِيلِ اللَّهِ
وہ سفر کریں گے	زمین میں	تلاش کرتے ہوئے	سے	اللہ کا فضل روزی	اور کئی دوسرے	وہ جہاد کریں گے	میں اللہ کی راہ

روزی تلاش کرتے ہوئے زمین میں سفر کریں گے - اور کئی دوسرے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے،

فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۚ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ

فَاقْرَءُوا	مَا تَيَسَّرَ	مِنْهُ	وَأَقِيمُوا	الصَّلَاةَ	وَآتُوا الزَّكَاةَ	وَأَقْرِضُوا اللَّهَ	قَرْضًا حَسَنًا
پس پڑھ لیا کرو	جس قدر آسانی سے ہو سکے	اس سے	اور تم قائم کرو	نماز	اور ادا کرتے رہو زکوٰۃ	اور اللہ کو قرض دو	قرض حسنہ (اخلاص سے)

پس اس میں سے جس قدر ہو سکے تم پڑھ لیا کرو، اور تم نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو، اور اللہ کو اخلاص سے قرض حسنہ

وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ

وَمَا	تُقَدِّمُوا	لِأَنفُسِكُم	مِّنْ خَيْرٍ	تَجِدُوهُ	عِندَ اللَّهِ	هُوَ خَيْرًا	وَأَعْظَمَ أَجْرًا
اور جو	تم آگے بھیجو گے	اپنے لئے	اے کوئی نیکی	تم اسے پاؤ گے	اللہ کے ہاں	وہ بہتر	اور عظیم تر اجر میں

اور کوئی نیکی جو تم اپنے لئے آگے بھیجو گے، اسے اللہ کے ہاں بہتر اور اجر میں عظیم تر پاؤ گے،

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾

وَاسْتَغْفِرُوا	اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَحِيْمٌ
اور تم بخشش مانگو	اللہ	بیشک اللہ	بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا

اور تم اللہ سے بخشش مانگو، بے شک اللہ بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اٰیاتُھا ۵۶ | ۷۴ = سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ = ۴ | فِيْھا رُكُوْعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ﴿۲﴾ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ﴿۳﴾ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ﴿۴﴾ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ﴿۵﴾

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ	قُمْ	فَاَنْذِرْ	وَرَبَّكَ	فَكَبِّرْ	وَثِيَابَكَ	فَطَهِّرْ	وَالرُّجْزَ	فَاهْجُرْ
اے کپڑے میں لپٹے ہوئے (محمد)	کھڑے ہو جاؤ	پھر ڈراؤ	اور اپنا رب	بڑائی بیان کرو	اور اپنے کپڑے	سو پاک کرو	اور پلیدی	سو دور رہو

اے کپڑوں میں لپٹے ہوئے محمد! کھڑے ہو جاؤ، پھر ڈراؤ، اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو، اور اپنے کپڑے پاک رکھو، اور پلیدی سے دور رہو۔

وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ﴿۶﴾ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ﴿۷﴾ فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ﴿۸﴾ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ

وَلَا تَمْنُنْ	تَسْتَكْثِرُ	وَلِرَبِّكَ	فَاصْبِرْ	فَاِذَا نُقِرَ	فِي النَّاقُوْرِ	فَذٰلِكَ	يَوْمَئِذٍ	يَّوْمٌ
اور احسان نہ رکھو	(زیادہ لینے کی غرض سے)	اور اپنے رب کے لئے	صبر کرو	پھر جب پھونکا جائے گا	صور میں	تو وہ	اس دن	دن

اور زیادہ لینے کی غرض سے احسان نہ رکھو، اور اپنے رب (کی رضا جوئی) کے لئے صبر کرو۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا تو وہ دن ایک دن ہو گا

عَسِيْرٌ ﴿۹﴾ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿۱۰﴾ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ

عَسِيْرٌ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ	غَيْرُ يَسِيْرٍ	ذَرْنِيْ	وَمَنْ	خَلَقْتُ	وَحِيْدًا	وَجَعَلْتُ	لَهٗ
بڑا دشوار	کافروں پر	نہ آسان	مجھے چھوڑ دو	اور جسے	میں نے پیدا کیا	اکیلا	اور میں نے دیا	اسے

بڑا دشوار۔ کافروں پر۔ آسان نہیں ہے مجھے اور اسے چھوڑ دو، جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔ اور میں نے اسے دیا

مَالًا مَّمْدُوْدًا ﴿۱۲﴾ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ﴿۱۳﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿۱۴﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ﴿۱۵﴾

مَالًا مَّمْدُوْدًا	وَّبَنِيْنَ	شُهُوْدًا	وَّمَهَّدْتُّ	لَهٗ	تَمْهِيْدًا	ثُمَّ	يَطْمَعُ	اَنْ اَزِيْدَ
مالِ کثیر	اور بیٹے	سامنے حاضر رہنے والے	اور بچھایا (مہیا کیا)	اس کے لئے	بچھونا (سامان)	پھر	وہ طمع کرتا ہے	کہ (اور) زیادہ دوں

مالِ کثیر، اور سامنے حاضر رہنے والے بیٹے، اور میں نے اس کے لئے (ہر طرح کا) سامان مہیا کیا، پھر وہ طمع کرتا ہے کہ اور زیادہ دوں،

كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ۝۱۶ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝۱۷ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝۱۸ فَقُتِلَ كَيْفَ

كَلَّا	اِنَّهٗ	كَانَ	لِاٰيٰتِنَا	عَنِيْدًا	سَاُرْهِقُهٗ	صَعُوْدًا	اِنَّهٗ	فَكَّرَ	وَقَدَّرَ	فَقُتِلَ	كَيْفَ
ہرگز نہیں	بیشک وہ	ہے	ہماری آیات کا	عناد رکھنے والا (مخالف)	اب اس سے چڑھواؤں گا	بڑی چڑھائی	بیشک اس نے	سوچا	اور اس نے اندازہ کیا	سو وہ مارا جائے	کیسا

ہرگز نہیں، بیشک وہ ہماری آیات کا مخالف ہے۔ اب اس سے بڑی چڑھائی چڑھواؤں گا (اسے مشقت سے تکلیف دوں گا)، بیشک اس نے سوچا اور اس نے اندازہ کیا، سو وہ مارا جائے کیسا

قَدَّرَ ۝۱۹ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝۲۰ ثُمَّ نَظَرَ ۝۲۱ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝۲۲ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝۲۳

قَدَّرَ	ثُمَّ قُتِلَ	كَيْفَ	قَدَّرَ	ثُمَّ	نَظَرَ	ثُمَّ عَبَسَ	وَبَسَرَ	ثُمَّ اَدْبَرَ	وَاسْتَكْبَرَ
اس نے اندازہ کیا	پھر وہ مارا جائے	کیسا	اس نے اندازہ کیا	پھر	اس نے دیکھا	پھر اس نے تیوری چڑھائی	اور منہ بگاڑ لیا	پھر اس نے پیٹھ پھیر لی	اور اس نے تکبر کیا

اس نے اندازہ کیا، پھر وہ مارا جائے اس نے کیسا اندازہ کیا۔ پھر اس نے دیکھا، پھر اس نے تیوری چڑھائی، اور منہ بگاڑ لیا، پھر اس نے پیٹھ پھیر لی اور اس نے تکبر کیا۔

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝۲۴ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝۲۵ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ۝۲۶

فَقَالَ	اِنْ هٰذَا	اِلَّا سِحْرٌ	يُّؤْثَرُ	اِنْ هٰذَا	اِلَّا	قَوْلُ الْبَشَرِ	سَاُصْلِيْهِ	سَقَرَ
تو اس نے کہا	نہیں یہ	مگر (صرف) جادو	اگلوں سے نقل کیا جاتا ہے	نہیں یہ	مگر (صرف)	آدمی کا کلام	عنقریب اسے ڈالوں گا	سقر (جہنم)

تو اس نے کہا یہ تو صرف ایک جادو ہے (جو) اگلوں سے نقل کیا جاتا ہے، یہ تو صرف ایک آدمی کا کلام ہے۔ عنقریب میں اسے سقر میں ڈالوں گا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ۝۲۷ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۝۲۸ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝۲۹ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝۳۰

وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا سَقَرُ	لَا تُبْقِيْ	وَلَا تَذَرُ	لَوَّاحَةٌ	لِّلْبَشَرِ	عَلَيْهَا	تِسْعَةَ عَشَرَ
اور تم کیا سمجھے ؟	سقر کیا ہے	وہ نہ باقی رکھے گی	اور نہ چھوڑے گی	جھلس دینے والی	آدمی کو	اس پر ہیں	اُنیس (۱۹) (داروغہ)

اور تم کیا سمجھے سقر کیا ہے؟ (وہ آگ) نہ باقی رکھے گی اور نہ چھوڑے گی، آدمی کو جھلس دینے والی ہے، اس پر اُنیس (۱۹) داروغہ (مقرر) ہیں۔

وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰۗىِٕكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ

وَمَا جَعَلْنَا	اَصْحٰبَ النَّارِ	اِلَّا	مَلٰۗىِٕكَةً	وَمَا جَعَلْنَا	عِدَّتَهُمْ	اِلَّا فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اور ہم نے نہیں بنائے	دوزخ کے داروغہ	مگر (صرف)	فرشتے	اور ہم نے نہیں رکھی	ان کی تعداد	مگر (صرف) آزمائش کو	ان لوگوں کے لئے جو کافر ہوئے

اور دوزخ کے داروغہ صرف فرشتے بنائے ہیں، اور ہم نے ان کی تعداد صرف ان لوگوں کی آزمائش کے لئے رکھی ہے جو کافر ہوئے

لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ

لِيَسْتَيْقِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	وَيَزْدَادَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِيْمَانًا	وَّلَا يَرْتَابَ	الَّذِيْنَ
تاکہ وہ یقین کر لیں	وہ لوگ جنہیں	کتاب دی گئی (اہل کتاب)	اور زیادہ ہو	جو لوگ ایمان لائے	ایمان	اور شک نہ کریں	وہ لوگ جنہیں

تاکہ اہل کتاب یقین کر لیں، اور جو لوگ ایمان لائے، ان کا ایمان زیادہ ہو، اور وہ لوگ شک نہ کریں جنہیں

أُوتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُونَ مَاذَآ

أُوتُوا الْكِتٰبَ	وَالْمُؤْمِنُونَ	وَلِيَقُولَ	الَّذِينَ	فِي قُلُوبِهِمْ	مَّرَضٌ	وَّالْكٰفِرُونَ	مَاذَآ
کتاب دی گئی	اور مومن (جمع)	اور تاکہ وہ کہیں	وہ لوگ	جن کے دلوں میں	روگ	اور کافر (جمع)	کیا

کتاب دی گئی (اہل کتاب) اور مومن اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے اور کافر کہیں کہ کیا

أَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۚ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَا يَعْلَمُ

أَرَادَ اللّٰهُ	بِهٰذَا	مَثَلًا	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ اللّٰهُ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِي	مَنْ يَّشَآءُ	وَمَا يَعْلَمُ
ارادہ کیا اللہ نے	اس	مثال	اسی طرح	اللہ گمراہ کرتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے	اور نہیں جانتا

ارادہ کیا ہے اللہ نے اس مثال (بات) سے؟ اسی طرح اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے، اور وہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے (کوئی) نہیں جانتا

۱ ع ۱۵ ۳۱

جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿٣١﴾ كَلَّا وَالْقَمَرِ ﴿٣٢﴾ وَالَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ﴿٣٣﴾

جُنُودَ	رَبِّكَ	إِلَّا هُوَ	وَمَا هِيَ	إِلَّا ذِكْرٰى	لِلْبَشَرِ	كَلَّا	وَالْقَمَرِ	وَالَّيْلِ	إِذْ أَدْبَرَ
لشکروں	تیرے رب کے	سوائے وہ (خود)	اور نہیں یہ	مگر نصیحت	آدمی کے لئے	نہیں نہیں	قسم ہے چاند کی	اور رات	جب وہ پیٹھ پھیرے

تیرے رب کے لشکروں کو خود اس کے سوا، اور یہ نہیں مگر آدمی کی نصیحت کے لئے۔ نہیں نہیں! قسم ہے چاند کی، اور رات کی، جب وہ پیٹھ پھیرے۔

وَالصُّبْحِ إِذَآ أَسْفَرَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ ﴿٣٥﴾ نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ ﴿٣٦﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ أَنْ يَّتَقَدَّمَ

وَالصُّبْحِ	إِذَآ أَسْفَرَ	إِنَّهَا	لَإِحْدَى	الْكُبَرِ	نَذِيرًا	لِّلْبَشَرِ	لِمَنْ شَآءَ	مِنْكُمْ	أَنْ يَّتَقَدَّمَ
اور صبح	جب وہ روشن ہو	بیشک یہ	ایک ہے	بڑی (آفت)	ڈرانے والی	لوگوں کو	اور جو کوئی چاہے	تم میں سے	کہ وہ آگے بڑھے

اور صبح کی جب وہ روشن ہو۔ بیشک وہ (دوزخ) ایک بڑی آفت ہے، لوگوں کو ڈرانے والی، تم میں سے جو کوئی چاہے آگے بڑھے

۲ ع ۱۶

أَوْ يَتَأَخَّرَ ﴿٣٧﴾ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ ﴿٣٨﴾ إِلَّآ أَصْحٰبَ الْيَمِينِ ﴿٣٩﴾ فِي جَنّٰتٍ ۖ قف

أَوْ يَتَأَخَّرَ	كُلُّ نَفْسٍ	بِمَا	كَسَبَتْ	رَهِينَةٌ	إِلَّآ	أَصْحٰبَ الْيَمِينِ	فِي جَنّٰتٍ
یا پیچھے رہے	ہر شخص	اسکے بدلے جو	اس نے کمایا (اعمال)	گروی	مگر	داہنی طرف والے	باغات میں

یا وہ پیچھے رہے۔ ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے گروی ہے۔ مگر داہنی طرف والے (نیک لوگ) باغات میں (ہوں گے)

يَتَسَآءَلُونَ ﴿٤٠﴾ عَنِ الْمُجْرِمِينَ ﴿٤١﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ﴿٤٢﴾ قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ﴿٤٣﴾

يَتَسَآءَلُونَ	عَنِ	الْمُجْرِمِينَ	مَا سَلَكَكُمْ	فِي سَقَرَ	قَالُوا	لَمْ نَكُ	مِنَ	الْمُصَلِّينَ
وہ پوچھیں گے	سے	گنہگاروں	کیا (چیز) تمہیں لے گئی	جہنم میں	وہ کہیں گے	ہم نہ تھے	سے	نماز پڑھنے والے

وہ گنہگاروں سے پوچھیں گے، تمہیں جہنم میں کیا چیز لے گئی؟ وہ کہیں گے ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے۔

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ﴿٤٤﴾ وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ﴿٤٥﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ﴿٤٦﴾

وَلَمْ نَكُ	نُطْعِمُ	الْمِسْكِينَ	وَكُنَّا نَخُوضُ	مَعَ	الْخَائِضِينَ	وَكُنَّا نُكَذِّبُ	بِيَوْمِ الدِّينِ
اور نہ تھے ہم	ہم کھانا کھلاتے	محتاجوں	اور ہم تھے (بیہودہ باتوں میں) دھنستے رہتے تھے	ساتھ	بیہودہ باتوں میں لگے رہنے والے	اور ہم جھٹلاتے تھے	روزِ جزا و سزا کو

اور ہم محتاجوں کو کھانا نہ کھلاتے تھے - اور ہم بیہودہ باتوں میں لگے رہنے والوں کے ساتھ بیہودہ باتوں میں دھنستے رہتے تھے، اور ہم روزِ جزا و سزا کو جھٹلاتے تھے

حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ﴿٤٧﴾ فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ ﴿٤٨﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ ﴿٤٩﴾

حَتَّىٰ	أَتَانَا	الْيَقِينُ	فَمَا تَنفَعُهُمْ	شَفَاعَةُ	الشَّافِعِينَ	فَمَا لَهُمْ	عَنِ	التَّذْكِرَةِ	مُعْرِضِينَ
یہاں تک کہ	ہمیں آگئی	موت	اور انہیں نفع نہ دیا	سفارش	سفارش کرنے والوں	تو انہیں کیا ہوا	سے	نصیحت	منہ پھیرتے ہیں

یہاں تک کہ ہمیں موت آگئی - سو انہیں سفارش کرنے والوں کی سفارش نے نفع نہ دیا - تو انہیں کیا ہوا کہ وہ نصیحت سے منہ پھیرتے ہیں ؟

كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ ﴿٥٠﴾ فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾ بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُؤْتَىٰ صُحُفًا

كَأَنَّهُمْ	حُمُرٌ	مُّسْتَنفِرَةٌ	فَرَّتْ	مِن قَسْوَرَةٍ	بَلْ	يُرِيدُ	كُلُّ امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	أَن يُؤْتَىٰ	صُحُفًا
گویا کہ وہ	گدھے	بھاگے ہوئے	بھاگے جاتے ہیں	شیر سے	بلکہ	چاہتا ہے	ہر آدمی	ان میں سے	کہ وہ دیئے جائیں	صحیفے

گویا کہ وہ بھاگے ہوئے گدھے ہیں، بھاگے جاتے ہیں شیر سے - بلکہ ان میں سے ہر آدمی چاہتا ہے کہ اُسے دیئے جائیں صحیفے

مُّنَشَّرَةً ﴿٥٢﴾ كَلَّا ۖ بَل لَّا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ﴿٥٣﴾ كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ ﴿٥٤﴾ فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ ﴿٥٥﴾

مُّنَشَّرَةً	كَلَّا	بَل	لَّا يَخَافُونَ	الْآخِرَةَ	كَلَّا	إِنَّهُ	تَذْكِرَةٌ	فَمَن شَاءَ	ذَكَرَهُ
کھلے ہوئے	ہرگز نہیں	بلکہ	وہ نہیں ڈرتے	آخرت	ہرگز نہیں	بیشک یہ	نصیحت	سو جو چاہے	اسے یاد رکھے

کھلے ہوئے - ہرگز نہیں بلکہ وہ آخرت سے نہیں ڈرتے - ہرگز نہیں بیشک یہ نصیحت ہے - سو جو چاہے اسے یاد رکھے -

وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾

وَمَا يَذْكُرُونَ	إِلَّا	أَن	يَشَاءَ اللَّهُ	هُوَ	أَهْلُ التَّقْوَىٰ	وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ
اور وہ یاد نہ رکھیں گے	مگر	یہ	اللہ چاہے	وہی	ڈرنے کے لائق	مغفرت کے لائق

اور وہ یاد نہ رکھیں گے مگر یہ کہ اللہ چاہے، وہی ہے ڈرنے کے لائق، اور مغفرت کے لائق -

۲ ع ۲۵ ۱۶ العلق

اٰياتها ٤٠ | ٧٥ = سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ = ٣١ | فيها ركوعان ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝١ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝٢ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ

لَآ اُقْسِمُ	بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ	وَلَآ اُقْسِمُ	بِالنَّفْسِ	اللَّوَّامَةِ	اَيَحْسَبُ	الْاِنْسَانُ	اَلَّنْ نَّجْمَعَ
میں قسم کھاتا ہوں	قیامت کے دن کی	اور میں قسم کھاتا ہوں	دل کی	اپنے اوپر ملامت کرنیوالے	کیا گمان کرتا ہے	انسان	کہ ہم ہرگز جمع کریں گے

میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں۔ اور میں اپنے اوپر ملامت کرنیوالے دل کی قسم کھاتا ہوں۔ کیا انسان گمان کرتا ہے کہ ہم ہرگز جمع نہ کریں گے

عِظَامَهٗ ۝٣ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝٤ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝٥

عِظَامَهٗ	بَلٰى قٰدِرِيْنَ	عَلٰٓى	اَنْ نُّسَوِّيَ	بَنَانَهٗ	بَلْ يُرِيْدُ	الْاِنْسَانُ	لِيَفْجُرَ	اَمَامَهٗ
اس کی ہڈیاں	کیوں نہیں ہم قادر ہیں	پر	کہ ہم درست کریں	اسکے پور پور	بلکہ چاہتا ہے	انسان	کہ گناہ کرتا رہے	اپنے آگے کو بھی

اس کی ہڈیاں کیوں نہیں؟ کہ ہم اس پر قادر ہیں کہ اسکے پور پور درست کر دیں۔ بلکہ انسان چاہتا یہ ہے کہ آگے کو بھی گناہ کرتا رہے۔

يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝٦ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝٧ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝٨ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝٩

يَسْـَٔلُ	اَيَّانَ	يَوْمُ الْقِيٰمَةِ	فَاِذَا	بَرِقَ الْبَصَرُ	وَخَسَفَ	الْقَمَرُ	وَجُمِعَ	الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ
اور پوچھتا ہے	کب؟	روزِ قیامت	پس جب	چندھیا جائیں گی آنکھیں	اور گرہن لگ جائے گا	چاند	اور جمع کر دیئے جائیں گے	سورج اور چاند

وہ پوچھتا ہے روزِ قیامت کب ہوگا؟ پس جب آنکھیں چندھیا جائیں گی اور چاند کو گرہن لگ جائیگا، اور سورج اور چاند جمع کر دیئے جائیں گے

يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝١٠ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝١١ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِالْمُسْتَقَرُّ ۝١٢ يُنَبَّؤُا

يَقُوْلُ	الْاِنْسَانُ	يَوْمَئِذٍ	اَيْنَ	الْمَفَرُّ	كَلَّا	لَا وَزَرَ	اِلٰى رَبِّكَ	يَوْمَئِذِ	ِالْمُسْتَقَرُّ	يُنَبَّؤُا
کہے گا	انسان	آج کے دن	کہاں	بھاگنے کی جگہ	ہرگز نہیں	نہیں کوئی بچاؤ	تیرے رب کی طرف	آج کے دن	ٹھکانا	وہ جتلا دیا جائے گا

انسان کہے گا کہاں ہے آج کے دن بھاگنے کی جگہ؟ ہرگز نہیں، کوئی بچاؤ کی جگہ نہیں۔ آج کے دن تیرے رب کی طرف ٹھکانا ہے، وہ جتلا دیا جائے گا

الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝١٣ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝١٤ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝١٥

الْاِنْسَانُ	يَوْمَئِذٍ	بِمَا قَدَّمَ	وَاَخَّرَ	بَلِ الْاِنْسَانُ	عَلٰى نَفْسِهٖ	بَصِيْرَةٌ	وَلَوْ اَلْقٰى	مَعَاذِيْرَهٗ
انسان	آج کے دن	وہ جو اس نے آگے بھیجا	اور اس نے پیچھے چھوڑا	بلکہ انسان	اپنی جان (حالت) پر	باخبر	اگرچہ لاڈالے	اپنے عذر

آج کے دن انسان کو وہ جو اس نے آگے بھیجا، اور اس نے پیچھے چھوڑا بلکہ انسان اپنی جان پر باخبر ہے۔ اگرچہ اپنے عذر (حیلے) لاڈالے (پیش کرے)

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿۱۶﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿۱۷﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ	لِسَانَكَ	لِتَعْجَلَ بِهٖ	اِنَّ عَلَيْنَا	جَمْعَهٗ	وَقُرْاٰنَهٗ	فَاِذَا قَرَاْنٰهُ	فَاتَّبِعْ
آپ حرکت نہ دیں اس (قرآن) کے ساتھ	اپنی زبان کو	کہ جلد (یاد کریں) اسکو	بیشک ہم پر ہمارے ذمے	اس کا جمع کرنا	اور اسکا پڑھنا	پس جب ہم اسے پڑھیں	تو آپ پیروی کریں

آپ قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو حرکت نہ دیں کہ اس کو جلد یاد کریں۔ بیشک اسکا جمع کرنا اور اسکا پڑھنا (آسان کرنا) ہمارے ذمے ہے۔ پس جب ہم اسے (فرشتے کی زبانی) پڑھیں تو آپ پیروی کریں

قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿۱۹﴾ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿۲۰﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۲۱﴾

قُرْاٰنَهٗ	ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا	بَيَانَهٗ	كَلَّا بَلْ	تُحِبُّوْنَ	الْعَاجِلَةَ	وَتَذَرُوْنَ	الْاٰخِرَةَ
اس کے پڑھنے کی	پھر بیشک ہم پر (ہمارے ذمے)	اس کا بیان	ہرگز نہیں بلکہ	تم محبت رکھتے ہو	جلدی کو (دنیا)	اور تم چھوڑ دیتے ہو	آخرت

اس کے پڑھنے کی۔ پھر بیشک اس کا بیان کرنا ہمارے ذمے ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ (اے کافرو!) تم دنیا سے محبت رکھتے ہو، اور آخرت کو چھوڑ دیتے ہو۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾ تَظُنُّ اَنْ

وُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	نَّاضِرَةٌ	اِلٰى رَبِّهَا	نَاظِرَةٌ	وَوُجُوْهٌ	يَّوْمَئِذٍ	بَاسِرَةٌ	تَظُنُّ	اَنْ
بہت سے چہرے	اس دن	تازہ (بارونق)	اپنے رب کی طرف	دیکھنے	اور بہت سے چہرے	اس دن	بگڑے ہوئے	خیال کرتے ہونگے	کہ

اس دن بہت سے چہرے بارونق ہونگے، اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے۔ اور بہت سے چہرے اس دن بگڑے ہوئے ہونگے وہ خیال کرتے ہونگے کہ

يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾ كَلَّا اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿۲۶﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿۲۷﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿۲۸﴾

يُّفْعَلَ بِهَا	فَاقِرَةٌ	كَلَّا	اِذَا	بَلَغَتِ	التَّرَاقِيَ	وَقِيْلَ	مَنْ رَاقٍ	وَظَنَّ	اَنَّهُ	الْفِرَاقُ
ان سے کیا جائے گا	کمر توڑنے والا	ہاں ہاں	جب	پہنچ جائے	ہنسلی تک	اور کہا جائے	کون جھاڑ پھونک کرنیوالا	اور وہ گمان کرے	کہ یہ	جدائی

ان سے کمر توڑنے والا (معاملہ) کیا جائے گا۔ ہاں ہاں (جب جان) ہنسلی تک پہنچ جائے اور کہا جائے کون ہے جھاڑ پھونک کرنیوالا، اور وہ گمان کرے کہ یہ جدائی کی گھڑی ہے

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨ الْمَسَاقُ ﴿۳۰﴾ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿۳۱﴾

وَالْتَفَّتِ	السَّاقُ	بِالسَّاقِ	اِلٰى رَبِّكَ	يَوْمَئِذِ ۨ	الْمَسَاقُ	فَلَا صَدَّقَ	وَلَا صَلّٰى
اور لپٹ جائے	ایک پنڈلی	دوسری پنڈلی سے	اپنے رب کی طرف	اس دن	چلنا	نہ اس نے تصدیق کی	اور نہ اس نے نماز پڑھی

اور ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جائے (پاؤں میں حرکت نہ رہے) اس دن (تجھے) اپنے رب کی طرف چلنا ہے۔ نہ اس نے (اللہ کی) تصدیق کی، اور نہ اس نے نماز پڑھی

وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ

وَلٰكِنْ	كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى	ثُمَّ ذَهَبَ	اِلٰٓى اَهْلِهٖ	يَتَمَطّٰى	اَوْلٰى لَكَ	فَاَوْلٰى	ثُمَّ	اَوْلٰى لَكَ
اور لیکن (بلکہ)	جھٹلایا	اور منہ موڑا	پھر چلا گیا وہ	اپنے گھر والوں کی طرف	اکڑتا	افسوس تجھ پر	پس افسوس	پھر	افسوس تجھ پر

بلکہ اس نے جھٹلایا اور منہ موڑا پھر وہ اپنے گھر والوں کی طرف اکڑتا ہوا چلا گیا۔ افسوس ہے تجھ پر افسوس ہے۔ پھر افسوس ہے تجھ پر

فَاَوْلٰى ﴿٣٥﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿٣٦﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿٣٧﴾

فَاَوْلٰى	اَيَحْسَبُ	الْاِنْسَانُ	اَنْ يُّتْرَكَ	سُدًى	اَلَمْ يَكُ	نُطْفَةً	مِّنْ	مَّنِيٍّ	يُّمْنٰى
پھر افسوس	کیا وہ گمان کرتا ہے؟	انسان	کہ وہ چھوڑ دیا جائے گا	مہمل (یونہی)	کیا نہ تھا؟	نطفہ	سے۔کا	منی	ٹپکایا گیا

پھر افسوس۔ کیا انسان گمان کرتا ہے کہ وہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا۔ کیا وہ منی کا ایک نطفہ (قطرہ) نہ تھا جو رحم مادر میں) ٹپکایا گیا۔

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٣٨﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٣٩﴾

ثُمَّ كَانَ	عَلَقَةً	فَخَلَقَ	فَسَوّٰى	فَجَعَلَ	مِنْهُ	الزَّوْجَيْنِ	الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى
پھر وہ ہوا	جما ہوا خون	پھر اس نے پیدا کیا	پھر درست کیا	پھر بنائے	اس سے	دو جوڑے (قسمیں)	مرد اور عورت

پھر وہ جما ہوا خون ہوا، پھر اس نے اسے پیدا کیا، پھر اسے درست (اندام) کیا، پھر اس کی مرد اور عورت دو قسمیں بنائیں۔

۲ ع ۱۸

اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿٤٠﴾

اَلَيْسَ	ذٰلِكَ	بِقٰدِرٍ	عَلٰٓى	اَنْ يُّحْيِۦَ	الْمَوْتٰى
کیا نہیں	وہ	قادر	پر	کہ وہ زندہ کرے	مُردے (جمع)

کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ مُردوں کو زندہ کرے؟

اٰيَاتُهَا ۳۱ | ۷۶ = سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَكِّيَّةٌ = ۹۸ | فِيْهَا رُكُوْعٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿١﴾ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

هَلْ اَتٰى	عَلَى الْاِنْسَانِ	حِيْنٌ	مِنَ الدَّهْرِ	لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا	مَّذْكُوْرًا	اِنَّا خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ
یقیناً آیا (گزرا)	انسان پر	ایک وقت	زمانہ سے (میں)	اور نہ تھا کچھ	قابلِ ذکر	بیشک ہم نے پیدا کیا	انسان

یقیناً انسان پر زمانے میں ایک وقت گزرا ہے کہ وہ کچھ (بھی) قابلِ ذکر نہ تھا۔ بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا

مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿٢﴾ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا

مِنْ نُّطْفَةٍ	اَمْشَاجٍ	نَّبْتَلِيْهِ	فَجَعَلْنٰهُ	سَمِيْعًا بَصِيْرًا	اِنَّا هَدَيْنٰهُ	السَّبِيْلَ	اِمَّا شَاكِرًا
نطفہ	مخلوط	ہم اسے آزمائیں	تو ہم نے اسے بنایا	سنتا دیکھتا	بیشک ہم نے اسے دکھائی	راہ	خواہ شکر کرنے والا

مخلوط نطفہ سے (کہ) ہم اسے آزمائیں تو ہم نے اسے سنتا دیکھتا بنایا۔ بیشک ہم نے اسے راہ دکھائی (اب وہ) خواہ شکر کرنے والا ہو

وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝٣ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝٤ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ

وَاِمَّا	كَفُوْرًا	اِنَّآ اَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	سَلٰسِلَا۠	وَاَغْلٰلًا	وَسَعِيْرًا	اِنَّ	الْاَبْرَارَ	يَشْرَبُوْنَ
اور خواہ	ناشکرا	بیشک ہم نے تیار کیا	کافروں کے لئے	زنجیریں	اور طوق	اور دہکتی آگ	بیشک	نیک بندے	پئیں گے

خواہ ناشکرا۔ بیشک ہم نے کافروں (ناشکروں) کے لئے زنجیریں اور طوق، اور دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ بیشک پئیں گے نیک بندے

مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝٥ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝٦ يُوْفُوْنَ

مِنْ كَاْسٍ	كَانَ مِزَاجُهَا	كَافُوْرًا	عَيْنًا	يَّشْرَبُ بِهَا	عِبَادُ اللّٰهِ	يُفَجِّرُوْنَهَا	تَفْجِيْرًا	يُوْفُوْنَ
پیالے سے	اس میں آمیزش ہوگی	کافور کی	ایک چشمہ	اس سے پیتے ہیں	اللہ کے بندے	اسے رواں کرتے ہیں	نالیاں	وہ پوری کرتے ہیں

پیالے سے (وہ مشروب) جس میں کافور کی آمیزش ہوگی۔ ایک چشمہ اس سے اللہ کے بندے پیتے ہیں، اسے نالیاں رواں کرتے ہیں۔ وہ پوری کرتے ہیں

بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝٧ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا

بِالنَّذْرِ	وَيَخَافُوْنَ	يَوْمًا	كَانَ	شَرُّهٗ	مُسْتَطِيْرًا	وَيُطْعِمُوْنَ	الطَّعَامَ	عَلٰى حُبِّهٖ	مِسْكِيْنًا
(اپنی) نذریں	اور وہ ڈرتے ہیں	اس دن سے	ہوگی	اسکی برائی	پھیلی ہوئی	اور وہ کھلاتے ہیں	کھانا	اسکی محبت پر	محتاج مسکین

اپنی نذریں اور وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی (عام) ہوگی۔ اور وہ اس کی محبت پر کھانا کھلاتے ہیں محتاج کو،

وَيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝٨ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝٩ اِنَّا نَخَافُ

وَيَتِيْمًا	وَّاَسِيْرًا	اِنَّمَا	نُطْعِمُكُمْ	لِوَجْهِ اللّٰهِ	لَا نُرِيْدُ	مِنْكُمْ	جَزَآءً	وَّلَا شُكُوْرًا	اِنَّا نَخَافُ
اور یتیم	اور قیدی	اسکے سوا نہیں	ہم تمہیں کھلاتے ہیں	رضائے الٰہی کے لئے	ہم نہیں چاہتے	تم سے	کوئی جزا	اور نہ شکریہ	بیشک ہم ڈرتے ہیں

اور یتیم اور قیدی کو (اور کہتے ہیں)، اس کے سوا نہیں کہ ہم تمہیں رضائے الٰہی کے لئے کھلاتے ہیں۔ ہم تم سے نہ جزا چاہتے ہیں اور نہ شکریہ۔ بیشک ہم ڈرتے ہیں

مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝١٠ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً

مِنْ رَّبِّنَا	يَوْمًا	عَبُوْسًا	قَمْطَرِيْرًا	فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ	شَرَّ	ذٰلِكَ الْيَوْمِ	وَلَقّٰىهُمْ	نَضْرَةً
اپنے رب سے	اس دن کا	منہ بگاڑنے والا	نہایت سخت	پس انہیں بچا لیا اللہ نے	برائی	اس دن	اور انہیں عطا کی	تازگی

اپنے رب کی طرف سے اس دن کا جو منہ بگاڑنے والا نہایت سخت ہے۔ پس اللہ نے انہیں ان دن کی برائی سے بچا لیا، اور انہیں تازگی عطا کی

وَّسُرُوْرًا ۝١١ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۝١٢ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ

وَسُرُوْرًا	وَجَزٰىهُمْ	بِمَا صَبَرُوْا	جَنَّةً	وَّحَرِيْرًا	مُّتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	عَلَى الْاَرَآئِكِ	لَا يَرَوْنَ
اور خوش دلی	اور انہیں بدلہ دیا	ان کے صبر پر	جنت	اور ریشمی لباس	تکیہ لگائے ہوں گے	اس میں	تختوں پر	وہ نہ دیکھیں گے

اور خوش دلی۔ اور ان کے صبر پر انہیں جنت اور ریشمی لباس کا بدلہ دیا۔ اس میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔ وہ نہ دیکھیں گے

فِيهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيرًا ﴿١٣﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ﴿١٤﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ

فِيهَا	شَمْسًا	وَلَا زَمْهَرِيرًا	وَدَانِيَةً	عَلَيْهِمْ	ظِلٰلُهَا	وَذُلِّلَتْ	قُطُوفُهَا	تَذْلِيلًا	وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ
اس میں	دھوپ	اور نہ سردی	اور نزدیک ہوں گے	اُن پر	اُنکے سائے	اور نزدیک کر دیئے جائیں گے	اس کے گچھے	جھکا کر	اور دور ہوگا اُن پر

اس میں دھوپ (کی تیزی) نہ سردی (کی شدت)، اُن پر اس کے سائے نزدیک ہو رہے ہوں گے اور اس کے گچھے جھکا کر نزدیک کر دیئے گئے ہوں گے - اور ان پر دور ہوگا

بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ﴿١٥﴾ قَوَارِيرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ﴿١٦﴾ وَ

بِاٰنِيَةٍ	مِنْ فِضَّةٍ	وَاَكْوَابٍ	كَانَتْ	قَوَارِيرَا	قَوَارِيرَا	مِنْ فِضَّةٍ	قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا	وَ
برتنوں کا	چاندی کے	اور آبخورے	ہوں گے	شیشے کے	شیشے	چاندی کے	انہوں نے انکا اندازہ کیا ہوگا مناسب اندازہ	اور

چاندی کے برتنوں کا، اور آبخوروں کا جو شیشوں کے ہونگے، شیشے چاندی کے - (ساقیوں نے) ان کا مناسب اندازہ کیا ہو گا - اور

يُسْقَوْنَ فِيهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا ﴿١٧﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيلًا ﴿١٨﴾ وَيَطُوفُ

يُسْقَوْنَ	فِيهَا	كَاْسًا	كَانَ	مِزَاجُهَا	زَنْجَبِيلًا	عَيْنًا	فِيهَا	تُسَمّٰى سَلْسَبِيلًا	وَيَطُوفُ
انہیں پلایا جائے گا	اس میں	ایسا جام	ہوگی	اسکی آمیزش	سونٹھ	ایک چشمہ	اس میں	موسوم کیا جاتا ہے سلسبیل	اور گردش کریں گے

اور انہیں اس میں ایسا جام پلایا جائے گا جس کی آمیزش سونٹھ کی ہوگی - اس میں ایک چشمہ ہے جو سلسبیل سے موسوم کیا جاتا ہے - اور گردش کریں گے

عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُورًا ﴿١٩﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ

عَلَيْهِمْ	وِلْدَانٌ	مُّخَلَّدُونَ	اِذَا رَاَيْتَهُمْ	حَسِبْتَهُمْ	لُؤْلُؤًا	مَّنْثُورًا	وَاِذَا رَاَيْتَ	ثَمَّ
ان پر	لڑکے	ہمیشہ (نوعمر) رہنے والے	جب تو انہیں دیکھے	تو انہیں سمجھے	موتی	بکھرے ہوئے	اور جب تو دیکھے گا	وہاں

ان پر ہمیشہ نوعمر رہنے والے لڑکے، جب تو انہیں دیکھے تو انہیں بکھرے ہوئے موتی سمجھے - اور جب تو دیکھے گا تو وہاں (جنت میں)

رَاَيْتَ نَعِيمًا وَّمُلْكًا كَبِيرًا ﴿٢٠﴾ عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۖ وَّحُلُّوٓا اَسَاوِرَ

رَاَيْتَ	نَعِيمًا	وَمُلْكًا كَبِيرًا	عَالِيَهُمْ ثِيَابُ	سُنْدُسٍ	خُضْرٌ	وَاِسْتَبْرَقٌ	وَحُلُّوٓا	اَسَاوِرَ
تو دیکھے گا	بڑی نعمت	اور بڑی سلطنت	اُن کے اوپر کی پوشاک	باریک ریشم	سبز	اور دبیز ریشم (اطلس)	اور انہیں پہنائے جائیں گے	کنگن

بڑی نعمت اور بڑی سلطنت دیکھے گا - ان کے اوپر کی پوشاک سبز باریک ریشم اور اطلس کی ہوگی اور انہیں کنگن پہنائے جائیں گے

مِنْ فِضَّةٍ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا ﴿٢١﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ

مِنْ فِضَّةٍ	وَسَقٰىهُمْ	رَبُّهُمْ	شَرَابًا	طَهُورًا	اِنَّ هٰذَا	كَانَ	لَكُمْ	جَزَآءً	وَكَانَ	سَعْيُكُمْ
چاندی کے	اور انہیں پلائے گا	ان کا رب	ایک شراب (مشروب)	نہایت پاک	بیشک یہ	ہے	تمہاری	جزا	اور ہوئی	تمہاری سعی

چاندی کے اور ان کا رب انہیں نہایت پاک ایک مشروب پلائے گا - بے شک یہ تمہاری جزا ہے، اور تمہاری سعی (کوشش)

مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ

مَشْكُوْرًا	اِنَّا نَحْنُ	نَزَّلْنَا	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ	تَنْزِيْلًا	فَاصْبِرْ	لِحُكْمِ رَبِّكَ	وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ
مشکور (مقبول)	بیشک ہم	ہم نے نازل کیا	آپؐ پر	قرآن	تدریج	پس صبر کریں	اپنے رب کے حکم کے لئے	اور آپؐ کہا نہ مانیں ان میں سے

مقبول ہوئی۔ بے شک ہم نے آپؐ پر قرآن تدریج نازل کیا، پس آپؐ اپنے رب کے حکم کے لئے صبر کریں، اور آپؐ کہا نہ مانیں ان میں سے

اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ

اٰثِمًا	اَوْ كَفُوْرًا	وَاذْكُرِ	اسْمَ رَبِّكَ	بُكْرَةً	وَّاَصِيْلًا	وَمِنَ	الَّيْلِ	فَاسْجُدْ	لَهٗ	وَسَبِّحْهُ
کسی گنہگار	یا ناشکرے کا	اور آپؐ یاد کریں	اپنے رب کا نام	صبح	اور شام	اور	رات	پس آپؐ سجدہ کریں	اس کو	اور اسکی پاکیزگی بیان کریں

کسی گنہگار، ناشکرے کا۔ اور آپؐ اپنے رب کا نام صبح و شام یاد کرتے رہیں۔ اور رات کے کسی حصہ میں آپؐ اس کو سجدہ کریں اور اسکی پاکیزگی بیان کریں

لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾

لَيْلًا طَوِيْلًا	اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ	يُحِبُّوْنَ	الْعَاجِلَةَ	وَيَذَرُوْنَ	وَرَآءَهُمْ	يَوْمًا	ثَقِيْلًا
رات کا بڑا حصہ	بیشک یہ (منکر) لوگ	وہ دوست رکھتے ہیں	دنیا	اور چھوڑ دیتے ہیں	اپنے پیچھے	ایک دن	بھاری

رات کے بڑے حصے میں، بیشک یہ منکر دنیا کو دوست رکھتے ہیں اور ایک بھاری دن (روز قیامت) کو اپنے پیچھے (پس پشت) چھوڑ دیتے ہیں۔

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ	وَشَدَدْنَآ	اَسْرَهُمْ	وَاِذَا شِئْنَا	بَدَّلْنَآ	اَمْثَالَهُمْ	تَبْدِيْلًا	اِنَّ هٰذِهٖ	تَذْكِرَةٌ
ہم نے انہیں پیدا کیا	اور ہم نے مضبوط کئے	ان کے جوڑ	اور جب ہم چاہیں	ہم بدل دیں	ان جیسے لوگ	بدل کر	بیشک یہ	نصیحت

ہم نے انہیں پیدا کیا، اور ہم نے ان کے جوڑ مضبوط کئے اور ہم جب چاہیں (انکی جگہ) ان جیسے اور لوگ بدل کر لے آئیں۔ بیشک یہ نصیحت ہے

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

فَمَنْ شَآءَ	اتَّخَذَ	اِلٰى رَبِّهٖ	سَبِيْلًا	وَمَا تَشَآءُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	اِنَّ اللّٰهَ	كَانَ
پس جو چاہے	اختیار کرے	اپنے رب کی طرف	راہ	اور تم نہیں چاہو گے	سوائے	جو	اللہ چاہے	بیشک اللہ	ہے

پس جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ اختیار کرلے۔ اور تم نہیں چاہو گے اس کے سوا جو اللہ چاہے، بے شک اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۳۰﴾ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾

عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	يُّدْخِلُ	مَنْ يَّشَآءُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ	وَالظّٰلِمِيْنَ	اَعَدَّ لَهُمْ	عَذَابًا اَلِيْمًا
جاننے والا	حکمت والا	وہ داخل کرتا ہے	وہ جسے چاہے	اپنی رحمت میں	اور (رہے) ظالم	اس نے تیار کیا ہے ان کے لئے	دردناک عذاب

جاننے والا حکمت والا ہے۔ وہ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے، اور (رہے ظالم) تو ان کے لئے اس نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔

اٰیاتُھا ۵۰ | ۷۷ = سُوْرَۃُ الْمُرْسَلٰتِ مَکِّیَّۃٌ = ۳۳ | فِیْھَا رُکُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝۱ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝۲ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝۳ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝۴ فَالْمُلْقِیٰتِ

وَالْمُرْسَلٰتِ	عُرْفًا	فَالْعٰصِفٰتِ	عَصْفًا	وَالنّٰشِرٰتِ	نَشْرًا	فَالْفٰرِقٰتِ	فَرْقًا	فَالْمُلْقِیٰتِ
ہواؤں کی قسم	دل کو خوش کرنے والی	پھر تند و تیز چلنے والی ہواؤں کی قسم	شدت سے	بادل اٹھا کر لانے والی ہواؤں کی قسم	پھیلانے والی	پھر پھاڑنے والی ہواؤں کی قسم	بانٹ کر	پھر اُٹھا کر لانے والے فرشتوں کی قسم

دل خوش کرنے والی ہواؤں کی قسم، پھر شدت سے تند و تیز چلنے والی ہواؤں کی قسم، بادلوں کو اُٹھا کر لانے والی پھیلانے والی ہواؤں کی قسم، پھر بانٹ کر پھاڑنے والی ہواؤں کی قسم پھر وحی القا کرنے والے فرشتوں کی قسم

عُذْرًا ۝۵ اَوْ نُذْرًا ۝۶ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝۷ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝۸ وَاِذَا السَّمَآءُ

ذِکْرًا	عُذْرًا	اَوْ نُذْرًا	اِنَّمَا	تُوْعَدُوْنَ	لَوَاقِعٌ	فَاِذَا	النُّجُوْمُ طُمِسَتْ	وَاِذَا	السَّمَآءُ
(ذکر (وحی)	حجت تمام کرنے کو	یا ڈرانے کو	بیشک جو	ہم تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے	ضرور ہونے والا	پس جب	ستارے مٹائے جائیں دیے نور ہو جائیں	اور جب	آسمان

حجت تمام کرنے کو یا ڈرانے کو۔ بیشک جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے وہ ضرور واقع ہونے والا ہے۔ پھر جب ستارے بے نور ہو جائیں۔ اور جب آسمان

فُرِجَتْ ۝۹ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝۱۰ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝۱۱ لِاَیِّ یَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝۱۲ لِیَوْمِ الْفَصْلِ ۝۱۳

فُرِجَتْ	وَاِذَا الْجِبَالُ	نُسِفَتْ	وَاِذَا الرُّسُلُ	اُقِّتَتْ	لِاَیِّ یَوْمٍ	اُجِّلَتْ	لِیَوْمِ الْفَصْلِ
پھٹ جائے	اور جب پہاڑ	اڑتے پھریں	اور جب (رسول (جمع)	وقت پر جمع کئے جائیں گے	کس دن کے لئے	ملتوی رکھا گیا ہے	فیصلے کے دن کے لئے

پھٹ جائے۔ اور جب پہاڑ اڑتے (پارہ پارہ ہو کر) پھریں۔ اور جب رسول وقت (معین) پر جمع کئے جائیں (انکا معاملہ) کس دن کے لئے ملتوی رکھا گیا ہے؟ فیصلے کے دن کے لئے

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الْفَصْلِ ۝۱۴ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝۱۵ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِیْنَ ۝۱۶

وَمَآ اَدْرٰىكَ	مَا یَوْمُ الْفَصْلِ	وَیْلٌ	یَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِیْنَ	اَلَمْ نُهْلِكِ	الْاَوَّلِیْنَ
اور تم کیا سمجھے؟	کیا ہے فیصلے کا دن؟	خرابی ہے	اس دن	جھٹلانیوالوں کے لئے	کیا ہم نے ہلاک نہیں کیا؟	پہلے لوگوں کو

اور تم کیا سمجھے فیصلے کا دن کیا ہے؟ اس دن خرابی ہے جھٹلانیوالوں کے لئے، کیا ہم نے ہلاک نہیں کیا پہلے لوگوں کو؟

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِیْنَ ۝۱۷ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِیْنَ ۝۱۸ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝۱۹

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ	الْاٰخِرِیْنَ	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِیْنَ	وَیْلٌ	یَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِیْنَ
پھر ہم انکے پیچھے چلاتے ہیں	پچھلوں کو	اسی طرح	ہم کرتے ہیں	مجرموں کے ساتھ	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے

پھر پچھلوں کو ان کے پیچھے چلاتے ہیں۔ اسی طرح ہم مجرموں کے ساتھ کرتے ہیں۔ اس دن خرابی ہے جھٹلانے والوں کے لئے۔

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۲۱﴾ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۲﴾ فَقَدَرْنَا

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ	مِّنْ مَّآءٍ	مَّهِيْنٍ	فَجَعَلْنٰهُ	فِيْ	قَرَارٍ مَّكِيْنٍ	اِلٰى	قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ	فَقَدَرْنَا
کیا ہم نے نہیں پیدا کیا تمہیں؟	پانی سے	حقیر	پھر ہم نے اسے رکھا	میں	ایک محفوظ جگہ	تک	وقت معین	پھر ہم نے اندازہ کیا

کیا ہم نے تمہیں حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا؟ پھر ہم نے اسے ایک محفوظ جگہ میں رکھا، ایک وقت معین تک، پھر ہم نے اندازہ کیا

فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿۲۵﴾ اَحْيَآءً

فَنِعْمَ	الْقٰدِرُوْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اَلَمْ نَجْعَلِ	الْاَرْضَ	كِفَاتًا	اَحْيَآءً
تو کیسا اچھا	اندازہ کرنے والے	خرابی	اس دن	جھٹلانیوالوں کے لئے	کیا ہم نے نہیں بنایا	زمین	سمیٹنے والی	زندوں کو

تو (ہم) کیسا اچھا اندازہ کرنیوالے ہیں! اس دن خرابی ہے جھٹلانیوالوں کے لئے۔ کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟ زندوں کو

وَّاَمْوَاتًا ﴿۲۶﴾ وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿۲۷﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

وَاَمْوَاتًا	وَجَعَلْنَا	فِيْهَا	رَوَاسِيَ	شٰمِخٰتٍ	وَاَسْقَيْنٰكُمْ	مَّآءً فُرَاتًا	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ
اور مُردوں کو	اور ہم نے رکھے	اس میں	پہاڑ (جمع)	اونچے اونچے	اور ہم نے پلایا تمہیں	پانی میٹھا	خرابی	اس دن

اور مُردوں کو۔ اور ہم نے اس میں اونچے اونچے پہاڑ رکھے، اور ہم نے تمہیں میٹھا پانی پلایا۔ خرابی ہے اس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اِنْطَلِقُوْا	اِلٰى	مَا كُنْتُمْ بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	اِنْطَلِقُوْا	اِلٰى ظِلٍّ	ذِيْ	ثَلٰثِ
جھٹلانیوالوں کے لئے	تو تم چلو	طرف	جس کو تم تھے	تم جھٹلاتے	تم چلو	سایہ کی طرف	والا	تین

جھٹلانے والوں کے لئے۔ (حکم ہوگا) تم چلو اس کی طرف جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ تم چلو تین شاخوں والے سایہ کی طرف۔

شُعَبٍ ﴿۳۰﴾ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿۳۱﴾ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿۳۲﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ

شُعَبٍ	لَّا ظَلِيْلٍ	وَّلَا يُغْنِيْ	مِنَ	اللَّهَبِ	اِنَّهَا	تَرْمِيْ	بِشَرَرٍ	كَالْقَصْرِ	كَاَنَّهٗ	جِمٰلَتٌ
شاخیں	نہ گہرا سایہ	اور نہ وہ بچائے	سے	شعلہ (تپش)	بیشک وہ	پھینکتی ہے	شعلے	محل جیسے	گویا کہ	اونٹ (جمع)

نہ گہرا سایہ، اور نہ وہ تپش سے بچائے۔ بیشک وہ محل جیسے (اونچے) شعلے پھینکتی ہے، گویا کہ وہ اونٹ ہیں

صُفْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۴﴾ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ

صُفْرٌ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	هٰذَا يَوْمُ	لَا يَنْطِقُوْنَ	وَلَا يُؤْذَنُ	لَهُمْ
زرد	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	یہ اس دن	وہ نہ بول سکیں گے	اور اجازت دی جائے گی	انہیں

زرد۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ اس دن نہ وہ بول سکیں گے۔ اور نہ انہیں اجازت دی جائے گی،

فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٧﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَ

فَيَعْتَذِرُوْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	جَمَعْنٰكُمْ	وَ
کہ وہ عذر خواہی کریں	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	یہ	فیصلے کا دن	ہم نے جمع کیا تمہیں	اور

کہ وہ عذر خواہی کریں۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ یہ فیصلے کا دن ہے، ہم نے تمہیں جمع کیا اور

ع ۱ ۴۰ ۲۱

الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿٣٩﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٠﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

الْاَوَّلِيْنَ	فَاِنْ	كَانَ لَكُمْ	كَيْدٌ	فَكِيْدُوْنِ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ
پہلے لوگوں کو	پھر اگر	ہے تمہارے پاس	کوئی داؤ	تو تم مجھ پر داؤ کرلو	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	بیشک پرہیزگار (جمع)

پہلے لوگوں کو۔ پھر اگر تمہارے پاس کوئی داؤ ہے تو مجھ پر داؤ کرلو۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ بیشک پرہیزگار

فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٤١﴾ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٤٢﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ

فِيْ	ظِلٰلٍ	وَّعُيُوْنٍ	وَّفَوَاكِهَ	مِمَّا	يَشْتَهُوْنَ	كُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِمَا كُنْتُمْ
میں	سایوں	اور چشموں	اور میوے	اس قسم کے جو	وہ چاہیں گے	تم کھاؤ	اور تم پیو	مزے سے	اس کے بدلے جو تم

سایوں اور چشموں میں ہوں گے۔ اور اس قسم کے میووں میں جو وہ چاہیں گے۔ (ہم فرمائیں گے) تم کھاؤ اور پیو مزے سے (بافراغت) اسکے بدلے جو تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٥﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا

تَعْمَلُوْنَ	اِنَّا كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	كُلُوْا	وَتَمَتَّعُوْا
کرتے تھے	بیشک ہم اسی طرح	جزا دیتے ہیں	نیکوکاروں کو	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	تم کھاؤ	اور تم فائدہ اٹھالو

کرتے تھے۔ بیشک ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیتے ہیں۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ تم کھاؤ اور فائدہ اٹھالو

قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا

قَلِيْلًا	اِنَّكُمْ	مُّجْرِمُوْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمُ	ارْكَعُوْا
تھوڑا	بیشک تم	مجرم (جمع)	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	اور جب	کہا جائے	ان سے	تم رکوع کرو

تھوڑا (کسی قدر)، بیشک تم مجرم ہو۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ اور جب ان سے کہا جائے تم رکوع کرو ع

ع ۲ ۵۰ ۱۰ ۲۲

لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ

لَا يَرْكَعُوْنَ	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ	فَبِاَيِّ	حَدِيْثٍ	بَعْدَهٗ	يُؤْمِنُوْنَ
وہ رکوع نہیں کرتے	خرابی	اس دن	جھٹلانے والوں کے لئے	تو کون سی	بات	اس کے بعد	وہ ایمان لائیں گے

تو وہ رکوع نہیں کرتے۔ خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ تو اس کے بعد وہ کونسی بات پر ایمان لائیں گے؟

آیاتُها ۴۰ | سُورَةُ النَّبَإِ مَكِّيَّةٌ = ۷۸ = ۸۰ | فِيهَا رُكُوعًا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان رحم کرنے والا ہے

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيْمِ ۝٢ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

عَمَّ	يَتَسَآءَلُوْنَ	عَنِ	النَّبَإِ الْعَظِيْمِ	الَّذِيْ	هُمْ فِيْهِ
کیا - کس	آپس میں پوچھتے ہیں	سے (بابت)	خبر بڑی (قیامت)	جو - جس	وہ اس میں

لوگ آپس میں کس کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ (پوچھتے ہیں) بڑی خبر (قیامت) کی بابت جس میں وہ

مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٥ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ

مُخْتَلِفُوْنَ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ	ثُمَّ	كَلَّا	سَيَعْلَمُوْنَ	اَلَمْ	نَجْعَلِ الْاَرْضَ
اختلاف کرتے ہیں	ہرگز (نہیں)	عنقریب جان لیں گے	پھر	ہرگز نہیں	عنقریب جان لیں گے	کیا نہیں	ہم نے بنایا زمین

اختلاف کر رہے ہیں - ہرگز نہیں، عنقریب وہ جان لیں گے - پھر ہرگز نہیں، عنقریب جان لیں گے - کیا ہم نے زمین کو نہیں بنایا

مِهٰدًا ۝٦ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝٧ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝٨ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ

مِهٰدًا	وَالْجِبَالَ	اَوْتَادًا	وَ	خَلَقْنٰكُمْ	اَزْوَاجًا	وَجَعَلْنَا	نَوْمَكُمْ
بچھونا	اور پہاڑ	میخیں	اور	ہم نے تمہیں پیدا کیا	جوڑے جوڑے	اور ہم نے بنایا	تمہاری نیند

بچھونا (فرش)؟ اور پہاڑوں کو میخیں، اور ہم نے تمہیں جوڑے جوڑے پیدا کیا، اور تمہارے لئے نیند کو بنایا

سُبَاتًا ۝٩ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝١١ وَّبَنَيْنَا

سُبَاتًا	وَجَعَلْنَا	الَّيْلَ	لِبَاسًا	وَجَعَلْنَا	النَّهَارَ	مَعَاشًا	وَبَنَيْنَا
آرام (راحت)	اور ہم نے بنایا	رات	اوڑھنا (پردہ)	اور ہم نے بنایا	دن	معاش کا وقت	اور ہم نے بنائے

آرام (راحت) اور ہم نے رات کو اوڑھنا (پردہ) بنایا - اور ہم نے دن کو معاش کا وقت بنایا - اور ہم نے بنائے

فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝١٢ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝١٣ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

فَوْقَكُمْ	سَبْعًا	شِدَادًا	وَجَعَلْنَا	سِرَاجًا	وَهَّاجًا	وَاَنْزَلْنَا	مِنَ	الْمُعْصِرٰتِ
تمہارے اوپر	سات	مضبوط (آسمان)	اور ہم نے بنایا	چراغ	چمکتا ہوا	اور ہم نے اتاری	سے	پانی بھری بدلیاں

تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان)۔ اور ہم نے چمکتا ہوا چراغ (آفتاب) بنایا - اور ہم نے پانی بھری بدلیوں سے اتاری

مَآءً ثَجَّاجًا ﴿١٤﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿١٥﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿١٦﴾ اِنَّ

مَآءً ثَجَّاجًا	لِّنُخْرِجَ	بِهٖ	حَبًّا	وَّنَبَاتًا	وَّ	جَنّٰتٍ اَلْفَافًا	اِنَّ
بارش موسلا دھار	تاکہ ہم نکالیں	اس سے	دانہ (اناج)	اور سبزی	اور	باغ پتوں میں لپٹے ہوئے	بیشک

موسلا دھار بارش، تاکہ ہم اس سے اناج اور سبزی نکالیں، اور پتوں میں لپٹے ہوئے (گھنے) باغ۔ بیشک

يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿١٧﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿١٨﴾

يَوْمَ الْفَصْلِ	كَانَ	مِيْقَاتًا	يَّوْمَ	يُنْفَخُ	فِي الصُّوْرِ	فَتَاْتُوْنَ	اَفْوَاجًا
فیصلہ کا دن	ہے	مقررہ وقت	دن	پھونکا جائیگا	صور میں	پھر تم چلے آؤ گے	گروہ در گروہ

فیصلہ کا دن ایک مقررہ وقت ہے، جس دن صور پھونکا جائے گا، پھر تم گروہ در گروہ چلے آؤ گے،

وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾

وَفُتِحَتِ	السَّمَآءُ	فَكَانَتْ	اَبْوَابًا	وَسُيِّرَتِ	الْجِبَالُ	فَكَانَتْ	سَرَابًا
اور کھولا جائے گا	آسمان	تو ہو جائیں گے	دروازے	اور چلائے جائیں گے	پہاڑ	پس ہو جائیں گے	سراب

اور آسمان کھولا جائے گا، تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے، اور پہاڑ چلائے جائیں گے، پس سراب ہو جائیں گے۔

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ

اِنَّ	جَهَنَّمَ	كَانَتْ	مِرْصَادًا	لِّلطّٰغِيْنَ	مَاٰبًا	لّٰبِثِيْنَ	فِيْهَآ
بیشک	جہنم	ہے	گھات میں	سرکشوں کے لئے	ٹھکانہ	وہ رہیں گے	اس میں

بیشک جہنم گھات میں ہے، سرکشوں کا ٹھکانہ ہے، وہ اس میں رہیں گے

اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾

اَحْقَابًا	لَا يَذُوْقُوْنَ	فِيْهَا	بَرْدًا	وَّلَا	شَرَابًا	اِلَّا	حَمِيْمًا	وَّغَسَّاقًا
مدّتوں	نہ وہ چکھیں گے	اس میں	ٹھنڈک	اور نہ	پینے کی چیز	مگر	گرم پانی	اور پیپ بہتی

مدّتوں۔ نہ اس میں ٹھنڈک (کا مزہ) چکھیں گے، نہ پینے کی چیز کا، مگر گرم پانی اور بہتی پیپ

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

جَزَآءً	وِّفَاقًا	اِنَّهُمْ	كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ	حِسَابًا	وَّكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
بدلہ	پورا	بیشک وہ	توقع نہیں رکھتے تھے	حساب	اور جھٹلاتے تھے	ہماری آیتیں

(یہ) پورا پورا بدلہ ہو گا۔ بیشک وہ حساب کی توقع نہ رکھتے تھے، اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے

كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوقُوا فَلَنْ نَّزِيدَكُمْ

كِذَّابًا	وَكُلَّ شَيْءٍ	أَحْصَيْنٰهُ	كِتٰبًا	فَذُوقُوا	فَلَنْ	نَّزِيدَكُمْ
جھوٹ جان کر	اور ہر چیز	ہم نے گن رکھی ہے	لکھ کر	اب مزہ چکھو تم	ہرگز نہیں	بڑھاتے جائیں گے

جھوٹ جان کر۔ اور ہم نے ہر چیز گن کر لکھ رکھی ہے، اب مزہ چکھو پس ہم تم پر ہرگز نہ بڑھاتے جائیں گے

ع ۱ ۱ ۳۰

إِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ حَدَآئِقَ وَأَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَكَوَاعِبَ

إِلَّا	عَذَابًا	إِنَّ	لِلْمُتَّقِينَ	مَفَازًا	حَدَآئِقَ	وَأَعْنَابًا	وَكَوَاعِبَ
مگر	عذاب	بیشک	پرہیزگاروں کیلئے	کامیابی	باغات	اور انگور	اور نوجوان عورتیں

مگر عذاب۔ بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے، باغات، اور انگور، اور نوجوان عورتیں

أَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَكَأْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا كِذَّابًا ﴿٣٥﴾ جَزَآءً

أَتْرَابًا	وَكَأْسًا	دِهَاقًا	لَا يَسْمَعُونَ	فِيهَا	لَغْوًا	وَلَا كِذَّابًا	جَزَآءً
ہم عمر	اور پیالے	چھلکتے ہوئے	نہ سنیں گے وہ	اس میں	بیہودہ	اور نہ جھوٹ (خرافات)	یہ بدلہ

ہم عمر اور چھلکتے ہوئے پیالے۔ وہ اس میں نہ سنیں گے کوئی بیہودہ بات، اور نہ جھوٹ (خرافات)۔ یہ بدلہ

مِّن رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ

ذَاتِ الْعِمَادِ ۝٧ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝٨ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

ذَاتِ الْعِمَادِ	الَّتِيْ	لَمْ يُخْلَقْ	مِثْلُهَا	فِي	الْبِلَادِ	وَثَمُوْدَ	الَّذِيْنَ
ستونوں والے	وہ جو	نہیں پیدا کیا گیا	اس جیسا	میں	شہر (جمع)	اور ثمود	جنہوں نے

ستونوں والے، اس جیسا شہروں میں پیدا نہیں کیا گیا۔ اور ثمود کے ساتھ، جنہوں نے

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝٩ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ۝١٠ الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝١١

جَابُوا الصَّخْرَ	بِالْوَادِ	وَ	فِرْعَوْنَ	ذِي الْأَوْتَادِ	الَّذِيْنَ	طَغَوْا	فِي الْبِلَادِ
کاٹے (تراشے) سخت پتھر	وادی میں	اور	فرعون	میخوں والا	وہ جنہوں نے	سرکشی کی	شہروں میں

وادی میں سخت پتھر تراشے، اور میخوں والے فرعون کے ساتھ جنہوں نے شہروں میں سرکشی کی،

فَأَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝١٢ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝١٣

فَأَكْثَرُوْا	فِيْهَا	الْفَسَادَ	فَصَبَّ	عَلَيْهِمْ	رَبُّكَ	سَوْطَ	عَذَابٍ
بہت کیا	اس میں	فساد	پس ڈالا	ان پر	تمہارا رب	کوڑا	عذاب

پھر ان شہروں میں بہت فساد کیا۔ پس اُن پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا ڈالا (پھینکا)۔

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝١٤ فَأَمَّا الْإِنْسَانُ إِذَا مَا ابْتَلٰهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ

إِنَّ	رَبَّكَ	لَبِالْمِرْصَادِ	فَأَمَّا	الْإِنْسَانُ	إِذَا	مَا ابْتَلٰهُ	رَبُّهُ	فَأَكْرَمَهُ
بیشک	تمہارا رب	گھات میں	پس جو	انسان	جب	اس کو آزمائے	اس کا رب	اس کو عزت دے

بیشک تمہارا رب گھات میں ہے۔ پس انسان کو جب اس کا رب آزمائے، پھر اس کو عزت دے

وَنَعَّمَهُ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْ أَكْرَمَنِ ۝١٥ وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلٰهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ ۙ

وَنَعَّمَهُ	فَيَقُوْلُ	رَبِّيْ	أَكْرَمَنِ	وَأَمَّا - إِذَا	مَا ابْتَلٰهُ	فَقَدَرَ	عَلَيْهِ	رِزْقَهُ
اور اسے نعمت دے	تو وہ کہے	میرا رب	مجھے عزت دی	اور جب	اُسے آزمائے	اندازہ سے دیتا ہے	اس پر	اس کا رزق

اور نعمت دے، تو وہ کہے میرے رب نے مجھے عزت دی اور جب اُسے آزمائے اور اسے روزی اندازہ سے (تنگ کر کے) دے

فَيَقُوْلُ رَبِّيْ أَهَانَنِ ۝١٦ كَلَّا ۖ بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ۝١٧ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ

فَيَقُوْلُ	رَبِّيْ	أَهَانَنِ	كَلَّا	بَلْ	لَا تُكْرِمُوْنَ	الْيَتِيْمَ	وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ
تو وہ کہے	میرا رب	مجھے ذلیل کیا	ہرگز نہیں	بلکہ	عزت نہیں کرتے	یتیم	اور رغبت نہیں دیتے

تو وہ کہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کیا۔ ہرگز نہیں بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے، اور رغبت نہیں دیتے

عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ

عَلٰى	طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ	وَتَاْكُلُوْنَ	التُّرَاثَ	اَكْلًا لَّمًّا	وَّتُحِبُّوْنَ	الْمَالَ
پر	کھانا	مسکین	اور تم کھاتے ہو	مالِ میراث	کھانا سمیٹ کر	اور محبت کرتے ہو	مال

مسکین کو کھانا (کھلانے پر)، اور تم مالِ میراث سمیٹ سمیٹ کر کھاتے ہو، اور مال سے محبت کرتے ہو

حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ

حُبًّا	جَمًّا	كَلَّآ اِذَا	دُكَّتِ	الْاَرْضُ	دَكًّا دَكًّا	وَجَآءَ	رَبُّكَ	وَالْمَلَكُ
محبت	بہت	ہرگز نہیں جب	پست کر دی جائیگی	زمین	کوٹ کوٹ کر	اور آئے گا	تمہارا رب	اور (آئیں) فرشتے

بہت زیادہ محبت۔ ہرگز نہیں، جب زمین کوٹ کوٹ کر پست کر دی جائے اور آئے تمہارا رب اور (آئیں) فرشتے

صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾ وَجِايْٓءَ يَوْمَىِٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ

صَفًّا صَفًّا	وَجِايْٓءَ	يَوْمَىِٕذٍ	بِجَهَنَّمَ	يَوْمَىِٕذٍ	يَّتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ
قطار در قطار	اور لائی جائے	اس دن	جہنم میں	اس دن	سوچے گا	انسان

قطار در قطار۔ اور اُس دن جہنم لائی جائے، اُس دن انسان سوچے گا

وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَىِٕذٍ

وَاَنّٰى	لَهُ	الذِّكْرٰى	يَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	قَدَّمْتُ	لِحَيَاتِيْ	فَيَوْمَىِٕذٍ
اور کہاں	اس کے لئے	سوچنا	وہ کہے گا	اے کاش	میں نے پہلے بھیجا ہوتا	اپنی زندگی کے لئے	پس اس دن

اور اسے سوچنا کہاں (نفع) دے گا؟ کہے گا اے کاش! میں نے اپنی اِس زندگی کے لئے پہلے (نیک عمل) بھیجا ہوتا پس اِس دن

لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيَّتُهَا

لَا يُعَذِّبُ	عَذَابَهٗٓ	اَحَدٌ	وَلَا يُوْثِقُ	وَثَاقَهٗٓ	اَحَدٌ	يٰٓاَيَّتُهَا
عذاب نہ دے گا	اس کا عذاب	کوئی	اور نہ باندھ کر رکھے	اس کا باندھنا	کوئی	اے

اس جیسا عذاب کوئی نہ دے گا، نہ اِس جیسا باندھنا کوئی باندھ کر رکھے گا۔ اے

النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِيْ

النَّفْسُ	الْمُطْمَئِنَّةُ	ارْجِعِيْٓ	اِلٰى	رَبِّكِ	رَاضِيَةً	مَّرْضِيَّةً	فَادْخُلِيْ
نفس (روح)	اطمینان والی	لوٹ چل	طرف	اپنے رب	راضی	وہ تجھ سے راضی	پس داخل ہو

روحِ مطمئن (اطمینان والی) لوٹ چل اپنے رب کی طرف وہ تجھ سے راضی، تو اس سے راضی، پس داخل ہو جا

فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾

فِيْ	عِبٰدِيْ	وَادْخُلِيْ	جَنَّتِيْ
میں	میرے بندے	اور داخل ہو	میری جنت

میرے بندوں میں اور داخل ہو جا میری جنت میں۔

اٰیاتُھا ۲۰ | ۹۰ = سُوْرَۃُ الْبَلَدِ مَکِّیَّۃٌ = ۳۵ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ﴿۳﴾

لَآ اُقْسِمُ	بِهٰذَا	الْبَلَدِ	وَاَنْتَ	حِلٌّ	بِهٰذَا	الْبَلَدِ	وَوَالِدٍ	وَمَا وَلَدَ
نہیں میں قسم کھاتا ہوں	اس	شہر	اور آپ	اترے ہوئے	اس	شہر	اور والد کی	اور اولاد

نہیں، میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں، اور آپ اس شہر میں اترے ہوئے ہیں، اور (قسم کھاتا ہوں) والد کی، اور اولاد کی،

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ﴿۴﴾ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ﴿۵﴾

لَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْ	كَبَدٍ	اَيَحْسَبُ	اَنْ	لَّنْ يَّقْدِرَ	عَلَيْهِ	اَحَدٌ
تحقیق ہم نے پیدا کیا	انسان	میں	مشقت	کیا وہ گمان کرتا ہے	کہ	ہرگز بس نہیں چلے گا	اس پر	کسی

تحقیق ہم نے انسان کو مشقت میں (گرفتار) پیدا کیا۔ کیا وہ گمان کرتا ہے کہ اس پر ہرگز کسی کا بس نہیں چلے گا؟

يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿۶﴾ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۷﴾ اَلَمْ نَجْعَلْ

يَقُوْلُ	اَهْلَكْتُ	مَالًا	لُّبَدًا	اَيَحْسَبُ	اَنْ	لَّمْ يَرَهٗٓ	اَحَدٌ	اَلَمْ	نَجْعَلْ
وہ کہتا ہے	خرچ کر ڈالا	مال	ڈھیروں	کیا وہ گمان کرتا ہے	کہ	اس کو نہیں دیکھا	کسی	کیا نہیں	ہم نے بنایا

وہ کہتا ہے میں نے ڈھیروں مال خرچ کر ڈالا۔ کیا وہ گمان کرتا ہے کہ اس کو کسی نے نہیں دیکھا؟ کیا ہم نے نہیں بنائیں؟

لَهٗ عَيْنَيْنِ ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ﴿۹﴾ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿۱۰﴾ فَلَا اقْتَحَمَ

لَهٗ	عَيْنَيْنِ	وَلِسَانًا	وَشَفَتَيْنِ	وَهَدَيْنٰهُ	النَّجْدَيْنِ	فَلَا اقْتَحَمَ
اسکے لئے	دو آنکھیں	اور زبان	اور دو ہونٹ	اور ہم نے اسے دکھائے	دو راستے	پس نہ داخل ہوا وہ

اس کی دو آنکھیں، اور زبان، اور دو ہونٹ، اور ہم نے دو راستے دکھائے۔ پس وہ نہ داخل ہوا

الْعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ

الْعَقَبَةَ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا	الْعَقَبَةُ	فَكُّ	رَقَبَةٍ	اَوْ	اِطْعٰمٌ	فِيْ	يَوْمٍ
گھاٹی	اور کیا	تم سمجھے	کیا	عقبہ	چھڑانا	گردن (اسیر)	یا	کھانا کھلانا	میں	دن

"عقبہ" (گھاٹی) ہیں اور تم کیا سمجھے "عقبہ" کیا ہے؟ گردن چھڑانا (اسیر کا آزاد کرانا) یا کھانا کھلانا

ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ

ذِيْ مَسْغَبَةٍ	يَّتِيْمًا	ذَا مَقْرَبَةٍ	اَوْ	مِسْكِيْنًا	ذَا مَتْرَبَةٍ	ثُمَّ
بھوک والے	یتیم	قرابت دار	یا	مسکین	خاک نشین	پھر

بھوک والے دن میں، قرابت دار (رشتہ دار) یتیم کو، یا خاک نشین مسکین کو، پھر

كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾

كَانَ	مِنَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَتَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ	وَتَوَاصَوْا	بِالْمَرْحَمَةِ
ہو	سے	جو ایمان لائے	اور باہم نصیحت کی	صبر کی	اور باہم نصیحت کی	رحم کھانے کی

ہو ان لوگوں میں سے جو ایمان لائے اور انہوں نے وصیت کی باہم صبر کی اور باہم رحم کھانے کی۔

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	هُمْ
وہ (یہی) لوگ	برکت والے (خوش نصیب)	اور جن لوگوں نے انکار کیا	ہماری آیات	وہ

یہی لوگ ہیں خوش نصیب۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا وہ

ع ۱ ۲۰ ۱۵

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	عَلَيْهِمْ	نَارٌ	مُّؤْصَدَةٌ
نحوست والے (بدبخت)	ان پر	آگ	موندی (بند) کی ہوئی

بدبخت لوگ ہیں۔ ان پر آگ موندی ہوئی ہے (انہیں آگ میں بند کر دیا گیا ہے)۔

اٰيَاتُهَا ۱۵ | ۹۱ = سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ = ۲۶ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝١ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝٢ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝٣ وَالَّيْلِ

وَالشَّمْسِ	وَضُحٰىهَا	وَالْقَمَرِ	اِذَا	تَلٰىهَا	وَالنَّهَارِ	اِذَا	جَلّٰىهَا	وَالَّيْلِ
سورج کی قسم	اور اس کی روشنی	اور چاند کی	جب	اسکے پیچھے نکلے	اور دن کی	جب	وہ روشن کر دے	اور رات کی

قسم ہے سورج کی اور اس کی روشنی کی، اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے سے نکلے اور دن کی جب وہ اسے روشن کر دے اور رات کی

اِذَا يَغْشٰىهَا ۝٤ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝٥ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝٦ وَنَفْسٍ

اِذَا	يَغْشٰىهَا	وَالسَّمَآءِ	وَمَا	بَنٰىهَا	وَالْاَرْضِ	وَمَا	طَحٰىهَا	وَنَفْسٍ
جب	اسے ڈھانپ دے	اور آسمان کی	اور جس	اُسے بنایا	اور زمین کی	اور جس	اسے پھیلایا	اور نفس (انسان) کی

جب وہ اسے ڈھانپ لے، اور قسم آسمان کی، اور جس نے اسے بنایا، اور زمین کی اور جس نے اسے پھیلایا، اور انسان کی

وَّمَا سَوّٰىهَا ۝٧ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝٨ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝٩ وَ

وَمَا	سَوّٰىهَا	فَاَلْهَمَهَا	فُجُوْرَهَا	وَتَقْوٰىهَا	قَدْ اَفْلَحَ	مَنْ	زَكّٰىهَا	وَ
اور جس	اسے درست کیا	اسکے دل میں ڈالی	اس کا گناہ	اور اس کی پرہیزگاری	کامیاب ہوا	جو	اس کو پاک کیا	اور

اور جس نے اسے درست کیا، پھر اسکے گناہ اور پرہیزگاری (کی سمجھ) اسکے دل میں ڈالی۔ تحقیق کامیاب ہوا جس نے اس کو پاک کیا

قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝١٠ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۝١١ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝١٢

قَدْ خَابَ	مَنْ	دَسّٰىهَا	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	بِطَغْوٰىهَا	اِذِ انْۢبَعَثَ	اَشْقٰىهَا
تحقیق نامراد ہوا	جو جس	اسے خاک میں ملایا	جھٹلایا	ثمود	اپنی سرکشی	جب	اُٹھ کھڑا ہوا	اس کا بدبخت

اور تحقیق نامراد ہوا جس نے اسے خاک میں ملایا۔ ثمود نے اپنی سرکشی (کی وجہ) سے جھٹلایا، جب ان کا بدبخت اُٹھ کھڑا ہوا۔

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝١٣ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝١٤

فَقَالَ	لَهُمْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	نَاقَةَ اللّٰهِ	وَسُقْيٰهَا	فَكَذَّبُوْهُ	فَعَقَرُوْهَا
تو کہا	ان سے	رسول	اللہ	اللہ کی اونٹنی	اور اسکی پانی کی باری	پھر اس کو جھٹلایا	پھر اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں

تو ان سے اللہ کے رسول نے کہا (خبردار ہو) اللہ کی اونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے۔ پھر انہوں نے اس کو جھٹلایا اور اسکی کونچیں کاٹ ڈالیں

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝١٤ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝١٥

فَدَمْدَمَ	عَلَيْهِمْ	رَبُّهُمْ	بِذَنْۢبِهِمْ	فَسَوّٰىهَا	وَلَا يَخَافُ	عُقْبٰهَا
پھر ہلاکت ڈالی	اُن پر	ان کا رب	انکے گناہ کے سبب	پھر انہیں برابر کر دیا	اور وہ نہیں ڈرتا	ان کا انجام

پھر اُن کے رب نے اُن پر اُن کے گناہ کے سبب ہلاکت ڈالی، پھر انہیں برابر کر دیا، اور وہ ان کے انجام سے نہیں ڈرتا۔

ع ۱ ۱۵ ۱۶

اٰیاتُھا ۲۱ | ۹۲ = سُوْرَۃُ الَّیْلِ مَکِّیَّۃٌ = ۹ | رُکُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۙ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۙ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰۤی ۙ﴿۳﴾ اِنَّ

وَالَّیْلِ	اِذَا	یَغْشٰی	وَالنَّهَارِ	اِذَا تَجَلّٰی	وَمَا خَلَقَ	الذَّكَرَ	وَالْاُنْثٰی	اِنَّ
رات کی قسم	جب	وہ ڈھانک لے	اور دن کی	جب وہ روشن ہو	اور جو اس نے پیدا کیا	نر	اور مادہ	بیشک

رات کی قسم جب وہ ڈھانک لے، اور دن کی جب وہ روشن ہو، اور اس کی جو اس نے نر و مادہ پیدا کئے۔ بیشک

سَعْیَكُمْ لَشَتّٰی ؕ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۙ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۙ﴿۶﴾

سَعْیَكُمْ	لَشَتّٰی	فَاَمَّا	مَنْ اَعْطٰی	وَاتَّقٰی	وَصَدَّقَ	بِالْحُسْنٰی
تمہاری کوشش	مختلف	سو جو	جس	دیا اور پرہیزگاری اختیار کی	اور سچ جانا	اچھی بات کو

تمہاری کوشش مختلف (منتشر) ہے۔ سو جس نے دیا اور پرہیزگاری اختیار کی، اور اچھی بات کو سچ جانا،

فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی ؕ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ۙ﴿۸﴾ وَكَذَّبَ

فَسَنُیَسِّرُهٗ	لِلْیُسْرٰی	وَاَمَّا	مَنْۢ بَخِلَ	وَاسْتَغْنٰی	وَكَذَّبَ
پس عنقریب اسے آسان کر دیں گے	آسانی	اور جو	جس نے بخل کیا	اور بے پروا رہا	اور جھٹلایا

پس ہم عنقریب اس کے لئے آسانی (کی توفیق) کر دیں گے۔ اور جس نے بخل کیا اور بے پروا رہا اور جھٹلایا

بِالْحُسْنٰی ۙ﴿۹﴾ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی ؕ﴿۱۰﴾ وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰی ؕ﴿۱۱﴾

بِالْحُسْنٰی	فَسَنُیَسِّرُهٗ	لِلْعُسْرٰی	وَمَا یُغْنِیْ	عَنْهُ	مَالُهٗ	اِذَا تَرَدّٰی
اچھی بات کو	پس عنقریب اسے آسان کر دینگے	دشواری۔ سختی	اور نہ فائدہ دے گا	اس کو	اس کا مال	جب نیچے گرے گا وہ

اچھی بات کو، پس ہم عنقریب اس کے لئے دشواری آسان کر دیں گے۔ اور اس کا مال اس کو فائدہ نہ دے گا جب وہ نیچے گرے گا

اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ۖ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُكُمْ

اِنَّ	عَلَیْنَا	لَلْهُدٰی	وَاِنَّ	لَنَا	لَلْاٰخِرَةَ	وَالْاُوْلٰی	فَاَنْذَرْتُكُمْ
بیشک	ہم پر (ہمارا ذمہ)	البتہ راہ دکھانا	اور بیشک	ہمارے لئے	آخرت	اور دنیا	پس میں تمہیں ڈراتا ہوں

بیشک ہمارے ذمہ ہے راہ دکھانا اور بیشک دنیا و آخرت ہمارے ہاتھ میں ہے۔ پس میں تمہیں ڈراتا ہوں

نَارًا تَلَظّٰى ﴿١٤﴾ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿١٥﴾ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿١٦﴾

نَارًا	تَلَظّٰى	لَا يَصْلٰىهَآ	اِلَّا	الْاَشْقَى	الَّذِيْ كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى
آگ	بھڑکتی ہوئی	نہ داخل ہوگا اس میں	مگر	انتہائی بدبخت	جس نے جھٹلایا	اور منہ موڑا

بڑھکتی ہوئی آگ سے۔ اس میں صرف بدبخت داخل ہوگا، جس نے جھٹلایا اور منہ موڑا۔

وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿١٧﴾ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ

وَسَيُجَنَّبُهَا	الْاَتْقَى	الَّذِيْ	يُؤْتِيْ	مَالَهٗ	يَتَزَكّٰى	وَمَا لِاَحَدٍ	عِنْدَهٗ
اور عنقریب اس سے بچا لیا جائیگا	بڑا پرہیزگار	جو	دیتا ہے	اپنا مال	پاک کرنے کو	اور نہیں کسی کے لئے	اس پر

اور عنقریب اس سے پرہیزگار بچا لیا جائے گا جو اپنا مال دیتا ہے (اپنا دل) پاک صاف کرنے کو اور کسی کا اس پر

مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿١٩﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿٢٠﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿٢١﴾

مِنْ	نِّعْمَةٍ	تُجْزٰٓى	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّهِ	الْاَعْلٰى	وَلَسَوْفَ	يَرْضٰى
سے	نعمت (احسان)	بدلہ دی جائے	مگر	چاہیئے کہ	رضا	اپنا رب	بلند و برتر	اور عنقریب	راضی ہوگا

احسان نہیں جس کا بدلہ دے، مگر اپنے بزرگ و برتر رب کی رضا چاہنے کو، اور وہ عنقریب راضی ہوگا۔

ع ۱ ۲۱ ۱۷

اٰيَاتُهَا ۱۱ | ۹۳ = سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ = ۱۱ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالضُّحٰى ﴿١﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿٢﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿٣﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

وَالضُّحٰى	وَالَّيْلِ	اِذَا	سَجٰى	مَا وَدَّعَكَ	رَبُّكَ	وَمَا	قَلٰى	وَلَلْاٰخِرَةُ
قسم ہے دھوپ چڑھنے کی (آفتاب)	اور رات کی	جب	چھا جائے	آپؐ کو نہیں چھوڑا	آپؐ کا رب	اور نہ	بیزار ہوا	اور آخرت

قسم ہے آفتاب کی روشنی کی، اور رات کی جب وہ چھا جائے، آپؐ کے رب نے آپؐ کو نہیں چھوڑا، اور نہ بیزار ہوا۔ اور آخرت

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿٤﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿٥﴾

خَيْرٌ	لَّكَ	مِنَ	الْاُوْلٰى	وَلَسَوْفَ	يُعْطِيْكَ	رَبُّكَ	فَتَرْضٰى
بہتر	آپؐ کیلئے	سے	پہلی	اور عنقریب	آپؐ کو عطا کرے گا	آپؐ کا رب	پس آپؐ راضی ہو جائیں گے

آپؐ کے لئے پہلی (حالت) سے بہتر ہے۔ اور عنقریب آپؐ کو آپؐ کا رب عطا کرے گا، پس آپؐ راضی ہو جائیں گے

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَاٰوٰى ۝٦ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝٧ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا

اَلَمْ	يَجِدْكَ	يَتِيمًا	فَاٰوٰى	وَوَجَدَكَ	ضَآلًّا	فَهَدٰى	وَوَجَدَكَ	عَآئِلًا
کیا نہیں	آپؐ کو پایا	یتیم	پس ٹھکانہ دیا	اور آپؐ کو پایا	بے خبر	تو ہدایت دی	اور آپؐ کو پایا	مفلس

کیا آپؐ کو یتیم نہیں پایا؟ پس ٹھکانہ دیا، اور آپؐ کو بے خبر پایا تو ہدایت دی ، آپؐ کو مفلس پایا

فَاَغْنٰى ۝٨ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝٩ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝١٠

فَاَغْنٰى	فَاَمَّا	الْيَتِيْمَ	فَلَا تَقْهَرْ	وَاَمَّا	السَّآئِلَ	فَلَا تَنْهَرْ
تو غنی کر دیا	پس جو	یتیم	تو قہر نہ کر	اور جو	سوال کرنے والا	تو نہ جھڑک

تو غنی کر دیا - پس جو یتیم ہو اس پر قہر نہ کریں، اور جو سوال کرنے والا ہو اسے نہ جھڑکیں -

ع ۱ ۱۱ ۱۸

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝١١

وَاَمَّا	بِنِعْمَةِ	رَبِّكَ	فَحَدِّثْ
اور جو	نعمت	اپنا رب	سو بیان کر

اور جو آپؐ کے رب کی نعمت ہے اسے بیان کریں -

اٰیاتھا ۸ | سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ مَكِّيَّةٌ = ۹۴ : ۱۲ | رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝١ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝٢ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

اَلَمْ	نَشْرَحْ	لَكَ	صَدْرَكَ	وَوَضَعْنَا	عَنْكَ	وِزْرَكَ	الَّذِيْٓ	اَنْقَضَ
کیا نہیں	کھول دیا	آپؐ کے لئے	آپؐ کا سینہ	اور ہم نے اتار دیا	آپؐ سے	آپؐ کا بوجھ	جو۔جس	توڑ دی

کیا ہم نے آپؐ کا سینہ نہیں کھول دیا؟ اور آپؐ سے آپ کا بوجھ اتار دیا - جس نے توڑ دی (جھکا دی)

ظَهْرَكَ ۝٣ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝٤ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٥ اِنَّ

ظَهْرَكَ	وَرَفَعْنَا	لَكَ	ذِكْرَكَ	فَاِنَّ	مَعَ	الْعُسْرِ	يُسْرًا	اِنَّ
آپؐ کی پشت	اور ہم نے بلند کیا	آپؐ کے لئے	آپؐ کا ذکر	پس بیشک	ساتھ	دشواری	آسانی	بیشک

آپؐ کی پشت، اور ہم نے آپؐ کا ذکر بلند کیا - بیشک دشواری کے ساتھ آسانی ہے - بیشک

مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝٧ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝٨

مَعَ الْعُسْرِ	يُسْرًا	فَإِذَا	فَرَغْتَ	فَانْصَبْ	وَإِلَىٰ	رَبِّكَ	فَارْغَبْ
ساتھ دشواری	آسانی	پس جب	آپؐ فارغ ہوں	محنت کریں	اور طرف	اپنا رب	رغبت کریں

دشواری کے ساتھ آسانی ہے۔ پس جب آپؐ فارغ ہوں تو (عبادت میں) محنت کریں اور اپنے رب کی طرف رغبت کریں (دل لگائیں)۔

اٰیاتُھا ۸ | ۹۵ = سُوْرَۃُ التِّیْنِ مَکِّیَّۃٌ = ۲۸ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝١ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝٢ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝٣

وَالتِّيْنِ	وَالزَّيْتُوْنِ	وَطُوْرِ + سِيْنِيْنَ	وَهٰذَا	الْبَلَدِ	الْاَمِيْنِ
قسم ہے انجیر کی	اور زیتون کی	اور طورِ سینا کی	اور اس	شہر	امن والا

قسم ہے انجیر کی، اور زیتون کی، اور طورِ سینا کی، اور اِس امن والے شہر کی،

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝٤ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝٥

لَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْٓ	اَحْسَنِ	تَقْوِيْمٍ	ثُمَّ	رَدَدْنٰهُ	اَسْفَلَ	سٰفِلِيْنَ
البتہ ہم نے پیدا کیا	انسان	میں	بہترین	سانچہ (ساخت)	پھر	ہم نے اسے لوٹا دیا	سب سے نیچا	نیچوں والا

البتہ ہم نے انسان کو بہترین ساخت میں پیدا کیا پھر ہم نے اسے سب سے نیچی (پست ترین) حالت میں لوٹا دیا،

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٦

اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَلَهُمْ	اَجْرٌ	غَيْرُ	مَمْنُوْنٍ
سوائے	جو لوگ	ایمان لائے	اور عمل کئے	نیک	تو اُن کے لئے	اجر	نہ	ختم ہونے والا

سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے تو ان کے لئے ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝٧ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨

فَمَا يُكَذِّبُكَ	بَعْدُ	بِالدِّيْنِ	اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَحْكَمِ	الْحٰكِمِيْنَ
پس کیوں تو جھٹلاتا ہے	اس کے بعد	دین (روزِ جزا و سزا)	کیا نہیں	اللہ	سب سے بڑا حاکم	تمام حاکم

پس تو اس کے بعد روزِ جزا و سزا کو کیوں جھٹلاتا ہے؟ کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہے؟

ایاتھا ۱۹ | ۹۶ = سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ = ۱ | رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ﴿۱﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ﴿۲﴾ اِقْرَاْ

اِقْرَاْ	بِاسْمِ	رَبِّكَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ	مِنْ	عَلَقٍ	اِقْرَاْ
آپ پڑھیے	نام سے	اپنا رب	جس نے	پیدا کیا	انسان	سے	جما ہوا خون	پڑھیے

پڑھیے اپنے رب کے نام سے جس نے (سب کو) پیدا کیا، انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا، پڑھیے

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ﴿۳﴾ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ﴿۴﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ؕ﴿۵﴾

وَرَبُّكَ	الْاَكْرَمُ	الَّذِيْ	عَلَّمَ	بِالْقَلَمِ	عَلَّمَ	الْاِنْسَانَ	مَا لَمْ	يَعْلَمْ
اور آپ کا رب	بڑا کریم	وہ جس نے	سکھایا	قلم سے	سکھایا	انسان	جو نہ	وہ جانتا تھا

اور آپ کا رب سب سے بڑا کریم ہے، جس نے قلم سے سکھایا، انسان کو سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا۔

كَلَّاۤ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰۤى ۙ﴿۶﴾ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ﴿۷﴾ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ؕ﴿۸﴾

كَلَّاۤ	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَيَطْغٰۤى	اَنْ رَّاٰهُ	اسْتَغْنٰى	اِنَّ	اِلٰى رَبِّكَ	الرُّجْعٰى
ہرگز نہیں	بیشک	انسان	سرکشی کرتا ہے	اگر اپنے تئیں دیکھے	بے پروا	بیشک	طرف اپنا رب	لوٹنا ہے،

ہرگز نہیں، انسان اگر اپنے تئیں غنی (بے پروا) دیکھتا ہے تو سرکشی کرتا ہے۔ بے شک اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ﴿۹﴾ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ﴿۱۰﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى ۙ﴿۱۱﴾

اَرَءَيْتَ	الَّذِيْ	يَنْهٰى	عَبْدًا	اِذَا	صَلّٰى	اَرَءَيْتَ	اِنْ	كَانَ	عَلَى	الْهُدٰۤى
کیا آپ نے دیکھا	وہ جو	روکتا ہے	ایک بندہ	جب	وہ نماز پڑھے	بھلا دیکھو	اگر	ہوتا	پر	ہدایت

کیا آپ نے اسے دیکھا جو روکتا ہے ایک بندہ کو جب وہ نماز پڑھے، بھلا دیکھو، اگر یہ ہدایت پر ہوتا،

اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ؕ﴿۱۲﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ﴿۱۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ﴿۱۴﴾

اَوْ اَمَرَ	بِالتَّقْوٰى	اَرَءَيْتَ	اِنْ	كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى	اَلَمْ يَعْلَمْ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	يَرٰى
یا حکم دیتا	پرہیزگاری کا	بھلا دیکھیں	اگر	اس نے جھٹلایا	اور منہ موڑا	کیا نہ جانا	کہ	اللہ	دیکھ رہا ہے

یا پرہیزگاری کا حکم دیتا۔ بھلا دیکھیں اگر اس نے جھٹلایا اور منہ موڑا، کیا اس نے نہ جانا کہ اللہ دیکھ رہا ہے؟

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿۱۶﴾ فَلْيَدْعُ

كَلَّا	لَئِنْ	لَّمْ يَنْتَهِ	لَنَسْفَعًۢا	بِالنَّاصِيَةِ	نَاصِيَةٍ	كَاذِبَةٍ	خَاطِئَةٍ	فَلْيَدْعُ
ہرگز نہیں	اگر	نہ باز آیا	ہم ضرور گھسیٹیں گے	پیشانی کے بالوں سے	پیشانی	جھوٹی	گنہگار	تو وہ بلالے

ہرگز نہیں، اگر باز نہ آیا تو پیشانی کے بالوں سے (پکڑ کر) ہم ضرور گھسیٹیں گے۔ کیسی پیشانی؟ جھوٹی، گنہگار۔ تو وہ بلالے

نَادِيَهٗ ﴿۱۷﴾ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿۱۸﴾ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿۱۹﴾ السجدة

نَادِيَهٗ	سَنَدْعُ	الزَّبَانِيَةَ	كَلَّا	لَا تُطِعْهُ	وَاسْجُدْ	وَاقْتَرِبْ
اپنی مجلس	ہم بلاتے ہیں	پیادے	نہیں نہیں	اس کی بات نہ مان	اور سجدہ کر تو	اور نزدیک ہو

اپنی مجلس (جتھے) کو، ہم بلاتے ہیں پیادوں کو، نہیں نہیں اس کی بات نہ مان، اور تو سجدہ کر، اور نزدیک ہو۔

ع ۱ ۱۹ ۲۱ — السجدة ۱۴

آیاتُها ۵ | سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ = ۹۷ = ۲۵ | رُكُوْعُها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿۱﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿۲﴾

اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ	فِيْ	لَيْلَةِ الْقَدْرِ	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا	لَيْلَةُ الْقَدْرِ
بیشک	ہم نے یہ اتارا	میں	لیلۃ القدر (عزت والی رات)	اور کیا	آپ نے سمجھا	کیا	لیلۃ القدر

بیشک ہم نے یہ (قرآن) اتارا لیلۃ القدر میں۔ اور آپ کیا سمجھے "لیلۃ القدر" کیا ہے؟

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿۳﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا

لَيْلَةُ الْقَدْرِ	خَيْرٌ	مِّنْ	اَلْفِ شَهْرٍ	تَنَزَّلُ	الْمَلٰۗىِٕكَةُ	وَالرُّوْحُ	فِيْهَا
لیلۃ القدر	بہتر	سے	ہزار مہینے	اترتے ہیں	فرشتے	اور الروح	اس میں

"لیلۃ القدر" ہزار مہینوں سے بہتر ہے اس میں اترتے ہیں فرشتے اور الروح (روح الامین)

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾

بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ	مِنْ	كُلِّ	اَمْرٍ	سَلٰمٌ	هِيَ	حَتّٰى	مَطْلَعِ الْفَجْرِ
حکم سے	ان کا رب	سے	ہر	کام	سلامتی	وہ	جب تک	طلوع ہونا فجر (صبح)

اپنے رب کے حکم سے، ہر کام (کے انتظام کے لئے) طلوع فجر تک، یہ رات سلامتی (ہی سلامتی) ہے۔

ع ۱ ۵ ۲۲ — الثالثة معانقہ ۱۸

اٰیاتُھا ۸ | ۹۸ = سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۰۰ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ

لَمْ يَكُنِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	مُنْفَكِّيْنَ
وہ نہ تھے	وہ جو	کفر کیا	سے	اہلِ کتاب	اور مشرک (جمع)	باز آنے والے

جن لوگوں نے کفر کیا اہلِ کتاب اور مشرکوں میں سے، باز آنے والے نہ تھے،

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ﴿۱﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ﴿۲﴾ فِيْهَا

حَتّٰى	تَاْتِيَهُمُ	الْبَيِّنَةُ	رَسُوْلٌ	مِّنَ اللّٰهِ	يَتْلُوْا	صُحُفًا	مُّطَهَّرَةً	فِيْهَا
یہاں تک کہ	آئے انکے پاس	کھلی دلیل	رسول	اللہ سے	پڑھتا ہوا	صحیفے	پاکیزہ	اس میں

یہاں تک کہ اُن کے پاس کھلی دلیل آئے، اللہ کا رسول پاکیزہ صحیفے پڑھتا ہوا، اُس میں

كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ؕ﴿۳﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

كُتُبٌ قَيِّمَةٌ	وَمَا	تَفَرَّقَ	الَّذِيْنَ + اُوْتُوا الْكِتٰبَ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَتْهُمُ
لکھے ہوئے مضبوط	اور نہ	فرقہ فرقہ ہوئے	وہ جو کہ کتاب دیئے گئے (اہلِ کتاب)	مگر	اس کے بعد	جب انکے پاس آگئی

لکھے ہوئے مضبوط (احکام) ہوں۔ اور اہلِ کتاب فرقہ فرقہ نہ ہوئے مگر اس کے بعد کہ ان کے پاس آگئی

الْبَيِّنَةُ ؕ﴿۴﴾ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ

الْبَيِّنَةُ	وَمَا	اُمِرُوْا	اِلَّا	لِيَعْبُدُوا	اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ
کھلی دلیل	اور نہ	حکم دیا گیا	مگر	یہ کہ عبادت کریں	اللہ	خاص کرتے ہوئے	اسکے لئے	دین

کھلی دلیل، اور انہیں صرف یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ اللہ کی عبادت کریں اس کے لئے خالص کرتے ہوئے دین (بندگی)

حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ؕ﴿۵﴾

حُنَفَآءَ	وَيُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوا	الزَّكٰوةَ	وَذٰلِكَ	دِيْنُ	الْقَيِّمَةِ
یک رُخ	اور قائم کریں	نماز	اور ادا کریں	زکوٰۃ	اور یہ	دین	نہایت مضبوط

یک رُخ ہو کر، اور نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں، اور یہی مضبوط دین ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	مِنْ	أَهْلِ الْكِتٰبِ	وَالْمُشْرِكِينَ	فِي	نَارِ	جَهَنَّمَ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	سے	اہل کتاب	اور مشرکین	میں	آگ	جہنم

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا، اہل کتاب اور مشرکوں میں سے، وہ جہنم کی آگ میں

خٰلِدِينَ فِيهَا ؕ أُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝٦ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

خٰلِدِينَ	فِيهَا	أُولٰٓئِكَ	هُمْ	شَرُّ	الْبَرِيَّةِ	إِنَّ	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا
ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہی لوگ	وہ	بدترین	مخلوق	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

ہمیشہ رہیں گے، یہی لوگ بدترین مخلوق ہیں۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ ۙ أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝٧ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ

الصّٰلِحٰتِ	أُولٰٓئِكَ	هُمْ	خَيْرُ	الْبَرِيَّةِ	جَزَآؤُهُمْ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ
نیک	یہی لوگ	وہ	بہتر	مخلوق	ان کی جزا	پاس	ان کا رب	باغ	ہمیشہ رہنے والے

نیک، یہی لوگ بہترین مخلوق ہیں۔ ان کی جزا ان کے رب کے پاس ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں،

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهٰرُ	خٰلِدِينَ	فِيهَا	أَبَدًا	رَضِيَ	اللّٰهُ	عَنْهُمْ
بہتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ ہمیشہ	راضی ہوا	اللہ	اُن سے

ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ اُن سے راضی ہوا

وَرَضُوا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝٨

وَرَضُوا	عَنْهُ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَشِيَ	رَبَّهُ
اور وہ راضی	اس سے	یہ	اس کے لئے جو	ڈرے	اپنا رب

اور وہ اللہ سے راضی ہوئے، یہ اس کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرے۔

ع ١ ٨ ٢٣

٩٩ = سُورَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ = ٩٣

اٰيَاتُهَا ٨ | رُكُوعُهَا ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ﴿١﴾ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ﴿٢﴾ وَقَالَ

إِذَا	زُلْزِلَتِ	الْأَرْضُ	زِلْزَالَهَا	وَأَخْرَجَتِ	الْأَرْضُ	أَثْقَالَهَا	وَقَالَ
جب	ہلا ڈالی جائے	زمین	اس کا زلزلہ	اور باہر نکال ڈالے	زمین	اپنے بوجھ	اور کہے گا

جب زمین زلزلہ سے ہلا ڈالی جائے گی، اور اپنے بوجھ باہر نکال ڈالے گی، اور کہے گا

الْإِنسَانُ مَا لَهَا ﴿٣﴾ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ﴿٤﴾ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا ﴿٥﴾

الْإِنسَانُ	مَا لَهَا	يَوْمَئِذٍ	تُحَدِّثُ	أَخْبَارَهَا	بِأَنَّ	رَبَّكَ	أَوْحَىٰ	لَهَا
انسان	اسے کیا ہو گیا؟	اُس دن	بیان کرے گی	اپنی خبریں (حالات)	کیونکہ	تیرا رب	حکم بھیجا	اس کو

انسان اس کو کیا ہو گیا؟ اس دن وہ اپنے حالات بیان کرے گی، کیونکہ تیرے رب نے اسے حکم بھیجا ہو گا۔

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ﴿٦﴾ فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ

يَوْمَئِذٍ	يَصْدُرُ	النَّاسُ	أَشْتَاتًا	لِّيُرَوْا	أَعْمَالَهُمْ	فَمَن	يَعْمَلْ	مِثْقَالَ
اُس دن	باہر نکلیں گے	لوگ	گروہ در گروہ	تاکہ دکھائے	اُن کے عمل (جمع)	پس جس	کی ہو گی	برابر

اُس دن لوگ گروہ در گروہ باہر نکلیں گے تاکہ وہ ان کے عمل ان کو دکھا دے پس جس نے کی ہو گی

ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ﴿٧﴾ وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ﴿٨﴾

ذَرَّةٍ	خَيْرًا	يَرَهُ	وَمَن	يَعْمَلْ	مِثْقَالَ	ذَرَّةٍ	شَرًّا	يَرَهُ
ایک ذرّہ	نیکی	اسکو دیکھے گا	اور جس	کی ہو گی	برابر	ایک ذرّہ	بُرائی	اس کو دیکھے گا

ایک ذرّہ برابر نیکی، وہ اسے دیکھ لے گا۔ اور جس نے کی ہو گی ایک ذرّہ برابر بُرائی وہ اسے دیکھ لے گا۔

ع ۱ ۸ ۲۴

اٰیاتُھا ۱۱ | ۱۰۰ = سُوْرَۃُ الْعٰدِیٰتِ مَکِّیَّۃٌ = ۱۴ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا ﴿١﴾ فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا ﴿٢﴾ فَالْمُغِيرَاتِ صُبْحًا ﴿٣﴾

وَالْعَادِيَاتِ	ضَبْحًا	فَالْمُورِيَاتِ	قَدْحًا	فَالْمُغِيرَاتِ	صُبْحًا
قسم ہے دوڑنے والے گھوڑوں کی	ہانپنے والے	چنگاریاں اڑانے والے	سُم جھاڑ کر	غارت گری کرنے والے	صبح کو

قسم ہے دوڑنے والے، ہانپتے ہوئے گھوڑوں کی، (سُم) جھاڑ کر چنگاریاں اڑانے والوں کی صبح کے وقت (شبخون مار کر) غارتگری کرنے والوں کی،

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ﴿۴﴾ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ

فَاَثَرْنَ	بِهٖ	نَقْعًا	فَوَسَطْنَ	بِهٖ	جَمْعًا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ
پھر اڑائیں	اس سے	گرد اڑاتے	پھر جا گھسیں	اس وقت	جماعت (فوج)	بیشک	انسان

غارت گری کرنے والوں کی، گرد اڑاتے ہوئے پھر اس وقت فوج میں گھس جانے والے ، بے شک انسان

لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۚ﴿۶﴾ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ﴿۷﴾ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ

لِرَبِّهٖ	لَكَنُوْدٌ	وَ	اِنَّهٗ	عَلٰى	ذٰلِكَ	لَشَهِيْدٌ	وَاِنَّهٗ	لِحُبِّ
اپنے رب کا	ناشکرا	اور	بیشک وہ	پر	اس	گواہ	اور بیشک وہ	محبت میں

اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ اور بے شک وہ اس پر گواہ ہے۔ اور بیشک وہ

الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۭ﴿۸﴾ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۙ﴿۹﴾

الْخَيْرِ	لَشَدِيْدٌ	اَفَلَا	يَعْلَمُ	اِذَا	بُعْثِرَ	مَا	فِي	الْقُبُوْرِ
مال و دولت	البتہ سخت	پس کیا نہیں	وہ جانتا	جب	اٹھائے جائینگے	جو	میں	قبروں

مال کی محبت میں سخت ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا جب اُٹھائے جائیں گے (مُردے) جو قبروں میں ہیں ؟

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ﴿۱۰﴾ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۭ﴿۱۱﴾ ع ۱ ۱۱ ۲۵

وَحُصِّلَ	مَا	فِي	الصُّدُوْرِ	اِنَّ	رَبَّهُمْ	بِهِمْ	يَوْمَئِذٍ	لَّخَبِيْرٌ
اور سامنے آجائے گا	جو	میں	سینے (دل)	بیشک	ان کا رب	ان سے	اس دن	خوب باخبر

اور وہ سامنے آجائے گا جو سینوں میں ہے۔ بیشک ان کا رب اُس دن اِن سے خوب باخبر ہے۔

اٰيَاتُهَا ۱۱ | سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ = ۱۰۱ = ۳۰ | رُكُوْعُهَا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اَلْقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الْقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۭ﴿۳﴾ يَوْمَ يَكُوْنُ

اَلْقَارِعَةُ	مَا الْقَارِعَةُ	وَمَا	اَدْرٰىكَ	مَا الْقَارِعَةُ	يَوْمَ	يَكُوْنُ
کھڑکھڑانے والی	کیا ہے کھڑکھڑانے والی	اور کیا	تم سمجھے	کیا ہے کھڑکھڑانے والی	جس دن	ہوں گے

کھڑکھڑانے والی، کیا ہے کھڑکھڑانے والی؟ اور تم کیا سمجھے کیا ہے کھڑکھڑانے والی؟ جس دن ہوں گے

النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ﴿٤﴾ وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنفُوشِ ﴿٥﴾

النَّاسُ	كَالْفَرَاشِ	الْمَبْثُوثِ	وَتَكُونُ	الْجِبَالُ	كَالْعِهْنِ	الْمَنفُوشِ
لوگ	پروانوں کی طرح	بکھرے ہوئے	اور ہوں گے	پہاڑ	رنگین اُون کی مانند	دُھنکی ہوئی

لوگ پروانوں کی طرح بکھرے ہوئے، اور پہاڑ ہوں گے دُھنکی ہوئی رنگین اُون کی طرح۔

فَأَمَّا مَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ ﴿٦﴾ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٧﴾ وَأَمَّا مَنْ

فَأَمَّا	مَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِينُهُ	فَهُوَ	فِي	عِيشَةٍ	رَّاضِيَةٍ	وَأَمَّا	مَنْ
پس جو	جو	بھاری ہوئے	اس کے وزن	سو وہ	ہیں	عیش و آرام	پسندیدہ	اور جو	جو

پس جس کے وزن (نیک وزن) بھاری ہوئے سو وہ پسندیدہ آرام میں ہوگا، اور جس کے

خَفَّتْ مَوَازِينُهُ ﴿٨﴾ فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ ﴿٩﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ ﴿١٠﴾

خَفَّتْ	مَوَازِينُهُ	فَأُمُّهُ	هَاوِيَةٌ	وَمَا أَدْرَاكَ	مَا هِيَهْ
ہلکے ہوئے	ان کے وزن	تو اس کا ٹھکانہ	"ھاویہ"	اور تم کیا سمجھے	کیا ہے وہ؟

وزن ہلکے ہوئے تو اس کا ٹھکانہ "ھاویہ" ہوگا اور تم کیا سمجھے وہ کیا ہے؟

نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾

نَارٌ	حَامِيَةٌ
آگ	دہکتی ہوئی

وہ آگ ہے دہکتی ہوئی۔

ع ۱ ۱۱ ۲۶

۱۰۲ = سُورَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۶

اٰیاتُھا ۸ | رکوعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿١﴾ حَتَّىٰ زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿٢﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٣﴾

أَلْهَاكُمُ	التَّكَاثُرُ	حَتَّىٰ	زُرْتُمُ	الْمَقَابِرَ	كَلَّا	سَوْفَ	تَعْلَمُونَ
تمہیں غفلت میں رکھا	کثرت کی خواہش	یہاں تک کہ	تم نے زیارت کی	قبریں	ہرگز نہیں	عنقریب	تم جان لو گے

تمہیں حصولِ کثرت کی خواہش نے غفلت میں رکھا، یہاں تک کہ تم نے قبروں کی زیارت کر لی (دیکھ لیں) ہرگز نہیں، تم عنقریب جان لو گے

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٤ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝٥ لَتَرَوُنَّ

ثُمَّ	كَلَّا	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	كَلَّا	لَوْ تَعْلَمُوْنَ	عِلْمَ الْيَقِيْنِ	لَتَرَوُنَّ
پھر	ہرگز نہیں	جلد	تم جان لوگے	ہرگز نہیں	کاش تم جانتے	علمِ یقین	تم ضرور دیکھو گے

پھر ہرگز نہیں، تم جلد جان لوگے۔ ہرگز نہیں، کاش تم علمِ یقین سے جان لیتے۔ تم ضرور دیکھو گے

الْجَحِيْمَ ۝٦ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝٧ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ

الْجَحِيْمَ	ثُمَّ	لَتَرَوُنَّهَا	عَيْنَ الْيَقِيْنِ	ثُمَّ	لَتُسْـَٔلُنَّ	يَوْمَئِذٍ
جہنم	پھر	ضرور اسے دیکھو گے	یقین کی آنکھ	پھر	تم ضرور پوچھے جاؤ گے	اس دن

جہنم کو۔ پھر تم اسے ضرور یقین کی آنکھ سے دیکھو گے۔ پھر تم اس دن ضرور پوچھے جاؤ گے (باز پرس ہوگی)

ع ۱ ۸ ۲۷

عَنِ النَّعِيْمِ ۝٨

	عَنِ	النَّعِيْمِ
	سے (بابت)	نعمتیں

نعمتوں کی بابت۔

آیاتُھا ۳ | ۱۰۳ = سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ = ۱۳ | رکوعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم والا ہے

وَالْعَصْرِ ۝١ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

وَالْعَصْرِ	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَفِيْ	خُسْرٍ	اِلَّا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
قسم زمانہ کی	بیشک	انسان	میں	خسارہ	سوائے	جو لوگ ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کئے نیک

زمانہ کی قسم، بیشک انسان خسارے میں ہے سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے

ع ۱ ۳ ۲۸

وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝٣

وَتَوَاصَوْا	بِالْحَقِّ	وَتَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ
اور انہوں نے ایک دوسرے کو وصیت کی	حق کی	اور وصیت کی	صبر کی

اور انہوں نے ایک دوسرے کو حق کی وصیت کی اور صبر کی وصیت (تلقین) کی۔

اٰیاتُھا ۹ | ۱۰۴ = سُوْرَةُ الْھُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ = ۳۲ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۝١ ۙ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝٢ ۙ يَحْسَبُ اَنَّ

وَيْلٌ	لِّكُلِّ	هُمَزَةٍ	لُّمَزَةِ	الَّذِيْ	جَمَعَ	مَالًا	وَّعَدَّدَهٗ	يَحْسَبُ	اَنَّ
خرابی	واسطے ہر	طعنہ زن	عیب جُو	جس۔جو	جمع کیا	مال	اسے گن گن کر رکھا	وہ گمان کرتا ہے	کہ

خرابی ہے ہر طعنہ زن، عیب جُو کے لئے، جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھا، وہ گمان کرتا ہے کہ

مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ۝٣ ۚ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝٤ ۖ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝٥

مَالَهٗٓ	اَخْلَدَهٗ	كَلَّا	لَيُنْۢبَذَنَّ	فِي	الْحُطَمَةِ	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا الْحُطَمَةُ
اس کا مال	اسے ہمیشہ رکھے گا	ہرگز نہیں	ضرور ڈالا جائے گا	میں	"حطمہ"	اور کیا	تم سمجھے	"حطمہ" کیا ہے؟

اس کا مال اسے ہمیشہ رکھے گا، ہرگز نہیں، وہ ضرور "حطمہ" میں ڈالا جائے گا۔ اور تم کیا سمجھے "حطمہ" کیا ہے؟

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝٦ ۙ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝٧ ؕ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝٨ ۙ

نَارُ اللّٰهِ	الْمُوْقَدَةُ	الَّتِيْ	تَطَّلِعُ	عَلَى	الْاَفْـِٕدَةِ	اِنَّهَا	عَلَيْهِمْ	مُّؤْصَدَةٌ
اللہ کی آگ	بھڑکائی ہوئی	جو کہ	جا پہنچے وہ	پر	دل (جمع)	بیشک وہ	اُن پر	بند کی ہوئی

اللہ کی آگ بھڑکائی ہوئی، جو دلوں تک جا پہنچے گی۔ وہ اُن پر بند کی ہوئی ہے

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝٩

فِيْ	عَمَدٍ	مُّمَدَّدَةٍ
میں	ستون	لمبے لمبے

لمبے لمبے ستونوں میں

ع ۱ ۹ ۲۹

اٰیاتُھا ۵ | ۱۰۵ = سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ = ۱۹ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝١ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ

اَلَمْ تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ	اَلَمْ	يَجْعَلْ	كَيْدَهُمْ
کیا تم نے نہیں دیکھا	کیسا	کیا	تمہارا رب	ہاتھی والوں کے ساتھ	کیا نہیں	کر دیا اس نے	اُن کا داؤ

کیا آپ نے نہیں دیکھا آپ کے رب نے کیا سلوک کیا ہاتھی والوں سے؟ کیا اس نے اُن کا داؤ نہیں کمزور کر دیا

فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝٢ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝٣ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ

فِيْ تَضْلِيْلٍ	وَّاَرْسَلَ	عَلَيْهِمْ	طَيْرًا	اَبَابِيْلَ	تَرْمِيْهِمْ	بِحِجَارَةٍ
گمراہی میں (بیکار)	اور بھیجے	اُن پر	پرندے	جھنڈ کے جھنڈ	پھینکتے تھے	کنکریاں

گمراہی میں (بے کار)؟ اور ان پر جھنڈ کے جھنڈ پرندے۔ بھیجے وہ ان پر کنکریاں پھینکتے تھے

مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝٤ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝٥

مِنْ	سِجِّيْلٍ	فَجَعَلَهُمْ	كَعَصْفٍ	مَّاْكُوْلٍ
سے	سنگِ گل	پس ان کو کر دیا	بھوسہ کی طرح	کھائے ہوئے

سنگِ گل کی۔ پس ان کو کھائے ہوئے بھوسے کے مانند کر دیا۔

آیاتُها ۴ | سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ = ۱۰۶ = ۲۹ | رُكُوْعُها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝١ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝٢ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ

لِاِيْلٰفِ	قُرَيْشٍ	اٖلٰفِهِمْ	رِحْلَةَ	الشِّتَآءِ	وَالصَّيْفِ	فَلْيَعْبُدُوْا	رَبَّ
مانوس کرنے کے سبب	قریش	ان کا مانوس کرنا	سفر	سردی	اور گرمی	پس چاہیئے وہ عبادت کریں	رب

قریش کو مانوس کرنے کے سبب، انہیں سردی گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب، پس چاہیئے کہ وہ عبادت کریں

هٰذَا الْبَيْتِ ۝١ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝٢

هٰذَا	الْبَيْتِ	الَّذِيْ	اَطْعَمَهُمْ	مِنْ	جُوْعٍ	وَاٰمَنَهُمْ	مِنْ	خَوْفٍ
اس	گھر	جو۔ جس	انہیں کھانا دیا	سے	بھوک	اور انہیں امن دیا	سے۔ میں	خوف

اس گھر کے رب کی، جس نے انہیں کھانا دیا بھوک میں، اور امن دیا خوف میں۔

اٰیاتُھا ۷ | ۱۰۷ = سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ مَکِّیَّۃٌ = ۱۷ | رُکُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ۝۱ فَذٰلِكَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ۝۲ وَلَا

اَرَءَیْتَ	الَّذِیْ	یُکَذِّبُ	بِالدِّیْنِ	فَذٰلِكَ	الَّذِیْ	یَدُعُّ	الْیَتِیْمَ	وَلَا
کیا تم نے دیکھا	وہ جو	جھٹلاتا ہے	روزِ جزا و سزا	یہی ہے وہ	وہ جو	دھکے دیتا ہے	یتیم	اور نہیں

کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو روزِ جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟ یہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے، اور نہیں

یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ۝۳ فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۝۴ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ

یَحُضُّ	عَلٰی	طَعَامِ	الْمِسْكِیْنِ	فَوَیْلٌ	لِّلْمُصَلِّیْنَ	الَّذِیْنَ	ھُمْ	عَنْ
رغبت دلاتا	پر	کھانا	مسکین	پس خرابی	نمازیوں کے لئے	جو کہ	وہ	سے

رغبت دلاتا مسکین کو کھانا کھلانے کی - پس خرابی ہے ان نمازیوں کے لئے، جو

ع ۱ ۷ ۳۲

صَلَاتِھِمْ سَاھُوْنَ ۝۵ الَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُوْنَ ۝۶ وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝۷

صَلَاتِھِمْ	سَاھُوْنَ	الَّذِیْنَ	ھُمْ	یُرَآءُوْنَ	وَیَمْنَعُوْنَ	الْمَاعُوْنَ
اپنی نماز	غافل (جمع)	جو کہ	وہ	دکھاوا کرتے ہیں	روکتے ہیں (نہیں دیتے)	عام ضرورت کی چیز

اپنی نمازوں سے غافل ہیں، جو دکھاوا کرتے ہیں، اور عام ضرورت کی چیز (بھی مانگی) نہیں دیتے۔

اٰیاتُھا ۳ | ۱۰۸ = سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ = ۱۵ | رُکُوْعُھَا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ

اِنَّا	اَعْطَیْنٰكَ	الْكَوْثَرَ	فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ	اِنَّ
بیشک ہم	ہم نے آپؐ کو عطا کیا	کوثر	پس نماز پڑھ	اپنے رب کے لئے	اور قربانی دے	بیشک

بیشک ہم نے آپؐ کو "کوثر" عطا کیا، پس اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی دیں، بیشک

شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝٣ ع

شَانِئَكَ	هُوَ	الْاَبْتَرُ
آپؐ کا دشمن	وہ	دُم کٹا۔ نامراد۔ بے نسل

آپؐ کا دشمن ہی نامراد ہے۔

اٰیاتُھا ٦ | ۱۰۹ = سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ = ۱۸ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝٢ وَلَآ اَنْتُمْ

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	الْكٰفِرُوْنَ	لَآ اَعْبُدُ	مَا تَعْبُدُوْنَ	وَلَآ	اَنْتُمْ
کہدیجئے	اے	کافرو	میں عبادت نہیں کرتا	جس کی تم عبادت کرتے ہو	اور نہ	تم

کہدیجئے۔ اے کافرو! میں عبادت نہیں کرتا جس کی تم پوجا کرتے ہو، اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٣ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝٤ وَلَآ اَنْتُمْ

عٰبِدُوْنَ	مَآ اَعْبُدُ	وَلَآ	اَنَا عَابِدٌ	مَّا عَبَدْتُّمْ	وَلَآ اَنْتُمْ
عبادت کرنے والے	جسکی میں عبادت کرتا ہوں	اور نہ	میں عبادت کرنے والا	جسکی تم عبادت کرتے ہو	اور نہ تم

عبادت کرنے والے ہو اس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں، اور نہ میں عبادت کرنے والا ہوں جسکی تم پوجا کرتے ہو

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝٥ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝٦

عٰبِدُوْنَ	مَآ اَعْبُدُ	لَكُمْ	دِيْنُكُمْ	وَلِيَ	دِيْنِ
عبادت کرنے والے	جسکی میں عبادت کرتا ہوں	تمہارے لئے	تمہارا دین	اور میرے لئے	میرا دین

اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ تمہارے لئے تمہارا دین میرے لئے میرا دین۔

اٰیاتُھا ۳ | ۱۱۰ = سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ = ۱۱۴ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝١ وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ

إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللّٰهِ	وَ	الْفَتْحُ	وَرَأَيْتَ	النَّاسَ	يَدْخُلُونَ
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور	فتح	اور آپؐ دیکھیں	لوگ	داخل ہو رہے ہیں

جب اللہ کی مدد آجائے اور فتح (ہو جائے) اور آپؐ دیکھیں لوگ داخل ہو رہے ہیں

فِي دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ۝٢ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ

فِيْ	دِيْنِ اللّٰهِ	أَفْوَاجًا	فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَاسْتَغْفِرْهُ
میں	اللہ کا دین	فوج در فوج	پس پاکی بیان کریں	تعریف کے ساتھ	اپنا رب	اور بخشش طلب کیجئے اس سے

اللہ کے دین میں فوج در فوج، پس اپنے رب کی تعریف کے ساتھ پاکی بیان کریں اور اس سے بخشش طلب کریں،

إِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝٣

إِنَّهٗ	كَانَ	تَوَّابًا
بیشک وہ	ہے	بڑا توبہ قبول کرنے والا

بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

ع ۱ ۳ ۳۵

اٰیاتُھا ۵ | ۱۱۱ = سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ = ٦ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

تَبَّتْ يَدَآ أَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝١ مَآ أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا

تَبَّتْ	يَدَا	أَبِيْ لَهَبٍ	وَتَبَّ	مَا	أَغْنٰى	عَنْهُ	مَالُهٗ	وَمَا
ٹوٹ گئے	دونوں ہاتھ	ابولہب	اور وہ ہلاک ہوا	نہ	کام آیا	اس کے	اس کا مال	اور جو

ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک ہوا۔ اس کے کام نہ آیا اس کا مال اور جو

كَسَبَ ۝٢ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝٣ وَّامْرَأَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ

كَسَبَ	سَيَصْلٰى	نَارًا	ذَاتَ لَهَبٍ	وَامْرَأَتُهٗ	حَمَّالَةَ
اس نے کمایا	عنقریب داخل ہوگا	آگ	شعلے مارتی	اور اس کی بیوی	لادنے والی

اس نے کمایا، عنقریب وہ داخل ہوگا شعلے مارتی ہوئی آگ میں، اور اس کی بیوی لادنے والی

اَلْحَطَبِ ۝٤ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝٥ ع

الْحَطَبِ	فِيْ	جِيْدِهَا	حَبْلٌ	مِّنْ	مَّسَدٍ
لکڑی (ایندھن)	میں	اس کی گردن	رسی	سے	کھجور

ایندھن ، اس کی گردن میں کھجور کی چھال کی رسی ہے -

ع ۱ ۵ ۳۶

اٰیاتُھا ۴ | ۱۱۲ = سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ = ۲۲ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ۝٣

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ يَلِدْ	وَ لَمْ يُوْلَدْ
کہدیجئے	وہ	اللہ	ایک	اللہ	بے نیاز	نہ اس نے جنا	اور نہ وہ جنا گیا

کہدیجئے وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس نے (کسی کو) جنا اور نہ (کسی نے) اس کو جنا ،

ع ۱ ۴ ۳۷

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤ ع

وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ
اور نہیں	ہے	اس کا	ہمسر	کوئی

اور اس کا کوئی ہمسر نہیں -

اٰیاتُھا ۵ | ۱۱۳ = سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ = ۲۰ | رُكُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ۝١ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ۝٢ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ	مِنْ	شَرِّ	مَا خَلَقَ	وَمِنْ	شَرِّ غَاسِقٍ
کہدیجئے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	صبح	سے	شر	جو اس نے پیدا کیا	اور سے	شر اندھیرا

کہدیجئے، میں پناہ میں آتا ہوں صبح کے رب کی، اس کے شر سے جو اس نے پیدا کیا اور اندھیرے کے شر سے،

إِذَا وَقَبَ ۝٣ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝٤ وَ مِنْ شَرِّ

إِذَا	وَقَبَ	وَ	مِنْ	شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي	الْعُقَدِ	وَ	مِنْ شَرِّ
جب	چھا جائے	اور	سے	شر	پھونکیں مارنے والیاں	میں	گرہیں	اور	شر سے

جب وہ چھا جائے، اور گرہوں میں پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے، اور شر سے

ع ۱ ۵ ۳۸

حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝٥

حَاسِدٍ	إِذَا	حَسَدَ
حسد کرنے والا	جب	وہ حسد کرے

حسد کرنے والے کے جب وہ حسد کرے۔

اٰیاتُھا ۶ | ۱۱۴ = سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ = ۲۱ | رُکُوْعُھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم کرنے والا ہے

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝١ مَلِكِ النَّاسِ ۝٢ إِلٰهِ النَّاسِ ۝٣

قُلْ	أَعُوْذُ	بِرَبِّ	النَّاسِ	مَلِكِ	النَّاسِ	إِلٰهِ	النَّاسِ
کہدیجئے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	لوگ	بادشاہ	لوگ	معبود	لوگ

کہدیجئے میں پناہ میں آتا ہوں لوگوں کے رب کی، لوگوں کے بادشاہ کی، لوگوں کے معبود کی،

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝٤ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ

مِنْ	شَرِّ	الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ	الَّذِيْ	يُوَسْوِسُ	فِيْ
سے	شر	وسوسہ ڈالنے والے	چھپ کر حملہ کرنے والے	جو	وسوسہ ڈالتا ہے	میں

وسوسہ ڈالنے والے، چھپ چھپ کر حملہ کرنے والے کے شر سے، جو وسوسہ ڈالتا ہے

ع ۱ ۶ ۳۹

صُدُوْرِ النَّاسِ ۝٥ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ۝٦

صُدُوْرِ	النَّاسِ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ
سینے (دل)	لوگ	سے	جن (جمع)	اور انسان

لوگوں کے دلوں میں، جنوں میں سے اور انسانوں میں سے۔